ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ العلی
بجمدہ کتاب فیض انتساب مصنفہ عالم ربانی واعظ لاثانی مولانا مولوی شاہ عبدالحی قادری طاب ثراہ در احوال سید البشر مرغی
انوار نبوت گلزار نبوت بہار نبوت اخبار نبوت اطوار نبوت
جنان السیر
بشارات محمدی شمائل محمدی عبادات محمدی معجزات محمدی آثار نبوت
کہ پنج چمن اولیش متعلق قمر اول و پنج چمن دیگر متعلق قمر دوم است باہتمام مولوی حکیم سید محمد صاحب
مالک مطبع فردوسی بنگلور چھاونی

اس کی جدائی سے تھا آدم کو غم — خوش ہوئے جب دونوں ملے ہیں بہم
مغفرت حق سے ہوئے شادماں — حکم سے پھر آئے بہ ہندوستاں
بولا مجاہد نے کہ کوئی دواب — ان کی سواریکا نہ رکھتے تھے تاب
کعبۂ اقدس کے سوا آمیاں — جنت ماویٰ سے جو آیا تھا جاں
ہوگئی اولاد انہوں کو کثیر — جن سے بسی ہے یہ جہان خبیر
جنتی تھیں ہر حمل میں وہ ایک پسر — اور بھی یک دختر روشن گہر
باندھتے آدم تھے نکاح اے میاں — یوں ہی ہوئے وہ دو ولد انکو جاں
حضرت آدم سے محمدؐ کا نور — شیث پیمبر میں کیا ہی ظہور
حضرت آدم غرض اس طرح سے — شیث پیمبر کو وصیت کئے
منتقل اب تیرے میں وہ ہوچکا — کر تو بہت اسکی حفاظت سدا
اور رہے ممتاز ہیں از نکاح — کر نہ لگی ان کو ہوئے سفاح
یوں ہی وصیت وہ بھی جاری سدا — در ہمہ اجداد رسول خدا
کرتا رہا نقل بفضل خدا — حق ہی نگہبان تھا اس کا سدا
آئی روایت ز علیؑ ولی — کر گئی ارشاد پیمبر جلی
حضرت آدم کے زمانہ سے لے — عصر تلک بھی مرے ماں باپ کے

حدیث

ہوتے تھے دو شعبے جہاں بیچ جب — شعبۂ بہتر میں ہیں بنا تھا بہت
اور دلائل میں ہیں ابو نعیم — لایا روایہ صحیح اے سلیم
مجھ سے کہا روح امیں نے بخیر — شرق سے تا غرب کیا میں نے سیر
اور بنی ہاشم سے بھی بہتر کہیں — کس کے بھی اولاد کو پایا نہیں
آیت قرآں کی بہ تفسیر میں — لایا ہے اس معنے کو تحریر میں
ایک نبیؐ سے بہ نبی دگر — لایا ہے حضرت کو خدا نقل کر
یونہی رسولوں میں وہ آیا سدا — تا بہ سماعیل ذبیح خدا

دونو بجا لائے ہیں شکر خدا — اور دونوں کے کئے حج ادا
ہند سے آدم نے پیادہ ہی جا — کہتے ہیں چالیس کئے حج ادا
کہتے ہیں اس وقت بروئے زمیں — شہر و عمارات نہیں تھے کہیں
آدم و حوا بہ سرور و طرب — چونکہ سراندیب میں رہتی تھی تب
نقل ہے اس طرح سے سن اے امیں — حمل ہوئے حضرت حوا کو بیس
لڑکے سے یک حمل کے اے باخبر — جانئے با دختر حمل دگر
شیث کو واحد ہی جنی وہ مگر — کہ ہے وہی جد شہ بحر و بر
اس ہی سبب پائی تولد وہ پاک — نور وہ تا دہ میں نہ ہو مشترک
نور شہنشاہ رسل اے پسر — جو تھا پیشانی میں مرے جلوہ گر
پاک ہی عورات میں اسکو رکھیں — یعنے وہ عورات موحد ہیں
شیث بھی ایسی ہی وصیت کئے — اپنے پسر کے تئیں تاکید سے
پاک ہے اصلاب سے وہ نوجواں — پاک ہے ارحام میں در ہر زماں

حدیث

حق نے کیا مرا ظہور از نکاح — دور رکھا میرے سے ہوئے سفاح
پاک رکھا مجھکو مرا رب یقیں — اور ہے یہ دوسری خبر اے امیں
لایا مجھے قادر علام پاک — پاک ہی صلبوں سے بارحام پاک

حدیث

کہتی ہیں بی بی عائشہ پاک ذات — کہ کئے ارشاد شہ کائنات
پس میں محمدؐ سے تو فاضل بڑا — پایا کسی کو بھی نہیں کوئی جا
اور بنی العم وہ شہ ناس کا — یعنے پسر حضرت عباس کا

اَلَّذِیْ یَرٰىكَ حِیْنَ تَقُوْمُ وَتَقَلُّبَكَ فِی السّٰجِدِیْنَ

نبیوں کے اصلاب سے کر کے عبور — وہ گئے ماں باپ سے اپنے ظہور
بعد ذبیح اللہ کے اے مومنو — سرور عالم کے تھے اجداد جو

عاشقین رسول یزداں کو
ظلمت جہل سے نکل بار ہو

کبھی حاصل نہیں فراغ سیر
ہاتھ میں لیکے شب چراغ سیر
کر خیابان سیر کی سیر اطہر

اسکی کیفیتوں کا ان کو مذاق
شکر للہ جناب عبد الحی
بیٹھے بیٹھے لی سراغ سیر

جو ہیں صہبا کش اباغ سیر
مومنوں پر کیا بلاغ سیر

ہے کتاب کامل النصاب کہ جس کی ہر بیت باب الرحمۃ ہے اور ہر باب بیت المکرمت۔ حروف ہیں اشجار وادی ایمن ہیں۔ نقطے ہیں ازہار و انوار ارم گلشن ہیں ہر صفحہ صفحۂ ماوا۔ بین السطور انہار نور، پیغمبر خدا کی داستان ہے مقبول کبریا کا بیان ہے۔ ساقی و صہبا کی کیفیت نہیں۔ ساقی کوثر کی صفت ہے۔ شاہد و طلعت کی مدحت نہیں صاحب شق القمر کی معرفت ہے

غزل

طبع سنبل کہیں پیچے کا پیچ و تاب دیکھو
کرکے اس ریختہ گل ... کو صد رنگ دیکھو
چمن و باغ کے وہ کبک خراماں کا ہے
کیسا یہ نظم ہے حاجت نہیں نغمہ دیکھو
خوب پڑھتے ہو میاں مثنوی خاقانی
آگے پرواز کرو طوبیٰ و سدرہ دیکھو
بیٹھتے اٹھتے جو بھرتے ہو دم شاہ مدا
ایسیں ہے اپنے پیمبر کا سراپا دیکھو

بلبلو آکے یہ گلشن کا تماشا دیکھو
نرگسیں سرمۂ ما زاغ سے آنکھیں جنکی
چشم دل کھول کے گلزار سینہ دیکھو
پیچ طغرا کے ہیں جو کھولنے والے استاد
عشق اورنگ شہنشاہ کا قصہ دیکھو
مثنوی میر حسن کی اجی پڑھنے والے
کوئی دم اس کو بھی ہاں اجی مولا دیکھو
شعلۂ طور میں تنویر شرر کی بھی نہیں

والضحیٰ غازہ ہے جس چہرۂ نورانی کا
رونمائی کو لے آ نرگس شہلا دیکھو
ہاں غزل اور قصائد جو پڑھے خوش الحان
پڑھ کے اس بندش مضموں کا نتیجہ دیکھو
چمنستان مسرت میں تو پر مارے ہو
کسی محفل میں یہ پڑھکر تو ذرا سما دیکھو
خاک دکھلاتے ہے کیا دور میں کلکتے کی
ذکر نور نبوی میں ہے یہ نسخہ دیکھو

داستاں ہے یہ مگر اپنے رسول اللہ کی
تم بھی نظم پڑھو یا اس کو سنو یا دیکھو

سبحان اللہ عجب گلزار غیرت فرخار کہیں چکور روایت سے معجزۂ شق القمر اظہار ہے۔ چاند کا کھیت کرنا اس چمن میں نمودار ہے بلبل خبر سے سُبحان الّذی اسریٰ کی صدا آتی ہے۔ اور صلصل اثر دنیٰ فتدلّٰی کی ندا سناتی ہے کہیں طوطی آیت اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ کی تفسیر معائنہ کرتی ہے۔ کہیں قمری حجت طٰهٰ مَا اَنْزَلْنَا کی تقریر سرآئینہ کرتی ہے کہیں ارہاصات رضاعت کا چمن پھولا ہے۔ معجزات نبوت کا گلشن لہلہا رہا ہے۔

قطعہ

ہے بہشت اس ہی جنان السیر اندر
جاگے نہ کبھی صور اسرافیل کے دم سے

آگاہ سے پوچھے تو مواعظ کو دکھا دو
یک پھول جو اس باغ سنجتہ کو سنگھا دو

کہ جس کو واعظ مواعظ رموز حقانی۔ ناصح نصائح حدیث و قرآنی۔ ضرب المثل مشالان حقائق۔ فقید البدل نکتہ شناس دقائق۔ مؤید سنت و بدعت شکن۔ منید وحدت کثرت فگن۔ حسان بلاغت سحبان فطانت سراپا فضل ہمہ تن بذل۔

پیر روشن ضمیر عبدالحی — ہادی و دستگیر عبدالحی
سب تفاسیر کا وہ مجمع ہے — اور احادیث کا وہ مرجع ہے

اور رموز مفسرین ہمام — انکی ہے ذات اک بیش تمام
وعظ قرآں شروع اگر وہ کرے — علماء اعلیٰ درود پڑھنے لگے

جس کو نظار و دین پناہ لکھا — اظہر ان کو پھر تو کیا سمجھا
محی دین سے ہے استفادہ کیا — ہاتھ پر انکے خرقہ تازہ کیا

محی دین آنکہ آفتاب علا — قطب دوراں امام راہ ہدیٰ
شمع کاشانہ مقام قدس — مہر قرب و مہ تمام قدس

آشنائے محیط رمز الٰہ — خاص درگاہ سر حق آگاہ
عصر کا اپنے شیخ اکبر ہے — شریعت مصطفیٰ کا مظہر ہے

ان کی صحبت میں ہے خدا ملتا — مجھ سے مت پوچھو کہ کیا ملتا
خاص اسرار حق جو ہے ملفوف — انکی ہے ذات پاک پر مکشوف

جو کہ انکا مرید ہے نا بینا — انکو اللہ سے کیا بیکار

محیط اسرار الٰہی، مورد انوار نامتناہی، فخر و اعلین شرع، عارفین شہنشاہ حفاظ کرام، ملک الافاضل علام فاضلہ سالار کاروان حجاج بیت اللہ مقدسہ المجلس عساکر زوار روضہ رسول اللہ سیادت پناہ فضیلت دستگاہ حنفی المذہب صوفی مشرب مولد و مقام حضرت مولانا مولوی حافظ حاجی سید شاہ محی الدین لقب سید عبداللطیف نام کہ اس ملک کرناٹک میں آپکا وہ خیال آسمان قیام ہے جیسا سند العلماء والاولیاء حضرت مولانا شاہ عبدالعزیز قدس سرہ العزیز کا ہندوستان میں جیسا شاہ صاحب کی تعریف میں زبان قاصر ہے ویسا ہی حضرت کی توصیف میں لسان متعذر۔ الغرض

قطب دوراں کا یہ خلیفہ ہے — نائب خاص بوحنیفہ ہے
وعظ قرآں کے تو انسے سنے — اور حدیثیں سنے تو انسے سنے

ہاتھ میں نے جب لیا قرآں — ہوا تفسیر ہی کا ساماں
کیسے کیسے ہیں خوش بیاں ان میں — گرنہ باور ہوا میں تو دیکھیں

لیکن ایسی حسد ہو کے پاک — ورنہ شاعر کا بولنا کیا خاک
کوئی لکھے جو زلف و خط کا غزل — جیسے سودا و میر متکمل

لوگ انکو عزیز کہتے ہیں — نیک و بد میں تمیز رکھتے ہیں
وصف کرتا ہو ایک دیباں کا — فاضل و مولوی دوراں کا

اس کو اپنی نظر سے دیکھینگے — کیوں نہ در و گہر سے دیکھینگے
ہاں خبردار کیا کہا اظہر — تو کہاں اور شیخ بحر و بر

ایک دفتر لکھے تو کیا ہووے — زندگی بھر لکھے تو کیا ہووے
ایسی خوبی سے انکی تصنیف — حرز جاں کرتے ہیں وضیع و شریف

قبل ازیں کئی مطابع میں مطبوع ہوئی آفاق میں دلپسند و مطبوع ہوئی الحال فرخندہ مال مصنف مدظلہ العالی کی پیرایہ تزائد و تصحیح سے یہ خریدہ رعنا متجلی ہوئی از سر نو بزیور تحقیق و تنقیح سے تحلی ہوئی۔

غزل

شاہد حجلہ جناں ہے یہ — گل گلزار حوریاں ہے یہ
در رخشاں بحر و کاں ہے یہ — مہر تاباں آسماں ہے یہ

اسمیں ہے ذکر پاک نور نبیؐ — شمع بزم جنان و جاں ہے یہ
اسمیں ہے حال صاحب معراج — سلم اوج آسماں ہے یہ

اسمیں غزوات ہیں پیمبر کے — لہ مصاف مجاہداں ہے یہ
اسکی گلبانگ میں اثر ہے — مرغ لاہوت آشیاں ہے یہ

ہادی جادۂ جناں ہے یہ	اسمیں اعمال کے ہیں غیبات	مقرعہ پشت شیطاں ہے یہ	اسکے پڑھنے میں حرز شیطاں ہے
ذکر اسرار داستاں ہے یہ	اسمیں کذب و کجی کو راہ نہیں	عقل حیراں ہو وہ بیاں ہے یہ	مراۃ معجزات وارہاصات

دفتر اول منقسم بہ چہار چمن ہے غیرت ارم و عدن ہے۔ چمن اول مسمی بہ **انوار نبوت** کہ تقطیع اسکی مفتعلن مفتعلن فاعلن اور وزن اسکا مخزن اسرار خواجہ نظام الدین گنجوی اور تحفۃ الاحرار ملا جامی کا ہے۔ چمن دوم مشہور بہ **گلزار نبوت** کہ جسکا وزن فاعلاتن فعلاتن فعلن جو سبحۃ الابرار مولانا جامی کا ہے۔ چمن سوم موسوم بہ **بہار نبوت** کہ مانند طریقۂ حکیم سنائی اور ہفت پیکر خواجہ نظامی جو وزن میں فاعلاتن مفاعلن فعلن کے منظوم ہے چمن چہارم معروف بہ **اخبار نبوت** بہ وزن فاعلاتن فاعلاتن فاعلات کہ جسمیں منطق الطیر شیخ فرید الدین عطار و مثنوی مولانا روم ہے

غزل

ذکر خیر البشر جہان سیر	دافع اثم و شر جہان سیر	در کان سیر جہان سیر	کان لعل گہر جہان سیر
ابر رحمت مطر جہان سیر	بحر رافت اثر جہان سیر	نگری یک نظر جہان سیر	ہست نور البصر جہان سیر
سالکان سبیل عقبے را	زاد راہ سفر جہان سیر	معطی اہل قرات سامع	اجر بعید و مر جہان سیر
ہوس روئے مصطفٰے واری	چشم بکشا نگر جہان سیر	گر بجان تو ارزانی دار استا	جان سپار و بہر جہان سیر
اے مناجات یا غرض ہے ہشت	دار وا از خلد اثر جہان سیر	واللہ یار مژدہ باد کہ ہست	شاہد عشوہ گر جہان سیر
ہاں جوانان باغ و بوستان سیر	ہست گلزار تر جہان سیر	یادگار جناب عبد الحی	نامۂ مفتخر جہان سیر
از پے عاشق رسول اللہ	ورد شام و سحر جہان سیر	ہادی جادہ ہدیٰ اطہر	شد جہان سیر جہان سیر
	سال طبعش چہ گفت ملہم غیب	قصہ معتبر جہان سیر	

تقریظ رنگین خامہ سحر نگار اعجاز بیان جناب منشی محمد شہاب الدین صاحب سلمہ المنان

حمد باری بہار گلشن خیال و نعت نبی زینت بوستان کمال ہے۔ مگر باغبان خرد و ہوش اپنے چمن کو اس بہار و زینت سے خدا ان و مزین کر سکے کیا مجال ہے۔ وہ ایک ہما بلند پرواز ہے اور وسعت فکر بلند آسمان پیوند تنگ۔ یہ ایک عرصہ دراز ہے اور گلگوں باد پائے طبع عرش پیما لنگ۔

غزل

بیاں ہو مجھ سے کچھ حمد خدا کیا	بھلا میں کیسی طبع رسا کیا	محمد کا خدا خود مدح خواں ہے	زباں کیا ہے قلم کیا مرتبہ کیا
خدا اک عارف ذات نبی بس	نبی سے اور طالب خدا کیا	اگر ہو معرفت ہر اک کو انکی	خدا و مصطفٰے پر پھر رہا کیا
	ملک جس کے ہیں پیچ دست و پا ہیں	تسلیم اسمیں ہمارے دست و پا کیا	

امابعد مشتاقان سیر خیابان سیر محمدی کو نوید تازہ بہار و تشنگان نظارۂ گل شمائل احمدی کو مژدہ سیر گلزار ہو کہ وہ چمن رشک عدن کہ جسکا سایۂ دیوار موجب راحت دارین اور وہ گلستان غیرت جنان جسکی روح ہوا سلسلۂ نجات کونین ہے

رباعی

اگر گل ہیں آگے جو رسا آتا ہے — ہر ایک اسکا گلشن جنت کا باب ہے
ہوا اس چمن میں چہ سر اندر شمار — رنگ رخ بہار میں وہ آب و تاب ہے

بصد انتظار دیدہ براہ طلبگار دیدہ آپکی کا نوسن خیال اس سیرگاہ روح افزا میں سکتا نہ اور کون اپنے نظارۂ جمال بہار آرا و تماشائے

حور و غلمان گلشن جنت میں آ لگے — باغ جہاں سے کیوں نہ خفا عندلیب ہو
ہم فلک سیر کو آئیں کیوں ملک — اک باغ رشک خلد بریں جب نصیب ہو

واقعی خیابان سیر میں عجب سیر نمایاں ہے کیوں نہ ہو مطلوب خدا کی داستان ہے جس کے ایثار اس گلزار ہمیشہ بہار کی سیر کی ہر شب ہی شب برات ہر روز اسکا عید ہے جسکی نظر آئے۔ دفعہ اس عروس ہمایگار سے اٹھی اسکا محو جمال شاہد کا شہید ہے سبحان اللہ گلشن و ہر میں باد بہار آئی اور فرحت افزا ان نے عجب گل کھلایا ہے جسکی شمیم روح پرور سے مشام جان و عالم روح و روان معطر ہے جسکی نکہت جان بخش سے دماغ اہل سلسلہ سنبلستان عشق گیسوئے حبیب خدا حقہ مشک و عنبر۔ بارک اللہ گلشن گیتی میں نخل بلند ایام فرحت انجام نے طرفہ شجر راحت اور درخت طوبی مثال جو اسے نہ جسکا بر و بار عدیم المثال لذت بخش مذاق اہالیان حالات خیر البشر اور ہر شاخ پر برگ و بار راحت امید عاشقان شفاعت نبی پر آئے گستر

غزل

رشک باغ جنان خیابان سیر
اس سے کہتے ہیں مشرکی بدعتیں
کیوں نہ ہو نور ذکر حضرت سے

رشک بوستان جنان سیر
سبحہ جال ستان خیابان سیر
رونق بزم جہان خیابان سیر
سیر اسکی کریں سلیم کہ ہے

مردہ دل ایک ہی ہو رہے زندہ
لاتی ہے جو ہر دل پریشان ہیں
بھرتے ہے دامن طلب میں گہر
گلشن بے خزان خیابان سیر

روح بخش جہان خیابان سیر
فرح تاب و توان خیابان سیر
موجہ زرفشان خیابان سیر

کیوں کہ کثیر التصانیف و التوالیف نہایت یگانہ علامہ زمانہ فاضل شہیر واعظ پر تاثیر شریعت پناہ فضیلت دستگاہ مولانا مولوی شاہ عبدالحی قادری نور اللہ مرقدہ و جعل الجنۃ مثواہ کی تصنیف سے ہے

غزل

عالم دین وقار عبدالحی
تھے فدا انکے وعظ پر واعظ

فاضل ہوشیار عبدالحی
مہر اسم تھا عبدالحی
تھے جو رسول خدا کے ہیں سلیم

کیا شگوفے کھلائے ہیں اس نے
گلشن ملت محمد ہیں
واہ کیا یادگار عبدالحی

باغ دین کی بہار عبدالحی
نخل پر برگ و بار عبدالحی

اس عروس رعنا و شاہد زیبا کو مشاطۂ طبع مطبوع طبائع عام و خاص نے عجب نئے زیور زینت سے سنوارا ہے نہایت ہی دلکش

زیورِ حسنِ قبول پہنایا ہے کہ

قطعہ

شہر یار تھا ماہ تجلی مہر بھی ہوا	دونا ہے حسن چہرۂ زیبا سنگار سے
ہاں خوش نصیب زیر فلک ہیں وہی سلیم	جو شاہ گھر میں بیٹھے ہیں دیدار یار سے

اس بار کے طبع میں اگلے اغلاط کی تلافی ہے گزشتہ طبع کے خطایا کی صحت شافی ہے خوبی تمام ہے درستی مالا کلام ہے

قطعہ

اغلاط طبع داغ ہے تصنیف خوب کو	جب پڑ گیا گہن تو رہا حسن ماہ کیا
صحت کی جیسی دولت بیحد نہیں سلیم	گر یہ نہیں تو کیا ہے فقیر اور شاہ کیا

واہ واہ عجب ماہ عید ہے ہر سو اسکی دیدا و دید ہے اب اس رشک ماہ کا حسن کامل ہے ہر ایک اسیر دل ہے ہر سو اسکی طلب کی چیخ ہے۔ یہ اسکا قطعۂ تاریخ ہے۔

قطعہ

جب نسیم طبع سے خنداں ہوا باغ سیر	ہو گیا مطبوع عشاق حسب ذوالجلال
ہے بہار جانفزا سے اسکی یہ دوشن سلیم	خوب ہے گلزار نیا شمع شبستان فروز اسکا سال

فضائل بسم اللہ از حضرت مصنف رحمہ اللہ علیہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم
سب میں ہے یکتا یہ در بے نظیر
تین یہ اسما مبارک آئے ہیں یار
پہلے جو اسباب ہیں اس کام کے
دوسرا اسباب وہ باقی ہے
تیسرا ثمرات و نتائج بھی تب
اور جو ہے بسم اللہ کا اجر و ثواب
غرق کا تھا اسکے خطرا کو جب
عزت و برکات سے اسکے خدا

قلزم قرآں کا ہے در یتیم
جیسے تاروں میں ہے بدر منیر
اسلئے فرمانے ہیں جان اختیار
ان کو بلاشبہ فراہم کرے
انتہا تک کام کے آغاز سے
جو کہ ہیں اس کام کے تہ میں سب
اور برکات اسکو ہیں بے حساب
کشتی چلائیں یہ پڑھ فقرہ تب
غرق سے اس کشتی کو سالم رکھا

جتنے جواہر کہ ہیں قرآن میں
اسمیں جو ہے اسم خدائے کریم
دنیا و عقبیٰ کے ہیں جتنے امور
اسم مبارک ہے جو اللہ کا
یہ تو ہے رحمٰن ہی کا مقتضا
یہ تو رحیمی کی صفت کے ہیں بیاں
کہتے ہیں کہ نوح علیہ السلام

بسم اللہ مجریھا و مرسٰھا

دیکھئے بسم اللہ کے جب یہ فیض

جتنے ہیں روشن گہر اس کان میں
آئے ہیں اللہ و رحمٰن رحیم
انکے لئے تین ہیں چیزیں ضرور
اسکے تصرف ہی میں یہ ہوویگا
اس سے ہے وابستہ بقا خلق کا
سعی نہ بندوں کی کرے رائگاں
جب کہ ہو کشتی میں سوار اک ہجوم
رکھیں ہمیں اللہ نے یہ برکتیں

نصف میں جب اسکے ملی ہو نجات
دیویگا البتہ انہیں حق نجات

صدق سے بسم اللہ جو مومن پڑھے
درجے لکھیں اسکے لئے چار لک

نیکویں نام اسکا لکھے باوفاق
اگلے گنہ بخشے گا اسکے خدا

حضرت عیسےٰ کا کہیں ور سفر
حضرت عیسیٰ پس سے دیکھئے

دیکھتے کیا ہیں کہ وہ شخص ہے عجب
ان کو کہا حق نے کہ جب یہ ہوا

پایا ہے طاقت وہ تکلم کی جب
طفل بھی استاد بھی اور باپ بل

کہ کئے ارشاد وہ سالار دیں
ایک روایت ہے کہ بخشش ہے یار

فقر سے حق اسکو بچاوے گا جان
نقل ہے جب جب انہیں بخشے عیاں

پڑھئے بہت آپ اے شاہ کریم
دیکھے عذابوں میں ہے وہ مبتلا

کہ پڑھو دس بار لطف عمیم
ازپی خدمت ہیں اسکے حضور

عرض کئے حور اے شہ کائنات
اور اسی بسم اللہ کے حرفوں سے چا

بس جو مسلماں عقیدت کے سات
آتش دوزخ سے تو رحم کے سات

ذرہ گنہ اسکا نہ باقی رہے
اور گنہ اسکے مٹے چار لک

دور کرے اس سے بھی کفر و نفاق
ایسے ثواب اسکے ہیں بے انتہا

قبر پر اک ہوا ہے گزر
کہتے ہیں اس جا سے آگے چلے

داخل جنت ہے بفرمان رب
اسکی جو عورت تھی اسے حمل تھا

پڑھنے لئے بھیجی ہے ماں اسکی تب
بخشے گئے یمن سے اسکے ہی ماں باپ

بسم اللہ جب لڑکا پڑھے گا یقین
طفل و معلم کے بھی بخشیں چار

سختی سے فاقہ کے بھی بخشے اماں
بی بی خدیجہ کو شہ دو جہان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
چاہیں کریں اسکے لئے تا دعا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
آئے کئے حور بحکم غفور

حشر میں کر غسل بہ بحر الحیات
بہتی ہیں جنت میں جو نہریں چار

نیک ہر اک کام کے آغاز میں
ایک صحیح آئی ہے ایسی خبر

اور کئے ارشاد پڑھے جو سلیم
اور بھی فرمائے ہیں خیر الانام

اور کہے بسم اللہ جو مومن لکھے
اور حکایت بھی یہ مشہور ہے

دیکھے ہیں اس قبر میں آئے عذاب
بعد کئی سال کے عیسیٰ نبی

دیکھ کے وہ عرض خدا سے کئے
ایک پسر اس سے ہے پیدا ہوا

درس معلم نے دیا اے سلیم
اور یہ حکایت پہ موید صحیح

اسکے تب استاد بھی اور والدین
اور یہ فرمائے ہیں خیر الانام

اور ہر لقمہ پڑھے جو ضرور
پوچھے کہ کیا تحفہ تمہارے لئے

مروی ہے یکبار رسول خدا
ایسے میں جبریل آ حاضر ہوئے

تب پڑھے دس بار وہ عالی جناب
پوچھے وہ حوروں سے شہ انس و جان

لوگ جو جنت میں چلے جائنگے
نسخہ معراج میں ہے بسط سے

بسم اللہ پورا جو تلاوت کریں
کہ کئے ارشاد شہ بحر و بر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
شخص جو بسم اللہ پڑھے گا تمام

اور اسے اچھا لکھے تعظیم سے
بعضے کتابوں میں بھی مسطور ہے

ہوتا ہے مردے کو نہایت عذاب
گزرے اسی قبر پہ پھر اسے زکی

داخل جنت یہ ہوا کس لئے
جب وہ پسر چار برس کا ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ہیگی یہ حضرت کی حدیث صحیح

چھوٹینگے دوزخ سے بلا ریب میں
جو پڑھے بسم اللہ بوقت طعام

تن میں طعام اسکے وہ ہو جائے نور
لاؤں وہ تب عرض نبی سے کئے

قبر پہ یک مرد کے گزرے ہیں جا
عرض یہ سالار امم سے کئے

حق نے تبھی اس سے اٹھایا عذاب
کب تلک اے حور رہو یہاں

تب تلک ہم ساتھ ہیں اس شخص کے
کیسے فضائل ہیں یہ بسم اللہ کے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
مجمل قرآں ہے یہ لا کلام
یوں ہے حدیث اسکو پڑھے اے حبیب
چار ہزار اسکے مٹا دیوے شر
جانیں ملک یک ہزار ان سے ہاں
تین سے توریت میں آئے ہیں جان
آئے ہیں نوح یہ نو اسمائے رب
اور یہ سرنامہ قرآن میں
گویا کہ اللہ تعالےٰ کے نام
جمع ہیں سب اسی قرآن میں
جتنے علوم آئے ہیں در فاتحہ
بسملہ کے با میں جو اسرار ہیں

مطلع انوار کتاب کریم
اسکی ہی تفصیل ہے قرآں تمام
صدق دلی سے جو صدقہ اشعار
واسطے ہر حرف کے اے باخبر
ایک ہزار اسم بھی پیغمبراں
تین سے انجیل کے ہیں درمیاں
خلق کے ہیں علم میں نام سب
آئے جو سہ اسم یہ عنواں میں
وہ جو نہیں اسکے الف پڑھا وہ تمام
ہیں وہ جواہر سب اسی کان میں
ہیں وہ بھی مندرج بسملہ
اس سے جو عارف ہیں خبردار ہیں

جان یہ دروازۂ قرآن ہے
جتنے مضامین ہیں قرآن میں
دفتر اعمال میں حق بیگماں
جانیے اللہ تعالےٰ کے نام
اور ہیں سماوی جو کتابیں چار
تین سے آئے بزبور آئین
اور ہے یکنام بعلم خدا
یعنے ہیں اللہ و رحمان رحیم
اور روایت ہے کہ جتنے علوم
اور ہیں قرآن میں جتنے علوم
اور ہیں بسم اللہ میں جتنے علوم
اسلیئے فرمائے علی ولی

مژدہ وہ رحمت رحمان ہے
درج ہیں سب اسی عنواں میں
چار ہزار اسکے لکھے نیکیاں
مروی ہیں اور تین ہزار ایسے نام
آئے ہیں ان چاروں میں سب یکہزار
اور بقرآن معظم یقین
خلق سے وہ نام ہے پنہاں سدا
جو پڑھے یکبار اسے لے فہیم
آئے ہیں ان تینوں کتب میں عموم
سورۂ الحمد میں ہے ان کی دھوم
حرف میں وہ با کے کسر میں ہجوم
گر لکھوں تفسیر میں بسم اللہ کی

ہوویگا ہفتاد و شتر اس کا بار — رمز و نکات اس میں ہیں نو بیشمار (بھید ۱۲، نیکیاں ۱۲)
یعنے گنہ ہو کے جو در روز و شب — ظاہر و باطن کے ہو چار سب
حرف جو انیس ۱۹ ہیں اسکے سبھی — ہیں ملک اتنے ہی جہنم کے بھی
اور کہے ہیں کہ شب و روز میں — جانئے چوبیس ۲۴ ہیں جو ساعتیں
ساعتیں انیس جو باقی رہے — حرف یہ انیس ہیں انکے لئے
مصحف اشرف جو تری ہے کتاب — بسملہ اسکا جو معظم ہے باب
گو تو ہمیں غایت رحمت کے ساتھ — حشر میں ہو ویگا سقر سے نجات (دوزخ ۱۲)
ہم عدم محض تھے سب اے ودود — پس ہمیں رحمت سے دیا تو وجود
شکر مسلمان بنایا ہمیں — خلعت ایمان پہنایا ہمیں
اور ہمیں یک نعمت عظمی دیا — سب سے بڑی دولت کبرا دیا
یعنے ہمیں ایسے کے تابع کیا — جسکے ہیں تابع رسل و انبیاء
جنبش اول ز محیط قدم — سلسلہ جنبان وجود از عدم (حرکت ۱۲، دریا ۱۲)
فضل سے قرآں میں اے رب کریم — نام لیا اسکا رؤف و رحیم
ذات تو ہے تیری رؤف و رحیم — تیرا پیمبر بھی رؤف و رحیم
جو تری رحمت سے ہے اے کارساز — ہم کو اس امت سے کیا سرفراز
اور پیمبر ہمارے سے کبھی — ہم کو جدائی بھی نہ دیجے کبھی
ذکر میں رکھ آپکے ہم کو مدام — برکتیں اس فکر کے دے صبح و شام
زیر لوا آپکے دے ہم کو جا — خلد میں ساتھ آپکے ہم کو لیجا (جھنڈا ۱۲)
ہم سے تحیات صلوٰۃ و سلام — بھیج انکو کہ اس شہ دیں پر مدام
خاص جو ہیں اسکے خلیفے چہار — ملت اسلام کے عنصر ہیں چہار
حضرت عثمانؓ و علیؓ جلیل — لوط کے یاروں کے ہر دو مثیل
نور بصر جسکے حسینؓ و حسنؓ — ہر دو شہادت کے ضیاء چمن
ایسے ہو دین کے رکن رکین — جن سے لیا زیب یہ دین مبین

اور کلمات اسکے سمجھ ہیں چہار — اور گنہ کے بھی ہیں انواع چار
جو پڑھے اس کو بخلوص اختیار — ہو وینگے مغفور یہ انواع چار
یمن سے ہر حرف کے یوم الحساب — ہو نہ وہ انیس ملک کا عذاب (برکت ۱۲، قیامت ۱۲)
پانچ نمازوں کے لئے لائے ہیں — پانچ ہیں ساعات مقرر یقین
حمد ترا ہم سے ہو کیونکر ادا — شکر یہ نعمت کا بھی اے کبریا
دیتا ہے رحمت سے تری خوش خبر — بس ہے یہ امید ہمیں بیشتر
گرچہ نہ بخشش کے ہیں ہم سازوار — پر تری رحمت کے ہیں امیدوار
شکر ہمیں صورت انساں دیا — عقل دیا جسم دیا جاں دیا
اور کیا ہم کو اخیر الامم — خیر امم جو ہے الامیر امم
ایسی وہ نعمت ہے عظیم و جلیل — کہ نہیں نعمت کوئی اسکے عدیل (مقابل ۱۲)
مالک دیں مہتر کل مہتراں — ختم رسل خاتم پیغمبراں
رحمت عالم ہے یقیں جسکی ذات — جسکی ہے رحمت ہمہ کائنات
جسکی اطاعت ہے اطاعت تری — جسکی محبت ہے محبت تری
جبکہ ملیں ہمکو یہ دو رحمتیں — ہم کو ہے امید ہنوز رحمتیں
یونہی اس امت میں ہوئے تو حیات — حشر اس امت میں بھی کر دے نجات
آپکی الفت میں ہمیں کو ذرا — پیروی میں آپکی ہی رکھ سدا
کر ہمیں اس شہ کی زیارت نصیب — دونوں جہاں بیچ شفاعت نصیب
حمد میں ہم سب کے قاصر ہیں جو — نعت پیمبر میں بھی قاصر ہیں دوں
آپکی سب عترت و اصحاب پر — اکمل اتباع و احباب پر
حضرت بوبکرؓ و عمرؓ با فتوح — مورد تشبیہ براہیم و نوح
بنت نبی خیر نسائی امم — لخت دل سید عرب و عجم
پاک یہ سبطین کی اولاد سے — آل پیمبر کی [illegible]
ایسے ائمہ کو اور افراد کو — اکمل اقطاب کو اوتاد کو

فضل حق اپنے نے ظاہر کیا جن کو ہدایت کا مظاہر کیا
آل اسرائیل کے نقیبوں کے سات جنکو ہے تشبیہ زروئے صفات
رشک ملائک ہے یقیں جنکی ذات اور دم عیسی ہے یقیں جنکی بات
سید شہداء کا خلف باصفا نام علی حضرت زین العبا
باقر و جعفر دو گرامی گہر اوج امامت کے ہیں شمس و قمر
چشمۂ جود و کرم مرتضے قطب جہاں کاظم و موسی رضا
قدوۂ ابرار تقی و نقی زبدۂ اخیار تقی و نقی
منبع اسرار حسن عسکری ملک ولایت میں جنہیں سروری
عالم طفلی میں دیا تھا خدا خوف سے خالق کے تھے لرزاں سدا
اور ابوالقاسم والا نسب نام محمدؐ ہے و مہدی لقب
سارے یہ اقطاب ہیں اوتاد ہیں سید شہدا کے سب اولاد ہیں
اور باولاد امام حسنؓ ایسے ہی افراد ہیں پاک تن

منقبت غوث الثقلین غوث الاعظم محبوب سبحانی حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی قدس سرہ

خاص وہ محبوب خدائے کریم جنکی ولایت میں ہے شان عظیم
غوث جہاں فخر زمین و زماں سید اقطاب سر سروراں
مطلع انوار رموز خدا مجمع اسرار کنوز خدا
افسر زیبائے سر غوثیت بلبل شیدائے گل قربیت
خسرو ارباب ولایت ہے وہ بادشہ ملک کرامت ہے وہ
جسکا ہے ہر نائب فی عز و شاں فخر جہاں شیخ شیوخ زماں

مدح قدوۃ العارفین عمدۃ المعاصرین شیخی و سیدی مولوی حافظ حاجی محی الملۃ والدین حضرت سید شاہ عبداللطیف قادری مدظلہ العالی متعالی

خاص مرا شیخ ہے شیخ الشیوخ قدوۂ ارباب وثوق و رسوخ
اوج حقایق کا ہے بدر منیر ملک معارف کا امیر کبیر
ملت اسلام کا رکن رکیں صاحب دل حامی دیں محی دیں
عالم فاضل ہے شریعت میں وہ عارف کامل ہے طریقت میں وہ
شیخ محقق خلف بوالحسن نیر اوج شرف بوالحسن
اسم شریف اسکا ہے عبداللطیف محی دیں عرف و لقب اے شریف
پدری حسینی حسنی مادری مذہب و مشرب حنفی قادری
سلسلۂ قادریہ عالیہ مجھ کو دیا وہ نعم اجلالیہ
پس ہے مرا شیخ مقدم وہی رہبر اول ہے معظم وہی
اسکی وساطت سے ہی مجھکو خدا غوث کے خدام میں داخل کیا
مسند ارشاد یہ لیل و نہار
فیض رساں اسکو رکھے کردگار

آپ کی وفات منورہ میں بحرہ ۱۲ کی اس تاریخ کو کسی شاعر نے [illegible] قطب اسلام کا ہوا ۱۲۹۹ تاریخ کہی محمو[illegible]

فضیلت ذکر نبوی و سیر مصطفوی اور سبب تنظیم اس کتاب واجب التعظیم کے بیان میں

دیکھئے آئی ہے حدیث صحیح سرور عالم نے کہا ہے صریح
جو کہ رکھے دوست کسی کو بہت یاد کریگا وہ اسی کو بہت
ذکر ہے محبوب کا پس گھڑی اسکی محبت ہے علامت بڑی
تذکرہ محبوب کا ہو جس قدر اصل محبت ہو تو ہی اس قدر
اور بھی فرمائے شہ بحر و بر کہ نہ رکھے جو کہ مجھے دوست تر
بچوں سے اور باپ سے ماں سے زیاد جسم سے اور جان سے بھی اپنی زیاد
تو وہ مسلماں نہوا ہے ابھی صاحب ایماں نہوا ہے ابھی
پس ہوا معلوم کہ حب رسول شجرۂ ایماں کی ہے اصل الاصول

اور محبت کی قوی منزلت
جان تو موقوف ہے بر معرفت

معرفت حضرت خیر البشر
جان ہے موقوف بہ علم سیر

ہے سیر احوال شریف آپ کا
جو کہ صحیح نقل سے ثابت ہوا

یعنے ز قرآن و حدیث و اثر
اور رسا و یہ کتب سے دگر

جانئے پس آپکے حالات کچھ
اور فضائل و کمالات کچھ

نور سے اس شاہ امم کے غفور
جو کہ کیا سارے جہاں کا ظہور

حمل و ولادت میں بھی جو آپکے
حق کیا ظاہر جو بہت معجزے

کر انہیں مبعوث بہ عرب و عجم
ختم رسالت سے کیا جو علم

گرچہ عدو آپکی تھی سب جہاں
لیک رکھا آپکو حق در اماں

درجہ معراج دیا آپ کو
اشرف عالم ہی کیا آپ کو

مکہ میں دین آپ کا تھا جو نہاں
بدر و مدینہ میں کیا ذوالجلال

عرصۂ دس سال ہی جو اسکا نور
شرق سے تا غرب کیا ہی ظہور

آپکے اعدا کو خدا خوار کر
اپنے دیا آپکو فتح و ظفر

اور سلاطین ہوئے تابعاں
جو ہوئے سرکش سو نہ پایا اماں

آپ نے توحید کا برپا علم
کرکے کیا شرک کو سب منعدم

جور و جفا آپ بہت سہہ لئے
جو طرف اسلام کو پھیلائے

شہرہ توحید کی دینے کو دم
راہ میں مولیٰ کی کئے ہیں جہاد

آپکے اصحاب بھی سہی لئے
راہ میں مولیٰ کی بہت جانیں دئے

دین خدا جبکہ یہ کامل ہوا
اور یہ قرآن بھی نازل ہوا

تب کئے دنیا سے شہ دیں وفات
آپ پہ ہو حق سے سلام و صلوٰۃ

نور کے پیدا کرنے سے تا وفات
جاننا احوال شہ کائنات

لابد و لازم ہے مسلماں تمام
شاہ و گدا مرد و نساء خاص و عام

ذکر میں اس شاہ کے رہنا سدا
ہے وہ یقیں باعث قرب خدا

فرض ہے امت پہ وہ مقدور کا
سید کونین پیمبر کا ذکر

ذکر میں اس شاہ کے پیغمبراں
رہتے تھے سب صبح و مسا تر زباں

کرکے وے ابلاغ رسالت ادا
آپکی دیتے تھے بشارت سدا

ذکر سے اس شہ کے بدرگاہ رب
لاتے تھے بے شبہ توسل وے سب

جبکہ ہوا یہ طرح رسولوں کا حال
دوسرے کیا چیز ہیں کیجے خیال

شکر خدا ہم کو کرم سے خدا
آپکی امت میں ہے داخل کیا

کیوں نہ رہیں ذکر نبی میں سدا
ذکر نبی عین ہے ذکر خدا

ذکر کی کثرت تو با قال و قیل
کثرت امت پہ قوی ہے دلیل

پس ہوا امت کو ہی لازم بھی
صبح و مسا کثرت ذکر نبی

ہووے جہاں تذکرہ صالحیں
اترے وہاں رحمت حق بالیقیں

ذکر شہنشاہ رسل ہو جہاں
رحمتیں حق کیسے آتا ہے وہاں

جنکے سیر اور شمائل کا ذکر
عادت و اخلاق و فضائل کا ذکر

افضل کل نفل عبادات ہے
اعظم قربات و ثوابات ہے

در عربی فارسی لے با صواب
شہ کی سیر میں ہیں بہت سے کتاب

لیک ہے ہندی میں بہت کم تو جان
اسلئے کم جانے سیر ہندیاں

عالم علامہ وحید زماں
باقر آگاہ فضیلت نشاں

در سیر شاہ بشیر و نذیر
آٹھ رسالے ہے لکھا بے نظیر

ہشت ہشت اسکا سنہ اور نام
دیوے جزا اسکو خدائے انام

لیک وہ احوال شہ کائنات
نور کی تخلیق سے لے تا وفات

تین رسالوں میں لکھا مختصر
کیونکہ وہ علامہ نیکو سیر

شہ کے بشارات بھی و معجزات
اور خصائص بھی شمائل صفات

اور محبت کا نبی کے بیان
پانچ رسالوں میں لکھا ہے میاں

اس ہی لئے نور سے لے تا وفات
ذکر وہ اجمال کے لایا ہے ساتھ

[illegible]

جائے اندیشۂ تطویل سے　　لایا وہ احوال تفصیل سے
ایک سالہ میں لکھا در سیر　　مستند و معتبر و مختصر
اس سے بھی سیراب ہو تشنگاں　　تشنۂ تفصیل ہیں از شوق جاں
کہ اسی اجمال کی تفصیل میں　　شاہ کے احوال کی تطویل میں
یمن سے سالار امم کے خدا　　جلد یہ برلائے مراد دعا
از فن تفسیر و حدیث اور سیر　　ہیں یہ بھی یاد رکھے اے باخبر
اور سیر میں عربی اے پسر　　ما ثبت اول ہے مواہب دگر
روضۃ احباب و معارج بجان　　اور شوارع و مدارج ہے حیاں
باقر آگاہ فضیلت مآب　　خوب کہا ہے یہ سخن باصواب
دوسرے کتابوں سے بھی انکے سوا　　میں نے لیا انکی سند لاتعد
ہے مجھے مقصود کہ سمجھیں عوام　　شعر کی ہرگز نہ نزاکت کا نام
دے مجھے ہر کام میں یارب خلوص　　نظم میں اس چار چمن کے خصوص
ہر گل و غنچے کو بہ یمن رسول　　اسکو عطا کیجئے رنگ قبول
اور اسے انوار نبوت لقب　　کیجئے سزاوار تو اے پاک رب
جلد دے انجام اسے باکمال　　بدر بنا دے یہ منور ہلال
نور نبوت کے لئے اے کریم　　کیجئے روایت کو بتفصیل عمیم
ذکر میں کہہ اپنے مجھے اے خدا　　اور ترے ذکر نبی میں سدا
ختم دعا کرکے یہاں احقر

اس ہی لئے بعض احبا مرے　　جبکہ بہت شوق و تمنا کئے
نور سے تا رحلت شاہ امم　　ذکر وہ نسخے میں کیا میں رقم
اسلئے یہ عزم کیا ہو صمیم　　کرکے توکل بخدائے کریم
چار چمن چار رسالے لکھوں　　وزن کو ہر اک کے جدا ہی کہوں
اسمیں کتابوں کی جو لاؤں سند　　فارسی ہیں اور عربی معتمد
پہلی تفاسیر میں فتح العزیز　　شرح بھی مشکوٰۃ کی اے باتمیز
فارسی میں ہیں وہ کتابیں چہار　　آئینے ہیں گو یا سیر کے جو چار
چاروں بھی عمدہ ہیں اگرچہ وہ چار　　لیک ہے تحقیق مدارج بڑی
گرچہ یہ چاروں بھی ہیں بس معتبر　　لیک مدارج کو ہے شان دگر
اب جو ہے اس ایک میں مثنوی بیاں　　کرتا ہوں میں بھی زباں پر بیاں
پاوے اگر اسمیں تو سہو و خطا　　کیجئے اصلاح تکلف عطا
جلد دے ہر ایک چمن کو بہار　　شجر مناجات کو دے میرے بار
مطلع انوار نبوت کا تاب　　کیجئے عطا پہلے چمن پر شتاب
ذکر سے اس نور کے اے کبریا　　دیکھئے اس پہلے چمن کو ضیا
مہری جو حاجات ہیں وہ عیاں　　ہیں تب عیاں تجھپہ نہیں کوئی نہاں
بندۂ احقر کو تو اے کارساز　　بخشش عصیاں سے کر اب سرفراز
پیروی میرا سے مجھے رکھہ مدام　　کیجئے شہادت پہ مرا اختتام
لکھہ چمن نور نبی النوری

نورِ اوّل خلقت نورِ محمدی کے بیان میں صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم　　۲

ہے یہ مدارج میں حدیث صحیح　　یہ نشے ارشاد پیمبر صریح
پہلے خدا چیز جو پیدا کیا　　نور ہے بے شبہ وہ جانو مرا
روضۂ احباب میں اے باخبر　　ذکر ہے اسطرح کیا مختصر
حاصل اب ان سارے روایات کا　　ذکر یہاں کرتا ہوں میں کچھ ذرا

اَوَّلُ مَا خَلَقَ اللّٰہُ نُوْرِیْ

کیفیت خلقت نور نبیؐ　　مجمل تشریح ظہور نبیؐ
کہ ہوا پیدا جو پیمبرؐ کا نور　　اسمیں روایات میں آئے ضرور
حضرت خلاق جہاں ذوالجلال　　خلق کے سب آگے کئی الف سال

یعنے بنا تھا نہ ابھی آسمان
اور نہ تھے حور و ملک انس و جان
سجدہ میں کہتا تھا کبھو سبحان حق
اور ہر اک پردے میں وہ ذوالجلال
جبکہ وے پردونکو سبھی طے کیا
صالح و صدیق و شہید و نجیب
اور کئی اس نور کے حصے کیا
شمس و قمر اور نجوم آشکار
اور ہر اک طبقے میں الی ورا
حق نے اسی نور سے آیا ایک
پانی روا تھا وہ برس کہزار
حصۂ دوم سے بنایا قلم
ہر دو کنارے جو ہیں اس لوح کے
حکم کیا پس وہ قلم کے تئیں
بسم اللہ الرحمن الرحیم
اور کئی سال تلک سر بسر
جمع ہوے ہر دو بہ حکم صمد
اس ہی لیے حق نے کہا از کرم
گر پڑے یکبار بقلب سلیم
سات سو برسوں میں عرض اکے تمام

اور نہ پیدا تھے زمین و زمان
حق کے سوا تھا نہ کسی کا نشان
اور کبھی تسبیح کا دیتا سبق
رکھا ہے وہ نور کئے الف سال
نور مقدس وہ کئے دم لیا
روح مسلمانوں فرشتوں کی سب
اس سے یہ چیزوں کو بنایا خدا
کوہ و بیابان و ریاح و بحار
خلق کی اک ایک جماعت کہا
جوہر پاکیزہ بنایا ہے ایک
لحہ بھی یک جا نہیں پایا قرار
تیسرے سے لوح بنایا بہم
سرخ مزین ہیں وہ یاقوت سے
لوح پہ لکھہ عرض کیا وہ ویں
یہ کیا آغاز قلم اے فہیم
تھا وہ پڑا لوح پہ پہلے ڈال سر
گزرے برس اسکے لیے بیفقصد
عزت و اجلال کی میری قسم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
جبکہ یہ بسم اللہ ہوا ہے تمام

لوح و قلم کرسی و عرش برین
نور مقدس کو نبی کے خدا
اور بنایا ہے خدائے قدیر
نور شریف نبوی شاد شاد
پس اسی انفاس سے پیدا کیا
سب ہیں اسی نور سے پیدا ہوئے
عرش برین کرسی و لوح و قلم
ارض و سما بعد ہی پھیلا دیا
اور معارج میں سن اے باصفا
اسپہ وہ قدرت کی نظر جب کیا
حصے پھر اس پانی کے حق نے کیا
در سفید ایک سے رب العلا
عرض کو اس لوح کے وہ ذوالجلال
کیا میں لکھوں لوح پہ آداد گر
نام وہ اللہ کا جس دم لکھا
پہلا وہ شق لکھنے کو رحمن کے
ایک روایت سے برس یکہزار
مرد ہو یا زن مرے بندوں سے جو
سات سو برسوں کی عبادات کا
حضرت مولی کی طرف سے قلم

جنت و دوزخ بھی نہیں تھی یقین
فضل سے تب اپنے ہی پیدا کیا
واسطے اس نور کے پردے کثیر
کرتا تھا تسبیح سے تب حق کو یاد
اکمل ارواح ہمہ انبیا
عالم ہستی میں ہویدا ہوئے
ارض و سما جنت و دوزخ بہم
سات طبق بعد ہر اک کے کیا
نقل کیا از شرف مصطفے
جلدوہ جو ہر وہیں پانی ہوا
عرش برین ایک سے پیدا کیا
جانئے اس لوح کو پیدا کیا
پیدا کیا ارض و سما کے مثال
بولا یہ عنوان سے آغاز کر
ہیبت مولی سے قلم شق ہوا
دوسرا شق لکھنے رحیم آن کے
لکھنے کو بسم اللہ میں گر پڑے ایسے یار
امتی وہ احمد مرسل کا ہو
اجر وہ بندے کو کرونگا عطا
لوح پہ جانو یہ کیا ہے رقم

بسم اللہ الرحمن الرحیم انی انا اللہ لا الہ الا انا محمد رسولی من استسلم بقضائی وصبر علی بلائی وشکر علی نعمائی ورضی بحکمی کتبتہ صدیقا وبعثتہ یوم القیمۃ مع الصدیقین ومن لم یستسلم بقضائی ولم یصبر علی بلائی ولم یشکر علی نعمائی ولم یرض بحکمی فلیتخذ الٰہا سوائی

نور مقدس سے کن کن چیزوں کا پیدا ہونا بیان

یعنے میں کرتا ہوں یہاں ابتدا
کہتا ہے حق ہو لیں اے خلق کا
امر یہ جو کوئی مرے گردن کہا
اسکو میں صدیق لکھوں لطف سے
اور نہ بلا پر مرے صابر رہے
چاہیے کر لیوے وہ پس اختیار
بعد قلم لوح پہ لکھا شتاب
اور عدد اشجار کے اوراق کا
اور جب اس لوح کے اوپر قلم
بعد یہ مدت کے قلم سر اٹھا
شاہ کی جانب سے خدائے انام
حصہ چہارم سے بنا ماہتاب
حق نے وہ دریا کے تئیں در ہوا
شمس و قمر کے تئیں رب العلا
جانو وہ دریا کا مقرر حجاب
اور وہ دریا کا نقاب و ستر
لطف سے پر جسکو بچاتا خدا
ہووے جو فرسنگ سمجھ چار لک
اور اسے ہر روز بھی آیا صفا
حشر کے دن اسکے وہ انوار سب
مہر کے پھر حرم میں لاویں گے
تھوڑا یہاں سمجھ پس تم خیال
الغرض اس نور کے حصوں سے رب

نام خدا سے جو ہے رب العلا
کوئی نہیں معبود ہے میرے سوا
اور بلا پر مرے صابر رہا
ساتھ انہوں کے بھی اٹھاواں اسے
اور مری نعمت پہ نہ شاکر رہے
میرے سوا دوسرا پروردگار
سارے یہ اشیائے جہاں کا حساب
اور عدد خلق کے ارزاق کا
نام محمد کا کیا ہے رقم
لیکے وہیں نام شہ انبیاء
بولا جواب اسکا علیک السلام
حصۂ پنجم سے ہوا آفتاب
اپنی ہی قدرت سے معلق رکھا
جانو وہ دریا میں ہے جاری کیا
گر نہ رکھا جاتا تھا بر آفتاب
گر نہ رکھا ہوتا بروئے قمر
بچتا وہی بندہ نہیں دوسرا
اس سے بھی زائد ہے وہ تو یاد رکھ
دیتے ہیں اک تازی حرارت جدا
نقل کریں عرش ہی آگ با ادب
مہر کی تا اور حرارت بڑھے
گرمی سے جلا کیا اسکے ہو لوگوں کا حال
پانچ وے چیزوں کو بنایا ہے جب

ہے وہی اللہ و رحمٰن و رحیم
اور محمد ہے جو میرا رسول
اور میرے انعام پہ شاکر رہا
اور جو بندہ کہ قضا پر مرے
اور نہ راضی ہو مرے حکم پر
حالانکہ معبود کوئی اسکے سوا
مینہ کے قطروں کا عدد لاکلام
حشر تلک ہوئینگے جو آشکار
جلد ہوا ساجد پروردگار
شوق سے بھیجا ہے تحیات نیک
اسلئے سنتے ہے خطاب سلام
یک بڑی دریا جو ہے زیر سما
یونہی وہ محفوظ و معلق وہیں ہے
بولے نبی ہے قسم اللہ کی
کوہ و شجر جتنے زمیں پر ہیں جان
لوگ ہو مفتون دل و جان سے
اور یہ لایا بہ حسن اے میاں
عرش کے انوار سے بس ایک نور
دوسرے دن پھر وہ حرارت نکال
اور وہ حرارت ابھی خورشید کے
خلق کے لاویں اسے بالا سر
دیوے پنہ اس سے ہمیں کردگار
حصہ ششم سے بنایا بہشت

خلق پہ سب جسکی ہے رحمت عمیم
خلق ہے سب اسکو کیا ہیں قبول
اور مرے حکم پہ راضی ہوا
اپنے اطاعت کی نہ گردن جھکے
ویسے کو کہتا ہوں غضب سے مگر
یقین ہے وہی رب ہے سبھی خلق کا
ریگ بیاباں کا عدد بھی تمام
کر دیا اس لوح پہ سب کا شمار
گزرے وہ سجدہ میں بس یکہزار
یعنے کہا شہ پہ سلام علیک
اور ہوا فرض جواب سلام
اسکا عمق یعنے ہے فرسنگ کا
قطرہ بھی یک اس سے ٹپکتا نہیں
تہہ میں ہے جسکے یقین جان مری
سارے وہ جلجائے بغیر گمان
جان کے معبود اسے پوجتے
مہر کی چوڑائی ہے اتنی پچھان
ڈھانکتے ہے ہر روز اسے با نظر
اس سے جہنم میں وہ دیتے ہیں ڈال
جتنے جہنم میں فراہم ہوئے
ہووے حل گر کے وہ مقدار پر
پھر نبی شافع روز شمار
سو روپے کے ہیں لگے جسکو خشت

اور وہ جنت کو سنوارا ہے جان
پانچ یہ چیزوں سے خدا نے جہاں

دوسری سخاوت ہے بلا ارتیاب
چوتھی کیا ہے سدا اجتناب

حصۂ ہفتم سے ہوا روز جان
حصۂ ششم سے ملائک یہاں

(حاشیہ: ذکر کرسی و آیت الکرسی)

کرسی وہ ایسی ہے بڑی اے میاں
ساتوں سموات کو گھیرے ہے جان

اور وہ کرسی کے یمین و یسار
کرسیاں ہیں دو سو دس ہزار

امت احمد میں سدا مومناں
پڑھتے ہیں جو آیت کرسی یہاں

کرسی کے اطراف پہ آ با صفا
آیت کرسی کو وہ رب العلا

وزن یہ کرسی کے بروز حساب
کفۂ حسنات میں اسکے ثواب

حصۂ دہم سے وہ رب الورا
روح کو اس شاہ کے پیدا کیا

(حاشیہ: نور مقدس کا مشغول تسبیح و تقدیس ہونا)

روح نبی کو تہا وہی اشتغال
گزرے ہیں اسطرح چار الف سال

نور وہ سرور کا نیکو نہاد
کرتا تہا تسبیح سے مولی کو یاد

ہر دم و ہر آن بدرگاہ رب
کرتا تہا اللہ سے بخشش طلب

بولیں گے تسبیح اے پروردگار
ہیں کیا تہا جو برس چار ہزار

عاصیاں امت کے بجو ہیں اے خدا
انکو وہ بخشش طلبی دے چکا

صاحب تفسیر کبیر اے امیں
رازی علامۂ دیں فخر دیں

کہ بہ ازل حضرت رب العلا
ایک بنایا ہے شجر خوشنما

(حاشیہ: ظہور نور محمدی بشکل طاؤس)

نور مقدس کو نبی کے خدا
شکل پہ طاؤس کے ظاہر کیا

اور وہ طاؤس کو رب العلا
اپنی ہی تسبیح میں صبح و مسا

آئینہ اک شرم کا پیدا کیا
جسنے وہ طاؤس کے آگے رکھا

شکل کو دیکھ اپنے کیا وہ حیا
حق کو وہیں پانچ ہی سجدے کیا

فرض کیا اپنے نبی پر مدام
آپکی امت پہ بھی بس صبح و شام

ہیبت حق سے وہ کیا پھر حیا
جلد سراپا ہی پسینہ کیا

لوح و قلم کرسی و عرش عظیم
شمس و قمر اور نجوم اے سلیم

امر معروف ہے اول یقین
نہی ز منکر ہے دوئم اے امیں

پانچویں حد ہے یہ خدا کے مدام
اپنے دل و جان سے کرنا قیام

حصہ نہم سے ہے کرسی آئینہ
دانہ لولو سے بنایا ہے ایک

حلقے کی نسبت ہے بیاباں سے جون
نسبت افلاک ہے کرسی سے دون

کرسی پہ ہر ایک ملک بامعیّنہ
آیت کرسی کو تلاوت کرے

انکے لئے لکھتے ہیں بے ارتیاب
سارے فرشتوں کا وہ اجر و ثواب

اپنے ہی قدرت کے قلم سے کہا
پس جو مسلماں اسے پڑھتا رہے

غائت الطاف سے حق دیویگا
اس سے وہ مسرور بہت ہوویگا

سید ہے طرف عرش رکہا اسے
شغل میں تسبیح کے تقدیس کے

دوسری روایت ہے کہ چار الف سال
سید ہے طرف عرش کے تہلیل و جلال

بائیں طرف عرش کے چار الف سال
سید ہے طرف عرش کے تقدیس و کمال

حشر کے دن حضرت خیر البشر
باندہیں شفاعت کے لئے جب کمر

بخشش دیا میں نے یقیں اسکو آب
نیکوں کے تیرا ہی ہے امت کے سب

اپنے کرم سے اے خدا مجیب
کر ہمیں سرور کی شفاعت نصیب

اپنے رسالے میں لکھا یہ خبر
نام دقائق ہے جسے مشتہر

شجر یقیں نام رکھا اسکو جان
چار رہتے اس پہ ہزار برس ڈالیاں

اور در روشن و شفاف کے
نور کے پردے میں کہا پھر اسے

رکھا یقیں سال ہے ستر ہزار
کرتا تھا تسبیح وہ لیل و نہار

دیکھا اس آئینے میں جب اے پسر
آئی ہے یک شکل پیاری نظر

پس اسی سجدوں کے بدلے کرونگا
پانچ یہ وقتوں کی نماز آشکار

نور مقدس نے وہ طاؤس پر
خالق متعال کیا اک نظر

سر کے پسینے سے ہے اسکو خدا
سارے فرشتوں کو ہے پیدا کیا

اسکی پیشانی کے پسینے سے جان
پیدا کیا خالق کون و مکان

اور ہو جتنے ہیں پیغمبران
جو کہ تھا چہرہ پہ پسینہ تمام
اور نصاریٰ کے بھی ارواح کو
اور جو کچھ ہیں ہی اے باصفا
نورِ پیمبر کو وہ دیکھا ہے تب
چاروں خلیفوں کے تھے وہ نوریاں
اور رہا سال وہ ہشتر ہزار
بعد رسولوں کے اُن انوار پر
کلمۂ طیب وے کہے ہیں تمام
اپنی شفاف تھی اے باشعور
اور کیا قندیل میں قایم اوسے
شغل میں تہلیل کے تسبیح کے
اس سرِ اشرف پہ کیا جو نگاہ
چشمِ مبارک پہ نظر جو کیا
اور جو دیکھا ہی مبارک بھواں
بینیٔ اقدس کو جو دیکھا سلیم
منہ کو جو دیکھا سو وہ عیانم ہی جاں
دیکھا جو ریشِ نبی کو وہاں
دونوں جو مونڈھو پہ کیا ہے نظر
اس کے کفِ دست کو دیکھا ہی جو
دیکھا جو کوئی ظاہر دستِ یمین
جو کوئی دیکھا ہی وہاں انگلیاں
سینۂ اشرف پہ نظر جو کیا

اور شہیدان صلحا عالمان
اس سی اس امت کو بنایا تمام
اور جو ہوں ویسے ہی ای نیکخو
حق نے اسی عرق سی پیدا کیا
اپنے وہیں و بروا ز حکمِ رب
حضرت صدیقؓ و عمرؓ ای میاں
حق کے ہی تسبیح میں با احساں
حضرتِ خلاق نے کی اک نظر
اُنپہ ہو سب حق سی صلوٰۃ و سلام
جس کا بطون ہووے ز دنیا ہر نمود
جو نکہ نمازوں میں یاں رہتے کھڑے
مدت تک سال وہی مشغول تھے
یہاں وہ دنیا میں ہوا بادشاہ
وہ یہاں حافظِ قرآن ہوا
یہاں وہ نقاش ہوا اور یہاں
ہووے وہ عطار و طبیب و حکیم
دانت کو دیکھا سو سفیرِ شہاں
ہووے وہی شخص مجاہد یہاں
صاحبِ شمشیر ہوا وہ بشر
وہ یہاں صراف وہ ای نیکخو
ہووے وہ زرگر یہاں میں یقین
راقم و کاتب وہ ہوا اور یہاں
مجتہد و عالمِ دین وہ ہوا

سینے کے ہی عرق سی اک ای یار
عرق سی کانوں کو کیا ہے نمود
پاؤں کی بھی عرق سی اسکی کیا
پھر کہا اللہ نے طاؤس کو
اور پس و پیش و یمین و یسار
حضرت عثمانؓ علیؓ ولی
بعد یہ مدت کے رسولوں کے نور
پس اسی انوار سی ارواح سب
بعد بنایا وہ خدای مجیب
صورتِ اصلی کو پیمبر کے رب
اور بلا شبہ وے روحیں تمام
پس یہ ہوا حکم ان ارواح پر
اور پیشانی کو جو دیکھا خبیر
کان جو دیکھا سو سنے نیکیات
جس نے وو رخسار کو دیکھا وہاں
اور لبِ اطہر کو جو دیکھا خبیر
حلقِ مبارک پہ نظر جو کیا
گردنِ اطہر پہ نظر جس نے کی
سینہ جو مونڈھی کو ہی دیکھا وہاں
دیکھا دونوں ہاتھ کو جو ای سلیم
پشتِ چپ کو جو دیکھا اور ذلیل
میٹھ چپ و راست کی انگلیاں کی جو
پشتِ مبارک پہ نظر جو کیا

پیدا کیا حضرت پروردگار
جانیے ارواحِ مجوس اور یہود
شرق سی تا غرب ہوئی ہی زمیں
دیکھیے کیا ہی یہ ترے روبرو
نور نظر آئے ہیں اس کو چہار
ان پہ ہو رضوان بستر و جلی
نورِ محمد سے لئے سب ظہور
ہو گئے مخلوق بفرمانِ رب
رکھ دی قندیلِ عقیق اک عجیب
جیسی کی دنیا میں بنایا ہی تب
گرد وہ صورت کے تھی پھرتے تمام
صورت ہوئی پہ کرواے نظر
ہووے جہاں بیچ وہ عادل امیر
اور قبول اس کو کرے صدق سات
عاقل و محسن وہ ہوا اور یہاں
ہووے وہ مردوں کے حسین و وزیر
وہ یہاں واعظ یا موذن ہوا
پیشۂ تجارت کا کرے ہے وہی
ہاں وہ تکا تاہی یہاں سنگیاں
ہووے وہ دنیا میں سخی اور کریم
ہووے وہ دنیا میں لئیم و بخیل
دیکھا سو وہ درزی و لوہار ہو
شرع کی تعظیم وہ لاوے بجا

اور وہ محکوم رہی شرع کا
جو کہ دو زانو کو ہی دیکھا وہاں
دیکھ کہ جو پھیر لئے منہ وہاں
تھی جو دقائق کی حدیث ای میاں
اور جو تفسیر ہے بحر العلوم
رازی بھی جا رصاد میں ای باصفا (بحر العلوم)
واسطے اس نور کے بارہ حجاب
منت و رحمت و سعادت کا بھی
اور نبوت کا تھا پردہ نہم
اور ہر اک پردہ میں بارہ ہزار
جب یہ حجابوں سے وہ نور شریف
بحر سبھ پہلی شفاعت کی تھی
اور تھی دریائی یقیں ساتویں
بحر شفاعت میں برس ایکہزار
یونہی وہ ہر بحر میں مولا کا یاد
ذکر تھا ہر بحر میں اس کا جدا
سات زمیں اور یہ سات آسماں
اور بنایا ہی خدا نے انام
تیرا ایماں کا تھا ای میاں
ایسے ہی تھی اور مقام ای خبیر
گذرا مقاموں سے وہ جب باصواب
تو ہے میرا خالق و پروردگار
خوب تو پہچانتا ہے مجھے اکلام

پہلو کو دیکھا سو وہ غازی ہوا
راکع و ساجد ہوا وہ جہاں
وہ تو یہود اور نصارا میں جاں
ترجمہ اسکا ہوا آخر یہاں
جس میں اشارات کا آیا ہی ہجوم
نقل بھی دیکھ روایت کیا
حق نے بنایا ہی ای باصواب
پردہ ششم تھا کرامت کا بھی
پردہ تھا رفعت کا مقرر دہم
سال تلک نور نبی کو ای یار
آیا ہی باہر بظہور لطیف
بحر نصیحت کی بھی تھی دوسری
حلم کی دریا تھی سبھ آٹھویں
نور وہ تھا ذاکر پروردگار
کرتا تھا اک الف برس تک یاد (ہزار ۱۲)
ہر جگہ اک اسم تھا اللہ کا
جتنا بڑا ان کا ہی مقدار جاں
نور کا اس فرش پہ مقصد مقام (سات سو ۱۲)
اور تھا اسلام کا چوتھا تو جاں
اور تھا محبت کا مقام اخیر
درگہ مولی سے یہ آیا خطاب
تو مرا رزاق ہے سرو جہار
اب تو عبادت میں ہے سر کر قیام

اور جو دیکھا ہی مبارک شکم
پاؤں کو دیکھا سو شکاری ہوا
اور جو نظر اسپہ کیا ہی نہیں

زہد و قناعت میں رکھا وہ قدم
تلوی کو دیکھا سو وہ ماشی ہوا (چلنے والا ۱۲)
دعوی خدائی کا کیا وہ نفسیں

روایت

عالم علامہ دین متین
آگے گئے لاکھ برس کے خدا
پہلا جو پردہ تھا وہ قدرت کا تھا
منزلت پاک کا تھا ساتواں
پردہ تھا ہیبت کا سبھ گیارہواں
اپنی ہی تسبیح میں حق نے رکھا
اس کو یہ دس بحر میں رب کریم
شکر کی اور صبر و سخاوت کی بھی
اور قناعت کی تھی دریا نہم
بحر نصیحت میں بھی دو الف سال (ہزار ۱۲)
تاکہ یہ دریائی محبت ای یار
گوشہ دریائی دہم پر خدا
ان کے تھا ہفتاد برابر عیاں (ستر ۱۲)
پہلا مقام اس میں تھا توحید کا
خوف کا تھا اور رجا کا مقام
نور شریف نبوی نے قیام
کہ ای مرے نور حبیب کریم
تو ہی جلاوے تو ہی مارے مجھے
کیونکہ پہچانت کی نشانی عظیم

اس میں روایت یہ لکھا نجم دیں
نور پیمبر کو جو پیدا کیا
پردہ عظمت تھا سبھ دوسرا
اور ہدایت کا تھا سبھ آٹھواں
پردہ شفاعت کا بھی تھا بارہواں
ہر جگہ تسبیح تھی اس کی جدا
بخشا ہی غوطی بلطف عمیم
اور یہ ششم انابت کی بھی
اور محبت کی تھی دریا دہم
ذکر خدا کا تھا اسے اشتغال
ذکر کیا حق کا برس دس ہزار
فرش ہی اک نور کا بچھوا دیا
نور کے اس فرش کا انداز جان
معرفت حق کا بھی تھا دوسرا
شکر کا اور صبر کا ای نیکنام
الف برس تک ہے کیا ہر مقام (ہزار ۱۲)
کون ہوں میں تب وہ کہا ای رحیم
حکم یہ تب حق سے ہے آیا اسے
شغل عبادت ہی بوجہ صمیم

پردہ نور محمدی کے حجاب
نور محمدی کی دس دریائیں
مقامات اور نور مقدس
تسلیم نور محمدی کی عبادت

سنتے ہی یہ حکم وہ نور نبی / جلد عبادت میں کھڑا ہی تبھی
پیش خدا تھا بقیام آشکار / سال اسی گزرے ہیں ستر ہزار

نور کا اک اپنی ہی پرتو خدا / ڈالا ہی اس نور پہ ای باصفا
نور محمد نے بشکر خدا / سجدہ تحیت کا کیا اک ادا

حق کی وہ سجدے پہ ہوئی نظر خاص / قرب سے پایا ہی وہ تب اختصاص
پس اسی سجدے کے بدل کارساز / فرض کیا صبح کی بیشک نماز

برتر کونین محمد نبی / آپ کی سب امت اکرم پہ بھی
پھر اسی مدت تلک ای نیکنام / نور معظم وہ کیا ہے قیام

نور سے ایک دوسری خلعت خدا / فضل سے پھر اس کو عنایت کیا
شکر میں پھر اس کے خدا کی تئیں / دوسرا سجدہ وہ کیا ہی وہیں

پس اسی سجدے کے بدل بانیاز / فرض ہوئی ظہر کی بیشک نماز
اور کیا ہی وہ قیام دگر / مدت ہفتاد ہزار ای پسر

خلعت نور اس کو دیا پھر خدا / شکر کا اک سجدہ وہ لایا بجا
کرتا تھا ہر بار وہ یونہی قیام / مدت مذکور تلک لا کلام

ملتی تھی ایک خلعت نور ای میاں / کرتا تھا ایک سجدہ وہ حق کی تئیں
خلعت نور ایسی ہی پروردگار / اس کو عنایت ہی کیا پانچ بار

پھر وہ کیا پنج سجود نیاز / فرض ہوئی اس پہ یہ پانچو نماز
لطف سے اس نور معظم کو تب / ایک دوگانے کا کیا حکم رب

پس وہ پڑھا ایک دوگانہ نماز / اس میں اسی گزری ہی مدت دراز
پہلی ہی تکبیر میں ای کامگار / اس کی تئیں گزری برس یکہزار

اور برس ایک ہزار اے ہمام / گزری ہیں باشبہ اسے در قیام
اور ہزار ایک برس در رکوع / ہی وہ گزارا بخضوع و خشوع

اور برس ایک ہزار ای میاں / قومہ کے اندر وہ گزارا ہی جاں
جلسے میں ہر سجدے میں اک یکہزار / سال اسی گزری ہیں تب در شمار

رکعت دوم بھی وہ بہر خدا / جانئے ایسا ہی کیا ہے ادا
اور تشہد میں بھی اک الف ہزار / گزری ہیں اس نور کو بتفصیل و قال

اور تقیں اس کو بہر دو سلام / گزری ہیں دو الف برس ای ہمام
جب فراغت سے ہوا کامیاب / درکہ مولی سے یہ آیا خطاب

کہ تو یقیں ای مری نور نبی / اچھی عبادت یہ کیا ہے مری
چاہ جو چاہتا ہی تو میرسے اب / نور پیمبر یہ کیا عرض تب

علم جو یہ مجھکو دیا ای خدا / کہ مجھے دنیا میں کریں مقتدا
اور تو ایک قوم کو سرو عیاں / تابعان میری بھی کرے گا وہاں

اور اس ارکاں سے تو ای کارساز / فرض کریں پانچ جو اس پر نماز
از رہ بشریت ای رب غفور / ان سے اگر اس میں ہو سہو و قصور

یعنی جو آداب و سنن اس کے ہو / گر نہ ادا اچھی طرح ان سے ہو
میں نے عوض اس کا یہ کرکے نماز / چاہتا ہوں بخشش کا انہیں برگ و ساز

تب یہ خطاب آیا ز درگاہ رب / بات یہ بہتر ہی کیا تو طلب
میں نے پسند اسکو کیا ای رسول / اور کیا عرض کو تیری قبول

نور نبی نے یہ عنایات رب / دیکھ کے کی فرحت وجد و طرب
اس سے وہیں نور کے قطرات پاک / ٹپکے ہیں از حکم خدا ایک لاک

اس سے وہ اک قطرہ پہ کرکے نظر / اسکے ہی دس قسم کیا دادگر
پس ہی اک قسم سے رب العلا / حضرت جبریل کو پیدا کیا

کافل ارزاق کو دوسرے سے جاں / اور سرافیل کو تیسرے جاں
اور ملک الموت کو رب ودود / قسم چہارم سے دیا ہے وجود

عرش معلا کے جو ہیں حاملاں / پانچویں حصے سے کیا ان کی جاں
حصہ ششم سے ہے رضوان کو / ساتویں سے عرش کے سکان کو

آٹھویں ہے درد دل ای نیک نام ۔ نویں سے کرسی ہوئی لا کلام
حصہ دہم کے اوپر پھر خدا ۔ اپنی ہی قدرت کی نظر یک کیا

اس کے بھی دس قسم کیا ہے وہیں ۔ ایک سے بنوایا ہے عرش بریں
دوسرے سے کرسی کر ای محترم ۔ تیسرے چوتھے سے ہی لوح و قلم

حصہ پنجم سے بہشت ای میاں ۔ ششم و ہفتم سے مہ و مہر جاں
آٹھویں حصے سے سمجھ لا کلام ۔ حق نے بنایا ہے ستارے تمام

حصہ نہم سے بنایا ہے رب ۔ آٹھ خلیفوں کو بھی رضوان تب
اور خلیفے کے ہر اک تابعدار ۔ پیدا فرشتے ہوئے اسی ہزار

حصہ دہم سے وہ بروجہ نیک ۔ جوہر رخشندہ بنایا ہے ایک
اس کی درازی کی مسافت بھی جاں ۔ راہ برس چار ہزار ای میاں

اس کی تھی چوڑائی بھی ایسی قدر ۔ بعد وہ جوہر پہ کیا ایک نظر
جلد وہ جوہر کو ہوا اضطراب ۔ آدھی سے آتش ہوئی آدھی آب

منشعب آپس ہوئی دریا تبھی ۔ پھر وہ لگے مارنے امواج بھی
اور اس امواج کی حرکات سے ۔ ابرے بہت زور سے بہنے لگے

پھر وہیں باری میں ہی آیا قرار ۔ آب پر آتش ہوئی غالب ای یار
آب و پھر جوش ہی کرنے لگا ۔ ایک کف اس پانی پہ ظاہر ہوا

بعد اسی کف سے خدائے متیں ۔ جانے موجود کیا یہ زمیں
کف سے بخار ایک چڑھا بعد ازاں ۔ اس سے ہی پیدا یہ ہوا آسمان

اور متراکم ہوئیں امواج جب ۔ اس سے بنائے ہیں پہاڑ و نحو سب
برق درخشاں ہوئی تب ہی ایک ۔ اس سے معاون ہوئے پیدا ای نیک

سنگ میں آہن کا ہوا چٹکا ک ۔ اس سے فروزاں ہوئے شعلہ آگ
مادہ دوزخ کا اسی سے بنا ۔ پھیلا دیا پھر یہ زمیں کو خدا

سات طبق پھر یہ زمیں کے کیا ۔ خلق ہر اک طبق میں رکھا جدا
اور اسی آگ کے شعلات سے ۔ پیدا کیا فوجوں کو جنات کے

اور تصرف میں ہی جنوں کے تب ۔ دی ہے خدا نے یہ زمیں جان سب
چرخ پہ بھی ساتویں ای باصفا ۔ جنت ماوی کو بنایا خدا

جو ہے زمیں ساتویں ای باخبر ۔ نیچے بنایا ہے اسی کے سقر
شمس و قمر اور ستارے بھی سب ۔ اور کیا پیدا خدا روز و شب

نور پیمبر کو ہوا حکم رب ۔ ساق پہ تا عرش کے وہ آوے اب
عرش کے اس ساق پہ ہفت الف سال ۔ پس وہ چمکتا رہا بے قیل و قال

کرتا تھا تسبیح خدا شاد و شاد ۔ اور اسے تہلیل ہی کرتا تھا یاد
لوح پہ پھر آن کے وہ آشکار ۔ اس پہ چمکتا تھا برس پنجہزار

کرسی پہ پس آن کے پنج الف سال ۔ پھر وہ درخشاں تھا نور جمال
کرتا تھا تسبیح خدا بار بار ۔ بعد ازیں از درگہ پروردگار

آیا ہے فرمان یہ جبرئیل کو ۔ کاقل ارزاق و سرافیل کو
چرخ سے دنیا میں کرو تم نزول ۔ جاؤ بر موضع قبر رسول

یعنی مدینے میں بغیر گماں ۔ قبر پیمبر کی بنے گی جہاں
لا کے اسی جا سے خاک شریف ۔ جسم نبی اس سے بنا دیں لطیف

حکم ملائک کو ہوا ہے یہ جب ۔ آئے زمیں پہ جلد مدینے کو تب
حکم یہ پہنچائے زمیں کے تئیں ۔ جبکہ بشارت یہ سنی ہے زمیں

شکر بجا لائی بہت خوش ہوئی ۔ شوق تمنا سے وہیں پھٹ گئی
ایک ہی کچھ خاک وہاں با امید ۔ اور تھی وہ کافور کے مانند سفید

حضرت جبریل پس اس خاک سے ۔ لے گیا مقدار پہ مثقال کے
حکم یہ جبریل امیں کو ہوا ۔ جلد تو اب جنت ماوی میں جا

لیجیے کافور دار جناں ۔ مشک بھی جنت کا لے اور زعفراں
ماء معین لیجیے اور سلسبیل ۔ سنبل و تسنیم کا آب جلیل

خاکِ معظم سے یہ چیز بنا لا / دیکھئے ترتیب اوسی باصفا
عرض کیا حق سے وہیں جبرئیل / اس میں ہے کیا حکمت ای رب الجلیل
حق نے کہا اس کو ای روح الامیں / بوج ز کافورِ بہشتِ بریں
پیدا کروں گا میں بغیر گماں / جسم پیمبر کے لیے استخواں
اور مبارک گل پہ اس کے ہاں / جان بناؤنگا میں از زعفران
مشک سے بناؤنگا خوب تر لطیف / اور زرِ سنبل سے بنے موی لطیف
اور بناؤنگا میں از سلسبیل / احمدِ مرسل کے سبھی قاق و قبا
اور بناؤں رہِ تحریم سے / اس کی عبادت کو میں تسنیم سے
خلق کا سب اسکو بناؤں شفیع / دونگا اسے عزت و شانِ رفیع
حضرتِ جبریل بفرمانِ رب / ایسی ہی ترتیب دیا اسکو جب
مادۂ ذرِ وجودِ شریف / جب ہوا تیار لطیف و نظیف
حکم ہوا خلد کے انہار میں / دُر کو کئی سال تلک غوطہ دیں
جونکہ ہوا حکمِ خدائی جلیل / غوطہ دیا یونہی اسے جبرئیل
اور یہ فرمان ہے آیا وہیں / اس دُرِ روشن کو ای روح الامیں
پھیر دے اطباقِ سموٰت پر / اور ملائک پہ بھی کر جلوہ گر
بحر و بر و ارض و فلک پر بھی اب / کیجئے ظاہر اسے عالم پہ سب
اور ندا کر کہ ہے یہ باصفا / طینتِ فرخندہ حبیبِ خدا
شافعِ افواجِ ہمہ مذنبیں / حشر میں ہووےگا وہی بالیقیں
اور وہی مشہود ہی فی الاولیں / اور وہی مذکور ہی فی الآخریں
پس دُرِ روشن کو وہ ربِ نورا / نور کی قندیل میں اک تب رکھا
عرش بریں سے اوسے لٹکا دیا / اس کو مقر نورِ نبی کا کیا
خلقتِ آدم تلک ای باشعور / یونہی تھی آویزاں وہ قندیلِ نور
حق نے جب آدم کو ہے پیدا کیا / ایک گرا اس کی پیشانی پہ تھا
اس دُرِ روشن کو رکھا اس میں ہی / اس سے کیا اس کی منور جبیں
مختلف ایسے ہی روایاتِ نور / آئی ہیں بے شبہ کتب میں وفور
لیک روایات یہ سب ای میاں / متفق اس بات پہ ہیں بیگماں
کرشمۂ کونین محمد رسول / خلقتِ عالم کا ہی اصلِ اصول
ہیں ابو الارواح بلاشک وہی / جوں ابو الاجساد ہے آدم صفی
ہی وہی اشیا کی جہاں کا سبب / ہستیِ این کون و مکاں کا سبب
جو کہ ہوئے عالمِ ہجدہ ہزار / اور جو ہوی نوعِ بشر آشکار
ان سے ہی مقصود ہی شادیں / سب طفیلی ہیں اسیکے یقیں
ذکر یہ ترتیب سے تفصیل وار / گرچہ ہے دشوار برای ہوشیار
سلسلۂ خلقتِ اکوان پر / جب تو تامل سے کرے گا نظر
ہووےگا مکشوف یہ رازِ نہاں / لیکن یہ اس فن کے ہیں شائق کہاں
آہ کسے علمِ سیر کا ہے شوق / کون یہ باتوں سے اٹھاتا ہے ذوق
طالبِ احوالِ پیمبر کہاں / عاشقِ این عشقِ مطہر کہاں

حضرت کی طینت مبارک کو جلوہ گر کرنا

یعنی حضرت کے باتوں کی عبادت گوا

اللہ تعالیٰ حضرت آدم اور سب بنی آدم کی پشت سے ذریت کا نکالنا اور ان سے اپنی ربوبیت پر عہد و میثاق لینا

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِيْٓ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

دیتا ہے حق اپنے نبی کو خبر / ای مرے محبوب تو وہ یاد کر
پشتوں سے ساری بنی آدم کی رب / ذریتیں ان کی نکالا ہے جب
ان کے سب اولاد کو بے اشتباہ / ان کو کیا جانوں پہ انکے گواہ
پھر کیا حق ذریتوں کو خطاب / کہ وہ اب آیات کا دیویں جواب

اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا بَلٰى

کیا میں تمہارا نہیں پروردگار ۔ نفظِ بلیٰ سارے کہے آشکار
یعنے کہے ہاں تو ہمارا ہی رب ۔ ہم ترے بندے ہیں بلا شبہ سب

حضرتِ آدم کو خدائے کریم ۔ پیدا کیا جبکہ بلطفِ عمیم
آیا ہی تب درگہِ حق سے خطاب ۔ پیدا کیا کوں تجھے کہہ شتاب

حضرتِ آدم کہا تونے رب ۔ پوچھا ترا کون ہی رب بول اب
بولے مرا رب ہے توا ی دادگر ۔ حق نے کہا پس تو مجھے سجدہ کر

حضرتِ آدم نے وہیں سجدہ کئے ۔ عجز و نیاز اپنا ہویدا کئے
اور جو ذریتِ آدم سے رب ۔ عہد لیا اُس کا بیاں سن تو اب

کہ ابن عباس سے آیا ہے حال ۔ اور سدی کی بھی روایت ہے ہاں
حضرتِ آدم کو ز خلدِ بریں ۔ بھیجا ہی جب حق نے بروئے زمیں

ہر برس اکبار بحکمِ خدا ۔ کعبے کا حج کرتے تھے آکر ادا
ایسا ہی اکبار وہ کر حج ادا ۔ وادیٔ نعمان میں بیٹھے ہیں آ

تھے وہ صفی خواب کی حالت میں جب ۔ پشت پہ حق ان کی رکھا ہاتھ تب
لگتے ہی اللہ کی قدرت کا ہاتھ ۔ ہوگئے پیدا وہیں سب ذریات

یعنے سب اولاد بھی ان کی یقیں ۔ ہووےگی دنیا میں جو تا یومِ دیں
مورچۂ خرد کے مانند تب ۔ ہوگئے ظاہر وے بلا شبہ سب

واہنے بازو کے تھے اُجلے تمام ۔ اور سیہ بائیں طرف کے تمام
حق نے دیا نطق و حواس و شعور ۔ پھر ہوا ترتیب سے اُن کا ظہور

پیدا ہوں دنیا میں وے جس طرح پر ۔ جد سے پدر اور پدر سے پسر
پس ہے لیا عہد انہوں ہی خدا ۔ یعنے خطاب ان کو ہی ایسا کیا

کیا میں تمہارا نہیں پروردگار ۔ نفظِ بلیٰ سارے کہے اک بار
عہد کیا نیکوں نے فرحت کے ساتھ ۔ اور بدوں نے بھی کراہت کے ساتھ

وَلَهٗ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّكَرْهًا

جیسا کہ فرمایا ہے ربِّ کریم ۔ آیتِ قرآن میں یہ ای فہیم

صاحبِ تفسیر معالم سن اب ۔ لایا روایت کہ کہا ان کو رب
جانیو ای بندو کہ میرے سوا ۔ اور کوئی معبود نہیں دوسرا

ایک تمہارا ہوں میں پروردگار ۔ رب نہیں دوسرا تمہیں زینہار
پس نہ میرے ساتھ کسیکو شریک ۔ تم کرو توحید پہ ہی رہ کے ٹھیک

شرک کرے شخص جو کوئی میرے ساتھ ۔ اور نہ ایماں پہ کریگا ثبات
دونگا میں سخت اسکو عذابِ الیم ۔ ڈالونگا مشرک کو بہ نارِ جحیم

اور رسولوں کو مرے باشرف ۔ بھیجونگا دنیا میں تمہاری طرف
عہد مرا اور میرے پیغمبراں ۔ یاد دلاویں گے تمہیں جاوداں

تم پہ کتابیں مری یاویں نزول ۔ پس کرو تم دولتِ ایماں حصول
جب وے سُنے حکمِ خدائی تمام ۔ ایسی شہادت وے دیئے ہیں تمام

شَهِدْنَا اَنَّكَ رَبُّنَا وَاِلٰهُنَا لَا رَبَّ لَنَا غَيْرُكَ

پس اب اس بات پہ پروردگار ۔ سب بنی آدم سے ہی عہد و قرار
حکم فرشتوں کو کیا اپنے رب ۔ تم رہو بے شبہ گواہ اسپہ اب

تا کہیں انکار اس اقرار کا ۔ وے نہ کریں آہ بروزِ جزا
پس انہیں قائم کیا دو قسم کر ۔ حضرتِ آدم کے چپ و راست پر

حضرتِ آدم ہوے پیدا جب ۔ دیکھے ہیں پس سیدھی طرف اپنے
وے تھے نورانی بہت باشرف ۔ اور تھے جبریل کھڑے اس طرف

پوچھے ہیں کون ای روح الامین ۔ بولے یہ اصحاب یمیں ہیں یقیں
سارے مقرب ہیں یہ اللہ کے ۔ سارے مقبول ہیں درگاہ کے

ہووینگے پیدا یہ تری نسل سے ۔ شاخ اگیں گے یہ تری اصل سے
ایسے ہیں آئی یہ ندا غیب سے ۔ حق کے وہیں درگہِ لاریب سے

هٰؤُلَاءِ فِي الْجَنَّةِ وَلَا أُبَالِي

یعنے بہشتی ہیں یہ بندے یقیں — کچھ مجھے پروا نہیں پروا نہیں
پوچھے ہیں جبریل سے تب انکا حال — اُسنے خبر دی یہ ہیں اہل شمال
بائیں طرف دیکھا ہے آدم نے جب — لوگ تھے ظلمانی بُری شکل سب
دُور ہیں یہ رحمت حق سے سدا — ایسے میں درگاہ سے آئی ندا

هٰؤُلَاءِ فِي النَّارِ وَلَا أُبَالِي

یعنے یہ ہیں اہل سقر بیگماں — کچھ مجھے پروا نہیں سر و عیاں
سارے رسولوں سے مقدم مگر — احمد مرسل تھے شہ بحر و بر
کس نے کیا بولے پیدا تجھے — بولے تو ہی پیدا کیا ہے مجھے
حق نے کہا پس تو مجھے کر سجود — سجدہ کئے پھر کہا رب الودود
حکم فرشتوں کو خدا نے کیا — خلد سے وہ سنگ لے آویں اٹھا
حکم ہوا ہاتھ رکھو اس سنگ پر — ہاتھ تب اُس پر رکھے خیر البشر
نقل ہے آدم کی یقیں پشت سے — پہلے جو نکلے دے رسولاں ہی تھے
کہتے ہیں درگاہ سے حق کے خطاب — آیا ہے حضرت کو ویں باصواب
آیا ہی نزد حبیب خلاق اور دیا آپ کی دختر[1] کو طلاق
بے ادب ہو کے کیا زشت کلام ہوئی رنجیدہ بہت شاہ انام
حق کی درگاہ میں اٹھا دست دعا بد دعا ایسی کئے ہیں ای خدا
ایک کتے کو ترے کتوں سے اس شقی پر تو مسلط کر دے
ہوئی مقبول یہ حضرت کی دعا حق تعالی اسے مقہور کیا
انہیں ایام میں وہ زشت انجام قافلے ساتھ گیا جانب شام
ایک جنگل میں وے پہنچے ہیں جب اترے سب خیمے وہاں کر کے نصب
بد دعا شہ جو کئے تھے اسپر حق میں تھا اسکے بڑا اسکو خطر
جمع کر سب کا وہ سامان یکسر پس عتبہ کو سلائے اوپر
اسکے اطراف بھی سوئے ہیں سب ناگہاں آیا ہی اک شیر بہ شب
سونگھتا سب پہ کیا ہی وہ گزر اور کسیکو نہ دیا رنج و ضرر
اس شقی پاس وہ پس آیا ہے اور اسے پھاڑ وہیں کھایا ہے
الغرض حق نے ہلاک اسکو کیا کہ دیا تھا وہ نبی[2] کو ایذا
یونہی ماں باپ کو بھی اسکے خدا دو جہان میں ہی ہلاکی بخشا
کہ وے حضرت کے ہوئے تھے دشمن اور نیز آپ کو تھے رنج و محن
جیسا حق سورۂ تبت اندر دیتا ہے ان کی ہلاکی سی خبر
کہ ابولہب لعین و ناپاک ہو گیا آپ تباہ اور ہلاک
مال اس کا نہ اسے کام آیا اور جو کچھ کہ کسب اسنے کیا
پس وہ مرتے ہی اسی بے تاخیر خوار کر ڈالینگے در نار سعیر (دوزخ)
اور زن اسکی بھی ہوا سکی رفیق آویگی حشر میں در نار حریق
تھی وہ ہیزم کی اٹھانیوالی رنج دوزخ میں ہی پانیوالی
یہ عذاب اس کا ہی بلا ریب کہ یہ دنیا میں سزا وہ پر عیب
جمع کر کانٹے جو لے آتی تھی رہ میں حضرت کی بچھا دیتی تھی
خار تا دامن اشرف پہ لگے آپکے پای مبارک میں چبھے
پشتہ ہیزم کا وہ یک روز بڑا سر پہ رکھ اپنے لے آتی تھی اٹھا
اور اس پشتہ کی لمبی رسی اپنی گردن میں ہی وہ لپٹی تھی
سنگ پر ایک اتاری ہی اسے تا کہ کچھ آرام و تسلی پاوے
یک فرشتے کو کیا حکم خدا پیٹھ کے پیچھے دیا اس کو گرا
پڑ گئی سخت گلے میں پھانسی اسی حالت سی وہ دوزخ میں گئی
اور باقی ہے عذاب محشر آہنی سلسلۂ نار سقر (دوزخ)
یونہی جو کافر و مشرک بد فن آنحضرت کے ہوئے تھے دشمن
خوار کر ڈالا انھوں کو مولا دو جہان میں بھی ہلاکی بخشا
اور رہا غلبہ نبی کو اپنے دن بدن چمکایا دین کو اسکے
الغرض بولہب اور اس کی زن ایسا حضرت کو دیئے رنج و محن
لیک حضرت نہیں دعوت چھوڑے ملک اظہار میں ہی تھے اس کے
کافران دیکھے کہ دعوت دین کی کیا کرتے ہیں علانیہ نبی
آپ کے ہو گئے دشمن وے تمام اور ہوئے دشمن اصحاب کرام
ابوطالب کی حمایت سے مگر کچھ نہ کر سکتے تھے وے زشت سیر
کہتے ہیں جمع ہو سب بد اندیش ایک جماعت زریشان قریش
عتبہ و شیبہ و بوجہل لعین مشرکان اور بہت سے بیدین
متفق ہو کے سبھی پر وسواس آئے غصہ سے ابوطالب پاس

عقوبت زن ابولہب

[1] یہ بی بی رقیہ ہیں کہ بعد طلاق حضرت نے انکو عثمان بن عفان سے نکاح کر دیئے بی بی ہجرت سے دو برس ... سال رحلت کیے ۱۲
[2] ام کلثوم جو عتبہ پسر ... ابولہب کے نکاح میں تھا انکو بھی ابولہب کے کہنے پر طلاق دیا تھا یہ انکو حضرت نے ہجرت کے تیسرے سال عثمان رضی اللہ عنہ سے ... نکاح کر دیئے حضرت ... یہ دو دختر انکو جو نبوت کے آگے ابولہب کے بیٹوں کو دیئے تھے دخول نہ ہوا تھا سو بعد طلاق یہ ہر دو نور عثمان کو ملے اس لیے ان کا لقب ذو النورین ہوا۔ ۱۲
[3] ابولہب بھی بڑی خ... سے موا اسکا قصہ آئندہ آوے گا۔

یون لگے کہنے تو ہی میر عرب / عمر و دانائی مین ہی پیر عرب
ہم مین ہر کام مین ہے تیرا منقاد / اب بھی لائے ہین ہم سب فریاد

کہ بھتیجا ہے ترا ای آگاہ / یہ محمد پسر عبد اللہ
عقل و اخلاق مین ہے گرچہ طاق / سب فضائل مین شہیر آفاق

پر نیا دین وہ یک لایا ہے / قوم سے اپنی وہ باز آیا ہے
باپ داداونکی بھلا دی دین کو / سب ہمارے یہ قدیم آئین کو

کفر اور شرک ہی رکھا ہی نام / اور بتون کو بھی ہی دیتا دشنام
کہتا ہی ایک جہان کا ہی خدا / طاعت اسکی ہی کرو دل سی ادا

تین سو ساٹھ خدا کو چھوڑو / سب سے ان سے عقیدہ توڑو
ہم کو اسبات کا ہی رنج و الم / کر نصیحت تو اسے ای اکرم

ابو طالب نے سنا جب ای یار / ان کی بیہودہ سرائی ناچار
آتش فتنہ بجھانے کو مگر / ان کو بھیجا ہے شفقی دیگر

ان کی فریاد کو پروہ ہشیار / نہیں حضرت کو کیا گوش گزار
دیکھا کفار نے پھر آن حضرت / ترک کرتے نہیں ہرگز دعوت

ابو طالب کے مکان پھر آئے / شاہ عالم کی شکایت لائے
جد و کد گرچہ کئے وے بیحد / نا کرے ترک وہ سرور کی مدد

ابو طالب نے مگر لے اکرم / نہیں چھوڑی ہی اعانت کی دم
ابو طالب سی ہوے جب نومید / ہوکے ناچار وہ کفار عنید

باندھی حضرت کی عداوت مین کمر / آپ کو دینے لگے رنج اکثر
بہت اس شہ کو ستانے کو لگے / آپکے دل کو دکھانے کو لگے

کہتے کوئی آپ کو شاعر ہے یہ / کہتے کوئی کاہن و ساحر ہے یہ
کوئی کہتے تھے کہ دیوانہ ہے / اور کلام آپ کا افسانہ ہے

کوئی بولے کہ نہیں حق کے نبی / اور نہین وحی کلام اللہ بھی
رب کو کوئی آپ کے دیتا گالی / جبرئیل اور فرشتون کو بھی

اور کوئی مٹی اڑاتا سر پر / آپ پر پھینکتا کوئی پتھر
راہ میں کانٹے بھی دروازے پر / ڈالتے خون و نجاست لاکر

شہ کے ہمسایہ مین تھے جو کفار / دیتے اقسام کے رنج و آزار
رات کو شاہ گزرنے کی جا / ڈالتے لاکے بہت سا کچرا

کہتے ہین جب وہ شہ خلق نواز / جاتے مسجد کی طرف بہر نماز
راہ سی وہ خار و خسک سر کاتے / اور نرمی سے تھے یوں فرماتے

کیسی ہمسائگی ہے یہ ہیہات / کہ ادا کرتے ہین جو میر سات
ظلم کفار مین ایک قصہ عجیب / کی بخاری نے روایت ای لبیب

ایک دن شاہ ہدا سر افراز / رو برو کعبے کے پڑھتے تھے نماز
وہان بیٹھی تھی جو یک جمع قریش / ان میں ہی کو لگا یک بد کیش

اونٹ کاٹے ہین قبیلے مین فلاں / کون ہے تم مین کہ اب جاوے وہان
اونٹ کا پوٹھا اٹھا لے آوے / اور محمد کے اوپر رکھدیوے

عقبہ یک کافر بدبخت جو تھا / جا کے وہ پوٹھا اٹھا لے آیا
جب گئے سجدے مین وہ شاہ ہدا / آپ کے پشت پہ وہ رکھ ہی دیا

کافران دیکھ کے یہ ہنستے تھے / ہنستے اور ایک پہ ایک گرتے تھے
شہ کے تھا پیٹھ پہ ہی وہ پوٹھا / سر نہ سجدے سے اٹھائے اپنا

فاطمہ ایسے مین آس جا آئے / دور اس پوٹھے کو حضرت سے کئے
کر نماز اپنی تمام آن حضرت / یہ دعا ان پہ کئے بارقت

اَللّٰھُمَّ عَلَیْکَ بِقُرَیْشٍ

ہوئی مقبول یہ حضرت کی دعا / ان کو سب بدر مین حق نے مارا
خاص اور چند لعین پر بھی کئے / کہ ابو جہل بھی ہیگا ان سے
دیتے تھے ایسے ہی ایذا کفار / صبر کرتے تھے رسول مختار

لیک دعوت سے نہ باز آتے تھے حق تبلیغ بجا لاتے تھے
طارق اسطرح کہا ہی پر سوز مین تھا بازارِ عرب مین یکروز
ایہا الناس نہ ہو تم گمراہ بولیو لا الٰہ الا اللہ
پاؤں کو شہ کے تھے لگتے پتھر اور کہتا تھا یہی وہ ابتر
شاہ اس بات پہ ہوتے تھے ملول اور دعوت میں ہی تھے مشغول
تھے شکایت میں ہی حضرت کی تمام آئی ایسے مین وہ سالارِ انام
تب جو کفار وہاں بیٹھے تھے ناسزا شاہ کو کچھ کہنے لگے
دوسرے تیسرے طواف اندر بھی ناسزا انکی وہی سن کی نبی
گر قبولوگے نہ تم میرا دین ذبح کروالسا کروں تم کو یقین

روایت

کہتا ہے روز جب آیا دوسرا کعبۃ اللہ مین میں بیٹھا تھا
کل مذمت وہ جو کرتے تھے ہم آئے ایسے میں محمد جس دم
وہ خداؤں کو ہماری دشنام دیکھو دیتا ہے علانیہ مدام
لائے مین ایسے مین تشریف وہ شہ اور لگے کرنے طوافِ کعبہ
کہے کیا آپ ہی کہتے ہو بد سب خدایونکو ہمارے بیحد
گرچہ کفار رہے سب خاموش ایک کتّی نے کیا لیکن جوش
کرکے غصہ بہت اس ملعون پر شہ سے دوڑ کے اسکو کیا وہ ہمبر
تمپہ لایا ہے وہ حق سے قرآن ایک کہتا ہے خداوند جہان
لیک تصدیق کو وہ سب بدذات دئیے تکلیف بہت کچھ ہیہات
نکلے زہرانے وہ تدبیر کہین آ کہی روتی ہوئی از شہ دین
کافران قتل کے تھے جو خواہان دیکھ حضرت کو ہوئے بے امکان

روایت

شاہ تمکین سے چلے جاتے تھے اور لوگوں کو یہ فرماتے تھے
بولہب شاہ کے پیچھے تھا رواں پھینکتا جاتا تھا پتھر نادان
کہ محمد کی نہ کیجو تصدیق بلکہ تکذیب کرو بالتحقیق
اور کفار صنادید قریش جمع کعبے میں تھے یکدن بدکیش
رکن کا کرکے ادا اس وہ شہ جب لگے کرنے طوافِ کعبہ
شہ کی پیشانی پہ تب ای باہر ہوئے آثارِ کراہت ظاہر
یوں کہے انکو کہ ای جمع قریش کفر کا ترک کرو یہ بدکیش
پس یہ سنتے ہی وے لرزان ہوئے تمام لگے کرنے کو تملق سے کلام
عمر بن عاص کا بیٹا آگاہ نام تھا جس کا بالیقین عبد اللہ
جمع کفار وہی ہو کے پھر اس طرح کہتے تھے باہک دیگر
بند ناگہ ہوئی ہم سب کی زبان بات کرنے کا نہین تھا امکان
آج بے شبہ اگر وہ آوے ہم سے ہاں کل کا وہ بدلہ پاوے
آہ کفار وے سب جمع ہوئے سب کی سب آپکو آ گھیر لئے
شہ کہے ہاں ہے مین کہتا ہوں بجا اور کہتا ہی رہوں یونہی سدا
ڈالا اس شاہ کی چادر پر ہاتھ تھا ابوبکر جو تب شاہ کے ساتھ
یوں کہا اور وے سب گر رہے بے ادب تم ہو رسول اللہ سے
نکلے لوبچہ سے اسبات کو سب وہ مزاحم نہوئے شاہ کے تب
نقل ہے جمع ہو یکدن وے تمام قتل سرور کی کئے فکر تمام
شاہ ﷺ سنتے ہی یہ بات اٹھی اور طرف کعبۂ اقدس کے چلے
خاک ایک مٹھی پیمبر نے اٹھا پھینک دی انپہ پڑھی ہی یہ دعا
جتنے کفار پہ پہنچی وہ خاک وہی ہو بدر کی غزوہ مین ہلاک
ہی تزاید مین جماعت اسکی عزت و حرمت و شوکت اسکی

شاہت الوجوہ

الغرض شہ کی ترقی فیروز دیکھی کفار نے جب روز بروز

مشورت ایسی کئے سب اشرار / کہ کوئی شخص بڑا ہو ہشیار
شعر اور سحر میں ہووے یکتا / اور کہانت میں بھی ہووے یکتا

اور تقریر میں ہووے مشہور / بھیجیں ایسے پیمبر کے حضور
تا کسی وجہ سے وہ باانداز / شہ کو اس کام سے اب لاوے باز

متفق ہو کے کہے سب گمراہ / شخص ایسا ہے مگر عتبہ
تھا عرب میں وہ بڑا ہی عاقل / تھا ہر ایک فن میں بڑا ہی کامل

بھیجے پس اس کو حضور سرور / شہ سے وہ کہنے لگا یوں آکر
ای بھتیجے مری سن عرض اب / تیرا عالی ہی حسب اور نسب

اختیار ایسا کیا تم نے کام / جس سے گمراہی کا آوے الزام
باپ دادوں پہ ہمارے یہ سب / کب روا انکو لگانا یہ عیب

لوگ کرتے ہیں ملامت یہ مجھے / کہ میں سمجھاؤں تمہیں اب جا کو
گر کریں کام یہ شہوت کے سبب / ہووے عورت جو پسند آپکو اب

تو اشراف قریش ای اکرم / میں کرا دیتا ہوں تزویج بہم
گر رہی مطلوب تو دوں اپنا مال / آپ ہو جائیں تونگر فی الحال

سلطنت آپکو گر ہے مقصود / بادشہ اپنے بنا دیں ہم زود
اور ہی بیماری اگر کچھ لاحق / تو میں لاتا ہوں طبیب حاذق

شاہ دین باتیں جب اس سے سنے / سورۂ فصلت آغاز کئے
پیچھے پر باندھ کے وہ ہاتھ اپنے / غور سے اس کو لگا ہے سننے

شاہ عالم نے شروع سورت / پہنچے جسوقت کہ تا این آیت

فَإِنْ أَعْرَضُوا فَقُلْ أَنْذَرْتُكُمْ صَاعِقَةً مِثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَثَمُودَ

لیسے منہ پھیرین یہ کفار اگر / بول انکو ای پیغمبر
کہ ڈرایا ہوں تمہیں میں عذاب / سخت بیہوش ہوکر دیتو شتاب

مثل آن سخت عذاب ای لوگو / آیا تھا عاد و ثمود اوپر جو
عتبہ یہ سنتے ہی مبہوت (حیران) ہوا / خشک خشک ہی کہنے لگا

یوں ہوا ہی اثر قرآنی / کہ اسے ہو گئی یک حیرانی
بات کرنیکی نہ پایا طاقت / ہو کے خاموش پھرا با حیرت

قوم سے اپنے کہا جاکے تمام / میں محمد سے سنا ایسا کلام
جسکی عظمت ہے مجکو یاد ابھی / میں کسی سے نہ سنا تھا یہ کبھی

اب اسی میں ہی صلاح ای لوگو / اس کی ایذا میں نہ زنہار پڑو
حال پر اس کے اسے تم چھوڑو / رشتہ خویشی کا نہ اس سے توڑو

اس پہ تم ہو وینگے غالب گر زود / پاوین ایسے جو تم اپنا مقصود
تم پہ گر ہووے وہ غالب بیشک / ملک اس کا بھی تمہارا ہی ایک

اس کی عزت سو تمہاری عزت / اس کی حرمت سو تمہاری حرمت
یوں ہمیں دیکھتے ہیں آثار اسکے / دن بدن اس کو ترقی ہووے

غلبہ آخر اسی کو ہو گا / دین چمکیگا جہاں میں اس کا
کافران سن کے کہے عتبہ کو / کہ محمد نے کیا ہے جادو

کہا عتبہ نے کہ مختار ہو تم / رای میری یہ کہا ای مردم
کہتے ہیں جتنا تھا جبتک ای یار / ابو طالب بصد اعزاز و وقار

پائے امکان نہیں کفار یکسر / کہ رسول اللہ کو پہنچا دیں ضرر
اور اشراف صحابہ کو بھی سب / قوم و خویشوں کی حمایت کے سبب

رنج و تصدیع نہ دے سکتے تھے / دشمنی دل میں بہت رکھتے تھے
مفلسان جو تھے صحابہ میں گر / باندھے تھی ان کی اذیت میں کمر

ایک کافر کا امیہ تھا نام / تھا بلال حبشی اس کا غلام
جبکہ حضرت پہ وہ ایمان لایا / بت پرستی سے یہ دل باز آیا

جب امیہ کو یہ پہنچی یہ خبر / باندھا ہی اس کی عداوت میں کمر
کہا اسلام سے تو اب پھر جا / وہ کہا میں نہ پھرونگا حاشا

عاد کی قوم پر ایک ہوا آکے سبکو کھینچ ڈالا تھا۔ اور قوم ثمود پر جبرئیل یک آواز دئے جس سے سب ہلاک ہوئے

تب وہ ملعون بہت ہو برہم
ہے لگا کرنے بڑا ظلم و ستم

تھے وہ ملعون کے بارا جو غلام
حکم یہ کرتا تھا وہ اُمیہ تمام

ایک لمحہ نہ ہو موقوف آواز
ہے یہ مظلوم وہ در سوز و گداز

گرم کنکروں پہ ہی پس سلواتا
آگ بھی ہر دو طرف سلگاتا

ایسی حالت میں بلال آگاہ
بولتے ایک ہے اللہ اللہ

ناگہاں ایسے میں آس جگہ پر
ہوا صدیق معظم کا گزر

اور کیا جرم و گنہ اس کا ہے
اسقدر ظلم جو تو کرتا ہے

تب لگا کہنے کو وہ زشت انجام
ای ابوبکر یہ میرا ہی غلام

تب ابوبکر نے خوش ہو کے کہا
مول اب اسکی تو قیمت ہی کیا

اور خدمت میں نبی کے لاسے
ماجرا اسکا سبھی عرض کئے

خوش بہت ہو کے کئے شاہ ہدا
حق میں با صدیق معظم کے دعا

اپنے رضوان کی بشارت سے دیا
اور امیہ کی خدمت بھی کیا

کہ نبی دیکھے ہیں در عالم خواب
خلد میں اپنے ہی ہمراہ رکاب

آسرا آکے وے کعبہ کا لئے
آہ کفار وہیں قتل کئے

اور اسی سال میں از پیغمبر
ہو چکا معجزۂ شق قمر

نہیں تفصیل کا اس کے امکان
اس سے تھوڑا سا لکھتا ہوں بیان

کہ اُسے مُٹھیوں سی ماریں سب
ایک کے بعد ہی اک ساری شب

دنکو پھر دھوپ بہت گرم ہو جب
ہاتھ اور پاؤں کو باندھ اسکو تب

اور سینہ پہ بڑا ایک پتھر
لاکے رکھواتا وہ ملعون ابتر

اور ایسا ہی بہت سخت عذاب
ایکدن دیتا تھا وہ زشت نصاب

دیکھ یہ حال اُمیّہ سے کہے
اسقدر ظلم نہ اُس پر کیجے

وہ تو کہتا ہے کہ اللہ ایک ہے
یہ تو سچ ہی ہے نہیں اس میں شک ہے

رحم گر اسپہ تجھے کچھ آوے
مول لے اسکو کہ دیتا ہوں تجھے

مول جو اس کا وہ ملعون بولا
دے کے صدیق نے تب اسکو لیا

اور کئے عرض کہ اُسکو دلشاد
یارسول اللہ کیا میں آزاد

مدح میں حضرت صدیق کے رب
بھیجا ہی سورۂ واللیل کو تب

فضل سے حق کی بلال فاخر
پایا یہ رتبۂ اعلیٰ آخر

اور عمار کے ماں باپ کو آہ
جب بہت رنج دئے وے گمراہ

ہیں اس امت میں وہی پہلے شہید
دیوی حق ان کو جزائے جاوید

معجزۂ شق قمر کا پر نور
شمس تاباں سے زیادہ مشہور

بلال پر امیہ کا ظلم

عمار و ماں باپ پر کافروں کا ظلم

پانچواں گل نبوت سے پانچویں سال کے احوال میں ہجرت صحابہ کرام کی طرف حبش کے

پانچویں سال میں کفار عرب
رنج دینے کو لگے بیحد جب

اولا سب سے ہوا ہی عثمان
ساتھ لے حضرت رقیہ کو رواں

تھا نجاشی جو حبش کا سلطان
ان کی تعظیم کیا ستر و عیاں

کہ کئے صلح نبی سے کفار
آئے مکے کو یہ سنکر یلغار

پس بفرمان رسول مختار
پھر گئے دوسری ہجرت ناچار

سب کو بھیجے یہ حبش سیکڑا پاس
رہے بوبکر و علی حضرت پاس

کہا ہم جا کے حبش جب پہنچے
عیش و راحت سے وہاں رہتے تھے

اپنے یاروں کو حبش بھیجے نبی
تھے اٹھارہ وہ زن و مرد سبھی

شہ کہے لوط کے بعد عثمان ہی
کیا ہجرت ہے لیے ہمرہ بی بی

پائے آرام وہاں خاطر خواہ
سنے ایسے میں خبر یہ ناگاہ

صلح کی پر جو سنے تھے وہ خبر
تھی حقیقت میں غلط وہ یکسر

نکلے سات انکے بہت سے اصحاب
وہ سبھی آتی پہ دو تھی بحساب

ان مہاجر کا تھا جعفر سردار
ابوطالب کا پسر نیک شعار

کافران مکے کے جبدم یہ سنے
غم کی آتش میں جلے دل انکے

[illegible]

پس بہت تحفے نجاشی کے لئے — اور امیروں کے لئے بھی اس کے
طارقہ نام جو تھا ایک امیر — جلد جا اس سے ملے بے تاخیر
تحفے لائے سو وہ سب پہنچائے — اور احوال سب اظہار کئے
دل میں سمجھا وہیں وہ آگاہ — کہ یہی ختم رسل ہے واللہ
تب نجاشی نے عمرو سے پوچھا — کونسا دین ہے ان لوگوں کا
تب نجاشی نے کہا اس کی تئیں — جنکا معلوم نہ ہو مذہب دیں
غیر دریافت میں انکو کیوں دوں — بلکہ انکو بھی بلا کر پوچھوں
لیکے ہمراہ صحابہ کو سبھی — آئے ہیں جعفر طیار تبھی
غیر حق کو نہ کریں ہم سجدہ — یوں پیمبر نے ہمیں حکم کیا
اور فی الفور اٹھا کر تقدیم — انکے علما بھی کئے سب تعظیم
بولیو کیا ہے تمہارا احوال — تب کہے جعفر فرخندہ خصال
بت پرستی میں ہی تھی خاص و عام — اور مردار بھی کھاتے تھے تمام
اپنے افضال و عنایت سے خدا — ایک پیمبر کو کیا ہے پیدا
با امانت و دیانت موصوف — سب کمالوں میں نہایت معروف
حکم کرتا ہے نمازوں کو پڑھو — صلہ رحمی بھی قرابت سے کرو
اسلئے لوگ ہو سارے دشمن — ہم کو بس دینے لگے رنج و محن
جب نجاشی نے سنا یہ احوال — بولا جعفر سے کہ ای با اجلال
تب لگے پڑھنے کو جعفر اس حین — سورۂ مریم کا ز قرآن مبین

فَکُلِی وَاشْرَبِی وَقَرِّی عَیْنًا

اتنا روئے علما بھی اس کے — کہ کتب بھیگ گئے ہیں انکے
پایا موسیٰ نے جو مشکوٰۃ سے نور — یہ بھی پایا ہے وہ مشکوٰۃ سے نور
کر دیا تحفے سب ان کے واپس — ہو کے شرمندہ اٹھے وہ ناکس
ام سلمہ نے روایت یوں کی — کہ مہاجر میں تھی داخل میں بھی

عمرو بن عاص وہ عمارہ کے ساتھ — دیکھے بھیجے ہیں حبش کو بد ذات
اور رسالت ہے انکے وے سب — بس نجاشی سے ملے جا کر تب
پڑھا تھا جبکہ نجاشی انجیل — سنتے ہی نام محمدؐ بعقیل
الغرض بولے وہ احوال کو سب — اہل ہجرت کو کئے اس سے طلب
پسر عاص عمر بولا تب — کہ نہیں ان کو مقرر مذہب
ویسے لوگ آ کے ہیں ملک اندر — جب پناہ میری لئی ہوں بخیر
علما کو بھی کر اپنے طلب — اور صحابہ کو بھی بلوایا سب
نہ نجاشی کے تئیں سجدہ کئے — پوچھا جب اس کا سبب یوں بولے
بس یہ سنتے ہی نجاشی ای یار — رعب و ہیبت میں پڑا ہے بسیار
سب مہاجر کو باکرام بٹھا — اس طرح حضرت جعفر سے کہا
ای ملک قوم ہماری یکسر — جاہلیت میں پڑی تھی اکثر
ہم تھے سب کھیلتے جوا بسیار — اور بہت ایسی ہی تھے بد اطوار
بلکہ ممتاز ہے وہ قوم میں سب — از رہ شرف نسب و حسب
حق کی ہی طاعت و توحید اوپر — وہ بلاتا ہے سبھوں کو اشہر
لائے ہم آپ پہ بلا شک ایمان — انکے محکوم ہوئے از دل و جان
ظلم ہم ان کا نہ سہہ کر واللہ — لئے اس ملک میں آپ کے پناہ
کہ پیمبر پہ تمہاری جو کتاب — آئی ہے پڑھ کے سنا مجکو شتاب
جب اس آیت پہ وہ پہنچے ای یار — لگا رونے کو نجاشی بسیار
اشک سے ریش ہوئی اسکی تر — شوق احمد سے ہوا بس مضطر
پس لگا کہنے نجاشی اسدم — ہے وہ واللہ رسول اکرم
پس عمر اور عمارہ سے کہا — جائیو تم نہ میں انکو دونگا
بولا جعفر کو نجاشی بطرب — رہو خوشحال تم اس ملک میں اب
جب بن عاص عمر اٹھ کے چلا — راہ میں غصے سے یوں کہنے لگا

که نجاشی سے کہوں گا یکبات
باب میں حضرت عیسیٰ کے بھی

جس سے اُن لوگ پہ سب آوے گھات
ہیں تمہارے بھی مخالف یہ سبھی

پس بہت زور سے جا وہ سر روز
پوچھا بلوا کے نجاشی اس حین

یوں نجاشی سے کہا ہے پر سوز
پڑھا جعفر نے اس آیت کو وہیں

اِنَّمَا الْمَسِيحُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ رَسُولُ اللَّهِ وَكَلِمَتُهُ أَلْقَاهَا إِلَى مَرْيَمَ وَرُوحٌ مِنْهُ

یعنے عیسیٰ جو ہے مریم کا پسر
سن نجاشی نے کہا تب واللہ
میں یہ دیتا ہوں گواہی وہ نبی

وہ خدا کا ہے یقیں پیغمبر
راست یہ بات ہے بیشک و شبہ
ہی بشارت دیا عیسیٰ جس کی

اور وہ ایک کلمہ ہے اسکا
آفریں تم پہ ہوا ای جمع عرب
بولا جعفر کو رہو تم خوشحال

جسکو مریم کی طرف ڈالدیا
اور پیمبر یہ تمہارے خوش لب
ملک میں میرے نہیں تم کو ملال

گلدستہ بیان میں بحث کرنے جعفر طیار کے علمائے نصاری کے ساتھ اور ملزم ہونا اُن کا

علما جمع ہو اس کے یکبار
جمع احبار کو کروا کے سبھی

آ نجاشی سے کئے یوں گفتار
اور بلا جعفر طیار کو بھی
تھوڑے عرصے کے ہی آگے پر سول

بحث کروا تو ہمیں جعفر سے
بحث کروایا نجاشی اسدم
آیتیں پائی تھے یہ شرف نزول

جھوٹ سچ تا سبھی ظاہر ہووے
ان کو جعفر نے کیا سب ملزم

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللَّهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ يَا أَهْلَ الْكِتَابِ لِمَ تُحَاجُّونَ فِي إِبْرَاهِيمَ وَمَا أُنْزِلَتِ التَّوْرَاةُ وَالْإِنْجِيلُ إِلَّا مِنْ بَعْدِهِ أَفَلَا تَعْقِلُونَ هَا أَنْتُمْ هَؤُلَاءِ حَاجَجْتُمْ فِيمَا لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ فَلِمَ تُحَاجُّونَ فِيمَا لَيْسَ لَكُمْ بِهِ عِلْمٌ وَاللَّهُ يَعْلَمُ وَأَنْتُمْ لَا تَعْلَمُونَ

ترجمہ کہو ای کتاب والو آؤ ایک سیدھی بات پر ہمارے اور تمہارے درمیان کی بندگی نہ کریں مگر اللہ کو اور شریک نہ ٹھہراویں اس کا کسی چیز کو اور نہ کریں آپس میں ایک ایک رب سوای اللہ کے پھر اگر وے قبول نہ رکھیں تو کہو شاہد رہو کہ ہم تو حکم کے تابع ہیں۔ اے کتاب والو کیوں جھگڑتے ہو ابراہیم پر اور توریت پر اور انجیل تو اتریں اس کے بعد کیا تم کو عقل نہیں سنتے ہو لوگ جھگڑ چکے جس باب میں تم کو کچھ خبر تھی اب کیوں جھگڑتے ہو جس بات میں تم کو خبر نہیں اور اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے

آیتیں بھیجے تھے یہ خیر الناس

یہ حبش جعفر و اصحاب کے پاس
سارے احبار ہوے ہیں خاموش

بحث میں جعفر فرخندہ صفات
پھر اس آیت کو پڑھا وہ باہوش

جب فصاحت سے پڑھی یہ آیات

مَا كَانَ إِبْرَاهِيمُ يَهُودِيًّا وَلَا نَصْرَانِيًّا وَلَكِنْ كَانَ حَنِيفًا مُسْلِمًا وَمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ

نتھا ابراہیم یہودی اور نتھا نصرانی لیکن تھا ایک طرف کا حکم بردار اور نتھا شرک کرنے والا

تب نجاشی نے کہا ہے بقبیل

کہ بلاشبہ براہیم خلیل

نہ نصارا تھا یقیں اور نہ یہود

سچ یہ فرماتا ہے وہ رب ودود

جب یہ اقرار نجاشی نے کیا — وہین جعفر نے اس آیت کو پڑھا

إِنَّ أَوْلَى النَّاسِ بِإِبْرَاهِيمَ لَلَّذِينَ اتَّبَعُوهُ وَهَٰذَا النَّبِيُّ وَالَّذِينَ آمَنُوا وَاللَّهُ وَلِيُّ الْمُؤْمِنِينَ

لوگون مین زیادہ مناسبت ابراہیم سے ان کو تھی جو اس کے ساتھ تھے اور اس نبی کو اور ایمان والوں کو اور اللہ والی ہے مسلمانون کا

نجاشی کا ایمان لانا

جب نجاشی نے اس آیت کو سنا — صدق و اخلاص سے یون کہنے لگا — ای خداوند کریم بے چون — مستحق اب مین براہیم کا ہون
کیا ظاہر وہین اپنا اسلام — اور بھیجا ہے نبی کو پیغام — بعد ازان جلد حبش سے ای میر — علماء بیش نصاریٰ کے شہیر
آئے در خدمت سالار جہان — انکو حضرت نے سنایا قرآن — روئے اسقدر وے قرآن سنکر — داڑھیان ہوگئی مین ان کی تر
لائے ایمان بھی سیکھے قرآن — جا نجاشی سے کئی سب بیان

چھٹا گل نبوت ہی چھٹوین سال کے احوال مین اور کفار کا ظلم اور ایمان لانا حمزہ رضہ کا

سال ششم مین بصد عز و شان — حضرت حمزہ نے لایا ایمان — اسکے ایمان کا سبب ای دلگیر — لکھے اس طرح سے ارباب سیر
کہ ابوجہل لعین بدکار — ایک دن شہ کو دیا تھا آزار — آکے تب گوشۂ مسجد مین رسول — آ بیٹھے تھے بہت ہو کے ملول
کہتے ہین حضرت حمزہ ای یار — گیا اس روز تھا از بہر شکار — ایک آہو پہ چلایا وہ تیر — حق دیا اسکو زبان بے تاخیر
پھر کے حمزہ کیطرف وہ آہو — یون فصاحت سے کہا ہے اسکو — کرتے ہین قتل نبی کی تدبیر — آہ اب ملکے مین کفار شریر
کاش گر آپنے چلاتا تو تیر — پاتا دو جگ مین سعادت ای خبیر — مجھ سی بے جرم کو گر تو مارے — نفع کیا تجکو ملے گا بارے
سن یہ حیران ہوا وہ فی الحال — جلد آکے کو پوچھا احوال — ظلم بوجہل کا ہی جب وہ سنا — تب حمیت سے غضب مین آیا
جا ابوجہل کو ایسا مارا — سات جا سر پہ اسے زخم لگا — آیا پس نزد رسول مقبول — شاہ تب بیٹھے تھے مسجد مین ملول
وہ سلام آکے کیا وہ سر بار — ملتفت شہ نہوئی مین زنہار — پس لگا کہنے کو یا ابن اخی — کیہ جو چپ ہے نرکھ اب مخفی
شاہ تب یون ہی فرمائی مین — چھوڑ دے مجکو کہ بیکس ہون مین — آہ میرے نہین پدر و مادر — ہی یتیمی و بیسری مجھ پر
آہ زندہ نہ رہا میرا جد — کری اس حال مین تا میری مدد — نہ چچا ہے نہ برادر میرا — حق سوا کون ہے یاور میرا
تب قسم کہا کے ہے حمزہ نے کہا — بدلہ مین آپکے دشمن سے لیا — شاہ عالم نے کہا تب ای عم — خالق ارض و سما کی ہی قسم
کہ نہ ایمان کا پاکر منصب — گرچہ کفار کو تو مارے سب — نفع کچھ تجکو نہ دیوے وہ جدال — شرط ایمان ہی اول نہ قتال
وہ کہا مین نے سنا ہوا ای رسول — آپ پڑھتے ہو کلام مقبول — صید کرتے ہو دلونکو اس سے — کیا ہی وہ اور لئے وہ کس سے
کہا حضرت نے وہ ہی حق کا کلام — وہ کہا اس سے سنا کچھ ای ہمام — پڑھکے بسم اللہ رسول اکرم — پڑھے یہ آیت قرآن اسدم

حم تَنْزِيلُ الْكِتَابِ مِنَ اللَّهِ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيدِ الْعِقَابِ

ذِی الطَّوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَیْهِ الْمَصِیْرُ۔ اتارنا کتاب کا اللہ سے ہے جو زبردست ہے خبردار گنہ بخشنے والا اور توبہ قبول کرنے والا سخت عذاب دینے والا قدرت والا صاحب کسی کی بندگی نہیں سوا اسکے اسی کیطرف پھر چلنا ہے

سن اس آیت کو کہا حمزہ تب ۔۔۔ اس سی معلوم ہوا آپ کا رب
شاہ تب اسکو کہی ہاں ای چچا ۔۔۔ وہی تو بہ بھی قبولے اُن کا
نہ پڑہے جو کہ تصدیق شتاب ۔۔۔ دیویگا اسکو خدا سخت عذاب
کر شروع سورۂ طٰہٰ کو نبی

بخشنے والا انھین کا ہے گناہ ۔۔۔ جو کہے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللہ
عرض کی حمزہ نے پھر تو بای شاہ ۔۔۔ کلمہ لا الٰہ الا اللہ
شاہ عالم نے کہا ہان ای چچا ۔۔۔ وہ کہا اور بھی کچھ پڑہکے سنا
پڑھ سنای ہین یہ آیات تبھی

طٰهٰ مَا اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰی اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ یَّخْشٰی تَنْزِیْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰی اَلرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَیْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی

اسواسطے نہیں اوتارا ہم نے تجھ پر قرآن کو کہ تو محنت مین پڑے مگر نصیحت کیواسطے جس کو ڈر ہے اوتارا ہی اس شخص کا جسنے بنائی زمین اور آسمان اونچے وہ بڑی مہر والا ہی عرش پر غالب ہوا اسی کا ہے جو کچھ آسمان اور زمین مین ہے اور ان دونوں کی بیچ اور نیچے سیلی زمین کے

عرض کی حمزہ نے پھر ای سالار ۔۔۔ کہ ہیں کتنے مین بتان و بڑ ہزار
آپ کہتے ہو کہ در ارض و سما ۔۔۔ ہی جو کچھ سب ہے وہ ہے رب کا
تب ہی حمزہ کے ہوا دلکو اثر ۔۔۔ عرض یون کرنے لگا ای سرور

تین سو ساٹ ہین کعبے میں کہڑے ۔۔۔ ایک بالشت نہ حکم انکا چلے
کہے حضرت کہ ہی ایسا ہی ہان ۔۔۔ بلکہ ہے اس سی زیادہ پہچان
فکر مین آج کرون یا دل و جان ۔۔۔ اور کل آپ پہ لاوٴن ایمان

گلدستہ بیان مین نزول چار فرشتوں کی حضور مین رسول مقبول کے واسطے ہلاکت کفار کے

شاہ کے پاس آسی روز خدا ۔۔۔ نقل ہے چار فرشتے بھیجا
حکم اب آپکا گر مین پاؤں ۔۔۔ تو ابھی نوح کا طوفان لاؤن
دوسرا عرض کیا ای سرور ۔۔۔ میں موکل ہون لقین یار پر
تیسرا عرض کیا ای سرور ۔۔۔ کہ موکل ہون این سج اوپر
تاکہ سر پھوٹ ہی جاوے ان کے ۔۔۔ مغز بکھرے ہو گریگا نیچے
حکم گر ہو تو پہاڑ اک لاؤن ۔۔۔ سر پہ کفار کے اسکو ڈالون
سن کے فرمائے ہین یوشاہ ہدا ۔۔۔ بولو آمین مین کرتا ہون دعا
قوم کو میری ہدایت دیجے ۔۔۔ نہ انھین آفت و زحمت دیجے
سنکے حسب فرمان ملایک و یقین ۔۔۔ عجز سے کہتے تھے آمین آمین

عرض کی ایک نے ای پیغمبر ۔۔۔ کہ موکل ہون مین دریاؤن پر
مشرکان آپ کی جو دشمن ہین ۔۔۔ سبکو یکبار ہی ڈبا دیون مین
حق مین اعدا کے اگر ہوا رشاد ۔۔۔ قوم سا عاد کے کردون برباد
حکم گر ہو اسی اے حق کی حبیب ۔۔۔ سر کفار کے لے آؤن قریب
عرض کی چوتھے نے ای شاہ انام ۔۔۔ میں موکل ہون پہاڑون پہ تمام
حکم یہ ہم کو کیا ہے وہ رب ۔۔۔ آپ کا حکم بجا لاوین سب
پس دعا کرنے لگے ای وہاب ۔۔۔ دور کر خلق سے تو قہر و عذاب
ہین جہالت سی مری وہ انجان ۔۔۔ اسلیئے لائے نہیں ہین وے ایمان
پس لگے کہنے کو یا شاہ امم ۔۔۔ مرحبا مرحبا ای بحر کرم

انبیا جب کہ ہوتے تھے مضطر — ہمکو بھیجا تھا خدا نے ان پر
قوم پہ آتی وہ جب چاہے عذاب — قوم مقہور ہوئی ان کی شتاب

آپ نے قوم کی یوں بخش خطا — چاہی پھر ان کی ہدایت زخدا
شہ کہے خلق کی رحمت کیلئے — آیا ہوں میں نہیں زحمت کیلئے

الغرض جبکہ وہ گزرا ہے روز — شب فیروز ہوئی جلوہ فروز
جب دل پاک شہ عالم کا — معتلق تھا بایمان چچا

شب گزاری میں تمامی بہ نماز — اور کرتے تھے دعا بھی بہ نیاز
ابن مسعود کہا ہے یہ بات — کہ یقیں حضرت حمزہ اس رات

در پہ سرور کے حبیب و انس — آپہل بار ہوا ہے حاضر
پھر سحر جب ہو روشن یہ جہان — پھر ایمان سی ہو روشن جان

آئے حمزہ بحضور سرور — یوں کہے ان کو رسول رہبر
ای چچا تم نے کیا تھا اقرار — کہ میں کل پاؤنگا ایمان کی وقار

اسنے کی عرض کہ ای شاہ جہان — آج بھی اور سنا کچھ قرآن
شاہ دین سورۂ الرحمن سے — تب یہ آیات پڑھے قرآن سے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اَلرَّحْمٰنُ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ خَلَقَ الْاِنْسَانَ عَلَّمَہُ الْبَیَانَ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدَانِ ۔ رحمن نے سکھایا قرآن بنایا آدمی کو پھر سکھایا اس کو بات ۔ سورج اور چاند کو ایک حساب ہی بیلدار اور جھاڑ اور درخت لگے ہیں سجدے میں

لگے کہنے کو کہ حسبی حسبی — یعنے بس مجکو ای حقکے نبی
عقل کرتی ہی دلالت آرے — کہ یقیں نجم و شجر یہ سارے

غیر حق کو نہ کریں سجدہ کبھی — پس پڑھی کلمہ شہادت کا تبھی
دین کو ان سی ہوی زینت و زین — ہوگیا روز وہ کفار پہ رین

گلدستہ بیان میں خطبہ پڑہنے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کے اور ظاہر کرنا توحید رب الوحید کا اور رنج دینا کفار عنید کا اس صدیق رشید کو

نقل ہے اس کی ہے یکدن آگے — عرض صدیق نے کی حضرت سی
کہ مسلمان ہیں قریب چالیس — ہم کریں دین کو ظاہر ای رئیس

کہے بوبکر سے تب یوں حضرت — ہمکو پورا نہ ابھی ہے قوت
پر بصد جد و کد اس شاہ کو لے — کعبۃ اللہ میں صدیق آسے

اور پڑہی خطبۂ غرا و فصیح — اس میں تھی دعوت اسلام صریح
کافران سنتے ہی ہوش کباب — سب گری آکے بصدیق شتاب

چہرۂ پاک پہ وہ ناکارے — آہ اس درجہاں تک مارے
چہرہ مینی سے لے تا پیشانی — سوجکر یکسان ہوا ای گیانی

سکے اس صدمے کو انبای تیم — آچھڑا ان کو زاعدای لئیم
لے گئے ان کو اٹھاکر اسدم — تھے وہ مرنے کے قریب ای اکرم

شام تک یونہی پڑا تھے بیہوش — آخر روز میں جب ہے باہوش
تھی وہ اول جو کہے بات یہی — بولو مجھ سے کہ ہی کیا حال نبیؐ

ہاتھ رکھ حاضران منھ پر اپنے — یوں لگے ان کو ملامت کرنے
جبکے خاطر تو اٹھایا یہ الم — مارتا ہی تو ابھی اس کا دم

اُن کی ماں آئی ہی لیکر کھانا — تا کھلاوے تو کہے وہ دانا
جبتلک شہ کا نہ معلوم ہو حال — نکروں کھانیکا ہرگز میں خیال

بس وہ دریافت ہستی جا کر — بولی بوبکر سی پھر یوں آکر
دارارقم میں شہنشاہ عرب — خیریت سے ہیں تو کھا کھانا اب

اپنی مادر سے کہے تب صدیق
کہ میں یہ نذر کیا ہوں تحقیق
دیکھوں جبتک نہ نبی کے اقدام
نہ کروں نوش میں کچھ آب و طعام
دن گزر جاکے جب آئی ہے شب
انکو کھاندوں پہ اٹھالے کر تب
لائے در خدمت سالار امم
شاہ دیکھا ان کو کیے چشم کو نم
بعد ازاں ان کو لگا اپنے گلے
خوش بہ الطاف سے بوسہ بھی دئیے
اقتدا شہ کا صحابہ بھی کر
بوسہ ان کے دئیے سب اعضاء پر
درد و رقت سے لگے رونے کو
اشک سے منہ کو لگے دہونے کو
شہ سے صدیق نے پس عرض کیا
دید سے آپ کے سب رنج گیا
اب یہی عرض ہے ای شاہ ہدا
ماں میری آئی ہے بس کیجیے دعا
تا کہ حق اس کو مسلمانی سے
بہرہ دے خلعت ایمانی سے
شہ دعا حق میں کئے تب اس کے
اور اسے دعوت اسلام کئے
پس وہیں جلد وہ ایمان لائی
دو جہان کی ہے سعادت پائی
ہے روایت کہ اسی روز عیان
لائے ہیں حضرت حمزہ ایمان
مومنان جو تھے ملول و رنجور
ہوگئے اس سے زیادہ مسرور

گلدستہ ایمان لانے میں حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے

بعد اک روز عمر بن خطاب
ہوئے ایمان سے مشرف بہ صواب
وجہ ایمان میں عمر کے ای پیر
ہیں روایات حکایات کثیر
مختصر ایک روایت کا بیان
نقل کرتا ہوں معارج سے یہاں
ہے روایت کہ وہ سالار ہدا
حق تعالیٰ سے کئے تھے یہ دعا
یا الٰہی یہ عمر بن خطاب
یا عمر ابن ہشام اب تو شتاب
دین اسلام کو بس غالب کر
کیونکہ وے دونو قوی تھے اشہر
ہے ابو جہل لعین ابن ہشام
تھا شقی وہ تو ازل کا ناکام
حق میں کیونکہ ہو دعا انکی قبول
ہوگئی حق میں عمر کے مقبول
جاہلیت میں بھی ہرگز وہ کبھو
رنج و ایذا نہ دیا تھا شہ کو
بہن و بہنوئی عمر کے پنہاں
لائے تھے سرور دین پر ایمان
فاطمہ اس کی سمجھ بہن کا نام
تھی بڑی عابدہ نیک انجام
اسکا بہنوئی جو تھا سعد ای یار
جسکو ہے عشرہ مبشرہ میں شمار
جبکہ اسلام سنے ان کا عمر
جلد تر آنکے وہ بہن کے گھر
پوچھی اسطرح سنا ہوں میں یقین
باپ دادوں کا تو چھوڑی ہے دین
ہوئی خاموش نہ کی وہ انکار
تب کئی بہن کے سر پر ایک وار
آہ سر پھوٹ گئی تب اسکا وہیں
منہ ہوا خون سے اس کا رنگین
تب وہ کہنے کو لگی با توفیق
میں مسلمان ہوئی ہوں تحقیق
تو جو چاہے سو کر مجکو قبول
ہے خدا ایک محمد ہے رسول
بہن کی جب یہ دلیری دیکھے
ہوکے ناچار اسے چھوڑ دئیے
کہتے ہیں سورہے وے رات کو جب
بہن بہنوئی ہو بیدار از شب
کئے قرآن کی تلاوت آغاز
پڑھتے تھے سورۂ طٰہٰ بہ نیاز
سنے جب اسکو عمر ہو بیدار
ہوگئے سنتے ہی بے صبر و قرار
بہن کے پاس کہے آکے شتاب
دے مجھے دیکھوں یہ کیسی ہے کتاب
وہ کہی ہاں یہ کتاب اللہ ہے
جو منزل برسول اللہ ہے
بے وضو اس کو نہ چھونا ہے روا
وصف میں اس کے ہے فرمایا خدا

لَا يَمَسُّهُ إِلَّا الْمُطَهَّرُونَ

شرک کی تو ہے نجاست میں بھرا
دوں میں کسطرح ترے ہاتھ بھلا
پس وہیں جلد عمر غسل کئے
آکے پھر بہن سے اپنے مانگے
وہ بھی ہے یہ کتاب مولیٰ
بے ادب اس سے کہیں تو ہوگا
تب عمر عہد کئے کھاکے قسم
ہاتھ میں انکو وہ دی ہے ہمدم

پس وہ طٰہٰ سے لگے ہیں پڑھنے ‏ جب اس آیت پہ ہیں آکر پہنچے

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهُ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفَى اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ لَهُ الْاَسْمَاءُ الْحُسْنٰى

اور اگر بات کہے پکار کر تو اس کو خبر ہے چھپی بات کی اور اس سے چھپے کی اللہ ہے جس کے سوا نہیں اس کے ہیں سب نام خاصے

پس لگے کہنے کو رو رو وہ ہمام ‏ کہ ہے بے شبہ خدا کا یہ کلام
پس پڑھے کلمہ شہادت کا یقین ‏ اور پوچھے کہ کہاں ہے شہِ دین

ہی روایت کہ رسول و یاران ‏ دار ارقم میں ہی تھے تب پنہان
کیونکہ سب جمع ہو کفارِ عرب ‏ قتل سرور کی ہی تھی فکر میں تب

ڈھونڈھتے تھے بھی صحابہ کو تمام ‏ تا ہلاک انکو کریں دیکے ناکام
اسلئے ساری صحابہ ذیشان ‏ تھے حفاظت میں نبی کے ہر آن

اور پوشیدہ ہی پڑھتے تھے نماز ‏ ظلم کفار سے سب ہی دمساز
یون تو اصحاب ہیں مظلوم ادہر ‏ اور کفار کا ہے دھوم ادہر

یعنے سب جمع ہو کعبے میں شریر ‏ کرتے ہیں قتلِ نبی کی تدبیر
اور بجاتے تھے طبل وے بے دیر ‏ قتل پر خلق کو کرتے تھے دلیر

یہ فقیران شکستہ خاطر ‏ یہ انیسانِ رسولِ فاخر
جب لگے سننے وہ آوازِ طبل ‏ سب کے سب ہو گئے مضطر بیکل

جان فدا کرنے پہ حضرت کیلئے ‏ ہوئے تیار شہادت کے لئے
عرض یون کرنے لگے ہیں آکے ‏ یا رسول اللہ اجازت دیجے

تاکہ اس گوشے سے اب جا باہر ‏ دین اسلام کریں اب ظاہر
اور علانیہ زبان سے یکبار ‏ یوں پڑھیں کلمۂ طیب کو پکار

پہنچے آواز ہماری یکسان ‏ تا بہ ملکوتِ معلیٰ اس آن
پڑھکے یون کلمۂ طیب یکبار ‏ جان و تن اپنے کریں بعد نثار

روبرو اپنے شہادت پاوین ‏ مایۂ فخرِ سعادت پاوین
شاہ تب انکو دی یون تسکین ‏ ای فقیران و مساکین غمگین

مطمئن دل کو کرو صبر کرو ‏ اور امید قوی حق سے دھرو
جسنے موسیٰ کو کیا نیل سے پار ‏ اور براہیم پہ آتش گلزار

اور حلقومِ ذبیحِ اسمٰعیل ‏ ذبح سے جسنے بچایا بتعجیل
وہی قادر ہے یقین ستار و جبار ‏ کر رکھے تمکو نگاہ از اشرار

روایت

یک روایت ہے کہ جب پیغمبر ‏ دیکھے یون یاروں کو اپنے مضطر

حق کی درگہ میں دعا کرنے لئے ‏ عجز و زاری سے بہت جلد اٹھے
سر سے عمامہ اتار اپنے وہین ‏ ڈال چادر کو گلیمِ شہِ دین

یون لگے کہنے اٹھا عجز کے ہات ‏ ای خداوند مجیب الدعوات
بندگان تیرے یہی انتالیس ‏ اہل توحید ہیں اور میرے انیس

ساری بیکس ہیں مساکین و درویش ‏ سب بسر سارے ہیں غمگین دلریش
جبکہ کرتے ہیں عبادت تیری ‏ دل سے رکھتے ہیں محبت تیری

کوئی سوا تیرے انہیں یار نہیں ‏ کوئی معاون و مددگار نہیں
اشکِ غم آنکھوں سے ہے انکے روان ‏ سوزشِ دل سے ہیں بے تاب و توان

اپنے ایک فضل کی کر انپہ نگاہ ‏ شر سے کفار کی دے ہمکو پناہ
ان ضعیفوں کی مددگاری کو ‏ انکی غمخواری و دلداری کو

کوئی جوانمرد کو بھیج ایسے رب ‏ دین کو جس سے ہی ہو قوت یا رب
تھے اسی عرض میں وہ شاہ ہدا ‏ آئے ہیں ایسے میں وہ پیک خدا

یعنے جبریل معظم آئے ‏ شہ کی خدمت میں بشارت لائے
یون کئی عرض کہ ای حق کو رسول ‏ کی دعا آپ کی مولا نے قبول

دین اسلام کی اب کرنے کمک　　آپ جو مانگے جوانمرد کو ایک
کو کھڑے ہوویں وار بیت حرم　　صف بصف تا بہ سرای ارقم
آسمانوں کے فرشتوں کو تمام　　اس طرح حکم کیا ربِ انام
اپنے محبوب مکرم کے پاس　　سیدِ عالم و آدم کے پاس
ای ملائک میرے تم اب سرعت سے　　طرقوا طرقوا سب کہتے ہوئے
یا نبی دیکھئے آتا ہے عمر　　شرف ایمان کا پاتا ہے عمر
تھے اسی بات میں جبرئیل ابھی　　آئے ایسے میں عمر در پہ تبھی
وا ہوے اس در سے خوش ہو بسیار　　گر گرے دستِ عمر سے تلوار
شاہ خوش ہو کے کہے تب تکبیر　　اور صحابہ بھی کہے سب تکبیر
تھے جو اصحاب نبی انتالیس　　ہوئے فاروق سے پورے چالیس
پھر عمر عرض کئے ای سالار　　لات و عزی کی پرستش کفار
سات حضرت کو لیے پس اوہی دن　　سب چلے کعبے کو فرحت اندوز
اور عمر پیچھے تھے آگے کرار　　سب کے ہاتھوں میں علم تھے تلوار
حضرت حمزہ علی اور عمر　　کر کے حملات وے کفار اوپر
انکا سردار جو تھا ایک لعین　　اسکو فاروق گرائے پہ زمین
دیدے حدقے سے گری جب باہر　　تب کیا شور بہت وہ کافر
لے صحابہ کی جماعت کو سب　　ظہر مسجد میں گزارے شب تب
پس عمر عرض کئے ہیں ای شہ　　چاہیں کیا جانا درون کعبہ
کعبۃ اللہ میں تب جو تھے بتان　　یوں عمر کہنے لگے ان کو عیان
گر پڑے جبہ بتان اوندھے سب　　تبھی بھیجا ہی اس آیت کو رب
ای نبی کافی ہے اللہ تجھے　　اور جو تابع ہیں مسلمانوں سے
لاجب حضرتِ فاروق ایمان　　دین اسلام لیا عزت و شان
دین اسلام کی عزت شوکت　　دن بدن پانے لگی ہے شہرت

حقنے اس عرض کو مقبول کیا　　حکم اس طرح فرشتوں کو دیا
لیویں ہاتھوں میں طبق پر انوار　　تا بہ تکریم کریں اسکو نثار
دیکھیو تم ای ملائک بیرث　　ہم جوانمرد کو یک بھیجیں گے
تا کرے دینِ متین کی یاری　　دیویں دل اسکو وہ دلداری
اس جوانمرد کو اب رہ دیجو　　پاس احمد کے اسے لے جاؤ
ہمنے بھیجا ہی اسے ہو خوشحال　　تو بلا اسکو کر اب استقبال
آن کے سرور دین استقبال　　ہاتھ کو ان کے کمر اندر ڈال
سر جھکا اپنا عمر باآواز　　پس پڑھے کلمۂ شہادت بنیاز
سب لگے کرنے سرور و شادی　　اور لگے دینے مبارکبادی
بولے جبرئیل ز ایمان عمر　　خوش ہوے اہل سمائی سر در
کیا کرتے ہیں بلا شبہ عیان　　حقکی طاعت کریں کیوں ہم پنہان
شاہ کے بیدی طرف تھے صدیق　　ڈاوین جانب میں تھے حمزہ تحقیق
آئے کعبے کو بصد عزت و شان　　دیکھ کفار ہوئے سب حیران
منتشر ان کی جماعت کو کئے　　داد مردی و شجاعت کی دئے
چڑ ہکے سینے پہ بصد خشم دلی　　اسکے آنکھوں میں ڈالے انگلی
جلد آمس کو چھڑائے کفار　　چھوڑ کعبے کو ہوئے سارے فرار
ہی وہی اول روز ای پرنور　　جو ہوا دین مقدس کا ظہور
کہے ہاں بس پکڑ اس شاہ کا ہاتھ　　لیگئے کعبے میں وہ اپنے سات
ای بتان آیا ہی یہ حق کا نبی　　جلد تم سجدہ کرو اسکو ابھی

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ حَسْبُكَ اللَّهُ وَمَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ

اہل تفسیر لکھے ہیں رکھ یاد　　تا بعد ازوں سے ہی فاروق مراد
کافران ہوگئے سارے عاجز　　قوتِ ظلم نپائے ہرگز
کافروں اور مسلمانوں کے　　درمیان فرق جو آیا ان سے

ہوا فاروق لقب جانو تم　رضی اللہ تعالیٰ عنہم

ساتواں گل نبوت سے ساتویں سال کے احوال میں قطع رحمی کفار کی بنی ہاشم اور سرور عالم اور حضرت کے صحابہ کرام سے اور حضرت مع صحابہ و بنی ہاشم غار میں تشریف رکھنا نہایت رنج و تصدیع سے تین سال تک اور مضمون قطع رحمی سے کفار اشرار کعبۃ اللہ پر ایک عہدنامہ جو لٹکائے تھے غیب سے ایک کیڑا وہاں آنا اور کھاجانا اس مضمون بد کو اور چھوڑ دینا نام اللہ تعالیٰ اور رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پس غار سے تشریف لانا حضرت کا

ساتویں سال میں کفار تمام　دیکھے جب ترقی دین اسلام
اور حبش انکو ہی ہجرت کی جگہ　راحت و عشرت و فرحت کی جگہ
دو جوانمرد شجیعان عرب　یعنی حمزہ و عمر پاک نسب
اور حضرت کی نبوت کی خبر　چو طرف پائی ہے شہرت اکثر
سارے کفار لگے جلنے کو　ہاتھ حسرت کے لگے ملنے کو
کہ یہ دو کام سے کر تو یک کام　یہی مقصود ہمارا ہی تمام
یا تو کر منع اسے جلد ابھی　تا خدایوں کو ہمارے وہ کبھی
یہ سخن گر نکرے گا وہ قبول　ہوگا ہاتھوں سے ہمارے مقتول
ابو طالب جو سنا قتل کی بات　فکر اور غم میں پڑا کر ہیہات
پر لگا کہنے کو ای نور العین　تیری موت ہے یقیں حق ہی میں
دشمن جان ہوے ہیں تیرے　فکر بس اسکی ہی دل پر ہے میرے
انکے معبودونکی مت کر توہین　فتنہ برپا نکریں تا وے کہیں
حکم سے حقکے ہی بس کرتا ہوں　لوم لایم سے نہیں ڈرتا ہوں
کس طرح ترک کروں حکم خدا　حکم پر اسکے مری جان ہی فدا
ہی یقین اسمیں سعادت تیری　گر نہوے گی اعانت تیری
جب یہ ارشاد کئے سرور دیں　جلد مجلس سے اٹھے سرور دیں
شاہ عالم کو وہ پھر ٹھلا کر　اس طرح کہنے لگا رو رو کر

دن بدن سرور دیں کی رفعت　اور صحابہ کی ہمیشہ کثرت
ابو طالب کی حمایت ہی ادہر　بنی ہاشم کی اعانت ہی ادہر
جبھی مسلمان ہوے از دل و جاں　جن سے اسلام کو ہی رفعت و شاں
ہر قبیلے میں عرب کے ہر جا　دین اسلام نے پایا چرچا
باندہ کر سارے عداوت میں کمر　ابو طالب سے کہے یوں آکر
کہ بھتیجے کو ترے ہم کو دے　قتل کر دیوینگے بے شبہ اسے
بدنبولے بھی اہانت نکرے　بت پرستوں کی شناعت نکرے
بس یہ کہکے سو اٹھے سب شتاب　تا کہ کل دیوے ضرور اسکا جواب
شاہ عالم کو وہیں بلوائے　بات کفار کی وہ سنوائے
پر ہیں کفار شقاوت معمور　پر جہالت ہیں ہدایت سے دور
رحم کر اپنے تو جاں پر اسدم　اور اس بوڑہے پہ کر لطف و کرم
یوں جواب سکا دئے شاہ امم　ای چچا میں یہ جو کرتا ہوں کام
قوم و خویشونکی زیادت کے سبب　کافرونکی یہ عداوت کے سبب
تو بھی ابلاغ رسالت ہیں مرے　گر مدد اپنے دل و جانسے کرے
مجھکو تائید خدا کافی ہے　اسکی نصرت ہی مجھے وافی ہے
جبکہ یہ بات سنا بو طالب　درد و رقت ہوی اسپر غالب
ہی دل و جاں مرا تجھ پہ فدا　کر ادا تجھکو جو ہے حکم خدا

جب تلک جان رہے تن میں رہے
دشمناں کر نہ سکینگے کچھ گھات
بنی ہاشم کا قبیلہ کبیر
متفق ہو سبھی کفار قریش
قطع کر دیویں سلام اور کلام
انسے کوئی شی نہ خریدیں ہرگز
عہدنامہ اسی مضمون کا لکھے
اسکو لٹکائے ہیں پھر کعبے پر
ابوطالب نے یہ سن ای اکرم
بولہب کافر ملعون اصلا
غار سے گر کوئی آتا باہر
بکبو نسے تو بقیں بیع و شرا
گرچہ بس آتے نہیں تھے وہ مگر
تاجروں نکو بھی ڈرانے کو لگے
آہ گر دیکھئے کفار کٹھن
آہ پھرتے تھے صحابہ محروم
انکے اطفال جو تھے بے خور و خواب
ہی روایت کہ حکیم خوشخو
دیکھ بوجہل اسے تنگ کیا
بولا بوجہل کو وہ ای ابتر
اور ایک رات ہشام ابن عمر
بولا آپ کیجئے تقصیر معاف
پھر گئے تنگ اسے مردود اس

تیری لعنت بھی مرے من میں رہے
مثل سائے کے رہوں تیرے ساتھ
اور بنی عبدمطلب بھی دگر
اسطرح عہد کئے بد اندیش
نرکھیں انسے بھی ہرگز کچھ کام
انکو کوئی چیز نہ بیچیں ہرگز
شخص چالیس بھی ٹھہرا یہ کئے
ہی روایت کہ جو ملعون ابتر
جمع کردو تو قبیلوں کو بہم
نہیں وہ ہر دو قبیلوں میں ملا
بیچ دے اسکو ستاتے کافر
بسبب عہد کے موقوف ہی تھا
سال بھر آپ ہی کرتے تھے گزر
تا نہ کوئی چیز اونھوں کو بیچے
کہ خریدی میں ہی کوئی مومن
یونہی رہتے تھے ہمیشہ مظلوم
اسقدر روتے تھے ہو کر بے تاب
کہ خدیجہ کا بھتیجا تھا جو
بلکہ وہ اس سے بہت جنگ کیا
صلہ رحمی کو تو اب منع نکر
تین مزدور پہ سامان لیکر
اور آئندہ کرونگا نہ خلاف
دیکھ تب ان کو کہا بوسفیان

ہبت مددگار رہوں گا تیرا
آہ جب دیکھے ہیں کفار قریش
ابوطالب کے ہی تابع ہو تمام
کہ بنی عبدمطلب کے ساتھ
صلہ رحمی کا تیشہ پہ توڑیں
بیٹا بیٹی بھی نہ دیویں لیویں
اور لپیٹ اسکو حریر اندر تب
عہدنامہ وہ لکھا تھا آجل
شہ کو اور یاروں کو اسکے لیکر
گھستے ہیں غار یہ بھی یک کف
حج کے موسم کے سوا کوئی بیچا
حج کو تجار جو آیا کرتے
دیکھ یہ حال ابوجہل لعین
ان کو دیویں گے اگر تم سودا
جمع کفار وہاں ہو دوجا
رنج کیا ان کا لکھوں ای یار
شور اور غل سے ہی بس انکے سب
سر پہ مزدور کے کچھ اسباب
دیکھ اس حال کو تب ابن ہشام
تب بھی مانا نہیں وہ ناکارا
جانب غار چلا جاتا تھا
دوسری شب کو بھی لے دو مزدور
صلہ رحمی وہ بجا لاتا ہے

یار غمخوار رہوں گا تیرا
ابوطالب کی مدد بیش از بیش
شہ کی تائید میں رہتے ہیں مدام
بنی ہاشم سے بھی ای نیک صفات
سب رہ و رسم قرابت چھوڑیں
چھوڑ تا کہ دے تنگی پیاسیں
موم سے اس کو کئے محکم سب
حق تبھی ہاتہ کیا اسکا شل
جا لگا رہنے کو یک غار اندر
ہو گئے آہ محاصر اشرار
باہر آنے کا نپاتے امکاں
چیزیں کچھ انسے لیا کرتے تھے
او کبھی دوسرے مشرک بیدین
لوٹے جاویں گے تم آپ کے دغا
اس کی قیمت کو بڑہاتے بیجا
تھی اونھیں فاقہ کشی لیل و نہار
مکے والوں کو تھی نیند نہ شب
جلد جاتا تھا وہ بی بی کے جناب
گرچہ تھا وہ بھی عدو بدانجام
پس ابوجہل کو آ وہ مارا
مشرکاں دیکھ گئے ہیں بلوا
جانب غار وہ کرتا تھا عبور
اور کھلے کام طرف جاتا ہی

نام اللہ و نام محمد کو چھوڑ کے تمامی عہدنامے کو کیڑا کھا لینا

ہے بھلا اسپہ یہ سختی نکرو　　اسقدر اس سے کر سختی نہ کرو
پس حکیم اور دگر ابن ہشام　　جو کئے رحم باصحاب کرام
بالیقین موجب ارحم ترحم　　پائے اسلام کا و ملک وحشم
خیر خواہی جو کیا بوسفیان　　اس قدر پایا وہ شرف ایمان
اور ابو العاص نبی کا داماد　　مرد زینب کا جو تھا بنت نبی
کئے شتر بھر کے گیہوں اور کھجور　　گاہ گاہ لاتا بشب شہ کے حضور
ہوکے مسرور جیت شاد ہوا　　حق میں بوالعاص کے کرتے تھے دعا
الغرض آہ بصد رنج و ملال　　غار میں گزرے ہیں یونہی سہ سال
ایک دن حضرت سالار امم　　یون لگے کہنے چچا سے ای عم
عہدنامہ وہ جو لکھے تھے قریش　　اور اسے کعبے پہ لٹکائے قریش
جتنے کیڑے کو وہاں یک بھیجا　　عہدنامے کو وہ سب کھا ہی لیا
نام اللہ کا اور میرا نام　　چھوڑ مضمون کو کھایا ہی تمام
ابوطالب نے کہا ہو حیران　　یہ خبر کون دیا تجھکو یہاں
بولے جبریل معظم آیا　　وحی یہ حق کے طرف سے لایا
ابوطالب نے کہا ای شہ دین　　تو بھی سچا ہی ترا رب بھی یقین
پس جماعت کو لے اپنے ہمراہ　　آیا وہ کعبے کو باعزت و جاہ
ابوطالب کو جو دیکھے ہیں قریش　　سمجھے نادانی سے یوں بدکیش
غار میں رنج بہت پایا ہے　　پس محمدؐ سے وہ باز آیا ہے
اس کو تکریم سے بٹھلاے لیجا　　ابوطالب نے یہ تب ان سے کہا
عہدنامہ تمھارا لاؤ　　وہ بھتیجے لا بہت ہی خوش ہو
پوچھے تم مہر کئے تھے جیسا　　کیا ہی ویسا ہی کہے ہاں ویسا
پس وہ کفار سے اس طرح کہا　　دیا آگاہی محمد کو خدا
غیب سے کیڑے کو یک بھیجا آ　　کھایا مضمون وہ نامے کا سب
کچھ بھی اس نامے میں باقی نہ رہا　　نام حق نام محمد کے سوا
گر نہ سچا ہو سخن یہ بے قیل　　شہ کو کرتا ہوں تمھارے تحویل
اور اگر ہوویگی یہ سچی بات　　عہد سے تم اب اٹھاؤ یہ بات
بات یہ سن کے کہے سب کفار　　کہی انصاف یہی ہے نکرار
کھول نامے کو کئے جبکہ نظر　　پائے سچ مخبر صادق کی خبر
سارے کفار وے شرمندہ ہوئے　　قطع رحمی کو نہیں قطع کئے
پر ابوجہل و توابع اس کے　　توڑنے عہد کو راضی نہ ہوئے
الغرض اٹھ کے ابوطالب تب　　ساتھ لے اپنے رفیقوں کو سب
آکے کعبے میں اٹھا دست دعا　　یہ دعا کرکے سوئے غار گیا

اَللّٰهُمَّ انْصُرْنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَقَطَعَ اَرْحَامَنَا وَاسْتَحَلَّ مَا يَحْرُمُ عَلَيْنَا

یعنے بار خدایا نصرت دے ہمکو اوپر جو ظلم کئے ہمارے پر اور کاٹے ہمارے ارحام کو اور حلال کئے وہ چیز کو جو حرام تھی ہمارے پر

حضرت مع صحابہ غار سے تشریف لانا

پس دو فرقے ہوئے کفار قریش　　یک ابوجہل توابع بدکیش
عہد شکنی یہ نہیں چاہے کبھی　　لیک چاہی ہی جماعت دوسری
توڑنے عہد جو چاہی ہی گروہ　　وہی غالب ہوئی باتشان و شکوہ
پس وہی لوگ ہو سب با ہتھیار　　آئے ہیں جلد وہیں جانب غار
معذرت کرکے بہت کچھ ظاہر　　لائے ہیں غار سے سب باہر
سال دسواں ہی ہوا جبکہ شروع　　واقعہ جان یہ پایا ہی وقوع

گلدستہ روم پر فارس کے غلبہ سے کفار قریش فال لینا تب نازل ہونا سورہ روم کا کہ بضع سنین میں رومیان غالب ہونگے اور مسرور ہونا مسلمانون کا اس خبر سے

اور اسی سال مین در فارس و روم
جب چھی جنگ جدل کی یکسر تمام
فارس والے ہوے غالب آخر
یہ خبر سن کے عرب کے کافر

یون لگے کہنے بہن ہو خوشحال
مومنون سے کہ لیے ہم نیک فال
فارس ہے تو نہین اہل کتاب
ہوگئے جنگ مین غالب وشتاب

روم کے لوگ ہین سب اہل کتاب
اور ہم سب ہی ہین جب اہل کتاب
اور کتابی تو ہین ہم بحسب
ہم بھی ہوجاوینگے غالب بیہر

اہل اسلام ہوے سن یہ ملول
بابی آیت یہ تبھی شرف نزول

الٓمّٓ غُلِبَتِ الرُّوْمُ فِیْٓ اَدْنَی الْاَرْضِ وَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ غَلَبِهِمْ سَيَغْلِبُوْنَ فِیْ بِضْعِ سِنِيْنَ

دب گئے روم ملکتے ملک مین اور وے اس دبنے پیچھے اب غالب ہونگے کئے برس مین۔

یعنی فرمایا خدائی واہب
فارسی گرچہ ہوے اب غالب
آگے دس سال کے در بضع سنین
طاق پر سو نہین ہی یعنے یقین

رومیان ہوونگے غالب تحقیق
سن کے اس عہد حق کو صدیق
بولے کفار کو تب یون جاکے
دیدیا ہوے تمھارے ٹھنڈے

آگے دس سال کے بیشک واللہ
روم کو فارس پہ ہوئے غلبہ
سن کے اس بات کو مردود ابی
جبکہ صدیق کو جھٹلایا ہے

اس سے اقرار کئے تب صدیق
کہ اگر بات نہ ہوے تحقیق
سو شتر آپ ابی کو دیوے
ورنہ سو اونٹ ابی سے کیو

تب ہوے ہر دو طرف دو ضامن
پس حدیبیہ کے جب صلح کے دن
روم کی فتح سنے جب تحقیق
لئے سو اونٹ جناب صدیق

جب آئی جنگ احد مین ایا
ہو کے مقتول گیا تھا فی النار
وارثان اسکے وہ سو اونٹ دے
ان کو تب سرور دین فرمائے

کہ ان اونٹونکو تو کر دے خیرات
وہ تصدق کئے تب فرح کے سات
جان صدیق کا تو وہ اقرار
پہلے تھا بعد ہی تحریم قمار

اور دراحرب بے وسواس
بوحنیفہ و محمد کے پاس
عقد فاسد ہین بروافقہ مین یک
یونہی لایا بہ مدارج ای نیک

قمار بازی

ابوطالب کی رحلت

غار سے نکلنے کے بعد از وہ بیس
آٹھ مہینے ہی رہا دن اکیس

وہ بنی عبد مطلب کو تمام
بنی ہاشم کو بھی آ نیک انجام

کیا تاکید و وصیت بسیار
اور قریشیون کو بھی سب ہشیار

کہ محمد کو یقین رب کریم
دیوینگا جانیو تم شان عظیم

شرق سے غرب تلک بھی پر نور
ہووینگا اسکی رسالت کو ظہور

سرکشی اس سے کرے جو پرشین
ہووینگا خوار و ذلیل دارین

پاوینگے اسکی اطاعت سے امن
دیکھنیگے اسکی عداوت سے محن

تم بھی دیکھو گے وے سب حالات
تب ہی یاد کروگے یہ بات

اور دسوین برس ای باعزت
ابوطالب کی ہوی ہی رحلت

موت کے وقت مین سب اپنے خویش
اور حاضر تھے صنادید قریش

شاہ کی حفظ و حمایت کیلئے
اور امداد و اعانت کیلئے

اس طرح کہنے لگا ای مردم
بات یہ یاد رکھو میری تم

ملا اور سلاطین فحول
اسکی دعوت کو کرین سب قبول

ہوسکا دینے جنگ کے ہمدوش
یک جہان اسکی رہے حلقہ بگوش

تم کو کرتا ہون وصیت یہ صاف
مت کرو اس سے بدی اور خلاف

گویا آنکھو نسے یقین ایسا ہی
دیکھتا ہون مین یہ حالا سبھی

ہی روایت کہ رسول اکرم
بیٹھ کر اسکے سرانے اس دم

اس طرح کہنے لگے نبی ای چچا — کہ تجھے دیوے خدا نیک جزا
کیا بچپن میں کفالت میری — اور جوانی میں حمایت میری

شاد کر اب مجھے از ایک کلمہ — لا الٰہ کہو اور الا اللہ
تا کروں تیری شفاعت ای عم — حشر میں نزد خدای اکرم

ابوطالب نے کہا ای سالار — خیر خواہی تو مرا اسرو جہار
کیا کروں خوف بھی اب ہے مجھے — سرزنش خلق کرینگے یہ مجھے

موت سے ڈر کے چچا نے تیرا — آخری وقت میں ایماں لایا
خوف گر یہ نہیں رکھتا واللہ — کہہ کے البتہ وہ کلمہ ای شاہ

چشم کو تیرے خنک کرتا میں — کرکے خوش دل کو ترے مرتا میں
شاہ اس بات سے غمگیں تھے ہوا — اور اس طرح سے تب فرمائے

مغفرت تیری خدا سے چاہوں — جب تلک منع کئے نا جاؤں
ابن اسحاق سے سن ای بھائی — اس طرح ایک روایت آئی

دیکھا جس وقت جناب عباس — ابوطالب کے طرف بی وسواس
دم آخر وہ ہلاتا تھا لب — سن کے عباس کہے شاہ سے تب

ای نبی بھائی مرا یہ واللہ — آپ بولے سو پڑھا ہی کلمہ
اہل سنت کے یہاں پر ای امیں — یہ روایت ہوی ثابت ہی نہیں

کہ معارض ہیں روایات دگر — اور مخالف ہیں دلائل اکثر
ہی از انجملہ علی فرمایا — جا کے حضرت سے میں یہ عرض کیا

یا نبی یہ جو چچا آپ کا تھا — آہ دنیا سے ہے گمراہ گیا
سن کے یہ رونے لگے پیغمبر — اور یہ حکم کئے ای حیدر

غسل دے کفن بھی اس کو پہنا — اور کر دفن اسے جلد تو جا
پھر میں اس شاہ سے یہ عرض کیا — یا رسول اللہ وہ مشرک ہی موا

پھر مجھے حکم کئے پیغمبر — یا علی جاکے اسے دفن تو کر
اور کہا اس کو خدا بخشے اب — اور رحمت بھی کرے اس پر رب

ہے روایت کہ نبی ہو گریاں — پیچھے تھے اسکے جنازے کے رواں
اور کہتے تھے کہ ای میرے چچا — صلہ رحمی کو تو لایا ہی بجا

حق میں میرے نہ کیا کچھ تقصیر — دیوے حق خیر جزا تجھکو کثیر
اور چچا سے جو کئے تھے اقرار — کہ کروں تیرے لئے استغفار

کئی دن آئے نہ باہر سرور — مغفرت خواہی تھے شام و سحر
کئے اصحاب بھی یہ دیکھ ای یار — آپ بھی کرنے لگے استغفار

اپنے ماں باپ کے حق میں یکسر — موت تھی جن کی ہوی کفر اوپر
مغفرت باپ کی اپنے جو خلیل — چاہتے تھے نزد خداوند جلیل

اس سند سے ہی ابوطالب کی — مغفرت خواہی کئے حق کے نبی
تب ان آیات کو حق بھیج دیا — نہ کو اور یاروں کو وہ منع کیا

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِينَ آمَنُوا أَنْ يَسْتَغْفِرُوا لِلْمُشْرِكِينَ وَلَوْ كَانُوا أُولِي قُرْبَىٰ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ أَنَّهُمْ أَصْحَابُ الْجَحِيمِ وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ إِبْرَاهِيمَ لِأَبِيهِ إِلَّا عَنْ مَوْعِدَةٍ وَعَدَهَا إِيَّاهُ - الآیہ

نہیں پہنچتا ہی نبی کو اور مسلمانوں کو کہ بخشش مانگیں مشرکوں کی اگرچہ وے ناتے والے ہوں جب کھل چکا ان پر کہ وے دوزخ والے ہیں
اور بخشش مانگنا ابراہیم اپنے باپ کے واسطے سو نتھا مگر وعدے کے سبب وعدہ کر چکا تھا اس سے

علما لکھتے ہیں یہ آیت بھی — اسی قصے میں نبی پر اتری

إِنَّكَ لَا تَهْدِي مَنْ أَحْبَبْتَ وَلَٰكِنَّ اللَّهَ يَهْدِي مَنْ يَشَاءُ وَهُوَ أَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِينَ ؞

ترجمہ - سچ ہے کہ تو نہیں ہدایت کرتا جسکو چاہی - اور لیکن اللہ تعالیٰ ہادی ہے جسکو چاہی وہ خوب جانتا ہی ہدایت پانے والوں کو ۱۲

یہاں ہدایت سے مراد مقصود کو پہنچانا ہے ورنہ ہدایت کے ہیں بھی معنی ہوتے ہیں ۱۲ م

آیتیں جبکہ یہ آئیں ای یار — شاہ موقوف کیئے استغفار
کہ خدا جس کی نہ بخشش چاہا — ان کی بخشش طلبی منع کیا

وَاسْتَغْفِرْ لِذَنْبِكَ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

جب بچے شرک سے باایمان ہو — اس کے مغفور سبھی عصیان ہو
ہی روایت کہ جناب عباس — ایکدن عرض کیا ای شہ ناس
دی ہی کچھ نفع اسے کیا وہ کمک — شہ کہی نفع دی ہاں وہ بیشک
آگ تخنون ہی تلک ہی اسکے — جوش کرتا ہی دماغ اب اسکے
بھی روایت ہی کہے پیغمبر — کہ قیامت میں عذاب کمتر
مغز سر جوش کرے گا اس کا — اور اس طرح سے وہ سجھیگا
واسطے تیرے نبی کے یارب — نار دوزخ سے بچا ہم کو سب
پرورش شہ کی کیا وہ خدمت — اور رکھا تھا دل وہ الفت
اس کا لازم ہی ہمیں حفظ ادب — باعث حب شہنشاہ عرب
اور کیا نفع ہی اسمیں ای یار — کام عقبیٰ کا تو بس اپنے سنوار
بیان مسلمان کو بشارت ہی لطیف — اہل ایمان کو اشارت ہی لطیف
مغفرت چہئے مسلمانوں کی — جبکہ مامور ہوے حق کی نبیؐ
بس ہے امید قوی رب انام — بخشیگا انکے گناہوں کو تمام
دیوے یا اس کو نہ یوہی عذاب — ہی مشیت میں خدا کے در باب
ابوطالب نے جو ہر امر میں ہاں — آپ کی کی ہی مدد از دل و جاں
تھا وہ درکات سقر میں نیچے — لایا باہر اسے میں آتش سے
یک روایت ہی دماغ اسکا جل — ہی طرف پاؤں کے کرتا سیلان
ابوطالب کو رہیگا یے میں — کہ رہیں آگ کے اس کو نعلین
کہ بڑا سخت اسی کو ہی عذاب — اور کسی کو بھی نہ ہوگا یہ عذاب
ابوطالب کا اگرچہ ایماں — نہیں ثابت بدلیل و برہاں
مال و جان اپنا کیا شہ پہ نثار — اور کیا دیں کی تائید ای یار
کفر و ایمان کی یہاں لا تکرار — لیے ادب اس سے نہ ہو تو زنہار
یونہی آگاہ لکھا ای ذیشاں — نسخۂ تحفۂ احباب میں جاں

ام المومنین حضرت خدیجہ علیہا السلام کا وفات اور فضائل و مناقب اس زوجۂ سید کائنات کے

اور اسی سال میں ای نیک صفات — ہو چکا بی بی خدیجہ کا وفات
پس یہ دونوں کا بہت ای اکرم — شاہ عالم کو ہوا درد و الم
گھر میں خاتوں چچا تھے باہر — مطمئن ان سے تھی شہ کی خاطر
بوامامہ سے ہی مروی یہ بات — کہ وہ خاتون نے در وقت وفات
سن کے روئے ہیں بہت شاہ ہدا — اور بی بی کے کیے حق میں دعا
تیری مشتاق ہے فردوس بریں — اور خاتوں ہی تو جنت کی بقیں
خواہراں تیرے ملینگے ہر دو — مریم و آسیہ ہیں وے خوش خو
خوف و ہیبت سے کبھو کوئی دم — حق تعالیٰ یہ نہیں کھائے قسم
نقل ہے جبکہ خدیجہ یہ سنی — گرچہ سکرات میں تھی لیک ہنسی
تیسرے دن بعد ابوطالب کے — گئیں فردوس کو وہ دنیا سے
کیونکہ تھے دو تو مددگار معیں — دیتے ہر امر میں شہ کو تسکیں
اسلئے آپ بہت تھے مغموم — سال غم سے وہ برس تھا موسوم
موت کی کربت و سختی کا بیاں — عرض کی جبکہ زسالار جہاں
بعد حضرت نے اونھیں فرمایا — ای خدیجہ تو ہی سردار النسا
بہن اور ماں سے ملے اپنے جا — بہن سارہ ہی تری ماں حوا
خلق میں مثل نہ تھے جن کے تئیں — پاک تھے عذر نسا سے وے یقیں
حق بہت ان کو دیا تھا عزت — سو کناں ہیں وے ترے در جنت
اور یوں عرض وہ کی ای امجد — کہ ترا ہر دو مبارک باشد

بہرہ ور آپ سے حق ان کو کرے
خوش ہیں آپ بھی ان ہر دو سے

رشک سوکن کی نہ ہوگی ان سے
اور ملالت بھی نہ ہوگی تجھے

پس کیا روح مقدس رحلت
دار دنیا سے بسوی جنت

اور اولاد بھی اس کے سدا
ہو وے رضوان و تحیات خدا

طول نسخہ ہوا گر تھوڑے لکھوں
اکتفا دس یہ خصائص پہ کروں

تھی بہت اسکی نبی کو خاطر
اس سے رکھتے تھے محبت اکثر

بکر تھا جب کئے عقد اس کو نبی
یہ شرف پائی نہیں کوئی بی بی

اور چوتھا یہ خصیصہ ہی جلیل
بو ساطت شہ دین کے جبریل

پانچواں یہ کہ جیتے تک وہ کبھی
ایک دم شہ کو نہ آزردہ کی

دختراں چار پسر دو دلخواہ
ایک قاسم ہی دوم عبد اللہ

ساتواں شہ کے ہیں جتنے اولاد
سلسلہ ان کے نسب کا رکھ یاد

آٹھواں اس کو دیا رب انام
دولت سبقت دین اسلام

حشر تک جتنے ہوں عامل اس کے
جس قدر ان کو جزا حق سے ملے

اجر امت کا بھی پس جتنا
ہو وے بی بی کو ملے گا اتنا

بہر خوشنودی خلاق رہی
خرچ کرتی تھی بہت وہ بی بی

دیکھ کر ان کو نبی تھے مغموم
بات خاتون کو ہوئی یہ معلوم

اور ڈوالی بڑی یک انبار
تھے زر سرخ کے ہی سب دینار

شخص تھا اسکے جو یک جانب پر
دسری جانب میں نہ آتا تھا نظر

جو کہ چاہے سو کرے ہی مختار
شہ تصدق کئے وہ سب دینار

حق میں کرتے تھے بہت اسکے دعا
ذکر خیر اس کا بھی کرتے تھے سدا

آئی سوکن کی مجھے بس غیرت
عرض کی شہ سے بہ جرأت

اس سے ازواج جوان و بہتر
آپ کو اب تو دیا ہے داور

دیکھ وہ غصہ ہوئے ہیں لرزاں
اور بیجو دہو گری ہوں اس آن

اور کی عرض وہ کر حمد اللہ
سوکناں بیہ نہیں ہے وائی شاہ

خواہران ہیں یہ وہ بلکہ دو ہیں
انسے خوشنود رہونگی بس میں

حقتعالی سے تحیات و سلام
روضۂ پاک پہ ہو اس کے مدام

بے نہایت ہیں فضائل اسکے
اور کمالات و شمائل اس کے

پہلا جب تک کہ تھے زندہ بی بی
دوسری نہ کئے عقد نبی

ہی خصیصہ یہ دوم ای بھائی
شہ کے وہ پہلے نکاح میں آئی

تیسرا اس کو کہے ہیں سرور
ساری امت کی زنانسے بہتر

حقتعالی کے حرف سے ای ہمام
بولا ہی حضرت خاتوں کو سلام

چھٹواں یہ ہی کہ نبی کو اولاد
بطن سے اسکو ہوئیں رکھیاد

دختراں آپ کے زینب رقیہ
ام کلثوم و جناب زہرا

تھی ہے ای خاتون سے جاں
بسکہ عظمی یہ خصیصہ ہے پہچاں

ہی خبر نیک چلیں ای دمساز
اولاد جو کہ کرے گا آغاز

اس قدر اجر و ثواب ای ذی لبر
اس کے بانی کو ملے دیگر

جان نواں یہ خصیصہ آباد
مال و زر رکھتی تھی خاتون بیاد

قحط مکے میں پڑا تھا یکبار
خلق تھے رنج و الم میں بسیار

تب فرشتوں کو بلائی ہی وہ
اور خزانے کو کھلائی ہی وہ

کہا صدیق نے تھا میں بھی وہاں
ایسی انبار پڑی تھی وہ بیاں

بولی تم لوگ گواہ ہو سبھی
ہی یہ سب مال خدا ملک نبی

دسواں یہ ہی کہ نبی جیں حیات
اس کے اور بار ہا میں بعد وفات

عائشہ بی بی کہ وہ شاہ عبا
جب بہت کرتے خدیجہ کو یاد

یا نبی وہ تو ضعیفہ ہو گی
یاد فرماتے ہو بس اس کو ابھی

آہ جب تجھ سے ہوئی یہ جرأت
آئے غصے میں بہت ہی حضرت

یوں عاکر نے لگی ہیں ای رب
جا کے گر تیرے نبی سے یہ غضب

عہد کرتی ہوں کہ آئندہ کبھی | نا کروں ذکر خدیجہ بہ بدی
بس کہے حق کی قسم شاہ زمن | اس سے بہتر نہیں پایا میں زن
لائی اول وہ مرے پر ایماں | کافراں جبکہ تھے سب لوگ عیاں
اور کی اوس نے ہی میری تصدیق | لوگ تکذیب کیے جب تحقیق
اور دی مال مجھے وہ اکثر | لوگ محروم کیے جب یکسر
اور دیا مجھکو اسی سے اولاد | کر بہت فضل و کرم رب عباد
عایشہ کہتی ہیں از شاہ عرب | میں سنی اسکے فضایل یہ جب
عزت و قدر و بزرگی اسکی | بالیقیں جا کی مرے دل میں کی
پھر کبھی یاد نہ کی بے تعظیم | نام بھی اس کا نہ لی بے تکریم

ظلم کفار قریش کا اور تشریف فرمانا حضرت کا طرف طائف کے اور ظاہر کرنا دعوت اسلام کا اور ظلم طائف کے کفار بدانجام کا

نقل ہے جبکہ موا ابوطالب | بولہب شہ کی طرف ہوا غضب
بولا سرور سے کہ تم مت ہو ملول | کام میں ہی رہو اپنے مشغول
ابوطالب کے ہی مانند یہ نقش | آپ کا میں ہوں مددگار و معین
جب لگا کرنے وہ سرور کی مدد | کافراں کرکے بہت مکر و حسد
اس کو بولے کہ کہے پیغمبر | ہی مقر عبد مطلب کا سقر
بس یہ سنتے ہی نبی سے بدلا | ساتھ کفار کے ہی جا کے ملا
متفق ہو کے تمامی کفار | پھر لگے شاہ کو دینے آزار
اس قدر جور و جفا آہ کیے | کہ نبی مکہ میں تب رہ نہ سکے
گئے طایف کی طرف مکے سے | دعوت دیں واں کرنے لگے
اک مہینا تھے بدعوت مشغول | پر نہ کفار کیے کوئی قبول
جمع ہو واں کے بھی سارے کفار | دی حضرت کو بہت کچھ آزار
تھے چلے راہ سے یکدن سرور | آپ کی پیٹھ لگے وہ ابتر
مثل کتوں کے وے کرتے غوغا | پھینکتے تھے وے بہت سنگ جفا
پائے اشرف ہوے جب خون آلود | پونچھتے خون کو اپنے وہ زود
نگرے خون نبی تا بہ زمیں | صدمہ قہر و عذاب آوے ہیں
زید متبنی پسر حضرت کا | جبکہ تھا ہمرہ آں شاہ ہدا
ہوتا اس حال میں حضرت کا سپر | لیتا تھا آپ پہ ہی وہ پتھر
زید کے سر کو بہت زخم لگے | اور بہت خون بہا ہی اُس سے
اس مصیبت میں رسول والا | درگہ حق میں کیے مانگے دعا
یک دعا یہ بھی ہی اس سے ملقین | ہی اس امت کے ضعیفوں کے تئیں

اللّٰھم اشکوا الیک ضعف قوتی وقلة حیلتی وھوانی عند المخلوقین انت ارحم الراحمین و انت رب المستضعفین وربی الی من تکلنی الی عدو بعید یتجھمنی وملکته امری ان لم یکن لک بی غضب فلا ابالی ولکن عافیتک اوسع لی اعوذ بنور وجھک الذی اشرقت له الظلمات وصلح علیه امر الدنیا والآخرة ان ینزل بی غضبک ویحل علی سخطک لک العتبی حتی ترضی ولا حول ولا قوة الا بک - یا اللہ شکایت کرتا ہوں میں درگہ میں تیرے اپنی قوت کے ضعف اور حیلے کی کمی اور ذلیل وخوار ہونیکی اپنے لوگوں کے پاس تو رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والا ہے اور تو پروردگار ہر ضعیف کا اور میرا ہی اور مجھکو کس پر

چھوڑتا ہی ایسے دشمن دور طرف کہ جو مجھے دیکھنے ترش رو ہوتے اور تو اُسے میرے کام کا مالک گردانا ہو اگر تیرا غضب مجھ پر نہو تو کچھ خوف نہین کرتا ہون لیکن عافیت تیری وسیع ہی پہ لیتا ہون نور وجہ سے تیرے جس سے روشن ہوا اندھارے اور درست ہوا کام دنیا اور آخرت کا اترنے سے تیرے غضب اور ناخوشی کے مجھ پر تجھ کو پہنچتا ہی عتاب کرنا آپ خوش ہونے تک اور حول و قوت نہین مگر تجھی سے ۔

یہ دعا آہ کیے جب وہ رسول
ہوگئی درگہ حق مین مقبول

بھیجا تب ایک ملک کو داور
جو موکل ہے پہاڑون اوپر

اور کیا عرض کہ ای خیرِ ورا
آپ کا تابع ہون از حکم خدا

حکم گر آپ کا ہو ای اکمل
دو طرف مکے کے جو دو ہین جبل

ان کو ٹکرا دون ابھی مین لاکر
ہون ہلاک آپ کے دشمن یکسر

شہ کہے یہ نہین چہتا ہوں میں
بلکہ امید یہ رکھتا ہوں میں

ان کے اصلاب سے شاید کہ خدا
ایسے اولاد کرے گا پیدا

جو عبادت کرے مولا کی ٹھیک
نہ کریں اس سے کسی کو وے شریک

الغرض شاہ بصد رنج و الم
چلے طائف سے بمکہ جس دم

رہ میں یک باغ پہ پہنچے ہیں آ
باغ وہ عتبہ و شیبہ کا تھا

آہ آثار پریشانی کے
اور علامات بھی حیرانی کے

دیکھ کر چہرۂ اقدس پہ مگر
لائے کچھ رحم قرابت شہ پر

ایک نصرانی جو تھا ان کا غلام
تھا جو عدّاس بیقین اسکا نام

ہاتھ سے اسکے طبق یک انگور
جلد بھیجے ہیں وہ حضرت کے حضور

جب رکھے خوشۂ انگور پہ ہات
کہے بسم اللہ شہِ موجودات

شہ کا منھ دیکھ کہا تب وہ غلام
اس بلد میں نہیں کبھو ایسا کلام

نہ کسی سے بھی سنا تھا واللہ
کیا عجب ہی یہ کلام دلخواہ

پوچھے شہ کونسا ہی شہر ترا
بول اور دین بھی کہتا ہی کیا

بولا ہی دین مرا نصرانی
نینوا ہی مرا بلد ای گیانی

شہ کہے قریۂ یونس ہے تو
پوچھا کیا جانتے ہو یونس کو

کہے ہان ہی وہ برادر میرا
تھے مرے مانند پیمبر حق کا

پوچھا کیا آپ کا ہے نام تمام
شہ کہے میرا احمدؐ ہی نام

کہا توریت و انجیل میں صاف
آپ کے دیکھے ہوں مینے اوصاف

آپ کو مکے میں بھیجیگا خدا
مکیان آپ کے ہوں گے اعدا

اسلیے آپ کریں گے ہجرت
آپ کو اپنے ہی آخر نصرت

آپ کا دینِ مقدس پُر نور
سارے آفاق میں پاویگا ظہور

ہاتھ اور پاؤن پہ شہ کے اس آن
جلد بوسہ دے وہ لایا ایمان

پس گیا عتبہ و شیبہ ہر دو
پوچھے کیوں بوسہ دیا تو اسکو

وہ کہا حق کا ہی یہ پیغمبر
لایا ایمان بدل میں اسیر

الغرض آگے روانہ ہو رسولؐ
بطن نخلہ مین کیے نزد نزول

ایک منزل ہی وہاں سے مکہ
جب ہوی رات وہاں ای آگہ

ہوکے تب شاہ نے مشغول نماز
جب کہ کی قرأت قرآں آغاز

ناگہاں پہنچے ہیں جنات وہاں
نو نفر تھے وے سبھی نیک عنوان

آئے تھے شہر نصیبین سے وے
سبب آنے کا یہی ہی ان کے

شہ کا دنیا میں ہوا جبکہ ظہور
جن ہوے چرخ کے جانے سے دور

جانے اوپر ہی وے جب سے تھے
رہتے تھے شعلۂ آتش پیچھے

مشورت یوں کیے جنان خبر
کچھ نیا حادثہ ہی جگ مین مگر

شرق سے غرب تلک دیکھو جا
وجہ کیا اس کا ہی تم پاؤ بھلا

اسلیے نکلے وے جنات ای یار
ہر جگہ کرتے ہوے استفسار

آئے اس دشت میں سب وے ناگاہ
اور سنے شہ سے کلام اللہ

یون لگے کہنے کو آپس میں تمام
کہ یہ قرآں ہی کلام رحمان
اور جنات فلک پر جانا
کہ جہاں بیچ جو ہوونگے کام
ذکر رہتا ہی ملک میں اس کا
اقتضا حق کی یہ کی ہی حکمت
الغرض آئے تھے جو جنات

ہم کبھو ایسا سنے تھے نہ کلام
ہیں نبی اسکا ہوں لاؤ ایمان
جو کہ موقوف ہوا ہی دانا
یک برس آگے وہ ہونے کے تمام
شہرہ عام فلک میں اس کا
کہ نہ آیات میں ہووے سرقت
لاکے حضرت پہ وہ ایماں اس رات

ہی یہی حادثہ دنیا میں نیا
وے بھی ویسے مسلمان ہوے
اپنی تفسیر میں ہی با تمیز
جو ملایک ہین مدبر بہ فلک
یونہی از پیش نزول قرآن
اسلئے چرخ پہ چڑھنے سے خدا
قوم سے اپنے کہے ہین جاکر

شہ سے پوچھے وہ انہین فرمایا
شہ پہ قرباں بدل وجاں ہوے
یوں لکھا قطب باں عبد عزیز
ان سے ہوتے ہیں آگاہ بیشک
ذکر تھا اس کا فلک پر ہر آن
منع جنات کو سب کر ہی دیا
چونکہ قرآن میں آئی یہ خبر

اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا يَّهْدِيْٓ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ اَحَدًا

ہم نے سنا ہی ایک قرآن عجب بتلاتا نیک راہ پھر اوسپر ہم ایمان لائے اور ہرگز نہ شریک ٹھہرائینگے اپنے رب کا کسی کو۔

پس وہ جنات کی یک فوج بڑی
انکے آنے سے خبر شہ کو دیا
دائرہ کھینچ کے تب یک اسجا
ابن مسعود یہ دیتا ہی خبر
پس پیمبر ہوے مشغول نماز
جبکہ حضرت ہوے فارغ ز نماز
نقل ہے چلے وے تب ای آگہ
بھی روایت ہی کہ و حضرت
کردیے آپ مقرر پہ تب
اسپہ قدرت سے خدای تعالی
تاکہ سرگیں پہ ہو دانے پیدا
دیا سرور نے انھین ایسا زاد
یونہی جنات بہت سے آئے
اور فاروق معظم ذیشاں

شہ سے ملنے کو بہ مکہ آئی
آئے مکے سے بدل شاہ ہدا
ابن مسعود کو اوس میں بٹھلا
کہ وہ جنات پہ تھی میری نظر
اور کئے سورہ طہ آغاز
لائے ایماں وہ سب نیک طراز
شاہ عالم کی رسالت پہ گواہ
توشہ بطور تبرک مانگے
استخوان انکے لئے زاد عجب
گوشت کرتا ہی ہویدا وافر
ذائقہ لیوے دوا اس سے سدا
کام آتا ہی جو تا یوم تناد
سرور دین پہ ایمان لائے
اس روایت کا کیا یوں تبیان

آکے حجون میں اترے یکسر
ابن مسعود بھی تھا تب ہمراہ
بولے دیکھ انکو تو کچھ خوف نک
ایک کہ شخص قوی ہیکل تھا
وے بہت شوق سے ہی سننے لگے
ہی روایت کہ وہ تھے سب چھپے
یک شجر ہو کے وہاں تب گویا
واسطے اپنے وست آ ماہر
ہی حدیث آئی کہ جن نے دیکھا
چاہا یا یونکے لئے انکے یقین
مین سے شہ کے دعا کی کر تیار
پس اسی واسطے ای اہل صفا

تب حرم بیچ جو تھا ایک شجر
جبکہ حجون میں پہنچے وہ شاہ
دائرے سے بھی نہ باہر ہو مگر
اور سیاہ رنگ بہت تھا انکا
اور سعادت کے ہی گل چننے لگے
الف بار انھے روایت ہی
شاہدی شہ کی رسالت پہ دیا
اپنے بھی جانوروں کے خاطر
ہوئے بولا گیا بسم اللہ اگر
بھی ہوا زاد مقرر سرگین
لذت ہر دو میں رکھا ہی بسیار
منع ان چیزوں سے ہی استنجا

ابلیس کا پوتا ہامہ ایمان لانے کا بیان

کہ تھے ہم ہمرہ سالار بشر
ایک دن کوہ تہامہ اوپر

یک بیک ایسے مین تب یک بڈھا
چل دیا ہاتھ مین لیے اپنے عصا

آکے حضرت کو کیا جلد سلام
دے جواب اس کا کہے شاہ انام

اس کا آواز ہی جن کا آواز
پوچھے نام اسکا شہ خلق نواز

وہ کیا عرض مرا ہامہ نام
ہیم ہی نام مرا غیر کلام

ہیم کا باپ ہی بیشک لاقیس
باپ لاقیس کا ہیگا ابلیس

شہ کہے تیرے اور ابلیس کے بین
پشت گزرے ہین یہی دو بیچ مین

عمر گزری ہی تری کس مقدار
وہ کیا عرض ای سالار خیار

جیونگا آخر دنیا تک مین
طفلگی میری ستوای شہ دین

مارا ہابیل کو قابیل نے جب
بچپنا مجھکو تھا ای سرور رب

بات لوگون کی سمجھتا تھا ہان
اور پھرتا تھا پہاڑون مین دوان

اور لوگوں کا طعام اور اناج
مین چراتا تھا بہت ای سرتاج

ڈالتا لوگون کے دلمین وسواس
بدسلوکی تھی مری خلق کے پاس

شہ کہے تیری جوانی پیری
اور طفلی بھی بدی مین گزری

عرض یون کرنے لگا حضرت سے
کہ مجھے اب نہ ملامت کیجے

توبہ کرنے کے لئے مین آیا
اور خدمت سے سعادت پایا

نوح سے بھی مین ملاقات کیا
ان کی مسجد مین بھی سالہا تک رہا

ہاتھ پر ان کے کرا اول توبہ
تا بیک سال رہا در سجدہ

صحبت یوسف و یعقوب و ہود
بھی کیا مجھ کو میسر معبود

اور موسیٰ سے ملاقات کیا
اور توریت کو اُنسے سیکھا

اور تحیات و سلام موسیٰ
مین کہا ہون بجناب عیسیٰ

اور عیسیٰ بھی تحیات و سلام
خدمت عالی مین لیے تو ہین پیام

آپ سے عرض یہی کرتا ہون
اور امید یہی دھرتا ہون

یارسول اللہ ز قرآن کریم
مجھکو اب کیجیے کچھ یک تعلیم

اس کو سکھلائے رسول اکرم
سورۂ واقعہ اور سورۂ عم

کہے حاجت تجھے گر کچھ ہو وے
آ تو نزدیک بلا شک میرے

بشارت دینا جنات کا بعثت سے سید کائنات علیہ الصلوٰۃ والتحیات کے

اور جنات بہت لوگوں سے
شہ کی بعثت سے بشارت دیے

ہی از انجملہ سعید ابن عمر
یوں روایت سے دیتا ہی خبر

جاہلیت مین بیقین باپ مرا
نذر یک بت کی کیا تھا بکرا

پاس بت کے اُسے ذبح کیا
پیٹ سے اسکے یہ آواز ہوا

کہ نبی عبد مطلب سے خدا
یک پیمبر کو کیا ہے پیدا

کردیا منع و حرام اس نے ٹھیک
نذر اور ذبح بتون کے نزدیک

اور ممنوع ہوا اُس سے زنا
اور جنات فلک پر جانا

جب سنا باپ مرا یہ آواز
فکر و حیرت سے ہوا ہی دمساز

آیا مکے کو یہ کرنے تحقیق
جا کے پہنچا یہ جناب صدیق

کہے صدیق بلا شبہ و گمان
ہوئے مبعوث محمد ہین یہان

آپ پر بھیجا ہی حق نے قرآں
لاؤ اب جلد تم اس پر ایماں

روایت

نقل کرتا ہی زباب ای اکرم
کہ مرے پاس بھی تھا ایک صنم

اس کا کرتا تھا مین پوجا ہر دن
اور یک دوست تھا میرا جن

روز و شب ملک عرب کی اخبار
مجھ کو پہنچاتا تھا لے آ بسیار

بت کے نزدیک مین سویا یکدن
یک بیک مجھکو پکارا وہ جن

لے مرا نام کیا مجھکو خطاب
کہ ہی نکلا ہی ایک عجاب

یعنے نکلا ہی محمد مرسل
اس کو قرآن دیا عز و جل

شہر کے میں ہی دعوت اسکی / بسکہ سچی ہے نبوت اسکی
جو رسالت کا ہے اس کے منکر / جائے دوزخ میں یقین وہ کافر

جب یہ آواز سنا میں اظہر / قوم کو اپنی دیا اس نے خبر
ایسے میں مکہ سے کوئی آیا / کیفیت سرور عالم کی کہا

بت کو بس اپنے میں چھوڑا میں / رشتۂ کفر میں توڑا میں
اونٹ پر اپنے ہوا جلد سوار / آکے پہنچا یہ حضور سالار

سرگزشت اپنا کیا عرض تمام / اور اسی وقت میں لایا اسلام
ایسے ہی آئے ہیں قصے بسیار / ہیں تفاسیر و سیر میں ای یار

یہ روایات ہوئے جو مذکور / ہیں یہ تفسیر عزیزی مسطور
اور اسی سال ہے سودہ کی جاں / اپنی تزویج کئے شاہ جہاں

اور اسی سال میں بافوز و فلاح / عائشہ سے بھی کئے اپنا نکاح

طفیل بن عمر رضی اللہ عنہ کا ایمان لانا

اور اسی سال طفیل ابن عمر / دوس کی قوم کا تھا جو مہتر
آیا جب مکے کو جا استقبال / یوں کہے اس کو قریش بدحال

کہ نہ مل تنہ سے نہ سن اسکا کلام / اسکے جادو کا پڑے تجھپہ نہ دام
اس کو جب ہوتا تھا مسجد پہ گزر / اسلئے رکھتا تھا روئی کان اندر

نقل کرتا ہی طفیل فیروز / گیا مسجد میں میں ناگہ یکروز
شاہ تب پڑھتے تھے قرآں باواز / کان میں میرے پڑا کچھ آواز

یک بڑی اس سے حلاوت پایا / جلد پس شاہ پہ ایماں لایا
پس کیا عرض وہیں ای سرور / میں قبیلے کا ہوں اپنے مہتر

معجزہ سات مرے یک ہو نشاں / دیکھ تا قوم بھی لائے ایماں
دے دعا شاہ نے کی ہی رخصت / جب چلا سوی وطن با عزت

درمیاں میرے دو ابرو کے عیاں / ہو گیا نور عجب یک رخشاں
میں ڈرا قوم مری دیکھ اسے / کہیں آتش کا گماں نا لائے

التجا حق سے تبھی میں لایا / نور وہ قمچی میں میرے آیا
مثل قندیل کے تھا بس رخشاں / لوگ وہ دیکھ کے ہوتے حیراں

جب پدر گھر میں ملا ہی پہلے / میں کہا دور ہو میرے سے
باپ حیراں ہو سبب کیا پوچھا / تب کہا کہ میں مسلماں ہوا

تو ہی کافر بھی ترا دیں باطل / دیں سچا ہے مرا اور کامل
تب کہا باپ جو دیں ہے تیرا / میں بھی ازدل سے قبول اسکو کیا

غسل کر پاک وہ پہنا کپڑے / ہوا ایماں سے مشرف پہلے
پھر کہا زن کو وہ لائی ایماں / پھر مسلماں ہوے سب خویشاں

اور قبیلے کو کیا جب دعوت / تھوڑے ایمانکی پائے دولت
بعد چند روز کے جا پھر شہ پاس / یوں کیا عرض کہ ای خیر الناس

قوم میں میرے ہوے دو فرقے / نہیں ایمان قبولے بعضے
کیجئے انکی ہلاکت کی دعا / بددعا پر نہ کئے شاہ ہدا

کر دعا ان کی ہدایت خاطر / یوں کئے حکم مجھے وہ فاخر
جا تو کر نرمی سے دعوت وہاں / میں کیا دو ہی وہ لائے ایماں

جب ہوا جا کے میں خیبر کے روز / شہ کی خدمت میں سعادت اندوز
تب مرے ساتھ تھے اتنی گھربار / مرد و زن لائے تھے ایمان بسیار

مجکو یک قوم پہ بھیجے شہ تب / توڑ ڈالا میں بتاں انکے سب
آگ میں ان کو جلا ہی ڈالا / فتح و نصرت سے مدینے کو گیا

سوالات بیہودہ کرنا کفار قریش کا جناب رسالتمآب میں اور مشرف نزول آیات قرآن کا مذمت میں کافرونکے

اور اسی سال صنادید قریش / جمع ہو کہتے میں سارے بدکیش
یوں کئے عرض کہ ای شاہ انام / تم جو دیتے ہو بتوں کو دشنام

کفر سے کرتے ہو ہم کو منسوب　بولا کیا اس سے ہی اپنا مطلوب
مال و زر کی ہی طلب گر ہے بحال　لیجیے حاضر ہی ہمارا زر و مال
شاہی گر چاہتے ہو با عزت و جاہ　متفق ہو کریں ہم آپ کو شاہ
اور ہی بیماری اگر کچھ لاحق　ہم لے آتے ہیں طبیب حاذق
تم بہر حال ہمارے دین کو　مت کھو بد یہ قدیم آئین کو
تب کہے مال تمھارا زنہار　میں نہ چہتا ہوں شاہی کار
میں ہوں بے شبہ رسولِ دوران　ہی بھلا دیو اگر تم ایمان
ورنہ میں صبر کروں گا آخر　حق جو چاہا سو کرے گا ظاہر
سن کے یہ کہنے لگے وے ابتر　کہ اگر حق کے ہو تم پیغمبر
چشمے پانی کے رواں کیجو آپ　تا کریں باغ و زراعت ہم سب
یا ملک ایک فلک سے اترے　اور رسالت پہ گواہی دیوے
یا تمھیں دیوے خدا اگر ہے پسند　مال و باغات و عمارات بلند
یا خزانے اور زمیں تم کو ملیں　تم ہی سب لوگ میں ممتاز رہیں
آپکو ایسی موجب شوکت و شان　آپ پر لاوینگے ہم تب ایمان
ایسے بیہودہ کئے جب وے کلام　یوں جواب انکو دیے شاہِ انام
تم جو چاہے سو ہیں سب ادنیٰ کام　حق کی قدرت میں ہیں بیشک وے تمام
صد ہزار ایسے اگر وہ چاہے　کر عیاں پل میں ہی یک بتلاوے
پر مجھے حکم نہیں ہے از رب　ایسی چیزوں کو کروں اس سے طلب
ہے یہی حکم کہ احکام خدا　تم کو پہنچاؤں دکھا راہ ہدا
بولے یہ چیزیں نہ گر بتلاویں　آپ پر ہم بھی نہ ایماں لاویں
کیجیو حق سے طلب ہم پہ عذاب　تب وہ باشاہ نے یوں انکو جواب
حق ہی مختار ہے چاہے جب　جانو بے شبہ عذاب آوے تب
سن کے یہ باتیں وے بد انجام　پھر کئے ویسے ہی بیہودہ کلام
شاہِ عالم اوٹھے تب ہو کے ملول　تب یہ آیات کئے شرف نزول

وَقَالُوا لَن نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنبُوعًا أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ مِّن نَّخِيلٍ وَعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْأَنْهَارَ خِلَالَهَا تَفْجِيرًا أَوْ تُسْقِطَ السَّمَاءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا أَوْ تَأْتِيَ بِاللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ قَبِيلًا أَوْ يَكُونَ لَكَ بَيْتٌ مِّن زُخْرُفٍ أَوْ تَرْقَىٰ فِي السَّمَاءِ وَلَن نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتَّىٰ تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتَابًا نَّقْرَؤُهُ قُلْ سُبْحَانَ رَبِّي هَلْ كُنتُ إِلَّا بَشَرًا رَّسُولًا ۔ یعنے اور بولے ہم نہ مانینگے تیرا کہا جب تک تو نہ نکالے ہمارے واسطے زمین سے ایک چشمہ یا ہو جاوے تیرے لئے ایک باغ کھجور اور انگور کا پھر بہاوے اسکے بیچ نہریں چلا کر یا گراوے آسمان ہم پر جیسا کہا کرتا ہے ٹکڑے ٹکڑے یا لے آ اللہ کو اور فرشتوں کو ضامن یا ہو جاوے ایک گھر سنہرا یا چڑھ جاوے تو آسمان میں اور ہم یقین نہ کرینگے تیرا چڑھنا جب تک نہ اتار لاوے ہم پر ایک لکھا جو پڑھ لیویں تو کہہ سبحان اللہ میں کون ہوں مگر ایک آدمی ہوں بھیجا ہوا۔

بولہب بعث کا منکر ہو جہاں　کہتا تھا جسم سے جب جاوے جاں
پھر کے وہ جسم میں کیونکر آوے　جسم کو خاک تو سب کھا جاوے
ماسوا اس کے وہ اور اسکی زن　دکھ حضرت کو جو کچھ رنج و محن
اور مذمت میں وے دونوں کے خدا　بالیقیں سورۂ تبت بھیجا
اور ہلاکی وہ جو دونوں پاوے　گزرا ذکر اس کا بہ تفصیل آگے
شہ کو اور ایک چڑاتا تھا بعین　چشم و ابرو کو ملا اپنے یقین
اس کا منہ ہو گیا دونہی ترپا　حق نے تبھی سورۂ ہمزہ بھیجا
عاص مقروض جو جناب کا تھا　قرض جناب جو اس سے مانگا

عاص بولا کہ تمھارا تو نبی — وعدہ جنت کا دیا تم کو سبھی
چاہیے جو چیز ملے وہان ہر اک — بولا جناب ہان ہے بیشک
بولا وہ تجکو ملے جب جنت — مجکو تیرے سے نہین کم ثروت
مین بھی جنت مین جب آؤنگا — قرض تیرا وہین پہنچاؤن گا
سنحری ایسی کیا جب وہ لعین — حق نے بھیجا ہی یہ آیت کو وہین

أَفَرَأَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِآيَاتِنَا وَقَالَ لَأُوتَيَنَّ مَالًا وَوَلَدًا ۝ أَطَّلَعَ الْغَيْبَ أَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمَٰنِ عَهْدًا

بھلا تو نے دیکھا جو منکر ہوا ہماری آیتوں سے اور کہا مجکو ملنا ہی مال اور اولاد کیا جھانک آیا ہی غیب کو یا لے رکھا ہی رحمن کے یہان قرار

بحث یکروز کیا شہ سے نضر — اور کفار تھے حاضر اکثر
شاہ عالم نے دلائل سے بہم — کر دیا اس کو اسی دم ملزم
کافراں ہو گئے شرمندہ تمام — تب یہ آیت کو پڑھی شاہ انام

إِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ حَصَبُ جَهَنَّمَ أَنْتُمْ لَهَا وَارِدُونَ

یعنی ای کافرو تم روز جزا — اور تم پوجتے جسے حق کے سوا
یہ بھی جائیں گے در نار سقر — اور دوزخ مین تمھارا ہو گزر
جا زبعری سے کہے تب کفار — وہ کیا شاہ سے آیوں تکرار
کہ اس آیت سے یہ معلوم ہوا — کہ ملک اور عزیر و عیسیٰ
جائیں گے آتش دوزخ اندر — کہ انھیں پوجتے ہین لوگ اکثر
شہ کہے اپنی پرستش اوپر — جو ہی راضی سو وہ جاوے یہ سقر
انبیا اور ملائک تو سبھی — اپنے پوجے سے نہ راضی ہین کبھی
بعد موت انکے وہ شیطان شریر — ایک ٹہراکے خیالی تصویر
نام رکھا ان کا عزیر و عیسیٰ — آپ کفار سے بولے پوجا
حشر مین پس ہی شیطان کے سات — جاوین دوزخ مین وہ کریں ہیہات
اور لیے شہ عزیر و عیسیٰ — حمد جنت مین رہین زیب افزا
یہ بیان شہ سے سنے جب کفار — پاوے ہرگز نہ مجال انکار
حسب تقریر رسول مقبول — تب یہ آیت کا ہوا شرف نزول

إِنَّ الَّذِينَ سَبَقَتْ لَهُمْ مِنَّا الْحُسْنَىٰ أُولَٰئِكَ عَنْهَا مُبْعَدُونَ

ترجمہ آگے تیرہ طرف = اس سے دو

اور نضر جبکہ تجارت خاطر — ملک فارس کو گیا تھا تاجر
قصہ رستم و اسفندیار شہیر — لایا لکھے کو وہ ملعون شریر
شاہ جب پڑھکے سناتے قرآں — لوگ ہوتے تھے وہ سنکر قرباں
بعد ملعون وہ کر یک محفل — پس سناتا تھا وہ قصہ جاہل
چند او باتین ہو عاشق اس کے — فخر اس طرح کیا کرتے تھے
کہ نبی گر قصص عاد و ثمود — اور سلیمان و شعیب و داؤد
پڑھ سناوے تو مقرر اب ہم — پڑھتے ہیں قصہ شاہان عجم
تب ان آیات کو جبریل امیں — لایا ہی حق سے بر آن سرور دیں

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَشْتَرِي لَهْوَ الْحَدِيثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيلِ اللَّهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَيَتَّخِذَهَا هُزُوًا ۚ أُولَٰئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُهِينٌ ۝ وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِ آيَاتُنَا وَلَّىٰ مُسْتَكْبِرًا كَأَنْ لَمْ يَسْمَعْهَا كَأَنَّ فِي أُذُنَيْهِ وَقْرًا ۖ فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ - اور ایک لوگ ہین کہ خریدار ہین کھیل کی باتوں کے تا بچلاوین اللہ کی راہ سے بن سمجھے اور ٹہراوین اسکو ہنسی وہ جو ہین انکو ذلت کی مار ہی اور جب سنائیے اسکو ہماری باتین پیٹھ دے جاوے غرور سے گویا ان کو سنا ہی نہین گویا اسکے دو کان بہرے ہین سو تو خوشخبری دے اس کو دکھ والی مار کی (سورۂ لقمان)

اور ولید ابن مغیرہ بدکار — اس طرح کہتا تھا اکثر ای یار
کہ ہے مکے مین مرے سا بہتر — اور طائف مین ہے مسعود شہر

یہ تعجب ہی بہت پر وسواس | کہ نہ جبریل ہی آیا ہم پاس
ابوطالب کا جو ہی ایک یتیم | آوے کیوں اسپہ یہ حیرت ہی عظیم
جبکہ قرآن کو وہ مردود لئیم | یوں کہا ہی دو بلد پر تقسیم
پس مذمت میں وہ ملعون کے خدا | آیت پاک یہ نازل ہے کیا

وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ عَلٰی رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ اَهُمْ يَقْسِمُوْنَ رَحْمَةَ رَبِّكَ نَحْنُ قَسَمْنَا بَيْنَهُمْ مَّعِيْشَتَهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَرَفَعْنَا بَعْضَهُمْ فَوْقَ بَعْضٍ دَرَجٰتٍ اور لگے کہنے کیوں نہ اترا قرآن کسی بڑے مرد پر ان بستیوں کیطرف کیا وے بانٹتے ہیں ترے رب کی مہر ہم بانٹتے ہیں انمیں روزی انکے دنیا کی ہمنے اور اونچے کئے ہمنے درجے ایک کے ایک سے

اور ابی ابن خلف کافر دون | ہار بوسیدہ اٹھا کے ملعون
پھونک دیتا تھا کہ گرد ہوا | اور حضرت سے وہ یوں کہتا تھا
تم جو کہتے ہو کہ مردوں کو خدا | حشر کے روز اٹھاویگا جلا
جبکہ اجزائی بدن گرد ہوویں | جان اس گرد میں پھر آوے کیوں
جمع کر پھوکے سارے اجزا | اسمیں پھر لاوینگے اس جان کو کیا
شہ کہے ہاں کہ ترے سب اجزا | جبکہ گلجاویں تو ان سب کو خدا
جمع کر جان پھرا تجکو اٹھا | نار دوزخ میں یقیں بھیجیگا
حسب فرمان رسول اصدق | تب ان آیات کو بھیجا ہی حق

اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ خَلْقَهٗ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ کیا دیکھتا نہیں آدمی کہ ہم نے اس کو بنایا بوند سے پھر تبھی وہ ہو گیا جھگڑتا بولتا اور بٹھایا کہاوت اور بھول گیا اپنی پیدایش کہنے لگا کون جلا دیگا ہاڑون کو جب گھر کرے ہو گئے تو کہہ ان کو جلاوے جسنے بنایا ان کو پہلے بار اور وہ سب بنانے جانتا ہے (سورہ یٰسین)

آکے عقبہ نے سفر سے یکبار | کیا اسباب ضیافت تیار
جبکہ سرور کو بھی وہ بلوایا | شہ نے اس طرح اسے فرمایا
کلمہ جب تک نہ پڑھے تو یکبار | ہیں ترے گھر کو نہ آؤں زنہار
تب پڑھا کلمہ وہ کر حکم قبول | اپنے گھر تاکہ قدم لاوے رسول
جب ابی ابن خلف ناہنجار | دوست عقبہ کا بڑا تھا ای یار
یہ خبر سن کے وہیں منہ موڑا | رشتۂ الفت عقبہ توڑا
وہ لعیں عقبہ سے پھر یوں پوچھا | دین آبائی کو تو کیوں چھوڑا
وہ کہا میں نہیں چھوڑا ہوں اسے | پر ہی ہمسایہ محمدؐ سے مجھے
میری مجلس میں نہ آنا اس کا | مجھکو زنہار گوارا نہ ہوا
اس لئے کلمہ کہا ہوں مجبور | مجھکو اس بات میں رکھ تو معذور
یوں ہی عقبہ نے منایا بسیار | پر نہ مانا ہی وہ ملعون زنہار
بے ادب ہو کے بہت وہ احمق | بولا ایک بات بڑی نالائق
یعنی بولا وہ لعیں عقبہ کو | دوستی گر مری چہتا ہے تو
رو برو جا کے محمدؐ کے ای یار | تھوک کر آ تو ضرور اب اکبار
آہ عقبہ نے کیا اس کو قبول | اور گیا جلد وہیں نزد رسول
سن وہ کافر کا کہا یہ کافر | آہ تھوکا ہی رکھ اس کی خاطر
جب پیمبر سے کیا بے ادبی | عقبہ کافر ملعون شقی
وہیں از حکم خدائی قہار | تھوک ہو جا کے وہ دو شعلۂ نار
دو نو رخسار جلائے اس کے | موت تک اس کو وہ دو داغ رہے
غزوہ بدر کے دن پس کرار | مار کر اس کو کیا داخل نار

تھوک ناپاک ہو دو چنگاریاں — منہ کو جب سکے جلا ہیں عیاں
پس ہیں اسکی مذمت میں خدا — شہ پہ یہ آیت قرآن بھیجا۔

يَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ يَقُوْلُ يٰلَيْتَنِي اتَّخَذْتُ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِي لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا لَقَدْ اَضَلَّنِي عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِي وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا

جسدن کاٹ کاٹ کھاوے گا ظالم اپنے ہاتھ کہے گا میں نے پکڑی ہوتی رسول کی راہ ای خرابی میری کہیں نہ پکڑی ہوتی میں نے فلانے کی دوستی اس نے بہکا دیا نصیحت سے مجھ تک پہونچی پیچھے اور ہی شیطان آدمی کو وقت پر دغا دینے والا۔

۵ (سورۂ فرقا

اور صنادید قریش ابتر — ایک دن شہ سے کہیں یوں آکر
پوجیں گے آپ کے معبود کو ہم — شرط ہی آپ بھی اے شاہ امم
سب خدایوں کو ہمارے پوجے — نزع طرفین میں پھر کچھ نہ رہے
دے ملاعین کہے جب ایسا — سورہ کافروں تب حق بھیجا۔
یونہی تصدیق میں سرور کے بعض — اور در ذم ضلیلان لعین
بیشتر سورۃ و آیات جلیل — بارہا پایے بپایے تنزیل
(بہکا گمراہان ۱۲) (پے در پے ۱۲)
دیکھ آیات کے اسباب نزول — کہ تفاسیر میں جو ہیں منقول
تا وہ احوال ہے تجھ پر مکشوف — کہ تفاسیر پہ ہی وہ موقوف

غنچہ

الغرض دین کی خاطر حضرت — پائے کفار سے کیا کیا زحمت
کوئی نبی حق کا مصائب ایسے — نہیں پایا کہ جو حضرت پائے
یاں تلک ان کا ستم بڑھنے لگا — ظلم سے ان کے شہ ہر دوسرا
کے میں رہ نہ سکے تب ز خدا — حکم ہجرت کا مدینے کو ہوا
تیرھویں سال میں پس آنحضرت — شہر مکہ سے کئے ہیں ہجرت
بعد ہجرت کے خدائے اکبر — جانیے عرصہ دس سال اندر
سارے کفار پہ غلبہ بخشا۔ — شرق سے غرب تلک دیں چمکا
اس کی تمہید ہے وہ رتبِ علا — گیارہویں سال سے کرتا ہے بنا
یعنے لوگ آکے مدینہ کے یہاں — تھوڑے تھوڑے لگے لانے ایماں

۵
چنانچہ یہ سب
چمن چہارم میں
پہنچے ہے کہ حضرت
میں رہے تک
ہجرت کے بعد
جنگوں میں آپ
اور آپ کے اصحا
کا فرو نسا اور آ
وفات بھی آپکی
کو ظالموں سے کہ
مصیبتیں ہو پہنچ
سے آپ کے جان
کو ڑا ہی رنج ہ
جب آپ سلو
انبیا نے سوا
رنج و مصیبت
سب انبیا سے زیا
آپ کو ہوتی
واسطے فرمات
و ذی النبو
کما او ذیت

آٹھواں گل نبوت سے گیارہویں سال کے احوال میں اور ابتدائی ایمان انصار کرام کا رضی اللہ عنہم

گیارہویں سال کے آخر اے یار — لائے ایمان چھ شخص از انصار
سبب ایماں کا یہی ہے انکے — حج کے ایام جب آیا کرتے
قافلے حج و تجارت کے لیے — ہر طرف سے جو وہاں آتے تھے
ان کے تب جا کے نبی استقبال — دعوت اسلام کی کرتے ہر حال
پس دریں سال اسی عادت پر — چڑھ کے اک ٹیلہ کے اوپر سرور
دعوت دین میں بس شاغل تھے — آئے چھ شخص مدینہ والے
رافع و اسعد و عوف و عقبہ — قطبہ و جابر۔ پسر عبد اللہ
پائے جب رویت سالار جہاں — اور سنے آپ سے اس دم قرآں
یوں لگے کہنے وہ آپس میں زود — کہ مدینہ میں جو احبار یہود
برملا دیتے تھے اکثر یہ خبر — دور آخر کا جو ہے پیغمبر
جانو او لاؤ لوی غالب سے — تھوڑے ایام میں ظاہر ہووے
لاوے اک حق کی طرف سے وہ کتاب — بت پرستی بھی کرے منع شتاب
ہے یہ واللہ وہی پیغمبر — اور وہی ہے یہ کتاب داور
واقعی یہ نہیں انساں کا کلام — ہے بلاشبہہ یہ رحماں کا کلام
چاہیے لاویں ہم اس پر ایماں — اس پہ قربان کریں ہم دل و جاں
تا مدینہ کے سبھی لوگوں میں — ہم ہی بس سابق الایمان ہیں

بیعت عقبہ اولیٰ

پس وہیں جلد وے ایماں لائے　دولت سبقت ایماں پائے
لیعنے اس ٹیلہ پہ ہے آ دمساز　ہوے بیعت سے نبی کے ہمساز
ہوے یہ پچھے ہی ز انصار کرام　سابق دولت دین اسلام
بیعت عقبہ اولیٰ اے امیں　ہوتے ہیں اسی بیعت کو یقیں
سیکھ کر شاہ سے دیں کے احکام　جب مدینہ کو گئے ہیں وے کرام
چو طرف ڈالے ہیں اسلام کا غل　جوں گلستاں میں گلوں پر بلبل
ہوے انوار نبوت روشن۔　پھولا از بار نبوت کا چمن۔
سابقیں جیسے مہاجر ہیں کتھے　سابقیں یہ بھی ز انصار ہوے
پس یہ حرمین کے اگلے اصحاب　جو ہیں انصار و مہاجر بصواب
تابعیں انکے بھی تا یوم قیام　جو کہ ہو ویں گے ز اہل اسلام
ہیں اس آیت کے بشر تکسیر　کہ ہوا راضی انھوں سے داور
اور کیا ان کے لیے حق تیار　نعمتیں دار جناں میں بسیار
اور خلود ان کا ہی در دار نعیم　ان کو ہے حق سے یہ بس فوز عظیم

(سورۂ توبہ) وَالسَّابِقُوْنَ الْاَوَّلُوْنَ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ وَالَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُمْ بِاِحْسَانٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا اَبَدًا ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝

اور جو لوگ قدیم ہیں پہلے وطن چھوڑنے والے اور مدد کرنے والے اور جو ان کے پیچھے آئے نیکی سے اللہ راضی ہوا ان سے اور وے اس سے اور رکھے ہیں ان کے واسطے باغ نیچے آ بہتے ہیں نہریں رہا کریں ان میں ہمیشہ یہی ہے بڑی مراد ملنے۔

خاتمة الطبع

شکر اللہ یہ گلزار ہمام۔　اب لیا رنگ بہار انجام
جس سے گلزار نبوت کی نسیم　اور از بار رسالت کی شمیم
مغز ایماں کو معطر ہی کرے　اور دل و جاں کو معنبر ہی کرے
جس سے احوال رسول اکرمؐ　سید عرب و عجم شاہ امم
ہے ولادت سے یقیں تا معراج　جس میں ہے کشور بعثت کا راج
حسن انجام کا پایا ہے ضیاء　رنگ و بو ختم کی حق اس کو دیا
شہ کی ہجرت سے برس بارا سے　ساٹھ پر پانچ برس تھے گزرے
اس کے ابیات تمامی اے امیں　یک ہزار اور ہوے نو سو بیس
ذکر معراج کا انشاء اللہ　اب لکھوں تسرے چمن میں لخواہ
اے خداوند کریم کرتار　بحر رحمت کو نہیں تیری شمار
تیرا اک بندۂ ادنی ہوں میں　تیرے بندوں میں کمینہ ہوں میں
عمر میری ہوئی گرچہ سی سال　نہ ہوے میرے سے کچھ نیک اعمال
میرے اعمال پہ مت کر تو نظر　کر نظر اپنی کریمی کے اوپر
بخشدے میرے گنہ سر و عیاں　نام تیرا ہے رحیم و رحماں
اپنے الطاف و کرم سے یارب　میرے حاجات روا کیجیے اب
جب تلک ارض و فلک ہیں قائم　فیض نسخے سے یہ پہونچا دائم
تو مرا ہو بھی مجھے بہتر اکر　خاتمہ خیر یہ ہی میرا کر۔
مصطفےٰ واسطے اے رب انام　واسطے آل و صحابہ کے تمام
تیرے محبوب مکرم کے لیے　محی دیں غوث معظم کے لیے
ہے یہی عرض دعائے احقر　اب تو برلا یہ رجائے احقر
بھیج میرے سے صلوٰۃ اور سلام　روح پر سرور عالم کے مدام

تمت

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

حمد اور نعت کر ادا اول — لکھوں معراج احمد مرسل
یہ بڑا معجزہ تھا حضرت کا — اور خصائص سے اس جناب کے تھا
بارہواں سال تھا نبوت سے — بست و ہفتم رجب کی شب تھی کہے
اور یہ رتبہ دلیل و برہاں سے — ہوا ثابت حدیث و قرآں سے

رتبہ معراج کا کرم سے خدا — جو کیا شاہ انبیا کو عطا۔
یہ خصیصہ وہ شاہ دیں کے سوا — انبیا سے نہیں کسیکو ملا
قول اکثر ہے عالموں کا یہی — اور سارے محدثوں کا بھی
حق تعالیٰ بہ سورۂ اسرا — دیکھیے اس طرح سے فرمایا

سُبْحَانَ الَّذِیٓ اَسْرٰی بِعَبْدِہٖ لَیْلًا مِّنَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَی الَّذِیْ بَارَکْنَا حَوْلَہٗ لِنُرِیَہٗ مِنْ اٰیٰتِنَا اِنَّہٗ ھُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝

تفسیر پاکی سزاوار ہے اس ذات پاک کیلیے جو سیر کروایا اپنے بندۂ اکرم یعنے محمد صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کو ایک شب مسجد حرام سے طرف مسجد اقصیٰ کے وہ ایسی مسجد ہے کہ برکت دی ہم نے اس کے اطراف میں جو زمین شام ہے برکت دینی جو اس کو ہم نزول وحی کی جگہ اور انبیا علیہم السلام کی عبادت گاہ ٹھہرائی اور برکت دنیوی جو وہاں بہت سے اشجار اور باغات میوہ دار اور معشیت کی فراخی حاصل ہے ہم اپنے رسول مقبول کو وہاں لے گئے تا دکھلائیں ہم اس کو اپنی قدرت کی نشانیاں جو وہاں سب انبیاے کرام سے ملاقات ہوئی پھر وہاں سے آسمانوں پر لے گئے اور عالم بالا کے عجایب و غرایب بتلائے مقرر وہی ہے سننے والا اور دیکھنے والا۔ یا ہمنا اپنے حبیب کو اپنا کلام اور بتلایا اپنی قدرت کا نشان

از حرم تا بہ مسجد اقصے — سیر سرور کو حق جو کروایا
اور سموات کا جو سیر کیے — ہوا ثابت وہ سب حدیثوں سے

نص قرآں یہ ہے گواہ ایہر — اس کا منکر ہے کافر کفر
وے احادیث پاک ہیں مشہور — چھپے کتب ہیں حدیث کے مسطور

اس کا منکر ہے بدبختی گمراہ
ہم کو اللہ اس سے دیوے پناہ

اور حضرت بہ عالم بالا
دیکھے جو جو عجائبات اعلیٰ

ہوا خبر آحاد سے معلوم
اس کا منکر ہے جاہل و محروم

اور یہ معراج روح و تن کیساتھ
حالِ بیداری میں ہوا اس رات

یہی قول صحیح ہے اور مشہور
اور یہی ہے متفق جمہور

اور معراج کی حدیث کے بھی
تیس صحب کرام ہیں راوی

یعنے بوبکر اور عمر عثماں
چار دیں مرتضیٰ علی ہیں جاں

ابن مسعود اور ابن عمر
اور ابن زبیر پاک سیر

ابن اوفیٰ و ابن عامر ہے
بوہریرہ ہے اور جابر ہے

اور بوذر ز قوم غفاری
ابو ایوب جو ہیں انصاری

اور حذیفہ ہے جو یمانی ہے
جس کو حضرت کی راز دانی ہے

اور عباس عم مصطفوی
اور انس خاص خادم نبوی

مالک و بوسعید اور بلال
اور عمران بن حصین و ہلال

ابو درداء و بو امامہ ہے
ابو سلمہ ہے اور اسامہ ہے

اُمّ کلثوم بنت پیغمبر
اور اُبی بن کعب انکو محضر

عائشہ زوجۂ شہ دوراں
اُمّ ہانی علیہم الرضوان

حاضر ہونا جبرئیل کا حضور پر نور میں سید المرسلین کے اور لیجانا آپ کو مسجد اقصےٰ تک

ہے روایت کہ پیر کی تھی شب
بست و ہفتم تھی وہ ماہ رجب

کیے آرام پڑھ عشا سرور
اُمّ ہانی علی کی بہن کے گھر

جلد از بارگاہ رب جلیل
حکم ایسا ہوا ہے بر جبریل

چھوڑ کر صومعہ عبادت کا
اب کمر بند باندھ خدمت کا

اور اطاعت کا رکھ تو سر پر تاج
آج کی شب ہے لیلۃ المعراج

اور دیجیے خبر بہ میکائیل
کہ وہ تیار ہووے بالتعجیل

کیلِ ارزاق سے ذرا ہو باز
خدمت احمدی سے ہو ممتاز

اور سرافیل کو یہ کہہ دیجیے
ایک دم ہاتھ صور سے رکھیے

ملک الموت کو بھی کہہ یہ بات
قبض ارواح سے ذرا رکھ ہات

اور رضوان کو یہ کہہ دے اب
تا سنوارے وہ جنتوں کو سب

اور مالک کو بول دے یہ بات
بند دوزخ کے تا کرے درکات

شعلہ زن جو ہے آگ دوزخ کی
بس بجھا دیوے جلد اس کو بھی

اور دریا کو بول با فرحت
موجزن تا نہ ہووے یک ساعت

اور بارے کو بول تا نہ بہے
تھوڑا بہنے سے آج باز رہے

آسمانوں کو بول دیجیے اب
باز گردش سے تا رہیں وہ سب

اور حوروں کو بول جنت کے
پہن لیں تا لباس عزت کے

اور زیور سے آپکو دے سنوار
صف بصف سب کھڑے رہیں قطار

عرش کے حاملوں کو اے جبریل
بول دے جا کے اب تو بالتعجیل

چرخ اطلس کو خوب زینت سے
تا مقدس لباس پہناوے

اور کرسی کو حکم یہ دیجیے
زیب دیں سر کو تاج اقدس سے

آدم اور نوح اور خلیل کو اب
موسیٰ اور عیسیٰ و جلیل کو اب

اور سب انبیاے اکرم کو
اس بشارت سے کر تبشیر تو

اور روائح سے قدس کے یکسر
ان کی ارواح کو معطر کر

ساتھ ستر ہزار کے ملک
اب تو جنت کے جا طرف بیشک

اور اس مرغزار جنت سے
برق رفتار یک براق کو لے

پاس میرے حبیب کے اب جا
اور کر عرض یا رسول خدا

حق نے تجھ کو سلام فرمایا
اور درگہ میں اپنے بلوایا

ہے تجھے آج رشب معراج
ہو مبارک یہ منصب معراج

الغرض حکم سن یہ روح امیں
جب کہ پہونچے ہیں آیہ خلد بریں

دیکھے اس مرغزار میں مشتاق
چر رہے ہیں چہل ہزار براق

اور ان کی پیشانیوں پہ تمام
دیکھے مرقوم ہے محمدؐ نام

یہ بہت ان میں اک براق حزیں
سر جھکا اپنا ہے کھڑی غمگیں

پوچھے جبریل کیا ہے غم کا سبب
اس طرح کہنے وہ لگی ہے تب

کہ میں گزرے چہل ہزار برس
سن کے نام محمدؐ اقدس

آپ کے شرق و دید سے ہی یقیں
تب سے ایسا کھڑی ہوئیں غمگیں

داغ عشق محمدی بے قیل
دیکھے ہیں دل پہ اس کے جب جبریل

پس اسی کے تئیں وہ لائے فاخر
شہ کی درگاہ میں کیے حاضر

ابن عباس سے روایت ہے
کہ کہا سرور رسالت ہے

کہ ادا کر کے میں نماز عشا
ام ہانی کے گھر میں خواب کیا

قلب بیدار خواب میں آنکھیں
آئی آواز روح ایسے میں

دیکھا بستر سے اٹھ کے با تعجیل
پاس میرے کھڑا ہے آ جبریل

مجھ کو پہونچا طرف سے حق کے سلام
بعد معراج کا دیا پیغام

اور بولا کہ ہمتیں ایسی
پاؤ گے اور نعمتیں ایسی

کوئی پایا نہ آپ سے آگے
نہ کوئی بعد آپ کے پاوے

میں اٹھا اور وضو بھی جلد کیا
اور دو رکعت کیا نماز ادا

میں جو فارغ نماز سے ہو کے
آیا باہر جب اپنے حجرے سے

مجھ کو جبریل بیک ربانی
ایک چادر اڑھائے نورانی

اور زمرد کے سبز لا نعلین
میرے پہنائے پاؤں میں بازیں

سرخ یاقوت کا بھی ایک پٹکا
اس نے میرے کمر سے باندھ دیا

تازیانہ ہرا زمرد کا
ہاتھ میں میرے ایک اس نے دیا

چار سو دانہاے مروارید
تھے منور لگے اسے اے رشید

پس پکڑ جبرئیل ہاتھ مرا
گھر سے بیت الحرام میں لایا

آپ نے زمزم سے کر وضو بطاف
آ کے کعبہ کا میں کیا ہوں طواف

اک روایت ہے سلسبیل کا آب
لائے جنت سے تھے ملک دریاب

لائے تھے وہ یہ کوزۂ جوہر
طشت یاقوت بھی تھا اک احمر

اور سندس کا حلۂ دستار
لائے تھے سبز رنگ پر انوار

اور وہ دستار پاک پر از نور
چار سطریں تھی باصفا مسطور

تھا ہراک سطر میں محمدؐ نام
یک لقب بھی تھا اسکے ساتھ ارقام

سطر اول میں یعنے اے آگاہ
تھا محمد لکھا رسول اللہ

دوسری سطر میں گرامی جاہ
تھا محمد لکھا نبی اللہ

اور حبیب اللہ اور خلیل اللہ
تیسری چوتھی میں تھا لکھا او خواہ

لایا رضوان آ ہے پاک صفات
اور ملایک چہل ہزار تھے ساتھ

خلق ارض و سما کئے آگے سے
وے ملایک درود پڑھتے تھے

حکم حق سے بصاحب دستار
پس وہ آئی ہے رات جب کے یار

لیا رضوان وہ عمامہ تب
عرض حق سے کیے ملک وے سب

یا الٰہی یہ صاحب دستار
پڑھ رہے تھے درود ہم بسیار

پس مشرف تو کیجے آج کی شب
اس کی دیدار سے ہمیں یارب

حق نے مقبول کر کے انکی دعا
پاس حضرت کے انکو سب بھیجا

پس جو لائے تھے سلسبیل کا آب
اس سے حضرت وضو کیے ہیں شتاب

پھر وہ پانی بہ حکم حق جبریل
لے کے پہونچا دیا بہ میکائیل

اور اس نے دیا بہ عزرائیل
اس نے پہونچا دیا بہ اسرافیل

اور کیا وہ حوالہ رضوان
اور رضوان نے کیا بہ جناں

حکم حق نے کیا بہ حور العین
تر کریں اس سے اپنے منہ کو تیں

تا زیادہ وہ اس آب سے ہووے
حسن اور نور منہ کا حور و کے

یوں ہی زہر الریاض میں مذکور　　روض افکار میں بھی ہے مسطور
تب یہ ہر دو فرشتگان جلیل　　یعنے جبریل اور میکائیل
میرے دل کو نکال کر باہر　　طشت میں زمزمے دھووے ماہر
جو ہوا شق صدر یہ اے یار　　اس شہ انبیا کو جو تھے بار
سیر ملکوت اب تو کرنا ہے　　عرش کے بھی پرے گزرنا ہے
اور ملایک بڑے قوی ہیکل　　اور عظیم و ہیب اے اکمل
اور اک قوت عظیم و فخیم　　قلب میں پاے وہ رسول کریم
وہاں دیکھا کھڑے ہیں میکائیل　　اور ہیں ساتھ انکے اسرافیل
وے مجھے دیکھ سب سلام کیے　　اور بہت سی بشارتیں بھی دیے
پس دیا یار کاب کو جبریل　　باگ پکڑا ہے اس کی میکائیل
منتظر آپ کے ہیں اہل فلک　　حور و غلمان مقرّبین ملک
یعنے اسّی ہزار سیدھے طرف　　اور اسّی ہزار چپ کے طرف
حکم حق کا ہوا یہ روح امیں　　کہ جو نور محمدی کو یقیں
ایک پردے کو وہ اٹھاے تب　　ہوویں بے نور مشعلیں وہ سب
میں کہا یوں کہ اے گرامی جاہ　　تم ہو بے شک مقرب درگاہ
کہ یہ میری بڑی سعادت ہے　　ایسی خدمت سے مجھکو عزت ہے
پس کمال کرم سے اپنے رب　　وہ عنایت کیا ہے آپکی شب
کودنے ہی لگی براق وہیں　　بولے یوں اس کو جبرئیل امیں
یہ حبیب خدا محمد ہے　　سرور انبیا محمد ہے
جلد اس قدر ہوگئی ہے خم　　کہ لگا اس کا جا زمیں سے شکم
بالیقیں از چہل ہزار برس　　میں ہوں مشتاق آپکی ہی بس
بھی سواری سے اپنے روز جزا　　کیجیے عز و شان مجھ کو عطا
رہ رواں یوں ہوئی براق اے یار　　شان بجلی کے اس کی تھی رفتار

الغرض مصطفےٰ نے فرمایا　　جب میں بیت الحرام میں آیا
حکم حق سے مجھے سلا بزمیں　　میرے سینہ کو شق کیے ہیں وہیں
پھر رکھے دلکو اسکی جا میں جب　　وصل سینہ کا کر دیے ہیں تب
اس کی حکمت بھی کیجیے معلوم　　یوں ہے فتح العزیز میں مرقوم
اور انواع کے تجلیات　　اور انوار دیکھنا اس رات
شاہ عالم کو جب کہ آوے نظر　　خوف و وحشت نہ آے تا دلپر
الغرض شاہ دیں نے فرمایا　　بعد باہر حرم سے میں آیا
ساتھ ہر ہر کے تھے ملک بے پا　　آے ستر ہزار یک بہ شمار
اور میں دیکھا براق ہے حاضر　　لاے مجھ پاس اسکو وے فاخر
اور اس طرح وہ مرے سے کہے　　ہو کے اس پر سوار اب چلیے
پس ہوا ہوں براق پر میں سوار　　تھے ملایک مرے یمین و یسار
ان کے ہاتھوں میں مشعلیں تھیں تب　　نور سے عرش کے درخشاں سب
ہم رکھے ہیں ہزار پردو میں　　ایک پردے کو اب اٹھا دویں
ہاتھ رکھے رکاب پر جبریل　　غاشیہ کو اٹھاے اسرافیل
پس نہ میرے ہو غاشیہ بردار　　تب وہ میرے سے یوں کیے اظہار
حق سے چاہا تھا میں کہ یکساعت　　تا بجا لاوں آپ کی خدمت
اک روایت ہے وہ شہ اکرم　　رکھے جب در رکاب اپنا قدم
اس خبردار با ادب ہشیار　　کون ہوتے ہیں دیکھ تجھ پہ سوار
ہوگئی سن براق یہ لرزاں　　عرق اسکے ہوا بدن سے رواں
اک روایت ہے آپ سے اے یار　　کی وہ یوں عرض اے شہ ابرار
شکر ہے آج فضل باری سے　　ہی شرف آپ کی سواری سے
الغرض عرض اسکی کرکے قبول　　ہاتھ میں جب لیے ہیں باگ رسول
پکڑے اس دم رکاب تھے جبریل　　باگ پکڑے تھے اس کی میکائیل

جب مدینہ کے پاس جا پہونچے
پس دو رکعت اتر نماز پڑھے
پڑھو دو رکعتیں یہاں بھی اتر
پوچھے یہ کون ہے اے رح امیں
پوچھے یہ کون ہے کہے جبرئیل
یوں کہے ہیں سلام اے اکمل
کہے جبرئیل دو جواب سلام
سب جو انی گذر گئی اس کی
ہے بھلا جو نہیں جواب دیے
اور مکر و فریب سے ابلیس
بھی روایت ہے شہ کہے ہیں گزر
کہے اس شاہ دیں پہ کر کے نگاہ
الغرض بعد ازاں نبی حق کے
پھر وہاں سے چلے رسول خدا
اب بھی باب محمد اس کے تئیں
اور ملایک بہت سے با اجلال
اور اس شاہ دوسرا یہ تمام
پھر ہوئی ہے اذاں بخوش آواز
یوں دیے ہیں خبر وہ خیر بشر
سرخ یاقوت سے تھا اسکا پر
دو پراں سبز تھے زمرد کے
ہر مقام ایسا تھا بڑا اسمجھو
اور ہر اک ملک کے تابعدار

عرض کی جبرئیل نے شہ سے
اور مدین کو جب کہ آ پہونچے
پڑھے دو رکعتیں یہاں سرور
بولے وہ آگے چلیے اے شہ دیں
چلیے آگے یہاں نہ کریے ڈھیل
السلام علیک اے اوّل
تب دیے ہیں جواب شاہ انام
عمر اتنی ہے اس کی ہے باقی
آپ اس کا جواب گر دیتے
کرتا گمراہ ان کو بہ تلبیس۔
راہ میں جب کہ قبر موسیٰ پر۔
اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
نیک و بد قوم پر گئے گزرے
پہونچے آکر بہ مسجد اقصےٰ
اس لیے ہی سمجھ تو کہتے ہیں
وہاں آئے تھے شہ کے استقبال
بھیجے ہیں صدق سے صلوٰۃ و سلام
اور اقامت ہوئی برائے نماز
کہیں فارغ نماز سے ہو کر
اور زمرد کا سبز تھا دیگر
آسمان و زمیں تھے جسمیں چھپے
راہ ستر ہزار سال کی ہو
بھی تھے ستر ہزار اے ہشیار

آپ کی ہوویگی یہاں ہجرت
کہے جبرئیل اے رسول خدا
بعد آشنائے راہ اے بھائی
اور آگے بھی رہ میں اے اشرف
آگے گزرے جب اک جماعت پر
السلام علیک یا آخر
کہا جبرئیل نے کہ وہ بڈھیا
جو پکارا وہ آپ کو اے رئیس
امتی سارے آپ کے اے رسول
جو کہے وے سلام آپ کو آ
قبر میں وہ نماز پڑھتے تھے
پہلے آکر کہے سلام جو وہ
اپنے اعمال کی سزا و جزا
باب مسجد کا ایک تھا حلقہ
آکے مسجد میں سرور امت
اور پیغمبراں بھی سب آئے
فضل کا آپ کے کیے اقرار
کیے اس شاہ انبیا کو امام
دیکھا مسجد کے جب کہ باہر آ
ایک پایہ تھا اس کا روپے کا
جان معراج ہے اسی کا نام
اور ہر اک مقام پہ بے شک
میری جانب اشارتیں کر کے

پڑھو اس جا نماز دو رکعت
ہے یہ بے شبہہ مولد عیسیٰ[5]
یکطرف بوڑھی اک نظر آئی
کوئی پکارا نہی کو ایک طرف
روبرو آپ کے وہ تب آکر
السلام علیک یا حاشر
جو نظر آئی ہے وہی دنیا
تھا وہ ملعون اور شقی ابلیس
کرتے دنیا کو آخرت پہ قبول
ہیں براہیم موسےٰ و عیسیٰ۔
پس وہ فارغ نماز سے ہو کے
روح آئی مگر مجسّم ہو۔
اپنے برزخ میں پاتے تھے اس جا
باندھے اس کو براق اے آگہ
تب تحیت کے دو پڑھے رکعت
حق کی حمد و ثنا بجا لائے
اور بشارات بھی دیے بسیار
مقتدی تھے رسل ملک بھی تمام
کہ کھڑی اک سڑی تھی تا بسما
پایہ سونے کا اس کو تھا دوسرا
کہتے ہیں اسکے تھے پچاس مقام
تھا معین یقیں ملک اک اک
وے بشارات ساری دیتے تھے

[5] جائے تولد

پس سواری سے اس براق کے جان　جب کہ اس پر ہوا میں آگے رواں
سر پہ معراج کے نظر میں کیا　اک معظم بڑا ملک ایسا

سات یہ آسماں بھی سات زمیں　ہاتھ میں اپنے وہ لیا تھا یقیں
اس نے آکر مجھے سلام کیا　اور اس طرح سے کلام کیا

بیس پہ پانچ ہزار سال آگے　میں مقرر یہاں ہوں آدم سے
منتظر آپ کا تھا تب سے مدام　بھیجتا آپ پہ درود و سلام

شکر ہے فضل سے خدا کے آج　کشور آرزو یہ پایا راج
اور میں اس سے آگے جب کہ بڑھا　ایک دریائے قاصیہ دیکھا۔

وہ معلق وہاں ہوا میں تھی　اس کی دو سو برس کی گہرائی
جانور خشکی اور تری کے کثیر　پھرتے تھے وہ بحر میں اے خبیر

نیلگوں رنگ تھا وہ دریا کا　آسماں یہ اسی سے رنگ لیا
اور بھی اس سے آگے جب پہنچا　خازن باد پہ وہیں پہونچا

اس کو ستر ہزار زنجیریں　تھے لگے بند تھا وہ بعد ازیں
اور ستر ہزار حق کے ملک　اس کی زنجیر پکڑے تھے ہر اک

رکھ کے اس باد اوپر اپنا قدم　اس فلک پہ چڑھا ہوں میں اسگام
مثل پروے کے تھے وہ اک دریا　آسماں پہ فلک وہ پہونچا تھا

اور وہ اس زمیں کو اس کا لگا　ہر سما کو فلک ہے اک ایسا
اور وہ بحر فلک میں میں دیکھا　پھرتے تھے ستارگان سما

حکم حق کا ہوا اسے یوں تب　اے فلک جلد ہو تو ساکن اب
وہ کھڑا اس پہ میں قدم کو رکھا　جلد تر پہلے آسماں پہ گیا

احوال آسمان اوّل

حال پس آسمان اوّل کا　جو کہے ہیں بیاں رسول خدا
اس کو لکھتا ہوں مجملاً بے قیل　یہ معارج میں اس کی ہے تفصیل

شاہ فرمائے ہیں کہ جب میں جا　پہلے اس آسمان تک پہونچا
اس کا دربان جو تھا اسمٰعیل　کون ہے پوچھا پس کہا جبریل

میں ہوں جبریل اے گرامی ذات　اور محمد نبی ہیں میرے ساتھ
پوچھا وہ کیا انہیں بلایا رب　بولا ہاں حکم حق سے آئے ہیں اب

جبرئیل امیں یہ جب بولا　در کو وہ آسماں کے تب کھولا
دیکھا بارہ ہزار حق کے ملک　تابعاں اس ملک کے تھے بیشک

اور ہر اک ملک کے تابعدار　تھے ملایک بھی اتنے ہی بے شمار
حق کی تسبیح سب وہ کرتے تھے　اور وہاں میں ملا ہوں آدم سے

ہر دو جانب میں ان کے تھے دو در　گاہ دیکھے ادھر بھی گاہ اُدھر
ہوتے مسرور دیکھ سوئے یمیں　ہوتے بائیں طرف وہ دیکھ حزیں

پوچھا یہ دیکھ میں نے اس کا سبب　مجھ کو جبریل نے کہا یوں تب
ہے بہشت انکے سیدھے جانب پہ　اور بائیں طرف ہے انکے سقر

دیکھ جنت میں اپنی وہ اولاد　خوش ہوں اور غم میں دیکھ کر ناشاد
اور جماعت ملک کی اک دیکھا　کو صفیں باندھے اور کھڑے ہے بجا

مجھ کو جبریل نے اشارت کی　ہے اطاعت یہاں فرشتوں کی
مجھ کو خوش یہ آیا حق سے میں چاہا　فرض امت پہ تب قیام ہوا۔

پھر جماعت پہ گزرا ایک آگے　کہ تبھی تخم کو وہ بوتے تھے
ہوتے اس تخم کے تھے جھاڑ تبھی　تبھی خوشے وہ کاٹتے تھے سبھی

یعنے بدلے میں ایک دانہ کے　سات سو دانے انکو حاصل تھے
پوچھا جبریل سے میں ان کا حال　کہے ان بندگوں کا ہے یہ مثال

صدقہ للہ جو اک درم دیویں　سات سو ایک کے عوض لیویں
یہ جو دیکھے وہ سید اکوان　دیکھ اس پر گواہ ہے قرآن

مَثَلُ الَّذِیْنَ یُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ یعنے مثال ان لوگونکی جو خرچ کرتے ہین اللہ کی راہ مین اپنا مال كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِیْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ جیسے اچھی زمین میں ایک دانہ بو دیویں اور اس سے ایک جھاڑ اُگے اور اُسمے سات شاخیں لگیں اور ہر شاخ کو ایک خوشہ رہے اور ہر خوشے میں سات سو دانے رہیں یعنی ایک دانے کے عوض سات سو دانے حاصل ہوویں

میں کیا اور اک گروہ پہ نظر　　کہ ملک انکے تھے کچلتے سر
کر رکوع وسجود میں جلدی　　نہیں تعدیل کرتے ارکانکی
انکو قرآں حدیث سے دریاب　　ثابت ایسونکا ہو عذاب عقاب

فَوَیْلٌ لِّلْمُصَلِّیْنَ الَّذِیْنَ هُمْ عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ (سورۂ ماعون)

کہے حضرت مراد ساہوں سے　　ہیں وہی لوگ بایقیں سنئے
ویل سے ہے مراد سخت عذاب　　ایسے لوگونکو ہو جو روز حساب
کوہ دنیاکے اس میں گرو ابیں　　اس کی گرمی سے سارے گل جاویں
اور رسول خدا نے فرمایا　　کہ میں آگے وہاں سے جبکہ چلا
ہانکتے تھے ملایک جبار　　اور لیجاتے تھے اُن کو جانب نار
دل کو اپنے نہ نرم کرتے تھے　　مفلسوں پر نہ رحم کرتے تھے

کہے جبریل یہ کہالت ہے　　سست تھے جمعہ اور جماعت سے
اور کرتے تھے سستی و تاخیر　　یعنے پڑھتے نماز وقت اخیر
حق تعالی کہا ہے قرآں میں　　دیکھئے ایسے لوگ کی شان میں
ویل ہے ان نمازیونکے تئیں　　جو نمازوں سے اپنے غافل ہیں
کر ادائی نماز میں تاخیر　　کر کے سستی پڑہیں بوقت اخیر
کہا بعضونے اس طرح سن لو　　ویل کہتے ہیں جاہ وادی کو
ویسے لوگوں کو خالق اکواب　　ڈالے اُس وادی عذاب میں جاب
اور اک قوم پر گیا میں گزر　　بھوک اور پیاس سے تھے وہ مضطر
کہا روح الامین نے میرے ساتھ　　کہ ہیں یہ سب نہ دینے والے زکات
کہا قرآں میں رب موجود آت　　شان میں انکے جو نہ دیویں زکات

وَلَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ یَبْخَلُوْنَ بِمَاۤ اٰتٰىهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ هُوَ خَیْرًا لَّهُمْ بَلْ هُوَ شَرٌّ لَّهُمْ سَیُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ (سورۂ آل عمران)

یعنے کہتا ہے قادر متعال　　جن کو ہم فضل سے دئیے ہیں مال
سو نہ سمجھیں وے لوگ یہ اصلا　　بخل یہ انکے واسطے ہے بھلا
ہوگا یک طوق مال وزر انکا　　اور گلے میں لپیٹ لیوے گا
جب گلے کو لپیٹ لیوے گا　　کاٹیگا اور عذاب دیوے گا
آئیں ایسی کئی حدیث اے یار　　غرض ارشاد کرتے ہیں سالار
نعمتیں ایسی وے نہیں کھاتے　　گوشت مردار آہ کھاتے تھے
یونہی مردونکو چھوڑ کر عورات　　آہ فعل زنا میں تھے دن رات

بخل کرتے ہیں اسمیں وے دن رات　　یعنے دیتے نہیں ہیں اسکی زکات
بلکہ یہ انکے واسطے ہے برا　　کیونکہ نزدیک ہے کہ روز جزا
اور آیا حدیث میں اے یار　　مال وزر انکا لیکے صورت مار
اور بولیگا میں ہوں تیرا مال　　اور ترا کنز ہوں اے زشت خصال
کہ میں گزرا ہوں یک جماعت پر　　نعمتیں انکے پاس بیقین بہتر
کہا جبریل یہ ہیں وہ بدحال　　چھوڑ کر اپنی عورتاں حلال
رکھلے مال حلال بدانجام　　کھایا کرتے تھے آہ مال حرام

حق تعالیٰ کہا ہے قرآن میں　پس زنا کار لوگ کی شان میں
یعنے نزدیک مت زنا کی کرو　کہ یہ تحقیق فاحشہ ہے او
اور جماعت پہ یک کیا میں گزر　تھے وے آتش کی سولیوں اوپر
کہ وہ لوگو نکے پھاڑدیں کپڑے　کہا روح الامین نے پیر سیے
اور کنایہ بھی طعن کرتے تھے　اور اشارے سے گالیاں دیتے
ویل یعنے کمالِ خواری ہے　اور خرابی عذابِ ناری ہے

وَلَا تَقْرَبُوا الزِّنَا إِنَّهُ كَانَ فَاحِشَةً وَسَاءَ سَبِيلًا　سورۂ بنی اسرائیل ۱۲

اور بلاشبہ وہ بری ہے راہ　دیوے حق اس سے مومنوں کو پناہ
سولیاں آتشیں وے تھیں ایسے　رہ میں کانٹو نکے ہوں شجر جیسے
بیٹھ کر راہ میں یہ لوگ سدا　آہ دیتے تھے خلق کو ایذا

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ لُّمَزَةٍ

واسطے اسکے جو کہ طعن کرے　اور لوگونکا عیب چیں ہووے

وَلَا تَقْعُدُوا بِكُلِّ صِرَاطٍ تُوعِدُونَ　سورۂ اعراف ۱۲

اور فرمائے ہیں وہ خیرِ وریٰ　کہ وہاں سے ہیں آگے جب گزرا
باوجود اسکے بوتا تھا بکار　اور میرے پہ لا چڑاؤ یار
خلق کے رکھ حقوق اپنے سر

یعنے ہر راہ میں نہ تم بیٹھو　کہ ڈراتے ستاتے لوگوں کو
ایسے یک شخص کو وہاں دیکھا　بار رکھا اسپہ ہل نہ سکتا تھا
مجکو روح الامین نے دی ہے خبر　یہ امانت میں تھا خیانت گر
پھر بھی کرتا تھا ظلم لوگوں پر

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَخُونُوا اللَّهَ وَالرَّسُولَ وَتَخُونُوا أَمَانَاتِكُمْ　سورۂ انفال ۱۲

یعنے اللہ نے کہا ہے سنو　مت خیانت کرو مسلمانو
حق تعالیٰ کی اور نبیؐ کی بھی　اور امانت میں ایک دوسرے کی
اور فرمائے سرورِ والا　میں وہاں ایک قوم کو دیکھا
کہ فرشتے خدا کے حکم سے تب　پس انھونکے لب و زبانکو سب
کاٹتے تھے درست ہوتے تھے　یوں عذابوں میں عمر کھوتی تھے
کہا روح الامین نے مرے سے　تھے امیرون کے پاس جاتے
کرتے تھے انکے فعلِ بد پہ نظر　منع کرتے نہ تھے انھیں ڈر کر
بات بے شرع وے جو کرتے تھے　اسکو سنتے تھے یہ خوشامد سے
یعنے ہیں وے مشائخ و علما　اور قضات طالبِ دنیا
جو امیروں کے تھے خوشامد گر　حق نہ کہتے تھے آہ انسے ڈر
اور ایک قوم کا تراشکے گوشت　تھے کھلاتے ملک انھیں یہ دوست
دیا روح الامیں مجھے یہ خبر　کہ یہ غیبت گراں ہیں نت بر سر

أَيُحِبُّ أَحَدُكُمْ أَنْ يَأْكُلَ لَحْمَ أَخِيهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوهُ　سورۂ حجرات

دیکھ تشبیہ زشت غیبت کی　لحم مردار ساتھ حق نے دی
کیا تمہا سے یہ رکھے کوئی دوست　کہ مو بعد اپنے بھائی کا گوشت
یعنے حاضر نہ بھائی جب ہوگا　وہ تو رکھتا ہے حکم مردے کا
تو جو مردار گوشت اس کا ہے　کاٹ کھاتا ہے کاٹ کھاتا ہے
تیری سب نیکیاں اسے جاوے　اور گنہ اسکے سب تجھے آوے
ہونٹ اوپر کے تھے لگے بر سر　ہونٹ نیچے کے انکے پاؤں پر

نعش سے اسکے کاٹ کر کھاوے　تم ہی مکروہ بس رکھو گے اسے
بات ہرگز نہ وہ تمہاری سنے　پس بدی سے جو یاد اس کو کرے
کئے ارشاد یوں خدا کے نبیؐ　کہ تو غیبت کرے کبھی جس کی
اور فرمائے قوم یک دیکھا　چشمِ ازرق تھے سب یہ انکا
ریم اور خون رواں تھا ہونٹوں سے　اہلِ دوزخ کا خون پیتے تھے
اکرم ۱۲

شور کرتے تھے وے گدہوں سا تب   بولے جبرئیل یہ شرابی ہیں سب

اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝

یعنے اللہ نے یہ فرمایا   کہ مقرر شراب اور جوا
اور کھڑا کرکے پوجیں جو چیزیں   اور ایسا ہے فال کے تیریں

ہے پلید اور عمل سے شیطاں کے   کرو پرہیز ایسی چیزوں سے
انسے جب آپ کو بچاؤگے   دو جہاں میں فلاح پاؤگے

چار چیزیں جو یہ ہوئیں مذکور   کرتے ہیں درگہِ خدا سے دور
ایک کا بھی جو مرتکب ہوگا   سخت پاویگا وہ عذاب اس کا

الغرض وہ رسولِ جن و بشر   اور اس طرح سے دئے ہیں خبر
کہ میں دیکھا گروہ یک بدحال   کہ تھے سب انکے خوک سے اشکال

کہا جبریل نے یہ ناکارے   دیتے تھے جھوٹی شاہدی سارے
شاہدی جھوٹی جانئے دینا   شاہدی راست بھی چھپالینا

اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ۝

ہے کبیرہ گناہ یہ ہر دو   سخت اس کا عذاب ہے سمجھو

اور کہے یک گروہ میں دیکھا   زرد تھا رنگ انکے چہروں کا
شکم انکے کھال سے تھے نکلے   سانپ اور بچھو ان میں پھرتے تھے

طوق گردن میں ہاتھوں میں تھے کڑے   اٹھتے اوندھے بھی منہ پہ گرتے تھے
نیچے اوپر عذاب میں تھے ذلیل   سود خوار ہیں یہ کہا جبریلؑ

اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ ۝

یعنے جو لوگ کھاویں مالِ ربا   نہ کھڑے رہ سکیں گے وے بیدہا
مگر اسطرح وہ رہینگے کھڑے   خبط ہو جس کو مس شیطاں سے

یعنے آسیب جبکہ شیطاں کا   ہو کسی کو یہ عالمِ دنیا
کھڑے رہنے نہیں وہ سکتا ہے   جبکہ اٹھتا ہے گر ہی جاتا ہے

حشر کے روز اے نکو منوال   سود خواروں کا سب یہی ہو حال
شب معراج میں بھی سرورِ دیں   اسی حالت سے دیکھے انکے تئیں

ہے خبر سود خوار زشت خصال   جانیو بت پرست کے ہے مثال
سود کے مال سے بدن جس کا   جو کہ دنیا میں پرورش پایا

وہ نجاوے کبھی بہشت اندر   جبتک اسکو کھاوے نارِ سقر
ایسے ہی آئی ہے حدیث کثیر   الغرض یوں کہے رسول بشیر

اور جماعت کو میں نے دیکھا ایک   نشتر آگ سے اونکو ملک
مارتے خوں سے سینہ نکلتا تھا   پھر جلاتا تھی اونکو خدا

بولے جبریل سب یہ اہلِ جفا   خون ناحق کئے مسلماں کا

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خَالِدًا فِيْهَا   سورۃ نسا ۱۲

یعنے قصداً کسی مسلماں کو   قتل ناحق کرے کوئی بدخو
پس جہنم ہے جانو اس کی جزا   پاویگا وہ عذاب اسمیں سدا

یعنے مومن کا قتل جان حلال   گر کرے قتل کوئی زشت خصال
تو ہمیشہ وہ کافروں کے ساتھ   پائے دوزخ میں رنج بے وفات

گر کرے قتل پر نجانے حلال   ہے حرام و کبیرہ در ہر حال
تب خلودِ سقر سے اے دلشاد   ہووے گی مدت طویل مراد

اہلِ سنت کا ہے یہی مذہب   معتبر ہے کتب میں یہ مطلب
اور کہے یک جماعت عورات   کی نظر میں نے اس برائی سات

احوال عورت کا عذاب

منہ تھے کالے بہت ہی انکے سبھی | اور آنکھیں تھی کاری اُن کی
خوک و سگ کے مثال زشت طراز | سب وے روتے تھے کر بلند آواز

اَلرِّجَالُ قَوَّامُوْنَ عَلَى النِّسَآءِ (سورۂ نسار)

کہے حضرت کہ میں کیا ہوں نظر | کہ تھے دوزخ میں عورتیں اکثر
کہ وے مردونکو دیتی ہیں گالی | اور کرتی ہیں انکی ناشکری

منافقوں کا عذاب

اور کہے قوم یک نظر آئی | دینا عقبی کے درمیاں قیدی
دو ملک انکو حکم سے حق کے | مارتے تھے عمود آتش کے
اور ہر ایک شاخ ایسی تھی | راک کر دے کیے پہاڑ کو بھی
یعنے کہلاتے مومن ظاہر | اور باطن میں تھے یہ سب کافر
یعنے جگہ منافقوں کی یقیں | ہے جہنم میں طبقہ پائیں
دیکھا اور آگ میں جماعت یک | تھے جلاتے جلاتے انکو ملک

اُن کو سنا کے اتنی کڑے | مارتے تھے بھی گرز آہن سے
یوں دے جبریل یہ ہیں وے عورات | دیئے مردونکو رنج جو بہہات
چاہیے عورتوں کو سرو عیاں | رہیں مردوں کے تابع فرماں
پوچھا یاردل نے یا رسول خدا | کیا سبب اس کا ہے تو فرمایا
اس سبب سے ہی عورتیں اکثر | سخت پاویں عذاب نارِ سقر
تھی معلق ہوا میں آویزاں | چشم و بینی سے جھڑتی آگ عیاں
اسکے ہر اک عمود کو رکھ یاد | میں نے دیکھا کہ شاخ تھے بعداد
میں کہا کون ہیں کہے جبریل | ہیں یہ سارے منافقانِ ذلیل

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ فِى الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ (سورۂ نساء)

کہے اس طبقے کا عذاب بڑا | الغرض شاہِ دیں نے فرمایا
کہا جبریل نے کہ یہ اولاد | اپنے ماں باپ کے ہیں نافرماں

ماں باپ کی نافرمانی کا گناہ

وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا (سورۂ بنی اسرائیل)

یعنے مولا نے تیرا حکم کیا | کہ کریں بندگی اسکی سدا
دیکھ طاعت کے ساتھ اپنے خدا | ان کی نیکی کا حکم فرمایا
اور فرمائے ہیں رسولِ خدا | رنج ماں باپ کو جو دیوے گا
اور جب موت اسکی آوے یقیں | اور مدفون اُسے کرے بزمیں
الغرض مصطفےٰ نے فرمایا | اور آگے وہاں سے جب میں چلا
ضرب کرتے تھے گرزِ آہن سے | سخت ترُوے عذاب پاتے تھے
ہے روایت انس سے یہ رکھ یاد | کہ رسولِ خدا کیے ارشاد
اسکے کانوں میں حشر میں مولا | شیش ڈلوادیگا یقیں پگھلا
کہ خدا سے ہوا ہوں میں مامور | طبل و مزمار توڑدوں بضرور
ایک دیکھا بہت بڑی دریا | پانی اسکا تھا دودھ سے اُجلا
پانی اسکا ہے حق نے برسا کر | مردگونکو اٹھاوے گا یکسر

طاعتِ غیرِ حق کریں نہ کبھی | اور ماں باپ سے کریں نیکی
پدر و مادر کے ہیں حقوق کی شاں | دیکھ کیسی بلند ہے ایجاں
تو گنہگار وہ ہوا حق کا | اور اسکے رسولِ برحق کا
قبر ایسا کریگی تنگ اس کو | اسکی ملجاویں پسلیاں ہر دو
یک جماعت کے دیکھا سینے پر | رکھ فرشتے طبق ز نارِ سقر
بولا روح الامین نے میرے تئیں | کہ یہ گانے بجانے والے ہیں
جو کہ نزدیک گانے والے کے | جا کے بیٹھے کہ راگ اس سے سنے
ابن عباس سے روایت ہے | کہ کہے سرورِ رسالت ہے
اور شہ انبیا نے فرمایا | کہ میں آگے وہاں سے جبکہ چلا
بولے اسطرح جبرئیلِ امین | بحرِ حیواں یہی ہے اے شہ دیں
الغرض میں وہ بحر سے گزرا | دوسرے آسمان پر پہنچا

احوال آسمان دوم

آسمان دوم تھا یوں اے انور　کہ نہیں اسپہ ٹھہرتی تھی نظر
مثل اول کے جبرئیل امین　اسکا دروازہ بھی کھلایا یقین
وہ بھی اور اسکے تابعان بھی تمام　جلد آکر کئے ہیں مجھ کو سلام
کہ ملک جب سے یہ ہوئے پیدا　تب سے یونہی رکوع میں ہیں سدا
اور ملے مجھ سے عیسیٰ و یحییٰ　اور عجائب بہت وہاں دیکھا
تیسرے آسمان کا احوال　کئے حضرت بیاں کہیں منوال
ہے بنایا اسے وہ رب مجید　جانئے از سفید مروارید
اسکے دربانکے تابعان ملک　تھے بلا حد و عد یقین کرکے لاک
اور جانب سے حق تعالیٰ کے　مجکو اکثر بشارتیں بھی دئے
بولے اسطرح مجھسے روح امین　کہ یہی ہے عبادت انکی یقین
فرض ہیں دو سجود جو یہ نماز　وجہ اسکا یہی ہے اے دمساز
سر اٹھا وہ دئے جواب سلام　پھر وہ سجدہ میں سر رکھے ہیں تمام
اور ملے مجھ سے یوسف و داؤد　جب وہاں سے چلا ہوں آگے زود
کہ تھے ستر ہزار اس کو سر　اور تھے ستر ہزار اس کو پر
جانئے راہ دو لک و نود　الف سالہ کے انکے تھے سب قد
کھڑے تکڑے ہی ہو تھے وہ سبھی　پھر جلانے ملک تھے ان کو تبھی
حشر تک یونہی ان کو ہوے عذاب　ایک دریا پہ پھر گیا میں شتاب
یعنے از شرق تا بہ غرب یقین　اور ساتوں یہ آسمان و زمین
اس ہی دریا کا اک ذرا سا آب　حق نے بھیجا تھا جہاں میں شتاب
چاروں آسمان کا احوال　کئے حضرت بیاں بریں منوال
اس کو تھا نور کا ہی دروازہ　قفل تھا نور کا ہے اس کو لگا
در کو روح الامین نے کھلوایا　پس میں چڑھکر اس آسمانپہ گیا
حال یہ آسمان دوم کا　سرور انبیا نے فرمایا
اس کا دروازہ ایک موتی کا　قفل یک نور کا تھا اس کو لگا
اس کا دربان یک بڑا تھا ملک　تابعان اسکے تھے ملک دو لک
یک جماعت رکوع میں تھی وہاں　مجکو دی جبرئیل نے یہ نشاں
میں بھی طاعت وہ حق سے تب چاہا　فرض امت پہ یہ رکوع ہوا

احوال آسمان سوم

چرخ سوم پہ جبکہ میں آیا　در کو روح الامین نے کھلوایا
نور کا قفل اور نور کا در　نام زیلول اس کا ہے اشہر
میں کیا ہوں سلام میں اقدام　سب دئے ہیں جواب با اکرام
یک گروہ ملک بھی دیکھا تب　کہ صفیں باندھے ہیں سجود میں سب
وہ بھی جب میں طلب کیا حق سے　فرض امت پہ دو سجود ہوئے
تھے جو سجدہ میں وے ملایک سب　کئے حضرت سلام ان کو جب
جب انھوں کئے ہوئے ہیں دو سجدے　فرض امت پہ دو سجود ہوے
یک فرشتے کو میں وہاں دیکھا　ایسی کرسی پہ ایک بیٹھا تھا
شرق سے غرب تک تھا ہر اک پر　اور ملک اس کے پاس تھے اکثر
یک جماعت کو مارتے تھے تب　لیکے آتش کے ہیں عمود وے سب
کہا روح الامین نے یہ بدکار　منکر حشر اور ہیں جبار
تھی وہ ایسی یقیں بڑی دریا　ساتواں حصہ ہو یہ سب اس کا
کہا جبرئیل نوح کا طوفان　یا رسول اللہ جو ہوا ایجہاں

احوال آسمان چہارم

جبکہ میں چوتھے آسمان پہ گیا　دیکھا وہ آسماں تھا روپے کا
اور اس قفل پر بھی تھا مسطور　کلمۂ طیبہ بہت پر نور
اسکے خازن کا نام موصائیل　وہ ملا ہے مرے سے باتجیل
بزرگی ۱۲

فرضیت رکوع

دو سجدے فرض ہونیکا سبب

تھے جو تابع فرشتگاں اس کے
دے بشارات مجھ کو بولے تب
درگہِ حق سے آپ کو جو ملے
پھر میں آگے وہاں سے جبکہ چلا
پوچھا جبریل سے تو بولے تب
بعد ازاں آئے میر استقبال
اور میں جنت میں بھی اے مرتضیٰ — دیکھا ہوں اک قصر ترے نام کا
سونگھا میں اس کو وہ ہوا شق میاں — نکلی ہی حور اس سے بس اک نازنیں
کس کے ہی تو بولا سو کہتے مجھے — بولی ہی وہ حور تب اس طرح سے
اور عجب نہر بھی اک درجناں — دیکھا جو تھی عرش بریں سے رواں
بہتے تھے وے چاروں بھی یکجا پڑے — اور نہیں ملتے تھے با اک دگر
مٹی بھی عنبر سے تھی اسکی وہاں — اور گیاہ اس کا تھا از زعفراں
روح امیں بولے ہے کوثر یہی — جو کہ دیا آپ کو حق اے نبیؐ
اور کنارے پہ بھی اس نہر کے — خیمہ کھڑے تھے در و یاقوت کے
اور چاروں انہار بھی دیکھا ہوں اب — ذکر اس آیت میں کیا جنکا رب

فِیْهَآ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى

سورۂ محمد ۱۲

جنت ہشت بہشت

محلات خلفائے راشدین

شیر و شہد آب و خمر پاک تر
پوچھا میں جبرئیل سے انکی خبر
تب کیجیے درگاہ خدا سے سوال
اور بہت اس کو تھے پر لا کلام
میں نے رکھا اس کے پر و پر قدم
مجھ کو نظر آیا شجر اک بڑا
آویگا اس طرح سے جانو نظر
پس اسی قبہ سے وہ نہریں جہاں
چل کے یہ قبہ میں نظر کیجیے
تو کنجی بھی ہے اسکی تو پاس آئیے
میں نے پڑھا قفل وہیں کھل گیا
قصد میں جنت کا وہاں سے کیا
کونہ پہ اک میں نے کیا جب نظر
میم سے اس بسم کے بے ارتیاب
اور تھی رواں شہد کی نہر عظیم
جو کہ ترا امتی اخلاص سے
اور کہے جنت میں کیا میں نظر
کھول کے اسکو بھی گیا میں اندر
حق کے ہیں اسرار یہ حق کے حبیب
حلے میں بچہ رہ عجب خرقہ ایک
میں نے کیا اسکو خدا سے طلب
دوست ہیں جس بندہ کو سیر کر لطف

اور تھی ہر ایک بڑی اس قدر
آئیں کہاں سے یہ چلے ہیں کدھر
عرض میں کرنیکا کیا تب خیال
بولا ہے یوں کرکے وہ مجھکو سلام
پس وہ فرشتہ لے اڑا ہے بہم
قبۂ دُرّ زیر شجر ایک تھا
ہر حصہ یک مرغ ہو جوں کہ دیہ
بہتی تھیں از قدرت پروردگار
آپ یہ تا اس کی حقیقت کھلی
پوچھا میں کیا ہے وہ کہا تب مجھے
اس کے اندر جا کے نظر میں کیا
پھر وہ فرشتہ نے مریسے کہا
بسم تھا مرقوم وہاں خوبتر
حکم خدا سے تھی رواں جو ہے آب
حکم سے خالق کے زہے میم رحیم
یاد یہ کلمے سے کریگا مجھے
قصر تھا یاقوت کا اک سرخ تر
ایک تھا صندوق وہاں پاک تر
اک ہے یہ صندوق میں سر عجب
داخل صندوق تھا بر وجہ نیک
حکم ہوا مجھ کو ز درگاہ رب
فقر اسی کو میں عنایت کروں

روبرو اک نہر کے یہ سب جہاں
بولے وہ کوثر کی طرف ہیں چلے
ایسے میں اک آیا فرشتہ بڑا
اپنے قدم بازو پہ اب رکھ مرے
جب کہ گیا ایک ہی لمحہ گزر
قبہ وہ ایسا تھا بڑا لا کلام
سبز زبرجد کا تھا اک اسکو باب
قصد میں پھر نیکا وہاں سے کیا
میں نے کہا قفل ہے اسکو لگا۔
بسم اللہ الرحمن الرحیم
کونہ سے اس قبہ کے چار وہاں
غور سے کچھ اور یہاں دیکھئے
دوسرے یہ اللہ لکھا ہے سلیم
ہا سے وہ اللہ کے رواں جو ہے شیر
قدرت حق کو میں دیکھا ہوں جب
چار یہ نہروں سے بھی روز جزا
کھول کے دروازہ میں اندر گیا
پوچھا میں جبرئیل سے اس میں کیا
جا کے میں دیکھوں تو یہ حکم خدا
مجھکو ہوا درگہ حق سے خطاب
اے نبی یہ خرقہ ہے تیرے لیے
پاس مرے اے مرے پیغامبر
اس ہی لیے وہ شہ عالی مکان

اک سر سوزن کے ہے مانند عیاں
آئے کہاں سے نہ خبر ہے مجھے
جس کی جسامت کو نہیں انتہا
چشم بھی اب بند ذرا کیجیے
کھولکے آنکھیں میں کیا ہوں نظر
اسپہ رکھیں گر یہ جہانکو تمام
قفل زسرخ کا با آب و تاب
تب وہ فرشتے نے مریسے کہا۔
تب وہ فرشتے نے مریسے کہا
اس کی ہے بے شبہ کلید عظیم
چار طرف چار ہیں نہریں رواں
اور تامل سے نظر تب کیجیے
تسرے یہ رحمٰن پہ چہارم رحیم
میم سے رحمٰن کے خمر اے خبیر
مجھ کو ہوا حکم ز درگاہ رب
بس اسے سیراب میں کر دونگا
خانہ تھا ایک اسکے اندر دوسرا
مجھ کو خبر ہو تو میں لوں پایا
خود ہی وہ صندوق وہیں کھل گیا
خرقہ ہے یہ فقر کا بے ارتیاب
اور تری امت سے ہے اسکے لیے
اس سے کوئی چیز نہیں دوست تر
دوست بہت فقر کو رکھتے تھے جہاں

سہواً لکھے گئے دو مصرعے نہ انکو لکھنا

افادات حضرت ادریس علیہ السلام

فقر کی تفصیل میں بس اک خبیر — دیکھیے فرمائے حدیثیں کثیر
زمرۂ اصحاب سے عالی وقار — جو کہ تھے فقرائے مہاجر ایے یار
فقر کو جب دوست رکھے ہے خدا — اپنے رسولوں کو کیا ہے عطا
کافر و فرعون کو نمرود کو — اور بہت ایسے ہی مردود کو
مال کی نسبت میں نہیں ہے اسیر — تو ہی حقیقت میں وہ بے شک فقیر
ایسی تھی ہر ایک میں وسعت عیاں — مشرق و مغرب کے جو ہو درمیاں
سات قدم گر کوئی لے جائیگا — ٹھہریاں یہ حشر میں وہ پائیگا
لوٹے بلاشبہ یہ پہونچائیے — اور یہ بشارت بھی ابھی فرمائیے
اور وضو کر کے بہ عجز و نیاز — فجر کی پھر جلد گزارے نماز
اور کہا حضرت نے دیں آنکھے — مجھ سے ملاقات کی ادریس نے
پھر میں کہا اس کے تئیں مرحبا — ایسے مکاں بیچ تو پہونچا ہے آ
کاش کہ سب خلق کی سکرات بھی — پاتا میں سب ان کے صعوبات بھی
پوچھا میں کیا اسکا ہے فرما سبب — یوں کہا ادریس نے مجھ سے تب
ایک ندا ہوتی ہے مجھکو یہ تب — کہ تو گزر جلد تر اس جا سے اب
اور مجھے ادریس نے دی یہ خبر — کہ میں کیا ایک جبل پر نظر
مشک اور عنبر سے بنا ہے تمام — اور ہیں لگے اس کو ریسم خام
برق سے مرکب یہ ہو کوئی سوار — پانسو برس ہونچ واں برق وار
کہ یہ جبل کون ہمیبر کا ہو — یا کسی صدیق و ملک کا کہو
امت احمد سے کوئی با نیاز — فجر کی بے شبہ دو رکعت نماز
کاش یہ ادریس اے حبیب خدا — آپ کی امت کو اگر دیکھتا

فقر کی ہے ایسی فضیلت بڑی — دیکھیے ثابت ہوئی قرآن سے بھی
صاف و صریح انکے سبھی شان ہیں — آیتیں آئیں کئی قرآن میں
صرف غنا اسکا ہے مبغوض جب — زمرۂ اعدا کو دیا اپنے سب
ہاں جسے اللہ دیا ہووے مال — خیر میں وہ صرف کرے بے ملال
اور کہے حضرت کہ بہ ارحیاں — دیکھا میں سات ایسے بڑی ٹھہریاں
کہنے لگے روح امیں میرے ساتھ — کہ کسی امت کا بکڑ کوئی ہاتھ
پوچھا میں جبریل سے ای با صفا — گر وہ یہ امت کو میں پہونچا دن کیا
صبح کو جب خواب کی ہو ہوشیار — کلمۂ طیب کو پڑھے سات بار
جلد میں اتنی جگہ اس کو ملے — مشرق و مغرب کو جو سب گھیر لے
اور کیا مجھ کو ادب سے سلام — میں نے جواب اس کو دیا شادکام
سختی سکرات سے پایا نجات — در رو سے تب اس نے کہا میرے ساتھ
آپ کی امت کی بھی دیدار سے — ہوتا مشرف تو بھلا تھا نہ مجھے
میں کروں جس قصر کے جانب گذر — اور نظر میں کروں جس حور پر
کیونکہ یہ حصہ ہے بہ حسن عمل — امت احمد کا ز روز ازل
کہ جبل رحمت اسے بولتے — سر وہ جبل کا ہے لگا عرش سے
بارہ ہزار اس کے ہیں دروازہ جاں — اتنی مسافت ہی دو کے درمیاں
پہونچے نہ اک در سے دوم در کے تئیں — اسکی غرض دیکھ کے پوچھا ہوں میں
آئی ندا ان سے کسیکا نہیں — ملکہ یہ ہے کہ وہ اسی کے تئیں
ساتھ جماعت کے کریگا ادا — فضل خدا سے یہ جبل پائیگا
ان کے سبھی زمرے میں ہو محشور کل — جنت ماوا میں یہ پاتا جبل

جماعت کی فضیلت

نقل یہ طبرانی کیا اوس سے — اس نے یہ بولا کہ نبی یوں کہے
جاوے گا جو نفل جماعت لیے — عمرے کا اک اجر ملیگا اسے
فرض جماعت لیے جو جاوے چل — حج کا اسے اجر ملے بے خلل
احمد و مسلم دونوں عثمان سے — لائے روایت کہ نبی یوں کہے

پڑھی جماعت سے عشا جو تمام — رات کیا نصف وہ گویا تمام
لایا ہے ماجہ کا پسر از عمر — کہ ہمیں فرمائے ہیں خیر البشر
رکعت اولیٰ ز نماز عشاء — فوت نہ زنہار کبھی وہ کیا
اور صحیحین میں آئی خبر — کہ کیے ارشاد شہ بحر و بر
ان کے مکانوں کو لگا دویں نار — دیوے پناہ اس سے ہمیں کردگار
کوئی رکھے انکو ہمیشہ صیام — اور کرے شب کو ہمیشہ قیام
بولا انھوں نے کہ اگر وہ سرے — اپنی جگہ نار سقر میں کرے
بیٹھا تھا رضوان جو اک تخت پہ — گرد ملک اس کے کھڑے تھے دگر
بولے کیا ہے مری امت کا حال — تب کہا میرسے وہ فرخندہ فال
ان کے سوا جو ہیں امم دوسرے — تیسرا حصہ ہے انھوں کے لیے
پوچھا میں یہ کیا ہیں تو اسنے کہا — امتی اک صدق سے جب آپکا
اور خدا قفل لگا دے اسے — کنجی کرے اسکی حوالے مرے
اور کہا حضرت نے کہ جب خیر سے — گلشن جنات کی میں سیر سے
حق نے کہا مجکو خطاب اے حبیب — آج مقامات عجیب و غریب
میں کیا تب عرض اے رب الورا — میں ترا بندہ ہوں تو مولا مرا
تب مجھے ارشاد کیا از کرم — عزت و اجلال کی میرے قسم
اور جو عدو تیرے ہیں یا شر الانام — سب یہ مقامات ہیں ان پر حرام

صبح جماعت سے کیا پھر ادا — گویا وہ سب رات عبادت کیا
کوئی نمازیں پڑھے از بہر رب — ساتھ جماعت کے جو چالیس شب
اس کے سبب اس کو خدای کریم — لکھے ہے آزادی ز نار جحیم
کہ میں کیا عزم یہ اے مومنو — لوگ نہ آویں گے جماعت کو جو
اور بن عباس کی خدمت میں آ — کہتے ہیں اک شخص سوال یوں کیا
پر نہ جماعت سے پڑھے وہ نماز — اوسے کا کیا حکم ہے اے سرفراز
الغرض ایسا کہے شاہ جہاں — اور میں دیکھا ہوں بہ وا جناں
شرط وہ تعظیم کی لایا بجا — پوچھا میں رضواں سے اے ہمنوا
حصہ خدا اتنی کیا خلد کے — حصہ میں تو آپ کی امت لیے
اور بہشتوں کے جو ہیں کنجیاں — روبرو رضوان کے دھری تھیں تہاں
کلمہ طیب کو پڑھے ور جہاں — قصر بنے اس کے لیے اک یہاں
حشر کے دن جبکہ اٹھیں سنال — قبر سے میں دیوں انہیں کنجیاں
فضل سے مولا کے لیا جب فراغ — حاضر درگاہ ہوا باغ باغ
اپنی جماعت کے تو دیکھا تمام — اپنے دل و جان سے جو خوش ہو مدام
بندہ جو ہے اپنے خداوند سے — اپنے دل و جاں سے نہ کیوں خوش ہو
جو ہیں دل و جان سے تری دوستاں — انکے مقامات یہ ہیں بے گماں
اب ترے اعدا کے مقامات بھی — دیکھیے دوزخ کے عقوبات بھی

درکات دوزخ ملاحظہ فرمانے کا بیان

سرور عالم نے کہا جبرئیل — مجکو بہ فرمان خدائے جلیل
زیر قدم دیکھیے اپنے یہاں — میں وہیں دیکھا تو پھٹا آسماں
اور جہنم کے بھی درکات سب — آئے نظر اہل عقوبات سب
ایک فرشتہ کو میں دیکھا عجیب — کہ تھا نہایت وہ طویل و مہیب
اک سر سوزن کے ہیں مقدار پر — کھولا ہے مالک نے جہنم کا در

لے گیا جب مالک دوزخ کے پاس — کہنے لگا میرسے وہ حق شناس
آئی نظر مجکو زمیں جلد تر — بیت مقدس بھی تب آیا نظر
نقل ہے فرمائے شہ انبیاء — دار سقر میں نظر جب کیا
ارض و سما کے تھا کھڑا درمیاں — ہاتھ سے وہ آگ اچھلتی عیاں
ہوگئی شق پہلی زمیں بے گماں — دیکھا میں ہر جنس کی خلقت وہاں

چیری گئی بعد زمیں دوسری / پھٹ گئی بعد اسکے زمیں تیسری
طوق بھی زنجیر بھی واں آتشیں / پہنائے جو دوزخیوں کے تئیں

چیری گئی چوتھی زمیں بعد ازاں / اسمیں تھے پتھر کے پہاڑاں کلاں
کافر و مشرک کے جلیں گے جو تاں / انکو نہ آتش سے کبھی ہو نجات

پھٹ گئی بعد اسکے زمیں پانچویں / اسمیں بہت سانپ تھے بچھو یقیں
کاٹیں ہے بدکارونکو بے شمار / ہر ہر ہے انکا بس اک ہزار

پھٹ گئی بعد اسکے ہی چھٹویں زمیں / کہتے ہیں سجین اسی کے تئیں
نامۂ اعمال بہت بے کراں / اہل جہنم کے دھرے تھے وہاں

حشر میں وہ انکو دیئے جاینگے / دیکھ کے وہ روینگے پچھتائینگے
کافر و مشرک کی بھی روحیں تمام / رہتے ہیں سجین میں ہی لاکلام

چیری گئی جب زمیں ساتویں / نام اسی کا عجب ہے یقیں
اسمیں تھے آتش کے ہی دریا بڑے / مالک دوزخ نے کہا تب مجھے

آپ اسے دیکھ سکوگے نہ اب / کیونکہ اس امت کے گنہگار سب
پاویں اسی طبقہ میں رنج و نکال / کھولا ہے بس یک سر سوزن مثال

آگ جہنم کی وہ آئی نظر / تھی شب تاریک سے تاریک تر
اور نظر آئے ہیں دوزخ کے در / بعضے تو نیچے تھے بھی بعضے اوپر

درمیاں دو در کے تھا جو فاصلہ / پانسو برس کی وہ ہووےگی راہ
جب در اول پہ نظر میں نے کی / اسمیں تھی یہ آیت قرآں لکھی

فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّينَ الَّذِينَ هُمْ عَن صَلَاتِهِمْ سَاهُونَ ٥

یعنے کہا حق نے ای فرخندہ پے / ایسے نمازی کو یقیں ویل ہے
ویل کے معنے ہے عذاب شدید / یا کہ وہ ہے چاہ عذاب کی رشید

اپنے نمازوں سے جو غافل رہے / کرنہ ادا وقت پہ سستی کرے
دوسرے دروازہ پہ اسکے یقیں / ویل ہی مرقوم تھا للمشرکیں

وَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ

یعنے کرے شرک جو کوئی بے خبر / پاویں ہمیشہ وہ عذاب سقر

اور در سوم پہ نظر میں نے کی / آیت قرآں یہ مرقوم تھی

وَيْلٌ لِّلْمُكَذِّبِينَ

یعنے جو ہے حکم خدا و رسول / اس کو جو جھٹلاویں نکر کے قبول
ان کو بھی دوزخ میں بلا ارتیاب / دیویگا حق سخت عذاب عقاب

باب چہارم پہ تھی لکھی ہوئی / آیت پرنور یہ قرآن کی

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِينَ

یعنے جو کوئی ناپ میں یا تول میں / حقے سے نہ ڈر کر کم و زیادہ کریں
لیویں زیادہ آپ خریدیں اگر وہ / دلویں بھی کم اور نکو بیچیں اگر

ڈالیگا دوزخ میں خدا انکو جہاں / تولیں ہے آتش کے پہاڑاں ہاں
سخت عذابوں میں رہیں روز و شب / دیوے سزا انکو بناہ اس سے رب

پانچویں دروازہ پہ دیکھا بہم / آیت قرآں یہی تھی رقم

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ

یعنے جو کوئی طعن و کنایہ کریں / اور اشارہ سے بھی دشنام دیں
ڈالیگا دوزخ میں انہیں کردگار / سخت عذاب انکو رہے بیشمار

اور در ششم پہ نظر میں نے کی / آیت قرآں یہ مسطور تھی

فَوَيْلٌ لِّلْقَاسِيَةِ قُلُوبُهُم مِّن ذِكْرِ اللَّهِ

یعنے کہ دل سخت ہوں جن لوگ کے / ذکر سے اللہ کے غافل رہے
ان کو بھی دوزخ میں رکھے کردگار / سخت عذاب انکو رہے بے شمار

اور در ہفتم پہ تھی دیں کے لکھی / آیت قرآن معظم یہی

فَوَيْلٌ لِّلَّذِينَ يَكْتُبُونَ الْكِتَابَ بِأَيْدِيهِمْ

یعنے جو لکھ ہاتھ سے اپنے کتاب
حقکی کتاب اسکو کہیں ناصواب

یعنے یہود او نصارا اسدا
حقکی کتابوں نیں پڑہا او رگھٹا

کرتے تھے منسوب سے اسوی رب
ہووے عذاب انکو وہاں روز و شب

دوسری آئی یہ روایت ہی جان
کہ گئے ارشاد و شہ انس و جاں

مالک دوزخ نے بفرمان رب
پردہ جہنم کا اٹھایا ہے جب

اہل جہنم کے عذاب و عقاب
سارے نظر آئے ہیں مجکو شتاب

ہاویہ جو اسفل درکات ہی
اور وہی پائیں مقامات ہی

دوسرے درکات کے جو ہیں عذاب
سخت ہیں ان سب سے وہانکے عقاب

پہلے یہ در مجکو نظر آیا جب
مالک دوزخ سے میں پوچھا ہوں تب

قوم یہ منزل کی تو کہہ کون ہی
وہ کہا یہ منزل فرعون ہے

اور ہی ہامان لعین اسکے سات
تھا جو وزیر اسکا شقی بدصفات

کافر نزو دبھی مغضوب رب
مائدۂ عیسیٰ کے بھی لوگ سب

آپکی امت کے منافق تمام
پاویں عذاب اس ہی جگہ پر مدام

طبقۂ ششم جو ہی سجین لعین
بولا بھی اسمیں رہیں مشرکین

طبقۂ پنجم ہی جحیم اس کا نام
بولا رہیں اسمیں ہی صابی تمام

طبقۂ چارم ہے سقر سعیر
منزل ابلیس لعین شریر

اسکے بھی اتباع و مجوس لعین
انکے جو مانند ہوں بے عدل و دیں

طبقۂ سیوم ہوا حطمہ نمود
بولا کہ سب اسمیں رہیں گے جہود

طبقۂ دوم تھا لظی مشتہر
بولا نصارا کا یہی ہے مقر

طبقۂ اولی کا جہنم ہی نام
جبکہ میں اس طبقہ میں دیکھا تمام

دوسرے درکات میں جو تھے عذاب
اسکے بہ نسبت تھے یہاں کم عقاب

بحر بڑے آگ کے ستر ہزار
ایسے نظر آئے مجھے آشکار

ایک میں گر صفت زمیں و سما
ڈالکے گر یوے ملک کو خدا

وہونڈو وہ وہونڈیگا برس ایک ہزار
پاوے نہ وہ اس کا نشاں نہ کنار

جوش و خروش اسکا بدینا اگر
آوے نہ جیتا رہے کوئی بشر

پوچھا میں کون اسمیں رہیں کہہ شتاب
اسکا نہ مالک نے دیا ہے جواب

سر کو جھکایا ہے یہ سن پر ملال
اور وہی اس سے کیا میں سوال

بولا ہی مالک نے بروح امیں
روح امیں نے کہا میرے تئیں

ای نبی مالک ہی یہاں عذر خواہ
دے نہیں سکتا ہی جواب اسکا آہ

میں کہا کیا حال ہے کیجیے بیاں
فکر مگر آج ہوا اسکی یہاں

مالک دوزخ نے یہ سنکر وہیں
بولا ہی ناچار مرے سے حزیں

آپکی امت کے جو ہیں عاصیاں
حشر کے دن ہونگے داخل یہاں

کیجئے امت کو نصیحت ضرور
تا دے رکھیں آپکو دوزخ سے دور

کہ میں کسی پر بھی بروز جزا
رحم نہ زنہار کروں گا ذرا

اور نہ بوڈھونکی رعایت کروں
اور نہ جوانوں پہ بھی شفقت کروں

سنکے میں یہ بات ہوا بیقرار
جلد وہیں سر سے عمامہ اتار

درگہہ حق میں بہ نیاز و خضوع
گریہ و فریاد کیا میں شروع

عجز سے زاری کی بدرگاہ رب
کرنے لگا بخشش امت طلب

روح امیں اور ملائک سبھی
جلد ہوئے میرے موافق تبھی

بارگہہ حق سے یہ آیا خطاب
ای نبی تیری ہی دعا مستجاب

تیری شفاعت میں کرونگا قبول
روز قیامت میں تر ہ تو ملول

بخشیں یہانتک تری امت کو ہم
کہ تو بدل ہووے گا راضی بہم

الغرض ارشاد کئے یعنے جب
دیکھا جہنم کے وہ درکات سب

حاضر درگاہ الہی ہوا
حقنے تب ارشاد مجھے یوں کیا

ای نبی سب جنت و دوزخ کا حال
دیکھا تو کیا بول تمام و کمال

میں کیا تب عرض ای رب رحیم
دیکھا میں دونوں کے عذاب و نعیم

طبقات دوزخ

نعمت جنت کو نہیں ہے حساب	یوں ہی جہنم کے ہیں بیحد عذاب	جانتے ہیں اُن دونوں کا تو ہی شمار	تو ہی بچائے زعقوبات نار
حقنے کہا جاکے تو دنیا میں اب	دیجیے خبر خلق کو دونوں سے سب	جنت و ایمان سے ترغیب دے	معصیت و نار سے ترہیب دے
	بس مجھے رخصت دے یارب جہاں	اب سنو رخصت کا یہ تھوڑا بیاں	

ذکر رخصت آنحضرت از بارگاہِ ربّ العزت

شہ کہے جب حق مجھے رخصت دیا	لطف سے تب چند نصیحت کیا	پہلی نصیحت ہے یہی جانو اب	ای نبی تو ہو ویگا غمگین جب
یاد مجھے کیجے ای میرے حبیب	کہ میں تری جانسے بھی ہوں قریب	دعوت مظلوم سے ڈر ہر زماں	اسکی دعا کے بھی مرے درمیاں
جانئے زنہار نہیں ہے حجاب	ہے مرے پاس اسکی دعا مستجاب	صبر مصیبت پہ تو کر جاودان	دور تو رہ کبر سے در ہر زماں
اور نہ دنیا پہ ہو مغرور تو	اور نہ آرام لے اس سے کبھو	فخر نہ کر اسپہ کہ ہے قلیل و قال	وہ تو ہی غدار سریع الزوال
سن یہ نصائح کو دل و جان سے	عرض کیا میں کہ ای خالق مرے	بندگی کرتا ہوں تری ہی مدام	اور میں ڈرتا ہوں تجھی سے دوام
رکھتا ہوں تیرے ہی سے امید بھی	اور سمجھتا ہوں یقیں میں یہی	کہ ہے تو ہی خالق و مالک مرا	میں ہوں دل و جانسے بندہ ترا
اور نبوت کے شرف سے یقیں	تو ہی مشرف کیا میرے تئیں	پھر کیا یوں حکم مجھے داد گر	کر تو نمازوں کو ادا وقت پر
امر و نہی خلق پہ کر بالدوام	دین متیں کا ہے اسی پر قیام	اور جو دیکھا و سنا آج شب	اسکا بیاں کیجیے امت سے سب
میں کہا تصدیق کرے کون ای رب	بولا ابوبکر صداقت لقب	شرط میں تعظیم کی لاکر بجا	عزم جو رجعت کا وہاں سے کیا
تاب جب اُسکا نہ باقی رہا	رونے لگا میں تو خدا نے کہا	کہ ای مرے دوست ازل سے یہاں	ہمنے مقرر یہ کیا ہے تو جان
کہ مرے اور بندوں کے سب درمیاں	واسطہ بس تیرا رہے درجہاں	پس ہو یہاں کیونکر اقامت تری	لیک یہی خوشنودی ہے میں مری
کہ مرے بندے نہیں زمیں پر رہے	راہ نمائی تو او ہوں کی کرے	لیک مرا شوق لقا جب تجھے	عالم ناسوت میں مضطر کرے
تب تو ہو مشغول نماز و نیاز	پاویگا معراج کا تو اسمیں راز	تب میں کروں لطف سے رفع حجاب	خواب کے عالم میں بھی ہو کامیاب
پس وہیں مولا مجھے رخصت دیا	درد سے ناچار میں رجعت کیا	عرش کے جب پاس میں پہنچا ہوں آ	اسنے تحیت مری لایا بجا
بعد میں گزرا ہوں بکروبیاں	اترا یا طباق سما بعد ازاں	پوچھا ہے موسیٰ نے علیہ السلام	مجھ سے ملاقات کر اپنے مقام
آپ پہ اور آپکی امت پہ رب	کیا ہے کیا فرض دہ فرماؤ اب	میں کہا پنجاہ نمازیں مدام	فرض ہوئیں سال میں شش مہ صیام
بولا ضعیف آپکی امت ہے سب	کیجیے تخفیف خدا سے طلب	پھر وہیں درگاہ میں مولا کے جا	عرض میں تخفیف کے خاطر کیا
حق کیا پچیس نمازیں مدام	فرض بھی ہر سال میں سہ مہ صیام	اور میں آیا تو کہے ہیں کلیم	یہ بھی اک امت پہ ہے بار عظیم
اور میں درگاہ میں حق کے گیا	عرض بہت عجز سے میں نے کیا	فرض کیا بیس نمازیں خدا	سال میں دو ماہ کے روزے سدا

اور کہا موسیٰ نے مل مجھ سے تب / اسمیں بھی کروائے تخفیف اب
یونہی کئے بار گئی با نیاز / تا کہ یہ مفروض ہوئیں پنج نماز

اور صیام اک مہ رمضاں کے ہی / موسیٰ کہے چاہو کمی اور بھی
میں کہا اب شرم ہے ای باوقار / عرض یہ کرنے کے لئے بار بار

کر کے قبول اسکو جو میں آ گیا / عرش سے تا فرش ہوئی یہ ندا
فرض کیا حق نے محمد پہ اب / اور مدام اسکی بھی امت پہ سب

پانچ نمازیں ہیں یہ لیل و نہار / اور مہ رمضاں کے صیام آشکار
تب ہوئی غیب سے مجکو ندا / پانچ نمازیں جو کرے یہ ادا

تو اسی پنجاہ کا پاوے ثواب / جسکا مقدر تھا ازل میں نصاب
ایک مہینے کے جو روزے رکھے / اجر وہ چھ ماہ کا اس کو ملے

ایک روایت ہی کہ دس ماہ کے / صوم کا حق اجر یقیں دے اُسے
اور چھ روزے مہ شوال میں / جب کوئی شخص رکھے سال میں

اجر ہیں اوس ایک ہی نیکی کو جب / صوم کا یک سال کے ہو اجر تب
ایسے عبادات و ثواب کثیر / کیجے عطا ہم کو اے رب قدیر

رسول مقبول کے شرف نزول کا بیان

اترے جو دنیا میں شہ دو جہاں / مختلف اسمیں ہیں روایات جان
ایک ہی روایت ہو سوار براق / پہنچے سموات پہ ای باوفاق
تھی وہ کرامت کی نشاں شہ کی جا / اور یہ تھی قدرت حق کی نشاں
شکر کے سجدہ میں رکھے سر وہاں / فرش پہ تھے سر جو اٹھائے یہاں
عرش معلّے تلک اس فرش سے / ایک ہی دم میں گئے اور آ گئے

بر پر جبریل وہ حق کے رسول / عالم دنیا میں کئے ہیں نزول
اور وہیں چھوڑ براق ای ایں / شرف نزول آپ کئے بر زمیں
ایک روایت ہے کہ وہ لطف رب / دیکھے وہاں حقمیں نبی اپنے جب
فرش ابھی گرم تھا اس شاہ کا / آب وضو آپ کا جنبش میں تھا
جانا اور آنا تھا وہ یک آن کا / تھا یہ سفر بسکہ عجب شان کا

دریافت کرنا کفار کا آثار بیت المقدس کے حضرت سے

ما در ہانی ہی الٰہی میرے گھر / پائے ہیں معراج وہ خیر البشر
کیجے نہ آپ اسکا کسی سے بیاں / تا کہ نہ تکذیب کریں کافراں
پس وہیں مسجد بیت الحرام / آکے بیاں اسکا کئے ہیں تمام
اور ابو جہل لعیں بدگہر / دوڑا ابوبکر کے گھر جلد تر
کہتے محمد ہیں کہ کل رات میں / آیا ہوں جا بیت مقدس تئیں
بیت مقدس کا ہی وہ ذکر تھا / نیں تھا ابھی ذکر سموات کا
ذکر ہی کیا بیت مقدس کا ہاں / گر کہیں جا آیا میں بر آسماں
پس کہا بوبکر نے شہ پاس آ / میں نے سنا ہوں ای رسول خدا
بولے نبی ہاں وہ کیا عرض تب / اسپہ بدل لایا میں ایمان اب

صبح کو جب اسکا کئے ہیں بیاں / سننے کی عرض ای شہ ہر دو جہاں
آپ نے فرمایا خدا کی قسم / میں اُسے ظاہر ہی کروں گا بہم
سنکے اُسے ہنسنے لگے کافراں / اور بجانے کو لگے تالیاں
کہنے لگا کیا نہیں تم نے سنا / ایک غریب اور عجیب ماجرا
قوم میں ہی اپنے ہی اب دیکھ لیں / کیسا گئے آئے ہوں یک رات میں
سنکے وہ دوڑا تھا ابوبکر پاس / بولا ابوبکر صداقت اساس
آپکی تصدیق کروں گا میں اب / ہو گیا بوجہل پشیماں تب
بیت مقدس تلک از حکم رب / لیگئے تھے آپکو بس کل کی شب
اور جو حالات ہیں تفصیل سے / اسکا بیاں میرے لیے اب کیجے

لقب صدیق

بیت مقدس کا جبریل پر روبرو لانا

حال سموات کا شاہ جہاں
دیکھ یہ فرمائے خدا کے نبیؐ
روح امیں کو جو بلا شک خدا
وہ کیا معراج کی تصدیق جب
جمع ہو آئے کئے کفار تب
جو کہ گئے بار گئے ہیں بشام
آئی روایت کہ نبی نے کہا
روح امیں مسجد اقصیٰ کو تب
پس میں نظر کرکے وہیں اسپہ تب
قافلے مکے سے ہمارے ادہر
جانیو یک قافلہ رحا میں تھا
قدح وہاں پانی کا تھا ایک بہرا
نام ہی ذی مرہ جو ایک جاے کا
ایک نفر انسے گرا بر زمیں
اونٹ تھا خاکستری یک جانئے
اسپہ پٹے دار تھے دو قرجیاں
میرا وہ آواز پچھانے ہیں تب
جیسا کہ فرمائے تھے شاہِ جہاں
مروی ہے فرمائے تھے خیر الورا
کھینچے طنابے ہیں زمیں کے وہیں
قید کیا تھا وہیں خورشید کو
قافلہ پہنچا ہے غرض صبحدم
آگے جو فرمائے تھے خیر الانام

جبکہ لگے کرنے کو یک یک بیاں
کیا کرے تصدیق تو ہر امر کی
چرخ سے لائے یہ زمیں بار ہا
تب سے ہی صدیق وہ پایا لقب
اور کئے عرض یہ حضرت سے تب
دیکھے ہیں وے مسجد اقصیٰ تمام
بات یہ سن انسے میں غمگین ہوا
پر یہ لے اپنے وہیں از حکم رب
جو کہ وے پوچھے سو کہا انسے سب
جو ہیں گئے دیکھئے ان کی خبر
انسے وہاں اونٹ تھا ایک گم ہوا
تب میں پیاسا تھا لے اسکو پیا
دیکھا وہاں قافلہ میں دوسرا
ٹوٹ گیا ہاتھ بھی اس کا وہیں
اسپہ فلاں ور فلاں تھے چڑھے
اونٹ تھے وہ پیش رو کاروان
پوچھیو تم انسے یہاں آویں جب
آیا اسی روز ہی وہ کارواں
صبح یہاں قافلہ وہ آئے گا
قافلہ تا جلد کرے طے زمیں
تا کہ طلوع اسکا نہ تب جلد ہو
جیسا کہ فرمائے تھے شاہ امم
راست تھی سچے تھے وے باتیں تمام

کرکے وہ تصدیق دل و جان سے
بولے ابوبکر ای مقبول رب
یوہیں محمدؐ کو زمیں سے وہ رب
نقل ہے جب ذکر یہ معراج کا
ہمکو نہیں آگہی از آسماں
اسکا بیاں کیجئے انسے سبھی
کیونکہ مجھے یاد نہ تھے خوب تب
مکے میں لا جلد بلا قال و قیل
سن وے علامات کو قائل ہوے
انکو تب ارشاد کئے شاہ دیں
قافلے والے سبھی حیران تھے
لوگ اسے ڈہونڈھنے جب آئے ہیں
دو نفر یک اونٹ پہ اسوار تھے
خاص تمہارا جو ہی وہ کارواں
اور تھے دو اونٹ سفید و سیاہ
اسپہ گزر جب کہ ہوا ہے مرا
اور فلاں روز وے آویں یہاں
پیش رو انکے تھے وہی شتراں
قافلہ وہ گرچہ ابھی دور تھا
ایک روایت ہے کہ بر آفتاب
اور زمیں کو تھے لپیٹے ادہر
قافلے والوں سے وے کفار تب
قافلہ والوں نے خبر یہ بھی دی

اب سے صدقت و صدقت کہے
کیوں نہ میں تصدیق کروں اسکی آپ
چرخ پر لیجاوے تو کیا ہی عجب
مکے میں مشہور ہوا اب بجا
لیک یہ مکے کے گئے تاجراں
آپ وہاں تو نہ گئے ہیں کبھی
مسجد اقصیٰ کے علامات سب
اسکو رکھے نزد مکان عقیل
پھر وہیں پیرے سے وے سائل ہوے
قافلے تین ایسے میں دیکھا یقیں
ڈہونڈھنے میں اسکے پریشان تھے
قدح میں وہ پانی نہیں پاے ہیں
دوڑا وہ مرکب کو مرے دیکھکے
دیکھا میں تنعیم میں اسکو عیاں
غلہ لدا اسپہ تھا بے اشتباہ
دیکھ سلام انکو وہاں میں کیا
منتظر اسکے ہی تھے سب کافراں
جن پہ پٹے دار تھے دو قرجیاں
روح امیں جلد بحکم خدا
تھک جو موکل ملک ای یا صواب
پہنچے وہ جا قافلہ تا جلد تر
پوچھے ہیں تفصیل سے حالات سب
ایک بیاباں میں تھے ہم جبھی

دیکھیے محمد کی سواری وہاں ‏— برق کے مانند ہوئی ہے رواں
جبکہ ان اخبار کو سچ پائے ہیں ‏— ایمان کئی شخص تبھی لائے ہیں
سحر کہے اسکو شقاوت کے ساتھ ‏— لائق دوزخ ہوئے لعنت کیساتھ
اور شب معراج کے بعد لے خلیل ‏— دوسرے دن آکے یقیں جبرئیل
دوسرے دن کعبے کے پاس آکے خبیر ‏— پانچوں نمازیں پڑھی وقت اخیر

اور کہاں تاب ہے کسی یک شخص کے ‏— جبکہ گری ہے وہ اٹھا کر دیئے
لیک بوجہل لعیں نابکار ‏— تا ایمان اسکے بھی جو تھے بدشعار
جو کہ ازل ہی سے تھے سعید ایمیاں ‏— دے کئی معراج کی تصدیق جاں
ساتھ لے حضرت کو پڑھا پانچوں نماز ‏— اول اوقات پڑھے با نیاز
اول و آخر وہ ہر اک وقت کا ‏— تاکہ ہو ظاہر پر رسول خدا

معراج کی حکمت

اور سموات پہ اسی با صفا ‏— سیر ہوا شہ کو جو معراج کا
شاہ ہونکا معمول ہے اے باخبر ‏— کہ وہ رکھیں دوست کسیکو اگر
یونہی پیمبر کو دکھایا وہ رب ‏— پہلے خزینے جو زمیں کے ہیں سب
حکم سے مولا کے زمیں پہ سبھی ‏— میرے لئے جا تو لپیٹی گئی
بعد ازاں حضرت کو خدا نے عروج ‏— بخشا سموات پہ ہے سب تو بوج
جنت و دوزخ بھی کو نجی خدا ‏— اس شہ عالم کو عنایت کیا

حکمت دوم مناظرہ آسمان و زمین

جب ہوئی پیدا یہ زمین آسماں ‏— بحث ہوا دونوں کے ہے درمیاں
بولی زمیں بسط ہے میرے لئے ‏— حق نے بساطا کہا حق میں مرے
اس در پر آب کو لیتا ہوں جب ‏— رکھتا نہیں بخش ہی دیتا ہوں سب
چرخ کہا کہ مجھے انوار ہیں ‏— بولی زمیں کہ مجھے اسرار ہیں
تاروں سے ہے زیب و زینت مجھے ‏— آیت زَیَّنَّا السَّمَاءَ دیکھیے
کیا نہ تو قرآن پڑھا ہے ابھی ‏— کیا نہیں دیکھا ہی تو زینت مری
میرے پہ کیا خوشنما اشجار ہیں ‏— گلشن خنداں گل و گلزار ہیں
منبر گل پر بھی ہر اک شاخ کے ‏— خطبہ خوش لحان بلبل پڑھے
باتیں یہ جب چرخ زمیں سے سنا ‏— غصہ بہت ہوکے زمیں سے کہا
کیجیے نظر فوج ملک کے طرف ‏— دیکھئے عباد فلک کیطرف

حکمتیں اسمیں بہت جانیو ‏— لکھتا ہوں اب انمیں سے یہاں ایک دو
جو ہیں خزینے و دفینے نہاں ‏— آگہی دیتی ہیں اسے اسپہ جاں
جیسا کہ آئی ہے حدیث صحیح ‏— یوں کئے ارشاد وہ سرور صریح
اسکے مشارق بھی مغارب کئیں ‏— فضل سے اللہ کے دیکھا ہوں میں
اور سموات کے ملکوت بھی ‏— کردیا اس شاہ پہ ظاہر سبھی
حشر میں تا آپ شفاعت کریں ‏— مومنوں کو داخل جنت کریں
اور بھی یہ حکمت معراج ہی ‏— لکھتے ہیں علما جو ای فرخندہ پے
چرخ کہا حق مجھے رفعت دیا ‏— رفعہا قرآں میں کہا ہے خدا
آسماں پھر کہنے لگا میرے تیں ‏— جانئے یک و دو جو دیا کرتے ہیں
بولی زمیں کیسا ہے بار گراں ‏— ڈالیں جو مجھ پر تو اٹھاتی ہوں جاں
آسماں بولا کہ شمس و قمر ‏— روشن و پر نور ہوں میں خوب تر
اسکو زمیں بولی کہ اللہ نے ‏— دی ہی نباتات سے زینت مجھے
مجھ پہ ہیں کس رنگ کے باغ و بہار ‏— کیا نہیں دیکھا تو مرا لالہ زار[ے]
ہر گل و ہر غنچے کا یک طور ہے ‏— رنگ و بو ہر ایک کی کچھ اور ہی
قمریاں اور دوسرے صوامیاں ‏— ہیں بہر یک صبح ترنم کناں
کہ تو پرندوں کے ہی آوازے ‏— لیک تلک اسطرح بڑھائی کرے
ذکر ہے اللہ کا صبح و مسا ‏— کرتے فرشتے ہیں بسوز و ادا

[ے] وَمَا عَلَى الْأَرْضِ زِينَةً

غل کہیں تسبیح کا تحمید کا
ہی کہیں تہلیل کا تمجید کا

ذکر میں اللہ کے مشغول ہیں
انکے سبھی طاعتیں مقبول ہیں

پس کہاں وہ صوت ملائک کا غل
گو سمجھتے ہیں جسے سموات کل

گو گل و گلزار ہے تیرے لئے
مجھ پہ حدائق ہیں بس انوار کے

مثل ستارے کی ہی ہر اک جدی
مختلف ہر ایک کی ہے تاثیر بھی

پس کہاں یہ نور کے کوکب مرے
اور گل و گلزار کہاں وہ ترے

دیکھئے دیتا ہے فلک کیا بہار
جسپہ ہو صد گلشن خنداں نثار

عالم ملکوت ہی عالم مرا
عالم ناسوت ہی عالم ترا

چرخ سے باتیں یہ سنیں جب زمیں
ہوگئی شرمندہ بہت وہ زمیں

بعد ازاں پیدا ہوا وہ شاہ دیں
ختم رسل رحمۃ للعالمیں

خوش ہو زمیں سارے سموات پر
فخر لگی کرنے کو یوں بیشتر

شان میں جسکے کہا لولاک رب
جسکے لئے ارض بھی افلاک سب

لیک یقیں قالب پاک آپکا
خاک کے مرکز سے ہی پیدا ہوا

الغرض اس نسبت عالی سے ہی
فخر زمیں اسطرح کرنے لگی

بارگہ حقمیں ہزاروں سے سال
زاری کیا آہ بدرد و ملال

حق نے کیا اسکی دعا مستجاب
اسکے یہ مقصد کا کیا فتح باب

ف

رفع حجابات کی تحقیق

آیا جو معراج میں ای باصفا
ذکر و بیاں رفع حجابات کا

حق تو منزہ ہے بلا ارتیاب
کہ اُسے ڈھانکے کبھی کوئی حجاب

جو کہیں اسماء و صفات خدا
اور جو افعال ہیں ای باصفا

خلق سے ہر اک کو ہے ارتباط
ظلمت و انوار سے یک یک حجاب

حصہ بھی ایک ایک ہی انکے لئے
معرفت و دانش و ادراک سے

جانئے اللہ کی عظمت کا نور
اسکے جلال اور وجاہت کا نور

ایک وجب کی بھی جگہ ایسی نہیں
خالی ملک سے ہو فلک پر نہیں

صومعے پورا نکے ہیں ہر چرخ پر
حقکی عبادت میں ہی شام و سحر

تیرے پرندوں کا ترنم کہاں
قمری و بلبل کا تغنم کہاں

نور کے ہی شاخ و گل و برگ سے
پھولا ہے گلزار مرا دیکھئے

تجھ پہ ہیں جیسے کہ رنگارنگ گل
میرے پہ ویسے ہی ستارے ہیں کل

چرخ فلکی ساحت پہ جب اے باخبر
شکو ستارے ہوں مرے جلوہ گر

پس کہاں گلزار کا میرے بہار
اور کہاں وہ تیرا جو ہے لالہ زار

مجھ پہ ہی ارواح کا راز و نیاز
تجھ پہ ہی اشباح کا ہی تک و تاز

اسپہی خجالت میں ہزاروں سال
کرزرے ہیں بس یہ بدرد و ملال

باعث ایجاد جہاں جسکی ذات
سرور عالم شرف کائنات

کہ یہ نبی خاتم پیغمبراں
جسکے طفیلی ہیں یہ کون و مکاں

گو ہر پاک اس شہ کونین کا
ارض و سما کے ہی اگرچہ سوا

میرے سے نسبت ہی بس آپکی
آپکی بعثت بھی ہو میرے پہ ہی

آسماں پس ساکت و ملزم ہوا
ہو کے خجل سر کو وہیں خم کیا

کہ قدم پاک سے اس شاہ کے
آپکو یکبارگی عزت ملے

پس شب معراج نبی کو بخیر
سارے سموات پہ بخشا ہی سیر

اپنی مدارج میں ز بعض عارفین
دہلوی یہ نقل کیا ہے یقیں

حق میں وہ مخلوق کی ہے ایمیاں
حق ہیں وہ خالق کے نہیں ہے چھپاں

کیونکہ حجاب ہووے محیط ای عزیز
ہوئے محاط اسمیں جو ڈھکتی ہے چیز

انکے معانی بھی جو ہیں باصواب
جسکے وہی خلق کو ہو وے حجاب

اور اسیطرح کہ یک یک مقام
حقمیں مقرب ہی او نہو نکے مقام

عرش کے اطراف ملک جو ہیں نہاں
اور مقرب جو ہیں کروبیاں

ہے وہی بے شبہ انہو نکو حجاب
انمیں وہ محجوب ہیں اے کامیاب

مختلف انکے سبھی طبقات ہیں ۔ اور جلسے انکے مقامات ہیں
درجہ بھی ہر اک کا معین ہے جاں ۔ وہ اسی درجے میں رہیگا جاوداں
خلق ہیں محبوب خدا سے سبھی ۔ مختلف انکے ہیں حجابات بھی
جانئے نعمت ہی کیسکے تئیں ۔ ہوگئی منعم سے حجاب ای ایں
اور کوئی ایسا ہی سمجھ بیگماں ۔ علم و خرد سے ہوا محبوب جاں
اور کوئی شہوات مباحہ سات ۔ سات معاصی کے کوئی بد صفات
کوئی باولاد و زر و نقد و مال ۔ جانئے محبوب ہے در کل حال
دنیا و عقبی ہیں ہمیں آپ سے ۔ لطف سے محبوب خدا نہ کرے

خاتمہ

شکر ہے صد شکر خدای انام ۔ کر دیا یہ تکملہ حسن ختام
حق کرے مقبول بجاہ رسول ۔ از پی اولاد بتول و بتول
از پی اصحاب ہمہ اولیا ۔ وز پی اتباع ہمہ اتقیا
خاتمہ بالخیر ہمارا کرے ۔ غایت لطاف و عنایات سے
بھیجیے اس احقر نے درود و سلام ۔ دمبدم اس سرور دیں پر مدام

ضمیمہ

ان فضیلتوں اور نعمتوں کے بیان میں جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو عالم آخرت میں دیئے جائینگے

گلدستہ

اس بیان میں کہ بعث و نشر و عطای کسوت و دخول جنت میں حضرت کو سب انبیا پر اولیت ہے علیہ و علیہم الصلوۃ والتحیۃ

جانئے سب خلق سے پہلے خدا ۔ روح کو حضرت کے ہی پیدا کیا
خلق کے ارواح کو سب بعد از آں ۔ پیدا کیا اپنی ہی قدرت سے جاں
بعد کیا انکو خطاب آشکار ۔ کیا میں تمہارا نہیں پروردگار
لفظ بلی بولے سب ارواح تب ۔ یعنے کہے تو ہمارا ہے رب
پہلے دیا ہی جو جواب ایماں ۔ احمد مرسل کا ہی ہے اے جاں
اور لیا عہد جب از انبیا ۔ عہد وہ سرور سے ہی پہلے لیا
عالم ارواح میں بیشک سبھی ۔ اول پیغامبراں ہے وہی
جیسی ہی یہ اولیت آپ کی ۔ اولیت روز قیامت میں بھی
دیویگا براہ مری پروردگار ۔ اس میں شہ دیں کو بعز و وقار
آئیں ہیں اس باب میں دیکھو صریح ۔ سرور عالم سے حدیثیں صحیح
آئی انس سے یہ روایت یقیں ۔ کہ کئے ارشاد شہ مرسلیں
قبروں سے جب نئے اٹھیں مردگاں ۔ پہلے اٹھوں میں ہی سو لینے عیاں
اور بدرگاہ خدا آویں جب ۔ میں ہی خطیب انکا ہوں جانو تب
اور وے مایوس ہوں اس روز جب ۔ جا تو مبشر میں اٹھونگا ہوں تب
اور لوا احمد کا ای اہل دیں ۔ ہاتھ میں میرے رہیگا یقیں
اکرم اولاد ہوں آدم کا میں ۔ پاس آمر رب کے یہ کچھ فخر نیں
یعنے نہیں کہتا ہوں یہ فخر سے ۔ واقعی ہیں سب یہ فضائل مرے
آئی ہے اور ایک روایت ای یار ۔ کہ کئے ارشاد شہ باوقار
انکا میں قائد ہوں بروز نشور ۔ جمع وے جب آوینگے حق کے حضور
اور خطیب انکا ہوں میں نزد رب ۔ ہووینگے جس وقت وہ خاموش سب

اور شفیع انکا ہونگیں لا کلام
خوبرو خدام یقیں یک ہزار
جنت ماوا کے بھی سید کی طرف
اور کہے حضرت کہ اوٹھاؤنگا میں
میرے لئے جنت ماوا کا در
جتنے رہیں اولیں اور آخریں
اور میں پہنائے بھی جاؤں لباس
دوسری حدیث آئی یہ ای حقشناس
پس مجھے اعزاز سے بلوائینگے
پس مجھے بٹھلاویں بعزو شرف
بات یہ لازم نہیں آتی کبھی
اور ہی اس بات کا بھی احتمال
حلۂ جنت انہیں پہنائیں جو
اور ملیگا جو ابراہیم کو
پوشش پوشاک میں بھی ای انیس
ظالم و نمرود لعیں نابکار
اور مواہب میں ز ابن عمر
تز و بقیع آؤنگا میں بعد ازاں
مکے مدینے کے ہی میں درمیاں
حضرت صدیق و عمر باشرف
اور ہی مروی تو سن ای باوفاق
ناقے دو حضرت کے جو تھی ای ہمام
ناقۂ جنت پہ یک ای باکمال

قید کئے جاوینگے جب وی تمام
وہ بصدف ہوں ز رنا سفتہ وار
تب میں کھڑا ہوؤنگا آبا شرف
حشر کے دن حمد کی جھنڈی کتیں
جانئے کھل جائیگا تب جلد تر
فخر نہیں انہیں ہوں اکرم یقیں
اس سی ہوا ظاہر ای نیکو اساس
پہلے براہیم کو دویں لباس
حلۂ جنت مجھے پہنائیں گے
کرسی پہ وہ عرش کے سید کی طرف
کہ ہو فضیلت انہیں حضرت پہ بھی
کہ شہ کونین بلا قیل و قال
واسطے تکریم کے ہے جانیو
برہنگی کا ہے سبب جاں تو
پوشش سرور ہو نہایت نفیس
ڈالا تھا جو انکو برہنہ نہار
مروی ہی فرمائے شہ بحر و بر
سارے وہاں کے بھی اوٹھیں مرد گاں
ہوؤنگا محشور بغیر گماں
آپکے تھے داہنی بائیں طرف
ہووینگے محشور نبی بر براق
غضبا و قصوا ہی یقیں جنکا نام
ہو کے سوار آوینگے اسدن بلال

ہاتھ میں میرے ہو کرم کا لوا
اور شہ ابرار خبر یہ دیئے
میرے سوا خلق میں سب لا کلام
اور در جنت پہ جو حلقہ رہے
زمرۂ فقرا ئے مسلمان سب
اور یہ فرمائے کہ از حکم حق
آپ ہی مرقد سے اٹھیں اولاً
کرسی بھی یک لاوینگے بعد از یقیں
حلۂ پاکیزہ وہ ایسا رہے
جان وہ تخصیص براہیم سے
جزوی فضیلت یہ ہی اے باصفا
قبر سے جب اپنے اوٹھے پاک ذات
برہنگی کا وہ نہیں ہے سبب
وہ شہ دیں بعد براہیم کے
بعضے کہے اولیت کا سبب
اسکی جزا میں ہے خداوند ناس
پہلے اوٹھوں قبر سے میں حشر میں
پس میں رہوں منتظر مکیاں
اور اسی راوی نے کہا ایک روز
تب کئی ارشاد رسول امیں
یوہی رسل اپنے مراکب پہ سب
حضرت حسنین بعزو وقار
اور ہی روایت کہ ملک با وقار

اور مرے اطراف پھرینگے وے آ
حلۂ جنت مجھے پہنائیں گے
نا ہو میسر وہ کسیکو مقام
پہلے یقیں میں ہی بلاؤں اسے
ساتھ مرے آئینگے جنت میں تب
پہلے مری قبر ہی ہووے گی شق
پہلے لباس آپہی کو دیگا خدا
اسکو رکھیں عرش کے سوی یمین
کہ اسے قیمت کبھی نا ہو سکے
انکو جو کسوت میں تقدم ملے
کلی فضیلت ہی رکھے مصطفیٰ
اپنا او نہیں جامۂ اشرف کیساتھ
عزت و شاں کا وہ یقیں ہی سبب
اولیت خلق پہ سب پائینگے
ہی یہ ابراہیم کا ای باادب
آگے سو نکے انہیں بخشے لباس
بعد ابو بکر و عمر بھی اوٹھیں
تاکہ وے سب آکے ملیں گے وہاں
دیکھا میں حضرت ہوئے رونق فروز
حشر میں ایسا ہی اٹھونگا یقیں
حضرت صالح رہی ناقے پہ تب
آوینگے ان دو نو پہ ہو کر سوار
آتے ہیں ہر صبح کو ستر ہزار

پھرتے ہیں اطراف مزار نبی
آتے ہیں پھر دوسرے دن آسمانکا
قبر سے نکلیں وہ شہ نامدار
اور کہے حضرت کہ میں ہر یوم میں
اول شافع بقیامت ہوں میں
کثرت اتباع کے پس وسے بھی
سارے رسولوں سے مقدم ہوں میں
کھولنا دروازیکو جاہونگا جب
کہ مجھے اسطرح ہی فرمان رب
اپنے صحابہ کو کہے شاہ دیں
یعنے براہیم و مسیح گزیں
حق سے کہا تھا میں دعا جانئے
اور کہیں عیسےٰ کہ رسولاں تمام
بھائی ہی عیسےٰ تو مرا بیگماں
چرخ سے جب عیسیٰ کا ہوگا نزول
بندہ جو آ ایسا مرے سے ملے
کوں ہی فرمائے احمد ای رب
اس سے بزرگ اور کوئی دوسرا
میں نے لکھا عرش پہ اسکا ہی نام
جانئے ظاہر یہ خبر سے ہوا
جبکہ ہو مہمان طہر عزیز
کیونکہ رسولونیہ کبھی ای ایں

مارتے ہیں اپنے وے بازو سبھی
یوہی ملک چرخ سے ستر ہزار
ساتھ ملک ہوونگے ستر ہزار
سب نبی آدم کا ہوں سید یقیں
اول مقبول شفاعت ہوئیں
میں ہوں یقیں بڑھکے رسل سے سبھی
ٹھوکونگا دروازہ جنت کتیں
پوچھیگا داروغہ جنت یہ تب
ای شہ ابرار ترے ہی سبب
کہ تم اب سبات پہ کیا خوش نہیں
میری ہی امت میں ہیں داخل یقیں
کلے میں مبعوث تجھے تا کرے
واقعی بے ادبیں بھایاں تمام
میرے بھی اور اسکے یقیں درمیاں
ہو اسی امت میں تب اسکا دخول
احمد مرسل کا وہ منکر رہے
حق نے کہا حضرت موسیٰ کو تب
جان یقیں میں نہیں پیدا کیا
نام کے نزدیک مرے لا کلام
جسکے یہ امت ہے بفضل خدا
ہوئے طفیلی بھی مقرر عزیز
جان اس امت کو فضیلت نہیں
ملت اسلام کا یہ اعتقاد

کہتے ہیں حضرت پہ درود و سلام
حشر تلک آوینگے یوہی یقیں
شان و تجمل سے بہت باادب
پہلے مرقد قبر کی ہوویگی شق
اور یہ فرمائے شہ انس و جاں
یعنے مری امت نیکو نہاد
اور یہ فرمائے ہیں خیر الورا
کوں ہی بولونگا محمد ہوں میں
کھولوں نہ زنہار میں جنت کا در
روح خدا اور خدا کے خلیل
آکے براہیم کہیں مجہ حضور
پس تو مجھے آجکے دن آشکار
باپ ہی یک اور بہت ماورا
کوی ہوا ہی نہیں پیغامبر
اور یہ فرمائے شہ انبیا
ڈالونگا میں اسکو بنار جحیم
احمد مرسل سے زیادہ یقیں
اور یقیں خلقت ارض و فلک
خلد میں جبتک شہ کرے وہ خرام
حشر کے دن آکے رسولو سے سب
یہ بھی ہی محمول تو رکھو خوب یاد
ہوویگا کیسا ہی معظم ولی
جان ہی اجماعی تو رکھ خوب یاد

جاتے ہیں پھر چرخ پہ جب ہووے شام
تا کہ بلاشبہ ہو شق یہ زمیں
لاوینگے حضرت کو بدرگاہ رب
یعنے اٹھوں سب سے میں کرکے سبق
حشر میں ہو میرے بہت تابعاں
حشر میں ہو سارے امم سے زیاد
خلد کے دروازے پہ میں آونگا
بولیگا اسطرح وہ تب میرے تیں
آپ سوا اور کسی شخص پر
ہوویں تمہارے ہی بیقال دلیل
تو ہی یقیں میری دعا کا ظہور
کیجئے امت میں ہی اپنے شمار
پھر گئے ارشاد شہ انس و جاں
میں ہی طرف اسکے ہوں نزدیکتر
وحی یہ موسیٰ پہ خدا نے کیا
عرض کیا حق سے وہیں تب کلیم
کوی مرے پاس گرامی نہیں
ہوونگے آگے ہی بلاشبہ و شک
سارے خلائق پہ ہی جنت حرام
جائیگی جنت میں نہیں ہی عجب
خلق سے ہی غیر رسولاں مراد
ہووے نہ افضل وہ نبی سے کبھی

بیان عطیات و کرامات کا کہ قیامت کے روز مخصوص حضرت کو ہی عنایت ہوں گے

اس میں پانچ نسایم ہیں پہلی نسیم لوائے حمد کے بیان میں

سرورِ عالم کو عطا پائے رب
پس وہ لواحمد کا بحکم رب
لاوینگے تشریف شفیع الامم
واسطے ہر ایک کے با احترام
سرورِ عالم کے رکھیں سر پہ جب
اور لوا لاوینگے ستر ہزار
حمد کا جھنڈا وہ بشان جلی
اور وے اعلام و لوا آشکار
آئی ہے اسطرح روایت تو جان
پہلے بلاوینگے تجھے از کرم
طول ہو اس جھنڈیکا بقیل و قال
تین اسے نور کے گیسو رہیں
سطر یہ پہلی ہو لکھی ای فہیم
سطر سوم کلمۂ طیب جلیل
اسکو تو لے آویگا ای جان من
حلۂ جنت بھی وہاں لائیں گے
سایہ وہ جھنڈیکا وہی پائینگے
بعض تفاسیر میں اسکا سبب
حکم سے حق کے اسے آئی چھینک
کہتے ہیں آدم کی پیشانی پہ تب
ایک وہ آواز سنے اس طرح
حق نے کہا انکو ای فرخندہ پے
نور محمد کے تئیں دیکھنے

جو کہ میں حشر میں ای با ادب
حشر کے میدان میں ملک لا جیب
لیوینگے خود ہاتھ میں اپنے علم
لاوینگے یک تاج و لباس ہمام
نور فشاں ہے وہ عالم پہ پیپ
اور ہوا اعلام بھی اس ہی شمار
ہوویگا در دست علی ولی جھنڈے
جو کہ جلو میں ہیں وہ ستر ہزار
کہ کئے ارشاد شہ انس و جاں
ہاتھ ترے حمد کا دیوں علم
فاصلہ شش صد یک الف سال
مشرق میں یک دوسرا ہو غرب میں
بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اور ہر اک سطر ہو ایسی طویل
ہو ویں جیب راست حسین و حسن
اور تجھے اکرام سے پہنائیں گے
خلد میں حضرت کے ہی سایہ تھاوینگے
لائے ہیں اسطرح سے ای با ادب
جلد وہ الحمد کہے لب سے ٹھیک
نور نبی سید والانسب
موتی کو موتی پہ گھسیں جسطرح
یہ ترے فرزند کا آواز ہے
آرزو جب حضرت آدم کئے

حمد کا ہے شبہ لوائے عظیم
ایک منادی یوں کریگا ندا
زیر لوا آویں رسولاں تمام
واسطے حضرت کے بحکم خدا
لائینگے یک سبز مقرر حریر
لاویں وے حضرت کی جلو میں تمام
اور وے افواج رسل کے سبھی
حمد کے جھنڈے کے ہی نیچے ہوں سب
ہووے بشارت یہ تجھے ای علی
ڈھونڈینگے تب آدم و عالم تمام
سرخ ہو یاقوت سے اسکی سنان
لکھے ہیں ہو گیسو سوم یقیں
آیت اول جو ہی الحمد کی
کہ ہو درازی میں رہ الف سال
میرے براہیم کے درمیاں تو آ
جو بطریق سنن احمدی
اور وہ لواحمد کا ای نیکخو
کہ تنِ آدم میں بحکم خدا
غیب سے تب انکو یوں آیا جواب
تھا متحرک نہ اسے تھا قرار
حضرت آدم ہیں کئے عرض تب
ہوویگا پیغمبر آخر زماں
انکی پیشانی سے وہ نور نبی

ہی وہ عطیات سے ہی ای فہیم
لہ میں کہاں خاتم کل انبیا
صالح و صدیق و شہیداں تمام
لائینگے یک تاج عجب نور کا
آپکو پہناویں بشان کبیر
شان و تجمل سے بصد احترام
صالح و صدیق و شہید و نکے بھی
عز و شرف فخر بڑا پائیں جب
مژدہ فرحت یہ تجھے ای علی
سایہ وہ جھنڈیکا ہے لا کلام
قبضہ نقرہ ہو سفید ای میاں
لکھی ہوی اسمیں ہو یہ سطر تین
سطر ہے اسکی سمجھ دوسری
اور ہو چوڑائی بھی اسہی مثال
عرش کے سائے میں کھڑا ہوویگا
جل کے سعادت ہیں لئی سرمدی
ساتھ ہو احمد کے منسوب جو
کہتے ہیں جب نفخ ہوا روح کا
رحمت حق ہووے ترے پر شتاب
چھینکے ہیں جب آدم عالیوقار
کسکا یہ آواز ہی فرما ای رب
نام محمد ہے یقیں اسکا جان
کلمے کی انگلی میں ہی آیا تبھی

دیکھا ہے اس نور کو آدم نے جب
کلمہ شہادت کا وہیں پڑھے تب

انکو خطاب حق سے ہوا ہی وہیں
گر ہو پسر ایک کسی کے تئیں

عرض کئے حضرت آدم یہ تب
کلمۂ الحمد کو میرے ای رب

اجر اسی حمد کا ائے کبریا
میں نے یہ فرزند کو ہدیہ کیا

چشم پہ انگشت کو اپنے رکھا
شوق و تمنا سے ہی بوسہ دیا

ہدیہ وہ دیوے عوض آں پسر
ہدیہ ترا کیا ہے یہ لب پر

تو جو مرے لب پہ ہو جاری کیا
اجر کا بھی اسکے تو وعدہ دیا

اجر سے اس حمد کے رب لورا
ہے وہ لوا حمد کا پیدا کیا

ف

بعضوں کے نزدیک دے ای پسر
ٹھہر گئی موضوع اگر کوئی خبر

بحث یہ چہتا ہی طوالت بڑی
پر لسما ئے وہ یہاں ای زکی

جو ہوی مذکور حدیث لوا
بعضوں نے موضوع ہی اس کو کہا

اس سے نہ لازم ہو یہ ای حق شناس
کہ یقیں موضوع وہ ہو سب کے پاس

سفر سعادت کی شرح کے اخیر
دیکھیے یہ مبحث ہی لکھا دلپذیر

دوسری نسیم مقام محمود و شفاعت محمدی کے بیان میں

اور جو ہے محمود مقام علا
دیویگا حضرت کو کرم سے خدا

وعدہ دیا اسکو خدای عظیم
آپکو قرآن میں دیکھ ای فہیم

آیا احادیث میں انکے بکنام
کہ ہی شفاعت کا وہ عالی مقام

بولا شفاعت کا مقام ہمام
ہی وہی حضرت کا بیوم القیام

آپ سوا اور کوی اس مقام
روز قیامت نکریگا قیام

حمد و ثنا حق کی وہاں مصطفےٰ
ایسی کرینگے کہ نہ کوی کیا

ایسے عرض کرکے محامد ادا
سر کو رکھیں سجدہ میں خیر الورا

مانگ جو چہتا ہے دیا جائے گا
اپنا جو مقصد ہے یقیں پائیگا

ہیگا شفاعت کو یہی فتح باب
جو کریں وہ سرور عالیجناب

کہتے ہیں عظمےٰ ابھی اسکو پچھان
خاص ہے حضرت کو ہی وہ بیگمان

جانئے انواع شفاعت کے سب
آپکو ثابت ہیں بدرگاہ رب

قسم شفاعت کے ہیں سب سن پچھان
پہلی شفاعت وہی کبری ہی جان

عظمی بھی کہتے ہیں اسکو یقیں
پہلی بھی کہتے ہیں اسی کے تئیں

دوسری شفاعت ہی بغیر حساب
جانے گروہ ایک بجنت شتاب

ایک گروہ حشر کے دن ہوویگی
نیکی بدی جنکی برابر ہوی

جو تھی شفاعت ہی ہی یاد رکھ
مستحق نار ہوی قوم کئی

ہے وہ مقام ایک عظیم و جلیل
خاص ہے حضرت کو ہی بقال و قیل

عَسٰى اَنْ يَّبْعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

لوگوں نے پوچھا ابن مسعود سے
جب وہ مقام شرف اندو ستے

عرش معلے کے ہی سیدھے طرف
آپ کھڑے ہونگے بعز و شرف

سبکہ تمام اولیں او آخریں
دیکھنگے وہ رشک کرینگے یقیں

بلکہ نہ دنیا میں کئے آپ بھی
ڈالیگا حق آپکے دل میں تبھی

لطف سے فرمادیگا رب مجیب
سرکو اٹھا اپنے ای میرے حبیب

اب شفاعت میں کھولدیں رسول
آپکی ہوئیگی شفاعت قبول

پہلی شفاعت ہی یہی عامہ
کہتے ہیں کبری بھی اسے تامہ

شرح میں مشکوۃ کے یوں دہلوی
دیکھیے لکھتا ہے بوجہ قوی

بعضے شفاعت تو ہیں حضرتکو خاص
بعض میں ہوونگے شریک اور خواص

ہونے لئے جلد حساب کتاب
جو کہ کریں احمد مرسل شتاب

ہے یہ شفاعت شہ عالم کو خاص
آپ ہی رکھتی ہی بس اختصاص

وہ بھی ہی مخصوص شہ مرسلیں
تیسری شفاعت ہی یہی بالیقیں

اسکو شفیعونکی شفاعت ہو جب
جنت ماوا میں وہ جاویگی تب

ان کو جہنم کی بچا آگ سے
بھیجنے جنت میں شفاعت کرے

پانچویں وہ ہے کہ خدا اگر پسند
نیکوں کو دے خلد میں درجے بلند

چھٹویں گنہ گار جو ہوویں بہ نار
انکو شفاعت سے نکالیں خیار

جان شفاعات ہیں یہ مشترک
سارے نبی اور رسول و ملک

عالم و حفاظ شہیداں بھی سب
ہوویں شفاعات میں داخل یہ تب

ساتویں ہوگی وہ شفاعت سنو
کھلنے لئے جو در جنت کے ہو

آٹھویں ہے جان وہی لا کلام
مستحق نار ہوئے جو دوام

انکی شفاعت بھی کریں نزد رب
تا کرے تخفیف عذاب انکا سب

نویں شفاعت ہے وہی جانئے
ہوویگی جو اہل مدینہ لئے

قبر پیمبر کے جو ہیں زائرین
دسویں شفاعت ہے او نہو نکو یقیں

ہر دو شفاعت بھی ہے یہ اختصاص
سرور عالم کے ہی خاطر ہے خاص

پہلی بھی اور دوسری شفاعت ای یار
نویں بھی دسویں یہ شفاعت چہار

خاص ہیں حضرت کے ہی خاطر یقیں
ونہ یقیں اس میں کسی کو نہیں

باقی شفاعات ہیں جیسے مشترک
سارے شفیعوں میں بلا شبہ و شک

سرور عالم ہیں بصد عز و شان
اول شافع و مشفع ہیں جان

آپ شفاعت نکریں جبتلک
پاوے نہ امکان کوئی تب تلک

جب وہ شفاعت کا کریں فتح باب
دوسرے اخیار بھی ای باصواب

عجز وہیں لا کے بدرگاہ رب
کھولینگے سب باب شفاعت میں لب

جو ہیں مقرب ملک انبیا
اور شہیدان علما اولیاء

کعبہ و قرآن بھی روزہ نماز
نیک عمل دوسرے ای بانیاز

کعبہ کی دیوار میں جو ہے حجر
اور مساجد بھی ای نیکو سیر

بچے مسلمانوں کے چھوٹے سبھی
وے بھی شفاعت کریں بانیکی

نیک غرض حق کے جو ہیں بندگان
ہوویں گنہ گاروں کے شافع وہاں

خاص کر از آل و صحاب نبی
حشر کے دن ہوگی شفاعت بڑی

لایا صواعق میں ہے ابن حجر
ابن عساکر سے صحیح یہ خبر

کہ ابن عباس روایت کیا
یوں کئے ارشاد شہ انبیا

حشر میں عثماں کی شفاعت سے جاں
لائق تعذیب جو ہیں عاصیاں

چھوٹینگے تم جانیو ستر ہزار
فضل سے حق انکو کرے رستگار

احمد حنبل سے روایت کیا
شیخ حسن بصری سے ای باصفا

کہ کہے حضرت کہ بروز جزا
ہوئے شفیع امتی یک آمرا

معد و مضر کے دو قبیلے بڑے
جو کہ ہوئے لوگ ہیں انکے جتے

حشر کے دن انکے عدد پر جہاں
اسکی شفاعت سے چھٹیں عاصیاں

ایسے ہی اخیار یہ امت کے سب
ہوویں شفیع آ کے بدرگاہ رب

پڑے شفاعات ہیں داخل سبھی
احمد مرسل کے شفاعت میں ہی

کیونکہ شفاعت کا یقیں فتح باب
پہلے ہو آپ سے بے ارتیاب

اس شہ عالم کی شفاعت کے بعد
گرچہ شفاعت کرے آ کوئی سعد

پس وہ شفاعت بحقیقت یقیں
عین ہے حضرت کی شفاعت یقیں

لایا ہوں تحقیق شفاعت میں دیکھ
اس کا بیان اور مفصل ای نیک

تیسری نسیم حوض کوثر کے بیان میں

سورہ کوثر میں وہ رب العلا
سرور دیں کو یہ بشارت دیا

کہ ای مرے خاص پیمبر تجھے
فضل سے ہم چشمہ کوثر دیئے

حشر میں وہ حوض مبارک سنو
ملک میں اس سرور دیں کے ہی ہو

خلق ہو محشر میں پیاسے بڑے
ہوونگے محتاج اسی حوض کے

بلکہ تمامی رسل و انبیاء
اسکے ہوں محتاج بروز جزا

اور احادیث صحیحہ میں جان
آیا ہے اس حوض کا ایسا بیاں

ایسا بڑا ہے وہ بلا اشتباہ
اسکی مسافت ہے مہینے کی راہ

دودھ سے زائد ہے سفید اسکا آب
شہد سے میٹھا ہے بلا ارتیاب

مشک سے خوشبو میں زیادہ ہے
ہو در و یاقوت کا مجرا اسے

اور کنارے پہ ہیں اس حوض کے
موتی کے خیمے ہیں مجوف کھڑے

جاری
جائے

کوزے پیالے بھی زر و سیم کے
سونے کی پیڑ اسکی رہیں بیگماں
جتنی درازی ہے اس حوض کی
گھونٹ بھی ایک اسکے یقیں ہو جو
ایک یہ ابوبکرؓ یہ دوم عمرؓ
اسکو ابوبکر صداقت نصاب
پانی نہ دیوینگے اسے مرتضیٰؓ
دشمن صدیق کو بے ارتیاب
آئی ہے بے شبہ حدیث صحیح
دوسری حدیث آئی ہے ای باصفا
یہی ہی روایت کہ ملک ذو الوقر
یونہی تمامی رسل و انبیاء
مضطر و ناچار ہو سب آہ آہ
یہ مری امت ہے اے رب کریم
واسطے امت کے مرا ہے سوال
تولیں گے میزان میں اعمال جب
آپکی مقبول ہو یہ بھی دعا
کرتے رہیں گے یہ دعا ای خدا
پل کی مسافت وہ سنو در شمار
پنج ہزار اس کا بھی ہموار ہو
بال سے باریک ہو پل سر بسر
طول وقوف حشر میں پر اضطرار
جان تفاوت ہی یہ اعمال کا
جلد تر اس پل سے گزر جائیگا

مثل ستارونکے ہوں اسپر دھرے
اور زمرد کی رہیں ڈالیاں
اتنی ہی بس اسکی ہو چوڑائی بھی
تا بہ ابد تشنگی اس کو نہ ہو
ہوویں یہ عثمانؓ و علیؓ دو دگر
جانیو زنہار نہ لویگا آب
شرف نبوۃ میں ہی یونہی لکھا
پانی نہ دینگے وہ عالیجناب
کہ کئے ارشاد پیمبر صریح
کہ ہوں کھڑے پل پہ شہ انبیا
تب ہوں کھڑے پل کے چپ و راست ہے
حقمیں کریں اپنے امم کے دعا
جلد پکارینگے کہ وا احمداہ
انکو بچا پل سے بلطف عمیم
فضل سے اس پل سے تو انکو سنبھال
یونہی شفاعت وہ کریں نزد رب
بھاری کرے نیک عمل کو خدا
جلد اس امت کو سلامت لیجا
راہ رہی سال کی پندرہ ہزار
اسپہ گزر خلق کو دشوار ہو
تیزی میں تلوار سے بھی تیز تر
بعضونکو جوں سال ہو پنجاہ ہزار
قوت ایمان کا ای باصفا
آفت و تصدیع نہ وہ پائیگا

گرد بھی اس حوض کے ای باصفا
کنکر و پتھر جو ہیں اس حوض کے
ہووے عمق اسکا ہزار ور شمار
یوں کئے ارشاد شہ نامدار
جسنے کہا دوست ابوبکرؓ کو
اور جو ہو دوست علیؓ کا مگر
ساقی وہ کوثر کے لب شان جلا

ایسے ہوں اشجار عجب خوشنما
خوب ہوں لب یونہی و یاقوت سے
آیا ہی تا فرسخ ستر ہزار
ارکان مرے حوض کے ہوویں چہار
اور عمرؓ کا ہی ہو سکے نہ عدو
دشمن عثمانؓ ہے وہ بدگہر
ہووینگے اس [illegible] ولی

چوتھی نسیم صراط اور میزان کے بیان میں

پل کو دیکھیں گے جہنم پہ جب
عرض کریں حق سے کہ ای کردگار
حقمیں مسلمانوں کے یوں ہی دعا
اور ہی روایت کہ اس امت کے پا
آہ یہ سنتے ہی رسول عرب
میرے لئے اور مری دختر لئے
کرکے دعا آپکی مقبول رب
جو کہ عمل نیک اس امت کے ہیں
آئی روایت ہی دگر یاد رکھ
اور فضیل بن عیاض ابمیاں
اسکی بلندی ہو وہ پنج ہزار
خوف سے جو حق کے تھا لاغر نزار
بعضوں پہ بسیار ہے یقیل ثقال
بعضونکو ہر قدر دو رکعت نماز
اور خبر ایسی صحیح آئی ایک
اور یہ آئی ہے حدیث دگر

پہلے میں گزروں گا مری امت بھی
کر سلامت مری امت کو پار
سب کریں رو کہ ربنا العلا
پہنچینگے اس پل پہ جب باصفا
حق سے یہ فریاد کرینگے ای رب
میں نہیں چاہتا ہوں کچھ ای رب مرے
پار کرے پل سے اس امت کو سب
بھاری کرے لطف سے حق نیکیاں
پل کے دو جانب میں کھڑے ہوں ملک
لایا روایت یہ بلا شبہ جان
پانچ ہزار اس کا رہیگا اتار
جلد ہی ہو دیگا اس پل ہی پار
دوسرا یہ صحرا ای کشادہ مثال
ہووے یقیں از کرم کارساز
صدقہ رہ حق میں جو دے مرد نیک
ہووےگی سبہ ہو سلطان کے گھر

یعنے عبادت کیلئے صبح و شام ۔ جو رہے مسجد میں ہی اکثر مدام
اور بھی اس پل سے اُسے زود تر ۔ راحت و آسانی سے دیوے گزر
اور حدیث آئی ہے روزِ شمار ۔ عرش معلّی کے ہیں ولیسار
کفۂ حسنات وہ میزان کا ۔ ہوویگا جنت کے مقابل بجا
اور جو ابن العم ہے شہ ناس کا ۔ یعنے پسر حضرت عباس کا
جانینگے جب حشر کے دن آخرکار ۔ حکم کرے خلق یہ تا کردگار
سن یہ ندا ہوؤں کھڑا اس گھڑی ۔ پیچھے مرے آئے گی امت مری
یعنے یہ پانچ اعضے یقین جانئے ۔ دست و پا اور چہرہ درخشاں رہے
دیکھینگے امت کی فضیلت یہ جب ۔ حشر کے دن لوگ کہینگے یہ تب
پہلے عبادات میں آیا نیاز ۔ ہوویگا لوگوں سے سوال نماز
اور یہ منقول ہے ای باتمیز ۔ پوچھینگے جبتک نہ یقین چار چیز
عمر سے ہوئے یہ سوال اوّلا ۔ عمر تو کس چیز میں فانی کیا
مال سے یہ ہوویگا تیسرا سوال ۔ پیدا تو کسطرح کیا ہے یہ مال
ہی یہ حدیث حسن آیا صفا ۔ ترمذی ہی اسکی روایت کیا
قرطبی لایا یہ روایت دگر ۔ پل سے نہیں جاویگا کوئی گزر
لایا ہے اخلاص سے ایماں اگر ۔ آگے بڑھیگا بمقام دگر
آگے وہ جگہ سے گزر جائیگا ۔ تیسری جگہ میں وہ جب آئیگا
موضع پنجم میں سن ای باکمال ۔ حج سے بھی عمر سے یقین سوال
ساتویں منزل میں یقیں لاکلام ۔ پوچھینگے لوگوں سے مظالم تمام (جمع ظلم ۱۲)
اور کوئی بالفرض بروز حساب ۔ گر رکھے ہنفا دنبی کا ثواب
داخل جنت نہ کریں گے اُسے ۔ خصم کو جبتک نہ وہ راضی کرے
خصم کو دلوائینگے بس آشکار ۔ اس کو یہ نہ دیوے ہیں کردگار
دیویگا مولا اسے جنت میں جا ۔ بہرہ یہ دولت سے ہیں دے خدا
بھائی مسلمان کی حاجت روا ۔ تھا کیا دنیا میں جو کوئی باصفا

ویسے کا ضامن ہی خدا بے نیاز ۔ کہ اسے رحمت سے کرے سرفراز

روایت

جنت و دوزخ کو رکھیں گے عیاں ۔ لاوینگے میزان کو پھر بعد ازاں
کفۂ سیات جو اسکا ہی جان ۔ ہوویگا دوزخ کے مقابل وہاں
لایا ہے اسطرح روایت یقیں ۔ کہ کئے ارشاد شہ مرسلیں
ہوئے مذاہب کے محمدؐ کہاں ۔ اسکی تمام امت امجد کہاں
اثر وضو انکا ہو ظاہر وہیں ۔ غرّ محجّل کہیں جس کے تئیں
امتیں سب ہوینگے تب ایک طرف ۔ دیوینگے رہ ہمکو یہ عز و شرف
بات یہ نزدیک تھی بن بکیاں ۔ کہ ہو یہ امت سبھی پیغمبران
اور قضایا میں بلا قیل و قال ۔ ہوئے یقیں خون سے پہلے سوال
اپنی جگہ سے جو کھڑے ہو جہاں ۔ آگے اٹھا دیں نہ قدم بندگاں
ہوئے سوال علم سے پھر دوسرا ۔ علم یہ تو اپنے عمل کیا کیا
اور کہاں اسکو تو خرچ کیا بول ۔ نیکی میں یا فعل بدی میں ہے کھول

روایت

سات جگہ میں نہ ہو جبتک سوال ۔ پہلے اسے پوچھینگے ایماں کا حال
دوسری جگہ میں ہی سوال نماز ۔ گر ہو گزار اخلوص و نیاز
روزہ رمضان کی پوچھینگے بات ۔ چوتھے میں ہوویگا سوال زکات
موضع ششم میں ز غسل و وضو ۔ پوچھینگے بندوں سے ملک جان تو
سب سے یہی سخت ہی رکھو خوب یاد ۔ کیونکہ ہی بیشک یہ حقوق العباد
آدمی ہی دمڑی کیلئے ایماں ۔ جبکہ پڑے اس سے خصومت وہاں
واسطے یک دانگ کے ای بانیاز ۔ سات سے مقبول ہے اسکے نماز
اور خبر ہے کہ کلام خیر ۔ کلمۂ توحید ہو جس کا ای پیر
اور روایت ہے ز ابن عمر ۔ کہ کئے ارشاد شہ بحر و بر
وزن کرے اسکے جب اعمال کا ۔ پاس ہیں میزاں کے کھڑا ہوؤنگا

پانچ سوال روز حشر

سات سوال روز حشر

جیسے لوگوں کو ایذا پہچانا یا حق تلفی کرنا

خوش ہوں گر اسکی طرح ہوں نیکیاں
اور شفاعت میں کرونگا وہاں

آیا ہے اخبار مشائخ میں عیاں
خواب میں یک شخص بغیر گماں

کہنے لگا وزن عمل کا کئے
میرے گناہ آہ زیادہ ہوئے

کفۂ حسنات وہ غالب ہوا
کھول میں تھیلی کو وہ دیکھا اٹھا

اور یہ روایت بھی ای فرخندہ پے
دیکھو مواہب میں صحیح آئی ہے

صاف اسے بولینگے تب ای لشر
تجہ کو نہ جنت ہی نہ دوزخ مقر

اُف کا ہے یک لفظ ہوا ہمیں یقیں
کفۂ سیات ہو غالب وہیں

لائینگے پھر اسکو بحکم خدا
پوچھیگا یوں اسکو وہ رب الورا

عاق جو تھا باپ کا دنیا میں میں
دیکھا ہوں اب اہ میں اسکے تیں [?]

گر تو میرے پر ہی و چندا عذاب
چھوڑ مرے باپ کو اب از عقاب

عاق تو دنیا میں جو تھا پدر کا
عقبی میں اب بار تو والد ہوا

ہاتھ پکڑ پدر کا اب با طرب
جنت ماوا میں دونو جاؤ اب

اور کسی شخص کے میزان کے
کفّے برابر ہی دونوں ہونگے

مانگ کے یک نیکی کسی سے تو لا
تا کہ تجھے دیوں میں جنت میں جا

ہوویگا مایوس وہ ہر ہر سے جب
ایک جوانمرد ملے اس کو تب

فائدہ اس سے نہ مجھے ہوویگا
پس وہ تجھے اب میں ہبہ کردیا

نیکی وہ لیجائیگا بس ہو کے شاد
پوچھیگا تب اسکو وہ رب العباد

بولیگا تب حال وہ اپنا تمام
سنکے وہ سب حضرت رب الانام

میرا کرم تیرے کرم سے یقیں
ہیگا زیادا اسکو نہایت نہیں

روایت

حشر کے دن ہوویگا روح الامیں
تولے وہی سب کے عمل کے تئیں

ہوویگا اس سرور کل کے حضور
شاہ امم ختم رسل کے حضور

حکایت

دیکھے کے یک شخص کو پوچھا ای یار
ساتھ ترے کیا کیا پروردگار

ایسے میں یک تھیلی پڑی ناگہاں
کفۂ حسنات میں میرے وہاں

مٹی تھی یکمشت ہی اسمیں نہ یک
قبر مسلمان میں جو ڈالا تھا ایک

کفۂ میزاں میں کسی شخص کے
وزن میں تساوی دونو ہوینگے

لائینگے پھر ایک صحیفہ ملک
تولینگے تب اسکو وہ میزان میں یک

جانب دوزخ لے چلیں اسکو تب
جا ہیگا رحمت وہ بدرگاہ رب

کسلئے پھر آیا ہمارے تو پاس
بولیگا وہ عجز سے ای رب ناس

اسکو بھی لیجاتے تھے سوئے سقر
میرے ہی مانند ملک قید کر

عرض یہ سن اسکی کہیگا خدا
اور اسے یوں لطف سے فرمائیگا

یعنے کیا دنیا میں اس سے بدی
آج کیا اس سے بھلائی بڑی

روایت

ہوئے اسے حکم زدرگاہ رب
جا کے تو محشر کے خلائق میں اب

جا کے وہ مانگیگا سبوں سے مگر
بولینگے ہم تجہ سے ہیں محتاج تر

بولیگا وہ میرے صحیفے میں ہاں
ایک ہی نیکی ہے لکھی ایمیاں

لیکے وہ نیکی تو چلا جا ابھی
نفع وہ شاید کہ تجھے دیویگی

بولے اب کیا ہی ترا حال سب
حالانکہ رکھتا ہے خبر اسکی رب

یوں وہ جوانمرد کو فرمائے تب
نیکی دیا تو مرے بندیکو اب

اب تو پکڑ اپنے برادر کا ہاتھ
جاؤ دونوں خلد میں فرحت کے ساتھ

اور خدا لغہ یہ روایت کیا
صاحب میزان بحکم خدا

اور یہ اس روز حساب و سوال
وزن بھی اعمال کا بتفصیل و حال [?]

لطف و شفاعت سے خدا آپکے
مخلصی بندونکو عنایت کرے

پانچویں نسیم وسیلہ کا مقام اور دیدار الٰہی جلشانہ کے بیان میں

دیویگا حضرت کو وسیلہ خدا
ہے وہ سمجھ ایک مقام علا

اس سے بلند تر نہیں کوئی مقام
خاص ہے حضرت کو ہی وہ لا کلام

روایت

کہ شب معراج کے اسرار سے ۔ اب کوئی نکتہ مجھے فرمائیے
ہووے اگر لائق نار سقر ۔ تو وہ مرے پاس اے پیغامبر
حق سے اس امت کے یہ فضل کریم ۔ ایسے بشارات ہیں آئے عظیم
خوف رکھیں حق کا یہ سر و جہار ۔ اور رہیں فضل کے امیدوار
اصل میں امت کے خواص ایمان ۔ ایسے بشارات کے مورد ہیں جاں
حال یہ خواص کے کرے کچھ نظر ۔ خوف خدا رکھتے تھے وہ کسقدر
باپ مرے حضرت صدیق جب ۔ پڑھتے تھے قرآں بکمال ادب
کہتے تھے جب دیکھیں پرندے کے تئیں ۔ کہ نہیں تیرے سا ہوا آہ میں
ہوتے تھے بیمار بھی ایسے وہ تب ۔ آئے عیادت کے لیے لوگ سب
اور تھے اک روز شتر پہ سوار ۔ سن کے اس آیت کو ہوئے بیقرار
اونٹ سے اترے ہیں عمر جلد تر ۔ جا کے گرے ایک وہ دیوار پہ
روتے تھے عثمان غنی اسقدر ۔ ریش شریف ہوتی تھی بس بھگی تر
نفس سے بس لیتے تھے اپنے حساب ۔ زر دے روتے تھے بخوف عذاب
ایسا ہی اصحاب بشر انبیاء ۔ ایسا ہی پر خوف تھے سب اولیا
اور وہ چالیس برس ایماں ۔ آہ نہ دیکھے ہیں سوئے آسماں
اور ہر اک رات میں وہ پاکذات ۔ دیکھتے چہرہ پہ پھرا اپنا ہاتھ
خلق میں جب قحط پڑے یا بلا ۔ بولتے اس طرح سے وہ برملا
موت مری آتی اگر آگے ہی ۔ خلق ان آفات سے بچتے کبھی
اس طرح فرمائے رسول جلیل ۔ آئے نہ مجھ پاس کبھی جبرئیل
پیدا کیا جب کہ جہنم کو رب ۔ رونے لگے خوف سے املاک سب
کیونکہ وہی سمجھے کہ نہیں کس لیے ۔ ہے یہ جہنم نہ ہمارے لیے
دل کو وہیں انکے جو ہوتا تھا جوش ۔ کوس تلک سنتے تھے اسکا خروش

حضرت صدیقہ قدسی مآب ۔ آن کے کی آپ سے عرض یہ جناب
آپ نے فرمایا کہ مجھ کو خدا ۔ کر کے گنہ امتی کوئی ... ترا
امت سابق کے بہشتی سے بھی ۔ افضل و بہتر ہیں کہاں جنتی
لیک نظر اسپہ کرے باشعور ۔ لاوے نہ زنہار عمل میں قصور
جانیو ایمان بغیر گماں ۔ خوف و رجا کے ہے یقین درمیاں
اور طفیلی ہیں انھوں کے عوام ۔ داخل اس امت خیر الانام
آئی بخاری میں حدیث صحیح ۔ عائشہ دیتی ہیں خبر یوں صریح
روتے تھے تب خوف سے یوں زار زار ۔ چشم نہیں رہتے تھے در اختیار
سنتے تھے قرآن کی گر آیت عمر ۔ گرتے تھے بیہوش وہیں پر خطر
اور وہ رونے کے سبب سے کثیر ۔ چہرہ پہ تھے انکے سیاہ دو لکیر

إِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ لَوَاقِعٌ

سورۂ طور

لوگ اٹھا لائے ہیں انکے مکاں ۔ ایک مہینہ رہے بیمار جاں
نقل کرتی ہے جمیلہ نیک نام
مین نے تعبیر اس کی کی اسطرح پر
نعش کو جا کی میں دیکھا شتاب
ابن قمیہ اس کو مارا بے حیا

بحر مروی وہ عجب غواص نے
ہی وہی اول چلایا تیر جو
تیر اندازی پہ کرکے آفرین
گاہے اب لفظ فرماتے ہیں
تیر اندازی میں تھا ماہر بڑا
تین آکر ہاتھ میں ٹوٹے کمان
آپ پر یہ جان و تن میرے فدا
کافروں پر پھینک از فضل قدیر
آیا باہر جب لگی ایک اسکو تیر
اس کے آنکھوں میں دیا رب غنی
ہوگئی ایک تیغ بہتر وہ تبھی
عون تھا اس تیغ عکاشہ کا نام
جس کو کہتے ہیں ملایک کا غسیل
اور اپنی زن سے ہم بستر ہوا
کہ سوار اب ہو آئی فوج خدا
بھیج کر ہتوں کو در نار جحیم
غسل دیتے تھے ملایک آن کر
غسل کی فرصت مگر پایا نہیں
بو حنیفہ اور دوسرے کیے امام
کہ اسی شب مینے دیکھی در منام
کہ شہادت پائیگا وہ جلد تر
ریش و سر سے تھا ٹپکتا اسکے آب
ہاتھ سیدہا آہ اس کا کٹ گیا

یوں کیا ظاہر شجاعت با یقین
تیر دیے اس کے کفار شریر
اور کہتی تھے کہ تو تیر ان چلا
کون پھر لیا جس الشان ہی
تھا کھڑا وہ شہ کے آگے باوقر
جب چلایا تیر وہ کف ریر
دیکھی حضرت تیر جب آخر ہوئے
لے کہ ان میں اس کو وہ کھتا تھا حبیب
شاہ دین اس کو لگا اپنا نعت
اور عبد اللہ جحش کی تیغ بھی
بدر میں جیسا عکاشہ کو دیئے
معتصم باللہ کیا عرجون خرید
نقل ہے جس شب میں جیش فتح لے
غسل کرنے صبح کو وہ نامور
نکلے یہ آواز بیطاقت ہوا
آپ بھی پایا شہادت بعد ازاں
اس کی بی بی تھا جمیلہ جسکا نام
شاہ فرمایئے فرشتے اس لئے
غسل دینے کے ہی قائل ای رشید
کہ پڑا سوراخ ایک در آسمان
بولتا ہی بو سعید ساعدی
آہ مصعب بن عمیر محترم
ہاتھ ڈالو نین سی اٹھایا تب علم

کہتی کہتے تھے جس پہ آفرین
وار دو زخم کھو گئے اسدن کثیر
ہو مرمان باپ تیرے پر فدا
یوں کہے جسکو شہ اکوان ہے
اور کیا تھا آپ کو شہ کا سپر
ایک نعرہ سخت کرتا سر بسر
جو ملی لکڑی اٹھا دینے لگے
تیر کی ہی شکل وہ لیتی تھی تب
رکھے حدقے میں شفا پائی شتاب
ٹوٹی اہی جنگ میں جب ای نبی کی
ہوگئی وہ تیغ تب اعجاز سے
ہول کے دو دینار دو سوای سعید
جو مدینے سے احد جانب چلے
جب بھگایا ایک جانب اپنا مہر
چڑھ دو مین گھوڑے پہ جا شہ سے ملا
اسپہ ہو رضوان رحمت جاودان
اس سی پوچھا بھیجے حال اسکا تمام
آسمان سی آ کے غسل اس کو دیئے
جب جنابت کی رکھی حالت شہید
حنظلہ اس سی گیا بر آسمان
جب یہ حال حنظلہ بولے نبی
جو مہاجر کا اٹھایا تھا علم
وہ لعین پھر اسکو مارا آہ ہم

خلفای چہار ایک بادشاہ

حنظلہ کی شہادت ... اور ... کا

شہید جنب کا غسل امام اعظم کے نزدیک واجب ہے ۱۲

مصعب کی شہادت

ہاتھ ڈالا تو ان آہ اس کا کٹ گیا — تب بھی وہ چھوڑا نہیں ہرگز لوا
پس وہ لے جھنڈے کو سینہ پر کھڑا — داد وہ مردانگی کی ہے دیا

پھر ہی ملعون چلایا اسپہ تیر — تب گرایا یا شہادت وہ خبیر
ایک فرشتہ صورت مصعب سے آ — اس مہاجر کا علم لے کر کھڑا

جنگ سی فارغ ہو سالارِ انام — جبکہ مصعب کو پکاری لیکے نام
وہ فرشتہ تب کہا ہی یوں امین — یارسول اللہ میں مصعب نہیں

سرورِ عالم کہے بے شبہ و شک — یہ علم بردار تھا حق کا ملک
آہ حمزہ کی شہادت کا بیان — کیا لکھوں لرزاں ہی خامہ اور زبان

ایک کافر تھا طعیمہ بن عدی — تھا سراپا غرق در بحرِ بدی
حضرت حمزہ نے اسکو قتل کر — بدر میں بھیجا تھا در نارِ سقر

تھا جبیر اس کا بھتیجا زشت کام — ایک وحشی نام تھا اس کا غلام
نکلے جب جنگ احد کو کافران — بولا وحشی سی جبیر بد نشان

گر کریگا قتل تو حمزہ کے تئین — تجھکو کر دونگا یقین آزاد میں
ہندہ بوسفیان کی زن بھی پر غضب — راہ میں وحشی سے وہ ملتی تھی جب

کہتی تھی حمزہ کو تو مارے اگر — دونگی تجھکو میں بہت کچھ مال و زر
آہ بس وحشی بطمع مال و زر — قتل پر حمزہ کے باندھا تھا کمر

جب صفین باندھے احد کی درمیان — تب سباع دون فوجِ کافران
آکے میدان میں ندا ایسی کیا — کون ہی میرے مقابل ہووے آ

آکے حمزہ جلد میدان میں اوہین — اس کو یوں کہنے لگے تب ای لعین
آہ کیا لڑتا ہی تو اب مجھکے سات — اور اس کی مرسلِ برحق کے سات

پس کیا ایک ضرب اسپہ وہ موا — سرنگون در جہنم میں ہوا
درمیان دو فوج کے وہ مثلِ شیر — ہاتھ میں لے تیغ پھرتے تھے دلیر

نیچے ایک پتھر کے وحشی اس آن — دیکھتا قابو ہی بیٹھا تھا نہان
جب ہوا نزدیک حمزہ کا گزر — ان پہ وہ پھینکا ہے حربہ جلد تر

حضرت حمزہ کے سر کو وہ لگا — پار سر کے دوسرے جانب ہوا
باوجود اس کے وہ شیر کبریا — جلد وحشی کا وہین پیچھا کیا

تا پسر کر وہ لگا ہے بھاگنے — حضرت حمزہ زمین پر گر گئے
نوش فرما کر شہادت کا وہ جام — باغِ جنت میں گئے ہیں با خرام

آہ وحشی آن کر حمزہ کے پاس — انکے چیرا ہے شکم کو بے ہراس
اور نکالا اس معظم کا جگر — عم سالارِ دو عالم کا جگر

اور دیا اس کو لیجا ہندہ ہاتھ — اسکو وہ چابی بہت فرحت کیساتھ
آہ ہندہ اس کو بولی تھی مگر — کہ تو لاوی مجکو حمزہ کا جگر

یا کہ خود وحشی سیاہ بخت دل — طمع سی ایسا کیا باغش و غل
نعش حمزہ کی کہاں پوچھی جب وہ — وہ لیجا اسکو دکھایا نعش تب

مثلہ کرکے آہ حمزہ کو سبھی — گوش و بینی ان کے ہمراہ لیگئی
یوں ہی سب شہدا کی بینی اور کان — قطع کرکے ہندہ دیگر عورتان

اور بنا کر ہار ان کے خواہ مخواہ — اپنے ڈالے ہیں گلوں میں آہ آہ
آہ اس غزوہ میں سرور کو بہت — رنج پہنچا ہے پیمبر کو بہت

ہے روایت پانچ کفارِ لعین — یوں کئی تھے عہد آپس میں لعین
کہ کرین قتل پیمبر بالضرور — تا ابد ہو لعن حق ان پر صدور

ابن قمیہ لعنتی نے اس قدر — سنگ اندازی کیا اس شاہ پر
جسکے رخسار مبارک با صفا — والضحیٰ جس کی قسم کھایا خدا

خون آلودہ ہوے اس ضرب میں — اس میں کڑیاں خود کے دو دھس گئیں
بو عبیدہ ابن جراح با ادب — دانت سی اپنے اسی کھینچا ہی تب

اس کے دو دندان شہید ای ہمام — گر پڑے پایا سعادت کا مرام
اور پیشانی سے شہ کے ای میان — بھی ہوا خون مبارک تب روان

شہادت حضرت حمزہ

ریش اطہر تک وہ پہنچا خون جب
پونچھتے اس کو بھی فرماتے تھے تب

آہ کیونکر یہ قوم پاویگی نجات
جو کئے یہ اپنے پیغمبر کے سات

ان کے تئیں حالانکہ وہ پیغامبر
تھا بلاتا حق کے سیدھے راہ پر

تب اس آیت کو وہیں بھیجا خدا
منع یوں کہنے سے حضرت کو کیا

لَیْسَ لَکَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ اَوْ یُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ سورۂ آل عمران

یعنے تیرا اختیار ... نہیں یا اُن پر ... ہووے یا اُن ... کرے کہ دے ... ہیں ۱۲

تب لگے یوں عجز سے کرنے دعا
ای خداوند کریم کبریا

بخش میری قوم کو نادان ہے وہ
حال سے میرے بہت انجان ہے وہ

اور لہو چادر سے اپنے وہ رسول
پونچھتے تھے اور کہتے تھے ملول

پونچھتا ہوں خون میرا اسواسطے
ایک قطرہ بھی زمین پر گر پڑے

آسمان سے ہوویگا نازل عذاب
نا زمیں سے کچھ اگے بے ارتیاب

سعد بن وقاص کا ایک بھائی تھا
یعنے عتبہ وہ شقی بے حیا

پتھر ایک پھینکا ہے بر روے نبی
نوک ٹوٹی ایک مبارک دانت کی

پتھر ایک پھینکا لعین ابن شہاب
شاہ کی کونی ہوئی زخمی شتاب

بوسعید خدری بولا ای میاں
پدر میرے یعنے مالک بن سنان

خون اقدس شاہ کا چوسا ہے تب
یوں کئے ارشاد سالار عرب

خون میرا خون سے جس کے ملے
نار دوزخ اس کو ہرگز نا لگے

اور زہری سے روایت آئی ایک
ہے لکھا شرح بخاری میں تو دیکھ

آہ ستر زخم اس دن تیغ کے
چہرۂ اشرف پہ سرور کے لگے

شر سے اعدا کے بچایا شہ کو جب
ہو گئے فی الفور چنگے زخم سب

اور کہتے ہیں کہ ستر سے مراد
ہے حقیقت یہی کثرت رکھ تو یاد

جنگ کے آگے ہی اس میدان میں
چند کھودے تھے گڑھے وے کافران

ایک گڑھے میں آہ سرور گر پڑے
اور نظر سے خلق کی نہاں ہوے

حضرت طلحہ گڑھے میں تب اُتر
شاہ عالم کو اٹھا لے جلد تر

اور دیئے اوپر سے حیدر اپنا ہات
تب چڑھے اوپر وہ شاہ کائنات

آپ کے بدخواہ جو تھے پنج اشقیا
تب کئے ہیں حق میں ان کی بد دعا

وہ دعا پائی اجابت کا اثر
بعضے اس دن ہی ہوے باسی سقر

اور بعضے کافرا ہی سال میں
مر گئے ہو مبتلا جنجال میں

اور شقی کافر جو تھا ابن خلف
بالیقین کم ظرف تھا اور ناخلف

کر کے قصد قتل شہ پر چلدیا
اور زبان سے ناسزا کہنے لگا

عرض کی اصحاب نے تب شاہ سے
حکم دیجے قتل تا کریں اُسے

شہ کے جب نزدیک آیا وہ لعین
چھین کے اسکا ہی نیزہ شاہ دین

ماری ہے گردن پہ اسکی جلد تر
بھاگا وہ ملعون گھوڑا پھیر کر

بیل کے مانند الڈانے لگا
سر پٹکنے اور چلانے لگا

کافران کہنے لگے یوں دیکھکر
زخم یہ ایسا نہیں کچھ سخت تر

ان کو یوں کہنے لگا وہ بے حیا
زخم یہ کس کا ہے تم سوچو ذرا

ہے قسم حق کی اگر وہ شاہ دین
تھوکتا گر مجھ پہ میں مرتا امین

زخم میرا گر بخلق ذو المجاز
منقسم ہو تو مرینگے بانیاز

نقل ہے جب ہانسے فوج کافران
عازم مکہ ہوئی ہے ای میاں

شہر مکہ ایکہ ہی منزل پہ تھا
تب وہ کافر داخل دوزخ ہوا

روایت

ہے سو سب میں روایت اسپر
واقدی راوی ہے از ابن عمر

ایک شب میں اس بیابان میں گیا
کہ جہاں ابن خلف ملعون موا

ماری ایک آتش کی جیبی ناگہان
ڈر گیا میں دیکھکر اسکو وہان

مرد یک اس آگ سے نکلا اسیر
کھینچتا زنجیر روتا ای خبیر

کرتا تھا فریاد و زاری پیاس سے
کہتا تھا ایک شخص و سر او دیکھکے

کہ اسے پانی نہ دی تو کچھ ذرا ۔ کہ نبی نے قتل ہی اسکو کیا
ہی ابی ابن خلف اس کا نام ۔ لعنۃ اللہ علیہ بالدوام
اور عبداللہ جو تھا ابن حمید ۔ قصد حضرت کا کیا وہ بھی عنید
بو دجانہ اسپہ کر یک ضرب تیغ ۔ اس کو ڈالا ہی زمین پہ بیدریغ
نقل ہی حضرت خدا کے فضل سے ۔ اس گڑھے سی جب نکل باہر کھڑے
دیکھکر اس شاہ کو بعضے صحاب ۔ دوڑکر آئے ہیں خدمت میں شتاب
شاہ جب چڑھنے کو چاہے کوہ پر ۔ ضعف بیحد آپ کو تھا تب مگر
کیونکہ پہنے تھے وہ بکتر مصطفےٰ ۔ اور بڑا ہی تعب بھی زخموں کا تھا
طلحہ آ بیٹھے رسول محترم ۔ چڑھ گئے رکھ پشت پہ انکی قدم
اور فرمائے کہ طلحہ سربسر ۔ کر لیا جنت کو واجب آپ پر
ضعف اتنا تھا رسول اللہ پہ ۔ کہ گذارے ظہر اس دم بیٹھکر
اور پوچھا آکے بوسفیان وہان ۔ کیا یہ لوگوں میں محمد ہی یہاں
شاہ فرمائے نہ دو اس کا جواب ۔ بار دیگر پھر وہ پوچھا یوں شتاب
کیا ہی ابن ابو قحافہ یا نہیں ۔ پھر کیے منع جواب وہ شاہ دین
کیا عمر ہے ان میں پھر پوچھا وہ تب ۔ شہ کہے مت دو جواب اسکا بھی اب
تب ابوسفیان یوں کہنے لگا ۔ کوئی اب ان میں نہیں باقی رہا
ہوتے گر زندہ تو دیتے جواب ۔ تب عمر کہنے لگے نالا کے تاب
ای عدو اللہ تو بولا جھوٹ اب ۔ سب یہ زندہ ہیں یقین از فضل رب
تب ابوسفیان کھولا ہی زبان ۔ شادمان ہوکر توصیف بتان
یون کہا اعل ہبل اعل ہبل ۔ یعنے ہی اونچا ہبل اونچا ہبل
اپنے یاروں کو شہ عالی جناب ۔ حکم فرمائے کہ دو اس کا جواب
بولیو اللہ اعلیٰ و اجل ۔ ہے بزرگ اللہ و برتر بیخلل
تب صحابہ سب باواز بلند ۔ حمد یوں کرنے لگے ہیں فرحمند
پھر ابوسفیان کہا بار دوم ۔ لنا عزی ولا عزی لکم
یعنے عزی ہم کو ہے تم کو نہیں ۔ عزی یک بت تھا عرب میں تھی یقین
شاہ فرمائے جواب دیجو تم ۔ اللہ مولانا ولا مولیٰ لکم
یعنے حق مولا ہمارا ہے سنو ۔ کوئی نہیں مولا تمہارا کافرو
یونہی یاروں نے کہا فرحت کے سات ۔ پھر ابوسفیان کہا آخر یہ بات
کہ یہ بدلہ بدر کا ہے سربسر ۔ ہی کبھو تم کو کبھو ہم کو ظفر
گرچہ حکم اسکا نہیں میں نے کیا ۔ اور نظر آیا نہ وہ مجھکو برا
سال آئندہ یقین بتقبیل و قال ۔ پھر تمہارا اور ہمارا ہی جدال
شاہ فرمائے کہ ہے بہتر کہو ۔ ہم بھی سب تیار ہیں اسپر کہو
پس ابوسفیان لشکر ساتھ لے ۔ عازم مکہ ہوا اس جاے سے
بس لگے کرنے صحابہ میں تلاش ۔ لشکر اسلام کے مردوں کی لاش
شاہ فرمائے کہ سعد ابن ربیع ۔ جسکو تھی انصار میں شان رفیع
ہی کہاں لے آو کوئی اسکی خبر ۔ ایک انصاری گیا تب جلد تر
سعد کو پایا ہی وہ در کشتگان ۔ ایک رمق باقی تھا لیکن اسکا جان
اسکو پہنچایا سلام مصطفیٰ ۔ سعد نے اسطرح تب اس سے کہا
بول پیغمبر کو تو میرا سلام ۔ اور کہہ یہ سعد بولا ہی پیام
یا نبی حق آپ کو دیوے جزا ۔ کر دیئے حق رسالت آپ ادا
اور کہہ اصحاب کو بعد سلام ۔ اتقیا و حضرت خیرالانام
جان و دل سی تم بجا لاؤ سدا ۔ تم رہو حکم نبی پر جان فدا
اس میں گر تقصیر تم سے ہو کہیں ۔ عذر تم کو پاس حق کے کچھ نہیں
پس یہ بولا سو ہیں رحلت کیا ۔ مرغ روح پرواز جنت میں کیا
شاہ کی خدمت میں آکر باکمال ۔ پس وہ انصاری کیا سب عرض حال
حق میں اسکی کی ہے حضرت نے دعا ۔ سعد سے راضی ہوا ای رب اورا

اعلیٰ

پس شہیدوں پہ گئے حضرت گزر
آہ جب حمزہ کے پہنچے نعش پر

تو تم چیرا ہوا ان کا یقین
اور ہمیں مثلہ کئے تھے مشرکین

دیکھ یوں انکو بہت غمگین ہوئے
اور تب اس طرح فرمانے لگے

گر کبھی غصہ نہ آیا اس قدر
جو کہ اب آیا ہے غصہ جس قدر

ہی قسم اللہ کی بے ارتیاب
گر قریشوں پر میں پاؤں دستیاب

ور عوض حمزہ کے میں ای مومنین
شخص ستر کو کروں مثلہ یقین

جب کہے اس طرح وہ شاہ ہدا
جلد یہ آیت خدا نازل کیا

وَاِنۡ عَاقَبۡتُمۡ فَعَاقِبُوۡا بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبۡتُمۡ بِهٖ

یعنے اگر بدلا دو برابر دو اسقدر کہ تم کو تکلیف ... اور اگر صبر کرو بہتر ہے صبر والوں

وَلَئِنۡ صَبَرۡتُمۡ لَهُوَ خَيۡرٌ لِّلصّٰبِرِيۡنَ

جب یہ آیت آئی ہی شرف نزول
اس طرح کہنے لگے حق کے رسول

کہ کیا میں تیری ای رب الانام
میں گواہ ہوں ان شہیدوں پر تمام

حکم فرمایا ہے کہ ایک ایک قبر میں
انکے دو دو شخص کو مدفون کریں

اور جو زاید ہو پڑھا قرآن سے
اس کی نعش پاک آگے کیجیے

حضرت حمزہ کا ایک تھا بھانجا
یعنے عبد اللہ جحش کان صفا

دفن اس کو حضرت حمزہ کے ساتھ
کر دیئے ایک قبر میں ای نیکذات

اور انس ابن نضر ای باخبر
آہ زخمی ہو گیا تھا اس قدر

کوئی پہنچانتا نہیں اس کو مگر
بہن نے پہچانی انگلیاں دیکھ کر

اور علم بردار مصعب بن عمیر
جسکا کچھ گزرا ہی آگے ذکر خیر

باپ تھا اس کا بڑا ہی مالدار
سخت کافر دشمن شاہ خیار

جبکہ وہ لایا ہی ایمان با کمال
باپ نے اسکو دیا گھر سے نکال

عیش و عشرت ناز و نعمت چھوڑ دے
رشتہ پدری بھی اس سے توڑ دے

سر بسر وہ تارک الدنیا ہوا
جان و دل سے طالب مولا ہوا

شاہ کی خدمت میں تھا لیل و نہار
آپ کی الفت میں ہی تھا جاں نثار

حکم شہ سے جب مدینے کو گیا
کیا وہاں اسلام کو رونق دیا

کیا کیا تائید دین شرع کی
دین احمد کے اصول و فرع کی

دعوت اسلام میں وہ نامدار
جبکہ باندھا ہی کمر لیل و نہار

نور سے اسلام کے ہی سربسر
ہو گیا سارا مدینہ جلوہ گر

رہنمائی سے اسکے ای خبیر
لائے ہیں ایمان انصار کثیر

الغرض ایسا وہ فرد نامور
فقر میں ذی فخر تھا شام و سحر

واہل اصحاب صفہ تھا سدا
جیو ایسا رکھا اس کو خدا

کہ ہوا اس جنگ میں جب وہ شہید
دیکھ جاں جنت کیا ہی جب خرید

کہ کفن کے خاطر اک چادر سوا
پاس اس کے اور کچھ کپڑا نہ تھا

ایسی چھوٹی تھی وہ چادر سر بسر
بس نہ آئی پاؤں سے لے تا بہ سر

پاؤں کو ڈھانپے تو رہتا سر کھلا
سر کو ڈھانپے تو کھلے رہتے تھے پا

دیکھ اس کو شاہ نے کی چشم نم
یوں کیا ہی حکم با درد و الم

کہ اسی چادر سے ڈھانپو اسکا سر
اور ڈالو گھانس اس کی پاؤں پر

روایت

آہ شیطان لعین اس روز جا
یہ خبر شہر مدینے میں دیا

کہ یہ غزوہ میں رسول انس و جان
آہ پای ہیں شہادت بیگمان

خبر شیطان گرچہ یہ سچی نہ تھی
دھوم محشر کی مدینے میں مچی

بی بیاں اطفال ہو کر بیقرار
دوڑی ہیں سوے احد بے اختیار

آہ پر تم حضرت زہرا بتول
آئیں حضرت پاس محزون و ملول

کیا لکھوں میں آہ اس خاتون کا غم
بس یہاں ہے قاصر و عاجز قلم

شاہ کے زخموں کو دھوتی تھیں شتاب
ڈھال میں اپنی علی لاتے تھے آب

خون پاک اسکا نہیں ہوتا تھا بند
دیکھ کر اس کو بتول دردمند

آگ سلگا اور جلا کر ایک حصیر
راکھ دابی زخم اوپر ای خبیر

الغرض کر دفن شہدا کو تمام
جب مدینے کو چلے شاہِ انام

شاہ فرمای اسے بھائی ترا
یعنی عبداللہ جحش مارا گیا

بولی عبداللہ کو بخشے خدا
اس کو پھر فرمائے وہ شاہِ ہدا

بعد فرمائے اسے شوہر ترا
یعنی مصعب بھی یقین مارا گیا

شہ کہے شوہر سے عورت کو بجان
کیا قوی ہوتی ہے الفت بیگمان

موت شوہر جب سُنی وہ دلفگار
ہو گئی بے صبر اور بے اختیار

آ کھڑی تھی وہ بھی رہ میں دلفگار
پدر کا کرتی تھی رہ میں انتظار

دیکھی ہر ٹکڑی میں وہ جان پدر
حضرت حمزہ نہیں آئے نظر

ان سی پوچھی فاطمہؓ ای فر و وقر
پدر ہی میرا کہاں دیجے خبر

اشک بھر آئی رہا ہر گز نہ تاب
اور نہ غم سی دیکھکے اس کا جواب

آئی ایسے میں سواری شاہ کی
سرورِ عالم رسول اللہ کی

شاہ کے مرکب کی پکڑی جا کو باگ
عرض یوں کرنے لگی ہے دردناک

آہ یہ سنتے ہی اس دلگیر سے
اشک بھر آئے رسول اللہ کے

سُنکے یہ غمگین ہو کہنے لگی
آتی ہی اسباب بو خون کی

غم کو اس کے دیکھ اصحاب کبار
آہ یکسر ہو گئے ہیں اشکبار

شاہ فرمائی ای بیٹی کیا کہوں
گر بیان اس کی شہادت کا کروں

آگے جب چلنے لگے شاہِ زمن
ہر قبیلے کے تمامی مرد و زن

سب ہماری سختیاں آسان ہیں
آپ پر سب کشتگان قربان ہیں

ایک زن کے پدر و شوہر اور پسر
تھے موی جنگِ احد میں سر بسر

تب نبی سے یہ سنکر بی بیان
دوڑ ہیں سوی احد کرتے فغان

راہ میں ایک شخص مل اس سی کہا
باپ اور بھائی بھی اور بیٹا ترا

کیا خبر ہے کہہ رسول اللہ کی
اُسنے بولا خیر سے ہیں نبی

پس پڑی اس کی نظر حضرت پہ جب
بولی وہ الحمد للہ پر طرب

راستے میں شہ سے حمنہ آملی
جو پھپھیری بہن تھی اس شاہ کی

واقعہ یہ سُن وہ پژمردہ دروں
ہی پڑھی انا الیہ راجعون

کہ ہوا ماموں ترا حمزہ شہید
پھر کہے ویسا ہی کہی وہ ای عبید

ہو گئی یہ سن کے بے صبر و قرار
اور رہی رونے لگی ہے زار زار

بھائی اور ماموں کی رحلت کی خبر
سن کے وہ ساکن رہی ہے صبر کر

فاطمہ حمزہ کی بیٹی کا نام
آہ کیا بولوں کہ لرزاں ہی قلم

ٹکڑیاں اس لشکرِ اسلام کے
ایک کے بعد ایک جب آنے لگے

فکر زاید پھر ہوئی اس کی تئیں
آئی ہیں ایسے میں صدیقِ گزین

نام حمزہ کا ہی لی جب وہ یتیم
دل ہوا صدیقِ اکبر کا دو نیم

بولے آپ تشریف لائے ہیں رسول
کہکے یوں آگے بڑھے ہیں وہ ملول

آتے تھے یاران جو ہمراہ آپکے
حضرت حمزہ جب ان میں بھی نہ تھے

یا رسول اللہ پدر مرا کہاں
والد عالی قدر میرا کہاں

اس کو فرمائی کہ ای لختِ جگر
میں پدر تیرا ہونگا غم نہ کر

پس بہت ہی درد سے رونے لگی
منھ کو اپنے اشک سے دہونے لگی

بولی ای پیغمبرِ ربِ وحید
کس طرح والد ہوا میرا شہید

تجھ میں نہ طاقت رہیگی زینہار
سنکے یہ پھر بھی ہوی ہی زار زار

بس یہی کہتے تھے استقبال آ
جب سلامت آپ کو لایا خدا

روایت

جب کیا شیطان مدینے میں ندا
کہ شہادت پائی شاہِ انبیا

ان میں وہ عورت بھی تھی جسکا پدر
جان دیا تھا اور شوہر اور پسر

ای فلاں اس جنگ میں مارے گئے
بولی پیغمبر پہ وے صدقہ ہوئے

وہ کہی تبلاؤ حضرت کا جمال
رفع ہووے نامرادی و ملال

اور کہی بالخیر جب لائے قدم
آپ مجھ پر اب ہے آسان ہر الم

عبد اشہل کے گھروں سے پر رسول
جب چلے روتے تھے عورات ملول

سن کے وہ آواز فرمائی حزین
رونے والے کوئی حمزہ پر نہیں

سن کے یہ فرمان انصار کرام
بھیجے اپنے عورتوں کو لا کلام

دے زنان حمزہ کے گھر کو آئے سب
نوحہ زاری اس پہ کرتے تھے بشب

شاہ دین پوچھے ہیں پس بیدار ہو
کس کا یہ آواز رونے کا کہو

بولے ہیں انصار کی عورات سبھی
نوحہ کرتے ہیں چچا پر آپ کے

تب کئے ارشاد شاہ انبیاء
کہ یقین مقصود میرا یہ نہ تھا

کر دعا بس حق میں ان عورات کے
جلد تر سب کو وہیں رخصت دیئے

دوسرے دن منع فرمائے یقین
نوحہ کرنا مردگوں پر مسلمیں

شہدای اُحد کی فضیلت

فضل شہدای احد میں ای خبیر
آئے ہیں اخبار و آثار کثیر

اور ہر ہر سال میں شاہ انام
اُن کی جاتے تھے زیارت کو مدام

فاطمہ جو ہی خزاعی ای پسر
یاد رکھ اس طرح دیتی خبر

جا کے یکدن میں احد میں یوں کہی
السلام علیک یا عم نبی

میں سنی ہوں قبر حمزہ سے جواب
رحمۃ اللہ بھی کہا وہ یا بآخوا

اور یوں ہی ابن خالد باصفا
اپنے خالد سے روایت ہے کیا

کہ زیارت کو احد کے ای ہمام
میں گئی تھی ساتھ میرے دو غلام

میں سنی تھی مصطفےٰ سے یہ خبر
کہ کئے ارشاد یوں خیر البشر

کر شہیدوں پر احد کے تم تمام
کیجو جا کر ای مسلمانو سلام

ہیں وہ زندہ اور دیتے ہیں جواب
میں بھی جا کر کی سلام ان کو شتاب

میں سنی بے شبہ تب ان سے جواب
اور یوں بولے ہیں وہ رحمت مآب

تم کو ہم پہچانتے ہیں بالیقین
آئی ہیں لرزی میں یہ سن کر وہیں

جلد ہو کر اپنے مرکب پر سوار
میں چلی واں سے تعانہ آشکار

نقل ہی جائیں پر پچھیاں جب
گزری از جنگ احد ای باادب

ایک صدمے سے کھلے بعضے قبور
لاش تھی تازہ انھوں کے بے قصور

اور کئی ان میں شہیدان سر
ہاتھ کو اپنے رکھے تھے زخم پر

جب سر کتا زخم سے ہاتھ ایمیان
خون پاک ان کا وہیں تھا روان

حق ہے راضی انہوں سے بالدوام
بھی رکھی جنت میں اُن کو شاد کام

حمراء الاسد کا غزوہ

اس کا یہ قصہ ہے کفار لعین
جب گئے مکے کو رجعت ای امین

اور دوسرے روز از جنگ اُحد
نکلے پھر جنگ حمراء الاسد

کیوں مسلمانوں کو چھوڑا ہم نے ہائے
فتح ہوئی لیکن پشیمانی اٹھائے

وی لگے کرنے ملامت سر بسر
راہ میں آپس میں سب یکدگر

اور کر دیں قید سب کو جلد تر
بند تھا جنگ و جدل کا ہو در

لوٹ ہم جاویں مدینے کو ابھی
مومنوں کو قید کر لاویں سبھی

جنگ میں حاضر تھے کل کے روز جو
آج بھی نکلیں وہی تیار ہو

شاہ کی خدمت میں پہنچی یہ خبر
حکم فرمائے تبھی خیر البشر

باوجود زخم و جسم ناتوان
ہو گئے ہیں جمیع سب غازیان

اور شریک ان میں نہو وے دوسرا
حکم یہ کرتے ہی شاہ انبیا

پس وہ جھنڈا مرتضیٰ کے ہاتھ دے
اور ستر غازیوں کو ساتھ لے

اور احد کو لیگئے تھے جو نشان
وہ ابھی کھولے نہیں تھے مومنان

غازیان ستر وہی تھے نامدار
کل احد میں جو کئے تھے کارزار

شہ مدینے سے ہیں نکلے بیدرنگ
تا کریں ان کافروں سے جا کے جنگ

ایسے ہی ان میں بہت مجروح تھے
نکلے ہیں تب حکم پر اس شاہ کے

حضرت طلحہ پہ ستر زخم تھے
عبد رحمن کو زیادہ بیس سے

جا کے پہنچے ہیں یہ حمراء الاسد
ہفت میل اوپر ہے وہ ای باخرد

رعب کے خاطر بحکم شاہ دین ۔ پانسو سلگائے چولہے مسلمین
ایک خزاعی قوم کا سردار تھا ۔ نام معبد اس کا نیک اطوار تھا
وہ ابھی ایمان نہ لایا تھا مگر ۔ دوستی رکھتا تھا با خیر البشر
جا ابوسفیان سے وہ کہنے لگا ۔ لوٹنے کا قصد بوسفیان کیا
اس کو یوں بولا ہی معبد فہیم ۔ کہ نبی آتا ہی با فوج عظیم
اور بدلہ تم سے چاہتا ہی یقین ۔ سنکے بوسفیان ہوا لرزان وہین
لیکے لشکر ساتھ اپنے ای میاں ۔ جلد مکے کو ہوا واں سے رواں
رکے حضرت منتظر وہاں تین روز ۔ پس مدینے کو ہوے رونق فروز

عاصم بن ثابت رضی اللہ عنہ کا سریہ رجیع طرف

سریہ اس جنگ کو کہتے ہیں کہ جسمیں آنحضرت حاضر نہیں تھے پر وہ جنگ آپ کے حکم سے ہوا ہو ۱۲

سال سوم میں وقائع جو ہوے ۔ جو سرایا حکم سے شہ کے گئے
ایک سریہ ان سے ہے جانو یہی ۔ کہ شہادت جس میں عاصم کی ہوئی
اسکا یہ قصہ ہے کہ جنگ احد ۔ آئے جب مکہ کو کفار اشد
آہ وہ سفیان ہذلی بے حیا ۔ ابن خالد پیشوائے اشقیا
ایک جماعت کافروں کی لیکے تا ۔ جلد تر مکے کو آیا بد صفات
اور کفار قریشوں سے بلا ۔ تہنیت جنگ احد کی ادا
سعد کی بیٹی سلافہ جو تھی بد ۔ اس کی دو بیٹوں کو در جنگ احد
کر دیا تھا قتل عاصم اہل خیر ۔ تیسرے کو طلحہ چوتھے کو زبیر
اس نے کی تھی نذر ان تینوں کی سر ۔ کوئی لا دیوے مجھے گر کاٹ کر
اونٹ سو انعام اس کو دونگی ۔ سر کے کانسے میں خمر پیونگی
جب سنا سفیان ملعون یہ خبر ۔ آہ اس کے سو شتر پر طمع کر
قوم سے اپنے ہی سات اشرار کو ۔ ساتھ بد اطوار بدکردار کو
مکر یک کہلا کو بھیجا شاہ کی پاس ۔ شاہ سے وہ جا کئے یوں التماس
کہ ہماری قوم ای خیر البشر ۔ شرف ایمان سے ہوئی ہی بہرہ ور
پس ہمیں قرآن سکھلانے لئے ۔ یک صحابہ کی جماعت بھیجئے
اور وے ساتوں منافق بدصفات ۔ مختلط اکثر ہوئی عاصم کیساتھ
اس سے کہتے یا ہمنا بار بار ۔ گر تجھے بھیجے رسول باوقار
کیا زہی قسمت ہماری ہی یقین ۔ سیکھیں تا تیرے سے ہم احکام دین
الغرض ہمراہ ان کے مصطفےٰ ۔ بھیجے دس اصحاب کو ای باصفا
اور امیر ان پر کئے عاصم کو ہی ۔ پس مدینے سے نکلکر وی سبھی
جب ہدا پر آکر پہنچے ہیں جان ۔ مکے اور عسفان کے جو ہی درمیان
یک منافق ان سے تب ہو کر جدا ۔ یہ خبر سفیان کو جا کر دیا
ساتھ لے دو صد لعین کو وہ شریر ۔ آکے چاہا ان کو سب کر دیں اسیر
پس وے اصحاب نبی بے قیل و قال ۔ ہو گئے تیار بہر جنگ و جدال
وے کہے ہم سے نہ کیجو کارزار ۔ تم ہیں تھوڑے نا ہو طاقت زینہار
حضرت عاصم کہا از بہر دین ۔ جانثاری ہی ہمیں آسان یقین
کافران بولے کہ تو جلدی نکر ۔ ہم امان تجھ کو دیئے ہیں سربسر
بولے عاصم کو وہ مشرک کی پت ۔ میں نہیں لیتا مجھے بس ہی آکہ
میں کیا ہوں عہد یا حق کے ساتھ ۔ ہاتھ میں کافر کے نا دوں اپنا ہاتھ
اور کیا ہوں حق سے میں یہ التجا ۔ کہ نہ چھووے کوئی کافر تن مرا
اور سنا ہوں میں سلافہ نابکار ۔ نذر یوں کی ہی بلاشک آشکار
سر کے کانسے میں میرے پیوے شراب ۔ نا کرے حق اسکو اس سے کامیاب
یہ خبر پہنچا دیگا سرور کو کون ۔ یہ سنا دیوےگا پیغمبر کو کون
پس دعا کرنے لگا وہ پاک باز ۔ بارگاہ کبریا میں بانیاز
یہ ہمارے حال سے ای دادگر ۔ تو پیمبر کو ہمارے دی خبر
حق کیا اس کی دعا کو مستجاب ۔ اور خبر شہ کو دیا ہی یہ شتاب
پس لگا لڑنے کو عاصم تیر سے ۔ تیر بھی جب اس کے سب آخر ہوے

جنگ نیزے سے ہی وہ کرتا تھا تب — نیزہ بھی ٹوٹا ہی اُسکا آہ جب
تیغ اپنی کھینچکر وہ باصفا — رو بقبلہ ہو کیا ہی یوں دعا

یا الٰہی تن کو میرے رکھیو نگاہ — بالیقین از شر کفار تباہ
پس اسدن داد مردی دے تمام — وہ پیا آخر شہادت کا ہی جام

کافرین چاہے کہ کاٹیں اُسکا سر — لیوین وہ سو اونٹ جاکر جلد تر
مکھیوں کو شہید کے بھیجا خدا — ویسے ہوا اُس پر نگہبان جلد آ

قصد جب کرتے تھے اس کا ظالمان — کاٹتے تھے ان کو آکر مکھیان
شام کو اُس دن بڑی بارش ہوئی — حکم حق سے نعش عاصم بہہ گئی

الغرض اسدن وے دس صحابہ سب — یا شہادت دار جنت میں گئے
اور خبیب و زید کو وے اشقیا — قید کرکے بیچے میں مکے میں آ

بدر کے غزوہ میں جب بیشک وے سب — قتل حارث کو کیا تھا جو خبیب
اسکی قیمت سو شتر ٹہری تھی جب — مول لی حارث کی بیٹی اسکو تب

تہ بدمارا تھا امیہ کے تئین — اُسکا جو بیٹا تھا صفوان لعین
وہ شقی اس کو خریدا بہر اس — اونٹ دیکر اسکی قیمت میں پچاس

ماہ ذیقعدہ تھا وہ ای نیکنام — نقل ہی گزری ملک شہر حرام
کافروں نے انکو رکھا قید کر — اور دیئے ان کو بہت رنج و ضرر

کہتی تھی حارث کی بیٹی آشکار — کہ تھا قیدی جب خبیب باوقار
بیڑیاں لوہے کی پائیں سخت تر — بند تھا پھر قید خانہ کا بھی در

قید میں انگور کھاتا تھا سدا — غیب سے یہ اس کو دیتا تھا خدا
اور نہیں تھا موسم انگور تب — دیکھیے ہم اس کو کرتے تھے عجب

ہی بخاری میں ہے یہ خبر صحیح — لائے ہیں اہل سیر بھی سب صریح
الغرض گزری میں جب ماہ حرام — تب خبیب و زید کو کفار خام

موضع تنعیم میں لائے بسر — رکھ دی بیجد چڑھائی دار پر
اُن سے تب بولا خبیب سرفراز — چھوڑ دو رکعت گزاروں تا نماز

ڈالا ان کے دل میں رب العلمین — سب قبول یہ سخن وے مشرکین
بس گزارا آہ دو رکعت خبیب — چھوڑا مقتولوں میں یہ سنت خبیب

اور کہا پڑھتا زیادہ میں نماز — با خضوع و باخشوع و بانیاز
پر کہو گے تم کہ یہ مرنے سے ڈر — باندھا ہی طول عبادت میں کمر

پڑھ کئی ابیات وہ براشقیا — لعنت و نفرین کیا اور بد دعا
پس خدا نے کی دعا اسکی قبول — تھے وہاں حاضر جو کفار جہول

تھوڑی عرصے میں یہ آفات کثیر — مبتلا ہوئے ہیں نار سعیر
بس چڑھائی دار پر اس کو وہیں — اس کا منہ کعبے طرف رکھے نہیں

منہ کئے اس کا مدینے کے طرف — تب کہا یوں خبیب باشرف
کچھ ضرر اس سے نہیں میرا ہوا — منہ جدھر لاؤں ادھر رب ہی میرا

جبکہ فی الواقع مدینہ ای میاں — اس کا تھا قبلہ حقیقی بے گمان
کہ وہاں تھی وہ رسول ذوالجلال — پوچھے گیا اور اس عاشق کا حال

آئنہ میں عشق کے وہ باصفا — تھا نظر کرتا جمال مصطفےٰ
اس کو تب حاصل تھا دیدار نبی — دل سے حاضر تھا بدربار نبی

اُس کو بولے کافران بےحیا — ملت اسلام سے تو باز آ
اُن کو بولا ہی خبیب محترم — خالق ارض و سما کی ہے قسم

گر مجھے دیوینگے سب روے زمین — ناپھروں زنہار از دین متین
دوست کے خاطر نہیں ایک جان فدا — سو ہزاراں جان میں اُس پر فدا

پھر کہے کفار تو چاہتا ہے کیا — کہ ہو تیری جاپر اب مصطفےٰ
اور سلامت تو رہی اپنے مکان — وہ کہا حق کی قسم ای کافران

میں چاہونگا کبھی یہ جان لین — کہ چبھے کانٹا نبی کے پاؤں میں
اور سلامت ہیں سبھوں تب اپنے گھر — جان مراں پر فدا شام و سحر

فاینما تولوا فثم وجه

اور بہت اس کو ڈرائی مشرکین | دین حق سی پر وہ دل پھیرا نہیں
تب خبیب محترم ای باصفا | یوں لگا کرنے خدا سے التجا
تا مرا پہنچا دے حضرت کو سلام | خاتم صدر نبوت کو سلام
زید بن اسلم نے دی ہی یوں خبر | کہ مدینے میں شہ جن و بشر
وحی کے آثار اشرف ناگہاں | ہو گئی ظاہر شہ دو جہان
اور فرمائی خبیب باصفا | جو مقید شہر میں مکے کے تھا
دار پر چڑھ وہ کیا مجکو سلام | اب کہا آ مجکو جبریل ہمام
نیزے لے ہاتھوں میں آئی جلد تر | ضرب کرنیکو خبیب پاک پر
آہ ان کی مار سے نہ لا کے تاب | دار پر کرتا تھا از بس اضطراب
تب کہا الحمد للہ یا طرب | رو بقبلہ کر دیا اب مجکو رب
پر شریعت اور طریقت اس کی تب | ظاہر و باطن کیا ہی جمع رب
پشت اشرف سی ہوا وہ اس کی پار | وہ پڑھا تب کلمۂ طیب پکار
تا ابد اس سی خدا راضی رہے | اسکو شہدا میں سرفرازی رہے
کہ خبیب باصفا کا اقتدا | وہ بھی دو رکعت کیا ہی تب ادا
پس شہید اس کو کیا ای نیکنام | بیچا نسطاس صفوانکا غلام
کہ محمد ہیں یہ جیسے صحاب | کسکے میں دیکھا نہیں ایسے صحاب
تا کہ خبر اس کی ای ہمام | منتشر ملک عرب میں ہو تمام
شہ محمد کو کئے تب یہ خطاب | کون ہے تم میں کہ اب جاوے شتاب
جب سنے یہ حکم مقداد و زبیر | ہو گئے تیار وی دونو نجیر
یونہی وے تنعیم میں پہنچے ہیں جا | دار پر بھی تھا خبیب باصفا
قتل سی تھا اس کی دن چالیسواں | خون بھی تھا اس کے زخموں سی رواں
اس کو آہستہ اوتارے دار سے | کوی خبر پایا نہ ان کفار سے
ان کے پیچھا کرکے شتر کافران | جا ملائی راستے کے درمیان

آہ اس کے قتل پر کفار سب | ہو گئے ہیں متفق اشرار جب
یا الٰہی یہ تو سب ہیں دشمنان | دوست میرا اب نہیں کوئی یہاں
تو ہی اب پہنچا دے ای رب القدیر | مصطفٰے کو میری تسلیم اے خبیر
مجلس آرا تھے کئے یاروں کے ساتھ | میں بھی حاضر تھا وہاں ای نیکذات
شہ دئے تسلیم کا اس کے جواب | درد و رقت سی لگے رونے شتاب
دار پر اس کو چڑھائی کافران | اور کئی اس پر جفائی بیکران
نقل ہی چالیس مشرک بے حیا | بدر میں جن کے موی تھی اقربا
جسم میں اس کی چبانے کو لگے | آہ دل اسکا دکھانے کو لگے
آہ جو کرتا تھا حرکت ایمان | رو بقبلہ ہو گیا ہے ناگہان
گرچہ تھا ہر حال میں وہ با شرف | پس حقیقی اپنی ہے قبلے طرف
الغرض سینے پہ اسکی ای امین | مارا نیزہ ایک مردود لعین
کلمۂ توحید ہی پڑہتا ہوا | وہ خرامان باغ جنت میں گیا
زید بن وثنہ کو اسکے بعد از ان | دار دینے لائی ہیں جب کافران
جو خبیب اوپر کئے جور و جفا | زید پر بھی کر گئے وے بیوفا
جب شہادت پائی ہیں یہ دو حبیب | یوں ابو سفیان کہا بیشک ریب
پس خبیب باصفا کو سر بسر | کافران چھوڑے ہیں وونہی دار پر
اسکا سب احوال وہ ای باصفا | وحی سی معلوم سرور کو ہوا
اور خبیب محترم کو دار سے | وہ اتاری تو اسے جنت ملے
پس وہ نکلے شب کو ہو تھے رواں | دن کو اندر غار کے رہتے نہاں
کافران چالیس گرد اس دار کے | آگے سوتے تھے حفاظت کے لئے
بوی مشک اس سی مہکتی تھی عجب | اور تر و تازہ تھا اس کا جسم سب
لاش باندھا اپنے گھوڑے پر زبیر | پس مدینے کو چلے دونو نجیر
نعش اسکی وہ اوتار بر زمین | ہو گئی غائب زمین میں وہ وہیں

وہ دونوں حملہ کئے کفار پر / غایت مردی سے مثل شیر نر
پس بفتح و نصرت وہ مرد و شجیع / آملے حضرت سے باشان رفیع
کرتے ہیں فخر و مباہات کثیر / آسمان پر اے بشیر و اے نذیر

عبد اللہ بن انیس کا سریہ

جو وہاں سفیان ہذلی تھا مقیم / قتل عاصم کو کیا تھا وہ لئیم
کاٹا عبد اللہ نے سفیان کا سر / اور چلا سوئے مدینہ جلد تر
مکڑی یک جالا تنی ہے اسپہ آ / غار ہجرت میں تنی تھی جو کہ جا
جلد تر پہنچا مدینے کو ہے آ / پاس شہ اس لعین کا سر رکھا
کافران طاقت نہ پاکے زینہار / ہو گئے ہیں جلد تر سارے فرار
آ کہا جبریل نے سالار سے / کہ ملک یہ ہر دو اپنے یار سے
شاہ ان یاروں کو تحقیق بھیجے تھے نیو / تھا مہینا وہ صفر کا جانیو
اور عبد اللہ انیس باصفا / حکم سے سرور کے عرنہ کو گیا
ایک لشکر جمع کرتا تھا وہاں / تا کرے جا جنگ با شاہ جہاں
اسکا جب چھپا کئے ہیں کافراں / وہ ہوا ایک غار صحرا میں نہاں
ڈھونڈکر واپس ہوئے سب کافراں / پس نکلکر غار سے وہ بعد ازاں
خوش ہوئے پیغمبر اور یاران تمام / اس سے بس راضی ہے رب الانام
اور ہوئی آل سبط مصطفےٰ / ہی امام دیں حسنؑ پیدا ہوا

ہجرت سے چوتھے سال کا احوال بیر معونہ کی جنگ جس میں ستر قاریان قرآن شہید ہوئے

سال چارم میں صفر کے درمیاں / فوج یک اصحاب کی با عز و شاں
اس کا یہ قصہ ہے عامر بو برا / نجد سے آ شاہ عالم سے ملا
آپ کئی اصحاب کو اے راہبر / آپ سوے نجد بھیجو گے اگر
میں بھی ان کے ساتھ ایماں لاونگا / جا وہاں ہی یہ شرف میں پاؤنگا
وہ کہا اندیشہ کچھ مت کیجئے / میں بھی ہوں ان کی حمایت کیلئے
اپنے تب ستر صحابہ کو رسول / بھیجے ہیں کر غرض کو اسکی قبول
عمدگان نجد کے سب نام پر / ایک پروانہ لکھے پیغامبر
اور تھی ساری فقیراں مفلساں / عابدان پرہیزگاران مخلصاں
رات کو کرتے عبادت میں قیام / طاعت و ذکر و تلاوت میں مدام
گئے اور عسفان کے بیچ اے نیکنام / اترے ہیں بیر معونہ پر تمام
جلد آ گئے لیگیا عامر کے پاس / نجد کا سردار تھا وہ ناسپاس
اور بنی عامر کو وہ مردود خر / ان صحابہ کے بلایا جنگ پر
وہ شقی دسرے قبائل سے وہاں / جمع یک لشکر بڑا کر کے یقیں
نجد کے جانب میں بھیجے مصطفےٰ / جنگ وہاں بیر معونہ کا ہوا
شہ دیے ترغیب ایماں اسکو جب / وہ کیا یوں عرض خدمت باادب
ہے قوی امید مجھکو یا نبی / کہ ہماری قوم ایمان لائیگی
غرض یہ سنکر کہے وہ شاہ دیں / نجد کے لوگوں سے ہوں میں ایمن نہیں
میں یہ دیکر لیجاؤں انکو سب / خلق کو تا ہو ہدایت کا سبب
اور منذر بن عمرو کو اے خبیر / شاہ عالم نے کیا ان پر امیر
آ وہی ہفتاد اصحاب کبار / قاریان قرآن کے تھے نامدار
لکڑیاں لا بیچ دن کو وہ کرام / دیتے قیمت اہل صفہ کو تمام
حیث بنیے سے غرض وہ اتقیا / ہو گئے راہی بحکم مصطفےٰ
یک صحابہ نام تھا جس کا حرام / لیکے وہ پروانہ خیر الانام
دیکھتے ہی نامہ خیر الوریٰ / اس شقی نے قتل قاصد کا کیا
وہی کہی ان کو پتہ دے بو برا / لایا ہی پس نا لڑیں ہم اسی جا
آہ وہی ستر صحابہ پر گیا / ہو محاصر تنگ ان سب کو کیا

ستر قاریان قرآن کی شہادت

کھینچ تلواروں کو یہ بھی بیدرنگ　بس شجاعت سے کئے تا آنکھ جنگ
ایک منذر بچ گیا تھا کافران　بولے اب دیتے ہیں ہم تجکو امان
وہ بھی تنہا کافروں سے جنگ کر　پایا ہی آخر شہادت کا ثمر
ناگہاں دیکھی ہیں دو لشکر طرف　آہ اترتے ہیں پرندے صف بصف
دیکھے دونو چڑھ کے یک ٹیلے پہ تب　پائے ان اصحاب کو مقتول سب
پوچھا کیا تجویز حارث از عمر　وہ کہا جا شاہ کو دینا خبر
پس وہیں وہ کافروں کو مار کر　آپ بھی پایا شہادت جلد تر
اور کہا پہچانتا ہی کیا تو اب　خوب اپنے کشتگوں پا رونکو سب
پوچھا عامر کیا ترا تھا کوئی یار　جو نظر ان میں نہ آوے زینہار
ان میں تھا لیکن نظر آتا نہیں　تکے یہ پوچھا عمر سے وہ لعین
تھا ہمارے میں وہ فاضل نامدار　اور عابد متقی پرہیزگار
اور بوقت دفن شہدا ایماں　نعش کی اس کی نہیں پائے نشاں

عامر بن فہیرہ کی نعش کا آسمان پر پہنچایا جانا

تھا جو عامر بن فہیرہ نیک نام　تھا نہیں جدعان کا پہلے غلام
ایک رطل بہنے سے کر اسکو خرید　کر دیئے آزاد صدیق سعید
جب گئے ہجرت شہ عالی جناب　اس سفر میں وہ بھی تھا ہمرکاب
بے تردد یہ کرامت دیکھکر　شرف ایماں سی ہوا وہ بہرہ ور
جبکہ جینے سے ہوی وہ نا امید　یوں کہی رو رو کے ای رب حمید
اسکو پہنچائی تب ہی روح الامیں　شہ جواب اس کا دئے ہو کر حزیں
کو لیجا نعش اس کی بالائی فلک　پھر زمیں پہ جلدی آئے ملک
نقل ہے وہ بو برا نجدی جو آ　لے گیا تھا ان صحابہ کو بلا
جو تھا عامر بن طفیل بیچا　تھا بھتیجا بو برا کا یہ دغا
تھا ربیعہ بو برا کا جو پسر　عامر ملعون کا قصد قتل کر
پس کیا طاعون میں اس کو مبتلا　مثل طاعون شتر رب العلا

اور شہادت پائے آخر وہی تمام　کعب یک زخمی پڑا تھا ای ہمام
وہ کہا مجکو نہیں ہرگز قبول　یہ پناہ زشت گفت اے جہول
ان سے حارث اور عمر بھی بچ گئے　کہ تمہی او شتاں چرانے کو گئے
بولے ابلیس کہ یہ اڑنا ظہور　فی الحقیقت کچھ نہیں آفت سے دور
اور تڑپتے ہیں لہو میں وہ تمام　اور کھڑی ہی فوج کفار لئام
بولا حارث نے عمر سے بھائیجاں　پھر شہادت پاؤ تمیں ایسی کہاں
اور عمر کے لیکے پیشانی کے بال　کر دیا آزاد عامر زشت حال
وہ کہا ہاں اور جا ہر ہر کے پاس　کہدیا نام اور نسب ای حق شناس
بولا ہاں صدیق اکبر کا غلام　یعنے عامر بن فہیرہ نیک نام
بول اب مجکو وہ کیسا شخص تھا　تب عمر اس خر سے یوں کہنے لگا
بولا عامر جب کہ وہ مارا گیا　آسماں پر لے گئے اس کو اٹھا
حکم سے حق کے ملک اسکے تئیں　کر دیئے تھے دفن لا از بہ زمیں
نقد ایمان کا وہ جب لایا ہی گنج　مالکاں دیتے تھے اسکو درد و رنج
سابق الاسلام تھا وہ باوقار　اور تھا از اولیائے نامدار
اسکا قاتل جبکہ دیکھا ہی عیاں　نعش اسکی جو گئی بر آسماں
ہی روایت جب وہ ستر قاریاں　ہو گئے محصور فوج کافراں
ہم سے پہنچا اب تحیات و سلام　در حضور حضرت خیر الانام
اور عامر بن فہیرہ کی خبر　یوں دیئے ہیں حضرت خیر البشر
روح علیین ہیں اس کا لیگئے　لا زمیں پر دفن جسے کو کئے
ہو بہت اس واقعہ سے شرمسار　اندنوں میں ہی ہوا ہی آشکار
گرچہ ایماں بوبرا لایا نہیں　پر ہوا اس کام سے اندوہگیں
کہتے ہیں مارا انکو نیزے سے جا　اس کی مجلس میں اگر وہ نیں مرا
جبکہ تھا گھوڑے پہ اپنے وہ سوار　مر کے دوزخ کو گیا وہ نابکار

ہے روایت جب سنے خیر البشر   اپنے یاروں کی شہادت کی خبر

مشرکان رعل اور ذکوان پر   اور غطفان اور بنی لحیان پر

آکے جو بیر معونہ میں لڑے   مشرکان تینوں قبائل کے ہی تھے

یوں مواہب میں لکھا ہے کی خبر   آئی حضرت پاس انکی وقت پر

بنی نضیر کا غزوہ

وہ قبیلہ ایک یہود کا تھا جان   حسب عہدی کئی شہ سے عیاں

میں سمجھتا ہوں کہ انکو دے سزا   وہ نبی فرمائیں گے حکم جلا

ان پہ یہ تم ایمان لاؤ جلد تر   جو جہاں کی ہے سعادت سر بسر

بولے دین موسیٰ کا نہ چھوڑینگے ہم   دل وطن سے ملک سے تو اٹھ گئے ہم

لیکے اتنا رخت بے ہتیار اب   تم چلے جاؤ وطن کو چھوڑ سب

بعضے خیبر کو گئے بعضے بشام   دوسرے ملکوں طرف بعضے لیا گام

جلد باز ار مدینہ سے گئے   سب پریشان اور سرگرداں ہوئے

خود پنجاہ اکے پنجاہ یکسران   اور زمین باغات و اسباب گھراں

ہے روایت جب مہاجر پاک تن   آئے تھے مکے سے چھوڑ اپنا وطن

غربت و کربت کو انکے لا کلام   دیکھکر حضرت کے انصار کرام

اپنے باغات و مکانات و زمین   حصہ کر آدھے دیئے انکے تئیں

انمیں وہ بعضوں کو دیتا تھا طلاق   تا نکاح انسے کریں وہ باوفاق

جب یہود کی وہ باغات و زمین   ہاتھ آئی شاہ عالم کے یقیں

اب یہ باغات و زمین جو ہاتھ آئی ہے   حصہ چاہیں تم بھی گر ای نیک ذات

جو دئیے ہیں انکو تم ای اہل دین   اپنے باغات و مکانات و زمین

میں مہاجر کو ہی دیتا ہوں تمام   یہ زمین باغ و مکان سب لا کلام

یا رسول اللہ یہ اموال سب   دیجئے قوم مہاجر کو ہی اب

اور دئیے ہم ان کو جو کچھ انکا   وہ کبھی واپس نہ لیں ہم رہنما

آہ غمگین و حزین ایسے ہوئے   کہ کسی کربت میں نہیں ویسے ہوئے

یک مہینے تک کئے ہیں بد دعا   در قنوت فجر وہ شاہ ہدا

اور لڑے جو ستہ و لحیان سے   تھے بنو لحیان بے ایمان سے

اسلئے وہ سب قبائل پر یقیں   بد دعا انکی کئے ہیں شاہ دین

اور ربیع الاول اندر آئی جب   شہ کئے ہیں غزوہ قوم نضیر

تھا کنانہ جبر یک ان میں بڑا   وہ کہا تم جو کئے ہیں یہ دعا

وہ تو ہے بے شبہ ختم المرسلیں   ذکر ہے توریت میں انکا یقیں

یا کہ تم ہو جاؤ سب جزیہ گزار   اور وطن اپنا یہ چھوڑو زینہار

حکم یہ بھیجے ہیں شاہ بحر و بر   کہ اٹھا دیں بار اونٹاں جس قدر

لاد کچھ سو اونٹ پر سامان لا   تین تین اشخاص میں ایک اونٹ تھا

سب وہ نا امید جینے کو ہوا   دف بجاتے گاتے بجاتے تا بکار

ہو گئی ہے تب تو ناپا کونسے پاک   اس تو راج پاک کی پاکیزہ خاک

تین سو چالیس یکسران کے تیغ   خالصے میں آئے شہ کے بے دریغ

چھوڑ کر گھر بار اور اہل عیال   محض از بہر رضائے ذو الجلال

انسے کچھ ایسا بجالائے سلوک   کہ جہاں تا دم ہیں ملا اور ملوک

بلکہ انصاری کوئی عالی قدر   عورتیں رکھتا تھا متعدد اگر

یوں کئے حق اخوت وے ادا   تا ابد ان کو جزا دیوے خدا

شاہ انصاروں کو اپنے یوں کہے   تم مہاجر پر بہت احسان کئے

لیجو حصے اپنے تم بے قیل و قال   اور مہاجر پر رکھو یونہی بحال

اسمیں حصے اپنے نا چاہیں اگر   لیجو واپس انسے اپنے باغ و گھر

تب کئے ہیں عرض سعدین تمام   ہر دو سردار ان انصار کرام

کہ دیا آئے چھوڑ اپنے خانماں   اور زن اولاد و باغات و مکاں

وے مکانو نیں ہمارے ہی رہیں   خیر و برکت کا سبب ہوگا ہمیں

ہم سب ہی اس بات پر راضی ہیں اب　عرض پس یوں ہی کئے انصار سب
سنکے یہ حضرت بہت شاداں ہوئے　اور دعا بھی انکے حق میں یہ کئے

اَللّٰهُمَّ ارْحَمِ الْاَنْصَارَ وَاَبْنَاءَ الْاَنْصَارِ وَاَبْنَاءَ اَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ

بدر الموعد کا غزوہ

اور اسی سال میں اے باصفا　بدر موعد کا یقین غزوہ ہوا
در احد بولا تھا بوسفیان یہ بدر　جنگ ہے پھر سال آئندہ یہ بدر
جب ہوا نزدیک وہ وعدے کے دن　ہے روایت بادشاہ انس و جن
پانزدہ صد غازیوں کو لیکے سات　بدر میں اترے ہیں جا آنحضرت
اور ابوسفیان مکے سے نکل　تھوڑے منزل جاکے بر عزم جدل
رعب سے اسلام کے وہ عذر لا　اپنے ہمراہیوں سے یوں کہنے لگا
قحط کے ایام ہیں اب ہر کہیں　جنگ اب ہرگز مناسب ہے نہیں
جاکے آئندہ کرینگے ہم قتال　پھر گیا ہے سب کو لے بے قیل و قال
آٹھ دن رہ منتظر شاہ ہدا　پھر مدینے کو ہوئے رونق فزا
اور ہوا پیدا نبی کا نور عین　ماہ شعبان کی چہارم کو حسین رض
بعد میلاد حسن پنجاہ شب　جب ہوا ہیں منقضی از فضل رب
فاطمہ زہرا کو تب پیٹ میں　ٹھہرا ہے حمل امام دیں حسین رض
اور مہ شوال میں آیا فلاح　شہ کئے ہیں ام سلمہ کو نکاح
اور ذوالقعدہ میں زینب کے تئیں　عقد میں لائے ہیں اپنے شاہ دیں
اور عبد اللہ عثماں کا پسر　یعنے سبط حضرت خیر البشر
اور زینب زوجہ شاہ جہاں　جو خزیمہ کی تھی بیٹی اے میاں
فاطمہ ام علی قدسی صفات　پائے اسی سال میں تینوں وفات
یک یہودی نے یہودیہ کے سات　جب کیا فعل زنا وہ بدصفات
شاہ کی خدمت میں لائے ان کو زود　شہ نے پوچھے تو یوں بولے یہود
کرکے کالا انکا منہ آیا شرف　اونٹ پر بٹھلا کے منہ کر دم طرف
شہر میں ان کو پھرانا ہے سزا　ہے یقین توریت میں یوں ہی لکھا
شہ کہے تم جھوٹھ کہتے ہو یقیں　حکم یہ توریت میں ہرگز نہیں
پس میں توریت میں دیکھے منگا　رجم ہی اسمیں زنا کی تھی سزا
پس دئے دونوں کو امام انس و جان　جلد تر سنگسار کروائے ہیں جان
زید بن ثابت بحکم شاہ زود　سیکھا پندرہ روز میں خط یہود
اور اسی سال میں اے نیکنام　حکم قرآں سے خمر ہوگئی حرام

ہجرت سے پانچویں سال کا احوال

دومۃ الجندل کا غزوہ

سال پنجم میں بفرمان خدا　شہ نے زینب سے نکاح اپنا کیا
اور در روز زفاف آیا صواب　حق نے بھیجا آیت حکم حجاب
اور مہ مولد میں حضرت فوج لے　دومۃ الجندل کے غزوہ کو گئے
نام یک جا کا ہے وہ بے اشتباہ　ہے مدینے سے وہ پندرہ دن کی راہ
رہزنی میں تھے وہاں بعضی لعیں　رکھتے تھے قصد مدینہ بھی یقیں
جا ہزار اشخاص سے پیغام بر　غارت انکے کردئیے سب جانور
ہوگئے کفار وے سارے فرار　انکو ڈھنڈوائے بہت شاہ کبار
پر کہیں پتا نہیں ان کا لگا　پھر مدینے کو ہوئے رونق فزا

مریسیع کا غزوہ

اور مہ شعبان میں خیر البشر　بھی گئے جنگ مریسیع آپ پر
اور اسی غزوے کے بعد از فلاح　شہ جویریہ کو لائے در نکاح
جب پھر اس جنگ سے شاہ ہدا　رہ میں بالا عائشہ کا گم ہوا
ڈھونڈھنے اسکو گئے اس جا مقام　پر وہاں پانی نہ تھا اے نیکنام
آیت حکم تیمم بر رسول ص　پائی ہے حق سے میں اس نزول

اور وہ مالا ٹوٹ کے نیچے ہے تھا
بر جناب پاک ام المومنین
آہ اس قصہ کی نثر سر بسر
مختصر لکھتا ہوں کچھ وہ بیاں
راہ میں اترے تھے ہم سب ایکشب
آئی یک ہو وہ امر اتفاقا جو وہاں
پس میں اپنی جا سے اٹھی آن کے
پیچھے لشکر کے رکھے تھے تنہا سے
سنتے ہی آواز اسکا میں اٹھی
میں ہی تنہا ہو گئی اسپر سوار
تھا بڑا ان کا ابی ابن سلول
ہے عجب تر یہ کہ بعضے مومناں
تھی خلیری بہن جو صدیق کی
بولی تھی عائشہ ای با ادب
اور مجھے جھلا تھی اس سے خبر
ایکدن مسطح کی مادر ہو خفا
وہ کہی مجھکو اے نادان تو ابھی
بس زیادہ میری بیماری ہوی
تھا یہی مقصود باطن کا مرا
وہ حکایت کیا ہی میرے باب میں
تھا بہت محبوب ہو شوہر کو جو
اور غالب پہ آتے ہیں شدید
میں کہی سبحان اللہ آہ عبر

جب اٹھائے اونٹ کو وہ سب ملا
زوجۂ محبوبۂ سلطانِ دین
پارہ پارہ کرتی ہے دل اور جگر
اب روایات صحیحہ سے بیاں
کوچ کا اس شب ہوا اعلام جب
باندھ استرے پہ ہو آگے رواں
سمجھی بلوانے مجھے کوئی آئنگے
لاو مارہ میں جو چیزیں ہو گرے
اپنا منھ چادر سے اپنی ڈھانپ لی
پس چلا وہ اونٹ کی لیکر جہاں
باندھتا تھا افترا وہ بوالفضول
بھی شریک ان میں ہوئے کہیں زباں
اسکا بیٹا تھا یہ مسطح ای زکی
ہم سب آپہنچے مدینے کو ہیں جب
حال متغیر نبی کا تھا مگر
حق میں اس مسطح کے کی ہے بددعا
کیا نہیں اسکی ستی ہے وہ بدی
بیقراری اور ناچاری ہوی
یہ حکایت تا کروں تحقیق جا
دل ہی میرا اس سے پیچ و تاب میں
اور اسکے پاس عالی قدر ہو
صبر کر حق سے ہی پس رکھے امید
کیا یہ تہمت ہو گئی ہے مشتہر

اور سبھی سال میں آئے با وفاق
یعنی بی بی عائشہ پر آئے سلیم
خامہ لرزاں ہے یہاں تحریر سے
ہے روایت عائشہ سے آئی میں
تب اکیلی ہی تقاضاے حاجت گئیں
اسکے حماوں نے سمجھا تھا یہی
نیند آئی سوگئی میں ناگہاں
دیکھکر مجھ کو وہاں وہ دلفگار
پاس میرے اونٹ کو بٹھلا دیا
دو پہر کو پہنچی میں لشکر میں جا
لوگ جو تہمت کئے بیخوف و بیاک
ایک حسان ابن ثابت اے پسر
اور ام المومنین زینب کی بہن
اک مہینے تک تو میں بیمار تھی
التفات اگلا نہ تھا وہ مجھ پہ تب
میں کہی کیوں اس پہ کی تو بددعا
میں کہی وہ کیا ہے دے مجھکو خبر
سنتے تب کی عرض از خیر البشر
حکم جانے کا دئے مجھکو نبی
بولی ای دختر نہ کر تو فکر و غم
اور انبازاں بھی ہوویں سب کے ایتیں
پاس حق کے پاک ہوئے جو مگر
کیا رسول اللہ اور میرا پدر

آہ مردودان کئے اہل نفاق
باندھ ہے تہمت اور بہتانِ عظیم
اور لرزاں ہے زباں تقریر سے
کہ پھرے اس جنگ سی جب شاہ دین
تھی گئی باہر نکل لشکر سے میں
کہ میں بیٹھی ہوں اسی ہودے میں ہی
صبح کو صفوان آپہنچا وہاں
انا للہ کی پڑھا آیت پکار
جا کھڑا دور اور نہ مجھسے کچھ کہا
باندھے بہتان مجھ پہ بعضے اشقیا
حق تعالی نے کیا ان کو ہلاک
اور مسطح اہ ان میں تھا دگر
حمنہ بنت جحش بھی تھی انمیں جان
خلق میں شہرت تھی اس بہتان کی
فکر تھی یارب ہے کیا اسکا سبب
وہ تو حاضر بدر کے غزوے میں تھا
قصۂ بہتاں کہی وہ سر بسر
گر اجازت ہو تو جاوں ماں کے گھر
ماں سے جا پوچھی کہ ای مادر مری
ای مری بیٹھی خدا کی ہے قسم
باتیں اس پر ایسے اکثر ہوتی ہیں
ہے بدی سے خلق کے کیا اسکو ڈر
سن چکے اس افک بہتاں کی خبر

درد و غم غالب ہوا آپ پر تب　اور رونے میں گزری ہے وہ شب
روز بھی گزرا ہے رونے میں تمام　ایک لمحہ بھی نہ سوئی لا کلام

دوسرے گھر میں مرا باپ سعید　بیٹھ کر پڑھتا تھا قرآن مجید
سن مری آواز رونے کی وہیں　آپ بھی رونے لگا اندوہگیں

اور کہا اے عائشہ کر صبر اب　تا کرے کیا حق میں تیرے حکم رب
گھر میں ہے رہتا تھا وہ اکثر حزیں　وحی شہ پر دیر تک آئی نہیں

اور میں روتی تھی ہمیشہ اس قدر　کہ گماں تھا میرا پھٹ جاوے جگر
دیکھ کر اس طرح مجھکو اشکبار　پدر و مادر بھی تھے میرے زار زار

اور گئے جب مشورت خیر البشر　اپنے یاروں سے کہے تب یوں عمرؓ
یا رسول اللہ مبارک جسم پر　آپ کے مکھی کو نا ہو جب گزر

کیونکہ بیٹھے وہ نجاست پر سدا　پاک اس سے آپ کو رکھا خدا
آپکے ازواج کو پس کردگار　نا کرے ناپاک واللہ زینہار

بولے یوں عثمانؓ کہ چھاؤں آپکی　اس زمیں پر تو نہیں پڑتی کبھی
تا نجس جگہ پہ ہرگز نا پڑے　حق نگہباں جبکہ سایہ کا رہے

کب حافظ آپ کے ازواج کا　ہوویگا اور عرض کی حیدرؓ نے آ
کر روا رکھا نہیں وہ کارساز　ہو نجس نعلین والا در نماز

اور نماز اندر ہی کی اس نے خبر　آپ پاؤں سے نکالے جلد تر
بات یہ سچی اگر ہوتی بجا　اس سے آگہ آپ کو کرتا خدا

جمع رکھئے خاطر اشرف کو اب　آپ کو دیگا خیر التبہ رب
جب رسول اللہ یہ باتیں سنے　جا کے مسجد میں تبھی خطبہ پڑھے

اور کہے اہل نفاق و اہل کیں　رنج اور ایذا دئیے میرے تئیں
حق میں میرے اہل کے بے ننگ نام　اور کئے صفوانؓ پر جو اتہام

ہے وہ عابد متقی پرہیزگار　اس سے سرزد ہووے کب یہ ننگ کار
ہے قسم حق کی کہ میں پاتا نہیں　اہل سے اپنے بدی کچھ بالیقیں

عرض یاروں نے ہے کی اے محترم　حکم دے تا قتل کر دیں ان کو ہم
اور زینبؓ جو تھی بیٹی جحش کی　اسکو میرے حال سے پوچھے نبیؐ

عرض یوں حضرت سے کی وہ پاک ہوش　میں نگہ رکھتی ہوں اپنے چشم و گوش
بات ایسی بولنے سے یا نبیؐ　عائشہ سے جو نہ دیکھی اور سنی

ہے قسم حق کی اس سے بے یقیں　خیر و خوبی کے سوا دیکھی نہیں
یہ وہی زینب ہے در حسن و جمال　اور نبیؐ کے پاس در جاہ و جلال

روز و شب کرتی تھی میری ہمسری　پر حسد سے حق رکھا اسکو بری
وہ حسد کرنے کی مجھ پر جائے تھی　حمنہ سکھلائی تھی اس کی بہن بھی

محض اپنے فضل سے رب صمد　ہے بچایا اس کو از شر حسد
ہو گئے تہمت گراں جو سب ہلاک　ہو گئی حمنہ بھی ان میں تب ہلاک

عائشہ کہتی ہے دو شب ایک روز　مجکو رونے میں ہے گزرے ہیں بسوز
پدر و مادر بھی مرے یہ دیکھ کر　ساتھ میرے روتے تھے شام و سحر

آئے ہیں ایسے میں سالار انام　اور کئے الطاف سے ہم پر سلام
بیٹھ آ مجھ پاس وہ بیٹھے نہ تھے　جب سے مجھ پر لوگ وہ تہمت کئے

عرصہ یک ماہ سے سوی نبیؐ　وحی میرے باب میں آئی نہ تھی
پوچھے میرا حال بولی میری ماں　کہ تپ و لرزہ ہے اس کو بیکراں

پس کہے میرے لیے وہ خیر البشر　پہنچی تیرے حق میں اک ایسی خبر
گو ہو واقع پاک ہے تو اور بری　حق بیاں فرماویگا پاکی تری

گر گنہ تیرے لیے پایا ہو صدور　مانگ بخشش جلد از رب غفور
جب کیے ارشاد یوں وہ شاہ دیں　بند آنسو ہو گئے میرے وہیں

تب کہی میں باپ سے اپنے شتاب　دو نبیؐ کو میرے جانب سے جواب
وہ کہا واللہ میں پاتا نہیں　کہ کہوں کیا در جواب شاہ دیں

بعد اُس کے کہی تو دے جواب
میں ہوں دختر بن نہیں میں کی طرف
گر کہوں میں پاک ہوں بفضل رب
ہے قسم اللہ کی بے قیل و قال
تھے ابھی اسجا یہی شاہ عرب
ہوش پائے وحی کی حالت سے جب
تیری پاکی پہ گواہی وہ دیا
خوش ہوا بس ابدیت مجھکو کہا
حالت مستی جو تھی فرحت کے ساتھ
ہے وسیلے سے رسول اللہ کے
الغرض جھوٹوں کا منہ کالا کیا
یعنی انّ الذین ای سلیم
پس بہت خوشحال ہو شاہ امم
اور بلا تہمت گرو نکو سب ہیں ابھی
ایک حسان اور مسطح ہے دگر
اسکو بد کہتا تھا عروہ ای امیں
یعنی در ہجو رسول انس و جان
حلم پر بی بی کے یہ کیجو نظر
اور عجب ہے حال سے حسان کے
لیک حسان تائب نادم ہوا
لیک یا امیں اس کو دنیا میں خدا
اور طفلی میں ہے مسطح کا پدر
جب کیا بی بی کو یوں وہ متہم

وہ بھی بے سبب ہے کہی پر اضطراب
اور نہ قرآن سے زیادہ بھی پڑی
شاید اسکو تم نہ سمجھ جانو گے اب
بس یہی میرا ٹھکانا ہے مثال
وحی کے ظاہر ہوئے آثار تب
مسکراتے تھے وہ با فرح و طرب
پاک اس بہتان سے تجھکو کیا
شکر کر اب تُو رسول اللہ کا
اسپہ غالب تھی کہی بی بی یہ بات
اور طفیل اس شاہ عالی جاہ کے
رتبہ بی بی کا خدا بالا کیا
نور کے سورے میں تا رزق کریم
جلد مسجد کی طرف لائے قدم
مارے ہیں حد قذف انکے تئیں
حمنہ اور ابن ابی ہے بد گہر
عائشہ یکدن کہی اس کے تئیں
شعر جب کہتے تھے بعضے کافران
عفو اور برداشت ہے یکقدر
کہ وہ دیکھو باوجود اس شان کے
ان پہ حد شرع بھی قایم ہوا
بعد اس قصے کے نابینا گیا
مر گیا تھا وہ تھا مفلس سخت تر
حضرت صدیق تب کھائے قسم

میں ہی تب کہنے لگی ناچار ہو
تم سنے واللہ جو تہمت میری
جانتا ہے بات یہ پروردگار
پدر یوسف جو کیا صبر جمیل
مثل مروارید قطرے عرق کے
اور کہے ای عائشہ بنت العلا
آیت قرآن تیری شان میں
میں کہی کرتی ہوں لیکن شکر رب
ورنہ یہ تطہیر اس کی ذات کی
پس پیمبر کی رسالت کا بیاں
پس لگا پڑھنے کو وہ حق کا رسول
وے اٹھارہ آیتیں ہوتے ہیں سب
جمع کر اصحاب کو خطبہ پڑھے
چار تھے اسکے مقر فارقاں
آہ حسان بن ثابت برملا
کہ ای عروہ تو نہ کہہ یوں اسکو بد
انکار وہ کرتا تھا حسان بلی
حق شناسی اسکی ہے کس شان کی
یوں فریب نفس میں آیا ہے آہ
حق تعالیٰ ہے عجب غفار رحیم
بدلہ دنیا میں ہے لیکن یوں بعض
پاس خویشی کے صدیق جلیل
کہ نہ نفقہ دونگا میں مسطح کو اب

سخت محزون اور دل افگار ہو
وہ دلوں میں بیٹھے تھے جدا کی
پاک ہوں میں پاک ہوں کہتی ہوں تجھے
غم سے بھولی نام یعقوب جلیل
وحی کی سختی سے حضرت کے گری
پاک تجھکو فضل سے اپنے کیا
حق نے نازل کی یقین اس آیتیں
وحی سے پاکی جو دی ہے تجھکو اب
اور بھی تنزیل ان آیات کی
پہلے واجب ہے یقین ای حق شناس
آیتیں قرآن کی جو پائیں نزول
یونہی بیضاوی کہا ای با ادب
آیتیں قرآن کے وہ سنوا دیے
مارے ہیں ہر اک کو اسی قمچیاں
جب ہوا ہے مبتلا یہ ابن ملا
کیونکہ وہ کفار کو کرتا تھا رد
اور بیان کرتا تھا نعت مصطفےٰ
محض از بہر خدا ہر نبی
نفقہ سے ہم کو دے یارب پناہ
تائبوں کو بخشتے از لطف عمیم
سختیوں سے تا قیامت کے بچے
کھانے اور کپڑے کا تھا اسکے کفیل
تب اس آیت کو وہیں بھیجا ہے رب

اٹھارہ آیت تطہیر بی بی عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی شان میں نازل ہونا

حد قذف

سورۂ نور

وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ أَن يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ

وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ۝ وَلَا يَأْتَلِ أُولُو الْفَضْلِ مِنكُمْ وَالسَّعَةِ یعنے اور چاہیے کہ سوگند نہ کھاویں صاحبان فضل تمہارے سے یعنے تم سے جو لوگ دین میں بزرگی رکھتے ہیں اور دنیا میں مال کی کشایش اور فراخی رکھتے ہیں۔ اس سے ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مراد ہیں کذا قال البغوی۔ سو ایسے لوگ قسم نہ کھاویں اس بات پر أَن يُؤْتُوا أُولِي الْقُرْبَىٰ وَالْمَسَاكِينَ وَالْمُهَاجِرِينَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ یعنے نفقہ نہ دیویں اپنے قرابتداروں اور مسکینوں کو اور مہاجروں کو جو ہجرت کئے ہیں راہ خدا میں۔ مسطح ابوبکر صدیق کا خویش بھی تھا اور مسکین بھی تھا اور مہاجر بھی تھا وَلْيَعْفُوا وَلْيَصْفَحُوا چاہیے عفو کریں ان کی تقصیر کو جو ان سے صادر ہوی اور درگزر کریں ان کے بدلے سے أَلَا تُحِبُّونَ أَن يَغْفِرَ اللَّهُ لَكُمْ کیا دوست نہیں رکھتے ہو تم اس بات کو کہ بخشے اللہ تعالیٰ تم کو۔ پس تم بھی دوسروں کے گنہ سے درگزر کرو اور بخشدو وَاللَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ اللہ تعالیٰ بخشنے والا ہے اور مہربان۔ حالانکہ وہ پروردگار گنہگاروں اور بدکاروں کو سزا دینے کی قدرت رکھتا ہے باوجود کمال قدرت کے بخشدیتا ہے۔ پس تم بھی اللہ تعالیٰ کے اخلاق سیکھو کہ اس سے کمال ایمانی حاصل ہے۔ جب یہ آیت شریف نازل ہوی ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہاں میں اللہ تعالیٰ کی بخشش کو دوست رکھتا ہوں پس مسطح کا نفقہ جو مقرر تھا جاری کیا اور فرمایا کہ میں اس سے موقوف نہ کروں گا

درجۂ صدیقیت اے نیکنام / گرچہ برتر ہے ز قصد انتقام
پر بحکم بشریت وہ محترم / ناگہاں اس طرح سے کھائے قسم

کردیا آگہ تجھی پروردگار / کہ نہیں صدیق کو یہ سازوار
جبکہ صدیقین کے تھے وہ مقتدا / سنتے ہی یہ حکم قرآن خدا

باز آئے ہیں ز قصد انتقام / اور کہے بخشتے ہیں رب الانام
نفقہ جو مسطح کا جو معمول تھا / جلد تر اجرا کئے وہ باصفا

اور مہ شوال میں اے کامگار / غزوۂ خندق ہوا ہے آشکار

خندق کا غزوہ

اسکا یہ قصہ ہے اے بے نظیر / جو تھے مردود ان یہود ان شریر
کردیا تھا شاہ نے جن کو جلا / انسے رہتے تھے کوی خیبر میں جا

آکے وے مکے میں بولے از قریش / اے قریشو تم کرو تیار جیش
عہد ہم کرتے ہیں تم سے استوار / تا محمدؐ سے کریں جا کارزار

خوش ہو بوسفیان کہا ہی مرحبا / اور انسے اس طرح کہنے لگا
اے یہودو تم ہو سب اہل کتاب / اہل علم و فضل ہیں بے ارتیاب

تم کہو بہتر بھلا کس کا ہے دیں / یا ہمارا یا محمدؐ کا یقیں
کرتے ہیں تعمیر کعبہ ہم بجان / فخر کرتے ہیں بہت ہم اسپران

حاجیوں کو دیتے ہیں آب و طعام / طاعت اصنام کرتے ہیں مدام (عبادت بتوں کی ۱۲)
اور محمدؐ یک نیا لایا ہے دین / کون ہے حق پر کہو بے ریب و کین

آہ وے کذاب یکسر بے خرد / بیچکر دنیا سے دین کو پر حسد
انکو بولے تم ہی حق پر ہیں تمام / لعنۃ اللہ علیہم بالدوام

انپہ حق لعنت کیا قرآن میں / پس یہ آیت آئی انکے شان میں

اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ اُوْتُوْا نَصِیْبًا مِّنَ الْکِتٰبِ یُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَیَقُوْلُوْنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا هٰۤؤُلَاۤءِ اَهْدٰی مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سَبِیْلًا ۝ اُولٰۤئِکَ الَّذِیْنَ لَعَنَهُمُ اللّٰهُ وَمَنْ یَّلْعَنِ اللّٰهُ فَلَنْ تَجِدَ لَهٗ نَصِیْرًا (سورہ نساء)

غرض کر مشرکوں نے عہد زود   جانب غطفان گئے بنی یہود
اور ابھیں یکساں خیبر کے کھجور   ہو گئے دینے کو راضی بالضرور
تین سو گھوڑے تھے اور اونٹ ہزار   سات ان کفار کے بس آشکار
اور سوا اسکے قبیلے دوسرے   چوطرف سے آ بہت نکلے
یہ خبر جب سرور عالم سنے   آپ بھی لشکر کی تیاری کئے
ہے مدینے پاس کوہ سلع نام   لشکر اسلام وہاں اترا تمام
تب کہا سلمان نے ارشاد امم   یا رسول اللہ ہے دستور عجم
شاہ کو تدبیر یہ آئی پسند   دی اجازت انکو ہوتے فرحمند
لشکر کفار کو پس بے خطر   اس طرف ہرگز نہ تھا ممکن گزر
کھینچ یک مقدار خندق پر لکیر   یہ مقرر کر دئے شاہ بشیر
کام میں خندق کے بالنفس نفیس   آپ بھی داخل تھے سردار رئیس
الغرض از انجملہ روایت ہی صحیح   آئی جابر سے بخاری میں صریح
جا کہے ہم عرض حضرت سے شتاب   لائے ہیں تشریف وہ عالیجناب
چھوٹا اس پتھر کا حصہ تیسرا   تب کہے اللہ اکبر مصطفیٰ
ہے قسم حق کی کہ میں دیکھا یہاں   شام کے اب سرخ جو ہیں محل یاں
پھر کہے اللہ اکبر بے گمان   مجکو فارس کے ملے اب کنجیاں
اور بیان انکے کئے اوصاف کا   تب قسم کھا حق کی سلماں نے کہا
پھر کے بسم اللہ پھر مارے ہیں جب   باقی پتھر بھی ہیں چھوٹا ہے تب
ہی قسم اللہ کی اب صنعا کے در   دیکھتا ہوں اس جگہ میں بسر
ایک لڑکی تھوڑے لے آئی کھجور   اس کو لوٹے شافع روز نشور
ایک کچھا چادر وہ رکھا اپ تب   اہل خندق کو وہاں بلوائے سب

یک قبیلہ جو کہ قوم قیس سے   تھا وہاں کو بھی یہ اغوا دئے
پس ہیں یہ کے سبھی نکلے میں قریش   لیکے جنگی یک بڑا ہمراہ جیش
سر ظہر ائیں وہ جب پہنچے ہیں آ   وہ قبیلہ آکے غطفان سے ملا
سب قبائل کے ملا بین کا شمار   ہو گیا جملہ مقرر دس ہزار
غازیاں تب جمع آئے سہ ہزار   ائیں گھوڑے تیس تھے سب اسوار
کثرت کفار سے ای ہوشیار   پائے کچھ تشویش اصحاب کبار
کہ زیادہ دشمناں آئے ہیں جب   کھودیں گرد شہر خندق ایک تب
بیچ سے اطراف مدینہ ای خبیر   تھے عمارات و مکانات کثیر
سلع جانب ایک میدان تھا کہ   پس لگے ہیں کھودنے خندق ادھر
کہ اٹھارہ شخص ملک مومنیں   کھودیں اب چالیس گز تک وہ زمیں
نقل آئی ہے کہ اکثر معجزات   تب ہے ہو ظاہر شاہ کائنات
یکدم ایسا پتھر اک نکلا بڑا   چھوڑتے وہ کسسے پارا نہ تھا
اور بسم اللہ اس دم بولکے   ضرب بیل سے کئے اس تنگ کے
اور فرمائے دئے ہیں اب مجھی   کو کنجیاں بے شبہ ملک شام کے
ضرب دیگر ابھر کئے ہیں جب نبی   ٹوٹا تیسرا حصہ اور اک پھر بھی
ہے قسم حق کی مکانات بلند   اب مدائن کے نظر آئے ہیں چند
واقعی ایسے ہی ہینگے وی بھی   ہی قسم حق کی ہو تم حق کے نبی
تب کہے اللہ اکبر شادمان   اب دئے مجکو یمن کی کنجیاں
جوں کہے وہ آپ کی امت کو تب   لطف سے اپنے دیا وہ ملک سب
کہ ای لڑکی کہاں ہی تلے ایہاں   پاس حضرت کے وہ تب لائی ردان
حکم فرمائے ہیں کھاؤ سب اب   پیٹ بھر کھائے ہیں یا لتہ فضل رب

کھائے پر سب نے ہیر پھر و سے کھجور
اور شکم پر شاہ پتھر باندہ کے
باوجود اسکے وہ سب بہر خدا
کہ خبر دیتاہی جابر باصفا
کیونکہ میں بر چہرۂ خیر البشر
میں کیا ہوں ذبح جلد اسکے تئیں
اور کیا یہ عرض ای شاہ ہدا
لائیے تشریف با اصحاب چند
گوشت اور آٹا نہایت کم ہی جب
کہ ضیافت آپ بھاری ہی سنو
اور فرمائے نکہ رکھو خمیر
پس خمیر و دیگ ہم لائے شتاب
ساتہ یک عورت کو لیکر بیگمان
ہے قسم حق کی صحابہ یکہزار
پس ہوا ہے اوپر مدارج درمیان
حضرت جابر کے تھے تب دو پسر
پوچھا چھوٹے سے بڑے بھائی نے کیا
باندہ چھوٹے بھائی کے تب دست و پا
ماں سے اپنے ڈر کے وہ بھائی بڑا
آہ دو نو نکو سلائی لاکے ماں
تا خلل نا ہو ضیافت میں کہیں
ہر دو فرزندو نکو لے جابر ساتھ
پوچھا ہمرہی بی سے جا دو پاکزاد

روایت

معجزہ

پہلے تھے جتنے ہی اتنے بے قصور
کام میں خندق کے بس مشغول تھے
جنگ کے تھے ساز سامان میں سدا
ایکدن میں جا کے عورت سے کہا
بھوک کا ہے سخت پاتا ہوں اثر
اور وہ آٹا جو کا پیسی ہو میں
ذبح یک بکریکا بچہ میں کیا
دو جہاں میں مجکو کیجیے بہرہ مند
آپ کو نا ہو ندامت کا سبب
آئیو جابر کے گھر اے مومنو
آئے تک میں گھر تھا رای خمیر
ڈال اسمیں شاہ نے اپنا لعاب
تم دو نو ملکے پکاو روٹیاں
کھائے ہیں سیر ہو کے یکسر آشکار
یہ خبر اتنی ہی ہی مذکور جان
سہ لقا کم عمر دو نور البصر
ذبح کر دوں تجکو برنام خدا
ذبح کر ڈالا اسے بھائی بڑا
گھبرا ہو کے جھاڑی پر چڑھا
اور اونچا تھا کنپل او انھیں گرد ہی نہاں
شاہ نا آوے ملالت بہر ہیں
کر تناول ای رسول کائنات
ہیں کہاں بچے کئے حضرت بیاد

نقل ہے اس جنگ میں ہے اینکہ نام
آہ تھی فاقہ کشی سرور کو تب
یوں بخاری او مسلم میں صریح
کیا ہی تیرے پاس کچھ کھانیکی شئی
لائی وہ یک صاع جو گھر میں جو تھی
گوشت کی میں دیگ چولہے پر چڑھا
اور جو گھر میں ہے یک صاع تھی
اسلئے مقدار بھی وہ کہدیا
جب سنے اس عرض کو شاہ ہدا
اور فرمائے مجھے شاہ خیار
لائے پس تشریف سالار جہاں
بعد اسکے کر کے برکت کی دعا
اور لیا کر دیگ سے سالن نکال
دیگ تھی پر جوش اور باقی خمیر
عارف جامی محقق نے وہ ہے
پدر کو دیکھے تھے جب اپنے یقین
بولا چھوٹے نے اسلئے بھائی جان
کام میں تھی ماں جو باہر آئی جب
دوڑتی ماں بھی جھاڑی پر گئی
اور کسی سے راز یہ بولی نہیں
اسکے گھر تشریف جب لائے رسول
پوچھے ہیں جابر سے تب شاہ جہاں
وہ کہی تو بول یوں حضرت سے جا

رنج میں تھے حضرت او صحب کرام
یونہی اس اسلام کے لشکر کو سب
یہ روایت آئی جابر سے صحیح
دے خبر اب جلدای فرخندہ پی
اور لائی بچہ یک بکری کا بھی
جلد تر حضرت کی خدمت میں گیا
بھیجتی ہی سکو عورت مری
تا بہت یارونکو نا لاوے بلا
اہل خندق کو ہیں کر لائے ندا
دیگ کو چولہے سے اپنے مت اتار
ساتہ لے اپنے صحابہ یکہزار
حکم عورت کو یہ ایسا کیا
مت اتار اس کو نہ کر اسمیں نظر
معجزے ایسے نظر آئے کثیر
یوں شواہد میں لکھا ہی دیکھئے
جو کیا وہ ذبح بکرے کے تئیں
میں ہوں حاضر ذبح کیجئے بیگمان
دیکھ یہ حالت ہوی حیران تب
مر گیا ہی کود کر وہ بھی تبھی
اور گرہ اس بھید کا کھولی نہیں
وحی سرور پر ہوی حق سے نزول
کہ نزی ہر دو جگر پارے کہاں
ہر دو غائب ہیں وہ جا یونہی کہا

معجزہ جابر رضہ سے دو فرزند مردہ کو زندہ کرنا

شاہ فرمائے کہ ہی حکم خدا / ڈھونڈ کر تو جلد ان دونوں کو لا
تب کہی سب حال اُن مادر نے غم / اور دکھائی انکے لاشوں کو بہم
وحی پھر اس شاہ پر پائی نزول / کر دعا کر حق میں بچے ای رسول
یا قرا آگاہ ای فرخندہ پی / بولتا ہے قصہ یہ بے اصل ہے
کہ شواہد میں لقین تفصیل سے / قصہ یہ مذکور ہے تطویل سے
ہے غرض یہ اختلاف اکثر کتاب / عاقبت واللہ اعلم بالصواب
پس ابوسفیان سردار قریش / آ رغابہ[1] پاس اترا لیکے جیش
اور یہودی ابن اخطب حیا / جا کے ابنای قریظہ سے ملا
گرچہ اول وے نہیں راضی ہوے / لیک آخر عہد شکنی کر دئے
وے نہیں مانے نصیحت کو مگر / عہد شکنی پر ہی سب باندھی کمر
یوں اکٹھے ہو گئے کفار لئیم / جب کئے برپا یہ بلوائی عظیم
زید کے ہمراہ دے سیصد (۳۰۰) نفر / بھیجے بر حفظ مدینہ جلد تر
قصد خیمہ کرتے ہر شب کافراں / لیک تھے خندق سے عاجز و خراب
نقل ہے اس جنگ میں شیر خدا / داد بس اپنی شجاعت کی دیا
نوفل لعین اپنے گھوڑے کو کدا / آنا چاہا گر کے خندق میں موا
شاہ فرمائے ہی لاش اسکی بخش / اور ہی قیمت سب اسکی بھی بخش
ایکدن گھوڑے پہ چڑھ آیا عمر / کہ جو بھاری تھا ہزاروں دلیر
اٹھ کے مانگا حکم از شاہ ہدا / شاہ بولے وہ عمر ہے بیٹھ جا
پھر پکارا وہ تو چاہے مرتضیٰ / شاہ عالم نے انھیں دونہی کہا
انکے سر پر باندھ کر دستار خاص / اور حمائل کر انھیں تلوار خاص
جا کیا پس مرتضیٰ نے کارزار / وہ لعین اول کیا یک اپنا وار
وار جب اس پر کئے شیر خدا / وہ گیا دوزخ کو ہو کر سر جدا
اور یہ سمجھے کہ اس کافر کا کام / مرتضیٰ نے کر دیا ہے اب تمام

پس کیا جابر نے جا عورت کو تنگ / کہ تو حاضر کرا انھوں کو بیدرنگ
آہ تب جابر نے ہوئے اضطرار / عرض کی ہی انکی حالت زار زار
جا سرانے شہ کئے انکے دعا / تب ہوئے وہ زندہ از فضل خدا
دہلوی اپنے مدارج میں مگر / کہتا ہے یہ قصہ لاکر مختصر
یوں حوالہ وہ شواہد کا دیا / اور نہیں تضعیف وہ اسکی کیا
الغرض جانو کہ سب خندق کا کام / ہو گیا چوبیس (۲۴) دن میں ہی تمام
اور بہت آئے قبائل جلد تر / اور محاصر ہو گئے سب سر بسر
اور ان کو ورغلایا جنگ پر / وے کئے تھے عہد از خیر البشر
تب کئے یاروں کو بھیجے مصطفیٰ / تا کریں پند و نصیحت انکو جا
لیک ابنای قریظہ کے یہود / جا ملے ہیں ان قبائل میں ہی زود
انکے سب اخبار سن شاہ جلیل / حسبنا اللہ بولے اور نعم الوکیل
یک صحابہ کی جماعت با ادب / شہ کے خیمے کے نگہباں تھے یہ شب
تھے محاصر کافراں چوبیس روز / اور ہی دوسرا قول ستائیس روز
حق میں انکے کر دعا شاہ کبار / کی عنایت انکو اپنی ذوالفقار
کافراں بولے درم دے دس ہزار / دیجو ہم کو اس کی لاش نابکار
ہم کو قیمت سے نہیں کچھ اسکے کام / لیجو تم مردے کو اپنے لاکلام
اور پکارا آؤ کوئی بہر جنگ / تب علی مرتضیٰ نے بیدرنگ
پھر پکارا وہ یہ چاہے علم تب / پھر کہے دونہی انھیں شاہ عرب
پھر کیا ہی جدو کد از بس علی / تب شہ والا نے الطاف ولی
پس دعا مانگے میں ہاتھ اپنے اٹھا / کر اعانت مرتضیٰ کی ای خدا
مرتضیٰ نے ڈھال پر اس کو لیا / ڈھال کٹ کر زخم کچھ سر پر ہوا
اور کہے تکبیر باصوت بلند / شاہ وہ سنکر ہوئے ہیں فرحمند
دیکھا اسکا قتل دوسرے مشرکیں / بھاگے دہشت سے گئے ہو سب [illegible]

[1] رغابہ [illegible] ۱۲

الغرض اس جنگ میں شیر خدا
داد دی ایسی شجاعت کی دیا
کہ شجاعت حیدر کرار کی
غزوۂ خندق میں جو ظاہر ہوئی
ہے بڑی از حیطۂ عقل و قیاس
یوں کئے ارشاد سالار ناس
حشر تک اعمال امت سے سرے
افضل و بہتر ہے بیشک جانئے
سب قبائل متفق ہو ایک روز
ہو گئے تھے جنگ کے آتش فروز
ہو گئے تھے جنگ میں تیغ و تفنگ
پس کئے ترتیب سے ان کو ادا

روایت

صبح سے تھی شام تک جنگ و دغا
آہ ظہر و عصر و مغرب کی نماز
بد دعا یوں پس کئے حق کے رسول
حق میں ان کفار کے ہو کر ملول

عن صلوة الوسطى العصر ملاء الله بیوتهم وقبورهم نارا اشغلونا

کہ نماز عصر ہی وسطی ہے صاف
پر کیا جو عالموں نے اختلاف
وہ نہ پایہ یہ حدیث ای یاد داد
پر کہے ہر اک رہ اجتہاد
ہے وہ تکثیر فضیلت کا سبب
ہو گئے افسوس اسیر شاہ تب
عایشہ فرماتی ہے با درد و سوز
غزوۂ خندق میں یا میں ایک روز
تنگ کو تا دیکھا وہ بکتر اس قدر
دست اور پا باہر آتے تھے نظر
جلد جا تو مل نبی سے ای اسیر
میں کہی تب اسکو ای نیکو سیر
دست و پا کو نا لگے تا اسکے تیر
سن یہ ام سعد بولی ای خبیر
الغرض ابن معاذ باوقار
آ گیا جبکہ خندق کے کنار
رگ ہی وہ کوئی میاں کی نیک ذات
ہیں کہا کرتے جسے عرق الحیات
پشت میں آ کر ہی اکحل ہات میں
ران میں ہو تو نسا اسکو کہیں
الغرض یہ رگ ہی جب کٹتی ہی جان
سارے تن کا خون ہوتا ہے رواں
یوں دعا کرنے لگا ای ذوالجلال
مجھکو کوئی قوم سے جنگ و جدال
کہ وہ پیغمبر کو جھٹلائے ترے
رنج و ایذا دے نکالے شہر سے
جنگ اگر باقی نہ ہو اس قوم سے
زخم سے ہی یہ شہادت دے مجھے
موت مجھکو تو نہ دی ہرگز شتاب
حق کیا اس کی دعا کو مستجاب
نقل یوں کرتا ہی جابر ای خبیر
غزوۂ خندق کے ایام اخیر
بہر تذلیل و شکست کافراں
حق سے مانگے ہیں دعا شاہ جہاں

دہلوی نے یوں مدارج میں لکھا
اس حدیث پاک سے ثابت ہوا
کہ کہا کوئی فجر وسطی ہو سکے
ظہر یا مغرب عشا بعضے کہے
اور وہ تخصیص فوت عصر کی
جو حدیث اندر نبی نے ذکر کی

روایت

تھی سعد ابن معاذ با ظفر
جا رہا تھا ایک بکتر پہن کر
والدہ تب سعد کی تھی پیر پاس
اپنے بیٹے کو کہی وہ حق شناس
سعد گر یک پہنا بکتر برا
ڈھنپتے اسکے دست و پا تھا یہ بھلا
حکم کرتا ہے جو چاہتا ہے خدا
اسکے نے خواہش نہیں کچھ ہو دیگا
ایک کافر نے چلائی ایسے تیر
وہ لگی اکحل پہ اس کے ای خبیر
اور ہفت اندام بھی کہتے ہیں نیک
اس سے ہر ہر عضو میں شعبہ ہے ایک
غرض کہ عرق النساء ہی ہے جو
ہی ہاں اس ہی رگ سے متعلق سنو
تیر اس رگ پر لگی ہے اس کو جب
زندگی سے اپنے ہو مایوس تب
دوست تیرا ایسا نہیں اپنا ہیں
جس طرح ہے با قریش مشرکین
جنگ گر باقی قریشوں سے رہے
میں جہاد ان سے کروں کہتا تجھے
اور از قوم قریظہ زشت خو
آنکھ میری جب تلک ٹھنڈی نہ ہو

روایت

پیر و منگل چہارشنبہ تین روز
درمیان ظہر و عصر ای دلفروز
حق کیا تب کی دعائیں سب قبول
کردیا کفار کو خوار و ملول

ترجمہ
یعنے اللہ تعالی انکے گھروں میں اور قبروں میں آتش بھر دیوے جنھوں نے ہمارے سے نماز عصر قضا کرائی ۱۲

یہ دعا ابن ظفر ای نیک ذات　　دیکھ لایا ہے بہ ینبوع الحیات

يَا صَرِيخَ الْمَكْرُوبِينَ وَيَا مُجِيبَ الْمُضْطَرِّينَ

اكْشِفْ هَمِّي وَغَمِّي وَكَرْبِي تَرَى مَا نَزَلَ بِي وَبِأَصْحَابِي اللّٰهُمَّ مُنْزِلَ الْكِتَابِ وَسَرِيعَ الْحِسَابِ

اهْزِمِ الْأَحْزَابَ اللّٰهُمَّ اهْزِمْهُمْ وَزَلْزِلْهُمْ وَانْصُرْنَا عَلَيْهِمْ

اور کی جب عرض یاروں نے تمام　　ہم نہایت رنج میں ہیں صبح و شام

اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَآمِنْ رَوْعَاتِنَا

سرنگوں انکے کیا دیگوں کو سب　　اور گرایا انکے وہ خیموں کو سب

پنجیں ڈیروں کے اکھاڑ انکے تبھی　　بھی بجھا دیتے تھے آگ انکی سبھی

ایسی حالت سے خدای بحر و بر　　دیکھئے قرآں میں دیا ہے خبر

اب ہمیں کوئی دعا سکھلائیے　　یہ دعا تب شہ او نہیں سکھلا دیے

الغرض اس شاہ عالم کی دعا　　کر اجابت اپنی رحمت سے خدا

اور فرشتے چرخ سے آکر شتاب　　کاٹتے تھے انکے ڈیروں کے طناب

رعب انکے پڑ گیا دل میں بڑا　　کچھ نہ سوجھی بھاگ جانے کے سوا

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا نِعْمَةَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ إِذْ جَاءَتْكُمْ جُنُودٌ فَأَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ رِيحًا وَجُنُودًا لَمْ تَرَوْهَا وَكَانَ اللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرًا

وَكَفَى اللّٰهُ الْمُؤْمِنِينَ الْقِتَالَ وَكَانَ اللّٰهُ قَوِيًّا عَزِيزًا ط　سورۂ احزاب

یوں لکھا تفسیر میں شیخ عماد　　کہ تھی جوں باد سے سب قوم عاد

رحمۃ للعالمین ہیں شاہ جب　　انکی رحمت گھیری ہے عالم کو سب

الغرض اوندی ہوئی جب انکے دیگ　　اور لگی پڑنے کو منہ پر انکے ریگ

صوت بھی سننے لگے تکبیر کا　　سر بسر لشکر میں اپنے جابجا

شاہ فرمائے کہ پھر بار دگر　　وے نہ آوینگے ہمارے جنگ پر

سال آیندہ میں جو ای باصفا　　قصۂ صلح حدیبیہ ہوا

پانچ یا چھ کافراں بدگہر　　غزوۂ خندق میں پائے ہیں سقر

بنو قریظہ کا غزوہ

اس مہینے میں ہی پھر تعجیل سے　　جنگ پر قوم قریظہ کے گئے

آ کہا جبریل نے ای شاہ دیں　　کھولے تم ہتیار ہم کھولے نہیں

ہے قسم حق کی ابھی ای شہریار　　ٹھوکنا ہوں جا کے ہیں انکا حصار

ایک خچر پر وہ تب اسوار تھا　　زین پوش اسپر بچھا دیبا کا پڑا

ہو گئے تیار اصحاب کبار　　شہ چلے گھوڑے پہ اپنے ہو سوار

یوں ہی مرتے کافراں اس باد سے　　سخت تھا یہ باد باد عاد سے

بچ گئے ہیں کافراں بھی اسلئے　　مبتلا ہیں قہر و آفت میں ہوے

اور بجھی آتش گرے ڈیرے تبھی　　ہول و دہشت میں پڑے کافر سبھی

پس شباشب کافراں سب جائے ہے　　چھوڑ ڈیرے ان لگے ہیں بھاگنے

مخبر صادق نے دی جوں یہ خبر　　پھر نہیں آئیں گے وہ کافر جنگ پر

پس ہی تھی فتح مکے کی بنا　　فتح مکہ سال ہشتم میں ہوا

اور شہادت پائی چھ صحب کرام　　اپنے رضوان خدا ہو بالدوام

ماہ ذیقعدہ کی تھی تیئیسویں　　آن کر پہنچے مدینہ شاہ دیں

بیتے آکر غزوۂ خندق سے جب　　غسل سے فارغ ہوئے شاہ عرب

حکم ہے حق کا چلو اب بید رنگ　　اور کرو قوم قریظہ سات جنگ

زلزلہ لاتا ہوں انپر بید رنگ　　گویا انڈا ہے کا ارزن تنگ

بولکر جبریل جب ایسا گئے　　شہ مدینہ میں ندا کروا دیے

تھے علم بردار حیدر رض پیشتر　　سید ہے بائیں شہ کے صدیق و عمر رض

حملۂ انصار و مہاجر سہ ہزار
سب کھڑے تھے منتظر اسوار ہو
اُچھلے خچر پر چڑھا تھا وہ نفیس
اور پندرہ روز تک ای نامور
کہ چلا کرتے ہیں ہم بھی اختیار
شہ نہیں راضی ہوی اسبات پر (نکلنے جلا وطن ۱۲)
حکم بھیجے ان کو سالار عرب
کہ محمد ہے نبی اللہ کا
وے کہے ایمان نہیں ہم لائینگے
گردن اوپر ہاتھ کو مردوں کے سب مشکیں
یکہزار و پانسو تلوار تھے
قوم ابنای قریظہ جانئے
قینقاع کی قوم ای شاہِ انام
عہد شکنی سے وے اپنے لا کلام
تا کرے اسباب میں وہ حکم جو
متفق سب رائے پر اس کے ہوے
پس بلا بھیجے اسے شاہ خیار
کہ طرف سردار کے اپنے اٹھو
اس کو فرمائے رسول اللہ تب
اس کو پھر فرمائے شاہ بحر و بر
سعد نے اس طرح تب ان کو کہا
اور بیٹھے تھے جدھر شاہِ عرب
سعد بولا حکم میں کرتا ہوں اب

ساتھ تھے چھتیس گھوڑی برقرار
پوچھے کس نے دی خبر تم کو کہو
شہ کہے وہ روح تھا دحیہ نہیں
تھے نبی ان پر محاصر سخت تر
مثل ابنای نضیر اب آشکار
اور وے بھیجے ہیں پیغام دگر
آؤ تم قلعے سے پیغمبر پاس سب
ذکر حق توریت میں اس کا کیا
ملت اسلام میں نیں جائینگے
باندھو اور مال انکا لیجا بیجواب
ڈھال بھی انکے اسی مقدار تھے
اوسیان کہے جبکہ ہم سوگند تھے
جو تھی ہم سوگند خزرج کی تمام
بس پشیمان ہو گئے ہیں اب تمام
کیجیو ایسا ہے تم ای اوسیو
تا کرے بے شبہ وہ جیسا کہے
سعد آیا ہو کے خچر پر سوار
سب اٹھے اور لا بٹھلائے سعد کو
حکم کر اسباب میں اے سعد آب
حکم حق تجھکو کیا ہے حکم پر
تم خدا سے عہد یہ کرتے ہو کیا
اس طرف نا دیکھ با حفظ ادب
کہ کریں مردوں کو انکے قتل سب

جب قبیلے پر بنی نجار کے
وے کہے اب دحیہ کلبی نے آ
الغرض قوم قریظہ پر عیاں
رعب انکے پڑ گیا دل میں تمام
جس قدر اونٹاں اٹھا وے لیکے مال
ہم اوٹھائی ہاتھ از ہتیار و مال
کعب جو اس قوم کا سردار تھا
اب چلو ایمان اوپر لائیں ہم
پس کہے ہیں جب وے قلعے سے نزول
ہاتھ انکے باندھی گردن پر شتاب
تین سو بکتر تھے نیزے دو ہزار
اوس کے سارے مسلماں بے ہراس
جو کہ بخشے انکو پس انکو بھی اب
مصطفےٰ فرمائے دیجو اختیار
تھا جو سعد ابن معاذ با وقار
غزوۂ خندق میں سعد باصفا
آیا جب نزدیک مسجد وہ ہمام
مصطفےٰ کے پاس جب بیٹھا وہ آ
سعد بولا حکم ای شاہِ جہاں
اور یہودونکی سفارش میں زباں
کہ جو میں بولوں کریں اب وے قبول
سعد پوچھا کیا ادہر بھی ہے قبول
اور زن و اطفال کو انکے تمام

آ کے دیکھی وے بھی سب تیار تھے
حکم یہ پہنچا ہمیں آگے کیا
پہنچے مغرب اور عشا کے درمیاں
شاہ کی خدمت میں بھیجے یوں پیام
ہم چلے جاتے ہیں با اہل و عیال
اذن دیجاتے ہیں با اہل و عیال
ان سبھوں کو اس طرح کہنے لگا
تا سعادت دو جہاں کی پائیں ہم
یوں کیے ارشاد وہ حق کے رسول
اور کیے ساماں کا انکے حساب
اونٹ اور گھوڑے وغیرہ ہتیار
یوں سفارش انکی لائے شاہ پاس
بخشیں ہم سوگند ہمارے ہیں یہ سب
اب تمہارے میں کسی کو آشکار
اوس کا سردار تھا وہ نامدار
ہو کے زخمی جب یہاں آیا نہ تھا
یوں کیے ارشاد سالار انام
بند اسکے زخم سے خون ہو گیا
حق کو اور حق کے نبی کو سارے آ
کھولے ہیں پس عاجزی اوسیان نے
لگے کہنے کہ ہمکو سب قبول
ہی قبول ہمکو بھی فرمائے رسول ؐ
با یقین کر لیویں اب باندی غلام

اور سب ان کا متاع و مال زر
مومناں تقسیم کرلیں سربسر

شہ کیے سات ان سما اوپر سے آب
جو کیا تھا حکم سب عالم کا رب

حکم بس بے شک ہی تو بھی کیا
پس مدینے کو امام الانبیا

پانچویں کو شہر ذو الحجہ کے آ
دختر حارث کے گھر ای اصفیا

ان یہود ذکور کھائے قید کر
اور کھدوا ایک خندق جلد تر

قتل کروائے ہیں سبکو بعد ازاں
انکا خون ہوتا تھا خندق میں رواں

ابن اخطب بے حیا کو باندھ کر
لائے جب در خدمت خیر البشر

ایک جبا تھا گلابی وہ قبا
پھاڑ کر پرزے کیا تھا بیحیا

قتل بعد از اپنے تا کوئی نہ لے
سرور عالم نے فرمایا اسے

ای عدو اللہ وہ رب قدیر
دیکھ اب تجھکو کیا میرا اسیر

تب بھی وہ اپنی بدی چھوڑا نہیں
دل کو اپنے کفر سے توڑا نہیں

بولا کینہ سے تمھارے میں کبھو
نا کروں ہرگز ملامت نفس کو

لَعْنَةُ اللّٰہِ عَلٰی کُفْرَانِہٖ
لَعْنَةُ اللّٰہِ عَلٰی خُسْرَانِہٖ

عزت اپنی چاہتا تھا میں سدا
پر دیا فتح و ظفر تم کو خدا

اول ہجرت میں اس سرور کے پاس
روز و شب رہتا تھا آ وہ ناسپاس

بھائی سے کہتا تھا اپنے سربسر
کہ محمد ہے وہی پیغامبر

ذکر ہے توریت میں جس کا عیاں
پر عداوت اسکی ہی مجھ میں نہاں

پس علی مرتضیٰ نے ذوالفقار
قتل کر بھیجے ہیں اس کو سوئے نار

کعب کو بعد اس کے لائے جلد تر
ہاتھ کو گردن پہ اس کے باندھ کر

اسکو یوں پوچھے ہیں شاہ عرب
کیا نہیں ایمان تو لاتا ہے اب

ہی یقیں حالانکہ تجھکو بیگماں
کہ ہوں میں پیغمبر آخر زماں

وہ کہا بیشک ہیں تم حق کے رسول
شرف ایماں میں کیا ہوتا قبول

لوگ گو دینگے ہیں مرنے سے ڈر
کعب نے ایمان لایا سربسر

اس لئے جاتا ہوں پر دین یہود
قتل اس کو کر دئے پس کے زود

تھے وے مقتولان تمامی چار صد
لعنۃ اللہ علیہم تا ابد

انکا ساماں اور اولاد و زناں
مومنوں پر کر دئے حصے وہاں

انمیں ریحانہ جو تھی بنت عمر
شہ کئے اس سے نکاح آزاد کر

اس مہینے میں ہی سعد با صفا
دار دنیا سے یقیں رحلت کیا

گرچہ زخم اسکا تھا چنگا ہو گیا
پر شہادت کی وہ مانگا جب دعا

زخم پھوٹا اسکا پھر یقیں و قال
وہ کیا خلد بریں کو انتقال

تب کئے ارشاد شاہ انبیا
موت سے اس کے ہلا عرش خدا

اور جنازے ساتھ اس کے باوقار
آ ملک حاضر ہوئے ستر ہزار

اس برس میں ہے بلال نیک فال
حارث مزنی کا بیٹا باکمال

چار سو اشخاص سے ہی باخبر
شرف ایماں ہوا ہے بہرہ ور

ہجرت سے چھٹویں سال کا احوال ذات الرقاع کا غزوہ

سال ششم میں یقیں واقع ہوا
غزوہ ذات الرقاع ای اصفیا

سات سو اصحاب سے حق کے رسول
نخل میں جا کر گئے ہیں جب نزول

جمع آئے تھے کئی کافر وہاں
قصد رکھتے تھے مدینہ کا نہاں

بھاگے لشکر یہ خبر وہ بدخصال
چھوڑ کر اپنے ہیں اہل و عیال

مومناں انکے نہ متعرض ہوئے
پھر مدینے کی طرف رجعت کئے

اور صلوٰۃ الخوف شاہ انبیا
ہے اسی غزوہ میں جو اول پڑھا

بنو لحیان کا غزوہ

اور ربیع الاول ابتدای میاں
بھی ہوا غزوہ بنی لحیان کا جاں

اس قبیلے سے ہی عاصم اور خبیب
آہ جو مارے گئے تھے بافریب

در دو عشم میں انکے تھے حضرت مدام
اور بہت رکھتے تھے فکر انتقام

لیکے پس ہمراہ دو سو غازیاں
اس قبیلے کے ہو جانب رواں

جس جگہ میں وے صحابا ای جبیر
ہو گئے تھے آہ مقتول و اسیر

پہنچ اس جا تشنہ کئے اُن پر دعا
مغفرت بھی انکی مانگے از خدا

اور بنو لحیان سنے جب یہ خبر
بھاگ کو ہوئیں ہوکے ہیں منتشر

کرکے پس دو دن اقامت واں نبی
ڈھونڈھ ہوئے ہر طرف ان کو سبھی

پر کہیں ان کا نہیں پتا لگا
پس کیے رجعت امام الانبیا

اس مہینے میں ہی اے اہل وفا
ذی قرد کا بھی سمجھ غزوہ ہوا

ذی قرد کا غزوہ

تھا عیینہ ایک کافر بد صفات
لے سوار ونکو وہ چالیس اپنے ساتھ

آکے غابہ میں وہ کافر بدنصیب
تھے یک جگہ مدینے کے قریب

شاہ کے چالیس اشتر لے چلا
قتل چرویہ کو بھی ان کے کیا

اور ابوذر کے پسر کو قتل کر
ہے لگا وہ بھاگنے مردود خر

سلمہ بن اکوع اور دوسرا رباح
آئے تھے اسدن وہاں ای بافلاح

سلمہ بھیجا ہے رباح کو شاہ پاس
خود کیا پیچھا او ٹھونکا بے ہراس

یہ پیادہ اور تھے وے سب سوار
مارتا تھا اپنے تیریں بار بار

جب پلٹتا اسپہ کوئی پیچھا
جھاڑ کا وہ جلد لیکر آسرا

تیر سے زخمی اسے کرتا ہیں
یوں ہوئے زخمی بہت سے کافریں

اور پہاڑ اوپر وہ چڑھ جاتا کبھی
پھینک پتھر مارتا ان کو سبھی

تنگ آکر اس سے یکسر کافراں
بھاگتے تھے چھوڑ دیکر اشتراں

اشتراں سوئے مدینہ جلد پھیر
پھر کیا پیچھا او ٹھونکا وہ دلیر

پھینکنے اپنے لگا ہی تیر و سنگ
وے سواراں جان سے آئے تنگ

ڈالنے نیزے لگے ہیں بر زمیں
تا وہ شاغل ہوا اٹھانے میں کہیں

وہ نہیں نیزے اٹھانے میں لگا
بلکہ ان کو مارتا ہی چلدیا

جب چڑھا یک پہروں آیا خرد
آئے کفار فزارہ بر مدد

وہ جو بھیجا تھا رباح کو جلد تر
سرور عالم کو تا دیوے خبر

سن کے حضرت نے ہے کروائے ندا
کہ سوار آئیں وا اے فوج خدا

سات سو اصحاب کو لے اپنے ساتھ
جلد نکلے تھے رسول کائنات

جب وے کفار فزارہ ای میاں
رخ کیے سلمہ کی جانب آ وہاں

پہنچے ایسے میں سواران شاہ کے
جو مقدم شاہ کے لشکر کے تھے

پیش رو ان میں تھا اخرم باصفا
اور پیچھے بو قتادہ اس کے تھا

دیکھتے ہی ان سواروں کو وہاں
بھاگنے لاگے ہیں کفار لعین

جلد سلمہ کو وہ سے پائیں آ
باگ گھوڑے کی پکڑ اس کو کہا

صبر کرتا آوے سالار امم
یوں کہا سلمہ کو اخرم نے ہم

ای برادر جلد مجھکو چھوڑ دے
تو نہ ہو مانع شہادت سے مجھے

چھوڑ ڈالا اسکو سلمہ ای پسر
جا گرا وہ لشکر کفار پر

جو عیینہ کا پسر تھا یک سوار
اسپہ یہ نیزہ چلایا ایک بار

پر نہیں نیزہ ہوا وہ کارگر
وہ چلایا اسپہ نیزہ جب دگر

پائی اخرم نے شہادت با وقار
وہ ہوا اخرم کے گھوڑے پر سوار

بو قتادہ جلد تر جب پہنچ کے
چھین لے نیزہ وہی مارا اسے

وہ لعین پس واصل دوزخ ہوا
بو قتادہ اسکے گھوڑے پر چڑھا

پھر کیا سلمہ نے پیچھا امیاں
پہنچے یک چشمے کے اوپر کافراں

ذو قرد ہی جان اس چشمے کا نام
پانی پیا اس سے چلے ہیں وے تمام

خوف سلمہ سے پیائی ہیں مجال
تنگ ہو بھاگے ہیں آخر زشت حال

نقل یوں کرتا ہی سلمہ نیکذات
میں تن تنہا وہ ملعونوں کے ساتھ

پیچھا انکا شام تک یکساں کیا
ان سے نیزے تیس دو گھوڑے لیا

ذی قرد پر میں جو پہنچا پھر کے آ
تھا وہیں لشکر رسول اللہ کا

تب کہی خوش ہو کے سالار انام کہ سوار و نیں ہمارے لاکلام
سلمہ ہے بہتر پیادہ نامور حق جزا دیوے انہیں شام و سحر
اور اس ہی سال شاہ با شرف ہیں بہت بھیجے سرایا ہر طرف

حدیبیہ کا غزوہ

واسطے عمرے کے مکے کو چلے اور پندرہ سو صحابہ ساتھ لے
اور اونٹونکے گلے میں بیساں نعل لٹکا سی ہدی کا کر نشاں
ساز و ساماں کرکے بہر کارزار اترے تھے بلدہ میں آکر آشکار
سامنے سے شہ کیے انکے گذر پر نہ خالد کو ہوئی ہرگز خبر
جا ملا در فوج کفار لعیں اور حدیبیہ میں اترے شاہ دیں
تشنگی سے لائے ہیں فریاد جب تیر یاروں کو دیے اک شاہ تب
ہوگئے سیراب سارے تشنگاں آدمی اور جانور خورد و کلاں
الغرض در فوج کفار لعیں تھا بدیل اک مرد عاقل پیش بیں
اسکو فرمائے رسول ذوالجلال میں نہیں آیا ہوں از بہر قتال
میں ہوں آیا کچھ نہیں اسمیں خطر وہ قریشوں کو دیا جا یہ خبر
کافراں استماع کو نا کر قبول بھیجے پھر عروہ کو نزد رسول
عروہ کوری آنکھ سے شہ کا ادب دیکھ کر یاروں سے کرتا تھا عجب
قیصر و کسری نجاشی سے ملا انکے دربار ونمیں جا کر رہا
جو بجا لاتے رہیں ایسا ادب جوں محمد کے صحابہ با ادب
اور تبرک جانکر ملتے ہیں تب اپنے منہ اور چشم پر وے با ادب
تو بزرگ قوم ذی عزت بڑا دوڑتا ہے تا کہ خود لا دے بجا
اور وضو کرتے ہیں وہ سالار جب ایک پر اک جا کے یوں گرتے ہیں تب
بال انکے ریش سر سے جب گرے اسکو رکھتے ہیں اٹھا اکرام سے
مصطفے جتنے نہیں ہیں جنگ جب تم نہو مانع زیارت سے بھی اب

بو قتادہ ہے یقیں بہتر سوار اور پیادوں میں ہمارے آشکار
شہ وہاں ایک شب ور ایکروز پھر مدینہ کو ہوئے رونق فروز
طول ہے تفصیل اسکی اے اخی اسکی اس نسخہ میں گنجائش نہیں
اس برس ہی وہ رسول انس و جن ماہ ذیقعدہ کے بس غرہ کے دن
ذوالحلیفہ میں جب پہنچے ہیں جناب باندھے ہیں احرام عمرے کا وہاں
جب سنے ہیں اہل مکہ یہ خبر تب قبائل کو بہت سے جمع کر
لے دو صد سوار خالد بن ولید راہ میں اترا تھا آکر اے سعید
لشکر اسلام کی گرد و غبار چشم میں پڑتے ہی اسکے کر فرار
تھا چاہ اک اسمیں تھوڑا آب تھا کھینچے کتنے ڈول وہ آخر ہوا
چاہ میں اسکو چلائے حکم سے جوش کرنے کو لگے ہیں تب بھرے
جب کہ تھا پانی وہاں کم بالقدر معجزے ایسے بہت پائے ظہور
آکے حضرت سے کہا وہ بے درنگ مکیاں رکھتے ہیں تم سے عزم جنگ
ملکہ کعبہ کی زیارت کے لیے اور عمرے کی سعادت کیلیے
اور یوں بولا کہ بہتر ہے یہی تم زیارت سے نہ مانع ہو کبھی
شاہ عروہ سے وہی فرمائیے قاصد اول سے جو فرمائے تھے
پس قریشوں سے تبھی جا کر کہا کہ میں اکثر بادشاہوں سے ملا
کوئی خادم اور مصاحب کہیں پر کسی سلطان کے دیکھا نہیں
جب محمد تھوکتے ہیں سر بسر دوڑ کر لیتے ہیں یاراں جلد تر
حکم کرتے ہی کسی اک کام کا کہ وہ ادنی شخص ہے ہو وے ادا
اور سخن کرتے ہیں انسے نرم تر ان کے چہرے پہ نہیں کرتے نظر
مارے جانا انکا ہے بہتر قریب اور پیتے ہیں وہ پانی خوش نصیب
اور بہتے ہیں وہی شحیحاں لیں تا سنینگے تم سے دی منہ اپنا پھیر
ناپسندیہ بات بھی کر کے کافراں بھیجے ابن علقمہ کو بعد ازاں

جو کہ ہیں اونٹ ان نبی کے لاکلام
انکا وہ کرتا تھا عز و احترام

دیکھ ان اونٹوں کو وہ رونے لگا
شہ سے نائل جا قریشیوں سے کہا

منع انکو مت زیارت سے کرو
خوف سے تم حق تعالی کے ڈرو

منزل بلدح میں جاکر اے ہمام
شاہ کا عثمان پہنچائے پیام

پس ابان ابن سعید اے نامور
عزت و تکریم تب عثمان کی کر

بولا ابوسفیاں نے عثمان سے پیام
اور رضا دیں قریشوں نے تمام

کہ تو گر چاہتا ہے اب کیجے طواف
وہ جواب انکو دیا اس طرح صاف

کافراں اس بات سے سب چڑ گئے
جانے عثمان کو نہیں رخصت دیئے

ان کا رکنا جب ہوا مکہ میں طول
یوں ہوا مشہور در فوج رسول

جب سنے ہیں یہ خبر حق کے رسول
ہو گئے از بسکہ محزون و ملول

تا رہیں وے جنگ میں ثابت قدم
پس کئے بیعت وہ سارے محترم

دست چپ پر اپنا سیدھا ہاتھ رکھ
مصطفےٰ بیعت لیے بے شبہ و شک

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ
سورۂ فتح

اور سہیل ابن عمرو کو بھیج کر
صلح چاہی مصطفےٰ اس سے جلد تر

یہ بھی تھی اک شرط ان شرطوں سے ہی
ایک برس تک نہ رکھیں دشمنی

اور جو چاہے قبیلہ دوسرا
وہ قریشوں کے رہیں زمرہ میں جا

اور ابنائے بکر بولے سبھی
ہم قریشوں کے رہیں زمرہ میں ہی

دینگے خالی کرکے مکہ ہم انھیں
تین دن سے لیک زائد ناہیں

پہلے بسم اللہ لکھے مرتضےٰ
تب سہیل ابن عمرو کہنے لگا

باسمک اللہم لکھیں اس میں اب
کہ قدیمی ہے یہ دستور عرب

پھر علی نے نام پاک اس شاہ کا
ہے محمد اور رسول اللہ لکھا

ہم یقیں گر جانتے بے قیل و قال
ہم سے نا کرتے کبھو جنگ و جدال

کہ بلاشک ہیں رسول اللہ یوں
اور مقرر ابن عبد اللہ ہوں

شاہ فرمائے ان اونٹوں کو اٹھاؤ
اسکے آگے تب یہ کہتے لیجاؤ

کہ زیارت کے بدل تو آئے ہیں
اونٹ قربانی کے ہمرہ لائے ہیں

وے نہیں ہرگز کئے یہ بھی قبول
بھیجے انکے پاس عثمان کو رسول

کافراں بولے رسول اللہ کو
ہم نہ آنے دیں گے مکہ میں کبھو

اپنے مرکب پر اسے کر دو سوار
لیگیا مکہ میں با عز و وقار

سن کے یہ وہ بھی نہیں راضی ہے
پر تسلی دیکے عثمان سے کہے

نا کرے جب تک رسول اللہ طواف
میں بھی ہرگز نا کروں اللہ طواف

اور آئی ہے روایت یک دگر
ساتھ عثمان کے گئے تھے دس نفر

کہ کئے کفار عثمان کو شہید
اور اس کے دس رفیقاں کو شہید

بر کے اک جھاڑ نیچے بیٹھ تب
نبی یاروں سے کئے بیعت طلب

جب نہیں عثمان اس بیعت میں تھا
تب کہے یہ ہاتھ ہے عثمان کا

بیعت رضواں یہی ہوا اے پسر
حق دیا ہے جس کی قرآں میں خبر

یہ خبر بیعت کی سن کر مشرکیں
مضطرب تر سارے ہو کے سب وہیں

صلح تب طرفین میں اس سال کی
چند شرطوں سے مقرر ہو گئی

جو قبیلہ چاہتا ہے بے گماں
شاہ کے زمرے میں آکر پائے اماں

بولے ہیں قوم خزاعہ رب کے سب
مصطفےٰ کے ہم رہیں ہمراہ اب

اور یہ بھی شرط تھی اے با ادب
آئیں اگلے سال الیس جا کے اب

صلحنامہ ہیں وہ لکھنے کے تئیں
حکم فرمائے علی کو شاہ دیں

کہ نہیں ہم جانتے رحمٰن کو
پس نہ ہرگز لکھیں اس عنوان کو

بولے حضرت لکھ تو دونوں اے علی
کیونکہ ہے دونوں کا معنی ایک ہی

پھر سہیل اس کو نہ مانا اور کہا
کہ محمد کو رسول اللہ کا

لکھیے محمد ابن عبد اللہ کر کو
تب کئے ارشاد سالار بشر

غایت عشق و محبت سے علی
بولا لگے کہنے کو با جوش دلی

نزول آیت الرضوان

مجھکو طاقت وہ منانے کی نہیں
حیدرو شیخین و عمار و صحاب
کہ تجھے بھی پیش آوے گی یہ بات ایک بار
قضیۂ صفین میں ہے یہ نشانات
تب معاویہ کہا یوں سربسر
گر امیر المومنین لکھو لیس
الغرض وہ صلحنامہ لکھا گیا
شاہ فرمائے کہ چھوڑوں یہ جگہ پاس
آئے ہیں عثمان ذو النورین جب
باقی مکہ میں بھیجے جلد تب
کے اک بار اسی حکم ذو الجلال
تب صحابہ کرکے یکسر ازدحام
مومنوں میں ہوتے کوئی بیمار گر
اور حدیبیہ میں شاہ انس وجن
سورۂ انا فتحنا کو خدا

ہاتھ بس تلوار پر ڈالے رہیں
شاہ ہی اس پر لکھے بس یا عنوان
کام ایسا ہی پڑیگا ایک بار
صلح جب ٹھہری معاویہ کے ساتھ
کہ علی مرتضیٰ کو ہیں اگر نہ
لکھ علی ابن ابی طالب ہی بس
جب حدیبیہ میں لکھوائے نبی
جب تلک عثمان آوے میرے پاس
انکو تب رخصت دے شاہ عرب
تا کریں مروہ میں قربان انکو سب
جلد پہونچا یا حرم میں سب کے بال
جن لیے موئے مبارک کو تمام
آپ ہیں وہ موئے اشرف ڈال کر
نقل کرتے ہیں کہ تھے نہیں ن
سرور عالم پہ تب نازل کیا
بعضوں نے صلح حدیبیہ کہا

آپ ہی اس کو مٹا شاہ امم
ہے مدارج اور شواہد میں لکھا
مخبر صادق وہ جیسی خبر
صلحنامے میں لکھا کاتب یقین
جا تملے شک امیر المومنین
بولا حیدر سچ کہے حق کے رسول
تب سہیل ابن عمر کو لا کلام
تب وہ کہلا بھیج بوسفیان کو
حلق کرکے سر کو پھر اس شاہ نے
اور منڈوا سر بھی اصحاب کرام
اور ڈلوائیے شہ جن و بشر
نقل یوں ام عمارہ نے ہی کی
میں پلاتی تھی وہ پانی باصفا
بس رواں ہوکر مدینہ کی طرف
کہتے ہیں بعضے مفسر ہی رشاد
فتح خیبر ہوئے بعضے باصفا

ابن عبد اللہ کر دکھائے رقم
تب علی سے یوں کہے خیر الورا
کام ویسا ہی پڑا کرتا ہے پر نہ
نام حیدر پر امیر المومنین
جنگ اس سے نا کیا ہوتا یقین
لکھ تو ویسا ہی کیا ہو نہیں قبول
اور بھی اس کے رفیقوں نکو تمام
جلد تر بلوائے ہیں عثمان کو
بیس اشتر آپ ہی قرباں کئے
آئے ہیں احرام سے باہر تمام
اپنے موئے پاک کو اک جھاڑ پر
چند وہ موئے مبارک میں بھی تھی
حکم سے جنکے وہ پاتے تھے شفا
منزل صجنان کو پہونچے باشرف
فتح سے یہ فتح مکہ ہے مراد

بھیجنا نجات ہدایت سمات سید کائنات علیہ وآلہ افضل الصلواۃ والتسلیمات کے سلاطین کیطرف اور قصد پانا

اور اسی ہی سال شاہ کائنات
اک نگیں زر کی بنائی مصطفےٰ
پھینک ڈالے وہ نگیں سرور بھی
یعنے اللہ اور محمد اور رسول
اور جو قاصد رسول اللہ کا
ایک آس سلطاں کے قاصد کو دیا

بادشاہوں کے لکھے پرہ انجات
اور صحابہ میں بھی جو تھے اغنیا
اور پھینکے ہیں صحابہ بھی سبھی
یہ تھی نسبت اسکی تو اسکو نہ حصول
پاس جس سلطاں کے نامہ لیگیا
کرتا نہی الہدم رب العالمین

نامہ بے مہر جب اسے با خبر
آگئے تب عرض جبریل ہمام
مہر پس رکھنے کی فرمائے نبی

پاس شاہوں کے نہیں ہے معتبر
پہننا سونا ہے مردوں کو حرام
تین سطریں اسمیں لکھوائے نبی

محمد رسول الله

معجزہ یہ تھا شہ کونین کا
اسکو پہنچایا ہے وہ مکتوب جب
کھولکر اس کو لگا پڑھنے دبیر
وہ منزہ ہے ز نقصان و عیوب
دینے والا ہے اماں وہ بالیقیں
اور ہی غالب ساری چیزوں پر وہی
اور کلام اسکا ہی عیسیٰ باشرف
یوں ہی عیسیٰ کو بھی وہ بالعلا
حق تعالیٰ کا ہوں میں پیغامبر
تا تو راغب ہو مسلمانی طرف
دیسے بندوں پر مرا ہووے سلام
اور کہا طاقت مجھے ہوتی اگر
پس لکھا اک عریضہ در جواب
ہے نجاشی کے طرف سے بالیقیں
یا رسول اللہ تحیات و سلام
ہے وہی ہادی مرا اسلام پر
آپ نے جو حق میں عیسے کے لکھا
سب کتابیں حق کے اور پیغمبراں
ہاتھ پر اسکے مسلماں میں ہوا
روبرو ہی آ گواہی دیونگا۔
باب میں ام حبیبہ کے دگر
زن تھی عبداللہ جحش کی وہ یقیں
ہوکے نصرانی موا پایا سقر

فخر آدم سید ثقلین کا
تخت سے اترا نجاشی با ادب
تھا یہی مضمون اسکا دلپذیر
اور سالم ہے ز آفات و عیوب
حشر کی وحشت سے بچا دیتیں
اور ہے جبار و متکبر وہی
کر اسے القا کیا مریم طرف
بے پدر قدرت سے ہے پیدا کیا
تو رسالت کی مرے تصدیق کر
دولت جاوید ایمانی طرف
جو رہے تابع ہدایت کا مدام
دیکھتا شہ کے قدم جا جلد تر
اور بھیجا اسکو حضرت کے جناب
یہ عریضہ در حضور شاہ دیں
رحمت و برکات خلاق انام
ملت اسلام کے احکام پر
حق وہی ہے حق وہی ہے بے مِرا
آپکی تصدیق میں بیشک ہے تر زباں
شکر اس نعمت یہ لاتا ہوں بجا
راست اور برحق ہے فرماں آپکا
اس کو پہونچا نامہ پیغامبر
مرد و زن ہوکر مسلماں ہوا ہیں
تھی وہ بی بی ملت اسلام پر

نامہ وہ نام نجاشی کا جو تھا
اسکو آنکھوں سے لگا بوسہ دیا
اسکی میں کرتا ہوں اب حمد و ثنا
انبیا کو اپنے دے کر معجزے
اور ہے پہونچانے والا وہ خدا
اور گواہی میں یہ دیتا ہوں صحیح
جیوں خدا آدم کو بے مادر پدر
بنا۔ اس کے میں بلاتا ہوں تجھے
اور جعفر جو ہے ابن العم مرا
چھوڑ دے تو اب غرور خودسری
جبکہ یہ مضمون نجاشی نے سنا
اور سعادت نے دو جہاں کی بے گماں
لب بسم اللہ اے نیکو طراز
یعنی خدمت میں رسول اللہ کے
آپ پر ہو والثنا صبح و مسا
آپ کا نامہ مجھے واصل ہوا
میں یہ دیتا ہوں گواہی بالیقیں
ابن عم کے واسطے سے آپکے
اب مرے فرزند کو بھیجا ہوں میں
امتی ہوں امتی ہوں آپ کا
قصۂ ام حبیبہ ہے یہی
دوسری ہجرت کے تئیں سوئے حبش
شاہ اپنا اس سے پیغام نکاح

وہ عمر ابن امیہ لے گیا
اور اس کو حکم پڑھنے کا کیا۔
بے نیازی ہے اسیکو اور غنا
کی ہے تصدیق انکی خود اللہ نے
اپنے بندوں کو بہ درجات علی
کہ ہے روح اللہ نبی جیسا مسیح
دست قدرت سے بنایا سربسر
اب طرف اس ملت اسلام کے
اسکو تیرے پاس میں نے بھیجا تھا
سن نصیحت اور اطاعت کر مری
بے تحاشا کلمہ طیب پڑھا
میں لیا ہو بالیقیں سیر و عیاں
تھا یہی مضمون اسکا با نیاز
انبیا کے شاہ عالی جاہ کے
کوئی نہیں معبود خالق کے سوا
مجھ کو فخر دو جہاں حاصل ہوا
آپ ہوئے شہ ختم المرسلیں
آپکی بیعت ہوئی حاصل مجھے
حکم گر ہووے ابھی آتا ہوں میں
السلام اے بادشاہ انبیا
کہ وہ دختر تھی ابوسفیان کی
آہ مرتد ہو کے عبداللہ جحش
تب نجاشی کو لکھے ہیں بافلاح

اور کرے اس کو مدینہ کو رواں | سب مہاجر کو بھی یونہی ایمیاں
بادشہ بھیجا ہے پیغام رسول | جان و دل سو وہ کئے انکی قبول
ہو کے خالد بن سعید اس کا وکیل | آیا ہے نزد نجاشی دے خلیل
مومنوں کو سب نجاشی جمع کر | شاہ کا باندھا نکاح پاک تر
مہر اس کا چار سو مثقال زر | وہ دیا اپنے طرف سے جلد تر
اور تکلف سے وہ کھلوایا طعام | ساز و ساماں بھی سفر کا کر تمام
پس وہ بی بی اور مہاجر کو بھی سب | وہ چڑھا کشتیوں میں با ادب
ساتھ وے شرحبیل کو بھی باشرف | ان کو بھیجا ہے مدینے کی طرف
اور بہت تعظیم اور تکریم سے | دی مبارکباد وزرائے شاہ کے
عاج کی ڈبی میں رکھا تھا نگاہ | اور یہ کہتا تھا نجاشی بادشاہ
جب تلک یہ نامہ اقدس رہیں | خیر اور برکت رہی اس ملک میں
کہتے ہیں سرور کے مرد ناجات | ہیں بھی اس ملک کے شاہوں کے ہاتھ
وے بجا لاتے ہیں انکا احترام | ملک موروثی ہے انکی وہ مدام
یوں مواہب میں لکھا شیخ جلیل | یہ نجاشی ہے وہی بے قال و قیل
اہل ہجرت کا مدارا جو کیا | اس کو دعوت لکھے شاہ انبیا
سال نہم میں ہوا وہ با نیاز | شہ جنازہ کی پڑھے اس کی نماز
بادشہ دوسرا نجاشی جو ہوا | اسکو بھی نامہ لکھے خیر الوریٰ
پر نہیں معلوم ہے یہ بالیقیں | کہ مسلماں وہ ہوا ہے یا نہیں

قیصر روم ہرقل کے نام کا پروانہ

اور ہرقل جو تھا سلطان روم کا | نامہ لکھے اسکو بھی شاہ ہدا
ہاتھ میں وہ دحیہ کلبی کے دے | روم کو بھیجے رسول اللہ اسے
نامہ وہ لیجا کے پہنچایا ہے جب | اسکو پڑھوا کر سنا ہرقل نے تب
بعد بسم اللہ و تحمید خدا | تھا بھی نامے کا مضموں با صفا
کہ یہ نامہ ہے نبی کا لاکلام | جو محمد ابن عبداللہ ہے نام
نام سے ہرقل کے پاتا ہے صدور | جو عظیم روم ہے وہ با شعور
سو سلام اس پر مقرر لاکلام | جو ہدایت کا ہے تابع مدام
بعد اس کے ہووے ظاہر اب تجھے | میں بلاتا ہوں طرف اسلام کے
سو مسلماں تا سلامت تو رہے | حق تعالیٰ اجر دونا دے تجھے
گر نہ ایماں لاوے تو بے اشتباہ | سو وہی تجھ پر رعایا کا گناہ
مبتلا تو آفتوں میں ہوویگا | دو جہاں میں اپنی راحت کھوویگا
بعد اس آیت کو لکھے شاہ انام | اپنے نامے کو کئے تھے اختتام

قُلْ يَا أَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا إِلٰى كَلِمَةٍ سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَنْ لَا نَعْبُدَ إِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ اللّٰهِ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا بِأَنَّا مُسْلِمُونَ

جب کہ اس مضموں کو ہرقل نے سنا | پس نہایت خوف و دہشت میں پڑا
عرق چہرے سے ہوا اس کے رواں | اور ہوا مجلس میں اک شور و فغاں
اپنے سب ارکان دولت کو کہا | ڈھونڈو میرے ملک میں تم جابجا
اس نبی کے قوم سے کوئی عرب | گر ہوں یہاں اس سے پوچھوں حال سب
اتفاقاً تب ابوسفیاں ہاں | آیا تھا بحر تجارت ایمیاں
اسکو اور اس کے رفیقوں کو سبھی | لاوے ہرقل پاس بلوا کے ابھی
ابن عباس گرامی شان سے | نقل ہے لایا وہ بوسفیان سے
پوچھا ہرقل ہم کو یا خیر البشر | سے کوئی خویشی میں ہے نزدیک تر
تب ابوسفیان نے بولا ای لبیب | میں نہایت ہوں قرابت میں قریب
بولا ہرقل اس کا میں احوال سب | پوچھتا ہوں راست کہہ میرے سے اب
پوچھا اول کیا ہے کہہ اسکا نسب | میں کہا والا نسب عالی حسب

ف۱ نجاشی حبش میں مرا حضرت نے مدینہ میں کے جنازہ کی نماز پڑھی

ف۲ یعنے کہہ تو اے کتاب والو آؤ سیدھی بات پر ہمارے تمہارے درمیان کی کہ بندگی نہ کریں ہم مگر اللہ کی اور شریک نہ ٹھہراویں اس کا کسی کو اور نہ پکڑیں آپس میں ایک ایک کو رب سوائے اللہ کے پھر اگر وے قبول نہ رکھیں تو کہو شاہد رہو کہ ہم تو حکم کے تابع ہیں ۱۲ موضح القرآن

مضمون نامہ ہرقل کا

پوچھا آگے اس کے کوئی بھی ہاں
میں کہا کوئی بادشہ ان میں تھا
میں کہا کہ وہ مساکیں ہیں تمام
پوچھا اس دعوی کے آگے وہ کہیں
پوچھا کیا اس سے کئے ہو تم جدال
پوچھا وہ کیا حکم کرتا ہے تمہیں
باپ دادا کے چلن کو چھوڑ دو
مجھ سے پس کہنے لگا ہرقل یہ تب
اور کہا تو اسکے آگے بھی کبھی
اور بھی آبا میں اس کے تو کہا
تابع اس کے تو کہا فقرا ہوے
پہونچتے تا غایت کو وہ تدریج سے
اور اس دعوے سے آگے بھی کہیں
اور تو بولا مکر وہ کرتا نہیں
اور کہا تو جنگ میں فتح و ظفر
اور کہا تو شرک سے وہ منع کر
ہے قسم حق کی کہ جو نبی ہے وہ
مملکت اس روم کی سب عنقریب
پر گماں مجھکو نہیں تھا ز انبیا
ہے شواہد میں کہ بو سفیان میں
مسجد اقصیٰ کو آیا اک رات وہ
تب کہا ہرقل نے اس کو ابھی میں
اک نشاں ہے یہ بھی ہر شب کسر ہے

کیا کیا دعوی نبوت کا عیاں
پھر سوال ایسا وہ میرے سے کیا
پوچھا کم ہوتے ہیں یا زیادہ مدام
جھوٹھ بولا تھا کہا میں نے نہیں
میں نے بولا ہاں کیا ہمنے قتال
میں کہا وہ حکم کرتا ہے ہمیں
ان کے بافعال سے منہ موڑ لو
پہلے میں پوچھا تجھے اس کا نسب
میں کیا ہے دعوے پیغمبری
بادشاہی بھی نہیں کوئی کیا
کہ اتباع رسل ایسے ہی تھے
اور قوی دیں اسکی ہو تدریج سے
تو کہا جھوٹ اس سے بن آیا نہیں
مکر سے پاک ہیں سب مرسلیں
سو یقیں لگا ہے ادھر کا ہو ادھر
اسکو بلواتا ہے پس توحید پر
انبیا کا سب یقیں سرور ہے وہ
ہووےگا بے شبہ وہ جسکا حبیب
کہ تمہاری قوم سے ہو آشکار
یوں لگا کہنے کو ہرقل سے یقیں
اور ساتوں آسماں پر بھی گیا
یہ بھی کی بات ہو جھوٹی نہیں
شب کو کرتے تھے مسجد اقصیٰ کے در

میں نہیں بولا وہ پھر سائل ہوا
کیسے لوگ اسکے ہوئے تابع بیاں
میں کہا ہوتے ہیں زاید و یقیں
پوچھا کیا وہ مکر کرتا ہے بھلا
پوچھا ہرقل فتح و نصرت کسکو تھی
کہ خدا اک ہی نہیں اسکو شریک
اور صلوۃ و صوم اور جود و سخا
تو کہا اسکو نسب میں بھی شریف
تا کہا جائے کہ یہ بھی سر بسر
تا کہے شوق حکومت سے یہ ہاں
تو کہا انکو ترقی ہے سدا
تو کہا اس سے نہیں کوئی پھرا
جو نہ باندھے خلق پر ہرگز دروغ
طالب دنیا سے ہووے مکر جان
انبیا کا جنگ ہے ایسا ہی بحج
اور نماز و روزہ و صدق و صفا
تو صفات اس کے کیا جو یہ بیاں
اور میں لکھتا کتا تو میں بھی تھا
جانتا یہ اور میں سکت اگر
کہ وہ کہتا ہے عجب تر ایک بات
اور ملا میں حق سے پھر واپس ہوا
میں لگی اس شب کی علامات جلیل
ہے بند دروازہ کیسے اک رات جب

اس کے آبا میں کوئی کیا شاہ تھا
ہیں فقیراں یا تونگر عمدگاں
پوچھا کوئی پھرتے ہیں بولا میں نہیں
میں کہا وہ مکر تو نہیں جانتا
میں کہا اس کو کبھی ہم کو کبھی
تم کرو اسکی ہی طاعت دل سے ٹھیک
صلہ رحمی کیجو اور صدق و وفا
انبیا ہوتے ہیں ایسے ہی شریف
دعوی کرتا ہے وہی تقلید کر
کرتا ہے دعوی نبوت کا عیاں
کام ہے ایسا ہی جان ایمان کا
والیقیں ایسا ہی ہے ایمان کا
حق پہ کیوں باندھے دروغ بے فروغ
طالب دنیا نہیں پیغمبراں
لیک نصرت انکو ہے آخر ہو عروج
حکم بھی کرتا ہے صلۂ رحم کا
فی الحقیقت گر ہوں اسکے یہ بیاں
اک نبی مبعوث ایسا ہووےگا
اس کی پا بوسی سے ہوتا بہرہ ور
کہ میں مکہ سے نکل کر ایک رات
سیر ایسا اک ہی لمحے میں کیا
دیکھا ہووے سب ہی پر یہ دلیل
پر نہ دروازہ ہوا اک بند جب

ہرقل کا حضرت کا حال پوچھنا اور آپ کی رسالت کی تصدیق کر جانا

کھیلے مردم جمع ہو سب شہر کے / یہ نہیں ہرگز ملا وہ جابر سے
یوں ابوسفیاں کہا اے میاں / جب کہا ہرقل سے سنا سچ بیاں
وہ یقیں مجکو زیادہ تھا سدا / تاکہ ایماں کی دیا دولت خدا
مصطفےٰ کی کر نبوت کا بیاں / سبکو ہی ترغیب ایماں کی عیاں
دیکھ کر اسنے کہا از خوف جاں / میں تمہیں پوچھا ازرہ امتحاں
وحیہ کلبی کو خلوت میں لیجا / ہرقل اسوقت اس طرح کہنے لگا
رومیوں سے خوف ہے مجھ کو مگر / جان سے ماریں گے مجکو بے خطر
اس کو وحیہ نے دیا جا یہ خبر / سنتے ہی وہ نام احمد جلد تر
اس کے اوصاف مبارک اور نام / جیسے ہیں سب کتابوں میں تمام
آیا باہر ہاتھ میں لے کر عصا / رومیوں سے اس طرح کہنے لگا
اس کا پروانہ ہمیں پہونچا ہے آ / یہ دل و جاں سے مسلماں ہو گیا
آہ یہ سنتے ہی کفار عنید / کر دیے ہیں مار کر اس کو شہید
رومیاں اس طرح ماریں اسکو جب / جان سے چھوڑینگے آخر مجکو کب
واسطے دنیا کے ہرقل آہ آہ / کر دیا ہے آخرت اپنی تباہ
نامہ اک خسرو کو لکھے مصطفےٰ / کہ وہ حاکم ملک فارس کا تھا
اس کو پھاڑا خشم سے وہ بد گہر / شہ مدینہ سے دیے اسکی خبر
جبکہ پھاڑا ہے وہ فرمان رسول / خوف و دہشت میں پڑا وہ بوالفضول
وہ گیا خلوت میں ایسا بول کر / اک عرب ناگہ وہاں آیا نظر
تھرتھراتا آیا باہر جلد تب / پوچھا دربانوں سے کیوں آیا عرب
دوسری شب کو وہی پھر شخص آ / سر پہ خسرو کے اٹھا اپنا عصا
بار سوم وہ عصا کو توڑ کر / ہو گیا خلوت سے غائب جلد تر
چیر ڈالا اس کا سینہ اے میاں / آپ بیٹھا تخت پر اسکے عیاں
حاکم ملک یمن باذان کو تب / لکھا تو قاصد مدینہ بھیج اب

نہ رہا تھا اور صبح جا دیکھے وہاں / یہ نشاں ہے اسکے آنے کا جہاں
ہو گیا مجھ کو یقیں صد وفور / خوب ہووے گا محمد کا ظہور
یہ روایت شہر میں ہرقل نے سب / کر سنا دی سبکو بلوا کے تب
ہو گئے سنتے ہی سارے بیقرار / شور و غل ان میں ہوا اک بے شمار
دیں یہ اپنا ترک تم ہو یا نہیں / اسکو وے سب ہو کے خوش ہو ویں
میں دل و جاں سے کیا ہوں اب قبول / کہ محمد ہے یقیں حق کا رسول
اب یہاں سے [illegible] / وہ نصارا کا [illegible]
لا کے ایماں اس طرح کہنے لگا / کہ بلاشک ہے وہ ختم الانبیاء
تن سے اپنے دور کر کالا لباس / پہنا منگوا کر تبھی اجلا لباس
شاہدی دیتا ہوں میں اک ہے خدا / ہے نبی اس کا محمد مصطفےٰ
تم بھی ایماں اس پہ لاؤ اب شتاب / ورنہ تم پاؤ گے دوزخ میں عذاب
جلکے ہرقل سے یہ وحیہ نے کہا / بولا ہرقل وہ بڑا اچھا پیشوا
اس لیے معذور ہوں پر اضطرار / ورنہ میں ایمان لاتا آشکار

حاکم فارس خسرو کے نام کا پروانہ

اس کو عبداللہ حذافہ لیگیا / دست پر خسران خسرو کے دیا
کہ مرا نامہ وہ ناداں شق کیا / یونہی سینہ اس کا پھاڑیگا خدا
حکم کروایا ہے اپنے ملک میں / کوئی عرب کو بھی یہاں آنے نہ دیں
یوں کہا وہ ہاتھ میں لیکر عصا / کہ محمد پر تو ایماں جلد لا
ہم کسی کو بھی کہے چھوڑے نہیں / انکو ناحق قتل کروایا وہیں
بولا ایماں لا نہ ٹوٹے تک عصا / تب بھی ایماں وہ نہ لایا بے حیا
شیرویہ جو تھا خسرو کا پسر / باپ کو اپنے اسی شب قتل کر
نقل ہے جب خسرو بے عقل وہیں / شق کیا ہے شہ کے نامے کے تئیں
قید کر منگوانے کو بے ہراس / بھیجا وہ دو شخص کو منذر کے پاس

رجب حضرت کا بہت انکو ہوا
شاہ فرمائے کہ کل آؤ بھلا

کہ کیا ہے حق نے خسرو کو ہلاک
کل کی شب سینہ ہوا اسکا چاک

شیرویہ اسکو مارا جانو تم
تھی جمادی الآخرہ کی شب ہم

ہوویگا ملک عجم میں منتشر
دین حق ایماں جلد لاوے گا اگر

قتل کرداونگا تجھ کو جلد تر
قاصداں یہ جاوے اسکو خبر

شیرویہ کا بھی اک نامہ وہیں
پہونچا ہے ایسے میں باذاں کے تئیں

مارا خسرو اور لگا کرنے ستم
تفرقہ ڈالا جماعت میں بہم

اب تو تابع ہو مرا بہر نہار
اور مری شاہی کا دیجے اشتہار

اس کا متعرض نہ ہو تو کوئی دم
نامہ جب تک نا کروں سارا رقم

دوسرے دن آئے جب جا بیٹھیں وہ
شہ کہے تم جا کے باذاں کو کہو

شیرویہ ہوئے ہے خسرو کا پسر
سونپا اس پر اسکو ہی حق جلد تر

اور تم باذاں کو یہ بولو پیام
تھوڑے دن میں دین میرا لا کلام

ملک یہ تیرا تجھے میں دیونگا
ورنہ حاکم بھیجدونگا دوسرا

سن کے یہ باذان حیراں ہوگیا
اور ہراسان و پریشاں ہوگیا

تھا یہی اسمیں لکھا بے اشتباہ
کہ بہت سے عمدگوں کو بے گناہ

اس لیے میں قتل کر ڈالا اسے
تا رعایا ظلم سے اس کے بچے

اور نبوت کا وہ دعویٰ در عرب
صاحب دولت جو اک کرتا ہے اب

لایا ایماں جلد باذاں یک تن
اہل فارس اور سب اہل یمن

اور مقوقس کو بھی لکھے مصطفےٰ
ایک نامہ اس کو حاطب لے گیا

بادشاہ اسکندریہ مقوقس کے نام کا پروانہ

جب مقوقس کو وہ پہونچا لا کلام
وہ بجا لایا بہت کچھ احترام

اور کیا ہے جو کہ حاطب نے بیاں
وہ مطابق اس کے پایا بیگماں

ہوویگا غالب یقیں وہ با وقار
ہوویں گے اصحاب اس کے یہ یار

ہے ہوا ایسے میں کہ حاطب نیکنام
یوں مقوقس سے کیا ہی یہ کلام

پس سے رسوا کیا رب جلیل
دنیا و عقبیٰ میں کر خوار و ذلیل

اس سے عبرت لے تو رکھ خوف خدا
تا کرے عبرت ترے سے دوسرا

جبکہ تو پایا ہے عصر اس رسول
جان و دل سے اسکی دعوت کر قبول

عاج کی ڈبی میں پس با احترام
رکھا ہے وہ نامہ خیر الانام

آپ کے قاصد کا عز و احترام
میں بجا لایا ہوں اے شاہ انام

بر گماں یہ تھا مجھے ای نیکنام
اس کا ہوویگا خروج از ملک شام

بیس کپڑے ایک خچر راہوار
اور زر خالص کے مثقال یکہزار

جبکہ پہونچا شاہ کو اسکا جواب
یوں کئے ارشاد وہ عالیجناب

پر قبولے اس کے ہدیہ کو رسول
جبکہ کی ہے ماریہ ایماں قبول

جو بیاں عیسیٰ کیا تھا ای امیں
نعت و اوصاف امام المرسلیں

پس کہا یہ ہے وہی پیغامبر
دیکھا تھا جس کی روح اللہ خبر

یہ کہا ایماں مگر لایا نہیں
دولت عقبیٰ کو وہ پایا نہیں

کہ یہاں آگے تری حاکم وہ تھا
آہ جو دعویٰ خدائی کا کیا

یعنے فرعون شقی تھا وہ لعیں
جو ہوا رسوا دو عالم میں یقیں

دعوت عیسیٰ یہودوں پر ہے جوں
دعوت احمد نصاریٰ پر ہے یوں

وہ کہا بیشک ہی وہ حق کا نبی
لیک میں کچھ فکر کرتا ہوں ابھی

پس لکھایا شاہ دیں کو یوں جواب
آپکے نامہ سے ہوں میں بہرہ یاب

میں بھی جانا ہوں یہی بر وجہ نیک
کہ پیمبر یا یقیں باقی ہے ایک

پر شرف ہیں قبط سے دو جاریہ
ایک سیریں اور دوسری ماریہ

ہدیہ نزد بادشاہ انبیا
ساتھ حاطب کے روانہ وہ کیا

ملک پر اپنے بخیلی وہ کیا
اور نہیں اسلام سے عزت لیا

شاہ نے اپنے تصرف میں رکھا
اس سے ابراہیم ہے پیدا ہوا

مضمون زوال [illegible] مقوقس

اور سریں جو کہ تھی دوسری کنیز / اس کو حساں کو دیے ہیں اے عزیز
اس سے پایا ہے تولد اک پسر / عبد رحمن ابن حساں با وقر
پانچ کپڑے اور سو مثقال زر / شاہ حاطب کو دیے اے باخبر
اور وہ خچر تھا دُلدُل راہوار / اسپہ حضرت آپ ہوتے تھے سوار
نام ہے دلدل اسی کا آشکار / بعد ہوتے تھے علی اس پر سوار
اور علی کے بعد حسن مجتبیٰ / پس وہ در عصر معاویہ موا

دلدل

حارث کے نام کا پروانہ کہ سرحد شام میں تھا

نامہ حارث کو بھی لکھے مصطفیٰ / وہ شجاع ابن وہب لے گیا
تھی حکومت اس کی در سرحد شام / اور وہ تھا محکوم قیصر لا کلام
پہونچا جب ابن وہب لے کو آ / پہلے وہ حارث کے حاجب سے ملا
سن کے اوصاف و علامات نبی / وہ کہا انجیل میں بھی ہیں یہی
وہ ملا یا اس کو حارث سے لجا / ہاتھ میں حارث کے وہ نامہ دیا
حارث ملعون نے غصہ سے وہیں / نامہ اشرف کو ڈالا بر زمیں
اور بولا میں کرونگا اس سے جنگ / نعل میں گھوڑوں کے باندھوں بے درنگ
اور بھی ہرقل کو لکھ بھیجا شتاب / یوں لکھا ہرقل نے حارث کو جواب
پھر تھوڑے روز میرے پاس آ / تاکریں جو ہے مناسب اور بھلا
دیکے تب قاصد کو سو مثقال زر / کر دیا حارث روانہ جلد تر
لیک حاجب از شجاع نیک نام / جب سنا اوصاف سالار انام
رو دیا اور بولا ہے اوصاف ان / دیکھا ہوں انجیل میں بن بیگماں
گرچہ حارث سے تھا اسکو جانکاہ / وہ ہوا ایماں سے بااین بہرہ ور
اور شجاع باصفا کا اسے ہمام / وہ بجا لایا ہے عز و احترام
اور ضیافت بھی تکلف سے کیا / توشہ اور کپڑے بھی چند اسکو دیا
پس شجاع اس سے ہو رخصت یہیں / جبکہ آ پہونچا حضور شاہ دیں
عرض سب احوال حارث کا کیا / شاہ فرمائے کہ ملک اس کا گیا
چونکہ فرمائے ہیں وہ حق کے حبیب / نقل ہے حارث موا ہے عنقریب
اور اسکے ملک پر اے باصفا / جانیے جبلہ تھی حاکم ہوا

حاکم یمامہ ہوذہ کے نام کا پروانہ

لکھے ہوذہ کو بھی نامہ شاہ دیں / تھا یمامہ کا وہ حاکم اے امیں
اس کو لیجا کر سلیط ابن عمر / جبکہ ہوذہ کو دیا ہے جلد تر
وہ کیا تعظیم قاصد کی بڑی / اور جواب ایسا لکھا اسکو تبھی
آپ بیشک ہو امام المرسلیں / آپکی دعوت ہے سچی بالیقیں
لیک ہیں اے حق تعالیٰ کے حبیب / قوم میں اپنے ہوں شاعر اور خطیب
ذلیں عزتوں کے حمایت سے مری / عزت و شوکت تمہارے ہے مری
کچھ حکومت اپنی اب مجکو عطا / کیجئے تا تابع رہوں تا آپ کا
پہنا ہر قاصد کو اک بہتر لباس / دیکے انعامات بھیجا شاہ پاس
دیکھ عرضی اسکو فرمائے نبی / کہ نہ دونگا غورہ اک خرمے کا بھی
فتح مکہ جب ہوئی رنج الایں / آکے ہے ہوذہ موا اے شاہ دیں
ہیں یہ چھ نامہ کہ وہ عالم نواز / جس سے شاہوں کو کیے ہیں سرفراز
دائی بحرین کے بھی نام سے / ساتواں نامہ لکھے یعنے کہے
بادشاہوں کے سوا بھی جانیے / دوسروں کو بھی کئی نامے لکھے
اور اس ہی سال میں اے باصفا / فرض بیشک حج بیت اللہ ہوا
اور اس ہی سال میں اے نیک فن / ہے لگا کہتے ہیں سورج کو گہن
شاہ دیں سورج گہن کی تب نماز / ہیں جماعت سے گزارے با نیاز
اور اس ہی سال میں اے باکمال / مادر صدیقہ کی ہے انتقال
خود اتر کر قبر میں شاہ انام / دفن سے بخشے ہیں اسکو احترام
اور اس ہی سال میں اے نامدار / اوس نام جو عورت سے کیا اپنے ظہار

حضرت کی خوشدامن

نکے جھگڑے میں ہی جانور رسول
ہو گیا سورہ مجادل کا نزول

سال ہفتم در محرم اے امیں
غزوہ خیبر کئے ہیں شاہ دیں

ذو قوع فتح خلاق وحید
اپنے پیغمبر کو بخشا ہے نوید

حکم یاروں کو کئے ہیں بیدرنگ
کہ کرو تم جلد تیاری جنگ

جسکو ہے حطام دنیا کی طلب
ہاں نہ آوے وہ ہمارے ساتھ آب

اور دس قلعہ تھے اس میں اک ہمام
ہیں یہی تو جان ان قلعوں کے نام

وطیح	نطاۃ	برا	سلام	ابی

تین گھوڑی خاص تھی اس شاہ کے
اور بہت سے اونٹ بھی ہمراہ تھے

وقت شب خیبر کو پہنچے شاہ دیں
پر یہود واں یہ خبر پائے نہیں

پس وہ جانے سے وہیں جنگ و جدال
جب ہوئی ابتدائے قتل و قتال

جب محاصر سعب کے تھے ہو شاں
انکو بھی کھانے کی تنگی بیکراں

فتح قلعہ سعب کا تب ہو گیا
مال و زر غلہ بہت انہیں ملا

یونہی تھوڑے روز میں اے باادب
ہو گئے مفتوح بیشک قلعہ سب

تھے محاصر غازیاں شام و سحر
تھا رسول اللہ کو تب درد سر

ہاتھ میں اس کے علم دے کر بھیجتے
جنگ کرتا تھا وہ جا کفار سے

ایک دن فاروق اعظم لے علم
جا بہت کوشش کئے اے محترم

اپنے اک فوج و علم ہمراہ لے
جا کیا ہے سخت جنگ اشرار سے

ہو محاصر اور کئے ہیں کارزار
فتح اسدن بھی نہ پائی زینہار

حق یہ رتبہ شاہ مرداں کو دیا
شاہ مرداں شیر یزداں کو دیا

حق تعالیٰ اور بھی اسکا رسول
دوست رکھتے ہیں اسی کر کے قبول

یہ بشارت سنکے اصحاب کرام
منتظر تھے اور متوقع تمام

اس توقع پر کہ لشکر کا علم
مجھ کو دیوے شاہ از راہ کرم

لیک میں اس روز چاہتا تھا یقیں
کہ مجھے دیویں امارت شاہ دیں

ہجرت سے ساتویں سال کا احوال خیبر کا غزوہ

جب حدیبیہ سے شہ رجعت کیے
رہ میں سورۂ فتح اترا جانیے

اور کیا وعدہ غنائم سے زیادہ
شاہ سمجھے فتح خیبر ہے مراد

غزوۂ خیبر کو اب جاتے ہیں ہم
اور کئے ارشاد یوں شاہ امم

کہتے ہیں خیبر بڑا تھا شہر ایک
ہیں گو یہ تھا مدینہ سے نزدیک

کتیبہ	ناعم	سعب	شق	قموص

ساتھ تھے اس شاہ کے دو سو سوار
اور پیدل چار سو اور یک ہزار

کہتے تکبیریں بہ آواز بلند
چلدئے ہیں غازیاں سب فرجمند

اور وے جب صبح کو پائے خبر
جلد قلعہ کے گئے ہیں بند در

پہلے آیا قلعۂ ناعم ہے ہات
اور اس کے بعد دوسرے قلعہ جات

کہتے ہیں وے سب سمجھے مرنیکے قریب
حق سے تب مانگے دعا حق کے حبیب

ہو گئی وہ تنگی راحت سے بدل
ہو گئی وہ سختی فرحت سے بدل

لیک باقی رہ گیا تھا اک قموص
سخت تھا قلعہ وہی سب میں خصوص

عمدۂ اصحاب ہوئے نامدار
کر کسیکو شاہ مرداں اختیار

فتح لیکن قلعہ وہ پایا نہیں
ہاتھ میں اسلام کے آیا نہیں

فتح وہ قلعہ نہیں پایا مگر
بعد ازاں صدیق نے روز دگر

پر نہ پایا فتح تب بھی سر بسر
تیسرے دن جاکے پھر حضرت عمر

فتح لیکن اس کی بر دست علی
جبکہ تھی موقوف بر وجہ جلی

نقل ہے یک شب کہی شاہ امم
کہ میں کل بخشونگا ایسے کو علم

قادر منان اسی کے ہاتھ پر
فتح کر دیوے گا خیبر جلد تر

سعد کہتا ہے کہ نزد مصطفےٰ
جا دو زانو بیٹھ کر پھر میں اٹھا

اور کہتا ہے عمر عالی وقار
میں نہ چاہتا تھا امارت زینہار

کہتے تھے بعضے قریش سے آبا و داد
کہ علی البتہ پاوے یہ مراد

سے روایت چشم تب کرار کے
ایسے پرآشوب اور پردرد تھے
کہ وہ ہرگز دیکھ سکتا ہی نہ تھا
سن بشارت وہ پڑھا ہے یہ دعا

اَللّٰھُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ

الغرض ان کو بلا خیر البشر
رکھ کے انکے سر کو اپنے ران پر

ڈالے انکے چشم میں اپنا لعاب
حق نے بخشا ہے شفا انکو شتاب
بکتر خاص اپنا حضرت لطف سے
دست اطہر سے انہیں پہنا دیے

اور کمر میں انکے باندھے ذوالفقار
اور علم انکو دیے ہیں باوقار
اور کہے جا جنگ کر جب تک خدا
فتح نا دیوے نہ پھرا ے مرتضےٰ

پوچھا تب میں جنگ کروں کس حین خیبر
یوں کئے ارشاد شاہ بحر و بر
کلمہ طیب کہے ہی اقبال پر
انکو بلوا اور ران سے جنگ کر

پس علی آیا اس قلعے کے بہم
ایک ٹیلہ پر کئے برپا علم
دیکھا اک حبر یہودی کامگار
شاہ مرداں کو زبالائے حصار

پوچھا تو ہے کون اے اہل لوا
وہ کہا میں ہوں علی مرتضےٰ
بولا اپنی قوم کو وہ تب پکار
اب ہوے مغلوب تم اور خوار زار

نے قسم بے شبہ اب توریت کی
ناپھرے بے فتح ہرگز یہ کبھی
کیونکہ اوصاف شجاعت کا بیاں
اس کا نہ تورات میں لکھا تھا جاں

باہر آیا پہلے اس قلعہ سے جو
سو وہ حارث تھا یہودی زشت خو
اس کے نیزہ کا سناں تھا تین من
ہو گئے مقتول اس سے حیدر تن

پس علی مرتضےٰ اک ضرب کر
سرنگوں اسکو کئے ہیں فی المستقر
بعد اس کا بھائی مرحب آ گیا
وہ یہودوں میں مبارز تھا بڑا

پہن دو بکتر عمامے باندھ دو
اور حمائل کرکے دو شمشیر کو
آ کے چاہا تا کرے حیدر پہ وار
حملہ کاری اسپہ حیدر ذوالفقار

سر پہ دستار اسکے جو تھی کنگھی
کٹ گیا زانو اور اسکی زین بھی
غازیاں حملہ کئے مرحب کہ زود
پائی دوزخ سات سردار یہود

اور باقی بھی لگے ہیں بھاگنے
اور علی بھی انکا تھے پیچھا کئے
کوئی کیا اک ضرب اسکے ہاتھ پر
دست حیدر سے گرے ہی تب سپر

اک یہودی اس کو لے بھاگا وہیں
شاہ مرداں ہو گئے تب خشمگیں
تب علی از قدرت ربانیہ
پائے ایسا قوت روحانیہ

ہو گئے اک جست میں خندق سے پار
اور در قلعہ پہ پہونچے آشکار
ایک لوہے کا لگا تھا اس کو در
لے کے اس در کو بنائے ہیں سپر

جب سے توڑے ہلا ے سب حصار
پس ہوئے مشغول جنگ کارزار
نقل کرتے ہیں کہ از بعد قتال
اسکو ڈالے بزمیں اوپر اچھال

روضۃ الاحباب میں مذکور ہے
اور معارج میں بھی یوں مسطور ہے
کہ اٹھائے اسکو آ چالیس تن
وہ نہیں ہرگز ہلا جگہ سے پن

اور مواہب میں لکھا ہے ای پسر
کہ ہلائے اسکو آ ستر نفر
وہ نہ ہرگز اپنی جگہ سے ہلا
پر شفقت سے بہت ای باصفا

ہے علی کے یہ کرامت کا ظہور
انکی مردی اور شجاعت کا ظہور
الغرض کہتے ہیں اہل قلعہ سب
دیکھے ہیں ایسی شجاعت اس کی جب

وے لگے کرنے کو فریاد و فغاں
بولتے تھے الاماں سب الاماں
مرتضےٰ از حکم شاہ دو جہاں
تب دیئے اس شرط سے انکو اماں

کہ اٹھا سکتا ہے جو ہر یک نفر
لیوے اپنے سر پہ غلہ اس قدر
اور لکھے بعضے کہ اپنے اونٹ پر
لیویں ساماں وہ اٹھا دیں جسقدر

مال و زر اپنا وہیں سب چھوڑ دیں
اور کوئی شے نہ پوشیدہ کریں
گر کریں پوشیدہ ظاہر ہووے جب
نا رہے باقی اماں ہرگز یہ تب

وہ چھپائے تھے خزانہ اک بڑا
مطلع اس پر خدا شہ کو کیا
ایک ویرانے میں وہ تھا لاکلام
حکم سرور سے زبیر ابن العوام

ترجمہ یا اللہ نہیں کوئی مانع اس چیز کو کہ عطا فرمائے تو اور کوئی نہیں عطا کرنے والا اس چیز کو کہ منع فرمائے تو ۱۲

حضرت امام محمد باقر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے کہ جب حضرت علی دروازہ خیبر کو ہلا کر نکالے تمام قلعہ جنبش میں آیا۔ صفیہ بنت حی ابن اخطب کہ سردار یہودی کی دختر تھی اس جنگ میں اسیر ہوئی اور حضرت علی کے نکاح میں آئی۔ روایت کرتی ہے کہ ایسی جنبش ہوا کہ میں وحشت سے گر پڑی ۱۲

جا کے لایا ہے وہ با اصحاب جنید / اٹھ گیا تب وہ اماں سے ہوشمند
عورتوں کو انکے ٹھہرا باندیاں / مال و زر حصے کئے بر غازیاں
ہے روایت فتح خیبر کی خبر / جب سنے ہیں حضرت خیر البشر
دیکے پیشانی پہ بوسہ انکے تئیں / پھر لگا سینہ سے یوں فرمائے ہیں

قَدْ رَضِيَ اللّٰهُ وَرَضِيْتُ اَنَا عَنْكَ

بولے فرحت سے نہ کیونکر روؤں اب / آپ یوں خوشنود ہوں میرے حبیب
اور میکائیل و جبریل ہمام / تجھ سے راضی ہیں ملایک بھی تمام
اور یہودوں سے یقیں تو دیہ تیں / ہو گئے قعر سقر میں جانشیں
حکم فرمائے جلا[ف] کا ان کو سب / یوں کئے ہیں عرض وی خادمین تب
پس ترحم کر کے وہ حق کے رسول / عرض کو تب انکے فرمائے قبول
نصف محصولِ زراعت آپ لیں / نصف بیت المال میں داخل کریں
پھر حبش کے بھی مہاجر لا کلام / آ کے خیبر میں ملے شہ سے تمام
غزوۂ خیبر کے ہی بعد از شتاب / شاہِ عالم کا ہوا اس سے ملاپ
منزل صہبا میں آ پہونچے ہیں جب / واں صفیہ پاک ہوئی ہے با ادب
تیغ لیکر ہاتھ میں اے نیکنام / تھے نگہباں گرد خیمہ شب تمام
وہ کہے ہیں سن ان کے خویش و اقربا / اور اس کا مرد بھی مارا گیا
شاہ نے کی اسکے حق میں یوں دعا / کہ نگہباں اس کا رہ تو اے خدا
شہ بلال اور کئے یہ حکم تب / کہ تو رہ بیدار تا سو جاویں سب
مارا شیطاں اسکے تب سینہ پہ آ / نیند غالب ہو گئی وہ سو رہا
ہو گئے لرزاں بہت از خوف رب / سب صحابہ کو اٹھائے جلد تب
شہ کہے یہ وادی شیطان ہے / غفلت و ظلمت کا یاں سامان ہے
پس وضو کر کے رسول ذو الجلال / حکم قامت کا کئے ہیں بلال
اس حدیث پاک سے ظاہر ہوا / کہ اذان سنت نہیں ہے در قضا

رکھ کے منت اپنہ بایں سر بسر / شہ گئے ہیں انکے خوں سے درگزر
اور صفیہ کو نبی آزاد کر / عقد سے اپنے کئے ہیں بہرہ ور
خوش بہت ہو شکر حق لائے بجا / اور علی کے جلد استقبال جا

بَلَغَنِيْ نَبَاُكَ الْمَشْكُوْرُ وَصَنِيْعُكَ الْمَذْكُوْرُ

تب علی رونے لگے ہیں با طرب / پوچھے شادی یا غمی کا ہے سبب
شاہ بولے ہیں ہی تنہا خوش نہیں / بلکہ خوش ہے تجھ سے رب العلمین
کہتے ہیں اس جنگ میں اے ہوشیار / ہو گئے پندرہ مسلماں ہی شہید
نقل آئی ہے کہ جب خیر البشر / کر کے از خون یہوداں درگزر
کہ مسلماناں ہیں گئے جو یہاں / انکی مزدوری کرینگے ہم عیاں
انکے ہی تحویل کر باغات سب / یوں مقرر کر دئے تقسیم تب
اور آل مطلب کو ایسیاں / اور بنی ہاشم کو حصہ پانچواں
حضرت ام حبیبہ کا نکاح / جو حبش میں ہی ہوا تھا با فلاح
اور سب خیبر کا بندوبست کر / جب مدینہ کو پھرے خیر البشر
شاہ اس سے ملکے ڈیرے میں رہے / پس ابو ایوب انصاری جو تھے
صبح کو پوچھے ہیں سالار عرب / کہ کھڑا ہے کہہ یہاں تو کیا سبب
دشمنی سے نا کرے وہ کچھ دغا / اس لیے ہی میں نگہباں تھا کھڑا
اور وہاں سے جب چلے آگے رسول / آخر شب میں کئے بیجا نزول
سوئے سب بیدار تھا وہ پاکباز / اور تھا وہ شاغل ذکر و نماز
ہو گیا ہے جب طلوع آفتاب / پہلے جاگے سرور عالیجناب
اور وہ بے اختیاری پر ملال / ظاہر خدمت کیا اپنی بلال رض
اب یہاں سے جلدتر آگے چلو / پس چلے سب کوچ کر پر خوف ہو
با اقامت با جماعت با نیاز / تب گزاری ہیں قضا اپنی نماز
شافعیہ کا یہی مذہب ہے جان / پر ہدایہ میں لکھا ہے ایسیاں

ف یعنی جلا وطن شہر بدر کرنا

قضا نماز میں اذان کی بابت اختلاف

کہ اقامت او وہاں کی مصطفےٰ باجماعت ہیں گزار کر وہ قضا
چند احادیث صحیحہ لاکلام لایا ہے اسباب میں ابن ہمام

حضرت عمرۃ القضاءؐ کے لئے مکہ معظمہ کو تشریف ارزانی فرمانا

اس برس میں ہی رسول اللہ کے واسطے عمرے کے مکہ کو گئے
تھی ہدی کے اونٹ ستر اس شہ کے ساتھ ایک سو گھوڑے بھی تھے اے نیک ذات
اور صحابہ بھی تھے ہمرہ دو ہزار ذوالحلیفہ کو جو پہونچے آشکار
باندھی ہیں احرام سالار انام اور باندھے ہیں صحابہ بھی تمام
مرظہراں کو جو پہونچے آن کر کافراں سمجھے کہ آئے جنگ پر
اس ہی اندیشہ سے سارے ڈر گئے تب صحابہ انکو یوں تسکیں دیئے
کہ نہ آئے ہیں نبی بہر جدال بلکہ عمرے کیلئے آئی یہ سال
پس ہمہ ہو کے قصوا پر سوار (اونٹنی کا نام) داخل مکہ ہوئے با افتخار
حکم سے حضرت کے اصحاب کرام تیغ سب ڈالے ہوئے تھے در نیام
نقل ہے ابن رواحہ نامدار ہاتھ میں لے شہ کے ناقہ کی مہار
شعر پڑھتا تھا عمر نے یوں کہا ساتھ شہ کے شعر تو پڑھتا ہے کیا
سن کے یہ فرمائے حضرت اے عمر شعر پڑھنے کو نہ اس کے منع کر
فضل حق سے شعر اسکا لاکلام کافروں کے دل میں وہ کرتا ہے کام
کہ نہ ہوگا تیر سے بھی ایسا کام لیتے یوں کرتا ہے وہ اثر تمام
تلبیہ کہنے لگے پس باوقار شہ دئے بوسہ حجر کو رہ سوار
اور طواف و سعی و حلق و نحر سے ہو کے فارغ تین دن مکہ میں تھے
اور وہیں اپنا کئے عقد نکاح ساتھ میمونہ کے سرور بافلاح
اک روایت ہے کہ اسی سال میں لایا ایماں بوہریرہ جان لیں
اس کا احوال اور ایمان کا سبب دوسری نسخہ میں لکھوں گر چاہے رب

ہجرت سے آٹھویں سال کا احوال

سال ہشتم میں بتوفیق سعید لایا ہے ایمان خالد بن ولید
گرچہ آگے اس کے مل کفار سے وہ کیا تھا دشمنی اخیار سے
وقت جب آیا ہدایت کا مگر لایا استعداد نیکی کا ثمر
اپنے ایماں کا سبب تفصیل وار اسطرح کہتا ہے وہ عالی وقار
اک بیک الفت بڑی اسلام کی جان میں میرے خدا نے ڈالدی
اور جو صلح حدیبیہ ہوئی بات یہ دل میں مرے آئی تبھی
قوت و شوکت قریشو نکو تمام اب نہ کچھ باقی رہا ہے لاکلام
آہ پھر آئندہ کیا میرا ہو حال مومنوں سے تو کیا تھا میں جدال
میں نجاشی پاس جا سکتا نہیں وہ بھی تابع ہے محمد کا یقیں
پھر خیال آیا کہ ہرقل پاس جا ہوؤں نصرانی نہیں یہ بھی بھلا
چھوڑ کر مکہ نہیں جانا کہیں ملک میں ہی اپنے ہاں بنا یقیں
دیکھوں کیا ظاہر ہو آخر غیب سے کیا ہو واقع پردۂ لاریب سے
اور اس اثنا میں وہ حق کے نبی عمرۃ القضیہ ادا کرنیکو ہی
حسب آں صلح حدیبیہ نجا ہو گئے مکہ طرف رونق فزا
میں یہ سن مکہ سے نکلا ہوں تبھی تھا مرا اک بھائی ہمراہ نبی
کہ ولید ابن الولید اس کا تھا نام وہ مجھے ڈھونڈا ہی مکہ میں تمام
جب مجھے پایا نہیں ہی وہ کہیں ایک خط ایسا وہ لکھ بھیجا وہیں
بھائی جان حضرت کئے ہیں تجکو یاد اور فرمائے ہیں از لطف و وداد
کہ نہیں خالد ہے ایسا بیگماں دین حق اس پر ہوا اب تک نہاں
پس حقیقت ملت اسلام کی ہوگئی ہے اسپہ ظاہر ہونکی
لاکے ایماں نصرت اسلام پہ وہ شجاعت اپنی خرچے گا اگر
حق میں بہتر اسکے ہو اور ہم اسے غیر پر اس کے تقدم دیوینگے

شافعیہ کے پاس عمرۃ القضا اس لیے کہتے ہیں کہ قضا صلح کے معنے میں ہے یعنے وہ عمرہ جو صلح حدیبیہ میں قرار پایا تھا کہ سال آئندہ میں آنکے عمرہ ادا کریں لہذا اس کو عمرۃ الصلح اور عمرۃ القضا اور عمرۃ القضیہ بھی کہتے ہیں ۱۲ کذا فی المدارج

وجہ ایمان خالد بن ولید

اے بڑا رحلہ سرور پاس آ — اور یہ دولت دو جہاں کی ہاتھ لا
پہونچا یہ نامہ ہوا میں پر حق شناس — ہو گئی اسلام کی رغبت زیاد

میں نے جا صفواں سے تب کہنے لگا — دولت نبوی کا دیکھ اب دبدبہ
ایک عالم کو لیا ہے بالیقیں — ایک لقمہ سے تو ہم زیادہ نہیں

خوب ہی دارین گر اب جائیں ہم — جلد جا کر اسپہ ایماں لائیں ہم
بات صفواں نیں کیا ہے یہ قبول — میں اٹھا ہو کر بہت اس سے ملول

عکرمہ سے بھی کہا ایسا ہی جا — وہ بھی یہ دعوت اجابت کر گیا
اور عثمان ابن ابی طلحہ کے تئیں — جا کہا میں وہ قبولا ہے یہ بات

ہم ہی ہر چند بس مدینہ کو چلے — رہ میں ابن العاص سے بھی ہم ملے
وہ جو حبشہ سے مدینہ کی طرف — آتا تھا ایماں سے پانے کو شرف

ہم یہ تینوں شخص بس بالاتفاق — پہونچے ہیں جا کر مدینہ بالاتفاق
آگے ہم جانے کے ہی خیر البشر — اپنے یاروں کو دیے تھے یہ خبر

کہ جگر گوشوں کو مکہ اپنے اب — ڈالا ہے جانب ہمارے پر طرب
وہ کنایہ تھا انہیں اشخاص سے — جو قریش اندر یہ عالی قدر تھے

الغرض کہتا ہے خالد اے لبیب — جب ہوئے ہیں ہم مدینہ کے قریب
میں نے پہنا پاک اور عمرو ابن عاص — اور ہوا حاضر حضور شاہ ناس

دور سے مجھ پر پڑی ہی جب نظر — مسکرائے حضرت خیر البشر
میں سلام اس دم بجا لایا شتاب — ہو کشادہ رو دیئے اسکا جواب

میں پڑھا کلمہ شہادت کا وہیں — تب کیا ارشاد شاہ مرسلیں
شکر ہے اللہ کو شاہ و ہیگا — تجکو بتلایا مسلمانی کی راہ

میں نے سمجھا تھا کہ تو ہے ہوشیار — تھا ہدایت کا تری امیدوار
ہینے کی تب عرض اے حق کے رسول — میں کیا تھا کسقدر حق سے عدول

لطف سے کیجئے مری حق میں دعا — تا مری جرم و گنہ بخشے خدا
شاہ فرمائے کہ اسلام تمام — ہے شاد دیا گیا ہونکو تمام

پس لعین اللہ خالد بن ولید — دین حق میں کی ہے تائید مزید
کیا رسول اللہ کے حین حیات — اور کیا اس شاہ کے بعد حمایت

کیا ساعی جمیلہ بے قصور — بالتواتر پائے ہیں اس سے ظہور
کہ خدائے پاک اور اسکا رسول — سعی اور کوشش کیے اسکی قبول

بعد حضرت مرتدوں سے جنگ کر — بیخ دین انکی اکھیڑا جلد تر
جاہلیت میں بھی ای پاکیزہ کیش — تھا وہ از رؤساء اشراف قریش

بنت حارث تھی لبابہ اسکی ماں — خواہر میمونہ ام مومناں
جب سن کیس میں تھا وہ با صفا — عصر میں فاروق کے رحلت کیا

اس کا کچھ احوال گر چاہے خدا — ذکر میں اصحاب کے میں لاونگا
اور عمر ابن امیہ کے تئیں — جو نجاشی پاس بھیجے شاہ دیں

جا نجاشی پاس ابن عاص تب — قتل کر دینے کیا اسکو طلب
تب نجاشی منہ پہ اپنے مارلے — یوں لگا کہنے کو ابن العاص سے

دیوں کیوں تا قصد اس کے بہر میں — آتا ہے ناموس اکبر جس کے پاس
اور یقیں بر حق ہے وہ جسکا رسول — جلد کر تو دین کو اس کے قبول

دشمنوں پر سب وہ غالب ہوئیگا — موسیٰ جوں فرعون پر غالب ہوا
بولتا ہے ابن عاص با صفا — میں ایماں دست نجاشی پر ہی لا

قصد کر کے میں مدینہ کو چلا — راہ میں خالد ہی میرے تئیں ملا
جا کے جب پہونچے حضور مصطفیٰ — پہلے خالد کلمہ طیب پڑھا

پھر کہا میں اٹھ کے اے خیر البشر — ہاتھ دو بیعت کے تا ہوں بہرہ ور
ہاتھ بشاشہ کئے الفت کیا تھا — میں کیا لیکن کشیدہ اپنا ہاتھ

سرور عالم نے پوچھا کیا سبب — میں کہا شرط ایک میں چاہتا ہوں اب
پوچھا وہ کیا شرط ہے میں نے کہا — بخشدے تو سب گنہ میرے خدا

چنانچہ مصنف نے صدیقہ ... میں لایا ۱۲

شاہ فرمائے کہ ایماں لائے جب
جو ہو چکے پچھلے گناہ اسکے سب
اور ہجرت یونہی دار کفر سے
دار اسلامی طرف جو کوئی کرے

اور حج کعبہ بس تینوں یہ کام
ہیں مٹا دیتے گنہ پچھلے تمام
بس ہیں یہ سن شاہ کی بیعت کیا
اور ایماں سے مشرف ہو گیا

اور عثماں ابن طلحہ بعد ازاں
لایا ہے ایماں یہ سالار جہاں
اور غالب کو شہ جن و ملک
بھیجے اس ہی سال میں سوئے فدک

تا وہاں کے کافروں سے لا کلام
لیویں جا کر جلد بیشک انتقام
کافروں سے ٹھیک جو اک شخص تھا
ہی اسامہ اسکا تب پیچھا کیا

بن مرد و دس ۱۲

تیغ و ربہت اسامہ دیکھ کر
وہ پڑھا کلمہ شہادت جلد تر
خوف سے ایماں لایا جانکے
قتل کر ڈالا اسامہ نے اسے

پھر وہاں سے جب مدینہ آئے ہیں
ماجرا حضرت کو یہ سنوائے ہیں
یہ خبر افسوس سنتے ہی رسول
ہو گئے ازبسکہ محزون و ملول

اور اسامہ پر بہت ہی غصہ کر
پوچھے کیا اول اسکا چیرا جگر
صاحب کشاف بولا ایسیاں
آئی یہ آیت اسی قصہ پر ہاں

یا ایہا الذین آمنوا اذا ضربتم فی سبیل اللہ فتبینوا

اور اس ہی سال میں شاہ بشیر
کرکے عبد اللہ رواحہ کو امیر

ساتھ دیگر چند مردوں کے ہم
ہے روانہ کر دیے سوئے اضم
اور محلم بن جثامہ جو کہ تھا
تھا اسی لشکر میں داخل ای فتا

راہ میں اک شخص عامر جسکا نام
تھا گیا آکر صحابہ کو سلام
اس کو مومن جب نہ جانے تھی صحاب
نیں دیے اسکے تحیت کا جواب

اور محلم آ ناگہ دیر کر
مار ڈالا اسکو ناحق بے خطر
بات یہ جب سرور عالم سنے
اس محلم پر بہت غصہ ہوئے

اور فرمائے سمجھ تو اے غلاں
تر زبان دل ہی بیشک یہ زباں
اور اس ہی باب میں رب العلا
آیت قرآن یہ نازل کیا

یا ایہا الذین آمنوا اذا ضربتم فی سبیل اللہ فتبینوا ولا تقولوا لمن القی الیکم السلام لست مؤمنا

سن محلم یہ خبر با اضطراب
دوڑتا آیا ہے حضرت کے جناب
اور لگا ہے عرض کرنے با ادب
یا نبی بخشش مری کیجے طلب

نا ملایم کام سے اس کے رسول
جب بہت اس سے خفا تھے اور ملول
بولے حضرت تجکو نا بخشے خدا
اور کرے نا عفو تیرے سے خطا

لا غفر اللہ لک و لا عفا اللہ عنک

بس محلم اٹھ گیا روتا ہوا
منھ کو اپنے اشک سے دھوتا ہوا

اور تڑپتا تھا سبب جس کے وہ
مر گیا ہی بعد اک ساعت کے وہ
اک روایت پر کہ بعد ہفت روز
وہ گیا دنیا سے با اس درد و سوز

دفن جب اسکو کئے ہیں مسلمیں
پھینک ڈالی ہے وہیں اسکو زمیں
دفن وے کرتے تھے اسکو بار بار
پھینک دیتی تھی وہ اسکو آشکار

تین بار ایسا ہوا آخر اسے
ایک جا پتھر میں پوشیدہ کئے
یہ خبر سن کر ہیں فرمائے رسول
کہ نہیں اسکو زمیں بھی کی قبول

اس کی جو بدتر تھا اسکو بھی زمیں
دیکھو لیتی ہے اپنے میں یقیں
چاہا لیکن حق تعالی ہو سنو
کہ تمہیں اس حال سے تا پند ہو

اور تمہیں تنبیہ ہووے خوب تر
تا کریں حرکات ہی ایسے حذر
ان حدیثوں سے ہوا ظاہر صریح
کہ گمان بد ہے مومن کو قبیح

جب مسلمانی کوئی ظاہر کرے
اعتقاد پاک سے ناہر کرے
ظن بد اس سے نہیں ہی سزاوار
ظن بد اسلام کا نئیں ہی شعار

بدگماں جانو ہی مغضوب خدا
اور مغضوب رسول با صفا
جب زمیں ایسے کو پھینکی سر بسر
الحذر ایسے گنہ سے الحذر

ف ۵ ایمان والو جب چلو اللہ کی راہ میں تو تحقیق کرو اور مت کہو جو تمہاری طرف سلام کرے کہ تو مسلمان نہیں ۱۲

ف ۵ مومن ایسا پاک عقیدہ ظاہر کرنے پر اسکو قبول نہ کرنا بڑا گناہ ہے ۱۲

نیت باطن سے کوئی حق بغیر / جب بنیں واقف ہے لازم ظن خیر
پاس شارع کے یہ اقرار لساں / معتبر اور ترجمان دل ہے جاں
اور عدم اعتبار اعتراف / عقل اور انصاف کا بھی ہے خلاف
دین کے احکام ہوں برہم تمام / شرع کا باقی رہے کیا انتظام

موتہ کی جنگ

لیکے اس نامہ کو حارث بن عمیر / موضع موتہ تلک پہونچا بخیر
تب کہا حارث بہ آں پر جہول / کہ رسول اللہ کا ہوں میں رسول
جب مقرر ہے یہ قانون ملوک / کہ نہ کرنا ایلچی سے بدسلوک
پس کیا حضرت نے حکم کارزار / جمع آئے غازیاں تب سہ ہزار
زید ابن حارثہ کو اے خبیر / کر دئے اس فوج کا پہلا امیر
وہ بھی گر پاوے شہادت کا سریر / ہووے عبداللہ رواحہ تب امیر
اور نشان اس فوج کا سبز و سفید / شاہ عالم نے دیا در دست زید
جا کے پہلے جا دعوت اسلام کر / ہے بھلا ایمان وے لاویں اگر
گر نہ مانیں وہ بھی لے حق سے مدد / کیجیے ان کفار سے جنگ اشد
یہ خبر شرجیل کو پہونچی ہے جب / وہ کیا تائید ہرقل سے طلب
چند قبائل مشرکاں بھی آ ملے / ملکے سب اک لاکھ سے زائد ہوئے
یہ خبر سن کہے با اک دگر / کہ لکھیں خدمت میں شہ کے یہ خبر
ان کو عبداللہ رواحہ نے کہا / کہ اسے مکروہ تم رکھتے ہو کیا
کثرت افواج سے ہے سربسر / ہم نہیں پاتے ہیں کچھ فتح و ظفر
بار دیں ہم تین سو تیرہ تھے سب / پس ہزاروں پر دیا ہے فتح رب
سن کے یہ باتیں ہوئے سارے دلیر / اور ہوئے آگے روانہ کر نہ دیر
ہو تمنائی شہادت آشکار / شوق سے پڑھتا تھا بیتیں بار بار
پہنکر پوشاک زربفت و حریر / اور لیے ہتھیار اقسام کثیر
اور قرآں میں خدائے غیب داں / ظن بد سے منع فرمایا ہے جاں
اور احکام و حقوق اسلام کے / سب ہیں مترتب اسی پہ جانیے
جب عمر جھٹلاوے قول زید کو / زید بھی بولا اسے جھوٹا ہے تو
اور اسی سال میں اے باصفا / ہے روایت جنگ موتہ کا ہوا
ہے روایت جب کہ شاہ امم / حاکم بصری کو اک نامہ رقم
شام کا حاکم جو تھا شرجیل تب / اس کو پوچھا کون ہے تو بولا اب
قتل اسکو کر دیا تب وہ لعین / سن کے یہ حضرت ہوئے اندوہگیں
قتل کر دینا نہیں اسکو روا / قتل ہے ہر قوم میں اسکا برا
جرف میں لشکر کیا تھا یہ نزول / خود وہاں تشریف فرمائے رسول
اور کہے پاوے شہادت زید جب / جعفر طیار ہووے میر تب
وہ بھی گر پاوے شہادت منسال / جسکو چاہیں دیویں سرداری وہاں
زید کو اس طرح تب فرما دیا / کہ جہاں قاصد مرا مارا گیا
گر نہ ایماں لاویں یہ عہد و قرار / تا ہماری ہووے رہیں جزیہ گزار
منزل ثنیہ تلک تشریف لا / شہ گئے امرا کو رخصت دی دعا
بھیجا ہرقل جلد اک لشکر بڑا / سرحد بلقا میں وہ اترا ہے آ
لشکر اسلام در سرحد شام / تب معان اندر کیا تھا آ مقام
تا کمک بھیجے ہماری وہ ہم / یا کرے کچھ حکم دیگر وہ رقم
جس کے خاطر ہی یقیں نکلے ہیں ہم / لینے ہیں وہ بس شہادت محترم
بلکہ ہم اس کی قوت سے عیاں / فتح پاتے آئے ہیں بر کافراں
فتح و نصرت یا شہادت ہے بہیں / ہر دو مقصود و سعادت ہے ہمیں
رہ میں عبداللہ رواحہ با صواب / اپنے ناقہ کے تئیں کرکے خطاب
جا کے تب موتہ کو پہونچے بے درنگ / رومیاں تیار ہو آئے بہ جنگ
ساز و ساماں سیم و زر کا زرنگار / ڈال کر گھوڑوں پہ آئے ہو سوار

شہادت جعفر طیار رض

انکی کثرت کو نہیں تھی انتہا
زید ابن حارثہ مرد رشید
ہاتھ سیدھا ہو گیا اس کا قلم
پس شہادت وہ بھی پایا اور آسے
آیا ہے میدان میں ہو تیز گام
ایک ٹکڑا منہ میں وہ ڈالا تھا
کافروں نے کر بہت جنگ و قتال
کہ کسی کو تم میں ٹھہراؤ امیر
تب سبھوں کی رائے سے ہی ای سعید
ابن حامر فوج کو سب کرنا
لیکے خالد غازیوں کو بیدرنگ
ایک ہی پل میں زیک تیر خدنگ
شام تک ایسا ہی تھا جاری قتال
جبکہ شمشیر فلک ای نیکنام
تیغ دوسرے روز جب کھینچا ہی سور
میمنہ لشکر کا پہلے جو کہ تھا
بھی مقدم کو موخر کر دیا
پس لگی ہونے کو جنگ سخت تر
اور خالد بن ولید نامدار
دست خالد میں یقیں بیقال و قیل
پس مدینے کی طرف رجعت کئے
اس ہی دن وہ بادشاہ مرسلیں
کہ تمہاری فوج کی اے مومنو

جنگ پس طرفین سے ہونے لگی
زخم تیروں سے ہوا آخر شہید
تب لیا ہے دست چپ میں وہ علم
کہتے ہیں کیتوں سے زاید زخم تھے
تین دن سے وہ نکھایا تھا طعام
فوج میں ایسے میں پایا اضطراب
نوش فرمایا شہادت کا زلال
سب لگے کہنے کہ تم ہی ہو امیر
ہوگیا سردار خالد بن ولید
جنگ کی ترغیب پھر دینے لگا
کرد با کفار سے آغاز جنگ
کرتے زخمی ہوکے اسوار ترنگ
ہوگئی خوں سے زمیں انکے لال
ہوگیا ہی شام کو رخ در نیام
فوج زنگی شب کی بھاگی بالفرار
میسرہ اس دن اسے خالد کیا
اور موخر کو مقدم بھی کیا
یا سناں و تیغ اور تیر و تبر
کردیا ایسی شجاعت آشکار
ٹوٹے ہیں اس روز نو تیغ اصیل
راہ میں بھی اور یک قلعہ لئے
حجرے کے منبر پہ مدینے میں حزیں
یہ خبر دیتا ہوں میں تم کو سنو

باوجود قلت ای فرخ نہاد
جعفر طیار پس لیکر نشاں
دست چپ بھی کٹ گیا ہی بعد ازاں
بعد عبداللہ رواحہ محترم
ابن عم تب اسکا تھوڑا گوشت لا
پھینک دی اس گوشت کو وہ جلد تر
جلد ثابت ابن اخرم نے نشاں
وہ کہا کہ میں نہونگا امیر
جب شہادت پائے تھی تینوں امیر
جو پریشاں تھے فراہم ہو تمام
دی دلیراں ایسی جانبازی کی
کافراں یک تیغ سے ہوتے تھے دو
جب شفق نکلا ہی پر چرخ کبود
غازیاں بھی اپنے تیغوں کھینچیں
لشکر اسلام بھی نکلا بہم
میسرہ اسکا جو تھا اول یقیں
سہمے انکو دیکھ کفار تباہ
ہر مجاہد نے کیا ایسا جہاد
کہ کبھو چشم زمانہ ای دیں
بھاگنے آخر لگے ہیں کافراں
نقل آئی ہی کہ جس دن آشکار
درد و غم سے ہوگئے تھیں اشکبار
زید نے اول اٹھایا تھا لوا

مومناں دینے لگے مردی کی داد
کرنے جنگ اس سے لگا ہی بعد ازاں
دو دو نو بازو سے بچایا وہ نشاں
تشنہ جام شہادت نے علم
اسکے کھانے کیلئے باعث ہوا
اور اپنے نفس کو پس زجر کر
غازیوں نے یوں لگا کہنے وہاں
اور کسی کو تم کرو اپنا امیر
فوجمیں آئی پریشانی کثیر
معرکہ میں آ گئے سارے قیام
تیغ بازی تیراندازی کئے
جان اپنے جسم سے کھوتے تھے جو
تھی زمیں بھی آسماں سی ہی نمود
سر بسر ڈالے نیام اندر وہیں
سب کے تھے ہاتھوں میں شمشیر و علم
میمنہ اسکو کیا وہ پیش میں
کہ کمک پر آئے ہیں دیگر سپاہ
کہ دیا پوری جوانمردی کی داد
ایسی مردی کو کہیں دیکھا نہیں
مال سب لوٹے ہیں انکا مومناں
سخت موتہ میں ہوا یہ کارزار
اور فرمانے لگے یوں بیقرار
جاں فدا راہ خدا میں وہ ہوا

خطاب خالد بن ولید

حضرت جعفر کا لقب طیار ہونا

بعد جعفر نے اٹھایا وہ علم / پائی انہنے بھی شہادت ہے بہم
بعد عبداللہ رواحہ نے لیا / جام ہے وہ بھی شہادت کا پیا
بعد انکے از سیوف کردگار / سیف یک یعنی وہ خالد نامدار
وہ نشاں لیکر وہیں لڑنے لگا / فتح و نصرت حقنے اسکو کی عطا
پس اسی فرمانے ہی خالد باصواب / پایا پیغمبر سے سیف اللہ خطاب
اور فرمائے رسول محترم / ہو گئے دو ہاتھ جعفر کے قلم
اسکے دو ہاتھونکے بدلے میں خدا / اسکو دو پر اپنی قدرت سے دیا
وار جنت میں جہاں چاہے وہاں / وہ کرے پرواز ہر آن و زماں
پس اسیدن سے ہوا ای باادب / جعفر طیار جعفر کا لقب
پس اتر منبر سے شاہ انبیا / گھر کو جعفر کے ہوئے ذوق فزا
اسکی بی بی جو تھی اسما فاضلہ / فاضلہ تھی صالحہ اور عاقلہ
غسل دے بچونکو اور بہتر لباس / عطر دے پہنائی تھی وہ حق شناس
شاہ دیں کرنے لگے ہیں انکو پیار / اور وہیں رونے لگے بے اختیار
پوچھی وہ کیا ای شہ جن و بشر / پاس سے جعفر کے کچھ آئی خبر
سرور عالم نے فرمایا کہ ہاں / آج ہی پایا شہادت بیگماں
سنکے یہ اسما وہیں رونے لگی / اپنے منہ کو اشک سے دھونے لگی
جمع آئیں عورتیں اکثر وہاں / اپنے گھر آئے امام انس و جاں
فاطمہ رونے لگی ہے زار زار / شہ دیئے اسکو تسلی باوقار
حکم فرمائے کہ اب جعفر کے گھر / بھیجیو کھانا پکا کر جلد تر
تھوڑے عرصہ میں خالد بن ولید / فتح کی لایا ہے یعلی نے نوید
شاہ فرمائے کہ لشکر کا بیاں / میں کروں یا تو کرتا ہی عیاں
وہ کہا اب آپ ہی کیجے بیاں / پس کہے تفصیل سے شاہ جہاں
تب کہا یعلی خدا کی ہے قسم / یا نبی سچ ہے سب بیش و کم
آپ حال جنگ کچھ چھوڑے نہیں / تب کئے ارشاد ختم المرسلیں
حق کیا رفع حجاب رحمٰن تب / دیکھتا ہی تھا میں وہ احوال سب
فوج جب پہنچی مدینے کے قریب / آئے استقبال کو حق کے حبیب

غزوہ ذات السلاسل

اور جمادی الاخرہ میں باشرف / فوج یک ذات السلاسل کیطرف
بھیجے بہر جنگ سالار بشیر / تھا عمر بن عاص تب اسکا امیر
حقتعالی نے ظفر اسکو دیا / پس مدینے کو وہیں رجعت کیا
اور رجب میں بو عبیدہ نیکذات / تین سو اصحاب کو لے اپنے سات
جہینہ کے قوم پر از بہر جنگ / حکم سے شہ کے گیا ہی بیدرنگ
یہ خبر سنکر ہوئے تھے وے فرار / لوٹ آیا سن کے وہ عالی وقار
اس سفر میں غازیوں کے تئیں سبھی / آہ کھانے کی بڑی تصدیع تھی
نحر کر نو اونٹ کو اسواسطے / انکو کھلوایا ہے ابن سعد نے
بحر سے یک آئی ماہی کلاں / کھائے پندرہ روز اسکو مومناں
اور شعبان میں بنی غطفان پر / لیکے پندرہ غازیوں کو سربسر
بو قتادہ جا کیا ہے کارزار / مر گئے جینا اور ہوئے بعضے فرار
جانور اس قوم کے اور عورتیں / مومناں لائے جو پائے لوٹ میں
ہوئے کئے تقسیم پونچھن جب / پایا ہر غازی ہی پندرہ اونٹ تب
اور رمضاں میں ابی حدرد کے سات / شخص دو دیکر رسول کائنات
بھیجے غابہ کو رفاعہ کے اپر / جنگ چہتا تھا رفاعہ بدگہر
وقت شب جا کر ابی حدرد بہ تیغ / کاٹا ہی سر اس شقی کا بیدریغ
اور یہ تینوں شخص اسکی قوم پر / حملہ فرمانہ کئے جب سربسر
بھاگ گئے وے اور انکے ولد و زناں / مال و زر بھی لوٹ لائے مومناں
اور یہ رمضاں میں و شاہ دیں / فتح مکہ کے ہوئے عازم یقیں

فتح مکہ معظمہ

یہ سبب اس کا ہوا اے باصفا　آ گئے جب صلح حدیبیہ ہوا
شرط یہ بھی تھی لکھی اس صلح میں　جسکے ذمے میں جو چاہتے ہوں رہیں

بولے ابنائے بکر اس طرح تب　ہم قریشوں کے رہیں ذمے میں اب
اور کہی قوم خزاعہ کا کلام　ہم رہیں ذمے میں حضرت کے تمام

اور رہیں با یک دگر با اتحاد　ایک دوسرے سے نہ رکھے کچھ عناد
ایک ابنائے بکر سے بےحیا　ہجو یکدن شاہ عالم کی کیا

ایک خزاعی منع ہی اسکو کیا　لیک باز آیا نہیں وہ بےحیا
ایک اسے مارا خزاعی اسقدر　کہ ہوا مجروح منہ اور اس کا سر

قوم ابنائے بکر سب زشت کیش　جا مدد چاہے ہیں از قوم قریش
پس قریشوں سے جماعت ایک تب　منہ کو اپنے ڈھانپ لیکر وقت شب

جنگ جا قوم خزاعہ سے کئے　بیس شخص اس قوم کے مارے گئے
اور قریشی لوگ سمجھے تھے یہی　وقت شب ہمکو نہ پہچانے کوئی

جتنے اس شب یہ خبر حضرت کو دی　عائشہ سے صبح کو بولے نبی
کہ کئے تھے عہد جو ہمسے قریش　کل کی شب وہ توڑنے میں آئے پیش

بیس خزاعی شخص چالیس اک میں　آ گئے فریاد نزد شاہ دیں
شہ یہ سنتے ہی خفا ہو کر اٹھے　اور چلے چادر کو اپنی کھینچتے

کہتے تھے یاری دو دن ہمکو اگر　میں دیئے جاؤں نہ یاری سر بسر
اور دلاسا دلبری دے انکو سب　اذن رخصت انکو فرمائے ہیں تب

اور پشیماں ہو قریش پر ہراس　بھیجے بوسفیان کو تب حضرت کے پاس
تا کرے وہ معذرت جا شاہ سے　صلح اور ایماں نئے سر سے کرے

صلح پہلی وہ جو تھی دس سال کی　اسکے بدلے کچھ بڑھا دیں اور بھی
پہنچا بوسفیاں مدینے میں جو آ　پہلے گھر ام حبیبہ کے گیا

کہ وہ دختر تھی ابو سفیان کی　اور تھی زوجہ شہ اکوان کی
فرش سرور کا تھا اسکے گھر بچھا　چاہا بوسفیاں کہ بیٹھے اسپہ جا

وہ لپیٹی جلد آ وہ فرش تب　پوچھا اے بیٹی لپیٹی کیا سبب
بولی یہ فرش شہ لولاک ہے　اور یقیں تو مشرک ناپاک ہے

فرش یہ ہرگز تجھے لائق نہیں　وہ گیا یہ سنکے ہو کر خشمگیں
جا کیا پس عرض سرور کے جناب　شہ رہے خاموش نا دے کچھ جواب

پس ابوبکر و عمر حیدر کے پاس　فاطمہ سے بھی کیا یہ التماس
تا سفارش وے کریں نزد رسول　پر نہیں ہرگز کئے کوئی قبول

پس وہ بے امید مکے کو گیا　یہ خبر سارے قریشوں کو دیا
جبکہ رجعت کی ہے بوسفیان نے　شہ یہاں لشکر کی تیاری کئے

جمع آئے غازیاں بارہ ہزار　پس چلے مکے کو تھے سب روزہ دار
اس سفر میں ام سلمہ کے سوا　دوسری بی بی کو نہ حضرت نے رکھا

پر کدید آ کر گئے ہیں جب نزول　تب کئے افطار روزے کو رسول
اور صحابہ کو دیئے سب اختیار　کہ کریں افطار یا ہوں روزہ دار

صوم اور افطار ہر دو بیگماں　ہے روا اینک سفر کے درمیاں
ذوالحلیفہ کو وہ جب پہنچے ہیں آ　آ وہاں عباس حضرت سے ملا

کر کے وہ آتا تھا ہجرت باکمال　اور اسکے ساتھ تھے اہل و عیال
شہ کہے تیری یہ ہجرت ہے اخیر　جسطرح میری نبوت ہے اخیر

اور فرمائے تو ہمراہ رہ مرے　اور مدینے کو علائق بھیج دے
ابن حارث ابن عم مصطفے　اور جو عبد اللہ پھپیرا بھائی تھا

یہ بہت ایذا دیئے تھے پیشتر　آ وہاں ایمان ہر دو لائے ہیں
ام سلمہ کی سفارش سے مگر　شہ کئے انکی خطا سے درگذر

نقل ہے تب ابن حارث کر چلا — آگے حضرت کے نہ سر اوپر گیا
خبر کہ مغرب میں جب سورج گیا — آگ تاروں کی فلک سلگا دیا
حکم لوگوں کو کئے شاہ عرب — ایک چولا ہر نفر سلگا دے اب
بے خبر تھے شہ کے آنے سے قریش — لیکن آنیکا خطر تھا انکو بیش
تب ابوسفیان بدیل و ہم حکیم — تینو عازم ہو مدینے کے بہم
دیکھ ان چولوں کو حیران ہو گئے — اور بہت خاطر پریشاں ہو گئے
چاہا بھیجے مکے والوں کو پیام — کہ یہاں پہنچے ہیں سالار انام
آیا تھا لشکر سے باہر باوقار — اس ارادے سے ہو خچر پر سوار
تجھ پہ ہو قربان مرے مادر پدر — کہدے ای ابوالفضل اب کیا ہی خبر
اپنے پیچھے اسکو خچر پر بٹھا — فوج میں عباس لیکر جب چلا
حکم لے تا قتل کر دیں جلد تر — جلد تر عباس بھی تب پہنچکر
قتل کرنا اسکو چہتا ہے عمرؓ — بخشدیجے آپ اسکو لطف کر
پس ہوا رخشاں فلک پر جبکہ نور — کفر کی شب لی ہو بس یہاں سے دور
ای ابوسفیان فرما ہوش میں — کیا ابھی وہ وقت بول آیا نہیں
بولا ابوسفیان ای شاہ ہدا — آپ پر ماں باپ میرے ہوں فدا
دشمنی کی آپسے گو ہمنے بیش — عفو سے پر آپ یوں آئے ہو پیش
پھر کئے ارشاد اسکو یوں نبی — کیا نہیں وہ وقت آیا ہی ابھی
وہ کہا اسمیں ابھی شک ہی مجھے — اسطرح عباس تب بولے اسے
اب رسالت کی بھی تو تصدیق کر — ورنہ تجکو قتل کرتا ہے عمرؓ
کہ ابوسفیان ہے عزت طلب — اسکو کچھ عزت عطا فرماؤ اب
جو کہ بیت اللہ میں داخل ہوا — اور ابوسفیاں کے گھر میں جو گیا
جانا چاہا گھر کو بوسفیان تب — مصطفے عباس سے فرمائے تب
حضرت عباس نے لے با صفا — اسکو بٹھلایا لیجا یک تنگ جا

مرظہراں کو جو پہنچے آرسولؐ — اپنے لشکر کو کئے حکم نزول
چو طرف اڑنے لگی چنگاریاں — اور دھویں سے ہوئی اندھیری جہاں
پس ہوئے جب سلگائی چولی دہ ہزار — ہوگیا روشن بیاباں بے شمار
چاہیے اپنی پہنچے بالضرور — بھیجے بوسفیاں کو حضرتکے حضور
مرظہراں میں جو آ دیکھے شتاب — کہ وہاں سلگے ہیں چولے بیحساب
کہتے ہیں عباس اس شب لے بسر — کر قریشیوں پر شفقت کی نظر
جلد آ تم شاہ سے لیو پناہ — ورنہ تم ہوجاؤگے بیشک تباہ
رہ میں سن آواز بوسفیان کا — ہی پکارا وہ جواب ایسا دیا
تب کہا عباس اب شاہ جہاں — فوج لے آئے ہیں تو آلے اماں
دیکھتے ہی اسکو فاروق گزیں — تیغ لے دوڑے حضور شاہ دیں
یوں لگے کہنے ای رسول الہ — میں ابوسفیاں کو لایا بے پناہ
شاہ فرمائے تو اسکو اب لیجا — صبح کو مجہ پاس حاضر کر تو لا
لیگیا عباس اسکو شاہ پاس — اسکو فرمانے لگے سالار ناس
کہ کرے تصدیق تو یکتائی قبل — ہی جہاں کا ایک معبود جلیل
حلم و بخشش آپ کی کیا ہی عجب — آپ پر ہی صلہ رحمی ختم اب
اب میں سچ جانا ہوں ولیکن یکتاں — ایک ہی بے شبہ معبود جہاں
کہ مجھے جانے یقیں حق کا رسول — میں جو کہتا ہوں کرے سب وہ قبول
وای تجہ پر ای ابوسفیان اب — کھو نہ ہرگز دولت ایمان اب
وہ پڑھا تب کلمۂ طیبہ ہیں — یوں کہا عباس تب ای شاہ دیں
تب کئے ارشاد شاہ دو جہاں — ہم دیئے ہیں چار شخصوں کو اماں
ڈالے جو ہتھیار اپنے جلد تر — اور رہے جو گھر میں در کو بند کر
کہ لیا اسکو بٹھا اک تنگ جا — تا وہ دیکھے خوب یہ فوج خدا
پہلے گزرا خالد عالی وقار — تھا زیاں بھی ساتھ اسکے یکہزار

پیغمبر اور غازیاں حضرت کا طرف مکے کے پہنچنا

جلد ہئے تکبیر کہتے وے ہم
ساتھ اس ٹکڑی کے تھی تب وہ علم

کہتے تھے تکبیر وے سب غازیاں
اس رسالے میں سیہ تھا یک نشاں

پھر نبی کعب سکے بعد از جلد ہئے
وہ تمامی پانسو اسوار تھے

بعد انکے مزینہ سے یک ہزار
سہ نشاں لے آئے ہیں دوان کار

قوم سے اشجع کے انکے بعد از ایں
تین سو گرزے قوی تن پہلواں

ماہ کے اطراف ہوں جوں اختراں
شاہ کو گھیرے تھے یوں وے پہرال

انکی تکبیر ونکی آوازوں سے جہاں
پس لرزتے تھے زمیں و آسماں

رعب سے اس لشکر حق کے لعیں
ہو گیا حیران بوسفیان وہیں

وہ کہا افسوس تجھ پر ای فلاں
یہ نبوت ہی نہیں شاہی ہی جاں

نا وے لا ایماں اب لیویں پناہ
ورنہ سب ہو جائینگے بیشک تباہ

پس کمال فرح و عز و شان سے
شاہ عالم داخل مکہ ہوئے

آہ جو انکا سہے میں ظلم و جور
اور جاکر جو رہے در غار ثور

تھوڑے عرصہ میں ہی پھر رب کریم
جو کہ با ایں شوکت و شان عظیم

پس بہ پیش عظمت پروردگار
سر جھکائے یوں بعجز و انکسار

شکر کا سجدہ وہیں لائے بجا
اور کئے حمد و ثنا حق کی ادا

پھر لگے پڑھنے کو خوش الحان سے
غلبۂ شوق و سرور جاں سے

آفتاب نور ایماں سربسر
کس طرح اس روز ہوگا جلوہ گر

کیا رہیگا حال اسدن شاہ کا
سید کونین عالی جاہ کا

مجھکو کعبہ تک لیجا کر بانیاز
حج مبرورہ سے کرتے سرفراز

مرظہران سے غرض شاہ عرب
شہر مکے کا کئے ہیں قصد جب

ہووے نازل اب تجھ نہیں جلد جا
اور کرے وہاں خاص ڈیرہ کو کھڑا

بطن وادی سے روانہ کر دیئے
اور ایسا حکم خالد کو دیئے

جاکے پس خالد کھڑا با عز و شاں
عکرمہ لے چند شخص آیا وہاں

بعد آیا ہے زبیر ابن العوام
پانسو لے غازیوں کو ای ہمام

پس بوذر لیکے آیا ہی نشاں
ساتھ اسکے تین سو تھے پہلواں

تھا علم بردار انمیں ای خبیر
ابن سفیان نام ہی جس کا بشیر

بعد ازاں فوج جہنیہ ہشت صد
چار جھنڈے لیکے گذرے باخرد

پس ہوئے رونق فزا شاہ جہاں
غازیاں ہمراہ تھے سب نیزہ داراں

مہ تاباں وہ رسالت کا ہمام
اور ستارۂ ہدایت کے تمام

مصطفےٰ اقصوا پہ اپنے تھے سوار
پڑھتے تھے انا فتحنا آشکار

بولا ای عباس کیسی منجلی
سلطنت تیرے بھتیجے کو ملی

پس ابوسفیاں کو بولا جلد تر
جاکے تو مکے میں اب دے یہ خبر

جا ابوسفیاں کہا تب ایمیاں
چار شخصوں کو دیئے ہیں شہ اماں

یاد وہ حالت کئے تب ناگہاں
جو دیئے تھے رنج آگے کافراں

کربت و غربت میں جو ہجرت گئے
چھوڑ کر مکہ مدینے کو گئے

اور با ایں لشکر و جاہ و جلال
داخل مکہ کیا بقیل و قال

اونٹ کے پالان کے تب لکڑی سے جا
شاہ عالم کا مبارک سر لگا

سورۂ انا فتحنا فرحمند
شاہ با ترجیع و آواز بلند

اللہ اللہ کیا مبارک ہوگا وہ روز
کیا معظم وقت ہو وہ دلفروز

اور شب دیجور پر کفر و ضلال
کس طرح ہو مضمحل اور پائمال

یا الٰہی ہمکو اس روز کے
یمن سے اس ساعت فیروز کے

حرمت کعبے سے پھر ای دادگر
کر زیارت سے نبی کے بہرہ ور

حکم فرمائے ہیں یوں تب بزبیر
ایک ٹکڑی لے مہاجر کی بخیر

اور لیے ہتھیار لوگوں کو بھی
دی ابن الجراح کے ہمرہ نبی

کہ کدا میں جاکے کر جھنڈا کھڑا
اور مت لڑنا کسی سے اولا

گرچہ خالد جنگ سے تب باز تھا
پر انہیں لوگوں نے کی جب ابتدا

عہ یہ دعای
مصنف اجابۃ
پہنچی کہ ۳ رجب
عازم حرمین شریفین
اور بمنزل مدینہ منورہ
میں رحلت کی
سنہ ۱۳

ہو کے تب تیار خالد بیدریغ — سر پر انکے چلایا اپنی تیغ
بیس تن مارے گئے انکا فراں — اور شہادت پائے ہیں دو مومناں

جب سنے ہیں یہ خبر شاہ انام — جلد تر خالد کو بھیجے یہ پیام
کہ اے خالد رکھ تو ان لوگوں سے تیغ — جا کہا قاصد کہ انہیں رکھے تیغ

پھر لگا جب مارنے وہ بیگماں — ہو گئے مقتول ستر کافراں
شاہ خالد کو بلا غصہ کئے — وہ کہا قاصد نے یوں بولا مجھے

بعضے تفسیروں میں ایسا ہی لکھا — شاہ جب پوچھے وہ قاصد کو بلا
عرض کی قاصد نے ای شاہ ہدا — شخص ایک راہ میں مجھ سے ملا

آسماں سے جا لگا تھا انکا سر — وہ کہا اسطرح مجھ کو سر بسر
بول خالد کو رکھے تا انہیں تیغ — ورنہ تجکو مار ڈالوں بیدریغ

شاہ فرمائے کہ سچا ہے خدا — اور سچا ہے نبی اللہ کا
کہ احد میں جب ہوئے حمزہ شہید — مینے تب بولا تھا از درد شدید

جب قریش پر ظفر پاؤنگا میں — انسے ستر شخص کو مارونگا میں
تب تو مجکو منع فرمایا خدا — آج ہی اس امر کو ظاہر کیا

الغرض بعد اسکے شاہ دو جہاں — جب ہوئے داخل حرم کے درمیاں
خلق کی کثرت بڑی تھی دو طرف — پس سواری سے بجا لائے طواف

اور بوسہ حجر اسود کو دیئے — فرح سے تکبیر بھی کہنے لگے
شہ کی تبعیت سے اصحاب کبار — سب لگے تکبیر تب کہنے پکار

یوں مچائے ہیں وہ تکبیروں کا غل — بلبلاں جسطرح گلشن میں ہے گل
انکے تکبیروں کے آوازیں بلند — پہنچے ہوں تا آسماں ای ارجمند

جبکہ تکبیروں سے یہ غل ہو گیا — شہر مکے میں تزلزل ہو گیا
کافراں سب چڑھ پہاڑوں کے اوپر — تھے بہت لرزاں یہ حالت دیکھ کر

کر ادا حضرت طواف و استلام — جب ہوئے ہیں داخل بیت الحرام
تین سو ساٹھ ہاں تھے بت کو سر بسر — شیشہ سے محکم کئے تھے درز میں

یک عصا تھا ہاتھ میں اس شاہ کے — وہ دکھا ایک بت کو یہ آیت پڑھے

جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

آیا سچ اور بھاگا جھوٹھ بیشک جھوٹھ نکل بھاگنے والا ہے

جبکہ یہ آیت پڑھے ہیں شاہ دیں — دی بتاں سب گر پڑے ہیں بر زمیں
سب بڑے بت کو تھے سرائے اوّلا — جیسے اساف و ہبل اور نائلہ

نائلہ اساف جو تھے دو بتاں — قصہ نادر ہے انکا ہی تو جاں
در زمان جاہلیت ای زکی — قوم جرہم کی جو آ مکے میں تھی

کہتے ہیں بے شبہ انہی قوم کے — وے بتاں دو مرد و زن بدکار تھے
آ کے کعبے میں کئے ہر دو زنا — سنگ کر ڈالا تبھی انکو خدا

پس حمایت سے قریش اپنے یقیں — پوجا کرتے تھے وے دونوں کو تئیں
توڑتے ہی انکو یک بت سے تبھی — ایک زن نکلی ہے کالی خوں بھری

بولے حضرت نائلہ ہے بس یہی — پھر ابد تک وہ نہ پوجی جائیگی
اور ہبل جو بت بڑا تھا تیسرا — توڑ کر اسکو گرائے بر ملا

تب زبیر ابن العوام با صفا — یوں ابو سفیاں کو شرمندہ کیا
کہ احد کے دن ہو نازاں کر غل — تو کہا اعلی ہبل اعلی ہبل

ای ہبل غالب ہوا و سچا ہوا — دیکھ تو اب وہ ہبل نیچے گرا
تھے بتاں بعضے بلندی میں بڑے — الغرض تو نکو توڑ دینے کے لئے

عرض کی حضرت سے یوں کرار نے — حیدرہ میرے کندھوں پہ انکو توڑیئے
شہ کہے بار نبوت کو مرے — اب اٹھانے کی نہ ہو طاقت تجھے

بلکہ تو اب چڑھ کے میرے دوش پر — توڑ دے ان سب بتوں کو جلد تر
حسب فرماں چڑھکے بر دوش نبی — مرتضی توڑے بتوں کو تبھی

پوچھے اس حالت میں اس کو مصطفی — کیا ہے تیرا حال حیدر نے کہا
آپ کو پاتا ہوں یوں کہ سر مرا — بالیقیں عرش بریں سے جا لگا

حسطرف میں ہاتھ کرتا ہوں دراز	ہاتھ اب لگتا ہی وہ آکر فراز
کہ اٹھایا ہوں خوشا میں بار حق	اور بجا لاتا ہی تو یہ کار حق
یعنے حامل ہوں ترا بہر خدا	ور تو کرتا ہی کار حق ادا
اسکا بعضے عالموں نے یہ سبب	ہی لکھا قرآن میں فرمایا جو رب
موجب اس آیت کے ہیں جتنے بتاں	جبکہ دوزخ میں ہی جلنا ہی یہاں
اسلئے ہر بت اشارے سے گرا	ہاتھ سرور کا نہیں ان کو لگا

روایت

اور حرارت سے بہت آتش کی جب	ہوگیا تھا گرم تن بی بی کا تب
چند ڈالے روٹیاں ز دست خاص	نکلے کچے ہی وہ سب با اختصاص
کہ ہمارا ہاتھ جس شئی کو لگے	آگ ہرگز نا جلاویگی اُسے
الغرض اصنام کو توڑوا سبھی	جا ہے ہیں کعبے میں جب جانا نبیؐ
اسکے ہی اجداد مدت سے دراز	مالک اس کنجی کے تھے با امتیاز
باپ دادے ۱۲	
بولا گر کنجی نہ دیگی تو مجھے	تیغ سے اب قتل کرتا ہوں تجھے
اپنے دست پاک سے خیر البشرؐ	جلد تر کھولے ہیں تب کعبے کا در
یوں کہا عثمان طلحہ پیش ہیں	جاہلیت میں یہ عادت تھی لقیں
حکم یکدن شہ کئے تھے میرے تیں	کھول کعبہ تا کہ اندر جاویں
یک جماعت ساتھ تھی اصحاب کی	مجکو تب اسطرح فرمائے نبیؐ
حسکو چاہوں ونگا میں اسکو ہی تب	میں یہ سنکر تب لگا کرنے عجب
پس بروز فتح کنجی میں نے لا	خدمت عالی میں جب حاضر کیا
لے یہ کنجی تمسے تا روز جزا	کوئی نا لیویگا ظالم کے سوا
حسکو چاہوں اسکو دونگا بالیقیں	میں کہا ہاں ای امام المرسلینؐ
سر بکر ریہ شہادت اسکی ہاں	معجزہ یہ دیکھنے سے ہی تھی جاں
نقل ہے عباس نے شہ سے کیا	یا نبیؐ کنجی مجھے کیجے عطا

تب علیؑ سے یوں کہی سالار دیں	کیا مبارک وقت ہی یہ بالیقیں

نکتہ

مرتضی کو اپنے کھندو پر چڑھا	ان بتوں کو جو توڑائے مصطفے

اِنَّکُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ حَصَبُ جَھَنَّمَ

سورہ انبیاء

گر لگے حضرت کا انگو دست پاک	کیوں جلا دیگی انہیں دوزخ کی آگ
اور کعبے میں بتاں تھے دوسرے	انکو توڑوائے علیؓ کے ہاتھ سے
ایکدن زہرا کے گھر آئے رسولؐ	روٹیاں سالم پکاتی تھی بتولؓ
چاہے از راہ کرم شاہ جہاں	ہاتھ سے اپنے پکائے روٹیاں
دیکھ یہ حیراں ہوی بی بی ہیں جب	شہ کہے ای فاطمہ مت کر عجب
یوں ہی چاہا ہے خداوند کریم	پاک ہے وہ اسکو ہے شان عظیم
بولے عثماں ابن طلحہ کو بلا	کہ تو کنجی جلد اب کعبے کی لا
جاکے وہ کنجی کیا ماں سے طلب	وہ نہیں راضی ہوی دینے کو تب
اسنے دی ناچار کنجی بالضرور	وہ کیا حاضر نبی کے حضور

روایت

پیر و پنجشنبہ یہ دو دن کے سوا	کھولتے تھے ورنہ بیت اللہ کا
میں کیا سختی نہ کھولا زینہار	صبر فرمائے رسولؐ نامدار
ایکدن عثمان ایسا آئیگا	مجکو تو کنجی کا مالک پائیگا
پر یہ سمجھا تھا کہ شاہ انس و جن	ہوونگے کعبے کے مالک یکدن
شاہ لیکر پھر دیئے واپس مجھی	اور فرمائے مجھے اسطرح سے
یاد کر میں جو کہا تھا تیرے تیں	اسکا مالک یکدن ہوونگا میں
شاہدی دیتا ہوں اب بھی ہو نبیل	آپ سچے ہیں لقیں حقکے رسولؐ
ورنہ بیشک فتح مکہ وہ بھی آ	ساتھ خالد کے مسلمان ہوگیا
ہوں سقایت ہم ہیں کعبے کی آ	یوں سدانت بھی ہیں کرتا ہوں طلب
پلانی پلانا ۱۲	خدمت ۱۲

کعبے کے بتاں ٹوٹنا

حضرت کا دست مبارک جس شئے کو لگے اوس پر آتش کا اثر نہونا

کنجی کعبہ کی بدستور عثمان کو عنایت ہونا

کنجی وہ منگوا کے پھر عثمان سے
مصطفےٰ عباس کو بخشش کرئے

تب یہ آیت پائی ہی شرف نزول
تا اسی کو دیوے وہ کنجی رسول

إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ أَنْ تُؤَدُّوا الْأَمَانَاتِ إِلَىٰ أَهْلِهَا

سورۂ نساء — اللہ حکم کرتا ہے تم کو کہ پہنچا دو امانتیں امانت والوں کو ۱۲

شاہ حیدرؓ کو کہے جا جلد تر
کنجی یہ عثمان کو دے اور عذر کر

پوچھا عثمانؓ نے کیا ہے کہہ اسکا سبب
مرتضیٰ بولے اسے از با ادب

کہ تمہاری شان میں رب العلا
آیت قرآں بھی نازل کیا

پس کہا جبریل نے تا روز قیام
گھر میں عثماں کے رہے کنجی مدام

کہتے ہیں عثمان تھا وہ لاولد (بے اولاد ۱۲)
بھائی تھا ایک اسکا شیبہ پرخرد

پس وہ مرتے وقت پر ای صفا
ہاتھ میں شیبہ کے وہ کنجی دیا

اسکے ہی اولاد میں ہے وہ ابھی
مشتہر شیبی سے ہی ہیں وہ سبھی

دیر تک کعبے میں پھر شاہ ہدا
باتضرع حق سے مانگے ہیں دعا

انبیا کے اور ملک کے صورتاں
جو تھے دیواروں پہ لکھے کافراں

حکم سرور سے مٹائے سب عمرؓ
اور دو تصویر وہ چھوڑے مگر

ایک تھی تصویر ابراہیم کی
اور اسمٰعیل کی تھی دوسری

کافراں پانسے دیئے تھے انکو ہاتھ
دیکھ فرمائے وہ شاہ کائنات

کہ کرے کفار پر لعنت خدا
کہ دیئے پانسے بدست انبیا

دی تو پانسوں سے بہت بیزار تھی
پانی پس منگوا کے دھلوائے اسے

کہتے ہیں وے ہر دو تصویریں نکال
دفن کروائے رسول ذو الجلال

الغرض اسوقت بیت اللہ میں
جا بجا منقوش تھے جو صورتیں

کعبۃ اللہ پاک جب اُن سے ہوا
لائے تب تشریف اندر مصطفےٰ

اور نماز با خشوع کرکے ادا
دیر تک مانگے تضرع سے دعا

پس کھڑے ہو کر پکڑ کعبے کا در
حاضر خدمت تھا خالد باوقر

اژدہام خلق کو خالد ضرور
کرتا تھا کعبے کے دروازے سے دور

اور پڑھتے تھے بآواز بلند
لا الٰہ جندہ تک فرحمند

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ صَدَقَ وَعْدَهُ وَنَصَرَ عَبْدَهُ وَهَزَمَ الْأَحْزَابَ وَحْدَهُ وَأَعَزَّ جُنْدَهُ

نہیں کوئی معبود بندگی کے لائق مگر اللہ وہ ایک ہی نہیں کوئی شریک اسکا سچ کیا اللہ تعالےٰ وعدہ اپنا اور مدد کی اپنے بندے کی اور شکست دی کفار کے گروہوں کو آپ اکیلے ۱۲

حضرت کا سب قریش کو بخشش سے سرفراز فرمانا

اور صنادید قریش دلفگار
سب کھڑے تھے خائف و امیدوار

حکم کیا ہوتا ہے اپنے باب میں
بیقراری سے تھے پیچ و تاب میں

انکو فرمائے ہیں تب شاہ جہاں
بولو کیا رکھتے ہو تم مجھسے گماں

بولو اوس نے کیا کرونگا تم کو اب
دست بستہ ہو گئے دے عرض تب

کہ گمان خیر ہی رکھتے ہیں ہم
آپ سے ہے شبہ ای بحر کرم

بخشنے والے ہو بھائی سربسر
بخشنے والے برادر کے پسر

آپ بیشک ہیں کریم ابن الکریم
اور ہیں قادر ہے یہ با شان عظیم

انکو تب اسطرح فرمائے نبی
میں تمہارے حق میں کہتا ہوں ہی

یوسف صدیق وہ بھائی مرا
باہمیں اپنے جو بھائیوں کے کہا

از رہ اشفاق و الطاف اعم
تب یہ آیت کو پڑھے شاہ امم

لَا تَثْرِيبَ عَلَيْكُمُ الْيَوْمَ يَغْفِرُ اللّٰهُ لَكُمْ (سورۂ یوسف)

کچھ ملامت نہیں تم پر آج کے دن بخشے اللہ تم کو ۱۲

پس کہا ہی سب کو تم آزاد ہو
میں نے بخشا جاؤ تم اب شاد ہو

آپکی رحمت پہ ای شاہ جہاں
دو جہاں قربان ہر آن و زماں

دشمنوں کو بھی اماں یوں دیوے جب
دوستاں رحمت سے ہوں محروم کب

پس فصاحت اور بلاغت سے وہیں
خطبۂ غرّہ پڑھے یک شاہ دیں

جاہلیت کے جو تھے عادات شوم
منع فرمائے وے عادات اور رسوم

ام ہانی کے مکاں کو بعد جا
غسل فرما کر گزارے ہیں ضحیٰ

بعد اسکے اپنے ڈیرے میں گئے
استراحت بھی وہاں تھوڑی کیے

پس اذاں ٹھہرای فرخندہ فال
بام کعبے پر دیا جب کر بلالؓ

یہ بھی کیا وقت معظم ہوئیگا
کیا مقدم کیا مکرم ہوئے گا

بلال رضہ کے واسطے آیت نازل ہونا

یہ اذاں پہنچی ہو تا عرش بریں / عرش سے بھی بلکہ گزری ہو یقیں — من سے اسوقت کے ای اوگر / ہمکو ثابت رکھ سدا اسلام پر

کلمۂ اسلام تا روز جزا / رکھ بلند آواز ہر دم ہر جگہ — جب اذاں بولا بلال با صفا / اسکو بعضے مشرکوں نے بد کہا

اور نسب کی اسکے بھی توہین کی / جاہلیت میں یہ عادت تھی بری — کہ وے اپنے باپ اور دل پر آیا / جہل سے کرتے تھے کبر و افتخار

کرتے تھے دوسرونکی تحقیر نسب / آیت قرآں ہوئی نازل یہ تب — يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُمْ مِنْ ذَكَرٍ وَ

أُنْثَىٰ وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا إِنَّ أَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللَّهِ أَتْقَاكُمْ

یعنے لوگوں کو ہم پیدا کئے / اصل میں یک مرد و زن سے جانئے — یعنے آدم اور حوا سے سنو / پدر و مادر جب سبھونکے ایک ہو

پس تمھیں اپنے نسب پر فخر و ناز / عیب دوسرونکے نسب پر نہیں جواز — اور تمہیں شعبے قبیلے جو کئے / ہمنے جانو یہ بھی ہے اک اصل سے

ہے فقط وہ بھی پہچانت کیلئے / وہ نہیں ہے جاہ و عزت کیلئے — ہاں معزز تمسے نزد کردگار / ہے وہی جو ہے بڑا پرہیزگار

جو بہت ڈرتا ہے حقکو صبح و شام / ہے اسیکو پاس حقکے احترام — پس کرو تقوی کو لازم آپ پر / فخر ہرگز مت کرو ماں باپ پر

معجزہ

الغرض سنکر اذاں جو کافراں / ناسزا باتیں کئے تھے در نہاں — پاس حضرت کے تبھی آ جبرئیل / کر دیئے ظاہر انہونکے قال و قیل

شاہ بلوا کر انہیں پوچھے ہیں جب / ہو گئے اسوقت شرمندہ وے سب — معجزہ یہ دیکھکر از شاہ دیں / یک جماعت لائی ہے ایماں ہیں

عورات سے بیعت لینی

آئے ہیں کوہ صفا پر بعد ازاں / تب نظر آنے لگا کعبہ وہاں — تب اٹھا کر شاہ دیں دست دعا / شکر نعمت کا وہاں لائے بجا

پھر رکھے تشریف شاہ بحر و بر / خدمت عالی میں تھے حاضر عمر — وہ قریشی مرد و زن یک یک کو لا / شہ سے کرواتے تھے بیعت برملا

بیعت عورات میں شاہ جہاں / تب فقط لیتے تھے اقرار زباں — ہاتھ میں انکے نہیں دیتے تھے ہاتھ / یا کبھی دیتے تھے کپڑا انکے ہاتھ

اور دوسرے دن نبی خطبہ پڑھے / حرمت مکہ بیاں انمیں کئے — تا نکر بیٹھے وہاں کوئی کا ازار / کاٹنا نہیں جھاڑ نہیں کرنا شکار

اور رکھے ہیں جنگ پر مامور تھا / حشر تک پھر منع اول سا ہوا — منع وہ بھی شاہ فرمائے پیش / پر کئے اقدام اوباش قریش

ہو کے پس ناچار خالد بن ولید / جنگ تب انسے کیا ای با امید

بعضے لوگوں کا خون ہدر ہونا

ہدرہ اور ہدا کے زبر سے کسو خونریزی مباح ہونا ۱۲ غیاث

ملکیوں کو گرچہ بخشے تھے اماں / حقمیں پر بعضونکے تھا یہ حکم جناب — قتل کردیں جہاں پاویں انہیں / انمیں گیارہ مرد تھے چھ عورتیں

چار مرد عورات چھ مارے گئے / اور شرف ایمان کا باقی لئے — انسے ابن سعد ہے یک شخص جاں / پہلے وہ ایمان لایا تھا عیاں

بعد مرتد ہو کے بھاگا سر بسر / اور مسلمانوں کو ناحق قتل کر — خون مباح اسکا کئے تھے شاہ بس / وہ پنہ مانگا ہے جا عثماں کے پاس

اسکو عثماں نزد سالار جہاں / لا کے کروائے مسلماں و نہاں — دوسرا ہے عبد عزیٰ ای میاں / لایا تھا ایمان پہلے وہ بھی جاں

بعد مرتد ہو کے وہ مردود لیک / قتل کر انصاری کو بھاگا تھا ایک — وہ لعیں کعبے کے پردہ میں چھپا / قتل اسکو کر دیئے باہر لے آ

عکرمہ بوجہل کا تھا جو پسر / ہے شرارت گرچہ اسکی مشتہر — پر دیا توفیق آخر کارساز / بس سعادت کا وہ پایا برگ و ساز

عکرمہ بن ابوجہل کا ایمان لانا

شیخ علامہ سیوطی با صفا　　یہ خبر جمع الجوامع میں لکھا
خواب میں یکبار اپنے شاہ دیں　　لگئے تشریف اور خلد بریں
خوشہ یک خورمیکا یا انگور کا　　دست اطہر میں دیئے سرور کے لا
اور کہے یہ خوشہ ای محبوب رب　　ملک سے بوجہل کے ہی جان اب
بات یہ سنکر کے حضرت نے کہا　　خلد سے بوجہل کو نسبت ہی کیا
کہتے ہیں تاویل بھی اس خوابکی　　شاہ پر بالفعل نہیں ظاہر ہوئی
اسلئے شہ کو بڑی حیرت رہی　　بعد ازاں جب فتح مکے کی ہوئی
عکرمہ بوجہل کا بیٹا جو تھا　　آکے وہ اسلام میں داخل ہوا
تب کئے معلوم وہ حق کے نبیؐ　　کہ یہی تعبیر تھی اس خواب کی
فتح کے دن یک صحابی سعید　　ہاتھ سے اسکے ہوا تھا جب شہید
یہ خبر سن سکراتے ہیں نبیؐ　　پوچھے اسکا وجہ فرمائے تبھی
غیب کے عالم میں بتلائے مجھے　　سو ابھی ایسا نظر آئے مجھے
قاتل و مقتول ہر دو پر طرب　　ایک سر یکجا پکڑلے ہاتھ اب
جاتے ہیں جنت میں از فضل خدا　　اسلئے وہ دیکھکر ہی میں ہنسا
قصۂ اسلام اس کا طول ہے　　مختصر لکھتا ہوں جو منقول ہے
فتح مکہ جب ہوئی از فضل رب　　عکرمہ کو یہ خبر پہنچی ہے جب
کہ کئے ہیں خون مباح اسکا نبیؐ　　ڈرکے وہ مکے سے بھاگا ہی تبھی
اور یمن کا قصد کرکے دلفگار　　جاکے دریا پر ہوا کشتی سوار
ناگہاں دریا کو طغیانی ہوئی　　اہل کشتی میں پریشانی ہوئی
سب دعا کرنے لگے ہیں باخشوع　　درگہہ مولا طرف لائے رجوع
عکرمہ کو بھی کہے وہ جلد تر　　ای فلاں تو بھی خدا کو یاد کر
وہ کہا سمجھو محمد باشرف　　ہاں بلاتے جس خدا کے ہیں طرف
اس خدا کو ہی نکرنے یاد میں　　بھاگ کر آیا یہاں ناشاد میں
ناگہاں ایسے میں تب اسکی نظر　　جا پڑی کشتی کے بس یک چوب پر
کہ تھا اس لکڑی پہ یہ لکھا ہوا　　خوب سمجھا دیکھکر اسکو پڑھا

الآیۃ　وَكَذَّبَ بِهِ قَوْمُكَ وَهُوَ الْحَقُّ

گرچہ چاہا وہ مٹانا بار بار　　وہ نہیں لیکن مٹا ہی زینہار
دیکھتے ہی یہ ہوا ہی ای رشید　　یک تغیر اسکے باطن میں پدید
اسکی عورت جو کہ تھی ام حکیم　　پائی ہے ایمان سے شان عظیم
عکرمہ کی لیکے حضرت سے اماں　　پاس اسکے جاکے پہنچی ہے دواں
اور کہی اوسکو ای میرے ابن عم　　تجکو بخشے ہیں اماں شاہ امم
جب خبر اپنے اماں کی وہ سنا　　ہو بہت حیران یوں کہنے لگا
آہ کیا ہم رنج حضرت کو دیئے　　باوجود اسکے وہ کیا بخشا مجھے
اس سے تب کہنے لگی ام حکیم　　خلق میں ایسا نہیں کوئی کریم
چلئے اب ہمراہ میرے جلد تر　　شہ سے مل ایمان سے ہو بہرہ ور
عکرمہ ہمراہ عورت کے چلا　　اور کے پاس جب پہنچا ہے آ
یوں صحابہ سے ہیں فرمائے رسول　　عکرمہ آتا ہے ایماں کر قبول
کوئی اسکے باپ کو گالی ندو　　تا وہ نادم اور آزردہ نہو
الغرض وہ مرد و عورت پر ہراس　　آکے پہنچے خیمۂ سرور کے پاس
اسکی زن چہرہ پہ ڈالی تھی نقاب　　حکم لیکر آئی کی عرض جناب
عکرمہ کو جا بلا لائی ہوں اب　　حکم کیا ہوتا ہی ای محبوب رب
سنکے فرحت سے اٹھے ایسا نبیؐ　　کہ مبارک دوش سے چادر گری
اور فرمائے کہ اندر اسکو لا　　لائی وہ دیکھ اسکو شہ نے یوں کہا

مَرْحَبًا بِالرَّاكِبِ الْمُهَاجِرِ

پس لگے تشریف حضرت پر طرب　　عکرمہ بولا کھڑا رہ با ادب
کہ یہ زن میری کہی ای شاہ دیں　　آپ بخشے ہو اماں میرے تئیں

احوال ایمان لانے عکرمہ پسر ابوجہل کے

بولے حضرت ہاں ہاں تجکو دیا
عکرمہ کلمہ شہادت کا پڑھا
سر جھکایا ہے ندامت سے بہت
پیچ کھایا ہے خجالت سے بہت
بولا آپ اکرم ترین خلق ہو
حد نہیں ہے آپکے کچھ لطف کو
شاہ فرمائے کہ جو تو چاہے گا
جاہ گر قادر ہوں میں کردوں عطا
بولا اسنے آپ کی جو دشمنی
کی ہے اور تائید بھی کفار کی
آپکی غیبت میں ہوئے یا حضور
جو کہ گستاخی ہوئی مجھ سے صدور
یا نبی اب مانگئے اللہ سے
تا کرم سے اپنے وہ بخشے مجھے
سرور عالم اٹھا دست دعا
اسکی چاہے ہیں خدا سے مدعا
پھر کہا میں کفر کی تائید پر
آہ جو خرچا ہوں اپنا مال و زر
اب میں چاہتا ہوں کہ دونا اسکا مال
راہ حق میں خرچوں بہر ذوالجلال
اہل حق سے جو کیا تھا میں قتال
اہل باطل سے کروں دونا جدال
دین حق میں پس وہ ایسا ہی کیا
مال و زر خرچا بھی جان اپنی دیا
جب خلیفہ تھے ابوبکر رشید
ایک غزوہ میں ہوا ہی وہ شہید
دیکھئے پسر ابوجہل لعیں
پایا ہی کیا شرف ایمان و یقیں
یخرج الحی من المیت کی شان
سر بسر اس ماجرے سے ہی عیاں
اس سے حق راضی رہے صبح و شام
یونہی اصحاب پیمبر سے مدام

احوال ایمان لانا وحشی

اور وحشی قاتل حمزہ جو تھا
خون مباح اسکا کئے تھے مصطفے
مومناں خواہاں تھی اسکے قتل کے
وہ رہا طائف میں جا اس واسطے
بعد فتح مکہ آنحضرت کے پاس
جب وفود آنے لگے ہیں بے ہراس
وفد کہتے ہیں جماعت کے تئیں
جمع ہے لفظ وفود ای اہل دیں
وفد طائف کی بھی جب عازم ہوئی
جا مسلماں ہووے تا نزد نبیؐ
لوگ طائف کے کہے وحشی سے زود
کہ مسلماں ہوتے جاویں جو وفود
بخش دیتے ہیں انہیں شاہ انام
اور نہیں لیتے ہیں انسے انتقام
تو بھی ای وحشی ہمارے ساتھ آ
اور شہ کونین پر ایمان لا
پس وہ آیا ہی حضور شاہ دیں
اور پڑھا کلمہ شہادت کا وہیں
شاہ پوچھے تو نہیں وحشی ہے کیا
وہ کہا ہاں ای امام الانبیا
پوچھے پھر میرے چچا حمزہ کو آہ
تو کیا کیوں قتل کہہ بے اشتباہ
وہ کیا تب عرض سارا ماجرا
ہو بہت مغموم حضرت نے کہا
کہ ای وحشی رو برو میرے نہ آ
اور منہ اپنا تو مجھکو مت دکھا
کیونکہ تجھکو دیکھنے سے جلنے
یاد آوے حالت حمزہ مجھے
آگے پس شہ کے نہیں آتا تھا وہ
اور پیچھے ہی سدا رہتا تھا وہ
ایک روایت عم خیر الناس سے
معتبر تر آئی ہے عباسؓ سے
کہ وہ وحشی آیا جب حضرت کے پاس
یوں لگا ہی عرض کرنے پر ہراس
دو اماں اب مجکو ای شاہ انام
تا سنوں میں آپ سے حق کا کلام
شاہ فرمائے کہ میں چاہتا تھا جان
کہ پڑے تجھ پر نظر قبل اماں
یعنے کرتا حکم تیرے قتل کا
پر تو جب چاہا اماں تجکو دیا
تا کلام حق سنے میرے سے اب
آیۂ قرآن ہوی نازل ہے تب

سورۂ فرقان

وَالَّذِیْنَ لَا یَدْعُوْنَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا یَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا یَزْنُوْنَ وَمَنْ یَّفْعَلْ ذٰلِكَ یَلْقَ اَثَامًا یُضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ وَیَخْلُدْ فِیْهٖ مُهَانًا

یعنے فرماتا ہی حق وے لوگ جو
لا الہ دیں ساتھ حق کے غیر کو
یعنے نہیں کرتے من سرکو شریک
جادۂ توحید پر رہتے ہیں ٹھیک
قتل ناحق بھی نہیں کرتے ہیں وہ
اور زنا کاری نہیں کرتے ہیں وہ
لوگ جو ایسے کرینگے زشت کام
پاوینگے اپنے گنہ کا انتقام
انکو دونا ہو قیامت میں عذاب
ہوں ہمیشہ نار میں با اضطراب

کہتے ہیں وحشی یہ آیت جب سنا　عرض خدمت اسطرح کرنے لگا　آہ میں تھا شرک میں ہی مبتلا　خون ناحق بھی کیا ہوں برملا

اور زنا کا بھی کیا ہوں اشتغال　کیوں مرا توبہ قبولے ذو الجلال　سنکے یہ ساکت رہے حضرت رسول　پائی یہ آیت تبھی شرف نزول

اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا

یعنے جو توبہ کیا مومن ہوا　اور ہمیشہ وہ عمل اچھے کیا　جرم و عصیاں کو ہم ایسے لوگ کے　نیکیوں سے ہی بدل کر دیوینگے

بخشنے والا ہی خلاق کریم　اور ایسے تائبوں پر ہی رحیم　سنکے اس آیت کو وحشی نے کہا　شرط اس آیت میں ہے حقنے کیا

کہ کریں توبہ کے بعد از نیک کام　بخشنے ویسونکو ہی خلاق انام　بعد توبہ کے گنہ شاید کوئی　ہوویگا میرے لیے ظاہر ای نبی

آپکا لے آسرا ای شہر یار　بندۂ عاصی ہے یہ امیدوار　ایک آیت دوسری ایسی سنے　کہ نہ کوئی قید بھی اسمیں رہے

بات یہ سنکر امام المرسلیں　یہ پڑھے ہیں آیت قرآں ہیں

سورۂ نساء　اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ لِمَنْ يَّشَآءُ

یعنے ہرگز شرک نا بخشے خدا　اور گنہ جو شرک کے ہوویں سوا　وہ مشیت میں خدا کے ہیں یقیں　جسکو چاہے بخشے رب العالمیں

عرض کی وحشی نے بخشش یا نبی　اسمیں البتہ مشیت سے ہی کی　میں بھی شاید انسے ہوں آہ آہ　کہ نچاہے مغفرت جنکی الٰہ

جب لگا اسطرح سے کہنے بلول　لطف حقسے پائی یہ آیت نزول　قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ

یعنے کہہ ای بندگاں میری سنو　اپنے نفسوں پر کئے ہیں ظلم جو　یعنے بشریت سے بعضے بندگاں　جو کئے ہوویں گنہ سر و عیاں

ای نبی میرے یہ دے انکو نوید　حقکی رحمت سے نہوویں بے امید　بخشنے ہو لا سب گناہ عاصیاں　بخشنے والا وہی ہی مہرباں

سنتے ہی وحشی اس آیت کو شتاب　اسطرح کرنے لگا عرض جناب　اب نہ شرط و قید ہی کچھ اسمیں ہاں　پھر تبھی لایا ہی ایمان بیگماں

ان مبارک آیتوں سے مومنو　پھول توبہ کی فضیلت کے چنو　کیسی توبہ کی فضیلت ہے بڑی　بخشے جاوے جس سے شرک و کفر بھی

سربسر تشریک اور کفر و نفاق　چھوڑ جو ایمان لاوے باوفاق　پاک اسکو ایسا کرتا ہے خدا　گویا مادر سے تبھی پیدا ہوا

اور منافیات ایماں کے سوا　اہل ایماں سے گنہ جو ہوئے گا　اور بلا توبہ وہ مومن گر مرے　وہ یقیں حقکی مشیت میں رہے

جسکو چاہے بخشدیوے بے عذاب　اور چاہے جسکو بخشے دے عذاب　حقکی رحمت یا شفاعت سے اخیر　ہو اسے چھٹکارا از نار سعیر

اہل سنت کا یہی ہے اعتقاد　کہ ہے قرآں و خبر سے مستفاد　الغرض کہتا ہے وحشی جاننے　کہ زمانے میں یقیں صدیق کے

یک لعیں دعوئ نبوت کا کیا　جو مسیلم کافر کذاب تھا　جنگ پر اسکے گئے جب مومناں　میں بھی تھا ہمراہ انکے جانفشاں

ہاتھ میں میرے وہی ہتھیار تھی　کہ شہادت جس سے حمزہ کی ہوئی　میں مسیلم پر وہ پھینکا ایکبار　ہو گئی وہ پشت سے تب اسکے پار

[حاشیہ: وحشی کے سوالات پر آیات مغفرت کا نزول]
[حاشیہ: وحشی قاتل حمزہ کا ایمان لانا]
[حاشیہ: وحشی کے ہاتھ سے مسیلمہ کذاب کا قتل]

ایک انصاری نے آپس بیدریغ
جلد تر اوس پر چلائی اپنی تیغ

پر نہیں معلوم یہ مجھکو ہوا
ضرب سے وہ میرے یا اسکے موا

بولی یک عورت تبھی بالائی بام
مارا اس ملعون کو حبشی غلام

کہتا تھا وحشی کہ خیر الناس کو (یعنے حمزہ کو ۱۲)
جاہلیت میں میں مارا تھا سنو

اور در اسلام شر الناس کو (یعنے بو مسلم کذاب ۱۲)
مینے مارا کافر خنّاس کو

اور حویرث شہ کو تھا ایذا دیا
قتل اسکو کر دیے ہیں مرتضی

اور مقیس بھی ہو مرتد بدگہر
بھاگا تھا انصاری کو یک قتل کر

پس نمیلہ ابن عبد اللہ آ
قتل اس مردود کو بھی کر دیا

اور تھا جبّار یک ظالم بڑا
جلد وہ شہ پاس آ کلمہ پڑھا

بولا میں مومن ہوا دیجے اماں
تب اماں اسکو دیئے شاہ جہاں

رنج حارث جو دیا تھا شاہ کو
مارا حیدر جان سے اس گمراہ کو

کعب و ابن زبعری بیگماں
اور صفواں پائے ایماں ہی اماں

عورتوں سے ہندہ بوسفیاں کی زن
جس سے ناخوش تھے بہت شاہ زمن

اس سے پائے رنج جو خیر البشر
آہ ہی جنگ احد میں مشتہر

بی بیاں آتی تھیں جو بیعت لیے
یہ بھی ایمن آئی برقع پہن کے

کر کے بیعت اور مسلماں ہو شتاب
بعد چہرے سے اٹھائی ہی نقاب

اور کہی عرض ای امام المرسلیں
میں ہوں ہندہ بنت عتبہ بالیقیں

شاہ فرمائے تو ایماں لائی جب
عفو تیری ہوگئی تقصیر سب

آیہ بیعت یہ تب سالار دیں
پڑھکے سنوائے ہیں ہندہ کے تئیں

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِذَا جَاءَكَ الْمُؤْمِنَاتُ يُبَايِعْنَكَ عَلَىٰ أَنْ لَا يُشْرِكْنَ بِاللَّهِ شَيْئًا وَلَا يَسْرِقْنَ وَلَا يَزْنِينَ وَلَا يَقْتُلْنَ أَوْلَادَهُنَّ وَلَا يَأْتِينَ بِبُهْتَانٍ يَفْتَرِينَهُ بَيْنَ أَيْدِيهِنَّ وَأَرْجُلِهِنَّ وَلَا يَعْصِينَكَ فِي مَعْرُوفٍ فَبَايِعْهُنَّ وَاسْتَغْفِرْ لَهُنَّ اللَّهَ إِنَّ اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ

ای نبی ایمان والے عورتیں
آویں جب تجھ پاس تا بیعت کریں

کہ کسی کو ساتھ اللہ کے شریک
وے نہ ٹہراویں کھیں تو جید ٹھیک

اور نہ وے ہرگز کبھی چوری کریں
اور زنا سے دور اپنے کو رکھیں

اور نہ قتل اپنے کریں اولاد کو
نا گراویں حمل بھی ناشاد ہو

اور نہ وے طوفان لاویں باندھکر
ہاتھ اور پاؤں میں اپنے بے خطر

یعنے ہرگز شاہدی جھوٹی نہ دیں
یا کسی پر جھوٹا دعوی نا کریں

یا قسم جھوٹی نہ کھاویں زینہار
عقل سے اپنے بنا کر بدشعار

اور نہ بیفرمان ہوں تیرا ای رسول
تو کری جو حکم وے کر لیں قبول

جیسے نوحہ میتوں پر نا کریں
منہ نہ نوچیں بال بھی نا توڑلیں

گر کرے بیعت وے ان شرطونکے ساتھ
لے تو بیعت اے امام کائنات

اور بخشش مانگ انکی حق سے ہاں
بخشنے والا خدا ہے مہرباں

ہی روایت جب رسول اللہ نے
جبکہ لایسرقن آیت میں پڑھے

پوچھی ہندہ نے کہ ای شاہ جلیل
مرد میرا ہی بوسفیان بخیل

واسطے نفقے کے انکے مال سے
گر نہاں کچھ لوں ہی کیا جائز مجھے

بولے حضرت تیرے بچوں کیلئے
جسقدر بس ہووے ہاں اتنا ہی لے

اور پڑھے آیت میں لایزنین جب
پوچھی ہندہ پھر تعجب سے یہ تب

کیا زنا کرتی ہے بی بی بھی کبھی
یہ اشارہ اپنی عفت پر ہی کی

پھر کہی ہیں اس کے آگے یا نبی
آہ جیتی تھی بدی ہی آپ کی

آپکے مانند اب تو کوئی چیز
پاس میرے نئیں احب ہی اور عزیز

شہ کہے ایماں ہو جوں محکم ترا
میری الفت اور بڑھا دیگا خدا

عرض کی بیعت کی خاطر میرا ہاتھ
لیجے اپنے ہاتھ میں الفت کیساتھ (دوستی سے ۱۲)

شہ کہے عورات کی بیعت یقیں
ہاتھ سے اپنے میں لیتا ہی نہیں

عزّیٰ دیو زن کا خالد کے ہاتھ سے ماری جانا

قول میرا جو ہی سو عورات سے　ویسا ہی یک زن سے بھی ہی جانیے
ہدیہ بھیجی ایک بکرا اور حضور　عذر خواہی انکساری کر وفور
بارہا کہتی تھی ہندہ فرح سے　یُمن سے ہی یہ رسول اللہ کے
ہوگئی مقتول وہ پائی سقر　اسکی باندی فرتنا بھاگی دگر
اور ہوئی مقتول ارنب بخلاف　قتل سارہ ہے لیکن اختلاف
اور ام سعد تھی یک زن دگر　ہوگئی مقتول وہ بھی سربسر
اور پندرہ روز مکے میں رہے　چو طرف فوجیں روانہ بھی کئے
ایک دیو زن بطن نخلہ میں جو تھی　نام ہی اسکا ہی عزّیٰ ای اخی
بولا خالد کچھ نظر آیا نہیں　شہ کہے پس تو اسے توڑا نہیں
باہر آئی ایک زن ننگی سیاہ　موئے سر کھولی ہوئی اپنے تباہ
تیغ سے تب اپنے خالد باصفا　جلد تر عزّیٰ کو دو ٹکڑے کیا
اس مہینے میں ہی سعد اشہلی　توڑا جا یک بت کو بر حکم نبیؐ
جبکہ خالد بطن نخلہ سے پھرا　بھیجے ہیں سوی یلملم مصطفےٰ
جب سنے خالد کے آنے کی خبر　آئے باہتھیار ہو کر جلد تر
پوچھا پھر ہتھیار تم سب باندھکر　کسلئے آئے ہو ہمپر سربسر
ہم سبھی سمجھے وہی آئے ہیں اب　اسلئے ہم آئے باہتھیار سب
کلمۂ اسلام اچھی طرح سے　آہ اسدم سے نہیں ظاہر کئے
کافراں اصحاب کو تحقیر سے　بولتے تھے آگے صابی ہوگئے
کہتے ہیں وے تھے قریب صد نفر　مار ڈالا سب کو خالد جلد تر
سنتے ہی ہو پر غضب شاہ خیار　آہ یہ فقرہ کہے دو تین بار
یعنے اس حرکت سے جو خالد کیا　میں بری ہوں اے کریم کبریا
اس قبیلے کے طرف بھیجے رسول　تا جو مقتولوں کے ورثہ ہیں ملول
حسب فرماں جا علی مرتضیٰ　وارثوں کو انکے سب راضی کیا

حکم لے ہندہ گئی پس اپنے گھر　سب بتوں کو اپنے توڑی جلد تر
تب کئے ہیں شاہ برکت کی دعا　اسکے بکروں میں ترقی حق دیا
اور قریبہ عبد عزّیٰ کی کنیز　ہجو کرتی تھی نبی کی بے تمیز
واسطے اسکے لئے شہ سے اماں　وہ مسلماں آ ہوئی ہی بعد ازاں
بعضے کہتے ہیں کہ وہ ماری گئی　بعض بولے منصب ایمان لی
نقل ہے رمضاں کی تھی بیسویں　فتح مکہ جب کئے سالار دیں
بیست و پنجم کو اسکے آشکار　ساتھ سے خالد کے بھیجے[۳۰] سو سوار
توڑ خالد آ دے شہ کو خبر　شاہ پوچھے کیا تجھے آیا نظر
توڑ پھر جا کر گیا خالد ہی تب　اپنی کھینچا تیغ پر خشم و غضب
بولا پوجاری یوں اس دیوزن کو تب　مارا ہی عزّیٰ تو اس خالد کو اب
سنکے شہ فرمائے عزّیٰ تھی وہی　شکر اللہ آج وہ ماری گئی
ایسی ہی نکلی تھی دیو زن اک وہاں　سعد اسکو مار ڈالا ہے عیاں
قوم ابنائے خذیمہ تھے وہاں　تا انہیں دعوت کریں دیں کی عیاں
پوچھا خالد کون ہو تم لا کلام　وہی کہے ہم سب مسلماں ہیں تمام
بولے یک قوم عرب کے ساتھ ہاں　دشمنی ہے ہمکو یک مدت سے جاں
یک روایت ہے کہ خالد باصفا　انکو سب اسلام کی دعوت کیا
یعنے وے بولے صبانا بار بار　ورنہ اسلمنا کہے دے آشکار
لفظ یہ خالد کو آیا ناگوار　سمجھا یہ مومن نہیں ہیں نہار
شخص یک تب قوم سے یہ ناکہا　عرض حضرت سے کیا یہ ماجرا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَبْرَأُ اِلَیْكَ مِمَّا صَنَعَ خَالِدٌ

پس بہت سا مال زر الطاف سے　شاہ مرداں مرتضیٰ کے ہاتھ سے
خوں بہا اور پایمالی انکو دے　کر تلطف انکو سب راضی کئے
شاہ خالد سے خفا تھے پر غضب　کہتے ہیں راضی ہوئی وہ قوم جب

پس سفارش سے کئے اصحاب کے　　درگزراں سے کئے الطاف سے
وہ خطا خالد کی تھی فی الاجتہاد　　کچھ نہ تھا اس قوم سے بغض و عناد
مجتہد سے تو بغیر ارتیاب　　ہوتی ہے گاہے خطا گاہے ثواب

تذئیل

نوح علیہ السلام کے وقت کے پانچ بتاں طوفان میں زیر زمیں ہونا ابلیس لعین عربوں کو ان سے نشان دینا اور وے انکے پوجنے میں بطن در بطن گرفتار رہنا فتح مکے میں حضرت ان کو تڑوا دینا

اور اسی رمضاں میں ای باختصاص　　جا سواع دوں کو توڑا ابن عاص
کافران جو وقت میں تھے نوح کے　　پانچ بت انکے تھے اور یہ نام تھے

ایک ود دوسرا سواع ای باصفا　　اور یغوث انمیں تھا جانو تیسرا
اور جو تھا ہی یعوق انسے پچھان　　نسر نامی انسے بت تھا پانچواں

اور مظاہر حقکے وے انکو قرار　　پوجتے تھے انکو سب وے نابکار
ذات مولا کی محبت کا ظہور　　ود میں ٹھہرائے تھے وے سب بے شعور

اور بنوائے تھے اپنے زعم سے　　اس صنم کو شکل پہ یک مرد کے
مرد کی میل و محبت زن سے جب　　ہی ظہور نوع انساں کا سبب

مرد سا انکو بنائے بدنہاد　　دل میں یہ رکھتے تھے اس ہی اعتقاد
کہ خدا جو دوست رکھتا ہی یقیں　　کہ بچایا ہیں بندگان اسکے تئیں

محض اپنی ہی پچھانت کیلئے　　خلق کو پیدا کیا جو لطف سے
سمجھے تھے یہ وصف حقکی بالضرور　　انکے کی ہی اپنے اس بت میں ظہور

کاروبار اس خلقت اکوان کا　　بس چلا کرتا ہی اس بت سے سدا
زعم باطل کفر تھا یہ انکا جاں　　جو صفت حقکی ہے دیر میں کہاں

ہیں ہنوداں بھی اسی اٹکل میں سب　　ایسے مظہر کو بشن کہتے ہیں اب
اور سواع انکا جو بت تھا دوسرا　　جانتے تھے اس سے عالم کا بقا

جب ہے عورت سے بقائے خاندان　　شکل زن پر اسکو بنوائے تھی جہاں
اور ہنود اپنی حماقت سے تمام　　برہما کہتے ہیں اس مظہر کا نام

باقی رکھنے کی جو ہیگی یہ صفت　　شرع میں کہتے اسے قیومیت
ہے خدا قیوم سارے خلق کا　　یہ صفت رکھتا نہیں کوئی دوسرا

اور یغوث انکا جو بت تھا تیسرا　　اسکو وے فریادرس مشکل کشا
جانتے تھے اور بنائے تھے اسے　　احمقی سے شکل پر یک اسپ کے

کیونکہ کرتا ہے مدد گھوڑا اسدا　　دوڑتے اور پہنچنے میں جلد جا
اور ہنوداں بھی حسن اپنی عمر سے　　نام اس مظہر کا ہے اندر رکھے

اس صفت کو شرع میں اب جانئے　　ہیں غیاث المستغیثین بولتے
حقتعالیٰ کے سوا اے ہوشیار　　یہ صفت رکھتا نہیں کوئی زینہار

اور یعوق انکا صنم جو تھا چوتھا　　جانتے تھے اسکو حامی ملا
تھے بنائے اسکی صورت شیر کی　　کہ وہ غالب ہے درندوں پر سبھی

اور ہنود اس ملک کے بھی یہاں　　نام اس مظہر کا شیو رکھتے ہیں جہاں
اس صفت کو شرع میں کہتے بجا　　کاشف الضر و دافع رنج و بلا

یہ صفت دفع بلا کی ای امیں　　حق سوا ہرگز کسیکو بھی نہیں
پانچواں بت نسر تھا انکا جسے　　قوت مولا کا مظہر جانئے

نسر گرگس کو ہیں کہتے جانئے　　شکل گرگس پر بنائے تھے اسے
کیونکہ گرگس میں بڑا قوت ہے جاں　　جلد جاتا اور بہت اڑتا ہی ہاں

اس ہی اٹکل سے ہنوداں نرشت نام　　ہی ہنوماں کہتے اس مظہر کا نام
اور جا ہیں جب مدد دے بدنہاد　　اس عقیدے سے اسے کرتے ہیں یاد

شرع میں اس وصف کو کہتے بجا
اور یہ ناموں کی حقیقت جانئے
اور نہ گر جانے سے طول ایام کے
جیسے اس امت کے بعضے جاہلاں
اور شبیہ لعل شہباز ای رشید
نقل عبداللہ بن عباس سے
بعد یک مدت کے ابلیس لعیں
تب قضاعی قوم والے دو کولا
ورزماں حضرت خیر الوری
نسر تھا جا لو بنو خشعم کے پاس
اور سوا انکے بھی تھے دستر بتاں
اک یک مدت سے ابلیس لعیں
شاہ عالم فتح مکہ جب کئے

ہے لطیفہ غیبیہ ربانیہ
پانچ فرزند حضرت ادریس کے
جاہلوں نے غلبہ اوہام سے
قوت وہمی کے اپنے تابحال
لکھتے ہیں بر صورت باز سفید
آئی ابن عم خیر الناس سے
انکو بتلایا ہی عرب کے تئیں
دومۃ الجندل میں کر اسکو کھڑا
جانیو وہ بت انہیں کے پاس تھا
لائے تک اسلام دے نیکو اساس
پوجتے تھے انکو سارے مشرکاں
دے فریب و مکر عرب کے تئیں
سب بتوں کو جا بجا توڑوا دیئے

غزوہ حنین

یہ سبب اسکا لکھے ہیں بالیقیں
دو قبیلے رہ گئے باقی مگر
کہ نہیں ہیں جانتے قوم قریش
ہم پہ گر آویں مسلماناں بجنگ
یہ خبر سنکر کہے خیرالورا
غازیاں ہمراہ تھے بارہ ہزار
ہم کو جمعیت بڑی ہے اب یقیں
تھا لگا نہ جو کہ سردار ثقیف

کہ کئے جب فتح مکہ شاہ دیں
وہ ہوازن اور ثقیف ای باخبر
طور جنگ کارزار و فوج و جیش
فتح انپر پائینگے ہم بیدرنگ
کہ قریب آوینگے وے سب بر بلا
جبکہ پہنچے بر حنین آبا وقار
بات یہ شہ کو پسند آئی نہیں
فوج لے نکلا ہی اپنی ای شریف

قادر مطلق سوا کوئی یقیں
تھے کبار اولیا سے اے ہمام
جو صفت غالب تھی ہر ہر میں اینک
صورت حضرت علی مرتضے
اور بزرگوں کے بھی دستر نام سے
نوح کے طوفان میں پانچو بتاں
دے نکال انکو زمیں سے جلد تب
گھر ہی سے پوجتے اسکو تھے
اور یغوث انکا جو بت تھا دوسرا
اور سواع انکا جو بت تھا انکو تب
چونکہ عزی اور ہبل لات و منات
بت پرستی میں کھا تھا جا و دا
وہ زمیں بس فضل سے اللہ کے
ششم شوال میں با زیب و زیں
تھے قبائل جتنے در ملک عرب
جب سنے وے فتح مکے کی خبر
جب بنجانے جنگ کا ڈھیٹ غو وہ ب
ہم پہ وے آنیکے آگے جنگ کر
انکا لوٹا جائیگا مال و منال
بعضے یاروں نے کیا اسطرح لاف
کیونکہ ہی فتح و ظفر از کرو گا
اور جو تھا مالک ہوازن کا بڑا

یہ صفت رکھتا نہیں رکھتا نہیں
پس یہ پانچوں ان بزرگوں کی ہیں نام
ذہن میں لو کہ انکے لی تھی شکل ایک
ہیں بناتے سیر کی تصویر سا
مختلف شدے بنا کر پوجتے
ہو گئے مدفن زمیں میں تھے نہاں
پوجنے انکو لگے ہیں روز و شب
پھر بنو کلب انسے بعد اسکے لئے
تھے بنو طے پوجتے اسکو سدا
پوجتے تھے بس حمیری لوگ سب
اور اساف و نائلہ باطل صفات
دے پڑے تھے شرک میں سر و عیاں
ہو گئی ہے پاک کفر و شرک سے
جا کے حضرت نے کیا جنگ حنین
ہو گئے تابع شہ عالم کے سب
یوں لگے کہنے کو باہم فخر کر
اسلئے ہی ہو گئے مغلوب وہ
ہم ہی جاتا ہی بھلا اقدام کر
بس وہیں عازم ہوے بہر قتال
گلہ نہ ہم مغلوب ہونگے در مصاف
قلت و کثرت سے نہیں ہے نہ نہا
وہ بھی اپنی فوج لیکر چلدیا

اور یعوق انکا جو بت تھا جانئے　تھے بنو کہلاں اسکو پوجتے　پشت در پشت انہیں ہی تھا ایماں　پھر بنو ہمداں کو پہنچا بعد از آں

منوٹ:۔ اس سطر کو نویں سطر کے بعد پڑھیں۔

اور کیا تھا حکم اپنے قوم کو
سرورِ عالم ز صحرائے حنین
راہ وہ سیدھی نہ تھی ای ارجمند
جبکہ متفرق ہوئے این مسلمین
تھا ہراول پر جو خالد نامدار
اور لگے بھاگنے نو مسلمین
چند یاران رہ گئے حضرت کے ساتھ
چچا عمِ سرور یعنی حارث کے پسر
پکڑا تھا عباس حضرت کی رکاب
پر ابو سفیان حارث نیک خو
یعنی میں سچا خدا کا ہوں نبی
پس کہی عباس کو شاہِ خیار
کہ رسول اللہ فرمائی ہے یاد
مرکبان ستی کو جن کے کہین
کنکر یک مٹھی نے حضرت با شکوہ
یوں ہوا آواز کنکر کا دہان
اور ملک بھی آ گئی ہیں پنجہزار
کافران پائی شکست آشکار
مشکیان ان کافروں کو باندھے
اور وہاں سے جلد بعضی کافران
بطن نخلہ کی طرف بھاگا غازیان
تھا ابو عامر جو مرد اشعری
پس ابو موسیٰ کہ تھا جو اشعری

مال و اولاد و زنان آئے ساتھ لو
صبح کو تیار ہوئے ریٹ میں
تھی زمین پست اور کہین تھی وہ بلند
مارتے تھے کافران تیر از کمین
تھے سلیمی چند ساتھ اسکے سوار
جب ضعیف انکا تھا ایمان یقین
یعنی شیخین نبی پاک ذات
تھے ربیعہ بھی ابو سفیان دگر
باگ بو سفیان حارث با صواب
چھوڑتا ہرگز نہیں تھا باگ کو
جھوٹ پیغمبر نہیں کہتا کبھی
بیعت الرضوانیوں کو تو پکار
جلد تر تم آؤ ای فرخ نہاد
کو دکر دے دوڑ کر آئے دین
پھینکدی اُن پر کہی شاہ ہست رو
طشت میں گویا گری از آسمان
سارے اندھے ہو گئے کھوڑ و پیادا
مومنان فتح و ظفر با افتخار
پاس شہ کے مومنان لانے لگے
بطن نخلہ کی طرف بھاگے نہان
کردی ہین قتل بعضو نکو وہان
دیکھے حضرت اسکو فوج وہ تہری
تھا بھتیجا اسکا پایا سروری

تیر انداز ان بہت اسکی بنی
بیٹھے ہین وہ بکثرت ہو دل پر سوار
اور بہت تھی جا بجا سنگ و شجر
اور چھپا کر کرے یک بار سب
مارتے تیروں کو سب انکی تر بتر
بھاگ گئے وہ بھی لگے بے اختیار
اور عباس و زبیر ابن العوام
ابن مسعود اور جعفر اور قثم
شاہ مرکب کو اٹھاتے تھے وہین
کہتے تھی شاہ ہیں نبی لا کذب
فتح کا وعدہ کیا مجھ سے خدا
تب پکارا ان کو سب وہ ارجمند
حکم سنتے ہی نبی کا وہ شتاب
ہو گئی حاضر یک سو غازیان
کافروں میں کوئی شخص ایسا تھا
پس لگے ہیں بھاگنے وہ کافران
کافروں کا جو علم بردار تھا
ہو گئی مقتول ستر کافران
اور مسلمانان غنیمت سمیٹا سب
اور طرف اوطاس کی بعضے گئے
قید کرائی ہیں بعضو نکی تنین
جانب اوطاس بھیجا ای سعید
لیکے وہ جھنڈا کیا ہی کارزار

سب کمین پا گذر ہیں چھپتے تھے جا بجا
خود و بیرہ رکھ چھپے ہر کا نا دار
غازیاں چلتے تھے نالو نہیں باتر
غازیان سب بچ گئے نا پار تب
ہیں لگے بس بھاگنے کو بید رنگ
فوج میں آیا تزلزل آشکار
فضل امین و اسامہ نیک نام
رہ گئی اتنے ہی با شاہِ امم
تا کرے حملہ یہ کفار لعین
اور میں ہوں ابن عبد المطلب
ہے یقین یا فتح بیشک دیو نکا
چڑھ بلندی پر باواز بلند
دوڑی ہیں لبیک سے دیتی جواب
شاہ فرمائی لڑو با کافران
کہ انکی آنکھ میں کنکر پڑا
مارنے ان کو لگے ہیں مومنان
قتل اس کو کر دیئے ہیں مرتضی
چار ہی پائی شہادت مومنان
پائی ہیں اس فتح میں آ کے کامیاب
قصد اس جا جمع ہونیکا کئے
در حضور بادشاہ مرسلین
وہ ہوا الجھے وہاں جا کر شہید
فتح و نصرت اسکو بخشا کردگار

کہ زن و اولاد کو ان کی اسیر — لایا ہی خدمت شاہ بشیر
عرض حضرت سے یون کرنے لگی — کہ رضاعی بہن ہوں مین آپکی
گر تو میرے پاس چاہتی ہی رہے — خوش رکھونگا ساتھ عزت کے تجھے
چاہی جانا قوم مین شاہ انام — اسکو بخشی ایک باندی ایک غلام
اور غنیمت کا بھی جو اسباب تھا — بھیجے جعرانہ طرف شاہ ہدا
ماہ ذیقعدہ کی تھی وہ پانچوین — اور تھا وہ روز پنجشنبہ یقین
چھ ہزار آئی تھے بردے در شمار (وندی غلام) — اور اونٹان آئی تھی چوبیس ہزار
اوقیہ جو ہے بوزن چہل درم — چار ہزار آئی تھے سب بیش کم
خمس تھا جو حصہ شاہ انام (پانچواں حصہ) — اس سی نو مسلم رئیسوں کو تمام
جب ابوسفیان نے چاہا مصطفی — ایک سو اشتر کئے اسکو عطا
اوقیہ چالیس سو اشتر دیگر — اسکو بھی بخشے ہین سالار بشر
اسکو بھی بخشے ہیں اتنا شہریار — تب معاویہ کہا ہو بے قرار
آپ سا ہرگز نہ ہوگا کوئی کریم — نیک بدلہ آپ کو دیوے رحیم
پھر وہ راغب جب زیارت پہ ہوا — اور سو اشتر کئے اسکو عطا
اور جعرانہ مین وہ شاہ انام — جب کئی قسمت غنائم کی تمام
اور مانگے اپنے سب اہل و عیال — بٹ گئی تھے گرچہ ہی جتنے قال
جو نہ تھی راضی سو فرمائی انھیں — ایک کے بدلے مین چھ دونگا تمہین
اور جو تھا مالک ہوازن کا رئیس — نقل ہی طائف مین تھا تب اے انیس
دونگا تجھکو تیرے سب اہل و عیال — اور سو اونٹ اور سب مال و منال
یہ خبر سن شاد ہو آیا ہی وہ — شاہ پر ایمان وہ مین لایا ہی وہ
اور جعرانہ مین سالار انام — سیزدہ دن تک رہی اے نیکنام
شب کو ہی مکے کو جعرانہ سے آ — لائی ہین ارکان عمرہ کے بجا
ایک صحابی نام تھا جس کا عتاب — فتح کے دن پایا ایمان کا نصاب

ان اسیروں میں ہی شیما آئی تھی — کہ جو بیٹی تھی حلیمہ دائی کی
شہ اسی پہچان کر رونے لگے — اپنی چادر پر بٹھا کہنے لگے
اور اگر جی چاہی جاوی قوم پاس — بھیجونگا عزت سے تجکو بے ہراس
وہ شرف تب ہی ایمان سے ہوئی — اور خوشی سی قوم مین اپنے گئی
قلعہ طائف پہ بعد از جنگ کر — پہنچے جعرانہ کو آ خیر البشر
جو غنیمت پائے در فتح حنین — تھی وہاں وہ اسقدر بی ریب و مین
تھے زیادہ بکریاں از چل ہزار (چالیس) — ایک روایت ہی کہ تھے وہ بیشمار
شہ کئے قسمت غنایم کی وہان — مال و زر بخشے ہین سبکو بیکران
بالضرور از بہر تالیف قلوب — مین نوازے جود اور بخشش سی خوب
وہ کہا بیٹا جو میرا ہے یزید — بخشو کچھ اسکو بھی ای فرد وحید
اسنے کی پھر عرض ای شاہ ہدا — ہے معاویہ پسر دوسرا میرا
یا رسول اللہ یہ جود و کرم — آپ پر ہی ختم بر وجہ اتم
نقل ہی جو تھا حکیم ابن حزام — اسکو سو اشتر دیئے شاہ انام
یونہی بہتوں کو دیئے شاہ خیار — ہو گئے مفلس بہت سے مالدار
آ وہان قوم ہوازن جلد تر — فخر ایمان سی ہوئی ہی مفتخر
کر سفارش ان کی سالار انام — انکے دلوائی ہیں واپس وہی تمام
اور طرف سی اپنی ان پر رو نکو سب — نعمتین بخشے بہت شاہ عرب
اسکو یہ پیغام بھیجے ہیں رسول — کہ اگر ایمان کریگا تو قبول
اور سو اونٹوں طرف سی بھی میرے — از رہ انعام بخشوں گا تجھے
مدح مین شہ کے کہی بیتین کہا — حسب وعدہ شہ کئے اسکو عطا
بیجدہم تھی ماہ ذوالقعدہ کی جان — باندھ کر احرام عمرے کا وہان
پھر کے جعرانہ مین شاہ سرفراز — صبح کی آ کر گزاری ہین نماز
جب قریشوں میں تھا وہ فاضل کرام — اسکو مکے کی حکومت کی عطا

اور ابوموسیٰ کو جو تھا اشعری | اور معاذ ابن جبل کو بھی سبھی | چھوڑ دی مکے میں کہ لوگوں کی تعین | وہ سکھاویں مصحف اور احکام دین
اور ابوسفیان کو نجران پر | کر دیئے والی شہ جن و بشر | حج کئے کفار مکے میں مگر | اس برس میں اپنی ہی آئین پر
مومنون کو ساتھ لیکر بے عتاب | حج اسلامی کیا ہی باصواب | اور ذوالقعدہ کے آخر میں یہاں | یا اوائل بیچ ذوالحجہ کے جان
آ مدینے کو مین پہنچے مصطفیٰ | پھر مدینہ رونق و زینت لیا | اور وہ شہزادہ نبی کا نور عین | یعنے ابراہیم دین کا زیب و زین
ماریہ کے بطن سے پیدا ہوا | وہ مبارک ماہ ذوالحجہ کا تھا | اور کی ہی اس برس میں وفات | شہ کی دختر زینب قدسی صفات
اور اسی سال میں کر افتراق | چاہے حضرت دینا سودہ کو طلاق | بولی میں جیتی ہوں لیکن ای نبی | حشر میرا بیبیوں میں آپ کی
یہ سعادت بس مجھے ای شاہ دین | مرد کی خواہش مجھے ہرگز نہیں | اپنی باری عائشہ کو دی بشوق | میں نے بخشی دیجو مت مجھکو طلاق
عرض کو سودہ کے فرما کر قبول | باز آئے اس ارادے سے رسول

مسجد نبوی میں منبر بنانیکے آگے ستون حنانہ پر جو خطبہ پڑھتے تھے جب منبر بنا حضرت اس پر سوار ہو ستون حنانہ بلند آواز سے رونے لگا

اور اسی سال بنا ای میاں | مسجد نبوی میں منبر ای جان | قبل منبر مسجد نبوی میں تھا | نخل خرمہ کے ستون کا یک بڑا
جذع خرمہ اس کو کہتے تھے تمام | اور حنانہ بھی بیان اسکا ہے نام | خطبہ پڑھتے تھے اسی پر مصطفےٰ | عرض یکدن ایک صحابی یوں کیا
خطبہ پڑھنے حکم گر ہو آپ کا | ایک منبر کی میں کرتا ہوں بنا | اسکو تب رخصت دی خیر الوریٰ | جلد وہ تیار یک منبر کیا
تین پلئے اس کو تھے ای باصفا | اب مساجد میں ہی جیسا جابجا | سرور دین کے پسند آیا یہ کام | جمعہ کے دن جبکہ وہ سالار انام
جب وہ منبر پہ ہوئے آکر سوار | وہ ستون رونے لگا پس زار زار | اسکا رونا درد کا ایسا تھا تب | اونٹنی جوں روئے بچہ گم موجب
یک روایت ہی کہ رویا اسطرح | ماں کے خاطر روئے بچہ جس طرح | یک روایت ہی کیا ایسا حنین | والدہ شیرا کرے جیسا حنین
مختلف آوازیں ای باخبر | ایسے ہی آئے روایات دگر | درد سے ایسے غرض رویا ہے وہ | تاب آخر کو نہ لا سکا ہے وہ
جب جدائی سی نبی کے وہ ستون | اسطرح رونے لگا حد سے فزون | اہل مجلس کو بھی سب رقت ہوئی | سب کے سب رونے لگے اصحاب بھی
ہو گیا مجلس میں اک شور و فغان | ایک غوغا و بلا کئے خورد و کلان | کچھ نہ باقی تھا کسی میں اختیار | مچ گیا اک غل تھا ہر اک زار زار
تب اتر منبر سے وہ سالار ناس | آمین بلائی اس ستون کو اپنے پاس | وہ تڑپتا اور زمین کو چیرتا | جلد آیا نزد شاہ انبیا
شاہ اپنا ہاتھ رکھے لطف سے | اور گلے اپنے لگائی میں اسے | دب گیا جوش و خروش اسکا تھا جو | مثل بچے کے سسکنے کو لگا
پھر کہے چاہی اگر تو ای ستون | تو جہاں تھا پھر اسی جا پیر دون | تا تو پھر سرسبز ہووے آشکار | پھول پھل دیوے تجھے پروردگار
گر تو چاہے فضل سے اللہ کے | جنت ماویٰ میں ہی بیرون تجھے | چشمے نہریں جو ہیں جنت میں رواں | انکا پانی تجھ کو پہنچے گا وہاں

صورت منبر شریف

ستون حنانہ

انبیا اور اولیا سب کیمقام / آویں سایہ میں ترے با احترام
وہ ستون بریاں ابھی تھا آپکے / گوش پاک اپنا طرف اسکی رکھے
یعنی ہاں اب میں نے ایسا ہی کیا / لیجئے میں جنت میں تجھکو بو دیا
شک نہیں کچھ اس میں جو پوچھا یہاں / کیا تو دنیا چاہے یا باغ جنان
ایک روایت ہے کہ از حکم نبی / اس ہی جا مدفون کی اسکو تبھی
ایک روضہ ہے ریاض خلد سے / خلد سے دنیا میں لائے ہیں اُسے
حشر کے دن جتنی چیزیں ہیں تمام / داخل جنت ہی ہو ویں لاکلام
اور ستون کی باب میں وہ شاہ دین / ہیں کئے ارشاد یوں برہان مبین
اور یہ منبر کی حدیث ای با ادب / وہ حسن بصری بیان کرتا تھا جب
جبکہ روئے اسطرح ہو کر حزین / تم احق ہیں ای گروہ مومنین
اور وہ منبر مسجد نبوی کا جان / اصل غابہ سے بنا ای بیان
دو گز شرعی تھا اس منبر کا طول / اور چوڑائی تھی ایک گز کی نبود
اور غلاف جامہ قبطی اُسے / پہلے پہناتے ہیں عثمان جانیئے
تب وہ منبر کے تئیں جنبش ہوئی / ایک ظلمت ایسی پیدا ہو گئی
پس معاویہ نے اس سے باز آ / ہو پشیماں یوں صحابہ نے کہا

تنبیہ

سن تو اس خدشے کا ہے لکھوں جواب / ایسے از تفسیر عزیزی با صواب
پر ہیں حیوانات کے روحیں تمام / تن کے تدبیر و تصرف میں مدام
دوسری چیزوں کے روحیں ایسے ہیں / جبکہ تدبیر و تصرف میں نہیں
ان کی روحوں کا تعلق اسلئے / عامیوں کے دید سے پنہاں رہے
خاص پر تو جبکہ ان پر ہو ویگا / انبیا یا اولیا کے روح کا
اثر بالقوہ جو ہی ہیں نہاں / ہو ویگا بالفعل تب اس سے عیاں
جو بسا اوقات میں سنگ و شجر / بات حضرت سے کئے ہیں سربسر

اور ستناول دگریں میوہ ترا / سرفشاں ایسی تجھے دیوے خدا
ہی روایت شاہ فرمائے نعیم / قد فعلتہ وقد فعلتہ از کرم
پوچھتے تب اصحاب ای خیر البشر / کیا یہ کہنا تھا ہمیں دیجے خبر
اسنے چاہا باغ جنت کی زمین / میں کہا ہاں ہے دیا تجھکو وہیں
اور حقیقت میں معظم وہ مکان / پھر او منبر جو ہے درمیان
حجرا سو جو کہ جنت سے ہیں آئے / اور آج دیوار حجرہ میں لگائے
اور فرمائے ہیں یوں خیر البشر / کہ مرا منبر ہے میرے حوض پر
گر نہ دیتا اس کو میں چین و سکون / حشر تک ایسا ہی روتا یہ ستون
آپ رونا اور کہتا بابا / ہجر پیغمبر میں لکڑی زار زار
کہ ہو مشتاق لقائے مصطفےٰ / آپکے روویں جدائی میں سدا
اور ہی غابہ ایک جنگل کا شجر / کہ مدینے سے ہے دو نو میل پر
اور چوڑائی ہے اک بیچے کی ہی / تھی مہر جانے ایک شبر کی
اور معاویہ وہ منبر ایکبار / شام کو لیجانا چاہا جب ایک بار
کہ زمانی شہر کو گھیری ہی زود / اور ستاری ہو گئی دن کو نمود
ریشہ دیکھنا چاہتا ہوں میں / کہ کہیں کھائی ہو مٹی اسکے تئیں
فلہ نبی گر شبہ ہو آدمی تجھے / کہ ستون بیجان سخن کیونکر کرے
کہ ہیں مخلوقات جتنے ایسیاں / ان کو ہر اک چیز کو ہی روح جان
اسلئے حرکات و سکنات ایسے / ان کے سب لوگوں کو آتے ہیں نظر
اور حس و اختیاری حرکتیں / دائمی ان کے نہیں ہے ذات میں
باوجود اس بات کا ہو گاہ گاہ / ان کی روحوں کا اثر ہے اشتباہ
ان کے اعجاز و کرامت سے اگر / ہووے گویا بالیقین سنگ و شجر
از احادیث صحیح ای زکی / بالتواتر بات یہ ثابت ہوئی
چل کے آئے آپ کو سجدہ کئے / اور گواہی بھی رسالت پر دیئے

اور جبل وسے جبل سی جو کہا ذاکر حق تجھ پہ کوئی گزرا ہی کیا
اور حنانہ جو وہ نعرہ کیا ہی اسی عالم سے یہ سب آفتا

روح ہی ہر چیز کو عوائی خبیر سورۂ یسین کے آیا ہی اخیر
روح کی تعبیر کی ملکوت سے حق نے قرآن میں صریحا دیکھیے

فَسُبْحَانَ الَّذِیْ بِیَدِہٖ مَلَکُوْتُ کُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ تُرْجَعُوْنَ
پاک ہی رب ہاتھ میں جس کے سدا ہی لقین ملکوت ہر اک چیز کا

سورۂ اسرا میں ہی ای باادب کرتی ہی ہر چیز بھی تسبیح رب
لیک تسبیحات پر ان کی لقین آگہی تم کو نہیں تم کو نہیں

وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ وَلٰکِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِیْحَهُمْ — سورۂ بنی اسرائیل

اور تسبیح [illegible] ہی میان جب کری جوت آسمان از جہات
جس زمین اوپر وہ پڑتا تھا نماز وہ زمین روتی ہی یا سوز و گداز

اور [illegible] آواز و ان ہون گواہ سنگ و شجر [illegible]
ہر مؤذن اس کی ذاتی فرحمند بابانگ میں آواز کو اپنی بلند

اور جلال الدین پیر معنوی جو لکھا ہی در کتاب مثنوی
ترجمہ اب اس کے چند ابیات کا دیکھ لکھتا ہوں یہاں ای باصفا

کہ کی ہستی ہی مخفی عقل سے عقل کیوں ہستی سمجھ پا سکے
گر نہ ہوتی چشم بینش با دین فرق کیوں کرتا وہ قوم عاد میں

یعنے مومن کو [illegible] قسر کرتا تھا کفار کو زیر و زبر
آتش نمرود گر بے چشم تھی پھر خلیل اللہ پر کیوں رحم کی

گر نہ بحر نیل کو بھی چشم تھی چھوڑ کر مومن کو کیوں کافر کو لی
گر نہ کوہ و سنگ با دیدار ہو تابع داود کیوں ہر بار ہو

اس زمین کو گر نہ ہوتی چشم جان کھینچ لی قارون کو کیونکر ناگہان
یہ زمین در حشر پر نیک و بد ہووینگی دیکھی گواہ کیوں بے سند

گر وہ حنانہ کو چشم دل نہ ہو ہجر پیغمبر میں کیوں نالہ کہو
اب ہوا آخر وہ عارف کا کلام رحمۃ اللہ علیہ بالدوام

الغرض ہر شی کو ہی اک روح ہاں اسپہ حکما ہی نہیں لیکے ہیں جان
جب ہو نور نبوت سے وہ دور چشم دل ہی کور ان کے بالضرور

نور تبعیت سے نبیوں کے مگر ایسے مخفیات آتے ہیں نظر
روح وحی انبیاء فرخ نہاد جبکہ ہر مخفی سے مخفی ہے نہاد

نہیں پڑی ہی اسپہ حکما کی نظر اسلئے منکر ہوے بدگہر
چند لوگ اس عصر کے بھی جاننے ہیں جو انگریزی کتابیں ہی پڑے

فلسفی باتوں پہ ہی حیران ہیں اور دینیات سے انجان ہیں
نہیں عقائد حقہ سے رکھتے خبر اور نہ قرآن و احادیث و سیر

فلسفہ پر اسلئے ان کے تئین آدمی دل پر خطرہ صدق و یقین
انبیاء کے وحی سی حالانکہ جو صحت و تحقیق سے ثابت نہ ہو

وہ نہیں ہے قابل صدق و یقین گو نہ ہووے عقل بھی اسکے تئین
وحی سے جو بات ثابت ہو چکی پس حقیقت میں وہی ہی واقعی

گر نہ آوے عقل کے ادراک میں قاصر اپنے عقل کو ہی جان لیں
عقل سے انکار دینیات کا گمرہی اور کفر ہی بے انتہا

حق یہ ہے ہر مسلمان کے تئین کہ ہو تابع عقل کی کھووے نہ دین
اور اسی سال میں از نبی وفد اک آئی ہے عبد القیس کی

وہ گروہ آنے کے آگے ایک وفد یہ خبر حضرت نے دی ہی دلفروز
چند سواران شرق جانب سی نکل آئیں گے ایمان لانے کو ہی کل

وی سواران یوں ہی آ حاضر ہوے اور ایمان سی مشرف ہو گئے
نقل ہی وی بیس تھے اسوار سب اپنے گھوڑوں سی وے آ اترے نبی ہیں جب

قدم بوسی کا جواز

دست و پا کو شاہ کے بوسہ دیئے — اشتیاق و آرزو ظاہر کئے
اس حدیث پاک سے ظاہر ہوا — پائے بوسی ہے بزرگوں کی روا

ہجرت سے نویں سال کا احوال

ہے تبوک اک جائے ای فرخندہ پے — درمیان شام اور مدینے کے جو ہے
کرتا ہے لشکر کشی ہرقل [illegible] — [illegible]
ان کے لشکر کے ہراول کے سوار — پہنچے ہیں بلقا تلک یہ آشکار
[illegible] ثابت کا موسم تھا وہ جان — [illegible] کی گرانی بیکران
حضرتِ فاروقؓ دیتے ہیں خبر — کہ کیا ہے حکم جب پیغامبر
آج ہی البتہ ہو [illegible] قال — کہ زیادہ اس سے میں رکھتا ہوں مال
ای عمر از بہر اطفال و عیال — کس قدر چھوڑا ہے تو نے مال
بعد ازاں لائے ہیں صدیقؓ امام — مال وہ جتنا کہ رکھتے تھے تمام
وہ کہے اُن کے لئے رکھا ہوں آن — حق کو اور حق کے نبی کو بیگمان
مرتبے میں بھی تمہاری بیگمات — اسقدر ہی فرق ہے سرو عیان
ایک روایت عائشہؓ آتی ہے — کہ وہ بی بی اس طرح فرمائی ہے
پوچھی میں ہے کوئی ایسا نیک کار — نیکیاں جس کی ہوں تاروں کی شمار
میں نے کی تب عرض ای سلطانِ دین — پھر کہاں حسنات صدیقؓ گزین
اور فرمائے ہیں وہ سالارِ دین — فضل جو پایا ہے بوبکر گزین
یعنی اخلاص و صدق و معرفت — ہے کہ پایا اس سے وہ یہ مرتبت
وہ جو خرچے راہِ حق میں مال و زر — دینِ پیغمبر کی ہے تائید پر
از شروعِ بعثتِ خیر الورا — تا وفاتِ آن امام الانبیا
کام آیا کس کا ایسا مال و زر — کون ہے امت میں ایسا ذوالوقر
اور وہی ایمان لانے کے سبب — رنج دیتے تھے انہیں کفار جب
اس میں اُن کا سیم و زر مال خطیر — ہو چکا مصرف بر برنا و پیر

صدیق اکبرؓ کا اپنا سارا مال جنگ کے لئے دے دینا

شارح مشکوٰۃ شیخ دہلوی — یوں یہاں لکھتا ہے بروجہ قوی
یہ خبر مشکوٰۃ میں موجود ہے — اسکا راوی حسن ابوداود ہے
اور نویں سال ہجرت سن لیجئے — شاہِ دین جنگِ تبوک اوپر گئے
شاہ کے خدمت میں پہونچی یہ خبر — روم سے ہے ہرقل وہاں آ کر
اور قبیلے چند عرب بھی نکل — جا ملے ہیں اُن سے از بہرِ جدل
یہ خبر جب سرورِ عالم سنے — جلد تر لشکر کی تیاری کئے
بہر امدادِ مساکین مصطفےؐ — حکم تب فرمائے ہیں با رغبتا
یوں کہا میں دل میں اپنے سر بسر — گر فضیلت ہو مجھے صدیقؓ پر
پس میں آدھا مال لا حاضر کیا — دیکھ وہ پوچھے مجھے شاہِ ہدا
[illegible] کیا تب عرض ای [illegible] — آل کی خاطر بھی رکھا ہے قدر
انکو بھی پوچھے رسول دو جہا — کس قدر چھوڑا تو از بہرِ عیال
بولے حضرت فرق ہے اب بقدر — تم دونو کی بات میں ہے سر بسر
میں پشیمان ہو کہا صدیقؓ سے — تم پہ نہ ہو گی کبھو سبقت مجھے
چاندنی اک شب میں سالارِ بشر — لیٹے میری گود میں رکھ اپنا سر
شاہ بولے ہاں عمر کے نیکیاں — ہیں بمقدارِ نجوم آسمان
تب کہی فاروق کی سب نیکیاں — مثل یک صدیق کے نیکی کی جان
نیں سبب ہے جو صلوٰۃ و صوم سے — بلکہ انکے دل کی ہے اک چیز سے
الغرض ان کے فضائل میں صریح — ہیں بہت ایسے احادیث صحیح
کون ایسا دین میں خرچہ ہو مال — اور ایسا کون پایا ہو کمال
مال اُن کا دین میں آیا ہے کام — دینِ حق اس سے ہوا جو انتظام
بعضے ضعفائے صحابہ نیکنام — آہ وہی جو کافروں کے تھے غلام
مول لے اُن کو کئی دلشاد وہ — کر دیئے للہ انہیں آزاد وہ
اور بعد از اسکے درہم چل ہزار — جو کہ سرمایہ تھا اُن کا آشکار

عرصہ تیرہ برس مین وہ سبھی
یعنی ہجرت کے سفر مین بالیقین
خالصاً للہ صدقہ اس کا سب
اور کئے ارشاد یون خیر البشر
الغرض صدیق اپنا مال سب
اور وہ جانب کو وہ کمبل کے ملا
اور کئے یہ عرض ای شاہ خیار
شاہ کہے للہ مال اپنا تمام
اور فرماتا ہے یون صدیق کو
سنتے ہی صدیق یہ پیغام رب
مین ہمیشہ رب سی ہون راضی بالدوام
الغرض سب مال صدیق ہمام
ایک روایت ہی کہ وہ بھی در شمار
قافلہ یک حضرتِ عثمان کا
بوتنا ہی یون قتادہ باوقار
اور وہ دینار لائے یکہزار
عبدِ رحمان ابن عوفِ نامدار
نصف چھوڑا اسمین از بہر عیال
تو جو رکھا اور یہ لایا جو مال
یونہی اکثر اغنیاے نامور
اور عاصم بن عدی ای باشعور
پانی کھینچا میں نے لوگون کیلیے
اس سی وہ یک صاع خرما کو قبول

خرچ کر ڈالے ہین بر حکم نبی
مسجد نبوی کی بھی لینے زمین
ہو چکا مقبول در درگاہ رب
کہ مجھے بوبکر کا جون مال و زر
خرچ کر ڈالے خدا کی رہ مین جب
کانٹا یک دو نوکنا ہو نہیں جب
تھا بڑا صدیق اکبر مالدار
حاجتوں میں سب کی خرچا تمام
کیا یہ ایسی فقر کی حالت مین تو
عشق ایک پیدا ہوا انکو عجب
مین ہمیشہ رب سے ہوا راضی صبح و شام
دینِ حق مین ای بہت پایا ہی کام
ہوگئی پوری درم چالیس ہزار
شام کے جانے لئے تیار تھا
اونٹ تھے اس قافلے مین یکہزار
شاد و خرم ہوگئے شاہ خیار
بھی درہم حاضر کیا چالیس ہزار
نصف یہ بہرِ رضاے ذوالجلال
دیو دونوں میں برکت ذوالجلال
آپ کی خدمت مین لائے مال و زر
سو وثق حاضر کیا لاکر کھجور
مزدوری و صاع یہ خرما دیے
رکھی سب صدقات کی اوپر رسول

چھ ہزار اس کے سوا درہم جو تھے
اور سوا اس کے جو آئے نیک کام
سورۂ واللیل میں اللہ نے
بے تردد فائدہ جب دیا
ہوئی ایک کمبل کا ٹکڑا بی ملا
آئے ہین در مجلس سالارِ دین
کیا ہوا اس کا وہ سب حال خطیر
یوں کہی جبریل ای شاہِ انام
مجھ سے اب راضی ہے یا خاطر ملول
صاحبان حال سا بیخود ہوئے
میں ہمیشہ رب سے خوش حال ہوں
کہتے ہیں صدیق در جنگ تبوک
اور صحابہ دوسرے بھی جلد تر
کر اُسے موقوف وہ بحر سخا
اور یہ اونٹوں کے سوا ای نیکنام
ای خدا راضی تو رہ عثمان سے
اور کیا یہ عرض با صد انکسار
خدمت عالی میں اب حاضر کیا
اس دعا کے یمن و برکت سی خدا
اور بعضی بی بیان با کمال
بو عقیل یک صاع لا خرما کہا
میں رکھا یک صاع از بہر عیال
نقل ہی حیدر کو شاہِ بحر و بر

بارہا خرچ اس کو بھی کرنے لگے
خرچ کرتے ہی رہی اس مین مدام
دی شہادت آپ نے اپنی فضل سے
تین کسی کا مال یون نافع ہوا
ایک دن آخر گلے میں اپنے ڈال
لیس وہ مین نازل ہوئی روح الامین
کہ جو یوں بیٹھا ہی بانند فقیر
حق کہا صدیق اکبر کو سلام
اُن کو یہ پیغام پہنچائے رسول
بار بار اس طرح تب کہنے لگے
فقر میں وسعت میں ہر احوال میں
جو کئی سب مال سے اپنے سلوک
حسب طاقت اپنے لائے مال و زر
شاہ کی خدمت میں لا حاضر کیا
اُسمین تھے ہفتاد اسپ تیز گام
میں بھی خوش ہوں اس سے ای جانِ پدر
کہ درم رکھتا تھا میں آٹھ ہزار
شاہ بہت خوش ہو کئے یون دعا
مال بخشا عبد رحمان کو دیا
بھیجے تین سی اپنے سب یونہی کمال
شام سے تا صبح ای شاہِ ہدا
اور یہان یک صاع لایا ہی ملال
کر خلیفہ اپنے اہلِ بیت پر

حضرت صدیق اپنا سارا مال راہِ خدا میں پیش کیے جب پیغمبر صلعم نے پوچھا اور حق تعالیٰ ان کو سلام کہلا بھیجا

صحابہ نے بھی حسب مقدور اپنا اپنا مال لایا

ان سبھوں کی ہی حفاظت کیلئے
حکم فرمای مدینے مین رہے

یا رسول اللہ با طفال و زنان
کیا مجھی اب چھوڑ جاتی ہو یہاں

کہ تری نسبت ہو ایسی میرے ساتھ
نسبت ہارون جون موسیٰ کے ساتھ

یعنی جبکہ طور پر موسیٰ گئے
تب خلیفہ اپنا ہارون کو کئی

تب مدینے میں منافق یوں کہے
کہ پیمبر تھے خفا کرار سے

جرف میں جا کر ملے شہ سی شتاب
اور کئی احوال سب عرض جناب

وہاں سی جب ثنیہ میں آ منزل کیے
شاہ موجودات لشکر کے لئے

اونٹ اس لشکر میں تھی بارہ ہزار
اور گھوڑی دس ہزار ای باوقار

ہاتھ میں صدیق کے جھنڈا بڑا
لطف سی سرور نے فرمایا عطا

اور در دست زبیر ابن العوام
اور ایسا ہی قبایل میں تمام

اور ہراول پہ تھا خالد بن ولید
بس ہوئے آگے روان شاہ وحید

دھوپ مین وہ ایکروز آیا ہی گھر
اس کی تھین وہی بیابان نیکو سیر

کر خنک پانی پکا بہتر طعام
فرش بچھوا منتظر تھے ای ہمام

دھوپ بار میں چلے شاہ ہدا
ناز و نعمت یہ مجھے کب ہی روا

کر تبھی تیار اسباب سفر
رہ میں جا شہ ہی بلا ہی جلد تر

تھہر پائے تھے وہاں قوم ثمود
اس لئے فرمائی بول یارونکو زود

اور اب تک انکی ارواح پلید
سب عذاب آیا یہ پانی ہین شدید

اور یہ ویرانے میں کھانا مت پکاؤ
مت پیو پانی یہاں کھانا نہ کھاؤ

مت گھسو انہیں نہ ہون تا مبتلا
تم بھی در آسیب آفات و بلا

آپ بھی چادر کو منہ پر اوڑھ کر
اونٹ کو ہانکے وہاں سی جلد تر

کہ رہیں سب اسکی شب ہوشیار
کوئی نا نکلے اکیلا زینہار

یعنی تب اس کا گلا گھونٹا گیا
شاہ پڑھ کچھ دم کئے پایا شفا

اس کو تب بارا اڑا کرلے گیا
وہ نبی طی کے پہاڑوں میں گرا

تب علیؓ نے عرض کی اے شاہ دین
کوئی غزوے میں مجھے چھوڑے نہین

ان کو تب فرمائے شاہ مرسلین
کیا تو اب اس بات پر راضی نہیں

فرق اتنا ہی کہ ہارون تھی نبیؐ
ہاں مگر بعد از نہیں دوسرا نبیؐ

الغرض لشکر ہوا تیار جب
کوچ فرمای رسول اللہ تب

اسلئے چھوڑی یہان انکو رسول
مرتضیٰ سنکر ہوئے از بس ملول

شہ کہی ہے جھوٹ انکا قیل و قال
مین نے چھوڑا تھا تجھے بہر عیال

غازیان تھی فوج کے ستر ہزار
قول دوسرا لاکھ تھا ان کا شمار

بیرقان تقسیم فرمائے وہین
سب قبایل میں امام المرسلین

اور نشان انصار کا ای پاک ذات
شہ دئیے ہین زید بن ثابت کی ہاتھ

رکھے طلحہ کو بہ سمت میمنہ
عبد رحمان کو رکھے بر میسرہ

ہے روایت بو خثیمہ جنگ کو
مین گیا اور تھا مدینے میں ہی او

باغ اندر اپنے مندوے ڈال دو
آب پاشی کرکے وی پاکیزہ خو

بو خثیمہ آکے یہ دیکھا ہی جب
اشک ریزان ہو لگا کہنے کو تب

میں تو اس مندوے پہ بیٹھا جاؤں کبھی
جب تلک دیکھوں نہ اقدام نبیؐ

الغرض مل بن میں پہنچے مصطفےٰ
اور گزر شہر حجر پر جب ہوا

کہ جو تھی قوم ثمود ای مومنو
قہر اترا تھا یہاں ان پر جو

جبکہ اترا تھا یہاں حق کا غضب
کوئی مت اترو رکھو پس خوف رب

اور ان سب ظالمونکی میں یہ گھر
تمکو ویرانے جو آتے میں نظر

اور گزرو جلد تر ہو زار زار
کرکے استغفار سب با انکسار

جا کی منزل میں پہنچے جب نزول
حکم یہ فرمائی ہیں سب کو رسولؐ

ناگہان یک شخص جا نکلا وہاں
پائخانے کے لئے پایا زیان

نکلا اک دوسرا بھی اس شب جانے
اونٹ اپنے ڈھونڈنے کے واسطے

ملے کے لوگ اسکو اٹھا کر لای ہین
شہ کے لشکر میں اسے پہنچائے ہیں

اور اک دن راہ میں پانی نہ تھا
اور وہاں پر خشک چشمہ ایک تھا
ایک بگا اس سے نکلا ہے تبھی
کہ بلا شک اس سے پانی ہے یقین
اس سفر میں معجزے ایسے وفور
رعب سے اس شاہ کے ترسان ہوے
تھا بڑا ذی قوت و ذی اقتدار
عرض کی خالد نے ای شاہِ امم
چاندنی شب تھی وہ خالد با صفا
ناگہاں اک گائے جنگلی آن کر
وہ گئے شخصوں کو لے بہرِ شکار
مار ڈالا اس کو خالد بے گمان
بولا خالد نے اکیدر کو وہاں
تھا اکیدر کا برادر اک مصاد
آٹھ سو گھوڑے بھی اونٹاں دو ہزار
ہمرہ خالد اکیدر اور مصاد
تھوڑے عرصے میں اکیدر اور مصاد
تھا حمص میں تب اُسے شاہِ امم
دیکھ وہ فرمائے سن لا رعب
باب میں اس جنگ کے جب ہی امین
عرض تب فاروق نے کی یا نبی
دبدبہ اور عز و شوکت با شرف
جب عمر کی رائے تھی محض صواب

شہ دعا مانگے تو مینہ برسا پڑا
کہتے ہیں تھا اس میں یاریک اک چھرا
فوج وہ سیراب اس سے ہوی
دور تک سرسبز ہو گئی زمین
پائی ہیں سالارِ عالم سے ظہور
صلح ہی آکر کئے ہیں آپ سے
بھیجے ہیں خالد کو اُس پر شہریار
سخت دشمن ہے وہ اور یہ فوج کم
دومۃ الجندل پہ پہنچا جلد جا
سرگھسی قلعے کے ہی دیوار پر
آیا باہر اسپ پر ہو کر سوار
اور بھاگے اسکے یکسر ہمرہان
گر تو چاہے تجکو میں دیجیا مان
تھا نگہبان قلعے کا ای ذی ارشاد
آٹھ سو باندی غلاماں آنکر
آئے پس در خدمتِ شاہ عباد
منصبِ ایماں سے پائے ہیں مراد
دعوتِ اسلام فرمائی رستم
جھوٹھ بولا وہ عدو اللہ آپ
وحی حق سے آپ پر آئی نہین
بالیقین بے عیب ہے ذات آپ کی
آپکی پائی ہے شہرت چوطرف
ہو گئی حضرت کے مقبول جناب

جب کہ پہنچے پر تبوک آکر نبی
دستِ پاک اپنا رکھا اس پر مصطفیٰ
اور فرمائے تمہاری سے اگر
مخبرِ صادق دئیے تھے جو خبر
بیس دن تک تھے پیمبر در تبوک
دومۃ الجندل کا حاکم ایمن
چار سو اور بیس سوار ای امین
شہ کہے اُس کو بمیدان شکار
ساتھ عورت کے اکیدر اپنے گھر
زن اکیدر کی جھاڑی پر چڑھی
اس جا خالد نے پکڑا بے درنگ
حکم خالد کو کئے تھے شاہِ ناس
شہ کی خدمت میں لیجاتا ہوں بلا
پہلے قلعہ کھولنے راضی نہ تھا
چار سو بکتر بھی نیزے چار سے
کر مقرر اُس پہ جزیہ اس زمان
جب تبوک اوپر اقامت شہ نے کی
تب لکھا وہ شاہِ عالم کو جواب
اور کرتے تھے پیمبر انتظار
جنگ کی سبقت میں تب اصحاب سے
پاکے ہرقل ہے بہت حیران ہوا
ہی بھلا اس سال واپس جائیں ہم
پھر مدینے کے طرف رجعت کئے

اس جگہ پانی کی تنگی تھی بڑی
اور وضو فرما کے مانگے ہیں دعا
کوئی ہے زندہ تو دیکھے بے خطر
یونہی وہ پہنچا ہے پانی دور تر
سنکے اطراف و جوانب کے ملوک
تھا اکیدر ایک نصرانی وہاں
ساتھ خالد کے دئیے سلطانِ دین
تو پکڑ لیویگا اس کو آشکار
بیٹھ کر اس وقت پیتا تھا خمر
اور خبر شوہر کو دی اس گائی کی
بھائی تب اسکا لگا کرنے کو جنگ
لا اکیدر کو تو زندہ میرے پاس
کر میرے تحویل قلعے کو کھلا
کھولا عاجز ہو کے بھائی با صفا
صلح کی ہے اس سے تب خالد نے لے
شاہِ عالم لکھ دیئے اسکو اماں
سنکے ہرقل کو بڑی ہیبت ہوئی
کہ میں ایماں سے بہا ہوں بہرہ یاب
پر نہ آئے رومیاں پر کار زار
مشورت حضرت کئی اصحاب سے
کام سے اپنے پشیمان ہو گیا
بارِ دیگر قصد اس کا لائیں ہم
پھر مدینے کو نبی عزت دیے

ایک عاشق رسول الثقلین عبداللہ ذوالبجادین نوجوانی میں محض اللہ ہی کے واسطے ترک دنیا اختیار کی اور ایمان لاکے سفرِ تبوک میں حضرت کے ہمرکاب ہوئے اور تبوک میں رحلت کیے حضرت آپ قبر میں اُتر کے دستِ مبارک سے دفن کیے

وہ جو عبداللہ تھا مقبولِ رب
تھا وہ عبداللہ بیکس اور یتیم
چند بکرے اونٹ اور باندی غلام
دل ہی راغب تھا بہت اسلام پر
تب چچا سے جا کہا وہ باوقار
اب نکو سکتا ہوں پھر بھی انتظار
بات یہ سنکر کہا اُس کا چچا
بولا عبداللہ یہ مال و منال
پس وہ جا کر اپنی مادر سے رلا
لنگ یک ٹکڑے کو کر باندھی وہ
ذوالبجادین یعنی اہلِ دو گلیم
اور پس صبح آ پہنچا ہے وہ
وہ کیا تب عرض ای شاہِ بشیر
کب حضوری کی سعادت پاویں
عبد عزی ہے گا اس عاصی کا نام
پس وہ عبداللہ از بہرِ خدا
اہلِ صفہ تھے فقیران مقلان
چھوڑ کر گھر بار اور اپنا وطن
رات دن مشغول تھے طاعا میں
اور تھے سارے وے مہمان رسول

ذوالبجادین اسکا ہے زیبا لقب
تھا نواحی مدینے میں مقیم
ہی چچا سے اپنے پایا لا کلام
لیک تھا اسکو چچا کا اسکے ڈر
ای چچا مجھ کو یہی تھا انتظار
اور نہیں رکھتا ہوں کچھ صبر و قرار
کہ اگر تو جا مسلمان ہوویگا
چھوڑ کر جانے کا ہی بقیل و قال
اور اپنا ماجرا ظاہر کیا
کرکے چادر دوسرا اوڑا ہی وہ
ہے بجاد از کسرہ با ای فہیم
مسجد نبوی میں جا بیٹھا ہی وہ
یک مسافر ہیں من بیکس و فقیر
ہاتھ کب ایمان کی دولت لاؤں یہ
اسکو فرمائے میں تب شاہِ انام
صدق ہی کلمہ شہادت کا پڑھا
بے زر و بی مال تھی اور بیکسان
کھینچکر آفات اور رنج و محن
ذکر و فکر و شغل تسبیحات میں
اور دل و جان سے تھے قربان رسول

وہ تبوک اور ہی پایا ہی وفات
پرورش کرتا تھا بس اسکا چچا
پس محبت دولت ایمان کی
اس تمنا میں ہی کتنے دن کٹے
کر شرف ایمان کا تو پا دیگا
اور پھر وہ بھی نہیں اس عمر کا
تجکو کوئی شئے نہ ہرگز دیووں گا
لیجئے سب لے لیا اُس کا چچا
اس کی مادر ایک کنبل اسکو دی
ذوالبجادین اس لئی پایا لقب
پس اسی حالت سی وہ نیکو نصاب
جب نبی آئے نماز صبح کو
ایک مدت سی تھا مشتاقِ لقا
شکر للہ آج میں دیکھا قدم
نام عبداللہ جان تیرا ہے اب
سرورِ عالم بہت ہی خوش ہوئے
اور نہیں رکھتے تھے وے اہل و عیال
کرکے ہجرت آئے تھے وہ باشرف
توڑ کر ہر خواہشِ نفسِ خبیث
الغرض ایسا ہی عبداللہ بھی

اسکا قصہ ہے عجب اے نیکذات
فضلِ حق سی نوجوان جب ہوا
دل میں اس کی یک بیک پیدا ہوئی
تا کہ مکہ فتح کر حضرت پھرے
میں بھی تیری ساتھ ایمان لاؤںگا
اذن دے پس تا میں ایمان لائیگا
بلکہ جو بخشا ہوں واپس لیووںگا
چادر و لنگی تلک بھی لے چکا
اسکے دو ٹکڑے کیا ہی وہ تب ہی
کہتے کنبل کو بجاد ای باادب
ہے مدینہ کی طرف نکلا شتاب
دیکھکر پوچھے انہی ہے کون تو
تھا ہی ہر آن غلبہ شوق کا
دفع مدت کا ہوا درد و الم
ذوالبجادین ہی سجہ تیرا لقب
اہلِ صفہ میں اُسے داخل کئے
اور دنیا کا نہ کچھ مال و منال
حق کے اور حق کے پیمبر کے طرف
سیکھتے حضرت سے قرآن و حدیث
سیکھنے قرآن لگا ہی از نبی

ایکدن از بس کمالِ شوق سے — بیٹھ مسجد میں نہایت ذوق سے
لوگ تب کرتے تھے تیاری جنگ — کہ تبوک اوپر چلیں سب بے درنگ
دیکھئے قرآن بلند پڑھتا ہی اب — ہو نمازوں میں خلل جسکے سبب
کہ وہ ہجرت کرکے آیا ہی قبول — اب یقین سے سو خدا کے سو رسول
ترکِ اولیٰ اور ادب کا بھی خلاف — حال کی غلطی میں ہی انسے معاف
عرض عبد اللہ حضرت سے کیا — یا رسول اللہ اب کیجئے دعا
پوست کوئی جھاڑ کا لے آ تو اب — شجر سمرہ کی وہ لایا چھال تب
کہ کیا ہوں اے خداوندا انام — خون اس کا کافروں پر ہے حرام
شہ کہے از بہر خوشنودی رب — جنگ کی نیت سے تو نکلا ہی جب
پس خدا کے راہ میں ہے ای سعید — جانئے بیشک ہوا ہی تو شہید
جب تبوک اوپر کیا لشکر نزول — اسکو تپ آئی کہے تھی جوں رسول
حارثِ مزنی کا بیٹا جو بلال — ہی کیا یوں نقل وہ فرخندہ فال
کہ موذن تھا جو حضرت کا بلال — وہ لیا تھا جب چراغ ای باکمال
قبر میں دیتے تھے اسکے تب اوتار — آنکو فرماتے تھے یوں شاہِ خیار
تین شخصی نے لحد میں اس کو رکھا — اور اینٹیں رکھکے کی ہی یہ دعا
یوں کہا ہی ابن مسعود گزین — کاش اسکی جا پہ رہتا میں یقین

مصحفِ اشرف بآوازِ بلند — پڑھ رہا تھا خوب تر وہ ارجمند
کی عمر نے عرض از شاہِ جہان — یا رسول اللہ یہ اعرابی یہان
تب کہی ارشاد یوں خیر البشر — کہ تو اس کو چھوڑ دی اب اے عمر
اس سے اب ظاہر ہوا بے قیل و قال — کہ یقین معذور ہیں سب اہلِ حال
الغرض لشکر کو لے خیر البشر — جب چلے سوے تبوک ای نامور
تا خدا کی راہ میں ہووے شہید — اس کو فرمایا نبی نے ای سعید
باندھی ہیں بازو پہ اسکی مصطفے — اور کہی اس طرح تب حق سے دعا
عرض پھر اسنے کیا اسطرح تب — کہ شہادت ہے مرا مقصود اب
تجکو تپ و بجی اس تپ سے ہی جان — دارِ دنیا سے تو ہو وے گا روان
اس سفر میں پس وہ مقبولِ خدا — تھا ملازم شاہِ عالم کا سدا
پس اسی تپ میں وہ پایا ہی وفات — کیا سعادت اور شہادت آئی ہات
دفن جب اسکو کئے ہیں وقتِ شب — میں بھی حاضر تھا وہاں دیکھا ہوں تب
قبر میں اترے تھے خود خیر البشر — اور جنازہ اسکا بوبکر و عمر
کہ تمہارے بھائی کو ای باشرف — تم دونو پہنچاؤ اب میرے طرف
کہ نہیں خوشنود اس سے یا خدا — تو بھی رہ خوشنود بس اس سے سدا
تھا زہی میری سعادت کا سبب — دائما راضی رہی ہیں اس سے رب

تین صحابی بلا عذرِ صحیح غزوہ تبوک میں حضرت کے ہمراہ رکاب نہ ہونا اس لئے وے معرضِ عتاب میں آنا پھر وے بڑے نفس کشی میں پڑنا اور توبہ نصوح کرنا اور اُن کا توبہ قبول ہونا۔

اور سفرِ تبوک میں ای باصواب — تین ہو وے جو شہ کی ہمراہ رکاب
رکھتے تھے عذر صحیح اُن سے کئے — اور بلا عذرِ صحیح تھے دوسرے
ایک ابوذر ابو خیثمہ دوسرا — کعب بن مالک ہی انسے تیسرا
گرچہ بوذر رہ گیا تھا ای میان — لیک شرمندہ ہو نکلا بعد از آن
شاہ پہنچے تھے تبوک اوپر مگر — تب ابوذر دور سے آیا نظر

ان سے تھے اکثر منافق گمرہان — آہ تھی بعضے مسلمانان بھی جان
اُن سے بے عذر صحیح جو رہ گئے — جانئے وے پانچ یہ اصحاب تھے
اور مرارہ بن ربیع ہی چاروان — اور ہلال بن امیہ پانچوان
اونٹ اسکا راہ میں جب تھک گیا — تب وہ سامان دوش پر لیکر چلا
لوگ بولے یا نبی آتا ہی اب — کوئی تنہا اور پیادہ نیک نسب

وہ ابوذر ہی کہے شاہِ ہدا
آیا آپ تنہا تو اور تنہا مرے
شاہ فرمائے میرے لوگون سے سب
ہر قدم کے واسطے ہے اشتباہ
اور ہی باقی تین یارونکا جو حال
تھا وہ ستر با صفا انصار سے

قصۂ کعب بن مالک

الغرض وہ کعب مالک کا پسر
عذر کچھ ایسا نہیں تھا ہے یہ مین
مین کبھی ویسا نہیں تھا مالدار
اس سفر کے واسطے لیکن ای یار
اور لوگ اس وقت سایہ چھوڑ کے
بولتا تھا نکلیں جس دن غازیان
بس گئی ہین تین دن یونہی گزر
بولتا تھا آہ مین یہ کیا ہوا
ہاتھ بس افسوس کے ملتا تھا مین
جن کو جھوٹا اور سچا عذر تھا
اور اس غزوہ مین وہ سالارِ دین
پر دو کپڑے بھی اور ان پر نظر
یا رسول اللہ کسی وقت ہم یقین
الغرض وہ لشکرِ خیر الورے
لائی جب تشریف شاہِ کائنات
میری خاطر میں کئی بات آئی تب
آئے ہین جسدن مدینے مین نبی

پس وہ جب نزدیک تر پہنچا ہے آ
اور تمہارا روزِ محشر میں الٰہی
دوست تر ہی تو ہی میرا ہی اب
بخشندہ ہوگا ترا حق یک گناہ
یعنی وہی کعب و مرارہ اور بلال
عقبۂ ثانی مین جو حاضر ہوئے
حال سے اپنے دیا ہی یون خبر
جس سے رہ جاؤن مدینے ہی مین مین
اور کبھی ویسا قوی تر زینہار
مین خریدا تھا دو اشتر راہوار
دھوپ مین زنہار آ سکتے تھے
مین بھی نکلونگا بلا شبہ و گمان
لشکرِ اسلام گزرا دور تر
کیسی دولت آہ اب مین کھو دیا
آگ میں حسرت کے بس جلتا تھا مین
سب گئے وے بھی منافق کے سوا
مجھکو گاہی یاد فرمائی نہین
اس کو اس غزوی سے پھیرا ہے مگر
اس سے نیکی کے سوا دیکھے نہین
جب مدینے کے طرف رجعت کیا
بسکہ حیرانی یہ وہی ہی مجکو بات
اور مرے خویشان بھی کچھ سکھلائی
عذر جھوٹے وہ گئی میرے کبھی

مرحبا فرمائی حضرت اور اٹھی
بعد اس کا حال پوچھی مصطفےٰ
اور تو جتنے اٹھایا ہے قدم
اور ہی دوسرا تو خیشمہ ای لبیب
کعب بن مالک کا قصہ مختصر
اور مشرف شرف ایمان سے ہوئے
کہ تبوک اوپر نہیں جو مین گیا
اور مہیا تھا بھی اسباب سفر
کوئی غزوہ میں کبھی یون لیجیے
پر ہوا جب گرم چلتی تھی و فور
میری گھر موجود تھی ہر چیز جب
لوگ جب نکلے ہین تب مین نے کہا
ہا نہ سی جب کام یون جاتا رہا
گھر سے باہر اتنے میں آتا تھا جب
اور قبای ایت حیاتِ مستعار
تھا بھی مجکو نہایت پیچ و تاب
پر تبوک اوپر گیا دو بار جب
تب معاذ ابن جبل اس کو کہا
جب سنے یہ بات سالارِ عرب
جب خبر میں اس کی آنیکی سنا
آپ کی خدمت مین کیونکر جاؤن میں
مصطفےٰ آ نکلے آگے ہی و لے
مین نے تب بولا کہ اب میری نجات

اور کہی حق رحم بوذر پر کرے
اونٹ کا قصہ وہ سب ظاہر کیا
تا ملے آ کر ہمارے سے بہم
آگے گزرا حال اسکا عنقریب
پہلے لکھتا ہوں یہ سن ای ذوالوقار
اور رسول اللہ سے بیعت کیے
آہ وہ ایک مبتلائے مرض تھا
مرکبان بہتر تھے حاضر میرے گھر
دو شتر میرے سے نہیں ہمراہ تھے
اور مدینے میں تھا ہنگام کھجور
کچھ میں تیاری نہیں کرتا تھا تب
آج کے دن کام یہ کل جاؤنگا
غم کا ایک صدمہ بڑا مجھپر ہوا
درد و غم زاید مرا ہوتا تھا تب
آہ مجھ پر تنگ تھا اور ناگوار
کیونکہ مین شہ کے ہوا ہمراہ رکاب
کہدیا اپنا یہی اس طرح تب
ہی قسم حق کی سخن تو بد کہا
کچھ نہ فرمائے رہی خاموش تب
اور میرا درد و غم زاید ہوا
آہ اب کیا عذر یارب لاؤن میں
تھے وہی تدبیرات خاطر میں میرے
صدق و سچائی سوا آوے نہ بات

جو منافق لوگ تھے کہا کر قسم — جبکہ جھوٹے عذر لاتے تھے بہم
پس گیا در خدمتِ شاہِ انام — اور ادب سے مین بجالایا سلام
دیکھ مین وہ حال بیخود ہو گیا — مجکو تب پوچھے وہ شاہِ انبیا
مین کیا تب عرض ای شاہِ انام — ہان مہیا مجکو سامان تھا تمام
بے نصیبی اس لئی مجکو ہوئی — اور یہ دولت ہاتھ سی میرے گئی
خویش میرے جبکہ یہ فرمان سنے — وی ملامت سب مجھے کرنے لگے
مین کہا اس بات کا ہی مجکو ڈر — وحی نازل ہو وے میرے جھوٹ پر
جو کہ جھوٹا بول دیتا پر یہان — صدق و سچائی سوا چارہ کہان
بولے ہے دو شخص کا ایسا ہی حال — کہ مرارہ اور دوسرا ہے بلال
اور کئے تھے منع سالارِ انام — کہ نہوں اصحاب ہمسی ہمکلام
گزری مین اسطرح سی پنجاہ روز — تنگ ہے آ جان سی ہم بادرد و سوز
ضعفِ پیری سی بھی تھی وے ناتوان — لیک مین تھا جب قوی اور تھا جوان
غایتِ الطاف سے خیر البشر — کرتے تھے میری طرف کوری نظر
اور کسی حاجت کی خاطر جا نیو — گھر سے باہر اپنے مین آتا کبھو
بو قتادہ ابنِ عم تھا جو میرا — وہ یقین میرا بڑا ہی دوست تھا
ایک دن مین باغ کو اس کی گیا — اور محبت سے سلام اس کو کیا
مین کہا ای بو قتادہ پاک خو — جانتا ہے خوب تو اس بات کو
اور نفاق و شرک کو سر و جہار — دل مین میرے جا نہین ہی زینہار
مین کہا اسنے بارا ایسا ہی ملول — وہ کہا اللہ جانے اور رسول
پس مدینے کی طرف آیا ہو مین — ایک نصرانی کو تب پایا ہون مین
ہاتھ میری اس نے نامہ وہ دیا — تھا یہی مضمون بدسمین لکھا
اور کئے ہین دور اپنے سے بہم — ان کے یار انجیہ کرتے ہین ستم
تو ہمارے پاس آ آب جلد تر — دیکھ ہو کیسی تری عز و وقر

عذر ظاہر ان کا کرتے تھے قبول — چھوڑتے باطن خدا پر وہ رسول
مسکرائے دیکھ مجکو مصطفےٰ — مسکراتا پر وہ خشم آمیز تھا
تو بہ غزوہ میں نہ آیا کیا سبب — کیا نہ سامان تھا مہیا تجکو سب
نفس پن غافل کیا مجکو یقین — راہ مارا میری شیطان لعین
شاہ فرمائی کہ اٹھ اور جا تو اب — آوی تا حق مین تری کچھ حکمِ رب
کہ تو جا مانند اوروں لے یقین — عذر جھوٹا کس لئی لایا نہین
جانیو تم کوئی دنیادار ہے — کام ایسا گر پڑا ہوتا مجھے
بعد از آن لوگوں سی مین پوچھا نہان — واقعہ ایسا کسیکو ہے پڑا
تب کہے اک مجکو ہو ایسی قرار — کہ تھی وی دو مومنِ پرہیزگار
وے کئے تھے ہم سی دوری اختیار — درد تھا ہم کو بڑا لیل و نہار
اور اس مدت مین وے ہر دو کہین — گھر سے باہر اپنے آتے ہی نہین
جاتا تھا مسجد کو از بہرِ نماز — بیٹھتا کونے مین لرزان بانیاز
اور جب مین دیکھتا شہ کیطرف — پھیر لیتے مجھ سے روے باشرف
کوئی مومن مجکو نین کرتا سلام — اور نہین کرتا تھا میرے سے کلام
باغ یک باہر مدینے کے جو تھا — یک مکان تھا امین رہتا وہ سدا
وہ نہین مجکو دیا اس کا جواب — اور منہ پھیرے لیے میرے سے شتاب
کہ خدا کو اور نبی کو اس کی ہان — دوست تر رکھتا ہون مین تو عیان
کس لئی کرتا نہیں مجھ سی کلام — نین جواب اس کا دیا وہ نیکنام
تب مجھی رقت ہوئی بے اختیار — رو دیا اس وقت مین پس زار زار
حاکمِ غسان میرے نام سے — نامہ لکھ بھیجا تھا اسکو شام سے
کہ سنے ہین ہم محمد مصطفےٰ — ہین بہت ہی کعب تیرے پر خفا
شخص تو دیکھا نہیں بقا و قیل — کہ کرین اس طرح سی تجکو ذلیل
جب وہ نامہ مین نے دیکھا تب کہا — آہ یہ بھی سخت ہے مجھ پر بلا

صداقت کعب و مرارہ و ہلال کا توبہ قبول ہونا

ابتلا کیا سخت تر اس سے رہے
کر تو کالا اپنا منہ اب سوئے شام
بعد ازان میں اپنے گھر آیا ہون جب
بولے مین دینا طلاق اسکے تئین
اور وے دو صحاب پر بھی بیگمان
کہ مرا خاوند بوڈھا ہے یقین
شاہ فرمای کہ خدمت کیجیے
قصہ کوتہ کعب کہتا ہے بسوز
ایک ٹیلے پر کسی نے آ کھڑا
ایک روایت ہے بکوہ سلع آ
شکریہ سجدہ بجا لایا ہون مین
تہنیت میری مہاجر سب کیے
غایت فرحت سے رو ی شاہ دین
جب سے تو پیدا ہوا مان سے یقین
مین کہا کیا شکریہ مین اس کا اب
شاہ فرمائے نہین مین نے کہا
اور ہلال از غایت درد و ملال

تعریف توبۂ نصوح

وہ وہین سجدے مین سر اپنا رکھا
کہتے ہین وہ اندنون مین لا کلام
شیخ دین بوبکر وراق امیان
کیا نشان ہی اس کی دیجئی خبر
اور اس کا نفس بھی ہوجاے تنگ
لیئے نام اُن کا مرارہ اور ہلال

کفر پر کافر مجھے دعوت کری
اور سنا حاکم کو اپنے یہ کلام
مصطفی کا حکم یہ آیا ہی تب
بلکہ صحبت اس سے نارکھنا یقین
حکم سے پہنچے مین وہی شاہ جہان
کوئی خدمتگار بھی اس کا نہین
ہان مگر قربت سے دوری لیجیے
گزری پوری ہمیہ جب پنجاہ روز
اور کی اس طرح سی مجکو ندا
حضرت صدیق نے کی ہی ندا
او حضور مصطفی آیا ہون مین
لیک وے انصار سب خاموش تھے
بدر کی مانند رخشان تھا یقین
اس سے بہتر تجھپہ دن آیا نہین
صدقہ دون مٹا اپنا مال سب
یا نبی آب دیوُن ثلث مال کیا
ہو گیا تھا ضعف سے مثل ہلال
اور یہا تک گریہ وزاری کیا
کر دیا تھا کم بہت آب طعام
جو بڑا تھا پیشوای عارفان
تب کہا یون اُن کو شیخ ذوالکرم
لیتے جینے سے بھی جی آدمی تنگ
ہووے راضی اُنسے ہر دم ذوالجلال

مین جلا ڈالا وہ نامہ آگ پر
ناخوشی بہتر نبی کی ہی مجھے
بیوُن تا بی بی سے اپنے مین فراق
مین نے تب بی بی کو اپنے حکم پر
ہی روایت جبکہ بوڈھا تھا ہلال
کیا مجھے ہے اذن ای شاہ ہدا
بولی ضعف و درد و غم سے اب یقین
ایک شب اپنی جھاڑی کے اُپر
لیے خوشی ای کعب ہمت اب ملول
پس مرے یاران پیاسے آئے میا
تب مہاجر اور انصار کرام
مین کیا سالار عالم کو سلام
مجکو فرمائی کہ تجکو ہو خوشی
کہ کمال لطف سے رب الورا
شاہ عالم نے کہا ایسا نہ کر
نہ کہے ہان ثلث دینا ہی بھلا
بولتا ہی یون سعید باصفا
سر اٹھانیکا نہ تھا مجکو گمان
اور کبھی رکھتا تھا وہ صوم وصال
اس سے پوچھے ایکدن آ یا فتوح
باوجود ایسی فراخی کے زمین
جسطرح سے کعب نے تو یہ کیا
جب ہوا تو یہ وے تینون کا قبول

اور قاصد کو کہا اے بدگہر
بالیقین لاکھون عنایت ہے ترے
مین نے پوچھا کیا اسے دیوں طلاق
باپ کے گھر اس کے بھیجا جلد تر
اس کی زن حضرت سے کی آ عرض حال
کہ مین خدمت اس کی لاؤن بجا
ہلنے چلنے کی اسے طاقت نہین
مین پڑا تھا تنگ دل افسردہ تر
کہ ہوا ہے اب ترا توبہ قبول
اور بشارت یہ مجھے پہنچائی مین
بیٹھے تھے در خدمت شاہ انام
تھے بہت اسوقت پروہ شادکام
تجھپہ ایسا دن نہ آیا ہو کبھی
ہی کیا مقبول توبہ اب ترا
مین کہا کیا نصف دیوُں مال و زر
اور بہت ہی ثلث پس مین نے دیا
جب بشارت اس کو مین جا کر دیا
کہ نکل جاویگی تن سے اُسکی جان
اور بہت روتا تھا ہر دم پر ملال
کہ وہ توبہ جس کو کہتے ہین نصوح
تنگ اس تایب پہ ہو جاوے یقین
اور اس کے وہ دو یار باصفا
تب یہ آیت پائی ہی شرف نزول

لَقَدْ تَابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهَاجِرِينَ وَالْاَنْصَارِ۔ ترجمہ۔ اللہ مہربان ہوا نبی پر اور مہاجرین اور انصار پر۔

وَعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِينَ خُلِّفُوا حَتّٰى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ

ترجمہ۔ اور اُن تین شخص پر جو پیچھے رہ گئے تھے یہان تک کہ جب تنگ ہوئی اُن پر زمین باوجود اس کے کہ کشادہ ہی اور تنگ ہوئی اُن پر اپنی جان

يَا اَيُّهَا الَّذِينَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُونُوا مَعَ الصَّادِقِينَ۔ ترجمہ۔ اے ایمان والو ڈرتے رہو اللہ سے اور رہو

ساتھ سچوں کے **ف** یہ تین شخص سچ کہنے سے بخشے گئے (سورۂ توبہ)

ابو لبابہ رضی سے بسبب اقتضائے بشریت کے خدا و رسول کی ایک خیانت سرزد ہونا اس لئے وہ آپ کو مسجد کی ستون سے پندرہ روز تک باندہ لینا اور بغایت پشیمانی سے توبہ کرنا اُن کا توبہ قبول ہونا

بولبابہ پانزدہ دن آپ کو ۔۔۔ کھام سے مسجد کی باندھا تھا جو
یعنے ابنای قریضہ پر یقین ۔۔۔ جب محاصر ہوگئے تھے شاہ دین
بولبابہ کو روانہ تا کریں ۔۔۔ مشورہ اس سے کریں اصحاب میں
پس اُسی بھیجے ہیں شاہ نے آسیا ۔۔۔ بولبابہ ان کی قلعے میں گیا
اور زن و اطفال سب رونے لگے ۔۔۔ اپنی سختی اس سے سب ظاہر کئے
بولبابہ کو تب ان کے حال پر ۔۔۔ رحم آیا اُن کا رونا دیکھ کر
وہ کہا ہاں آؤ قلعے سے اُتر ۔۔۔ اور پھیرا ہاتھ اپنا حلق پر
بولبابہ گرچہ ایسا کہہ دیا ۔۔۔ اور تبھی دل سے پشیمان ہو گیا
بس پشیمان اور شرمندہ ہوا ۔۔۔ جلد استرجاع کی آیت پڑھا
نا تو حضرت سے نہ یاروں سے ملا ۔۔۔ بلکہ سوی مسجد نبوی گیا
اور بولا کوئی نا کھولے مجھے ۔۔۔ جبتلک اللہ نا بخشے مجھے
کہ اگر ہوتا وہ حاضر میرے پاس ۔۔۔ اسکی بخشش مانگتا میں حق کے پاس
جب تلک اس کو نہ بخشیگا وہ رب ۔۔۔ آہ اس کو کس طرح کھولوں میں اب
دانۂ خرما کھلاتی تھی اُسے ۔۔۔ اور پانی بھی پلاتی تھی اُسے
یونہی پندرہ ۱۵ دن ہوئے ہیں منقضی ۔۔۔ اور سماعت اُسکی تب جاتی رہی
وحی اُس کی باب میں نازل ہوئی ۔۔۔ مومنوں کو سب خوشی حاصل ہوئی

وہ بھی اس غزوے کی بعد ازیں پہچان ۔۔۔ مختصر اس کا یہی قصہ ہی جان
تنگ آ اُس قوم والوں نے تمام ۔۔۔ شاہ کی خدمت میں یہ بھیجا پیام
کیونکہ ہم سوگند انکا تھا وہ جب ۔۔۔ اس لئے اُس کو کیے ہیں ہم طلب
اسکے استقبال تب آئے ہیں زود ۔۔۔ مرد و زن پیر و جوان سارے یہود
جب سے اس قلعے میں ہیں محصور ہم ۔۔۔ ہیں بہت پر درد اور رنجور ہم
پوچھی کہہ کیا مصلحت ہے ہمیں اب ۔۔۔ نیچے اس قلعے کے اب ہم آئیں سب
یعنے زیر قلعہ جب آؤگے تم ۔۔۔ ذبح بکھر جا تو ہو جاؤگے تم
جب خدا کی اور رسول اللہ کی ۔۔۔ یہ خیانت آہ اس سے ہو گئی
پس کیا رجعت وہیں روتا ہوا ۔۔۔ اپنے منہ کو اشک سے دھوتا ہوا
سخت ایک زنجیر سے اپنے تئین ۔۔۔ کھام سے مسجد کے باندھا ہے وہیں
یہ خبر جب سرورِ عالم سُنے ۔۔۔ لطف سے اسطرح فرمانے لگے
کیا کروں کر عہد وہ حق سے تئین ۔۔۔ یوں لیا ہی باندھ جب اپنے تئین
کہتے ہیں لڑکی جو اسکی ایک تھی ۔۔۔ باپ کے پاس اپنے آتی تھی وہی
کھولتی تھی اُسکو بر وقتِ نماز ۔۔۔ اور برائے حاجت بول و براز
اور بصارت کا بھی جانا تھا قریب ۔۔۔ تب کیا توبہ قبول اسکا مجیب
اُم سلمہ کے تھے گھر شاہ جہان ۔۔۔ یکبیک خندان ہوا اور شادمان

بی بی کہتی ہی کہی مین شاہ سے
کہ ہمیشہ آپکو حق خوش رکھے

بولبابہ کا گنہ بخشا گیا
کہ کیا تو بہ قبول اس کا خدا

در پہ حجرے کے کھڑی رہکر تبھی
ام سلمہ نے بشارت اس کو دی

کھولنے اسکو وہین دوڑے ہین سب
بولبابہ نے کہا یون انکو تب

تشنہ نماز صبح کو آے ہین جب
اس کو دست پاک سے کھولی ہین تب

فَاعْتَرَفُوا بِذَنۢبِهِمْ سورۂ ملک

اسلیئے باندھا گیا تھا اور وہ کھام
ہی ابھی در مسجد شاہ انام

معنی ایلا قسم ہے جانئے
کہ نہ زن سی مرد نزدیکی کرے

کہ وہ ایسا چاہتے نفقہ لباس
کہ میسر تب نتھا ای حق شناس

یاک مہینا نہ کرے ان سی ملاپ
تا سزا اسکی انھین پہنچی شتاب

اور تب جو آپکا تھا یک غلام
کہ رباح اسکا جو تھا مشہور نام

اور شہرت یون مدینے مین ہوئی
کہ طلاق ازواج کو حضرت نے دی

بولتے ہین اس طرح حضرت عمرؓ
کہ میں مسجد کو گیا سن یہ خبر

اس غلام باصفا سے مین کہا
اذن لے میرے لیئے اب جلد جا

چند بار ایسا ہی مین بہیجا اسے
اذن نین حاصل ہوا لیکن مجھے

اسلیئے حق کی قسم کہا مین کہا
حکم گر ہووی رسول اللہ کا

پھر گیا میں جبکہ کر ایسا کلام
آگے ایسے میں پکارا وہ غلام

کیا دیئی ہو اب طلاق ای شاہ دین
بی بیونکو اپنے فرمائے نہین

پھر عمرؓ ایسا کئے بہتر کلام
کہ ہوے مسرور سالار انام

ایسے میں صدیقؓ بھی حاضر ہوے
اذن چاہی اذن تب انکو دیئے

دیکھتے کیا ہین کہ وہ حق کی رسول
ہین بہت محزون و دلگیر و ملول

یہ وہ نفقہ مجھسے کرتی ہین طلب
کہ نہین میں اس قدر رکھتا ہوں اب

یونہی چاہی مجھ سے نفقہ بیشتر
مین نے مارا اسکی گردن کی اوپر

اس خوشی کا کیا ہی فرماؤ سبب
شاہ عالم نے کیا ارشاد تب

پوچھی پھر مین کیا بشارت دون اسے
بولے گر چاہے بشارت دیجئے

جب سنی بی بی سی اصحاب رسول
بولبابہ کا ہوا تو بہ قبول

تم نہ کھلواوی تا شاہ امم
آپ ہی کھولے بالطاف و کرم

اور مجاہد نے کہا قرآن مین
آئی یہ آیت اسی کی شان مین

بعضے بولی بولبابہ کرکے چوک
بھی نہیں حاضر ہوا تھا بر تبوک

اس برس میں ہی رسول اللہ نے
اپنے سب ازواج سے ایلا کیئے

بی بیان یکبار سب حضرت کی مل
آہ حضرت کو گئے ہین تنگ دل

پس یہی تھا باعث رنجیدگی
اسلیئے ایلا کیئے ان سی نبیؐ

پس رسول اللہ کنارہ انسی لے
جاکے تشریف ایک حجرے مین رکھے

در پہ حجرے کے ہیں بٹھلای اسے
تا کسے بے اذن وہ آنے نہ دے

جو کوئی یاروں سے سنتا یہ خبر
وہ طرف مسجد کے آتا جلد تر

یک صحابہ کی جماعت دلفگار
بیٹھی دروازے پہ تھی تب زار زار

اسنے جاکر پھر کے بولا اشتاب
اذن چاہا پر نہ کچھ پایا جواب

میری بیٹی کی سفارش کیلیئے
میں آیا ہوں گمان شاید کئے

کہ مین ماروں اسکی گردن پر و ماں
حکم حضرت سے تجاوز نہ کروں

گر تم آو حکم آنے کا ہوا
میں گیا اور عرض خدمت میں کیا

کھولا مین اللہ اکبر سی زبان
اور کہا تھا جھوٹھ لوگونکا گمان

اور کہا جابر کہ یکدن اور بھی
جمع آئے در پہ اصحاب نبیؐ

بعد اذان آ اذن چاہی مین عمرؓ
اذن ان کو بھی دیئے خیر البشر

اور بیٹھے تھے وہان سب بی بیان
ان کو بتلا کر کہے شاہ جہان

یون کہا فاروق اعظم نے اسے
میری صورت جو ہی نبت خارجہ

پس یہ سنتے ہی ہنسے خیر البشر
تب اٹھے مین جلد بوبکر و عمر

حضرتؐ کا ازواج مطہرات سے ایلا فرمانا

عایشہ کو مارے صدیق گزیں / اور عمر بھی مارے حفصہ کو وہیں
مسکرائے دیکھ یہ خیر البشر / عرض یوں کرنے لگے ہیں تب عمر
ہم تھے جب تک مکے میں اے شاہ امم / عورتوں پر اپنے سب غالب تھے ہم
پر مدینے کے نسا بر شوہراں / ہیں گے غالب دیکھتے ہیں ہم یہاں
سیکھ گئیں ان کو ہماری عورتیں / سیکھی ان کی جرائتیں اور خصلتیں
الغرض ایسا ہی تھا وہ شاہ ہدا / یک مہینا بی بیوں سے تھے جدا
پورا انتیسا ہوا وہ ماہ بھی / پہلے آئے عایشہ کے گھر نبی
عایشہ نے عرض کی اے شاہ دیں / کر قسم تھی یک مہینے کی یقیں
ہو گئی ہے آج دن انتیسواں / شہ کہے یہ ماہ انتیسا ہی جاں
پس ہوئے در باب ازواج رسول / آیت تخییر یہ پائی نزول

يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِأَزْوَاجِكَ إِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَزِينَتَهَا فَتَعَالَيْنَ أُمَتِّعْكُنَّ
وَأُسَرِّحْكُنَّ سَرَاحًا جَمِيلًا وَإِنْ كُنْتُنَّ تُرِدْنَ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَالدَّارَ الْآخِرَةَ فَإِنَّ اللّٰهَ أَعَدَّ
لِلْمُحْسِنَاتِ مِنْكُنَّ أَجْرًا عَظِيمًا

یعنے حق کہتا ہے اے میرے نبی / بی بیوں سے اپنے تو کہہ دے ابھی
تم اگر دنیا کی چاہیں زندگی / یعنے دنیا میں کشایش رزق کی
اور اس دنیا کی زینت کا اساس / یعنے عمدہ زیور و بہتر لباس
پس تم آؤ تا کہ میں دوں تمہیں / اور اچھی طرح سے چھوڑ دوں تمہیں
یعنے اپنی دل کی رغبت سے یقیں / چھوڑ دوں تم کو کراہت سے نہیں
اور اگر اللہ کی چاہیں خوشی / اور خوشی اسکے رسول پاک کی
اور دار آخرت کی نعمتیں / نعمتیں اور راحتیں اور لذتیں
پس مہیا حق رکھا ہے لطف سے / تم سے اچھی عورتوں کے واسطے
دار عقبیٰ کا یقین اجر عظیم / یعنے مزدوری بڑی ہے اور نعیم
نعمتیں دنیا کی جس کے روبرو / کچھ نہیں رکھتے ہیں قدر و آبرو
جیسے آیت پائی ہے شرف نزول / عایشہ کو پہلے سنوائے رسول
اور فرمائے کہ دینے میں جواب / تو نکر فی الحال جلدی اور شتاب
مشورت ماں باپ سے کر لیجو آپ / بعد اسکے دیجیے اسکا جواب
عرض کی بی بی نے اے سالار دیں / مشورت کرنے کی کچھ حاجت نہیں
کہ یہ دنیا کی کشایش بالیقین / میں کبھی چہتی نہیں بلکہ چہتی نہیں
بلکہ حق اور اسکے پیغمبر کی میں / جان و دل سے خواستار آپ کی ہوں میں
بعد ازاں یونہی تمامی بی بیاں / عرض حضرت سے کیے سر و عیاں
چھوڑ دنیا کو گئیں سب ایکبار / حق کو اور حق کے نبی کو اختیار
زہد و ایثار و سخا میں بالدوام / درجہ غایت کو پہنچیں ہیں تمام
خاص بی بی عایشہ تھی بے عدیل / انکو تھی اس باب میں شان جلیل
سرور عالم کے بعد از ای خبیر / جب لگے آنے فتوحات کثیر
جب عراق و روم شام ای نیک ذات / فضل حق سے سو نکلے آئے ہات
تب صحابہ کو بڑی وسعت ہوئی / اور بڑی اسلام کو شوکت ہوئی
تب خلیفے اور امرا اغنیا / جو تھے از اصحاب شاہ انبیا
بھیجتے تھے مال و زر از بس وفور / ہدیہ ازواج پیمبر کے حضور
بی بیاں خیرات کر دیتے تمام / آپ تھے زہد میں ہی بس مدام
ہے روایت یوں عروہ بن عمیر / کہ میں دیکھا چشم سے اپنے بخیر
کہ جناب عایشہ نے ایک بار / کر دئے صدقہ درم ستر ہزار
پیرہن اک تب انکے تن پہ تھا / دیکھا میں پیوند تھا اس کو لگا
اور عبد اللہ زبیر حق شناس / بھیجا یکدن لاکھ درم انکے پاس
کی اسیدن صدقہ وہ سب آشکار / اور تھی اس دن وہ بی بی روزہ دار

آیت تخییر

ازواج مطہرات کا دنیا پر آخرت کو اختیار کرنا

حضرت کا بیبیوں کو قناعت اور زہد و ورع کی ترغیب

ایک حبہ بھی نہ سالن کو رکھی / پس نمک اور نان سے افطار کی
انکی باندی نے کہا ای محترم / گر نہ ہوتے گوشت کے یکدم

اسکا میں سالن پکاتی تھی شتاب / عایشہ اسکا کہیں یوں جواب
کہ نہ مجکو یاد آئی تب یہ بات / ورنہ دیتی ایکدم تیرے ہات

اور خزیمہ کی بھی بیٹی ای امیں / جو تھی زینب زوجہ سالار دیں
استفدہ دیتی مساکین کو طعام / کہ ہوا ام المساکین اسکا نام

اور زینب جو تھی بی بی دوسری / کہ وہ بیٹی تھی مقر جحش کی
کھول آنکھیں یک نظر فرمائیے / آخری اک بات مجھ سے کیجیے
کھول آنکھیں تب کہے خیر البشر / اسقدر مت رو تو ای لخت جگر

حاملان عرش تیرا دیکھ غم / آه اب روتے ہیں با درد و الم
اپنے دست پاک سے شاه عرب / فاطمه کے اشک کو پونچھیں تب

اور کہے پڑھ جبکہ میں رحلت کروں / آیۂ انا الیه راجعون
بعد فرمانے لگے ہیں العرض / یک جزا ہی ہر مصیبت کے عوض

اور روی ہے کہ زہرائی بتول / جب بہت رونے لگی ہیں ہو ملول
مصطفے نزدیک اپنے تب بلا / ان سے کچھ مخفی کہے ای باصفا

فاطمه وه راز سن خندان ہوئیں / اور بہت خوشحال و شادان ہوئیں
عائشه کہتی ہیں میں اسکا سبب / پوچھی اسدن فاطمه سے جب

یوں کہے میرے پیئے زہرائے بتول / اب کہہ سکتی ہوں یہ راز رسول
جبتلک زنده تھے سالار جہان / وه نہیں ظاہر کیے راز نہان

جب کہے ہیں سرور عالم رضا / پھر سبب پوچھی ہوئے کیا ہے وه بات
تب کہے فرمائے مجکو شاه دین / کہ سب اہلبیت سے میرے یقین

تو ملیگی پہلے آ میرے سے جان / حشر میں تو ہوگی خاتون جنان
پہلے ملنے کی بشارت سنکے میں / کی میں خوشحال اپنے جان و دل سے تین

بھی روایت ہے کہ شاه دین تب / یوں دعا مانگے ہیں از درگاه رب
یا الہی اب جدائی پر مرے / فاطمه خیر النسا کو صبر دے

اشک آنکھوں سے تھے جاری آپ کے / یوں لگے ہیں پوچھنے تب درد سے
بولیو اب میرے دلبندان کہان / نور چشمان میرے فرزندان کہان

میرے ابنین مکرم ہیں کہان / یعنے حسنین معظم ہیں کہان
فاطمه حاضر کیے حسنین کو / مصطفے اکے قرة العینین کو

آه صاحبزادگان سرور کو دیکھ / ایسی حالت میں وه پیغمبر کو دیکھ
اس طرح رونے لگے بے اختیار / دیکھ کر ان کو ہوے سب زار زار

آپ کے سینے پہ آ ہر دو گرے / اور منہ سے منہ لگا انکو لگے
سرور کونین انکو سونگھ کے / انکی پیشانی پہ تب بوسے دیے

اور کہے تاکید سب اصحاب کو / بلکه سب امت کے شیخ و شاب کو
که یه ہر دو سے رکھو الفت تمام / اور بجا لاؤ انکا احترام

پھر وه دونو کو لگا اپنے گلے / انکو سمجھا ہے بہت الطاف سے
کر وداع انکو کہے اسطرح تب / آه میرے بعد اتم ہو واجب

آه شہزادے ہوتے تھے جدا / اور نه دامن چھوڑتے تھے اپکا
اشک آنکھوں سے بہاتے تھے بہت / شور یک غم کا مچاتے تھے بہت

نزع کا جبکہ حال تھا اس شاه پر / سرور کونین عالی جاه پر
فاطمه زہرا تب آخر ناگزیر / ان کو سمجھا از وجاہت کثیر

شاه عالم سے کہے ہیں تب جدا / شور غم کا آه محفل میں پڑا
آه آکر عائشه نے بعد ازان / عرض کی یوں از شه ہر دو جہان

یا نبی اب کھول آنکھیں دیکھیے / یک وصیت اب مجھے فرمائیے
ان کو فرمائے که نزدیک آمرے / آئیں جب نزدیک تب ایسا کہے

کہ وصیت جو کیا ہوں تجکو کل / یاد رکھ اس کو اسی پر کر عمل
عرض پھر حفصه نے کی آکر یہی / شاه فرمائے ہیں انکو بھی وہی

اور سب ازواج کو شاه عرب / کر وصیت اسطرح پوچھے ہیں تب
کہ علی میرا کدہے کہان / مرتضی شیر غضنفر ہے کہان

جلد حاضر ہو علی نامدار / بیٹھ حضرت کے سرہانے اشکبار
اپنے زانو پر رکھے سر شاه کا / ان کو فرمائے نبی ای مرتضی

که بیوی سے فلان زر اسقدر / یاد رکھو میں لیا ہوں قرض کر
جو اسامه کا ہی لشکر ای امین / اس کی تیاری میں خرچ اوده یقین

خاتون جنت کو بشارت
حسنین کے لیے اصحاب کو وصیت
علی مرتضی کو وصیت

عزرائیل کا حاضر ہونا

قرض وہ ذمے ہیں میرے بالضرور ۔۔۔ جلد تر کر دے ادا تو بے قصور
اور ہیں کے بعد ای بھائی مرے ۔۔۔ آہ کرو تا بہ ہیں چین گے تجھے
اور جب دیکھیگا تو ای باوفا ۔۔۔ کہ کئی ہین لوگ دنیا اختیار
اور اک آئی روایت ای خبیر ۔۔۔ کہ وصیت یہ نبی کی تھی اخیر
حق بجا لائیں انکے جاودان ۔۔۔ تم ڈرو حق سے سدا سر و عیان

روایت

جب دئے ہین اذن سالار انام ۔۔۔ باادب آکر کیا ہی وہ سلام
حکم گر ہو تو کرونگا قبض جان ۔۔۔ ورنہ خالی ہاتھ جاؤن بیگمان
چرخ اول پر ملایک سب کے سب ۔۔۔ پوچھتے تھے آپکا احوال اب
شہ کہے ای دوست میرے باوفا ۔۔۔ مجھ سے اصحاب میں تو کیون ہی جدا
مالک دوزخ کو وہ پروردگار ۔۔۔ اب کیا ہے حکم ایسا آشکار
آگ دوزخ کی بجھاو جلد تر ۔۔۔ اور کیا یہ حکم حور العین پر
کہ کھڑے ہو باندھکر تم صف بصف ۔۔۔ آتی ہی روح رسول با شرف
جب تلک تو اور تری امت سبھی ۔۔۔ داخل جنت ہونگے ای نبی
حوض کوثر اور محمود المقام ۔۔۔ دیویگا تجھکو خداوند انام
کہ تو دل سے اپنے راضی ہوویگا ۔۔۔ فرح و بہجت اس سے بیحد لیویگا
ملا اعلی میں ہے تیرا انتظار ۔۔۔ بلکہ ہے مشتاق تیرا کردگار
پر مجھے ہے فکر امت کی بڑی ۔۔۔ درد امت کا ہی مجھکو ہر گھڑی
حق نے فرمایا کہ کہہ بعد سلام ۔۔۔ تیری امت کے گنہگاران تمام
جب کہے حضرت سے یہ روح الامین ۔۔۔ سن کے فرمائے ہیں انکو شاہ دین
تا کرے تو یہ تو کیا ہو اسکا حال ۔۔۔ یاد کے کیسا آہ وہ رنج و ملال
گر ہو تائب اسکو بخشون ای نبی ۔۔۔ بولے حضرت ہی زیادہ اسکو بھی
شہ کہے ہفتہ بھی یہ ایذا ہی ہنوز ۔۔۔ حق کہا مرنے کے آگے ایک روز

اور کہے تو سب سے پہلے مجھ سے آ ۔۔۔ حوض کوثر پر ملے روز جزا
تو ہو دل تنگ ان صدمات پر ۔۔۔ صبر کر تو صبر کر تو صبر کر
چھوڑ تو دنیا کو عقبی کر قبول ۔۔۔ یہ وصیت یاد رکھ ہرگز نہ بھول
کہ نگاہ رکھو نماز و نکو مدام ۔۔۔ خوش رکھو باندی غلاموں کو مدام
پیٹ بھر انکو کھلاؤ اور پیناؤ ۔۔۔ بات نرمی سے کرو اور مت ستاؤ
الغرض کہتے ہیں عزرائیل نے ۔۔۔ اذن چاہا گھر میں آنے کیلئے
اور کہا یہ ہی مجھے حکم خدا ۔۔۔ تابع فرمان ہوں میں آپکا
مصطفے پوچھے کہاں روح الامین ۔۔۔ بولا عزرائیل تب ای شاہ دین
آئے ہیں ایسے میں روتے جبرئیل ۔۔۔ اشک سے منہ کو بھگوتے جبرئیل
عرض کی جبرئیل اے شاہ کریم ۔۔۔ میں یہ آیا ہوں بشارات عظیم
کہ مقدس تیرے پیغمبر کا روح ۔۔۔ آج آتا ہی سما پر با فتوح
کہ سنوارو آپ کو تم سب شتاب ۔۔۔ اور فرشتوں کو یہ فرمایا خطاب
مجھ کو بولا جا زمین پر جلد تر ۔۔۔ اور دے میرے نبی کو یہ خبر
سب رسل اور انکے امت پر تمام ۔۔۔ داخل جنات ہونا ہی حرام
اور قیامت میں شفاعت سے ترے ۔۔۔ چھوٹے اتنے لوگ امت سے ترے
اور بہت ایسے ہی درجات علا ۔۔۔ دیوے حق تجھکو مقامات علا
شاہ فرمائے یہ سن ای جبرئیل ۔۔۔ کہ ہیں بہتر یہ بشارات جلیل
پھر گئے جبریل پاس اللہ کے ۔۔۔ آکے پھر بولے عرض حضرت سے کئے
تو یہ اپنی موت آگے ایکسال ۔۔۔ گر کریں بخشوں انھیں بیقیل و قال
موت سے اپنے کسی کو نیں خبر ۔۔۔ شاید آگے یک مہینے کے کوئی بشر
حکم حق آیا ہی دوسری بار بھی ۔۔۔ یک مہینے کے بھی آگے ہاں کوئی
بار سیوم حکم آیا جانئے ۔۔۔ آگے یک ہفتہ کے جو توبہ کرے
شہ کہے یکدن بھی طول طویل ۔۔۔ بعد یہ آیا ہے فرمان جلیل

حضرت کا عزرائیل کو اذن جان دینا

حضرت کا امت کے واسطے توبہ کی مدت کی کمی کروانا

موت آگے بھی اک ساعت اگر — ہووے تائب اسکو بخشوں سربسر
کہ کسی بندے کے تئیں اے دادگر — تب بھی تو یہ نامیسر ہو اگر
اپنے عصیاں سے اگر ہو شرمسار — بخشدوں اسکو جنت میں قرار
شرط ہے ایمان رہے باقی مگر — شرک سے سر عصیان ہو دور تر
اس طرح کہنے لگے جبریل سے — تین مقصد اور باقی ہیں مرے
دوسرا امت کے جو ہیں مذنبین — شامت عصیاں سے انکے کہیں
جسطرح اگلے امم کی صورتیں — مسخ عصیاں کے ہی شامت سے ہوتیں
میری امت کے جو کچھ اعمال ہیں — مطلع کردیوی اپیر میرے تئیں
سنکے یہ باتیں نبی سے جبرئیل — جا کہے نزد خداوند جلیل
یعنے روز حشر باشان رفیع — آپ ہی سب امتوں کے ہوں شفیع
اور فرشتے حق کے ہفتے میں دو بار — پیر اور جمعے کی شب میں باوقار
سنکے حضرت بہت خوش ہو گئے — اذن عزرائیل کو ہیں تب دئیے
کیا لکھوں اب ذکر ہی سکرات کا — نزع جان شاہ موجودات کا
تم سنو یہ ذکر غم پر اضطراب — چشم سے جاری کرو دو جوئے آب

روایت

قبض روح پاک پر شاغل ہوا — حکم پر حضرت کے وہ عامل ہوا
تھا مرے سینے پہ ایسی میں وہاں — عبد رحمان آیا میرا بھائی جان
دیکھنے لگے اسکو سمجھی میں تب — کہ ہے شاید خواہش مسواک اب
تب کئے سر سے اشارہ شاہ دین — پس میں اس مسواک کو لیکر وہیں
بس کئے مسواک اچھی طرح سے — اور کئے بعد از عنایت وہ مجھے
آہ تھی سکرات ایسی سخت تر — کہ مبارک رنگ شہ کا سربسر
آب تھا تب اک پیالے میں دھرا — دست اشرف اسمیں رکھتے تھے اورا
تو مرا یاور ہوا اے رب صمد — سختی سکرات میں کیجے مدد

تب رسول اللہ نے با انکسار — عرض کی یوں اے خدا آمرزگار
تب کہا یوں حق نے اے میرے حبیب — کہ وہ بندہ اپنے مرنیکے قریب
اتنی فرصت بھی نہ گر اسکو ملے — بخشونگا تیری شفاعت سے اسے
شاہ یہ سنکر بہت شادان ہوے — جان و دل سے شاکر یزدان ہوے
پہلا امت کے گنہگاروں کا سب — حشر میں ہوؤں شفیع میں اے رب
اپنے دنیا میں نہو قہر و عذاب — اور مسخ و فسخ سے ناہوں خراب
تیسرا یہ ہے کہ ہفتے میں دو بار — اپنے الطاف و کرم سے کردگار
بخشش انکے جرم کی تا مانگ لوں — نیکیوں پر انکے شکر حق کروں
پھر گئے آ عرض لے حق کے رسول — حق کیا یہ عرض تینوں بھی قبول
کوئی مقرب بھی بغیر از آپکے — فتح آن باب شفاعت نا کرے
جو عمل امت کے ہووین خیر و شر — آکے اس سے آپکو دینگے خبر
ذکر غم آگے کروں اب کیا رقم — طاق ہے طاقت قلم کی یک قلم
گرچہ لکھ سکتا نہیں اے مومنو — مختصر لکھتا ہوں تھوڑا تم سنو
بلکہ کیا ہی آپ جائے آپ پر — تم بہاؤ چشم سے خون جگر
آہ پایا حکم عزرائیل جب — بیٹھ خدمت میں نبی کے باادب
عائشہ اسطرح دیتی ہیں خبر — حالت سکرات میں حضرت کا سر
ہاتھ میں تھی اسکے اک مسواک تر — مصطفیٰ کرنے لگے اوسپر نظر
عرض کی تب مینے اے حق کے نبی — آپکو خواہش ہے کیا مسواک کی
جا بکر دانتوں سے اپنے نرم کر — ہاتھ میں حضرت کے دی ہوں جلد تر
ہاتھ سے مسواک ایسی میں گری — یا گرا خود ضعف سے دست نبی
سرخ ہوتا زرد بھی ہوتا کبھی — اور پیشانی پہ آیا عرق بھی
ملتے تھے چہرہ پہ اپنے بار بار — اور یہ کرتے تھے دعا با انکسار
بولے عزرائیل سے پھر شاہ دین — ہے بڑی سکرات کی سختی یقین

حضرت نے امت کے واسطے عفو و جو اللہ تعالیٰ نے قبول فرمایا

حضرت عزرائیل کا قبض روح کی اجازت لینا اور حضرت کا سکرات

میری امت پہ بھی کیا ای نیکنام
ایسی ہی سختی کریگا تو مدام

قبض جان آسان کیسا بیقین
آجتک ایسا کیا ہرگز نہین

ناتوان امت ہے میری سربسر
اہ ان پر اس قدر سختی نکر

سختیان انکے ہین مجھکو قبول
تو نکر انکو غرض ہرگز ملول

آپکی امت پہ از حسن طریق
انکے ہون ناچ بنا ہے زاید شفیق

اپنی امت کی سفارش میں ہی جان
تر زبان تھے تر زبان تھے تر زبان

پھر کئے عرض ای امام الانبیا
پھر نہ دنیا مین کبھو مین آونگا

دیجئے رخصت مجھے ای شہریار
یون یون روئے لگے ہین زار زار

آہ تب اس سید عالم کا سر
گود مین تھا عائشہ کے ای پسر

تب کیا پرواز روح باشرف
اس جہان سے عالم باقی طرف

ہی روایت عائشہ سے ای خبیر
تھا کلام پاک یہ شہ کا اخیر

تھی یہ مولد کی ربیع بارہوین
پیر کا تھا روز اقدس بالیقین

آہ جب اس شاہ کی رحلت ہوی
سارے عالم مین بڑی ظلمت ہوی

یہہ ندا کرتے تھے بالای فلک
دور ہوئے اس شاہ کے حق کئے ملک

بوی خوش ایسی جھکنے کو لگی
کہ نہیں سونگھی تھی مین ایسی کبھی

اور روایت دوسری آئی ہی یک
چادر جنت اڑائے لا ملک

چند جمعہ گزرے مجہ پر لا کلام
ہاتھ مین ہوتی ہوئی کھاتی ہون طعام

ہی روایت جبکے رحلت رسول
ندبہ یون کرتی تھین رو کر بتول

آہ ای بابا یہ دنیا سے گئے
جنت فردوس کو رونق دئیے

آپ کے بعد از ای ختم انبیا
کب نازل ہویگی وحی خدا

یا الٰہی اب تو یہ روح بتول
جلد تر پہنچا دے با روح رسول

روایت

کہ فراغت چھوڑ دی بیل و نہار
فقر و فاقہ ہی کئے تھے اختیار

وہ کیا بعرض ای شاہ انبیا
قبض جان کرتا ہون جسطرح آپ کا

تب رہ شفقت سی شاہ مرسلین
یون کئے ارشاد اسکو ای امین

بلکہ سب امت کی بہری سختیان
روح پر کرے تو میرے بیگمان

وہ کیا ہی عرض ای مقبول رب
خاطر اشرف کو رکھئے جمع اب

یونہی عزرائیل سے شاہ انام
نزع کی حالت مین کئے تھے کلام

آئے ہین ایسے مین جبریل ہمام
اور کئے سالار عالم کو سلام

آپکے خاطر مین آنا تھا یہان
آپ سے آنا تھا خوش بس یہ مکان

انکو تب رخصت دئے شاہ جہان
وہ گئے روتے ہوئے بر آسمان

اور ہی دسری روایت یہ جلی
تھا مبارک سر یہ آغوش علی

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُونَ

رَبِّ اغْفِرْ لِي وَأَلْحِقْنِي بِالرَّفِيقِ الْأَعْلٰى

اور ترسٹھ سال کی عمر شریف
تھی رسول اللہ کی تب ای عفیف

مرتضٰی بولے ندای درد و آہ
آسمان سے ہین سنا وا احمداہ

عائشہ کہتی ہین روح مصطفٰی
جبکہ ہی ہی جسم اشرف سے جدا

گرد حجرہ مین اڑائی شاہ پر
ہور دے اچاندنی جون ماہ پر

ام سلمہ کہتی ہے بعد وفات
مین کبھی اس شاہ کے سینے پہ ہات

اور وضو کرتی ہون روز و شب یقین
ہات سے وہ بوی خوش جاتی نہین

آہ ای بابا ہوے ہمسے جدا
کر قبول اب دعوت رب العلا

خبر رحلت آپ کی بابا مرے
کون اب کہدیویگا جبریل سے

آہ ای بابا ز بالای سما
ہمپہ پھر روح الامین کب آویگا

کر مجھے دیدار سے انکے قریب
حشر مین انکی شفاعت کر نصیب

عائشہ کہتی تھی یون رو رو کے تب
کہ وہ پیغمبر سے ہے افسوس اب

آہ ہی اسی شرع و دین پر سے حیف
انبیا کے سرور و افسر سے حیف

عرض عزرائیل کا سختی امت پر آنحضرت کی جان

وفات حضرت آیات

عذر فاطمہ و جنت [illegible]

غم سے امت کے گنا ہوگئے یقین
رنج و ایذا سے بہت کفار کے
اور نفیروں پر نہ باندھے کبھی دم
نوک یک ٹوٹی زسنگ دشمنان
بالتواتر اور توالی صبح و شام
یونہی اہل بیت سب روتے رہے
السلام ای اہلبیت مصطفےٰ
بعد بولا شربت جام ممات
ہر مصیبت کیلئے نزد خدا
اب رضای حق کے جانب تم پھرو
ہوای اہل بیت اب تم پر سلام
مجلس اصحاب میں بھرا آشکار
آہ کیا یوں صحابہ کا الم
تلبیہ کہتے ہیں جیسا حاجیان
اور علی با این شجاعت ای امین
عائشہ حجرے کے اندر بیٹھ کر
سرور عالم کے رحلت پر یقین
اور رہتے تھے کہیگا جو یہ بات
بلکہ بیہوشی ہے بر خیر البشر
جو منافق ہیں انھوں کے دست و پا
اسلئے تلوار اپنی کر علم
پشت اطہر پر نبی کے رکھے ہات
کہ یقین مہر نبوت گم ہوی

ایک شب ساری کبھی سوتا نہیں
اور ظلم و جور سے اشرار کے
وہ کبھو ابواب احسان و کرم
فی الحقیقت تھا وہ محک امتحان
وہ کبھو ہرگز نہیں کھائے طعام
اس الم سے ہوش سب کھاتے رہے
السلام اے مردم درد و عزا
چکھنے والا ہی یقین ہر ذیحیات
ہی مقرر یک تسلی یک جزا
جزع و بے صبری نہ ہرگز تم کرو
اور رہو وے رحمت رب انام
خضر نے بھی آکے تب زار و زار
جیسکے ہی لکھنے میں بے لرزان قلم
یوں مچائے تھے وے سب شور و فغان
پست ہو کر جا لگے تھے از زمین
آہ و زاری ہی میں تھے شام و سحر
حضرت فاروق کو آیا نہیں
کہ رسول اللہ پائے ہیں وفات
جوں کہ تھی موسیٰ کو کوہ طور پر
شاہ کٹوا دونگے دیگر سرا
اسطرح کہنے لگے ہیں وہ بہم
جلد تر دیکھی ہے اسما بالذات
اب بلا تمک شاہ ونے ہے نقل کی

رہ مقام صبر میں ثابت قدم
گاہے مندہ و ملالت کی عیار
راہ حق میں تیکے دندان مثال
کہ یہ محک امتحان کردگار
جو کی روٹی پیٹ بھر کھائے نہیں
غیب سے آئی ندا یہ سر بسر
رحمت و برکات خلاق انام
اور تمھارے کام کا اجر و ثواب
اور ہی ہر غایت کے آخر یک خلف
ہی مصیبت یافتہ بس شخص او
تھا یہ آواز ملک اے باصفا
یونہی کی ہی تعزیت شہ کی ادا
ایسے حیران او پریشان ہو گئے
آہ عثمان اس الم سے ہوئے بسر
اور عبد اللہ امین با صفا
باوجود ایسی صلابت کے عمر
کھینچکر تلوار اپنی پر غضب
قتل میں کرڈالونگا بیشک اسے
بلکہ ہے یہ مجکو امید قوی
بوے تھے بعضے منافق بد صفات
جب عمر اس طرح سے کہنے لگے
غیب تھی مہر نبوت کی نشان
پہنچی ہے صدیق کو جب یہ خبر

نفس سے حق جنگ کرتے دمبدم
تن کے دامن تک پہنچی زینہار
جنگ میں جان سے تھی خونی لال
اس کا ظاہر ہو گیا کامل عیار
راحت دنیا کبھی پائے نہیں
پر سنا دی ہم کو نہیں آیا نظر
تم پہ ہو ہر آن ہر دم بالدوام
تم کو پورا دیونگے روز حساب
پس رہو واثق بحق ای باشرف
فی الحقیقت اجر سے جو دور ہو
تعزیت کرتے تھے وے آکر ادا
بوے بوبکر و علی یہ خضر تھا
سر بسر بے عقل بیجان ہو گئے
ہو گئے مبہوت و گونگے سر بسر
آہ رو رو اس الم سے مر گیا
ہو گئے تھے جو اس آیا خبر
در پہ مسجد کے کھڑے تھے آکے تب
سرور عالم نہیں رحلت کئے
اس قدر زندہ رہیں حق کہے گئے
گر نبی ہوتے نپاتے وہ وفات
باب میں حلت کے شک میں پڑے
تب لگی کہنے وہ یا آہ و فغان
آئے ہیں گریان و نالان جلد تر

مذہب عائشہ صدیقہ رضی

فرشتے اہلبیت سے تعزیت ادا کرنا

حضرت کی رحلت پر صحابہ کا درد و غم

اور جبین پر شاہ کے بوسے دیے
سر اٹھا اپنا بہت زاری کیے

دیکھے بوسے پھر انھوں نے یوں کہا
آپ پر ماں باپ میرے ہوں فدا

پاک طیب آپ تھے حین حیات
پاک طیب ہی ہو بعد از وفات

آپکی ہے ذات برتر بالیقین
آپ پر رونے سرہانے سے کہین

گر ہمارے ہاتھ ہوتا اختیار
جان اپنی ہم کیے ہوتے نثار

اور نکرتے منع رونے سے اگر
چشم سے چشمے بہاتے سربسر

ہم سے پہنچا ای خداوند انام
اپنے پیغمبر پہ صلوٰۃ و سلام

یا محمد یا حبیب رب ناس
یاد کیجے ہمکو اپنے رب کے پاس

بعد ازاں وہ آئے ہیں نزد عمر
جوش حدت پر کیے انکے نظر

انکو بولے بیٹھ جا ای باوقار
وہ نہ بیٹھے گرچہ بولے چند بار

بعد ازاں انکو کہے وہ باصفا
اب یقین رحلت کیے ہیں مصطفیٰ

کیا نہیں تمنے سنا ای باصواب
کہ نبی کو جو کیا ہے حق خطاب

اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ ۝ وَمَا جَعَلْنَا لِبَشَرٍ مِّنْ قَبْلِكَ الْخُلْدَ اَفَاِنْ مِّتَّ فَهُمُ الْخٰلِدُوْنَ [۱] [۲]

بعد ازاں صدیق منبر پر چڑھے
اور بلاغت سے بہت خطبہ پڑھے

بعد تحمید الٰہی اور درود
یہ پڑھی ہیں آیتیں قرآن کے زود

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ اَفَاِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ [۳]
وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ ۝ سورہ آل عمران

جب پڑھی یہ آیتیں وہ باخبر
سست و حیران ہو وہیں بیٹھے عمر

دست و پا انکے کٹے گویا ای یار
ہو گئے مدہوش اور نقش جدار

ہو گئے مبہوت بھی سب حاضرین
گویا یوں سمجھے ہیں سب ای اہل دین

کہ یہ آیات آج ہی نازل ہوے
اسکے ہی پڑھنے میں سب شاغل ہوے

کوچہ و بازار میں پڑھتے تھے سب
گویا انکو آج ہی بھیجا ہے رب

بعد ازاں فاروق بھی خطبہ پڑھے
اور یوں لوگوں سے تین کہنے لگے

کہ کہا تھا میں جو اول آشکار
کہ نہیں رحلت کیے شاہ خیار

بات وہ پایا نہیں میں در کتاب
اور نہ در عہد نبی عالی جناب

زیست کا میں انکے تھا امیدوار
تا ہمارے کر کے سب تدبیر کار

بعد دنیا سے کریں وہ انتقال
لبیک حبیبا یا بلا یا ذوالجلال

یہ کتاب حق تعالیٰ ہے بجا
کہ کیے جس سے ہدایت مصطفیٰ

لیجیو بس تم اسکو ای اہل دین
اس سے راہ راست پاؤ گے یقین

نقل ہے فاروق سے ای محترم
کہ کہے وہ حق تعالیٰ کی قسم

آیتیں قرآن کی وہ باصفا
جانیو گویا سنا ہی میں نہ تھا

آہ جب صدیق اکبر سے سنا
جلد لرزاں ہو زمین پر گر پڑا

اور کہے اسطرح سے ابن عمر
گویا پردہ تھا ہماری منہ اپر

خطبۂ صدیق سے وہ اٹھ گیا
سمجھے سب رحلت کیے خیر الوریٰ

آہ و استرجاع سب کرنے لگے
یعنی انا للہ سب پڑھنے لگے

بعد اہل بیت سے تجہیز میت
کر ادا صدیق عالی مرتبت

غسل اور تجہیز اور تکفین کے کام
ہوئے متعلق یہ ہیں تم سے تمام

آ گئے ہیں سقیفے کی طرف
جمع انصار و مہاجر باشرف

تھے وہاں تکرار تھی یہ انمین سب
بولتے تھے اسطرح انصار سب

کہ ہو تمسے ایک اب بیشک امیر
اور ہمارے سے بھی ہوے ایک امیر

تب کہے صدیق انکے آگے پیش
ہے امامت از خبر حق قریش

سب صحابہ نے کیا اسکو قبول
کوئی نہیں اس سے کیا ہرگز عدول

زید بن ثابت کہا سالار دین
تھے قریشی اور مہاجر بالیقین

[۱] یعنے تو بھی مرتا ہے اور بیشک وے بھی مرتے ہیں ۱۲

[۲] اور نہیں دیا ہمنے تجھ سے پہلے کسی آدمی کو ہمیشہ جینا پھر کیا اگر تو مر گیا تو وے رہجاوینگے یعنے کافر کہتے تھے اس شخص تک [illegible] جہاں یہ مر گیا پھر نہیں انکے رد میں یہ آیت آئی ۱۲

[۳] یعنے محمد تو ایک رسول تھے ہو چکے اسکے پہلے بہت رسول پھر کیا اگر وہ مر گیا یا مارا گیا پھر جاوگے الٹے پاؤں وہ نہ بگاڑیگا اللہ کا اور اللہ ثواب دیگا بھلا ماننے والوں کو

پس خلیفہ بھی تمہارے سے رہے
وہ قریشون کے اکابر سے رہے

پس کہے بوبکر با صحب کرام
تم مقرر جس کو کرتے ہو امام

اس سے بولے بو عبیدہ اور عمر
اپنے جیتے وقت پر خیر البشر

اور نزد آن امام بحر و بر
تم ہی تھی ہم سب پہ بیشک دو سر

بعد ان دونوں کے اصحاب کرام
ہاتھ پر بیعت کئے انکے تمام

اور عباسؓ و علیؓ مشغول تھے
کام میں تجہیز اور تکفین کے

پڑھ کے خطبہ یون کہے پس پھر علیؓ
انکو ہے ہر امر مین شان جلی

ہاتھ میں انکے ہے انکا اجتبا
اور ہے تمکو بھی تمھارا اقتدا

تب کہے ان کو علی مرتضیٰ
کہ نبی تم کو کئے تھے پیشوا

پس علی اور دوسرے یاران سبھی
ہاتھ پر بیعت کئے ان کے تبھی

پس خلافت حضرت صدیق کی
بالیقین اجماع سے ثابت ہوئی

روایت

غسل پیغمبر کی تیاری کئے
یک ندا ناگاہ ایسے میں سنے

کون ہے تا کل نہ پہچانے مگر
تب کہا عباس نے ای باخبر

پھر ہوئی آواز دوسری جلد تب
بے تردد غسل دو حضرت کو اب

پھر صحابہ میں خلاف آیا وہیں
غسل کپڑون پر ہی دینا یا نہیں

کہ برہنہ شاہ دین کو مت کرو
پیرہن پر ہی نبی کو غسل دو

غسل دے مجکو سو ویسا ہی علی
غسل حضرت کو دیئے ہیں آپ ہی

بولتے تھے اس سبب سے ہی خدا
مجھکو علم و حفظ زاید ہے دیا

لاش اشرف کو نہ لائے بر سریر
اور پہنائے کفن بھی ای خبیر

حضرت کے جنازے کی نماز کا بیان

ہی روایت آگے مرض موت کے
جب خبر دی شہ نے اپنی فوت سے

پوچھی کیا دین کفن فرمائے تب
جیسے یہ کپڑے کہ پہنا ہون میں اب

جون تھے ہم انصار سالار امم
یون خلیفے کے بھی ہیں شہا ہم

ہاتھ پر بیعت کرو تم انکے سب
میں بھی بیعت انسے ہان کرتا ہون اب

سر بسر حکم امامت بر نماز
وہ تمھیں سب کو کئے ہیں سرفراز

پس خلافت کے بھی تم ہو سزاوا
اور دئی بیعت دی سردار آنکا

حضرت عباسؓ حیدر اور زبیر
طلحہ و مقداد بھی ای اہل خیر

بعد ازان صدیق اکبرؓ باصفا
انکو اور سارے صحابہ کو بلا

انکو میں کرتا نہیں ہوں کلام
اپنی بیعت کیلئے اب التزام

بلکہ تم جانوگے اولی جسکے تئین
پہلے بیعت اس سے اب کرتا ہون مین

کون سکتا ہی تمھیں پیچھے کرے
میں بدل خوش ہون خلافت پہ تیرے

جو کئے ہیں انسے بیعت آنکا
جملۂ اصحاب میں تینتیس ہزار

نص قطعی ہے یہ اجماعی دلیل
اس خلافت پر یقین بے قال و قیل

جبکہ عباس و علی مرتضیٰ
اور رجال اہلبیت باصفا

پاک ہے یہ شبہ ختم المرسلین
غسل دینے کی انھیں حاجت نہین

کہ نہیں معلوم یہ کس کی ندا
ترک سنت کیون کرین ایسے بھلا

جو کیا تھا منع ہے ابلیس دون
اور یقین مین خضر ہون بن خضر ہون

نیند یک بھیجا صحابہ پر خدا
گھر کے کونے سے ہوئی تب اک ندا

حکم حیدر کو کئے تھے مصطفےٰ
کہ کنوئیں سے ہفت مشک آب لا

ناف اور زیر پلک میں جو کہ آب
جمع تھا اسکو پیے حیدر شتاب

پس مفاصل میں لگا خوشبو تمام
اور بخور ۳ بار دے ای نیکنام

اجلے کپڑے تھی یمن کے تین وو
غیر دستار و قمیص ای نیکخو

اور حضرت کے جنازے کی نماز
جو ہوئی کن نے پڑھا با سوز و گداز

پوچھی ہو دین کون غاسل آپکے
بولے اہل بیت کے مردان ہے

یا ہو مصری یا یمانی جو ملے
دو کفن لیکن کفن اجلا ہے

اجماع سے صدیق اکبر کی خلافت کا ثبوت

حضرت کا غسل و تکفین

بعد پوچھے ہین جنازے پر نماز
اور فرمائے نہ غم سے روؤ تم
اور جزائی خیر خلاق ورا
میرے مرقد کے کنارے رکھکے تب
بعد میکائیل و اسرافیل ہی
لیک عبد الحق محدث باصفا
جاؤ تم سب رکھ مرے مرقد پہ لا
بعد انکے آکے اصحاب کرام
چرخ سے فوج ملک آنے لگے
پس جماعات صحابہ باینیاز
دفن میں اس سید عالم کے تب
دفن حضرت کو کئے ای سینہ صاف
حضرت صدیق نے دی ہے خبر
اور علی بولے کہ بہ روی زمین
عائشہ کے حجرہ اقدس میں ہی
حضرت عباس اور فضل و قثم
آہ وہ اس طرح دیتا ہے خبر
غایت الطاف اور رحمت ہی سے
آپکی امت میں کرے جان تمنا
ای خداوند جمیع کائنات
قبر اشرف کی بلندی جائیے
حضرت زہرا کا کیا لکھون الم
پیچھے جیتے یونہی دنیا میں جئے

وقت دفن جسم مبارک کے امتی امتی کا صدا ظاہر ہونا

کون پڑہنا ای شہ عالم نواز
دائما صبر و شکیبی لیو تم
میری جانب سی کرے تم کو عطا
ایک ساعت چھوڑ کر تم جاؤ سب
اور انکے بعد عزرائیل ہی
یہ روایت بھی مدارج میں لکھا
بھیجیگا مجھ پر صلواۃ اول خدا
سب ادا کرلین نماز اپنی تمام
کر نماز اس شاہ پر جانے لگے
منفرد پڑہتے تھے حضرت پر نماز
ڈیل اتنی ردوکی اس ہی سبب
اور مدفون میں بھی آیا اختلاف
کہ سنا ہون مین ز سالار بشر
نزد حق کوئی اس سے جا افضل نہیں
کھودا قبر لحد بوطلحہ تبھی
اور علی مرتضیٰ پر درد و غم
چہرہ سرور پہ کی ہیتے نظر
امتی کہتے تھے رب امتی
آپ کے پیرو رکھے سر و جہار
کر اس امت مین مری ہو وجہات
ہی روایت چار انگل کی رکھے
کیا بیان ہے آہ بے طاقت قلم
سیوم رمضان کو رحلت کئے

پوچھ یہ رونے لگے یاران تمام
حق تعالیٰ تم پہ سب رحمت کرے
غسل دیکر اور کفن پہنا مجھے
جو پڑہیگا پہلے میرے پر نماز
ساتھ نے فوجین ملک آوینگے
کہ کئے ارشاد یون خیر البشر
پھر جو اہل بیت ہین بی بیان
پس بحسب حکم سالار خیار
پس رجال اہلبیت باصفا
جب تھے سب عالم کے وہ بے امام
پیر کے دن کی ہی حضرت نے وفات
کوی گھر میں کوئی مسجد میں کہا
ہر نبی جس جائے پر رحلت کیا
کہ جہان پر قبض ہو روح رسول
وقت سحر و چارشنبہ کی تھی تب
قبر میں تہ کو اتارے ای خبیر
لب ہلاتے تھے رسول انس و جان
آپ پر امت کو حق کردے فدا
اور شفاعت سی نبی کے کارساز
اور اس امت میں میرا حشر کر
الغرض جب دفن سے فارغ ہوے
آہ زہرا شاہ کے بعد وفات
ہوے واس خاتون پر حق سی سلام

روتے ہیں آپ بھی شاہ انام
اور گناہان سب تمھارے بخشدے
پس اٹھا کر تم جنازے کو مرے
دوست میرا جبرئیل پاکباز
پڑہ نماز ین کو مرے پر جاوینگے
کر جنازے کو مرے تیار کر
دے نماز آکر گزارین بعد ازان
لا جنازے کو رکھے نزد مزار
اور اہلبیت کے بعد از نساء
آپ کے کیون ہو جنازے پر امام
چارشنبہ کی یقین جب کی رات
اور کہا کوی در بقیع باصفا
بالیقین اسہی جگہ مدفون ہوا
سب صحابہ نے کیا اس کو قبول
دفن سرور کو کئے ای باادب
باہر آیا ہے قثم سب سے اخیر
ہیں سنا نزدیک لیجا اپنے کان
اور نہ حضرت سے ہو یہ امت جدا
اپنی رحمت سے کرے بس سرفراز
کر شفاعت سے نبی کے بہرہ ور
تعزیت سب آکے زہرا سے کئے
نہیں ہنسی اور نہین کئی زنہار بات
اور ان کے پدر امجد پر مدام

عائشہ بھی بند کر حجرہ کا در
درد میں حضرت کے تھیں شام و سحر

یونہی سب اصحاب بھی اور بی بیاں
تھے اسی ماتم میں بہ آہ و فغاں

اور اس غم سے کئے صحبت کنار
مر گئے بیمار ہو کر آشکار

اور کئے مانگے دعا ای ربنا
آہ ہم کو جلد اب اندھے بنا

کر سوا تیرے نبی کے غیر پر
ہم نہ کر سکتے ہیں اب ہرگز نظر

حق نے کی انکی دعائیں سب قبول
ہو گئے اندھے وہ محزون و ملول

ذکر کیا انسان کا بلکہ بر فلک
کہتے تھے وا احمدا اور ور ملک

اور تھا یہ درد و غم حیات پر
جن تو کیا ہے بلکہ حیوانات پر

اونٹنی شہ کی سواری کی جو تھی
یعنے قصوا چارہ پانی سے بچی

اشک تھی بس اسکی آنکھوں سے رواں
وہ چلی اس رہ میں ہی اپنی جاں

اور مرکب شہ کا جو یعفور تھا
اس الم سے روز و شب رنجور تھا

دوڑتا تھا ہر طرف اندوہگیں
اور اپنا سر ٹپکتا بر زمیں

اک کنوئیں میں جا گرا اور جاں دیا
کیا سعادت دو جہاں کی وہ لیا

آہ اب طاقت نہیں ہی در قلم
کہ لکھا جائے یہ حال درد و غم

بر کلام فاطمہ ای نیک نام
اب کروں میں اس بیاں کو اختتام

ہی روایت حضرت زہرا بتول
آ کے بعد دفن بر قبر رسول

اور مبارک قبر سے لے خاک پاک
اپنی آنکھوں پر رکھے وہ دردناک

آہ وہ نالاں و گریاں بے قرار
شعر یہ پڑھنے لگے ہیں دلفگار

مَاذَا عَلٰی مَنْ شَمَّ تُرْبَةَ اَحْمَدَ
اَنْ لَا یَشَمَّ مَدَی الزَّمَانِ غَوَالِیَا

صُبَّتْ عَلَیَّ مَصَائِبُ لَوْ اَنَّهَا
صُبَّتْ عَلَی الْاَیَّامِ صِرْنَ لَیَالِیَا

نَفْسِی عَلٰی زَفَرَاتِهَا مَحْبُوسَةٌ
یَا لَیْتَهَا خَرَجَتْ مَعَ الزَّفَرَاتِ

لَا خَیْرَ بَعْدَکَ فِی الْحَیٰوةِ وَ اِنَّمَا
اَبْکِی مَخَافَةَ اَنْ تَطُوْلَ حَیَاتِیْ

آہ اب لکھتا ہوں اس کا ترجمہ
یعنے فرماتی ہیں ایسا فاطمہ

کیا نہیں اس شخص کو پہنچی یہ بات
سونگھے جو قبر رسول کائنات

پھر نہ سونگھے وہ کوئی خوشبو کبھی
ایسی خوشبو اور کسی میں ہو گی

آہ از رحیل شاہ انبیا
جو کہ پڑے میں سختیاں اب مجھ پہ آ

وہ مصائب آئیں گر ایام پر
روز روشن ہوویں راتیں سر بسر

اسکے ہی آزار غم میں میری جاں
آہ قیدی ہو گئی ہے بیگماں

کاش اس درد و الم کے درمیاں
ہی بھلا میری نکل جاوے تو جاں

بابی اب آپکے بعد از یقیں
بہتری کچھ میرے جینے میں نہیں

میری طول زندگی کے خوف سے
روتی ہوں غم سے یا حق ہی مجھے

قبر شریف میں حضرت حیات حقیقی سے زندہ رہنے کا بیان

ای مسلمانو یہ الفاظ وفات
اور کفن و دفن اور غسل و ممات

جو ہوئے مذکور سرور کی طرف
ہی مجازاً وہ پیمبر کے طرف

دل کو اسکے ذکر کا یارا نہیں
پر سوا اطلاق کے چارا نہیں

غیر ازیں اطلاق و الفاظ گراں
ہے محال و غیر ممکن یہ بیاں

جبکہ ہی اس سرور عالم کی ذات
مبدء کل حیات کائنات

فی الحقیقت آپ با جسم شریف
ہیں حقیقی زندہ در قبر منیف

جسطرح زندہ ہیں عیسیٰ بر فلک
یونہی زندہ ہیں شہ جن و ملک

اور نہیں ہرگز گلا ہی جسم پاک
اس شہ ارض و سما کا زیر خاک

اور تری و تازگی ای با کمال
ہی حواس خون و غیرہ سب بحال

بیٹھنا اٹھنا بھی جانو روز و شب
باقی ہیں حرکات اور سکنات سب

پڑھتے ہیں قبر مبارک میں نماز
اور دیتے ہیں اذان ای با نیاز

اور قرآں کی تلاوت صبح و شام
بالیقیں کرتے ہیں وہ شاہ انام

حیات النبی

موت یک ساعت کی ہی وہ بکر حمد   دفن کرنے بعد پھر زندہ کیا
اور نہیں تقسیم پایا ہر سریر   ترکہ شہ کا شاہ کی اولاد پر
اور معارف ہی وہان جنت کی غذا   جون ملک کو ہی غذا یاد خدا
اور سبکی اپنی تصنیفات مین   یونہی اثبات حیات ثقات مین
شیخ ابو یعلی نے از نقل ثقات   یہ روایت کی انس سے بالذات
اور حق کے خاصگان پاکباز   مرقدون مین اپنے پڑھتے ہین نماز
مصطفی فرمائے بھیجیگا درود   نزد قبر آکر مرے جو باسعود
اور جو بھیجین غائبین مجھپر درود   لا ملایک مجکو پہنچاتے ہین زود
اور حدیث آئی ہی ایسی حق شناس   کہ موکل یک ملک ہی قبر پاس
گرچہ سنتے ہین وہ خود خیر البشر   واسطے تعظیم کے ہے یہ مگر

حدیث

جو تمھارے ہین عمل لے باصفا   دی ملایک مجکو پہنچاتے ہین لا
بیہقی بولا احادیث کثیر   بر حیات انبیا آئے بشیر
قبر مین پڑھتے تھے وہ اپنے نماز   اور سب دیگر رسل بھی پاکباز
اور فرمائے بہت بھیجو صلوٰۃ   جمعہ کے دن مجھپر تم ای نیک ذات
عرض یون یارون نے کی تب شہ سے زود   آپ پر معروض ہو کیونکر درود
انبیا کے جو ہین اجساد کرام   حق کیا کھانا زمین پر ہی حرام
ہوگئی ثابت کہ حسی دنیوی   ہی بلاشک وہ نہین ہی معنوی
کہ مجرد انکو ہی ابقای روح   اور جسد باقی نہین ای با فتوح
ترکشی کہتا ہی شہ پائے وفات   کیا عجب ہی حق دیا ہو پھر حیات
عادیہ اسباب سے ہر اغذیات   ایسے ہی مشروط دنیا کی حیات
یون کہ در حالات حزن و ابتہاج   بعض بر دم کو غذا کی احتیاج
انبیا کو جو ہی برزخ مین حیات   احتیاج ان کو نہین با اغذیات بہشت

ہی سوا آپکے ای اہل دین   عدت آہی واسطے آئی نہین
ایسے زندہ ہین حقیقی جانئے   دور اپنے اہل سے گویا ہوئے
سب یہ ہی مذکور در نور عظیم   اور مواہب مین بھی بیشک ای فہیم
اور حیات انبیا ہین بس صحیح   شہ سے وارد ہین احادیث صحیح
کہ کئے ارشاد یون خیر الوریٰ   اپنی قبرون مین ہین زندہ انبیا

حدیث

گوش سے سن اسکو مین اپنے شتاب   قبر مین دیتا ہون پھر اس کا جواب

حدیث

حاضرین جب کے کرتے ہین سلام   عرض سرور ہے وہ کرتا ہی مدام
بادشاہون اور امیران کے حضور   جو نقیبان ہین کھڑے ای باشعور
اور فرمائے ہین شاہ مرسلین   کہ ملک سیاح ہین جو بر زمین
شکر مین کرتا ہون نیک اعمال پر   اور استغفار بر اعمال شر
بعد اسکے وہ وہی لایا خبر   قبر موسی پہ گئے جو شہ گزر

حدیث

کہ تمھارے سے درود ان لا کلام   ہوتے ہین معروض پر سید تمام
تن تو بوسیدہ ہوا ہوگا جناب   تب کئے ارشاد وہ محبوب رب
بولتا ہی یون مدارج مین بیان   کہ حیات اقدس پیغمبران
معنوی ہی ہان شہیدون کی حیات   مت سمجھ ویسی ہی نبیون کی حیات
اور شہیدون کے ہی روحون کو غفور   کرتا ہی داخل باجواف طیور
اور اس دنیا مین جو ہین زندگان   انکو حاجت ہی غذا کی جاودان
باوجود اسکے بھی قادر ہی خدا   کہ رکھے زندہ مقرر بے غذا
دیکھ یک مدت تلک ہوتی نہین   باوجود اسکے رہے جیتے ہین یقین
دہلوی لکھتا یہان آیا کمال   کہ حدیث آئی ہی در صوم وصال

کر اثبت عندر بی مصطفے
بس ہے کافی یہ حدیث مصطفے
یا ہو حاصل حالت ذوق حضور
فارسی عربی اسی مین اہل حب
لیک ہندی مین نہین آیا نظر
شیخ غزالی منقذ سے یقین
چونکہ قطب الوقت شیخ شازلی
بلکہ یون کہتا ہی شیخ شازلی
اور کہتا ہی اسی مین آخیر
اپنی بیداری مین وہ صاحب کمال
یو لکہ اس طرح ہوتا ہی حبیب
جس طرح دیتا خبر وہ سینہ صاف
بلکہ از ارواح بعض کاملین
ذکر اسکا در کتاب مثنوی
گفت من ہم نیز خوابش دیدہ ام
تا مثال شیخ پیشش آمدے
تو ئی بر نور رہنما ہمچو علم
ہین بیا این سو برآ و ازم مثا
تھا مری مرشد کا جد با کمال
ذوق کے دریا کا در شاہوار
شعر مین ثانی جامی تھا یقین
عالم طفلی سے از فضل غفور
عمر اسکی جب تھی تتا ئیس سال

اور تطعمنی و یسقینی کہا
در ثبوت این مراد و مدعا
بس ہی ہے ہو و غذا ای باشعور
عالمون نے مستقل لکھے کتب
ہین وہ لکھو نگا خدا چاہے اگر
نقل فرماتا ہی یون ای پیش بین
اور ابو العباس باشان جلی
یک پلک مارے تلک بھی مین کبھی
پیر میرا اور مرے والد کا پیر
اور اگر اس سے کوئی کرتا سوال
پس وہ یون دیتا خبر بے شک و ریب
پھر نہین ہوتا کبھو اس کا خلاف
فیض پائے طالبان حق یقین
اس طرح لایا ہے پیر معنوی
ور روان شیخ این بشنیدہ ام
تا کہ ای گفتے مشکلش حل شدے
قبہ قبہ دید جانش شد بعم
عالم از برقست روانیست منا
صاحب کشف و شہود و وجد حال
تھا تخلص اسکو ذوقی سازوار
عصر کا اپنے نظامی تھا یقین
اس سے تھا شان ولایت کا ظہور
نوش فرمایا ہے تب جام وصال

یعنے رکھے پاس میتا ہو یہ شب
عالم برزخ مین لیس آب و طعام
اس بحث کے ہین دلایل بیحساب
خاص شیخ دہلوی لکھا ہے خوب
حافظ و علامہ شیخ ابن حجر
کہ یہ بیداری بہت سے اولیا
نوم و بیداری مین اپنے با نیاز
گر نہ دیکھون شاہ عالم کا جناب
شیخ شمس الدین محمد با صفا
شیخ تب یون بولتا ای باشعور
کہ یقین ایاب ہین وہ شاہ عرب
کیجئے انکار سے اس کے حذر
چونکہ از قبر جناب بایزید
کہ حسن باشد مریدے زا تتم
ہر صباحی رو نہادی سوی گور
تا یکے روزے بیامد بو سعود
یا نگش آمد ز حظیرہ شیخ حی
حال او ز آثار شد خوب پدید
یعنے شیخ محی دین عبد اللطیف
حال و قال جذب مین تھا بیگمان
اس سخن مین کچھ نہین ہے اشتباہ
نوجوان تھا جبکہ وہ بدر کمال
اس قلیل عمر مین وہ ای فہیم

یہی کہلاتا ہے ... مجذوب
بھیجے جنت سے خدا نہ انام
گر لکھون ہو و سطون الکتاب
یہ بیان پاک رہنے ب الخطاب
شرح ہمزیہ مین اپنے سراج
پاتے ہین دیدار شاہ انبیا
رویت نبوی سے تھی بس سرفراز
مین اپنے تین بخانوان باصواب
دیکھتا اکثر جمال مصطفے
عرض کرتا ہون بہ پیر کے حضور
اسطرح ارشاد فرماتے ہین اب
نہر ہے انکار اس کا سر بسر
شیخ خرقان بو الحسن تھا مستفید
درس گیرد ہر صباح از تتم
ایستادی تا ضحی اندر حضور
گور یا از رف تو بو شیدہ بود
با انا دعوک فی تسعی الی
آن عجائب کہ اول می شنید
قطب دوران ذو النعما تعیف شریف
بایزید وقت شبلی زمان
اسکی تصنیفات مین او پیر گواہ
تھا درختستان اسی تو جذب و حال
لکھا ہر اک فن مین تصنیف ضخیم

ابیات مثنوی شریف

فارسی تازی ہیں وہ عرفان کے گنج
بر بحیب ہو تا بھی فرماتا تھا تب
سر بحیب اس وقت ہو فرماتا تھا
اور سید بو الحسن اس کا خلف
تھی قناعت مین جسے شان جلیل
طفلگی مین ہو گیا تھا جب یتیم
عالم رویا میں اپنے بار ہا
منکشف ہوتے تھے اوسپر باب صواب
خواب میں یکشب علی مرتضیٰ
اور فرد العصر قطب الواصلین
تیرہوین صد کا مجدد اور امام
وہ دیا اس طرح سنت کا رواج
یہ مقدس بھی تر ارواح کرام
اور زبان پاک میں کر اپنے تر
اور اس رویای حق کا وہ اثر
ایکشب بعد اس کے وہ عالیجناب
یک لباس فاخرہ اسکے تئیں
خواب سے یہ جب ہوا وہ کامیاب
اور روح نقشبند محترم
اور گیا تھا ایک دن وہ نامدار
روح پاک اسکا ملاقی ہو تبھی
سب طرق میں صوفیہ کے ذو الجلال
اور محقق اس کا شیخ معنوی

ہیں گے نظم و نثر مین تا شصت و پنج
غوث اعظم یوں کیا ارشاد آ
کہ مصنف اسکا معنی یون کہا
یادگار پیشوایان سلف
اور توکل زہد مین تھا بیعدیل
جد امجد سے لیا فیض عظیم
فیض اسکے روح اقدس سے لیا
فیض روحانی سے ہی اسکے بخواب
غسل سے اس کو معزز کر دیا
سید احمد امام العارفین
رکن شرع و ملت خیر الانام
کہ ہوا تاراج بس بدعت کا لیج
فیض پایا ہی بہت ای نیکنام
ایک اک اس کو کھلائے برسر
نفس پاک اپنے میں پایا جلد تر
حیدر و زہرا کو بھی دیکھا بخواب
حضرت خیر النسا پہنائے ہیں
اور بھی ایسے ہوے ہیں فتح باب
ایکدن اک پہر تک ہا سر و بہم
بر مزار قطب دین بختیار
اسپہ فرمایا توجہ اک قوی
فیض سے اپنے اسے بخشا کمال
ہی بیقین عبد العزیز دہلوی

جب حقایق میں کوئی کرتا سوال
اور ربابیات کتاب مثنوی
پس وہی کہتا تھا معنی بے نظیر
محو عرفان پاک دم صاحب قدم
باوجود فقر باشان علا
یعنے روح حضرت غوث الانام
اور تصوف کے لطائف اور نکات
اور علی کی روح سے بھی ای رشید
جب ہوا بیدار وہ شیخ زمن
صاحب سیر و سلوک جذب و حال
جسکے ارشاد و ہدایت سے خدا
فیض سے جسکے جہان پرنور ہے
عالم رویا میں اسکے مصطفےٰ
جب ہوا بیدار وہ اس خواب سے
منکشف اس پر علوم قدسیہ
ہو گیا اس خواب میں وہ طفل سا
قد پاک اسکا تبھی ای ارجمند
اور مقدس روح محبوب خدا
ہو کے ظاہر ایک تاثیر عظیم
اور اس کے مرقد اطہر پہ جا
یونہی ارواح بزرگوں سے کثیر
نقشبند یہ طریقہ میں بجا
روح پر رحمت کرے اسکے خدا

اس محقق سے تو وہ باحال و قال
پوچھے جاتا گر وہ شیخ معنوی
جون ستارون میں دکھے بدر منیر
عارف کامل ولی محترم
تھا یقین بحر سخا ابر عطا
تربیت پر اس کے راغب تھا مدام
او حقائق کے دقائق مشکلات
حق کیا رویا میں اس کو مستفید
تر بتر تھا اس کے کپڑے اور بدن
وارث علم لدن بے قیل و قال
ایک عالم کو دیا راہ ہدیٰ
یہ عرب سے ہند تک مشہور ہے
ایکشب تا نے کھجورین تین لا
دانت میں خر بیکے ریزی تھے لگے
ہو گئے مدرک رموز آنسہ
تب دیا ہی غسل اس کو مرتضیٰ
ہو گیا فی الحال بالا اور بلند
غوث اعظم بادشاہ اولیا
اسپہ فرمائی توجہ بس فخیم
کہتے ہیں یکدن مراقب وہ ہوا
مستفیض اسکو کیا رب قدیر
شیخ ہی وہ میر شیخ الشیخ کا
اور سب اشیاخ پران کے سدا

یہ بیان ہو طول میں بروجہ نیک
فیض روحانی میں بھی پایا ہوں نیک

مختصر کرتا ہوں نہیں اب کچھ بیاں
معجزات قبر سرور کا بیاں

آپ کی قبر مبارک سے یقیں
معجزے ظاہر ہوئے ایسے بیش ہیں

جبکہ گزرے ہیں مقرر تین روز
آن کر اعرابی یک باد رو و سوز

اور بہت رونے لگا ہو کر حزیں
اور یوں کہنے لگا اے شاہ دیں

جو کیا ہے آپ نے مولا سے یاد
وہ کیا ہے آپ سے بس ہم نے یاد

قبر شریف سے ظاہر ہوئے سو معجزے

اپنی قبر پاک میں خیر الانام
جب ہیں زندہ تا قیامت لاکلام

ہے روایت از جناب مرتضیٰ
کہ پس از دفن امام الانبیا

روضہ اطہر پہ سرور کے گرا
سر پہ ڈالا خاک پاک اسکی اٹھا

آپ نے جو حق تعالیٰ سے سنا
یا نبی وہ آپ سے ہم نے سنا

آپ پہ جو حق سے پایا ہے نزول
ہے از انجملہ یہ آیت اے رسول

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا[۱]

پڑھ کے یہ آیت کہا باچشم تر
میں کیا ہوں ظلم اپنے نفس پر

آپ کی خدمت میں حاضر ہوا
چاہیں بخشش آپ میری از خدا

قبر اشرف سے ہوئی تب یہ ندا
غفر اللہ لک اے باصفا

کی روایت ابن شیبہ باوقار
کہ زمانہ میں عمر کے ایک بار

یوں کیا ہے عرض اے شاہ ہدا
مانگئے بارش بہ درگاہ خدا

خواب میں آئے تب اسکے شاہ دیں
اور کیے ارشاد یوں اسکے تئیں

چونکہ فرمائے ہیں شاہ انبیاء
حق تبھی برسات برسایا بڑا

روایت

قحط آیا اک بڑا عالم پہ جب
شخص اک آ روضۂ اشرف پہ تب

واسطے امت کے انکی لاکلام
ورنہ پاتے ہیں ہلاکت اب تمام

کر بشارت اب عمر کو دے تو جا
بالیقیں برسات بھیجیگا خدا

معجزے ایسے بہت آئے ہیں یاں
نہیں لکھا خوف طوالت سے بیاں

زیارت شریف کی فضیلت کا بیاں

اور زیارت شہ کے مرقد کی یقیں
مسجد پر نور امجد کی یقیں

بعضے بولے اہل وسعت پر تمام
ہے زیارت شہ کی واجب لاکلام

درجۂ واجب میں ہے جب وہ بجا
اس لیے واجب ہے بعضوں نے کہا

میرے مرقد کی زیارت جو کرے
ہے شفاعت میری جب واجب اسے

وہ کیا ہے ظلم مجھ پر بے گماں
یوں ہوا ہے ثبت یہ لکھا ہے بیاں

کیونکہ ہے اس میں اذیت اور جفا
بر جناب مصطفیٰ اے باصفا

پس ازالہ اس جفا اور ظلم کا
از زیارت بالیقیں واجب ہوا

کہ جو ہو زائر مرا بعد ممات
گویا وہ دیکھا مجھے حین حیات

کونسی ایسی سعادت ہوویگی
کونسی ایسی کرامت ہوویگی

اعظم قربات اور حسنات ہے
اور بیشک اکرم درجات ہے

لیک کہتے ہیں یہ واجب سے مراد
ہے یقیں سنت مؤکد رکھ تو یاد

یوں روایت آئی از ابن عمرؓ
کہ کیے ارشاد یوں خیر البشر

اور فرمائے جو وسعت پائیگا
وہ نہیں میری طرف گر آئیگا

پس ہوا اب اس سے ظاہر لاکلام
کہ یقیں ترک زیارت ہے حرام

ظلم و ایذا بر شہنشاہ انام
ہے یقیں بے شبہ اجماعی حرام

بھی روایت ہے اسی راوی سے یہاں
کہ کیے ارشاد شاہ دو جہاں

ہیں بہت ایسے احادیث صحیح
آپ کی فضل زیارت میں صریح

کہ ملے جس سے شرف دیدار کا
رویت آں سید ابرار کا

[۱] اور ان لوگوں نے جسوقت برا کیا تھا اگر تیرے پاس آتے پھر اللہ سے بخشواتے اور بخشواتا ان کو رسول تو اللہ کو پاتے معاف کرنے والا مہربان ۱۲

روبرو قبر مبارک کے ہوں جب ... دست بستہ تب کھڑے ہوں باادب
اور سمجھیں قبر میں خیر البشر ... اب ہیں زندہ مجھ پہ کرتے ہیں نظر
اے خداوند کریم کارساز ... اس سعادت سے مجھے کر سرفراز
روضۂ نبوی کے لیس و دیدار سے ... چشم نگراں کو منور کر مرے
خاک اطہر اس زمیں کی جلد تر ... فضل سے کر دے مرے کحل البصر
اور وہیں کر دے مری موت و حیات ... بعث میرا کر وہیں سرور کے ساتھ

باحضور و باخضوع و بانیاز ... موبچیں آنکھیں عجز کا لے برگ و ساز
اور بجا لاوے تحیات و سلام ... بعد ازاں شیخین پر اے نیکنام
ہند سے لیجا مدینہ تک مجھے ... بحر مقصد کے سفینہ تک مجھے
اور مدینہ میں جہاں تیرا حبیب ... ہے پھرا اے حضرت رب مجید
آرزو دارم کہ خاک آں قدم ... طوطیائے چشم سازم دمبدم
تحفۂ گلہائے صلوات و سلام ... اسکو پہونچا مجھ سے یارب صبح و شام

تحفۂ صلوات و سلام کے بعد عرض احوال جناب میں سید انام کے علیہ و آلہ و صحبہ افضل الصلوٰۃ والسلام

السلام اے سرور کل سروراں ... السلام اے خاتم پیغمبراں
السلام اے مطلع انوار حق ... السلام اے منبع اسرار حق
سرور اندر گاہ خلاق صمد ... روح پر تیرے ازل سے تا ابد
فیض ہستی سے ترے رب ودود ... کل موجودات کو بخشا وجود
کل اسمائے الٰہی کا ظہور ... ذات اقدس میں ہے تیری مقصور
باغ وحدت کا شجر تو ہے یقیں ... شاخ وحدت کا ثمر تو ہے یقیں
خاص ہے تیرا ہی او ادنیٰ مقام ... کوئی نہیں پایا ہے وہ اعلیٰ مقام
عرش تیرا فرش ہے سر و عیاں ... صدر خلوت گاہ تیرا لامکاں
لی مع اللہ کا جو ہے سر عجیب ... وہ نہیں تیرے سوا کسکے نصیب
دیکھ کر یہ قرب کا تیرے مقام ... چاہیے تیرے امتی ہو دیں تمام
حق ہی جانے ہے تری شان علا ... کوئی نہ بوجھے تجھے حق کے سوا
لاؤ کیوں اسکو کوئی تحریر میں ... کیوں دکھاویں مرات تقریر میں
ہیں فصیحان بشر عاجز بیاں ... کر سنوارے اسکو از شرح و بیاں
دو لکھے کس طرح یہ ذکر شریف ... سمجھ میرے کس طرح ہو یہ ضعیف
واقعی یہ نظم میرا بے نظام ... بے فصاحت بے بضاعت بے کلام
گرچہ نازیبا ہے لفظوں کا لباس ... پر ہوا اس ذکر اشرف سے ہے راس

السلام اے عذر خواہ مذنبیں ... السلام اے رحمۃ للعالمیں
یارسول اللہ صلوات و سلام ... بے عدد اور بے نہایت صبح و شام
علت غائی ہے دو عالم کا تو ... باعث ایجاد ہے آدم کا تو
حق کا بیشک مظہر جامع ہے تو ... سر ازلی کا مہ لامع ہے تو
تو مہ تاباں ہے انجم سب رسل ... سب ہیں تیرے فرع تو ہے اصل کل
واحدیت پر ہمیشہ کا عروج ... اوج وحدت منتہی تیرا عروج
شخص تو ہی سب کے تیرے ظلال ... اور تو ہی ظل شخص ذوالجلال
ختمیت کی تیرے سر پہ تاج ہے ... کہ کسی کو وہ نہ تیرے باج ہے
جو ملک اور انبیا ذیشان ہیں ... دیکھ یہ رتبہ ترا حیران ہیں
محرم اسرار قرب کردگار ... جب کہ یہ خواہش کیسے سر و جہار
جبکہ ہے تیری شان عالی بیعدیل ... وہ ان کہے احوال تیرا ہیں جلیل
چاہیے اسکو زبان جبرئیل ... وہ بھی قاصر کیوں نہ ہو بقال و قیل
خاص یہ نادان بے علم و ہنر ... بے فصاحت بے بضاعت بے خبر
منفعل ہوں اس خجالت سے بہت ... نکل گیا ہوں اس ندامت سے بہت
تیرے ہدیہ کے نہیں لائق رہا ... لو ہوں کس منہ سے یہ ہدیہ ترا
غایت منت ہو اے حق کے رسول ... یہ مرے چار دن چمن کرنا قبول

یا س تھکے ہے تجھے شان رفیع
تو ہے در ہر حال امت کا شفیع

میں بھی ادنیٰ امتی ہوں اک ترا
ہوں ترے امت کا ادنیٰ خاک پا

یا نبی کرتا ہوں اپنا عرض حال
کر سفارش میری نزد ذوالجلال

دست و پا میری بھی چشم و گوش و لب
مبتلا ہیں معصیت میں آہ سب

جب شفیع تو ہووے میرا اے رسول
ہووے البتہ دعا میری قبول

اور میری عمر کے سب ماہ و سال
آہ غفلت میں ہوئے ہیں پائمال

کچھ ادا تیرے سنن کی پیروی
آہ میرے سے نہیں ہرگز ہوئی

خوف سے حق کے کبھو رویا نہیں
اشک سے نا سینہ دھویا نہیں

اور مرے سے طاعت و ذکر خدا
با خشوع اتنک ہوئی نیں کچھ ادا

میرے رب کی نعمتیں پایا بہت
راحتیں اس عمر میں پایا بہت

کوئی دم اس کا نہیں شاکر ہوا
شکر میں اس کے نہیں ذاکر ہوا

اور ریاضت یا قناعت یا سخا
کچھ نہ میرے سے ہوئی ہرگز ادا

کیا بتاؤں حشر میں منہ حق کو میں
اور کیونکر دوں حساب عمر میں

یا نبی تیرے محبت کے بغیر
کچھ نہیں میری میں ہے اعمال خیر

عرض کر تو حق سے تا بخشے مجھے
نیک ہی توفیق تا دیوے مجھے

آہ امت میں تری فتنہ پڑا
یا نبی اس عصر میں اکثر پڑا

اہل سنت میں ہوئے کتنے فریق
ایک سرے کے مکفر بد طریق

دشمناں اہل ہدایت کے ہوئے
رہروان راہ ضلالت کے ہوئے

بدعت و الحاد میں رکھے قدم
یا بہ سنت لگے کرنے ہدم

بر ملا بدعت کو دیتے ہیں رواج
اور بجھا دیتے ہیں سنت کا چراغ

باعقیدہ کہ بد عمل پائے ظہور
اور بہت انواع کے فسق و فجور

عرض کر حق سے اٹھاوے یہ خلاف
متفق تا ہوویں دیں میں سینہ صاف

ایسے فتنہ میں بچاوے حق مجھے
حق کو حق ہی کر بتاوے حق مجھے

شہر سنت میں کرے تیرے مقیم
رکھے ثابت بر صراط مستقیم

اور کرے علم و عمل میرا زیاد
فضل سے اپنے سدا رب العباد

اور کسی کا نا کرے محتاج وہ
مجھ کو استغنا کا بخشے تاج وہ

اور نہ لیجاوے کسی در کے اُپر
اپنے در ہی پر رکھے شام و سحر

اور کسی کا نا کرے ممنون مجھے
اپنی منت کا رکھے مرہون مجھے

اہل دنیا سے رکھے بس مجکو دور
دل رکھے میرا توکل سے ہی پور

اور کرے مجکو عطا رزق حلال
اور وسعت ہمیں دیوے کل حال

جسم و جاں کی تندرستی دے سدا
دل کی جمعیت مجھے بخشے خدا

حالت سکرات کو آساں کر
خاتمہ میرا کرے ایمان پر

مجھ کو قبر و حشر میں لیوے اماں
سختی و تعذیب سے تہ و عیاں

سب مواقف ہیں مجھے عرصات کے
اپنے داماں شفاعت بیچ لے

کر عنایت مجھ کو اک کوثر کا جام
تا رہوں سیراب اس سے بالدوام

عرض کر تو حق سے اے حق کے حبیب
نا کرے تا مجکو دوزخ کے قریب

پل ہیں اک پل سے نبھے دیوے گزر
داخل جنت کرے پھر جلد تر

دولت دیدار سے اپنے مدام
حق کرے مجھ کو مشرف صبح و شام

اور حق بخشے مرے ماں باپ کو
اور مسلمانان شیخ و شاب کو

اہل اور اولاد کو میرے خدا
شرع پر تیرے رکھے قائم سدا

عمر اور روزی کرے انکی زیاد
اور کرے علم و عمل سے سرفراز

جتنے دینی ہیں مرے بھائی بہن
انکو بدعت سے بچاوے ذوالمنن

اور جو میرے ہیں دینی اوستاد
دیوے نیک ان کو جزا رب العباد

سب مسلمانوں کو بھی رب کریم
شرع حق پر ہی رکھے بس مستقیم

حق انہیں غالب رکھے کفار پر
اور انہیں بخشے سدا فتح و ظفر

مسجدیں آباد کر دے جا بجا
سارے بتخانہ کرے ویراں خدا

اور اس امت میں جو ہیں عورتیں — فضل سے حق کے وہ با عفت رہیں
اور شفاعت سے تری روز حساب — حق کرے بس ہم سبھونکو کامیاب

اور ان چاروں چمن پر اے خدا — بلبلوں سے مومنوں کو کر فدا
انکی خوش بولی میں خوش الحان رکھے — عشق میں اس کے ہی بس پہچان رکھے

یا نبی یہ عرض اب کروا قبول — بہر حسنین و کریمین و بتول

تمت

شکر اللہ یہ مرے چاروں چمن — سیر کے یہ چار خیابات عدن
فضل سے پروردگار پاک کے — باغبانِ ارض اور افلاک کے

ہوگئے ریان یہ ایام ربیع — تازہ و خنداں یہ ہنگام ربیع
لیتے پائے ہیں بہار اختتام — در ربیع الاول اے عالیمقام

بیتیں اس چوتھے چمن کے بیشمار[1] — ہینگے تخمینا قریب شش ہزار
جب ہزار و دو صد و پنجہ تھا سن — تب تر و تازہ ہوا دوسرا چمن

یعنے گلزار نبوت اے ہمام — پایا آگے دس برس کے اختتام
اب ہیں بارہ سو پہ جو ہفتاد و پنج — ہیں ہوا پھر سہ چمن کا نظم سنج

پس مرتب ہوگئی پوری کتاب — یعنے یہ چاروں چمن ای کامیاب
شاہ کے احوال میں ای نیک فن — دفتر اول ہے یہ چاروں چمن

دفتر ثانی میں گر چاہے خدا — کچھ فضایل مصطفے کے لاؤنگا
حرمت نبوی سے خلاق عباد — جلد تر برلاوے یہ میری مراد

فضل سے اپنے اب اے رب انام — حاجتیں میری روا کر دے تمام
جب تلک باقی رہیں ارض و فلک — یہ مرے چاروں چمن شاداب رکھ

توڑ کر میری خودی کا تو حجاب — تیری ہستی میں مجھے کیجیے فنا
دے فنا فی اللہ کا مجھ کو عروج — اور بقا باللہ کی دی یوں سوج

روز و شب رکھ مجھکو اس ہی سیر میں — اور نہ کر مشغول ہرگز غیر میں
رکھ مراقب مجھکو اپنی ذات کا — روح سے ناظر تجلیات کا

نفی اور اثبات کا دے اشتغال — کر عنایت مجھکو یارب ذوالجلال
کلمۂ توحید پہ ہی اے خدا — روح میرا تن سے میرے کر جدا

از برائے مصطفے سالار دیں — بہر کل انبیا و مرسلیں
آل و صحب با صفا کے واسطے — تیرے یکسر اولیا کے واسطے

تیرے محبوب مکرم کے لیے — محی دیں غوث معظم کے لیے
نام پر تیرے نبی کے بالصواب — ختم اب کرتا ہوں یارب یہ کتاب

یا الٰہی فضل سے اپنے شتاب — یہ دعا احقر کی فرما مستجاب
نام پر اس کے مجھے قربان کر — نام وہ میرا تو حرز جان کر

دے تو برکت مجھکو اس کے نام کی — پیروی دے اس کے ہر اک کام کی
نام اشرف کے ہیں اسکے حرف چار — یہ بھی ہیں اس کے سیر کے ظرف چار

یمن سے اس چار کے ای ذوالمنن — کیجیے مقبول یہ چاروں چمن
بھیج تسلیمات و صلوات ای خدا — ہم سے بیحد بر محمد مصطفے۔

تمت

تاریخ تکمیل تصنیف از حضرت مصنف سقی اللہ ثراہ

رَبِّ لَكَ الْحَمْدُ بِتَوْفِيقِكَ — كَمَّلَ تَصْنِيفُ جِنَانِ السِّيَرِ
فِيهِ تَفَاصِيلُ أُمُورِ السِّيَرِ — فِيهِ أَعَاجِيبُ بَيَانِ السِّيَرِ
أَلْهَمَنِي لِهَاتِفٍ تَارِيخُهُ — هٰذَا التَّتْمِيمُ جِنَانِ السِّيَرِ

[1] چاروں رسالوں کے ابیات مع فہرست و دیباچہ و آیات و عربی و حواشی تخمینا بارہ ہزار ہیں۔ ۱۲

اطوار نبوت

حمد کے لائق ہے خلاق کریم — کہ دیا احمد کو اخلاق عظیم
یہ سبق کا بس معلم ہے وہی — خلق اعظم کا متمم ہے وہی
گلشن اخلاق سے اسکے ہی گل — حسب استعداد چونے سب رسل
جامعیت ہمیں ہر دو نور کی — کی ظہور اس بدر کی اور ہور کی
ہے وہ سب عالم میں فرد بے عدیل — خلق میں اسکا نہیں ہے کوئی مثیل
چونکہ حمد حق کو غایت ہی نہیں — نعت احمد کو نہایت ہی نہیں
یا الٰہی جوں کیا تو سرفراز — ایسی نعت سے ہمیں با امتیاز
طاعت و اخلاق اور افعال میں — عادت و اقوال اور احوال میں
صد ہزاراں بھیجے صلوٰۃ و سلام — دمبدم پہونچا تو اسپر بالدوام

تھا تخلق اسکو با اخلاق حق — ما سوا پر اس میں تھا اسکو سبق
ہے ادیب اوستاد اسکا خدا — اس کے ہیں شاگرد یکسر انبیا
کوئی ہوا ہے مطلع مہر جلال — اور کوئی مظہر ماہ جلال
ہے ظہور کل اسما با کمال — اس کی ذات پاک میں با اعتدال
ہے نبوت کا اسی پر اختتام — ہے اسی کا خاص یہ عالیمقام
شکر اس نعمت کا کیونکر ہو ادا — امتی ایسے کے حق ہم کو کیا
یوں ہی ہم سب کو بر وجہ قوی — کر عنایت بس اسی کی پیروی
نور اخلاق نبی سے ابتدا — رکھ منور دل ہمارے تو سدا
اور اس کی آل اور اصحاب پر — جن میں تھے اخلاق نبوی جلوہ گر

پیدا کرنے والا

مقدمہ

شاہ کے اخلاق اے فرخندہ پے — جب اتم و اعظم اخلاق ہے
اور سر چشمہ ہے اسکے تو ہی جان — نہریں علم و معرفت کی ہو رواں
اور اس کا علم باشان علا — اعظم و اکمل علوم انبیاء
کو سوا اس شاہ عالم کے یقیں — کوئی اس رتبہ کو پہونچا ہی نہیں

اور منشا اسکا بیشک عقل ہے — عقل ہی اخلاق کا سب اصل ہے
پس عقول خلق میں عقل رسول — کیوں نہ ہووے اعظم کل عقول
شان علم و عقل میں ہو با کمال — اسکے تئیں بخشا تھا ایسا ذو الجلال
دیکھے اس کے جو کوئی احوال پاک — اس کے کچھ اقوال اور افعال پاک

اگنے کی جگہ

اس کے کچھ حسن شمایل اور سیر
ہوویں گے جس شخص کے پیش نظر

اور سیاست اسکی عالم پر عیاں
اور کیا وہ جو شرایع کا بیاں

اور آداب جلیلہ کی بناء
اور قوانین جمیلہ کی بناء

جو کیا مضبوط و محکم بالیقیں (استوار ۲)
احسن ترتیب سے وہ شاہ دیں

اور جتنے آسمانی ہیں کتاب
جو تھا ان کے علم سے اسکو نصاب (حصہ)

ماضیہ ایام کا احوال سب
اور اگلے امتوں کا حال سب

اور اس سے حسن تدبیر عرب
جو ہوئی ظاہر یہ ترتیب عجب

تھے عرب جاہل نکہ بس وحشی خصال
جہل اور ظلم و جفا میں بے مثال

وہ کیا صبر و تحمل کس قدر
ان کے جور و ظلم پر شام و سحر

پس وہی لوگ علم اور اعمال میں
نیک اخلاق اور نیک افعال میں

فیض سے اس کے بہ ایام قلیل
پائے ہیں شان جلیل بے عدیل

پس محبت نبیج اسکے آشکار
مال و جاں اپنا کئے کیسا نثار

اور اس کے عشق میں چھوڑے وطن
ہاتھ لائے ملک جنات عدن

ایسے باتوں سے جو ہوگا باخبر
دیکھ سرور کے احادیث و سیر

جانیگا بے شبہہ و بیشک وہ فہیم
عقل اور اخلاق تھے اسکے عظیم

اور یہ سرور کے اخلاق عظیم
اور یہ حکمت اور یہ عقل سلیم

بے تعلم اوستادوں کے یقیں
بے مطالعہ بھی کتابوں کے بغیر

اور اسے صحبت نہ تھی حکما کیسا
یا کتابیں بھی علما کے ساتھ

پس حقیقی اس کا حق استاد تھا
باطنی ہر دم اسے ارشاد تھا

سور و مَا لَمْ یَکُنْ تَعْلَمْ تھا وہ
عقل و علم و خلق میں اعظم تھا وہ

تھا وہ سب جو از کبار تابعیں
اور علامہ بڑا تھا وہ امیں

تھا سماویہ کتب میں بھی خبیر
اسطرح کہتا ہے وہ فرد شہیر

کہ کتب قدما کی تا بصد و یک
میں نے دیکھے ہیں یقیں بے شبہہ و شک

سب کتابوں میں یہی پایا بجا
کہ تمام عالم کو خلاق ورا

جو ز آغاز جہاں تا انتہا
عقل و دانش اور فراست ہے دیا

سب وہ بیش عقل ختم المرسلیں
نسبت ایسی رکھے ہے اے پیش بیں

جیسا اک بالو کا ذرہ ہو عیاں
بیش ریگستان صحراے جہاں

اور شیخ سہروردی باصفا
نقل عرفا سے عوارف میں کیا

عقل کے مولا نے سو حصے کیے
شاہ کو نو و نود ہیں سو دیے

ایک حصہ ہی مسلمانوں کو سب
مرد و عورت اہل ایمانوں کو سب

کافروں ہیں جو کہ ہیں اہل کتاب
شاہ کے دشمن ہیں گرچہ بد نصاب

باوجود اس دشمنی کے وہ تمام
قایل اسکی عقل کے ہیں لاکلام

اس لیے کہتا ہے پیر شام و روم
مثنوی میں قیصر روم و علوم

عقل احمد از کسے پنہاں نشد
روح وحی مدرک ہر جاں نشد

اور اخلاق عظیم اس شاہ کے
دیکھ کر کفار بھی حیران تھے

بعضے کافر خلق وہ دیکھے ہیں جب
لائے ایمان معجزہ تا کر طلب

ذکر یاک بعض اخلاق شریف
دیکھ میں لکھتا ہوں بوجہ لطیف

اولاً معنی اخلاق عظیم
کیا ہے اس سے ہو تو آگہ اے فہیم

معنے خلق عظیم کی

عایشہ سے کوئی پوچھا ایں بیاں
کیا تھا خلق مصطفے کیجو بیاں

وہ کہے اس شاہ کا خلق عظیم
تھا سراسر صاف قرآن کریم

یعنے قرآن میں خدا اے ارجمند
جانیے چیزیں جو فرمایا پسند

بالطبع وہ شہ ہی پاتے تھے ظہور
ناپسند چیزوں سے تھا اسکو نفور

اور یوں لائے ہیں بعضے عالمان
ہیں یہی خلق عظیم اسکے عیاں

کہ جو اس آیت میں خلاق عزیز
حکم فرمایا نبی کو تین چیز

قولہ تعالیٰ خُذِ الْعَفْوَ وَأْمُرْ بِالْعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الْجَاهِلِينَ ۝

یعنے کر تقصیر بندونکی معاف ‌ ‌ نیکیونکا حکم کر عالم کو صاف
جاہلوں سے روز و شب اعراض کر ‌ ‌ انکی گستاخی سے بس اغماض کر

جو کرے دعوت الی اللہ بصیر ‌ ‌ ہاں یہ باتیں ایسے ہونگی سخت تر
بس ہے لازم واغلظ انکو بالضرور ‌ ‌ تا یہ خلق احمدی سے لیوے نور

اور بعضوں نے کہا ہے اے سلیم ‌ ‌ کہ تھے یہ اس شہ کے یہ اخلاق عظیم
خلق سے ظاہر میں رکھتا اختلاط ‌ ‌ جس سے تھا باطن کو اس کے ارتباط

عذب تھا ہردم اسے سر و علن ‌ ‌ تھی اسے خلوت یقیں در انجمن
حال و قال ایسا نہیں آسان ہے ‌ ‌ ہاں بلاشک یہ اسیکی شان ہے

اور فرمایا ہے شاہ دوسرا ‌ ‌ ہیں اسی کے واسطے بھیجا گیا
تا کہ اخلاق ہمہ پیغمبراں ‌ ‌ میں کروں اتمام در ستر و عیاں

جو صفوت ہے صفی اللہ کی ‌ ‌ فہم ادریس ہے یحییٰ زکی
جود و بخشش ہود کی اور شکر نوح ‌ ‌ طاعت صالح نبی ای با فتوح

خلت ابراہیم کی عزم کلیم ‌ ‌ زہد عیسیٰ صبر ایوب سقیم
یونہی اخلاق جمیع انبیا ‌ ‌ جمع تھے اس شاہ میں ای با صفا

بس اسیکے واسطے رب کریم ‌ ‌ وصف کی ہے اس کی بخلق عظیم
کیونکہ تھا وہ بادشاہ انس و جاں ‌ ‌ مجمع اخلاق کل پیغمبراں

اور حدیث آئی ہے دوسری ای اخی ‌ ‌ آیت مذکور جب نازل ہوئی
اس کی تفسیر مبارک آئے میں ‌ ‌ پوچھا جبریل اس سے شاہ دیں

وہ کہا یہ آیت اے شاہ کریم ‌ ‌ تجھ کو سکھلاتی ہے اخلاق عظیم
بس ازانجملہ یہ ہیں گے تین بات ‌ ‌ تجھ سے جو توڑے تو جوڑے اسکے ساتھ

جو کرے محروم تجھ کو اے رسول ‌ ‌ تو کرے اس کو عطا نہ ہو ملول
جو کوئی تم پر کرے ظلم و جفا ‌ ‌ عفو تو اس سے کرے ای مصطفیٰ

پس وہ سرور اس مراتب کو بجا ‌ ‌ درجہ غایت کو یوں پہونچا دیا
کہ نہیں فوق اسکے مقدور بشر ‌ ‌ ہے گواہ قصہ احد کا اس اوپر

آہ اس کا عم بزرگوار جب ‌ ‌ یعنے حمزہ سید اخیار جب
اور ستر اس کے اصحاب کرام ‌ ‌ پائے ہیں اس دن شہادت کا مقام

اس شہید راہ مولا کا جگر ‌ ‌ یعنے حمزہ شاہ شہدا کا جگر
کاٹ کر چابے ہیں کفار لعین ‌ ‌ بھی ہوا زخمی امام المرسلین

بھی مبارک دانت اسکا اے رشید ‌ ‌ ہو گیا ہے جب یہ غزوے میں شہید
بھی مبارک خون اسکا اے میاں ‌ ‌ منہ سے اور سر سے ہوا اسکے رواں

دیکھے ہیں اصحاب جب اس حال کو ‌ ‌ اس جفا اس ظلم اس جنجال کو
تب کیے سب عرض اے شاہ ہدا ‌ ‌ حق میں ان کفار کے کر بد دعا

شاہ نے فرمایا رب العالمیں ‌ ‌ بد دعا کرنے مجھے بھیجا نہیں
وہ مجھے بھیجا ہے رحمت کیلیے ‌ ‌ وہ تجھے بھیجا ہدایت کیلیے

یوں دعا کرنے لگا پس با نیاز ‌ ‌ اے خداوند کریم کارساز
بخش میری قوم کے جرم و خطا ‌ ‌ اور انکے تئیں ہدایت کر عطا

وہ کہے ہیں کام یہ ناجان کر ‌ ‌ قہر و آفت بھیج مت انکے اوپر
آپ جن اخلاق سے تھے بہرہ مند ‌ ‌ دوسروں کو بھی وہی کرتے تھے پسند

اخلاق نیک کی وصیت جو آنحضرت علیہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ اپنے صحابہ کرام کو فرمائے

بولتا ہے یوں انس اے با شرف ‌ ‌ کہ ہر اک اچھی نصیحت کیطرف
سرور عالم ہمیں دعوت کیا ‌ ‌ اور ہر بد کام سے نفرت دیا

جس کا سب مطلب خداوند جہاں ‌ ‌ دیکھ اس آیت میں فرمایا بیاں
إِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْإِحْسَانِ وَإِيتَاءِ

مراد اخلاق ثلاث از آیت بحکم — صل من قطعک وتعطی من حرمک وتعفو عمن ظلمک

الله حکم کرتا ہے انصاف کو اور بھلائی کو اور منع کرتا ہے بے حیائی کو اور نامعقول کام کو اور سرکشی کو ۱۲

ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْهٰی عَنِ الْفَحْشَاءِ وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ

اورکہتا ہے معاذ با صفا
کہ کیا مجھ کو وصیت مصطفےٰ

کیجے لازم آپ پر تقویٰ کو تو
راست گوئی اور وفائے عہد کو

اور ادا کیجے امانت صبح و شام
اور کر ترک خیانت بالدوام

اور نگہبانی پڑوسی کی تو کر
اور ترحم کر یتیموں کے اوپر

بھی کلام نرم اور حسنِ عمل
اور قطع رشتۂ طول امل

اور ثابت رہ سدا ایمان پر
اور رہ واقف معنئ قرآن پر

آخرت سے دل لگا صبح و مسا
اور حساب آخرت سے ڈر سدا

عاجزی اور حلم دایم کیجیے
اور حکیموں کو کبھی گالی نہ دے

اور سچوں کو نہ جھٹلا تو کبھو
مت مچا فتنہ کبھی دنیا میں تو

اور نہ ظالم کی اطاعت کیجیے
اور نہ عادل سے بغاوت کیجیے

اور کرتا ہوں وصیت تجکو اب
ڈھیلے پتھر پاس بھی رکھ خوف رب

یعنے انکے پاس بھی مت کر گنہ
تا نہ ہو تیرے گناہوں پر گواہ

ہر گنہ کے بعد کر توبہ ضرور
بخش دیوے تا گنہ تیرا غفور

گر گنہ مخفی ہو توبہ بھی نہاں
گر گنہ ظاہر ہو توبہ بھی عیاں

سرورِ دیں حسن اخلاق و ادب
یونہی سکھلاتا تھا جان بندونکو سب

بندہ سے اس کے ہوا جو مستفید
صبر و حلم اندر ہوا فرد وحید

حضرت رسول رب الجلیل کے صبر جمیل اور حلم بے عدیل کا بیان

ابن حبان اور حاکم بیہقی
اور طبرانی وغیرہ اے تقی

اس طرح لائے روایت معتبر
زید بن ثعنہ سے اے نیکو سیر

وہ یہودوں میں تھا عالم نامور
یوں روایت ہے وہ دیتا ہے خبر

کہ ہو جو پیغمبر آخر زماں
اسکے سب اوصاف و آثار نشاں

میں نے جو دیکھا کتابوں میں تمام
مصطفےٰ میں سب پایا لا کلام

دو صفت لیکن نہیں پایا تھا میں
یعنے وے دو تو صفت یہ ہیں یقیں

حلم اس کا اسکے غصہ کے اوپر
ہووے غالب صفا دل ہی پسر

اور دوسرا اس سے کوئی سخت بات
گر کریں تو وہ کرے نرمی کیساتھ

چاہتا تھا تا کروں میں امتحاں
یہ دو صفتاں در شہ پیغمبراں

منتظر قابو کا تھا میں باوفاق
ناگہاں ایسا ہوا اک اتفاق

ایک دن وہ بادشاہ انبیا
قرض میرے سے بہت خرما لیا

اس کی قیمت مجکو پہنچانے کہتیں
وعدہ کئی دن کا کیا وہ شاہ دیں

آگئے اس وعدہ کے دو یا تین روز
جا کے سرور پاس میں اے دلفروز

جب تقاضہ آپ سے کرنے لگا
پر نہیں غصہ میں آیا وہ ذرا

بلکہ اتنا بھی نہ فرمایا نبی
کہ نہیں وعدہ ہوا آخر ابھی

دیکھ کر یہ حلم قصداً اے امیں
درشت گوئی میں لگا کرنے وہیں

شاہ کی مجلس میں اصحاب کرام
تھے بہت بیٹھے ہوئے ذوالاحترام

پھر لگا کرنے کو میں سختی سے بات
اس تصور سے کہ شاہ کائنات

غیرت مجلس سے کچھ غصہ میں آ
تا کہے کچھ حرف مجھ کو ناسزا

لیک وہ دریائے حلم و افتخار
تب نہیں غصہ میں آیا زینہار

پھر یہاں تک میں کہا سختی سے یہ
خانداں کا ہی ترے شاید یہ ڈھب

کہ ادا دے قرض جلدی نا کریں
قرض خواہوں کو بہت تکلیف دیں

حرف یہ سنتے ہی میرے سے عمرؓ
سخت برہم ہو گیا ہے جلد تر

میں نے اٹھ تب شاہ کے نزدیک جا
چادر اشرف پکڑ کر یوں کہا

قرض میرا سب ادا کر دے ابھی
سن اٹھا یہ سرور عالم تبھی

دیکھ یہ حالت عمر عالی وقار
ہو گیا بے تاب طاقت ایک بار

کھینچ کر تلوار میرے سر پر آ
تجھ کو غصہ سے بہت کہنے لگا
اے عدو اللہ جا در چھوڑ دے
ورنہ سر کو کاٹتا ہوں میں ترے

تب لگے بس مسکرانے شاہ دیں
اور فرمایا عمر سے یوں وہیں
یہ نہ تھی امید تجھ کو اے عمر
کہ تو یوں سختی کرے اسکے اپر

بلکہ لازم تھا تجھے مجکو کہے
با مدارا قرض اس کا دیجیے
اور کرے اسکو نصیحت یوں مگر
قرض خواہی میں تو یوں سختی نہ کر

تب کہا فاروق اے سالار دیں
زاید اس سے صبر کی طاقت نہیں
حکم ہو تو میں ادا کرتا ہوں قرض
شاہ نے فرمایا اس کی سن کے عرض

جا ادا کر اس کا حق اے باصواب
بیس صاع خرما دے زاید از حساب
تو جو سختی سے کیا ہے اس سے بات
تا یہ بدلہ اس کا ہو اے نیک ذات

جب سنا یہ شاہ سے اس بات کو
دین باطل سے اٹھایا ہاتھ کو
شاہ پر ایماں تبھی لایا وہیں
دولت دارین کو پایا ہوں میں

روایت

بولتا ہے بو ہریرہ باصفا
ہم تھے اک دن ہمرہ شاہ ہدیٰ

راہ میں آ ایک جنگلی بے تمیز
شاہ کی چادر کو کھینچا اے عزیز
گردن اشرف ہوئی سرور کی لال
تب کہا اس کو رسول ذو الجلال

کیا غرض رکھتا ہے کہہ تو اے جواں
وہ کیا عرض اے امام انس و جاں
دونوں ان اونٹوں پہ میرے کچھ اناج
بھر کے دلوا لاو کر ہے احتیاج

کیونکہ جو ہے مال اے شاہ ہدیٰ
پاس تیرے ہے وہ سب مال خدا
وہ نہیں کچھ مال تیرا مجکو دے
مسکراتے شاہ یوں بولے اسے

سچ کہا تو یہ نہیں میرا ہے مال
بالیقیں یہ سب ہے مال ذو الجلال
پر جو کھینچا تو مجھے حق ہی مرا
اس کا بدلہ میں ترے سے لونگا

وہ لگا اس طرح سے کہنے کہ تیں
اس کا بدلہ بھی نہ اب لونگا میں
شاہ ہنستے تھے بہت فرحت سے تب
گزری یک ساعت اسی حالت میں تب

بس بلا ایک شخص کو بولا ضرور
یک شتر پر جو بھری دوسرے پر کھجور
بوجھ پورا بھر کے دی اسکے تیں
لے گیا خوش ہو کے وہ صحرا نشیں

بھائیو سالار دیں کا صبر و حلم
رحمۃ للعالمیں کا صبر و حلم
دیکھو کس درجہ کو پہونچا تھا یقیں
کہ زیادہ اس سے مقدور نہیں

تم بھی تا مقدور اے مومنو
پیروی کے گل یہ گلشن سے چنو
حلم کا ضد خشم ہے بے ارتیاب
تم کرو اس سے نہایت اجتناب

حضرت رسول کریم علیہ و آلہ الصلوٰۃ والتسلیم کی تواضع کا بیان

یوں روایت آئی ہے فرخندہ پے
کہ لکھا تاریخ طبرانی میں ہے
اک سفر میں بولا یاروں سے نبی
ذبح کر بکری کو اک بھونو ابھی

عرض یاروں نے کیے سرور سے تب
کہ ابھی تیار ہم کرتے ہیں سب
اک صحابی نے کہا اے نیک نام
ذبح کرنا اسکو اب میرا ہے کام

دوسرا بولا کہ میں چھیلتا ہوں پوست
تیسرا بولا کاٹتا ہوں اس کا گوشت
اور پکاتا ہوں کہا چوتھا اسے
یونہیں سارے نے حد تیں قصد کیے

کام میں اصحاب تھے با اک دگر
اٹھ وہاں سے چلے یہ خیر البشر
جمع کر کچھ لکڑیاں لائے ہیں تب
دیکھ یاروں نے کیے ہیں عرض سب

ہم ہی سب خدام کرتے تھے یہ کام
کیوں کیا تکلیف اے شاہ انام
یوں جواب انکو دیے شاہ ہدیٰ
اپنے بندوں سے رکھے مکروہ خدا

بیٹھنے سے ممتاز ہو یاروں میں او
تا شریک ہوئے کچھ کاموں میں

روایت

عائشہ کہتی ہے اے نیکو نہاد
کوئی نہ تھا خوش خلق سرور سے زیاد
تازہ رو خوش خلق تھا اور نرم گو
اور سختی کی نہیں تھی انکی خو

اور غیبت و فحش گوئی تو کبھی
ہوئی نہ اس سے قصد یا بے قصد بھی
اور کسی خادم کو جھڑکاتا نہ تھا
اور نہ کہتا کیوں کیا یہ یا نہیں کیا
خبر دیتا ہے روایت سے انس
میں کیا خدمت نبی کی دس برس

روایت

ہاں ہوا جب حکم خلاق عباد
وہ گیا ہے راہ مولا میں جہاد
اس کے اہل بیت یا اصحاب سے
گر اسے کوئی یا رسول اللہ کہے
اور تالیف انکی کرتا تھا سدا
اور نہ نفرت انکی رکھتا تھا روا
اور صحابہ اس سے جب ملتے تھے آ
آپ ہی کرتا مصافحہ اولا
اور تفقد کرتا تھا اصحاب پر
سارے خاص و عام شیخ و شاب پر
اور سمجھتا تھا یہی ہر ہمنشیں
کوئی عزیز اس پاس میرے سا نہیں
تا کرے وہ جب تلک قطع کلام
قطع کرتا ہی نہ تھا شاہ انام
سر نہ اس سے پھیرتا تھا وہ کبھی
جب تلک پھیرے نہ سر وہ آپ ہی
خود بخود وہ چھوڑتا تھا ہاتھ جب
چھوڑتا تھا شاہ اپنا ہاتھ تب
آ بجد سے اپنی چادر کو بچھا
اسپہ بٹھلاتا تھا اسکو مصطفےٰ
تکیہ اپنا اسکو دیتا تھا رسولؐ
پر بجد ہو ملکہ کرواتا قبول
اس کی حاجت سے فراغت ہووے جب
پھر نماز آغاز وہ کرتا تھا تب
جا ہے مجلس میں رہی خالی جب ملے
بے تکلف بیٹھ جاتا تھا وہاں
ایک دن یاراں کیے ہیں التماس
کہ تو بیٹھے اسطرح ای شاہ ناس
تب صحابہ نے بنایا جلد تر
ایک مٹی کا چبوترہ اے بسیر
اور مساکین کی عیادت کے بدل
شاہ جاتا تھا کرم سے اپنے چل
کہ چلا سکیں نجھے سکین مار
اور مساکیں میں اٹھاے کردگار
بادشاہوں سے نہ رکھتا تھا ہراس
انکی دولت کے سبب شاہ ناس
اور اہل علم و اہل فضل کی بھو
وا ایستا تکریم کرتا تھا نبی

جوں مہر باپ تھا وہ اہل و عیال
کوئی عالم میں نہ تھا اسکے مثال

روایت

بس کبھو مجھ کو نہ پوچھا شاہ دیں
کام تو کیوں یہ کیا کیوں یہ نہیں
اور وہ کہتی ہے شاہ مرسلیں
ہاتھ سے اپنے کسے مارا نہیں
اور نہ کرتا تھا وہ شاہ سرفراز
پاے اشرف اپنی مجلس میں دراز
تو اسے لبیک سے دیتا جواب
ملتفت اسکے طرف ہوتا شتاب
اور اول حضرت خیر الانام
آپ ہی ہر اک کو کرتا تھا سلام
اور کریم قوم کو خیر البشر
سروری دیتا تھا اسکی قوم پر
اور اپنے ہم نشینوں کو تمام
حصہ دیتا تھا بالطاف تمام
اور آ سرور سے جو کرتا تھا بات
وہ طرف اسکے ہی رکھتا التفات
اس سے سرگوشی کوئی کرتا اگر
شاہ سنتا بات اسکی کان دھر
اور اگر کوئی پکڑتا اسکا ہاتھ
کھینچتا اسکو نہ تھا وہ پاک ذات
نقل ہے آتا تھا اسکے جو حضور
اس کا وہ اکرام کرتا تھا ضرور
گرچہ نا ہوں اسکے بیچ یا شاہ دیں
رشتہ خویشی یا رضاعت کا یقیں
اور کبھی تخفیف کرتا در نماز
آنے والے کیلیے وہ سرفراز
بیٹھتا یوں یار سیں مل شاہ ہدا
اجنبی پہچان ہی سکتا نہ تھا
کبھی نہ تھی قالین و بالین اسکو خاص
صدر و مسند سے نہیں تھا اختصاص
کہ تجھے پہچان لیوے اجنبی
پس ہوئی یہ عرض مقبول نبی
بیٹھتا تھا اسپہ وہ بدر ہدا
گرد سب یاراں نجوم اہتدی
اور مساکیں میں ہی رہتا تھا سدا
اور مولا سے یہ کرتا تھا دعا
اور نہ کوئی مسکیں کو گنتا تھا حقیر
اس کی غربت کے سبب ای خبیر
شاہ و مفلس کو بلاتا تھا عیاں
حق تعالیٰ کی طرف وہ ایکساں
حق خویشاں یوں ادا کرتا تھا وہ
کہ زیادہ ادنی کو اعلی پر نہ ہو

عذرخواہ کی معذرت کرتا قبول   پھر نہ ہرگز اس سے رہتا تھا ملول
اور کرتا تھا قبول اے نیکنام   دعوت آزاد باندی و غلام

روایت

کہ کبھو مجھکو نہ دیکھا شاہ دیں   مسکرایا ہے مگر وہ تب یقیں
اور تواضع سے وہ کرتا تھا ردیف   دوسرے کو بر سواری شریف
بیٹھ تھوڑا وقت از لطف و عطا   جایا جب جانا سوی دولتسرا
اور سوار اس شہ کو کر دیا شتاب   بولا مجھ کو جا تو ہمراہ رکاب
پھر کیا ارشاد تو اسوار ہو   بلکہ آگے میری بنشتک بیٹھیو

روایت

اور دیکھا راہ میں حضرت کو جب   جلد مرکب سے اترا وہ با ادب

روایت

آہ یک رسی کی تھی اسکو لگام   پوست سی خرمی کے زین اسکا تمام
اونٹ پر پالان کہنہ تھا کسا   ہو کے راکب وہ اسی پر حج کیا
آہ قیمت اسکی تھی درہم چہار   تھا اسے حالانکہ پورا اقتدار
اور سو اشتر کیا قربان وہ   فتح مکہ جب کیا باشان وہ
با تواضع بہر شکر کردگار   خم یہاں تک سر کیا با انکسار
بر خلاف عادت متکبراں   خسرواں سرکش و جاہ پروراں

روایت

زہر بکرے کے بھرے اندر بلا   شاہ کے نزدیک لائی کر دغا
جب نبی پوچھا بلا اسکا سبب   اسنے کی ہے عرض اے شاہ عرب
رب مرا مجھ پر نہ سونپے گا تجھے   شہ سی یاراں عرض یوں کرنے لگے
میں کیا تقصیر کو اس کے معاف   تم بھی اس کو چھوڑ دو اے سینہ صاف
اور اک ملعون یہودی بھیجیا   سحر اس سالار عالم پر کیا

اپنی باندی اور غلام اور پر نبی   کھانے کپڑے میں نہ تھا فائق کبھی
اور ہدیہ ان کا کرتا تھا قبول   اور کرتا بدلہ بہتر رسولؐ
اور عبداللہ کا بیٹا جریر   بولتا ہے اسطرح سے اے خبیر

روایت

قیس کرتا ہے روایت ایک روز   شہ ہمارے گھر ہوا رونق فروز
پدر میر اسعد نے تب جلد جا   ایک مرکب حاضر خدمت کیا
شاہ فرمایا کہ ہو تو بھی سوار   پس کیا حفظ ادب سے اعتذار
صاحب مرکب ہے اولی ای امیر   آگے بیٹھے اپنے مرکب کے اخیر
اور ہے منقول یونہی ایک بار   اک صحابی جبکہ آتا تھا سوار
ہو گیا اسوار اس پر شاہ دیں   اپنے آگے اس کو بٹھلایا وہیں
اور جب قوم قریظہ پر گیا   ایک مرکب کے اوپر اسوار تھا۔

روایت

ایک قطیفہ کہنہ اوڑھا تھا عیاں   یعنے اک چادر پرانی اے میاں
ہاتھ آئے تھے بہت امصار تب   باوجود اس کے تواضع تھا یہ سب
اور اس دن وہ با فوج عظیم   جب ہوا مکہ میں داخل اے فہیم
کہ سر اشرف تھا پہنچا اسکا آ   اونٹ کے پالان تلک ہے با صفا
کہ بوقت فتح کبر و افتخار   سربلندی اپنی کرتے آشکار
بولتا ہے یوں انس ہی اہل جود   ایک عورت زشت از قوم یہود
حق دیا شہ کو خبر اسباب سے   پس صحابہ واں پکڑ لائے اسے
مارنا چاہی تھی میں تیرے تئیں   تب کیا ارشاد اسکو شاہ دیں
حکم کیجئے ہم کو اس کے قتل کا   یوں کہا تب انکے تئیں ذرہ العطا

روایت

تب ہو بیمار کئی دن شاہ دیں   پس دیا آ خبر جبریل امیں

یوں روایت لائے ہیں اے نیک خو   ریش اطہر کا نبی کے لے کے مو
آہ تب وہ بادشاہ انبیاء   کہتے ہیں بیمار چھ مہ تک رہا
جا کے لا فا دوتی نے اس چاہ سے   بال وہ نزدیک رکھا شاہ کے
صحت کامل ہوئی اس شہ کو تب   عائشہ لائی ہیں یہاں تک سن تو اب
کیوں ہوا شہ پر اثر دیکھے جواب   سن یہ خدشے کا جواب با صواب
سید عالم کو کفار عرب   بولتے تھے آہ جادوگر ہے سب
کر اثر جادو کا ہو شہ پر عیاں   تا کہ نادم ہوویں یکسر کافراں
شاہ جادوگر کبھو ہوتا اگر   ان پہ جادو کا نہیں ہوتا اثر

روایت

آئی وہ خدمت میں اک دن شاہ کے   اور کہی حاجت ہے تیرے سے مجھے
بالیقیں بیٹھونگا تیرے ساتھ میں   اور قضا تیری کروں حاجت کنیز
اپنی حاجت سے وہ فارغ ہو کے جب   ہوئی رواں سرور اٹھائے وانسے تب
ہے بخاری کی روایت میں تو جان   کہ مدینہ کی بھی آتی باندیاں
یہ تواضع شاہ کا اے اہل دیں   دیکھ کس درجہ کو پہنچا تھا یقیں

روایت

سر براہی انکی دینے اک انیس   تب کھڑا وہ شاہ بالنفس نفیس
بولا جب یاراں مرے ہجرت کیے   اور حبش میں جا کے جب داخل ہوئے
درست پس کہتا ہوں نہیں اے اہل دیں   اسکا بدلہ کر دنیں ہی یقیں
بھی روایت ہے وہ سالار جہاں   اپنا کپڑا آپ سیتا تھا یہاں
اور اپنے گوسفندوں سے بجا   دودھ لیتا تھا بجھوڑا ہے باصفا
اور شریک ہو لطف سے خادم کبھی   آپ آٹا گوندھتے وہ پاک ذات
بر مواہب میں کہا ہے گاہ گاہ   کام شاید یہ کیا وہ دیں پناہ
گاہ کرتا تھا وہ بالنفس نفیس   اور کبھی کرتا شراکت وہ رئیس

دی گرہ جادو کے گیارہ اسکے تئیں   چہ میں یک رکھے یہود ان لعیں
پس خبر اس سے دیا سرور کو حق   اور بھیجا سورۂ ناس و فلق
پڑھ کے دی سورتوں کی گیارہ آیتاں   کھولے دی گیارہ گرہ اچھا بحال
شاہ کی امت سے جو ہیں اولیا   نہیں اثر ہوتا ہے ان پر سحر کا
قاعدہ یہ ہے مقرر اے بسیر   کہ نہیں ساحر پہ جادو کا اثر
اس لیے ہے حکمت رب العلا   اس طرح اہل امر میں کی اقتضا
کیونکہ ان کے قاعدے سے ہے یقیں   سحر کی تاثیر ساحر پر نہیں
جب سنیں گے ہم سے یہ نغز جواب   ہوویں گے بے دست و پا اہل کتاب
نقل ہے عورت تھی اک بے با شعور   عقل میں تھا اس کے نقصان و قصور
لطف سے شہ اسکو فرمایا ہے تب   بیٹھ جس گلی میں تو چاہتی ہے اب
پس وہ زن بیٹھی تلک بھی اسکے ساتھ   آپ بھی بیٹھا ہے شاہ کائنات

روایت

اور مکرر ہیں وہ سالار بشر   پس رواں ہوتا لجاتیں تھیں جدھر
اور منقول ہیں اسیر زیاد   ہیں بہت ایسی روایات اے رشاد
اور نجاشی کی طرف سے ایکبار   آئے تھے کئی ایلچی اے ہوشیار
عرض خدمت یوں صحابہ نے کیے   ہم کریں گے انکی خدمت حکم دے
خدمت و تکریم ان کی آپ کا   یہ بجا لائے بہت سر و جہار

روایت

ٹوٹے گر نعلین کی اپنے دوال   آپ ہی کرتا درست وہ باکمال
باندھتے تھے خود ہی اشتر کو بھی   اور چارہ ڈالتے تھے آپ ہی
اور مدد کرتے تھے وہ خدام کی   تا ہو آسانی انھوں کے کام کی
کیونکہ متعین تھے اسکو بس غلام   گاہ فرماتا تھا وہ انکو ہے کام
چیز اپنی آپ ہی لیتا اٹھا   وہ اٹھانے غیر کو دیتا نہ تھا

روایت

پس سر اول اک خرید اشاہ دیں
اور اٹھایا آپ ہی وہ ای امیں

کہ اٹھانے اپنی چیز اے ہوشیار
اس کا مالک ہی بہت ہی سزاوار

بیچھنے میں اس کے ہی ہیں اختلاف
پر کہا ابن قیم جوزی یہ صاف

حضرت عثماں ہوا جب ان شہید
پہنا تھا شلوار اس دن وہ رشید

اور حاجات اس کے کرتا تھا قضا
اپنے وعدہ کو وہ کرتا تھا وفا

قبل بعثت میں خریدا ایک چیز
مول کچھ باقی تھا اس کا ای عزیز

کرکے یہ اقرار آیا جب کہ گھر
آیا یہ وعدہ کو بھولا بے خطر

دیکھتا کیا ہوں کہ وہ سالار دیں
منتظر تشریف رکھا ہے وہیں

تین دن سے تھا ترا ہی انتظار
میں کیا اب شہ سے عجز و انکسار

اور اسمٰعیل پیغمبر سے بھی
آئی ہے ایسی حکایت ای اخی

سنت نبوی کے بعضے تابعاں
بھی وہ ایسے ہو گئے ذی عز و شاں

جیسے سید عبد قادر باصفا
غوث اعظم پیشوائے اولیا

بو ہریرہ نے کہا اے نیک ذات
آیا میں بازار کو سرور کے ساتھ

آگئے میں آیا اٹھاؤں تا اسے
وہ شہ کونین فرمایا مجھے

مول لینا شاہ دیں شلوار کا
اس حدیث پاک سے ظاہر ہوا

کہ ہے ظاہر یہ سخن کرنا خرید
واسطے ہی پھیرنے کے ای سعید

میوہ یا سکیں کے جانے ساتھ ہی
ننگ کچھ رکھتا نہ تھا حق کا نبی

اس طرح مروی ہے عبداللہ سے
کہ شہ عالم رسول اللہ سے

پس کیا میں عرض اے شاہ عرب
ٹھہریے اس جا ہی لاتا ہوں اب

تین دن کے بعد آیا یاد جب
پس وہیں دوڑا نہ کر کچھ دیر تب

دیکھ کر مجھکو یہ فرمایا ہے بس
کہ مجھے تو رنج میں ڈالا ہے بس

ہے تواضع کا یہ بیشک منتہی
اور صبر و صدق و وعدہ کا وفا

حق نے فرمایا ہے جس کی شان میں
صادق الوعد بیقیں قرآن میں

انسے بھی آئے ہیں اکثر در وجود
بالیقیں ایسے ہی ایفائے عہود

خضر کے وعدہ پہ اے فرخندہ فال
منتظر بیٹھا رہا تھا ایک سال

حضرت کی ایفائے وعدہ کا بیان

حضرت کی خوش طبعی کا بیان

اور خوش طبعی بھی سالار انام
گاہ گہہ کرتا تھا با صحب کرام

اصل میں مقصود دلجوئی کا تھا
مدعا یاروں سے خوش خوئی کا تھا

کہ سطل ہیں سے ہوں دینی امور
آوے حق کے ذکر و طاعت میں فتور (سستی)

اور اگر مقصود ہوتا یمن خوب
اہل دیں کی فرح تالیف قلوب

فی الحقیقت وہ شہ عالی صفات
گر نہ رہتا اس طرح لوگوں کے ساتھ

کس بشر کو تھی یہ طاقت یہ مجال
کہ کرے اس شاہ سے قال و مقال

خواب میں رہتیں بھی بی بی اگر
لیٹتے تھے تھوڑا اپنے فرش پر

گر نہ رہتے اس طرح شاہ ہدا
کوئی اسکو دیکھ ہی سکتا تھا۔

اور وہ سرور مناجات و دعا
جو کلام حق کو سنتا تھا بجا

ہیں وہ خوش طبعی بھی ایسی ای امیں
جس میں تھا مضمون سچا بالیقیں

جو حدیثیں منع میں منقول ہیں
کثرت و افراط پر محمول ہیں۔

ایسے باتوں سے جو سالم ہو مزاح
ہے شریعت میں وہ جائز اور مباح

جیسے تھا شغل رسول انس و جاں
مستحب ہو جاویگا تب بیگماں

یہ تواضع اور دلجوئی مدام
گر نہ کرتا خلق سے وہ صبح و شام

فجر کی سنت کے بعد از وہ مدام
عائشہ کے ساتھ کرتا تھا کلام

باہر آتے بعد وہ شاہ ہدا
پھر نماز فرض وہ کرتے ادا

جو ہمیشہ شب کو کرتے تھے قیام
اور تلاوت ذکر اخلاق انام

اس لیے نور وجاہت از جلال
اس سے یک ہوتا تھا ظاہر کمال

پس نہ کوئی رکھتا تھا امکاں بے ہمام
کہ کرے اس سے ملاقات و کلام

تعلقات ارضی و سفلی سے اسے
انس تا حاصل ہو اصلی سے اسے

بعد جو آتا تھا باہر ایسا حال
یہ تھا رفق و مہربانی کا نشاں

شیخ ابن الحاج سے اے باصفا
نقل یہ نکتہ مواہب میں لکھا

نقل ہے ایک بار زینب سے اس
ام سلمہ کی جو بیٹی تھی یقین

غسل جب کرتے تھے وہ عالیجناب
منہ پہ زینب کے وہیں پھینکا ہے آب

پھر نہ متغیر ہوا وہ زینہار
تاکہ وہ بوڑھی ہوئی اے باوقار

اور صحابی صغیر ابن ربیع
نام ہے محمود جسکا اے رفیع

تھا کنواں ایک اسکے گھر اے باصواب
تھا وہاں اک ڈول کچھ تھا اسمیں آب

وجہ خوش طبعی سے وہ پانی کو تب
چہرۂ محمود پر ملا ہے سب

حافظہ کا اسکے شہرہ تھا بڑا
قصہ اس طفلی کا اسکو یاد تھا

اور حدیث اسکی بہت مشہور ہے

یہی حکمت جو وہ کرتا تھا بات
ویسی حالت بیچ صدلقہ کے سات

او تنزل از علو آں مقام
اس کے تئیں ناسوت میں آلو و سلام

وہ گروہ مومنیں پر تھا رحیم
کہ گواہ ہے اسپہ قرآن کریم

اور رکھا تھا خداوند قدیر
اس کی خوش ٹہی میں برکات کثیر

وہ ربیبہ تھی رسول اللہ کی
خدمت عالی میں اس کے آئی تھی

سن سے اسکے تھی اے باصفا
چہرۂ پاک اس کا نورانی ہوا

تھی جوانی کی وہی رونق بحال
کچھ نہیں پایا کمی حسن و جمال

پنجسالہ تھی سیانا [illegible]
[illegible] سکے گئے [illegible] ایک دن

شاہ عالم اس سے کچھ پانی [illegible]
اور پانی منہ میں جو باقی رہا

پس برکت سے اسی کی بالیقیں
حافظہ اسکو ہوا حاصل وہیں

اس سبب سے ہیں گنے اسکے تئیں
طبقہ اصحاب میں اہل الیقیں

جو بخاری میں لقیتیں مذکور ہے

حضرت جناب رسالت علیہ و آلہ افضل الصلوٰۃ والتحیۃ کے جود و سخاوت کا بیان

کیا لکھوں جود و سخائے احمدی
بخشش بے انتہائے احمدی

جو وہ کہتے ہیں اسی کو اے فتا
بے غرض اور بےعوض ہو جو عطا

نعمتیں ظاہر و باطن کی تمام
حسی و عقلی کمالات تمام

بعد حق کے حق تعالیٰ کا رسول
اجود ابنائے آدم ہے نہ بھول

کہ وے نشر علم کرتے ہیں سدا
بےعوض اور بےغرض بہر خدا

جود و بخشش کا مقید [illegible]
ذات میں جس کے کیا تھا بس ظہور

یہ صفت تو حق تعالیٰ کی ہے ذاکر
ذات سے اس کے ہے رکھا اختصاص

بے غرض و بےعوض عالم کے تئیں
تھا عوض وہ بخشتا بنی آدم کے تئیں

اور بعد آں امام المرسلیں
اس کی امت کے ہیں سب علمائے دیں

یک حدیث آئی ہے ایسی ہی صحیح
پس یہی اسکا ہے مضمون صریح

اَللّٰہُ اَجْوَدُ جُوْدًا ثُمَّ اَنَا بَنِیْ آدَمَ وَاَجْوَدُهُمْ مِنْ بَعْدِیْ رَجُلٌ عَلِمَ عِلْمًا فَنَشَرَهٗ اَلْحَدِیْث

ہاں غرض دنیا کی جو رکھے لقیں
دین کے علما میں وہ داخل نہیں

کہ در و مرجاں سے اسکے اے حبیب
کوئی نہیں ہرگز ہوا ہے بے نصیب

جو کہ مانگا سو دیا ہے بے ملال
بلکہ بخشا ہے زیادہ از سوال

مَا قَالَ لَا قَطُّ اِلَّا فِیْ تَشَهُّدِهٖ
لَوْلَا التَّشَهُّدُ کَانَتْ لَاءَهٗ نَعَمُ

بحر فیض جود سالار جہاں
موجزن ایسی تھی ہر آن و زماں

اور جواب نہ کسی سائل کے جاں
لا نہیں لایا وہ ہرگز بر زباں

نعت میں اس شاہ کے اے باصفا
یہ فرزدق نے کیا بہتر کہا

نہ رفت لا بزبان مبارکش ہرگز
مگر بہ اشہد ان لا الہ الا اللہ

لا نہ گز نا شہ کے ہر گز لب اپر ایک شہادت کے سوا کلمہ میں مگر
گر نہ حاضر ہو وے کچھ فرضا کوئی چیز شاہ تب خاموش رہتا اے عزیز
میں صریح اسکو نہ کہتا شاہ دیں کہ نہیں کچھ پاس یا دیتا نہیں
گر کبھو سو بقصد اعتذار [illegible] زباں پر [illegible]
وہ کہا اب مرکباں حاضر نہیں [illegible] پر روں تم کو یقیں
اور نا ورجا میں ایسا ہی کلام جو موافق ہے رسالہ انام
نفی لا کی خبر کی تعمیم سے بعض جا آتی ہی مستثنیٰ رہے
لا نفرمانے سے مطلب ہے یہی جود و بخشش سے نہ قاصر تھا کبھی
بخل جس دربار سے بس دور تھا گنج اس کا جود سے معمور تھا
جیسے بعض اشخاص بقال و بقال جب کیے آپ سے حکومت کا سوال
تا مسلمانو نکے کاموں نہیں سمجھی اور بھلا [illegible] حال میں سایل کے بھی

روایت

شاہ فرمایا اسے تو ہے ضعیف آرزو مت کر عمل کی اے عفیف
تازیانہ بھی گرے گر بر زمیں مانگ مت وہ بھی کسی سے اے امیں
دہ زکوٰۃ مال بھی مال اہتمام اسکے نزدیک ہیچ رکھتا ہی حرام
ہے روایت اک جماعت کے تئیں کچھ عطا کرتا تھا شاہ مرسلیں
یا نبی یہ شخص مومن ہے بجا جانتا ہوں اسکے تئیں میں بے مرا
بار سیوم بھی جب ایسا ہی کہا تب عمر سے شاہ نے فرما دیا
اور ویسے لوگ کو دیتا نہیں کہ اسی میں ہے صلاح انکی یقیں
کہ سکھے جب بندگو نکو دوست اور نہ دنیا دلوے انکو بر طلب
کوئی سایل کو غرض اے باخرد سرور عالم نہیں کرتا تھا رد
قرض کر جب مجھ کو دلوے گا خدا قرض وہ تیرا کرونگا میں ادا
ترمذی لایا روایت ایک بار آئے تھے درہم یقیں نو ہزار

گر نہ ہوتی یہ شہادت آئیں لا وہ سرور کا نعم ہوتا یقیں
اور دل جوئی وہ سایل کی تمام عذر سے کرتا تھا از شیریں کلام
لا نہیں کہتا تھا کہتے سے مگر یہ نہیں آتا ہے لازم اے پسر
جب کہ اغزوے کو جاتے اہل ایماں شخص بعضی اس کے مانگے مرکباں
تب یہ کہنا ہی تھا سرور کو ضرور حق میں انکے حکم یہ پایا صدور
اختصاص اس جا کا بے ارتیاب بالیقیں جیسا تھا ایسا ہی جواب
کہ امام قسطلانی با صفا دیکھ ایسا ہی مواہب میں لکھا
جو بخیلاں بخل سے کہتے ہیں لا وہ کبھی ہرگز نہیں ایسا کہا
ہاں اگر سایل نہ رکھتا اہلیت اور نہ دینے میں بھی رہتی مصلحت
یعنی استعداد اس کی بالیقیں جب نہ پائی شاہ نے بخشی نہیں
اس حکومت سے بنا دی کچھ خلل اسلیے بخشا نہیں انکو عمل
ہے روایت آ ابوذر اکیبار اس سے مانگی ہے حکومت آشکار
اور کوئی چیز کا بھی بے ملال تو کسی سے بھی نہ کر ہرگز سوال
اے برادر یہ ابوذر با صفا زاہدوں سے تھا صحابہ کے بڑا

روایت

مستحق یک شخص کے تئیں جانکر یوں کیا اسکی سفارش آ عمر
جب کہا دو بار یوں وہ [illegible] شہ بھی فرمایا کہ ہاں میں بھی او
کہ بہت اشخاص ایسے نیک ہیں دوست رکھتا ہوں مقرر انکو میں
گر نہ یوں بعضوں کو فرماوے عطا یہ تخلق ہے باخلاق خدا
اور کسی کو دوست نا رکھے گر دلوے اسکو مال دنیا بیشتر
گر نہ رہتی پاس اسکے کوئی چیز حکم یوں کرتا تھا اسکو اے عزیز

روایت

شاہ وے سینو نکو رکھ کر حصیر کر دیا تقسیم آغاز اے خبیر

ایک درہم بھی نہیں باقی رہا / آکے ایسے میں کوئی سائل ہوا
اسکو فرمانے لگے خیر البشر / ہو گیا اب صرف سارا مال و زر
گر ضرورت ہووے گر لاحق تجھے / جا کے تو بازار میں اب قرض لے
جب مجھے کچھ بھیج دیویگا خدا / قرض تیرا اس سے ادا کر دیونگا
عرض کی فاروق نے اے شاہ دیں / دیچکا کئی بار تو اسکو یقیں
اب نہیں جو چیز قدرت میں ترے / حق نہیں تکلیف دی اسکی تجھے
عرض سرور کو نہ یہ آئی پسند / تب کہا انصار سے اک ارجمند
یا رسول اللہ ہر دم خرچ کر / اور کمی کا کچھ نہ کر خوف و خطر
عرش کا مالک جو ہے پروردگار / مال و زر دیویگا تجھ کو بیشمار
جب سنا اس بات کو شاہ جہاں / مسکرانے کو لگا ہو شادماں
اس کے چہرے سے علامات سرور / ہو گئے ظاہر کرامات سرور
پس یہ فرمایا وہ انصاری کتیں / کہ اسی کا ہوں یقیں مامور میں

روایت

اور جو تھی بیٹی معوذ کی یقیں / یوں روایت لائی ہے ای شین میں
کہ رسول رب عالم کے حضور / لیگئی میں اک طبق تازہ کھجور
اپنی مٹھی بھر کے شاہ انبیا / زیور و سونا تبھی مجھ کو دیا
بولتا ہے یوں انس ای باصفا / خبر یہ جب کہ آیا تھا بحرین کا
حکم فرمایا رسول اللہ تب / گوشۂ مسجد میں ڈالو اس کو اب
کہتے ہیں آتا کبھی مال وفور / شاہ عالم کے نہ آیا تھا حضور
لایا جب تشریف از بہر نماز / اس کو دیکھا ہی نہیں وہ سرفراز
جب نماز وقت سے فارغ ہوا / مال و زر ہر شخص کو دینے لگا
حضرت عباس اس سرور کا عم / یوں کیا ہی عرض از شاہ امم
بدر کے غزوہ میں ای شاہ جلیل / میں بھی اور میرا بھتیجا اک عقیل
ہو گئے ہیں ہم یے دونو جب اسیر / فدیہ دینے میں لگا مبلغ کثیر
پس بہت پیسہ مجھے کیجے عطا / اس کو فرمایا ہے تب خیر الورا
جتنی طاقت ہو اٹھا سکے تجھے / اس قدر اس مال سے اب لیجئے
پس بچھا چادر وہ اپنی جلد تر / اس میں باندھا ہی بہت سا مال زر
جب سے چاہا اٹھانے نہیں سکا / عرض پھر یوں شاہ عالم سے کیا
یا نبی اس کو اٹھانے کے لیے / اور کسیکو حکم اب فرمائیے
شاہ فرمایا نہیں تو ہی اٹھا / اسکی قطع طمع خاطر یوں کہا
تب وہ بستہ کھولکر کچھ کرکے کم / لیگیا کندھے پہ پھر آیا بہم
عرض کر ویسا ہی دوسرے بار بھی / لیگیا ہے بلکہ تیسرے بار بھی
اور دو سرور کو بھی سالار بشر / مال و زر بخشا ہی اسدن اس قدر
مجلس اشرف سے جب اپنے اٹھا / ایک درہم بھی نہیں باقی رہا
ہے روایت لاکھ درہم تھے وہ سب / صرف اسدن ہی کیا شاہ عرب
الغرض سرور کی وہ جود و سخا / جان اس درجہ کو پہونچی تھی بجا
منع فرمایا بہت دینے سے حق / دے اسے اوسط کے درجیکا سبق

روایت

ہے روایت ایکدن سرور کے پاس / ایک لڑکے نے کیا آ التماس
ماں مری کی عرض اے شاہ زمن / پہننے مجھ کو نہیں ہے پیرہن
بھیجئے اک پیرہن مجھ کو عطا / شاہ بولا تو بعد اک ساعت کے آ
پس گیا اور جلد آیا ہے تبھی / پھر کہا ہاں عرض کرتی ہے ابھی
پیرہن جو ہے تن اطہر اپر / دیجئے مجھ کو وہی اے نامور
حجرۂ اشرف میں جاکر بے ملال / پیرہن اپنا دیا اس کو نکال
تن برہنہ گھر میں ہی بیٹھا رسول / تھے صحابہ منتظر باہر ملول
تنگدل ہو کر گئے آخر وہ سب / آیتہ اشرف ہوئی نازل یہ تب

وَلَا تَبْسُطْهَا كُلَّ الْبَسْطِ

یعنے فرمایا ہے حق اے مصطفےٰ ۔ اس قدر مت کر فراخی با صفا

جس سے بیٹھے گھر میں تو ہو کر ملال ۔ اور صحابہ جاویں تیرے ہو اداس

استفادہ دین کا ان سے کہیں ۔ سو تری خدمت سے ہو قوت انہیں

روایت

ہے بخاری میں روایت اے اخی ۔ کہ کوئی بی بی یہ بولی گا و نبی

ایک چادر سی کے بہتر ای ہمام ۔ کی روانہ اور یہ بھیجی پیام

یا رسول اللہ یہ چادر میں نے سی ۔ ہے خوشی میری کہ اوڑھیں آپ ہی

عرض کو اسکے قبولا شاہ دیں ۔ حاجت چادر بھی تھی انکے تئیں

اوڑھ کر بیٹھا تھا سر پر وہ ردا ۔ کوئی آ کر عرض ایسے میں کیا

چادر اشرف یہ کیا بہتر ہے اب ۔ حاشیہ اسپر یہ کیا خوشتر ہے اب

یا نبی چادر یہ مجکو دیجیے ۔ شہ بہت خوش ہو کے دے ڈالا اسے

جب اٹھا مجلس سے سالار انام ۔ تب ہی سائل کو اصحاب کرام

یوں لگے کرنے ملامت پر ملال ۔ کہ بہت بیجا کیا تو یہ سوال

کہ شہ والا بہ شوق و احتیاج ۔ چادر اقدس کو یہ اوڑھا تھا آج

مانگنا تیرا ہوا بس نا صواب ۔ اس طرح سائل دیا ان کو جواب

اوڑھنے نہیں نہ مانگا اسکے تئیں ۔ بلکہ میرے کفن کو مانگا ہوں میں

کہ یہ چادر اس کی جب محبوب ہے ۔ کفن کے خاطر مرے بس خوب ہے

تا کہ اس کے تن سے ہو ارتیاب ۔ حق تعالیٰ مجکو نا دیوے عذاب

یا الٰہی ہم کو توفیق سخا ۔ کر عنایت اور بخالت سے بچا

حضرت سید انس و جاں علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کمال شجاعت کا بیان

جوں سخاوت میں تھا شہ بے مثال ۔ تھا شجاعت میں اسے پورا کمال

کوئی شجاعت میں نہ اسکا مثل تھا ۔ تھا یقیں وہ اشجع خلق خدا

سخت جنگوں میں دلیران کبار ۔ جبکہ پاتے تھے نہایت اضطرار

شاہ دیں رہتا تھا ثابت قدم ۔ بلکہ خود ہی پیش ہوتے دمبدم

چو طرف سے مشرکاں پر شور و شین ۔ تیر باراں جب ہوئی روز حنین

ہو گئے میں منتشر سب غازیاں ۔ فوج میں آیا تزلزل بیکراں

سرور عالم نہ جاگہہ سے ہلا ۔ یک قدم ہرگز نہیں پیچھے ہٹا

تھے ملازم تھوڑے ہی صحب کبار ۔ شاہ تھا تب ایک خچر پر سوار

حضرت عباس پکڑا تھا رکاب ۔ اور ابوسفیان لگام ای با صواب

یہ ابوسفیاں تھا اسکا ابن عم ۔ یعنے حارث کا پسر عالی ہمم

شاہ خچر کو اٹھاتا تھا وہیں ۔ تا کرے حملہ پہ کفار لعیں

پر ابوسفیان حارث نیکنام ۔ چھوڑتا ہرگز نہ تھا اسکی لگام

شاہ کہتا تھا نبی ہوں لا کذب ۔ اور میں ہوں ابن عبد المطلب

اور وہ تب لیکے یکمشت کنکر ۔ پھینک ڈالا لشکر کفار پر

کوئی نہ تھا کفار میں ایسا بشر ۔ آنکھ میں جس کے پڑی ہوں نا کنکر

فتح و نصرت چاہا از پروردگار ۔ ہو گئے کفار تب یکسر فرار

ذکر با تفصیل اس غزوے کا سب ۔ کر تو اخبار نبوتؐ سے طلب

حضرت کی لطف و شفقت بے غایت و رافت و رحمت بے نہایت کا بیان

کیا لکھوں اسکی شفقت کا بیاں ۔ رافت و الطاف و رحمت کا بیاں

حق کیا ہے جس کو قرآں میں خطاب ۔ رحمۃ للعالمیں بے ارتیاب

سورۂ توبہ کے آخر اے فہیم ۔ جس کو فرمایا رؤف و ہم رحیم

ہے یقیں دریاے رحمت اسکی عام ۔ خلق اور عالم کو گھیری ہے تمام

اس کی مقدم کی برکت سے خدا ۔ دور دنیا سے کیا قہر و بلا
شرع کے احکام کی تخفیف جو ۔ اپنی سب امت پہ کروایا ہے وہ
چھوڑتا تھا اور کئے افعال وہ ۔ تا کہیں امت پہ نا فرض ہو
ترک تاخیر عشا بے قیل و قال ۔ اور یونہی نہی از صوم وصال
رونا کوئی بچہ کا وہ سنتا تھا جب ۔ اور نہ پڑھتا تھا نماز وہ شاہ تب
تو سبک کرتا نماز وہ شاہ دیں ۔ کہ شفقت اسکے بچہ پہ یقیں
کافراں تکذیب جب اسکی کیے ۔ اور اسکو رنج اور ایذا دیے
اک فرشتہ کے تئیں اسشاہ دیں ۔ جو موکل ہے پہاڑوں پر یقیں
یا رسول اللہ جو کچھ حکم ہو ۔ جان و دل سے میں بجا لاؤنگا وہ
میں دے لادوں تو نکو ٹکڑا دونگا اب ۔ کافراں مکہ کے مرجاینگے سب
بلکہ یہ امید ہے حق سے مجھے ۔ کہ خدا اولاد انکو ایسی دے

روایت

یہ جبال و بزمین و آسماں ۔ تا کریں تیری اطاعت بیگماں
شاہ فرمایا یہ سنکر اسکے تئیں ۔ دوست رکھتا ہوں کروں تا صبر میں
ابن مسعود سے منقول ہے یوں کہا ۔ گاہ گاہ ہم پر امام الانبیاء
تا نہ آوے ہم پہ تنگی اور ملال

مومنوں کو خاص ہو سر وعیاں ۔ اس کے ہیں مسنون سب خرد وکلاں
تھا یہ امت پر تشفقت کا سبب ۔ غایت الطاف و رحمت کا سبب
حکم جوں مسواک کا اے با نیاز ۔ وہ نہ فرمایا برائے ہر نماز
اور بہت افعال ایسے ہیں یقیں ۔ طول ہے تفصیل جنکی اسلئے میں
اور کسی بچے کی ماں آئے با نیاز ۔ تب جماعت ساتھ رہتی در نماز

روایت

عرض خدمت یوں کیا آ جبرئیل ۔ یہ کیا ہے حکم یوں رب جلیل
تو جو فرماوے سو وہ لاؤں بجا ۔ وہ فرشتہ عرض آ کر یوں کیا
دو طرف مکہ کے ہیں جو اخشبیں ۔ دو پہاڑاں ہیں وے بڑے بے بیڑ ہیں
تب کہا یوں رحمۃ للعالمیں ۔ کہ ہلاکت انکی میں چہتا نہیں
وے بجا لاویں عبادت حق کی ٹھیک ۔ اور کسی کو نا کرے اس کا شریک
اور کہا اک بار آ روح الامیں ۔ کہ کیا ہے حکم رب العالمیں
تو جو فرماوے بجا لاؤں ابھی ۔ مار ڈالیں تیرے اعدا کو سبھی
اور کرو تا خیر امت سے عذاب ۔ ہووں وے توبہ سے شاید کامیاب
وعظ اور ارشاد کرتا لا کلام ۔ پر نہ فرماتا تھا ہر دن صبح و شام
اس کو تھا ایسا شفقت میں کمال

حضرت کی صدق و عدالت اور عفت و امانت کا بیان

شاہ کی صدق و عدالت کا بیاں ۔ اور عفت اور امانت کا بیاں
اعدل و اصدق تھا شاہ انبیا ۔ اور سب میں وہ عفیف الناس تھا
شاہ کے قبل نبوت بالیقیں ۔ سب کے سب کہتے تھے اسکے تئیں امیں
حکم فرماتا تھا جو انکو رسول ۔ جان و دل سے اسکو کرتے تھے قبول
بولتا ہے یوں علی مرتضے ۔ کہ ابو جہل لعیں شہ سے کہا
یہ جو لایا ہے نیا تو ایک دیں ۔ ہاں قبول اسکے تئیں کرتے نہیں

ہے فزوں تر قدرت تحریر سے ۔ اور باہر طاقت تقریر سے
اسکے صدق و عدل عفت کے مدام ۔ معترف تھے اس کے اعدا بھی تمام
اور قضایا میں قریش اے محترم ۔ سب اسی سرور کو کرتے تھے حکم (حکم کرنے والا)
کھا قسم حقکی کہا ہے وہ عیاں ۔ ہیں امیں ہو تو زمین و آسماں
ہم نہیں تکذیب کرتے ہیں تری ۔ جانتے کاذب نہیں تجھ کو کبھی
وائے کیا بیہودہ لایا یہ کلام ۔ لعنۃ اللہ علیہ بالدوام

اسکے کہنے میں تناقض ہے صریح
کیا ہے نامعقول یہ قول قبیح

جب کہ جانیں اسکو صادق بالیقیں
جو کہے تصدیق اسکی ہے ضرور

اس لعیں کی پھر یہ کیسی احمقی
تھا ازل کا اور ابد کا وہ شقی

پس یہ آیت پائی ہے شرف نزول
اس نے نامو رے سچے رسول

سہ فَإِنَّهُمْ لَا يُكَذِّبُونَكَ وَلَٰكِنَّ الظَّالِمِينَ بِآيَاتِ اللَّهِ يَجْحَدُونَ ۝

سہ سو وے تجھ کو نہیں جھٹلاتے لیکن یہ ناانصاف اللہ کے حکموں سے منکر ہو جاتے ہیں ۱۲

یوں لکھے تفسیر اسکی عالماں
کہ یہ فرمایا ہے خلاق جہاں

اے محمد یہ گروہ ظالمیں
فی الحقیقت تجھکو جھٹلاتے نہیں

بلکہ وے انکار آیات خدا
گمرہی سے اپنی کرتے ہیں سدا

یہ تو فارغ اور انکا کھا نہ غم
بالیقیں انکی سزا دیویں گے ہم

بدر کے دن از ابوجہل لعیں
پوچھا اخنس ابن شریق ایسا شریر

کہ یہاں اب تیرے اور میرے سوا
شخص کوئی حاضر نہیں ہے تیسرا

اب تو سچائی سے اس عقدہ کو کھول
مصطفے صادق ہے یا کاذب بول

بولا وہ واللہ سچا ہے نبی
جھوٹ ہرگز وہ نہیں بولا کبھی

پوچھا ہرقل جب ابوسفیان سے
بعض اوصاف اس شہ اکوان کے

یہ بھی پوچھا آگے بعثت کے کبھی
کیا کہا تھا جھوٹ وہ سالار دیں

تب ابوسفیان کھا حق کی قسم
بات جھوٹی وہ نہ بولا کوئی دم

بولا ہرقل تحقیق ہے جب یہ کہے
بات جھوٹی وہ خدا پر کیوں کہے

اور ولید ابن مغیرہ زشت کیش
جو تھا مکہ میں رؤسائے قریش

بارہا قرآن کو سنتا تھا وہ
اور روتا تھا کبھی یوں کہتا تھا وہ

کہ بلاشک جانتا ہوں میں یقیں
یہ کلام ہرگز بشر کا تو نہیں

یہ کلام پاک ہے جیسا لذیذ
کوئی کلام ہرگز نہیں ایسا لذیذ

اور حارث ابن عامر اے میاں
روبرو لوگونکے جھٹلاتا تھا واں

کرتا خلوت اپنی جب لوگونکے ساتھ
کھا قسم وہ چھکی یہ کہتا تھا بات

کہ محمد کذب گویوں سے نہیں
وہ بہت سچا ہے بیشک و دریں

اور ابوجہل لعیں یک دن آ
شاہ عالم سے مصافحہ ہے کیا

مشرکاں پوچھیں ہیں اس گمراہ سے
کیا تو کرتا ہے مصافحہ شاہ سے

یوں دیا بوجہل نے انکا جواب
کہ یقیں میں جانتا ہوں با صواب

ہے محمد حق کا پیغمبر یقیں
لیک تابع اسکا میں ہوتا نہیں

تھا یہ حال مشرکاں بے ارتیاب
اور سمجھتے یوں ہی سب اہل کتاب

بلکہ انسے جلتے تھے وہ زیادہ
پر نہ ایماں لائے از رہ عناد

اور دیا توفیق حق کے تئیں خدا
پائے وہ عز و شرف ایمان کا

اسکی عفت کا بیان محترم
کیوں لکھوں لرزاں و ترساں ہے قلم

اپنے ازواج و کنیزاں کے سوا
کوئی عورت کو نہیں ہرگز چھوا

بیعت عورات وہ لیتا تھا جب
ہاتھ میں ہاتھ انکے نہیں دیتا تھا تب

عہد لیتا تھا فقط عورات سے
اور حیا رکھتا تھا مکروہات سے

عائشہ کہتی ہے مولا کی قسم
اجنبی زن کو نہ چھیڑا کوئی دم

اور حیا رکھتا تھا ایسی شاہ دیں
منہ کسی کا گھور کر دیکھا نہیں

غیر عورت کو نہ چھوتا ہے میاں
عرف میں ہے اک عفت کا نشاں

عرف و عادت کے مطابق یہ مثال
اس کی عفت میں لکھی ہے قیل و قال

ورنہ عفت شہ کی ہے مثل جان
مثل اس کا ہو نہ سکتا ہے بیاں

کیا لکھوں اسکی عدالت کا بیاں
عقل سب عقلا کی حیران ہے یہاں

مال وہ کرتا تھا قسمت ایکجا
اک تمیمی شخص یوں بولا بکا

یا رسول اللہ اس میں عدل کر
اسکو فرمایا ہے شاہ بحر و بر

وے تجھے بینا کریں گر عدل میں
پھر کریگا عدل کون اب کہہ لعیں

شاہ کی صدق و امانت کے بدل
اور اسکی عدل و عفت کے بدل

ہم کو ان اوصاف میں رب سے خدا
اپنے پیغمبر کی دے تجھے اقتدا
کذب و غیبت سے ہمیں محفوظ رکھ
اپنے مرضیات سے محفوظ رکھ

دروغ کی مذمت جو احادیث سے ثابت ہے

مصطفے فرما دیا اے یار خاق
جھوٹ ہے بے شبہ یک باب نفاق
اور کیا ارشاد وہ خیر البشر
کہ بہت افسوس ہے اس شخص پر

روایت

میں بلایا کچھ تجھے دونگا آ
تھارے گھر میں ہو پوچھا مصطفے
گر نہ دیتا کچھ اسے تو جب بلا
جھوٹ کی تجھ پر ملک لکھتے بلا
اور فرمایا ہے شاہ کائنات
کوئی بندہ جھوٹ جب کہتا ہے بات
اور کہا کوئی کسی کے جھوٹ کا
سو ہو راوی تو بھی اک جھوٹا ہوا
اور لا اپنا ارادہ جنگ میں
اپنے دشمن سے نا ظاہر کریں
تو کہے بے شبہہ وہ اچھی ہے بات
گرچہ بولا ہو وہ اے نیک ذات
اور لکھا غزالی والا احباب
کیمیا احیا میں یوں ہے با صواب
بلکہ ایسے ہی مقام اندر یقیں
جھوٹ کا کہنا ہے جائز اے امیں

اور کہا ہے جھوٹ کہنے کی یقیں
رزق بھی ہوتا ہے کم اے اہل دیں
کہ وہ لوگوں کے ہنسانے کے لیے
آہ کوئی بات یک جھوٹی کہے
ابن عامر نے کہا اے باصفا
ایک لڑکا کھیلنے جاتا اٹھا
کیا تو دیگا اس کو میں بولا کھجور
تب کہا وہ شافع روز نشور

حدیث

اس کی بدبو سے فرشتہ اڑا میل
کوس تک یک بھاگتا ہے با یقیں
ہاں روایت ہے کہ شاہ انبیا
جھوٹ کی رخصت دیا ہے تین جا
صلح دو شخصوں میں جب سر اکرے
بات ہر اک کی طرف سے جو کہے
اور کسی کو عورتیں گر ہو وے دو
تو بہت پیاری کہے ہر اک کو وہ
گر کسی ظالم سے مومن ہو فرار
اس کا پتہ بولنا ہیں سازوار
اور کسی کا بھید کوئی پوچھے اگر
ہے روا اس کا چھپانا اے بسر

یا الٰہی جھوٹ سے رکھ ہمکو دور
اور غیبت سے بھی یا رب الغفور

غیبت کی برائی

سرور عالم دیا ہے یوں خبر
کہ شب معراج میں میرا گزر
ناخنوں سے اپنے ہی وہ آہ تب
گوشت منہ کا توڑتے تھے اپنے
بے خبر غیبت سے کیجو اجتناب
کیونکہ غیبت ہے زنا سے بھی خراب
کہ وہ ہے ہووے بے شک دستگیر
تب کیا ارشاد سالار بشیر
گر تو کوزے میں سکے با صواب
ڈالے اپنے ڈول سے تھوڑا بھی آب
اور ترے نزدیک ہو وے جاں جب
اُنکی غیبت میں نہ ہر گز کھول لب
وحی یوں موسیٰ اوپر بھیجا خدا
کہ جو توبہ کرکے غیبت سے سوا

روایت

آہ ایسی اک جماعت پر ہوا
میں تامل سے نظر ان پر کیا۔
پوچھا میں جبریل سے یہ کون ہیں
بولا ہے غیبت گراں بے عون ہیں
ابن جابر عرض کی یوں شاہ سے
چیز ایسی پانی سکھلائیے
کہ تو کار خیر کو مت ترک کر
گرچہ وہ تھوڑا بھی ہووے اے اسعد
اور مسلمان بھائیوں سے بالدوام
رہ تو پیشانی کشادہ والسلام

روایت

سب سے اول اس کو جنت ہے مقر
سب کے اول غیر تائب کو سقر
بولتا تھا یوں قتادہ با صواب
قبر کے سب تین حصہ میں عذاب

روایت

ایک غیبت کے سبب سے اے پسر
اور غمازی کے باعث ہو دگر
(چغلی)
تیسرا یا کی نہ ہو پیشاب کی
لینے نہ لینے سے ڈھیلا اور ذکی

غیبت کا معنے

کس کو غیبت بولتے ہیں جانئے
جھوٹ گر بولا تو وہ بہتان ہے جان
ور لباس و جانور یا در نسب
شاہ فرمایا کہ تو غیبت رکھی

کہ کسی کا ذکر تو ایسا کرے
الاماں غیبت سے یا رب الاماں
تو کبھو غیبت نہ کرائے با ادب
تھوک دی ملبہ کی تو میں تھوکی تجھ
مومنو توبہ کرو توبہ کرو

وہ سنا تو ہووے گا تجھ سے خفا
پس کسی کے جسم یا اقوال میں
عائشہ کہتی ہے اک عورت کہ تھیں
آئی جب تھوکی یہ حکم مصطفےٰ
تم نے کی غیبت ہے اور حق سے دور

گرچہ سچ ہو بات وہ اے باصفا
خلق یا اعمال یا افعال میں
پست قد ہے کر کے بولی آہ میں
لکڑا تب گرا منہ سے لہو کا اک گرا

غیبت کا علاج علمی

دو ہیں غیبت کے علاج اے باخبر
ان میں بس غور و تامل کیجیے
تجھ کو غیبت اس طرح کر دے ہلاک
تو یہ غیبت سے سقر میں جاؤنگا

ایک علمی اور عملی ہے دگر
خوف حق کا دل میں ہر دم کیجیے
جس طرح آتش کرے لکڑی کو راکھ
جاؤنگا بیچ عذاب پاؤنگا

ہے یہ علمی جو حدیثیں آئی ہیں
جس کی تو غیبت کریگا اے میاں
بوجھ اپنی نیکیاں سب جائنگے
یہ تصور کر کے غیبت چھوڑ دے

آئے غیبت کی برائی میں یقیں
اسکے تئیں جاویں گی تیری نیکیاں
ور عوض اس کے گنہ سر آوینگے
ایسی بدکاری کا شیشہ پھوڑ دے

غیبت کا علاج عملی

دوسرا ہیگا یہی عملی علاج
پاک ہو سکتا نہیں ہیں جس طرح

دیکھ اپنا عیب تو اے خوش مزاج
وہ بھی ہے معذور بیشک اس طرح

اور سمجھ میں عیب سے جوں نہیں بچا
فی الحقیقت تو اگر معیوب ہے

وہ بھی ہے معیوب ایسا ہی بجا
عیب پھر غیبت کا لینا خوب ہے

فائدہ

تین شخصوں کی شکایات یقیں
یوں لکھا غزالی نے الا کہ گر
بدعتی یا چور یا سرزوری ہو
اس غلام دوران میں جو غیبت نہیں

شاہ فرمایا کہ ہاں غیبت نہیں
شر سے جب اشرار کے جا ہے حذر
بول دیں تا لوگ اس سے دور ہو
بول دیں انکے طلبگاروں کے تئیں

بدعتی ہے اور ظالم بادشاہ
عیب انکا خلق سے کہنا ضرور
یا کسی عورت کا خواہاں کوئی ہو
گر طلبگار رسنے نا بولے یہ بات

اور علانیہ جو کرتا ہو گناہ
خلق انسے تا بچیں اے باشعور
یا خریدار غلام زشت خو
ہو دغابازی مسلمانوں کے سات

غیبت کا کفارہ

اور غیبت کا کفارہ ہے یہی
اور کیا ہو جس کی غیبت سر بسر

اولاً کھینچے پشیمانی بڑی
چاہیے جا اس سے معافی جلد تر

رو کے بخشاوے بہت حقتے ڈرے
اور بولے میں نے کی تیری خطا

جان و دل سے جلد تر توبہ کرے
جھوٹ بولا بخش دے میری خطا

گر نہ بخشے عاجزی درکار ہے / تب بھی نا بخشے تو وہ مختار ہے
عفو کرنا عفو کا چھنا مگر / اس جہاں میں ہی بہت ہی نیک تر
آبرو یا مال میں اس کے اگر / تو معافی اس سے چاہے جلد تر
پر وہاں ظالم کی جو ہیں نیکیاں / دیویں گے مظلوم کو ای بھائیجاں
ہے روایت عائشہ ای سرفراز / بولی اک عورت کو ہی سہ کی دراز
اور فرمایا ہے یوں خیر الورا / کہ کسی کی کوئی گر غیبت کیا
مغفرت چاہیں اگر جیتا نہ ہو / ورنہ چھنا عفو لازم جانیو

پر مدارا عاجزی یہ حسن ہیں / در عوض گر چاہے مولا اسکو دیں
یوں کیا ارشاد سالار امم / کہ کسی پر کوئی کیا ہووے ستم
آگے ایسے روز کے ای محترم / جس میں نا دینار ہووے نا درم
نیکیاں ظالم کو کرنا ہووے آہ / اپنے سر مظلوم کے لیوے گناہ
شاہ فرمایا کہ تو غیبت کری / تو معافی کر طلب اس سے ابھی
تو یہ غیبت کے عوض ای نیک ڈھب / مغفرت اسکی کرے حق سے طلب
اے خدا غیبت سے ہم کو پاک کر / زہد اور ایثار میں چالاک کر

حضرت سید الابرار کے زہد و ایثار کا بیان

زہد سرور کا کروں میں کیا رقم / عجز کا سر اب جھکاتا ہے قلم
پے بہ پے ہونے لگے فتح بلاد / اور غنائم ساتھ آتے تھے زیاد
زہد و ایثار کی بحر عظیم / اسکی ایسی موجزن تھی ای فہیم
اس کا بکتر اک یہودی کے یہاں / تا وفات اسکے تھا گروی بیاں

باوجود آں کہ خلاق قدیر / وسعت کلی اسے بخشا اخیر
تھا وہ مائل چہ صباح و چہ مسا / زہد اور ایثار کا کشور کشا
لاکھ ہا درہم کیا خیرات وہ / اور فاقوں ہی میں تھا دن رات وہ

یوں روایت عائشہ سے آئی ہے / کہ وہ بی بی اس طرح فرمائی ہے
آہ سیری سے کبھی کھائی نہیں / اس قدر روٹی کبھی پائی نہیں
ایک دن میں کوئی غذا دو طرح کی / بس فراغت سے نہیں کھایا کبھی

روایت

جب تلک جیتا تھا شاہ انس و جن / بالتواتر نان گندم تین دن
اور وہی بی بی یہ دیتی ہے خبر / کہ جئے تک اپنے شاہ بحر و بر
کھاوے گر خرما تو نان جو نہیں / نان جو ہی تو نہ تھا خرما یقیں
اور وہ فرماتی ہے پیغمبر کے گھر / ایک اک مہینہ تلک شام و سحر

روایت

ہا بیقیں چولہا سلگتا ہی نہ تھا / آب و خرما وہ بھی تھوڑا تھا غذا
بولتا ہے یوں انس اے باخبر / کہ کیا ارشاد سالار بشر
نا ڈرایا جائے گا کوئی اس قدر / اس قدر نا پائیگا خوف و خطر
تھا مرے ہمرہ بلال نیک ڈھب / ایسی سختی وہ دیئے ہی مجھ پہ تب
اسقدر کھانا نہ ملتا تھا کبھو / کہ وہ بس آدمی کسی جاندار کو

روایت

دین حق کرنیں ظاہر بے گماں / جس قدر مجھ کو ڈرانے کا فراں
دین میں پایا ہوں نہیں جسطرح رنج / کوئی نبی پایا نہیں اسطرح رنج
ہم پہ گزری ۳۰ دن اور ۳۰ رات / آہ اس تنگی کے اس سختی کی تھا
ہاں کبھی اتنا ملا ہم کو اقل / کہ بلال اسکو چھپاوے در بغل
ایک لوٹے دار کپڑا شاہ پاس (تھوڑا) / ہدیہ لے آیا تھا کوئی حق شناس
دو بھیجئے اسکو ہدیت بو جسیم / تجھ کو لا دیجو فلاں اس کی گلیم

روایت

پھر کہا اس کو نکالا ہے تجھی / اور فرمایا کہ لے جا کہ ابھی

کیونکہ اس کپڑے کے بوٹے جا بجا
اپنے جانب میری سب مائل کیے

نقل ہے تازی روالی ایکبار
ڈالے ور نعلیں سالار خیار

کہ نظر میری بہ اثنائے نماز
آہ اس پر پڑ گئی اے بانیاز

روایت

کیونکہ ناگہ پڑ گئی اس پر نظر
بس لگا ارشاد کرنے جلد تر

اور اس سرور کے خاطر ارشید
لائے تھے یک بار نعلین جدید

پہلے جو آیا تسمہ اسکو نظر
اسکو ردی ڈالا وہ نعلین ای کبیر

اس لیے میں عجب کا سجدہ کیا
شکر حق اب مستحق اسکا لیا

کہ اگر جیتی ہے تو فردائے حشر
پہلے آ مجھ سے ملے اٹھ کر ز قبر

اور اپنے پیرہن کو کر نہ دور
جب تلک پیوند نا لاگے ضرور

شاہ فرمانے لگا پیچھے اسکے آہ
کہ مری جب اس پہ پڑتی تھی نگاہ

جب سنے یہ بات ام المومنین
بھیجی اس کے پاس وہ پردہ دین

سعد جو ابن ابی وقاص تھا
لجہ تسلیم کا غواص تھا

حضرت رب الورا کی ہے قسم
خالق ارض و سما کی ہے قسم

وہ جماعت تھی صحابہ کی تمام
تب ہمارا حال یہ تھا ای ہمام

اور کانٹے دار جھاڑ و نخل ثمر
تھی یہی ہمکو غذا شام و سحر

مینگنی سا اونٹ اور بکری کے سب
ہم سے ہوتا تھا براز ای باادب

یوں خبر دیتا ہے نوفل اہل دل
عبدرحمان اور ہم اکروز مل

غسل کر وہ اپنے گھر میں جلد تر
اک رکابی گوشت روٹی اسمیں بھر

یک بیک ہے درد سے رونے لگا
منہ کو اپنے اشک سے دھونے لگا

وہ کہا جب تک امام المرسلیں
آہ اس دنیا میں زندہ تھا یقیں

جب ہمیں ایسی بیاں وسعت ملی
یہ فراغت اور یہ راحت ملی

کیونکہ خوبی اسمیں گر ہوتی بحق
تو رسول اللہ تھا اس مستحق

روایت

شاہ فرمایا کہ جلد اسکو نکال
لا دی ڈالو پرانی ہے وہ ڈال

اس لیے میں اس سے دل افگار ہوں
اس سے اب بیزار ہوں بیزار ہوں

بر سر منبر حبیب ذوالجلال
پہنی ایک دن ڈالا نکال

اک نظر اس پر نظر دوسری یقیں
تم یہ اے یارو کبھو لائق نہیں

درگہ حق میں بجا لایا سجود کہ
آیا باہر سن کر وہ بحر جود

بولا وہ مجھ کو پسند آئی تھی اب
میں ڈرا نا خوش کہیں ہووے نہ رب

اور جناب عائشہ کو شاہ دیں
یوں کیا ارشاد اک دن آئیں

تو یہ دنیا سے توزاد راہ پر
کر قناعت کر قناعت سر بسر

اور کہتے ہیں کہ اس بی بی کے گھر
پردہ اک باندھے تھی اکدن جو تر

مجھ کو دنیا یاد آتی ہے جبھی
یہ فلاں درویش کو بھیجو ابھی

روایت

بولا میں کفار پر بہر خدا
سب سے اول تیر اندازی کیا

کافروں سے میں کیا کرتا جہاد
ساتھ لے یک زمرہ نیکو نہاد

آہ کچھ ملتی نہ تھی ہم کو غذا
جھاڑ کے پتوں کے یک لقمے سوا

جس کے کھانے سے گلے زخمی ہوئے
جاتے جب ہم پائخانے کیلئے

روایت

آئے اسکے گھر کے تئیں ای باصفا
عبدرحمٰن اپنے تب گھر میں گیا

آیا ہے باہر وہ اپنے ہاتھ لے
اور ہمارے پاس تو کھانے اسے

میں کہا اے بو محمد کس لئے
اس قدر روتا ہے اب فرمائیے

وہ نہیں آرام پایا کوئی دم
پیٹ بھر کھانا نہ کھایا کوئی دم

بس مقرر جانتے ہیں ہم یقیں
اس میں کچھ خوبی نہیں خوبی نہیں

جب کہ وہ محبوب تھا حق کا بڑا
یہ فراغت اس کے تئیں نہ دیا خدا

روایت

حق تعالی نے مجھے بولا اسلام ۔ اور فرمایا یقیں ایسا پیام
اور رہیگا تو جہاں ای نیک ذات ۔ وی پہاڑاں بھی رہیں تیری ساتھ
کہ یہ دنیا گھر اسی کا ہے یقیں ۔ فی الحقیقت جسکے تئیں گھر ہی نہیں
جمع کرتا ہے وہی اس کے تئیں ۔ کہ نہیں ہے عقل کچھ اسکو یقیں

ایکدن حاضر ہو جبریل امیں ۔ یوں کہا ہے عرض اے سالار دیں
کیا تو اس کو دوست رکھتا ہے بھلا ۔ یہ پہاڑوں کو بناویں طلا
ایک ساعت سر جھکایا شاہ دیں ۔ یوں کہا بعد اس کے ای روح الامیں
اور یہ دنیا ہے بے شک اس کا مال ۔ کہ نہیں جسکے تئیں مال و منال
پس کہا جبریل ای سرور تجھے ۔ قول ثابت پر خدا ثابت رکھے

روایت

بھوکے ہی رہتے تھے کئی شب ایکدم ۔ آہ پاتے ہی تھے شب کا طعام
اور شکایت بھی کسی سے نیں کیا ۔ اسکو فاقہ ہی غذا سے دوست تھا
باوجود اس شب کے فاقہ کے نبی ۔ ترک روزہ بھی نکرتا تھا کبھی
جو خزانے ہیں یقیں زیر زمیں ۔ اور میوہ یہ زمیں کے بھی یقیں
دیکھ ہیں احوال اس کا بار بار ۔ مہر سے روتی تھی ہیں زار زار
یا رسول اللہ تیرے پر خدا ۔ آہ میری روح کو دیوی فدا
کہتا تھا کیا ہے مجھے دنیا کا کام ۔ کیا کروں دنیا کو میں اے نیکنام
جو تھے اس سے بھی مصایب سخت تر ۔ صبر اس پر کر گئے شام و سحر
حق معظم انکی رجعت کو کیا ۔ اور ثواب انکو زیادہ بھی دیا
اور ان سب سے میں ہو جاوں جدا ۔ ورو ہے اس بات کا مجھ کو سدا
عائشہ کہتی ہے بعد ایں کلام ۔ اک مہینہ ہے جیا شاہ انام

ابن عباس یوں کہا ای با ادب ۔ شاہ دیں اور اس کے اہلبیت سب
عائشہ کہتی ہیں وہ سالار دیں ۔ پیٹ بھر ہرگز کبھی کھایا نہیں
بھوک کی شدت سے وہ شاہ انام ۔ پیٹ اپنا باندھتا تھا شب تمام
اور وہ جیتا گر زدرگاہ خدا ۔ حق تعالی اس کے تئیں کرتا عطا
اور فراخ زندگانی سے سدا ۔ شاد و خرم اس کے تئیں رکھتا خدا
اور مبارک پیٹ پر رکھ اسکے ہاتھ ۔ کہتی تھی اس طرح سے رقت کیسا تھ
کاش یہ دنیا سے لیتا تو اگر ۔ قوت کے مقدار ہی تھا خوبتر
تجھ سے پہلے بھائی جو اولاقتدار ۔ از اولو العزم و رسل عالی وقار
سب کے سب گئے رہی میں اس دنیا سے وے ۔ اور ملے ہیں اپنے جا مولا سے وے
شرم ہے اس بات سے بس میرے تئیں ۔ کہ تن آسانی کروں دنیا میں میں
دوست تر مجھ پاس اس سے کچھ نہیں ۔ کہ ملوں جا اپنے بھائیوں سے یقیں
اک مہینہ بعد پائی ہے وفات ۔ اس پہ حق سے ہو تحیات و صلوۃ

آنحضرت کی خوف و خشیت اور سختی طاعت اور شدت عبادت کا بیان

خوف و خشیت سختیاں طاعات میں ۔ تھے نہایت مصطفی کی ذات میں
علم اور عرفاں ہو زاید جس قدر ۔ خوف و خشیت بھی ہو زاید اس قدر
فی الحقیقت خوف و خشیت کا مدار ۔ ہیگا علم و معرفت پر ہے بچار
بات یہ ثابت ہے بس قرآن سے ۔ دیکھیے یہ آیت فرقان سے

إِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ

بحر علم سرور عالی وقار ۔ کہ تامل ہووے کیسی بے کنار
یوں دیا ہے بوہریرہ نے خبر ۔ کہ یہ فرماتا تھا سالار بشر
خوف و خشیت لیں وہ سرور کے یقیں ۔ ہووے ویسی ہی زیادہ اسلئے میں
میں جو جانتا ہوں اگر جانو گے تم ۔ کم ہنسو گے اور بہت رو دو گے تم

ہے روایت دوسری اے محترم / کہ کہا سرور خدا کی ہے قسم
تم ہنسو گے اور بہت تم روؤ گے / اور نہ لذت عورتوں سے لیؤ گے
نالہ و فریاد کرتے جاؤ گے / اور رجوع تم حق کی جانب لاؤ گے

روایت

دوست میں رکھتا ہوں نا ہوتا شجر / کاٹے جاتا اور نہ رہتا کچھ خطر
اک روایت آئی ہے اے باصواب / کہ صحابہ نے کئے عرض جناب
سرور عالم نے فرمایا کہ میں / دیکھتا ہوں جنت و دوزخ کتیں

روایت

ویسی طاقت کون رکھے تم سوا اب / جیسے طاقت اسکے تئیں بخشا تھا رب
عرض حال امت کا ہی مقصود تھا

تم اگر وہ چیز جانو گے یقیں / جانتا ہوں جس کو میں اے مومنیں
اور کریں گے وحشت و ہائیں گر / اور چڑھو گے تم پہاڑوں کے اوپر
اور بلند آواز سے نزد خدا / تم کرو گے عجز و زاری سے دعا
بولتا ہے بو ہریرہ با صفا / جو ہے راوی اس حدیث پاک کا

روایت

یا رسول اللہ ہمیں آگاہ کر / کیا نظر کرتا ہے تو شام و سحر
پس ہوا معلوم تھا وہ شاہ دیں / جامع علم الیقیں عین الیقیں
عائشہ سے ہے روایت اے ہمام / جو عمل اس شاہ کا تھا بالدوام
اس ہی اک آیت پہ سالار انام / گاہے کرتا تھا تمامی شب قیام
مغفرت خواہی بھی تھی از خدا

اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ وَاِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

اور یوں شب خیر کہتا ہے یقیں / آیا میں اک روز نزد شاہ دیں
دیگ کو جس طرح سے آتا ہے جوش / سینۂ اشرف سے تھا دیتا خروش
ابن مسعود معظم نے کہا / ایک دن مجھ کو کہا خیر الوریٰ
میں کیا تب عرض اے حق کے رسول / حق کیا قرآں ترے ہی پر نزول
شاہ تب ارشاد فرمایا مجھے / کہ میں چاہتا ہوں سنوں اب غیر سے

آپ تھے اس وقت مشغول نماز / اس قدر گریاں تھے با سوز و گداز

روایت

پڑھے کچھ آیات قرآنی ضرور / کہ مجھے شوق سماعت ہے وفور
آیا میں تجھ پر پڑھوں قرآں اب / رو برو تیری سو کیوں امکان اب
پس کیا آغاز میں سورۂ نسا / پہونچا اس آیت پہ جب اے باصفا

فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰۤؤُلَاۤءِ شَهِيْدًا ○

آہ یہ سنتے ہی شاہ باوقار / سو گیا ہے خوف حق سے زار زار
اور کہا ابن عمر عالی وقار / کہ گہن سورج کو لاگا ایکبار
لوگ سمجھے نا کریگا اب رکوع / اور رکوع ایسا کیا ہی باخشوع
اور کیا سجدہ بھی ایسا ہی دراز / بھی لگا رونے کو با سوز و گداز

اس قدر رویا ہے از خوف خدا / کہہ نہ کچھ تاب تواں باقی رہا
شاہ دیکھا اسکو لگا پڑھنے نماز / اور قیام ایسا کیا اس میں دراز
کہ نہ تھا لوگوں کو قومے کا گمان / اور نہ تھا قومے میں سجدے کا گمان
اسکو ہی پڑھنے لگے تب بار بار / کرتے تھے تکرار اس کی زار زار

رب الم تعدنی ان لا تعذبھم وانا فیھم وھم یستغفرون ونحن نستغفرک

اے پروردگار میرے کیا تو نے نہیں وعدہ کیا تھا میرے سے کہ نہ عذاب کرے گا انکو جس وقت کہ میں ان میں رہوں اور وے مغفرت مانگیں اور میں بھی مغفرت مانگوں تیرے سے

ترجمہ: اگر تو ان کو عذاب کرے تو وے بندے تیرے ہیں تو اگر معاف ان کو کرے تو تو ہی ہے زبردست حکمت والا

ترجمہ: پھر کیا حال ہوگا جب بلاویں گے ہم ہر امت میں سے احوال کہنے والا اور بلاویں گے تجھ کو ان لوگوں پر احوال بتانے والا

۱۴

یا الٰہی از طفیل آل رسولؐ
التجا احقر کی یہ کیجے قبول
دے اسے اپنے عذابوں سے پناہ
اس کے کر مغفور سب جرم و گناہ
خوف و خشیت اپنی دے اسکو سدا
اس کو دے خلق نبی کی اقتدا

خاتمہ

صد ہزاراں شکر خلاق انام
یہ رسالہ پایا حسن اختتام
خلق مصطفوی کا یہ گلزار ہے
باغ اطوار شہ ابرار ہے
یا الٰہی ہیں اخلاق رسولؐ
کیجے اس گلزار کو رنگ قبول
اس گلستاں کے نسایم سے مدام
کر معطر اہل ایماں کے مشام
اور توفیق عمل تے کیجے عطا
اس رسالہ پر انہیں صبح و مسا
اور اس کو اے کریم کارساز
کیجے ان چار صفت سی سرفراز
صدق و عدل و حلم و علم منجلی
بہر صدیق و عمر عثمان علی
شب تھی ستائیسویں رمضان کی
قدر کی حرمت کی عز و شان کی
اس کے سب ابیات اے عالیمقام
ہیں ہزار و شش صد و گیارا تمام
تا قیامت اس کے تیئں شاداب رکھ
اسکو مقبول اولو الالباب رکھ
انکو اس گلزار کے سیار کر
اس کی بس نکہے خنک انظار کر
عفو کر احقر کے رب جرم و گناہ
دے اسے تعذیب دوزخ سے پناہ

تمت

لمصنفہ

اے مطلع جریدۂ دیوان انبیا
تجھ ذات پر ہی ختم ہے ازمان انبیا
مقدم کی تیرے نور بشارت سے روز و شب
انہار بحر علم دبستان انبیا
سرچشمہ فیوض سے ہیں تیرے رشحہ ایک
لبریز ہو گئے سبھی داماں انبیا
باران قدس فیض توسل سے ہی ترے
مشتاق و مضطرب تھے دل و جان انبیا
کرنے قبول دل سے یہ دین متین کے
روز الست حق نے لیا پیمان انبیا

اے مقطع قصیدۂ برہان انبیا
اس واسطے تو آیا پس فوج انبیا
تھے نور بار صفحہ تبیان انبیاء
گوہر ہے ایک مخزن عرفان سے ترے
سر و عیاں روان نم فیضان انبیا
فردائے حشر تیری گواہی اے شاہ دیں
سرسبز تھا مدام گلستان انبیاء
تیری کتاب پاک ہوئی ناسخ کتب
صادر ہوا انسخ کو بھی فرمان انبیا
اوراک فضل ہیں ترے عاجز ہیں بالیقیں

تیری ہی ذات سے ہے نبوت کا فتح باب
وے نایاب ہیں تیرے تو سلطان انبیا
اک قطرہ تیرے علم کے دریا سے ہے یقیں
گنجینۂ جواہر عرفان انبیا
اور بحر واسطہ کہ جواہر سے ہی ترے
ہے حق کے پاس حجت و برہان انبیا
اور آرزو میں تیرے لقائے شریف کے
ہے دین تیرا ناسخ ادیان انبیا
ایمان و اتباع و اعانت اپر ترے
آدم سے تا مسیح سب ازمان انبیا

بس رتبہ نعت حق دیکھ کر ترا
احقر کو نعت پاک کا تیرے ہو کیوں مجال
حیراں ہیں آئینہ سے سب اذہان انبیا
قاصر حباں ہے خامۂ امکان انبیاء

تمام شد

یا ایہا النبی انا ارسلناک شاہدا ومبشرا ونذیرا
فی فضائل سید البشر
معجزات محمدی

بشارات احمدی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لکھتا ہوں ز بعد حمد و صلوات ۔ حضرت کے ظہور کے بشارات

اسمیں ذکر محمدی ہے ۔ تبشیر قدوم احمدی ہے

علما اہل کتاب جو تھے ۔ بے شبہ وہ معترف تھے اسکے

جتنے ہیں کتاب آسمانی ۔ اور حق کے صحیفے اے گیانی

نہیں کوئی کتاب اس سے خالی ۔ دیکھ اے بھائی وہ ذکر عالی

اس امر کی یہ دلیل باہر ۔ قرآن کریم سے ہے ظاہر

الذین یتبعون الرسول النبی الامی الذی یجدونہ مکتوبا عندہم فی التوریة والانجیل یامرہم بالمعروف وینہہم عن المنکر

سورہ اعراف

حضرت کا ہمارے ذکر پر نور ۔ تورات انجیل میں ہے مذکور

قرآں کے درمیاں خدا نے ۔ ظاہر کیا شاہ انبیا سے

علما پہ ولے نہیں ہے مستور ۔ جو اگلے کتب میں ہو وہ مذکور

عبداللہ بن سلام یکتا ۔ عالم جو بڑا یہود میں تھا

تھی اسکی مدینہ میں اقامت ۔ کرتے تھے یہود اسکی عزت

جویا تھا آپ کا وہ تب سے ۔ تھا آپ کا عشق دل میں اسکے

یہ بات ہوئی جہاں میں مشہور ۔ ہر جا میں تھا اسیکا مذکور

اوصاف و شمائل پیمبر ۔ اعجاز و فضائل پیمبر

کر مکۂ باصفا سے ہجرت ۔ آئے بہ مدینہ جبکہ حضرت

کیا ابن سلام تو ہے کہہ اب ۔ عالم جو ہے در نواح یثرب

اب جانیں عوام لوگ اتنا ۔ کہ ذکر وہ اگلے انبیا کا

ہیں ذکر وہ شاہ انبیا کا ۔ کیونکر نہ کرے انھوں سے مولا

اب لکھتا ہوں چند وہ بشارات ۔ سن اسکو تو اعتقاد کے سات

یوسف جو خدا کے تھے پیمبر ۔ اولاد سے انکے تھا وہ اشہر

حضرت کا ہمارے ذکر والا ۔ وہ اگلی کتابوں میں تھا دیکھا

اور مکۂ باصفا میں حضرت ۔ جب پائے ہیں خلعت نبوت

جب ابن سلام نے سنا ہے ۔ مشتاق لقا بہت ہوا ہے

جب روز بروز تھا وہ سنتا ۔ اور بڑھتا تھا اعتقاد اسکا

تب ابن سلام جلد آیا ۔ دیکھ اسکو کہے وہ شاہ والا

وہ عرض کیا ہے ان نے سرور ۔ میں ابن سلام ہوں مقرر

فرمائے نبی تب اے خردمند — دیتا ہوں تجھے میں آگہی چند
بھیجا موسیٰ پہ جو کہ تورات — تو سچ مرے سے بول یہ بات

کیا حق کی کتاب میں مقرر — ہے وصف مری تو اب بیاں کر
کی عرض اسنے کہ آپ پہلے — کچھ وصف خدا بیان کیجے

جبریل آئے وہیں بہ سرعت — حضرت سے کئے ہیں عرض خدمت
اے سرور انبیاء کے والا — یہ کیجے وصف حق تعالیٰ

اللہ وہ ایک ہے احد ہے — بے عجز و نیاز ہے صمد ہے
اس کو نہیں مادر نہ پدر ہے — اور اس کو نہ دختر و پسر ہے

وہ اک ہی کسیکو نہیں جنا ہے — اور وہ خود نہیں جنا گیا ہے
کوئی نہیں اس کے جوڑ کا ہے — سب خلق کا ایک وہ خدا ہے

جب ابن سلام نے اک کہانی — توحید سنی خدا کی ایسی
بولا میں گواہی دیوں ویسے — بس آپ نبی خدا کے سچے

غلبہ و لیوے گا آپ کو رب — اور آپکے دیں کو دینوں پر سب
اور آپ کے وصف میں یہ سرور — دیکھا ہوں کتاب حق کے اندر

کہ آپ کو حق خطاب کر کے — ارشاد کیا ہے اس طرح سے

یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ اِنَّا اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِیْرًا (سورہ احزاب)

یعنے اے مرے نبی والا — ہم نے تجھے گواہ ٹھہرا
پس حشر میں اے حبیب میرے — امت پہ گواہ تو اپنے ہووے

اور بھیجے تجھے بشیر کر کے — سب خلق طرف نذیر کر کے
تا نیکوں کو خوش خبر سناوے — بدکاروں کو آگ سے ڈراوے

وَحِرْزًا لِّلْاُمِّیِّیْنَ

اور امیوں کا پناہ ہووے — مقصود عرب کے امیوں سے

کہ لوگ جزیرۂ عرب کے — لکھنا پڑھنا نہ جانتے تھے
تا انکو دین حق سکھاوے — اور پشت و پناہ انکا ہووے

اَنْتَ عَبْدِیْ وَرَسُوْلِیْ سَمَّیْتُكَ الْمُتَوَكِّلَ

اور بندۂ خاص تو مرا ہے — اور میرا رسول باصفا ہے
اور میں اے میرے حبیب والا — رکھا متوکل اسم تیرا

لَسْتَ بِفَظٍّ وَّلَا غَلِیْظٍ وَّلَا سَخَّابٍ فِی الْاَسْوَاقِ

ہرگز تو درشت خو نہیں ہے — اور تو نہیں سخت دل یقیں ہے
اور تو نہ پکارنے ہے والا — بازاروں کے درمیان حاشا

کہ بات وقار سے ہے یہ دور — ہے جہل و سفلگی کا دستور

وَلَا یَجْزِیْ بِالسَّیِّئَةِ السَّیِّئَةَ وَلٰكِنْ یَّعْفُوْ وَیَغْفِرُ

بدلہ بدی کا لے بدی سے — پر عفو کرے و بخش دیوے

وَلَنْ یَّقْبِضَهُ اللّٰهُ حَتّٰی یُقِیْمَ بِهِ الْمِلَّةَ الْعَوْجَاءَ بِاَنْ یَّقُوْلُوْا لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اس کو نہ جہاں سے حق اٹھاوے — تیری ملت کو جب تلک اس سے
سیدھی کرے حق ہو دین کامل — توحید کے لوگ ہوویں قائل

فَیَفْتَحُ بِهٖ اَعْیُنًا عُمْیًا وَّاٰذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا

حق میں نہ رہینگے جنکی آنکھیں — اور گوش نہ حق نیوش ہوویں

دل پر بھی غلاف انکے ہووے — پس چشم و دل اور گوش انکے
کھل جائینگے اس سے یعنے اسکی — ہووےگی ہدایت ایسی جاری

ایسا ہی وہ شہ کا ذکر والا — توریت میں اور ہے کئی جا
پس ابن سلام نیک انجام — لایا تبھی صدق دل سے اسلام

ایمان لانے کا حال اس کے / اور تین ادق سوال اس کے
اور تین جواب مصطفیٰ کے / ممکن جو نہیں سوا نبی کے

تفصیل سے لایا ہیں بیاں ار / اخبار نبوت اندرے یار
اور دارمی اور ابن عساکر / اور سعد کا ابن ذوالمفاخر

یوں نقل کیے ز کعب احبار / کہ یوں وہ خبر دیا ہے اے یار
توریت کے بیچ ہے محمد / ابن عبداللہ اے ممجد

مکہ میں وہ پاوے گا ولادت / طیبہ کی طرف کریگا ہجرت
اور مملکت اسکی ہووے در شام / اور وہ ورے نہ فحش دشنام

بازار میں کبھی نہ وہ پکارے / بدلہ نہ بدی کا لے بدی سے
ساتھ اس کے جو کوئی شر کریگا / سو اس سے وہ درگزر کرے گا

امت اس کی بہ سرو ظاہر / شادی و غمی میں ہووے شاکر
اونچائی پہ جبکہ وے چڑھینگے / حق کی تکبیر تب کہیں گے۔

اور مہر کی وے کریں رعایت / از بہر نماز با سعادت
اور وقت نماز جبکہ پہنچے / تو وقت پہ وہ ادا کریں گے

آدھی پنڈری تلک چھپاویں / از بہر ستر وے لنگ باندھیں
اور پانی سے جو کہ پاک ہووے / تو ذرات وضو کیا کریں گے

اونچائی پہ چڑھ موذن انکا / لے نام خدا ندا کرے گا۔
طاعت میں صفیں ہوں انکے ایسے / کہ جنگ و قتال میں ہو جیسے

ہو زمزمہ شب میں انکا ایسا / زنبور کا زمزمہ ہو جیسا
اور مروی ہے از ابوہریرہ / حضرت کہے ایک دن اک آگہ

توریت آئی ہے جب بہ موسیٰ / موسیٰ نے ہے صاف اسمیں دیکھا
اس امت باصفا کا مذکور / توریت کے درمیاں تھا مسطور

کہ ہووے گی اک اخیر امت / ہے سارے امم پہ اسکو سبقت
یعنے وہ وجود میں ہے آخر / ہر فضل میں سابق اور فاخر

کیجاوی شفاعت انکی خاطر / بارش ہو دعا سے انکے ظاہر
سینوں میں ہو انکے انکی انجیل / یعنے قرآن ہو یاد بتفصیل

قرآن کریں حفظ سے تلاوت / انکو نہ پڑے نظر کی حاجت
کھاویں گے غنایم اور صدقات / تھی اگلے نہ امتوں میں یہ بات

آسانی کے واسطے ہے خوشتر / یہ بات ہوئی حلال انپر
گر قصد گنہ کا کوئی لاوے / گر نا ہو عمل لکھا نہ جاوے

لاوے وہ گنہ کو گر عمل میں / تو ہیں یہ گناہ ایک لکھیں
اک نیکی کا قصد گر دھریگا / اور دس یہ عمل اگر کرے گا

دس نیکیاں لکھیں اسکی خاطر / اور ہووے اگر عمل میں قاصر
نیکی کی کیا وہ جب کہ نیت / اک اجر کریں اسے عنایت

علم اول اور علم آخر / دیویگا انہیں خدائے قادر
دجال لعیں کا قتل آخر / بھی ہاتھ سے ہو انہیں کے ظاہر

اور بعضے روایتوں میں آیا / توراۃ کے درمیان موسیٰ
اس امت باصفا کے اوصاف / ستر کے قریب پاے ہیں صاف

تب عرض کیے اے رب عزت / امت مری کیجیے یہ امت
حکم آیا ز درگہ الٰہی / امت تری کس طرح یہ ہوگی

احمد کی یہ آخر امم ہے / یہ خیر امم ہے محترم ہے
موسیٰ کہے اپنے لطف سے تو / کر امت احمدی سے مجھ کو

موسیٰ کو خدا جو تب کہا ہے / قرآن میں یہ خبر دیا ہے
إِنِّي اصْطَفَيْتُكَ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَاتِي وَ

بِكَلَامِي فَخُذْ مَا آتَيْتُكَ وَكُنْ مِنَ الشَّاكِرِينَ
فرمان خدا سے یہ ہوا جب / موسیٰ کہے راضی ہیں ہوا اب

موسیٰ علیہ السلام کی تمنا امت محمدی میں ہونے کی

مروی ہے ز سعد ابن آگہ　ناقل ہے وہ از ابو ہریرہ
فرمائے کہ درمیاں تمہارے　عالم جو بڑا ہے اب وہ آئے
عالم وہ جو ابن صوریا تھا　سب اس کے طرف گئے اشتاب
دیتا ہوں تجھے قسم خدا کی　اس مالک ملک دوسرا کی
کیا حق کا رسول اب مرے تئیں　تو بول کہ جانتا ہے یا نہیں
اوصاف جو آپکے ہیں پر نور　توراۃ کے درمیاں ہیں مسطور
پوچھے ہیں اسے وہ شاہ اکوان　لاتا نہیں کس لئے تو ایماں
شاید ایمان لاویں وہ سب　میں بھی ایمان لاؤنگا تب
ابن سعد و امام احمد　یوں لائے روایت ای ممجد
اک لڑکا یہود کا تب ای یار　آیا ہے نظر سے سخت بیمار
فرمائے اسے رسول عربی　سوگند ہے تجھ کو اس خدا کی
کیا میری نبوت اور صفت کا　توراۃ میں ذکر ہے نہ آیا
لڑکا وہ تھا جو سخت بیمار　یوں کہنے لگا ز شاہ ابرار
کہ آپ کا ذکر وصف اطہر　بعثت کا بھی وقت ای پیمبرؐ
میں دیتا ہوں شاہا یہ تحقیق　اور کرتا ہوں اپنے دلسے تصدیق
یاروں کو کہے وہ شاہ دیں تب　اس لڑکے کو اس یہود سے تب
اس لڑکے نے کی جہانسے رحلت　ہوا اسپہ سدا خدا کی رحمت

روایت

پوچھا لوگوں نے اس سے یکبار　در عہد شریف شاہ ابرار
فاروق کے وقت پر جو لائے　کیا اس کا سبب بیان کیجے
موسیٰ پہ ہوا تھا جو کہ نازل　واقف تھا وہ خوب اس کا کامل
بولا پتا تھا علم مجھ کو　تعلیم کیا ہیں اس کی تجھ کو
نزدیک ہی عصر اس نبی کا　خوشحال ہے جسنے اسکو دیکھا

تھا مدرسہ اک یہودیوں کا　حضرت گئے اک روز اس جا
تا اس سے کریں سوال یارب　اس حکم کو سن یہودیاں تب
حضرت نے کنارے اسکو بلوا　فرمائے ہیں از زبان والا
بھیجا تمہیں جسنے من و سلوا　اور سایۂ ابر وہ بہ صحرا
وہ بولا کہ میں بھی قوم میری　جانے ہیں تمہیں رسول باری
لیکن ز حسد یہود نادال　لاتے نہیں آپ پر ہیں ایماں
وہ بولا خلاف قوم اپنا　ای شاہ بھلا نہیں سمجھتا

روایت

کہ سرور انبیا نے اک روز　اک رہ سوئے ہیں جلوہ افروز
اس لڑکے کے پاس باپ اسکا　توریت کو دیکھے پڑھ رہا تھا
جسنے موسیٰ پہ لطف کے ساتھ　نازل کی آسماں سے توراۃ
وہ سر سے کیا ہے تب اشارہ　کہ ذکر نہ آپ کا ہے آیا
اس رب کی قسم جو لطف کیتا　بھیجا موسیٰ پہ ہے یہ تورات
توریت میں دیکھتا ہوں یہاں　کرتا ہے وہ یہ حسد سے پنہاں
معبود نہیں سوائے حق کے　اور تم ہو رسول اسکے سچے
تم دور کرو گئے بہ سرعت　گزری نہ ابھی تھی ایک ساعت
حضرت نے پڑھی نماز اس پہ　یاروں کو لئے اپنے اے برادر
اسطرح ابو نعیم اے یار　ہے نقل کیا ز کعب احبار
بو بکر کے عہد کے بھی درمیاں　کس واسطے تم نہ لائے ایماں
کعب الاحبار ان سے بولا　عالم تھا بڑا ہی پدر میرا
مجھ کو بھی پڑھا دیا تھا وہ سب　موت اسکی ہوئی قریب ہی جب
ہاں دو ورق انسے نہیں دکھایا　احوال ہیں جن میں اک نبیؐ کا
کر مہر وہ ورق کو اے جان　رکھا سو غلاف جگہ میں پنہاں

وہ کھول نہ دیکھ اے پسر تو
کس واسطے یہ خطر ہے مجھ کو
جھوٹا نکلے کوئی مبادا
دعوا وہ کرے پیمبری کا

تابع کہیں اسکا ہو ویگا تو
مانع ہوں اسی لئے میں تجھ کو
پس پدر مرا ہے مرگیا جب
خواہش یہ مجھے بہت ہوئی تب

وہ ہر دو ورق کو کھول دیکھوں
کیا اس میں لکھا ہوا ہے مضموں
پس کھولے انکو میں نے دیکھا
مضمون یہی لکھا ہوا تھا

ہے مرسل کبریا محمد ﷺ
ہے خاتم انبیاء محمد
ہے مولد پاک اس کا مکہ
ہجرت کا مکاں ہی اسکا طیبہ

بد خلق نہیں ہے وہ پیمبر ﷺ
اور سخت نہیں وہ نیک محضر
بھی وہ نہ پکارنے ہے والا
بازار کے درمیان اصلا

بدلہ نہ بدی کا لے بدی سے
وہ عفو کرے بھی بخشدیوے
امت اس کی مدام ہر آں
اللہ کی ہو ویگی ثنا خواں

اور انکی زباں پھرا کرے گی
تکبیر میں حق کے رات دن بھی
اور اپنے رسول کی وہ تائید
اعدا پہ کرے گی اس کی جاوید

اور اپنی وہ شرمگاہ دھوویں
اور اپنی کمر پہ لنگ باندھیں
سینوں میں ہوا نکے انکی انجیل
قرآں ہے مراد اس سے بتفصیل

اک دوسرے کے دوست ہوویں ایسے
کہ بھائی حقیقی ہووین جیسے
امت وہی پاوے در قیامت
سب سے اول دخول جنت

اوصاف یہ جبکہ میں نے دیکھا
مشتاق ہوا ہوں اس نبی کا
ایسے میں سنا کہ وہ پیمبر
مبعوث ہوئے عرب کے اندر

گذری نہیں آہ تھوڑی مدت
بس آپکی میں سنا ہوں رحلت
حسرت کا بڑا ہیں داغ کھایا
کہ آپکے میں قدم نہ دیکھا

پھر تھوڑے دنوں میں اہل اسلام
جو فتح کئے ہیں آن کر شام
جانب سے عمر کے چند عامل
جب شام میں آہوئے ہیں نازل

حقانیت انکی میں نے دیکھا
افزود ہوا یقین میرا
امت یہ ہے اس نبی کی فاخر
اوصاف وہی ہیں ان میں ظاہر

تھا اپنی چہاڑی پہ میں اکدن
آیت یہ پڑھا ہے کوئی مومن

ے يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَى أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ وَكَانَ أَمْرُ اللَّهِ مَفْعُولًا ۝ سورۃ نساء

ے اے کتاب والو ایمان لاؤ اس پر جسے نازل کیا ہم نے سچا بتاتا تمہارے پاس والے کو پہلے اس سے کہ ہم مٹا ڈالیں کتنے منہ پھر الٹ دیں ان کو پیٹھ طرف یا ان کو لعنت کریں جیسی لعنت کی ہفتے والوں کو اور اللہ نے حکم کیا سو ہوا

آیت میں یہ فکر میں کیا جب
یہ خوف مجھے بڑا ہوا تب
ایمان لائے میں میرے بتعجیل
اب تھوڑی بھی گر ہوے ہو ڈھیل

تو جانب پشت منہ یہ میرا
پھر جاوے کہیں بخوف مولا
بے خواب تھا مضطرب تھا اس شب
کس وقت میں صبح ہووے یارب

جب صبح ہوئی بغیر وسواس
میں جلد گیا ہوں مومنان پاس
احوال کہا سب اپنا ظاہر
ایماں لایا بہ خط وافر

باوجود تحریف و تصحیف یہود و نصارا کے آج بھی ذکر محمدی توریت میں موجود ہے

توراۃ میں وہ یہود اے یار
تحریف کئے اگرچہ بسیار
تبدیل کئے ہیں اور تغییر
اور اس میں کئے خیانت ای میر

باایں ذکر محمدی نیک
توریت میں ہے ہنوز نزدیک
حجت یہ خدا کی ہے ای دمساز
اور سرور انبیا کا اعجاز

جیسا توراۃ میں ہے آیا
فرمایا ہے خالق برایا
کہ حق نے تجلی کی ز سینا
ساعیر سے بعد ازاں وہ چمکا

فاران سے ہوا ہے آشکارا
اب جان یہ رمز اس اشارا

طور سینا و طور سینیں
کہتے ہیں اسے ای نیک آئیں

حال اسکا لکھا ہو نہیں بیاں وار
تفسیر جو اہر اندر اے یار

طور سینا سے پس وہ مولا
فرمایا تجلی ہے یہ موسے

ساعیر ہے ایک کوہ دیگر
عیسی سے کیا ہے بات اسپر

عبرانی سمجھ ہے لفظ فاراں
کہتے ہیں کئے پہاڑ کو جاں

کہ کوہ حرا ہے ایک ان سے
اب اسکو ہیں جبل نور کہتے

اول وہیں وحی کی ہے تنزیل
حضرت یہ وہیں ہیں آئے جبریل

سب اہل کتاب و اہل اسلام
ہیں متفق اس پہ اے نکونام

از روے تعصب اے سخنداں
گر بولے کوئی ضلیل ناداں

دیکھو توریت میں ہے ترقیم
کہ شام کے ملک سے براہیم

ان دونوں کو لا رکھے جو جگہ
ظاہر ہے بغیر شبہہ مکہ

جرہم کا قبیلہ واں بسا آ
آباد ہوا ہے ان سے مکہ

کہ ہاجرہ و اسمعیل ہر دو
کس جا یہ ہوے مقیم کہہ دو

آئی ہے کہاں کتاب اس پر
ہیں اس کا کہاں ہوا ہے اظہر

اسکا نہ جواب بن سکے گا
دیوے توفیق انہوں کو مولا

کہتے ہیں یہود اس کا معنے
تورات کا ہے نزول پانا

ساعیر سے نور وہ جو چمکا
ساعیر تو ہے مقام عیسے

پس ہم بھی کہیں نہ ذکر فاراں
مطلب ہی یقیں نزول قرآں

یا اگلے وہ بات کا کرا اقرار
تسری کا کریں جو لوگ انکار

از راہ تعصب اے برادر
انصاف سے دور ہیں سراسر

پس جانو بغیر شبہہ یہ بات
تورات سے پائی وجہ اثبات

نور توحید رب علام
احکام شریف دین اسلام

سینا ہے وہ اک پہاڑ کا نام
مشہور پہاڑ ہے وہ در شام

اور سورۂ تین میں وہ وارد
لایا ہے قسم اسی جبل پر

دیکھ اسمیں اگر ہے تجھ کو مطلوب
ظاہر ہو فضیلت اسکی تا خوب

اور ان سے خدا نے کیا بات
نازل بھی وہاں کیا ہے تورات

اور پایا نبوت اسنے تکمیل
انجیل وہیں ہے پائی تنزیل

مکہ میں ہیں وے جبال اے جاں
کہتے ہیں انہیں ہاشمی پہاڑاں

اس کوہ کے غار ہی میں حضرت
خلوت کرتے تھے قبل بعثت

خلعت بھی وہیں پیمبری کی
اللہ نے آپ کو عطا کی

کہ مکہ کا ہی ہے نام فاراں
کچھ اس میں نہیں کلام اے جاں

کہ مکہ کا نام ہیں ہے فاراں
ہم دیویں جواب اسکو یہ جاں

ہیں ہاجرہ و اسمعیل کو لا
فاراں میں رکھے بہ حکم مولا

چشمہ زمزم کا حق تعالی
مکہ میں ہے دیکھو ان کو بخشا

فاران اگر یہ مکہ نا ہو
ہے کونسی وہ جگہ دکھاؤ

اور کون نبی ز بعد عیسے
فاران کی ہے جگہ سے نکلا

یہ سن کے یہود اور نصاری
کیا دیویں گے اب جواب اسکا

توریت میں وہ جو بات آئی
حق نے سینا سے کی تجلی

قایل بھی اسی کے ہیں نصارا
اور کہتے ہیں یوں وہ آشکارا

پس اس سے مراد ہے یہ تمثیل
عیسی پہ نزول کی ہے انجیل

پہلے اک بات کے مقر ہو
منکر نہ پچھلے وہ بات کے جو

یعنے وہ یہود اور نصارا
یہ ہر دو گروہ آشکارا

وہ کرتے ہیں جو کہ قیل و قال
سب جہل و مکابرہ ہے بدحال

کہ مکہ کا ہی ہے نام فاراں
پہلے ہے وہیں نزول قرآں

حضرت کی زبان حق بیاں نے
مشہور ہوئی جہاں میں پہنچے

فاران سے مراد مکہ معظمہ

اور پانچویں سفر میں ز توراۃ
بھیجونگا ترے سا ایک پیمبر
اور حکم کروں گا اس کو میں جو
ڈالے جاوے گا وہ رسالت
کہ ترے برادروں سے بولا
حضرت تھے ہمارے اے سخنداں
اولاد سے اسمٰعیل کے ہاں
کہتے ہیں یہود گمرہی سے
کیونکہ یوشع نبی تھے ہرچند
اتری ہے کہاں کتاب ان پر
پس ایسا رسول اے برادر
در دعوت و معجزات ملزم
ہیں اور بہت دلیل موجود
اولاد جو اسمٰعیل کے ہیں
اور اپنا کلام منہ میں اس کے
اے بھائی مراد اس نبی سے
اولاد سے اسمٰعیل کے دیک
اور وہ جو خدا کلام اپنا
بات اس سے کرے بہ خیر و اصلاح
سو اس سے مراد اے نکوکار
اور عیسویاں یہ ساری باتیں
اولاد سے اسمٰعیل کے تو
منعقد نہیں ہوا جو ان کا

یہود کا عذر اور اس کا رد

یعنے ہمارے حضرت اور یوشع علیہما السلام[ف]

نصاریٰ کا عذر اور اس کا رد

اب دیکھئے صاف آئی یہ بات
تا ہو مرے بندگوں کا رہبر
پہونچاویگا وہ رسول سبکو
پاوے گا سزا وہ بے سعادت
موسیٰ سے خطاب حق تعالیٰ
اولاد سے اسمٰعیل کے جاں
حضرت ہی ہوے ہیں اک نبی جاں
یوشع ہیں مراد اس نبی سے
موسیٰ کے نہیں تھے لیک مانند
کب شرع جدید ہوئی مقرر
حضرت کے سوا نہیں ہے دیگر
در شرع جدید نسخ احکام
حضرت ہیں وہی نبی موعود
سو جانیئے ان کے واسطے ہیں
میں ڈالونگا لطف اور کرم سے
بے شبہ رسول ہیں ہمارے
از بیت حرم عرب میں اک نیک
میں ڈالونگا اسکے منہ میں بولا
بھیجوں نہ صحیفے اور الواح
ہے قتل و جہاد و جنگ و پیکار
لیتے ہیں مسیح کے جو حق میں
پیدا نہ ہوے مسیح سمجھو
نہیں حکم جہاد اسپہ آیا

موسیٰ کو کیا خطاب حق نے
اور اپنا کلام فیض عنواں
پہونچاوے گا حکم وہ مرا جو
تم جانو مراد اس نبی سے
موسیٰ جو کلیم تھے خدا کے
پس ہر دو برادراں ہیں باہم[ف]
اولاد سے انکے کوئی پیمبر
یہ زعم یہود کا ہے باطل
موسیٰ کے تھے خادم معزز
حکم دعوت ہوا کب ان کو
موسیٰ کے تھے ساتھ وہ مماثل
اور اس کے سوا ہیں بہت نیز یہ
توریت میں بلکہ دوسری جا
گھر سے مرے اک نبی کو آخر
فرماوں گا حکم اسکو میں جو
کہ آپ کو ہی خدا اکرم سے
حضرت کے سوا رسول دیگر
یہ اس سے مراد ہے مقرر
اور بولا سنے نہ اسکی جو بات
حضرت کے سوا حرم سے اصلا
بن سکتی نہیں ہے بات اصلا
مبعوث نہیں ہوے حرم سے
اور حق نے کہا ہے جو توراۃ

اے موسیٰ ترے برادروں سے
میں ڈالونگا اس کے منہ کے درمیاں
اسمیں جو مطیع اس کا نا ہو
بے شبہ رسول ہیں ہمارے
اولاد سے اسرائیل کے تھے
ہیں ایک کے ایک وہ بنی العم
حضرت کے سوا ہوا نہ دیگر
اس کو نہ قبول کوئی عاقل
اور جائی شرع ان کے بعد از
موسیٰ کے وہ مثل کس طرح ہو
بعد موسیٰ بہ وجہ کامل
موسیٰ کے ہیں کفو مثل ایں
موسیٰ سے کہا ہے دیکھ مولا
قایم میں کروں بلطف وافر
پہونچاویگا وہ رسول ان کو
مبعوث کیا یقیں حرم سے
مبعوث نہیں ہوا مقرر
میں وحی کرونگا اس کے دلپر
ہوویگا ہلاک وہ بہ آفات
ذی سیف کوئی نبی نہ نکلا
مصداق نہیں ہی اسکے عیسیٰ
مکہ کے مقام محترم سے
کہ اس کی نہیں قبولے جو بات

دنیا میں ہلاک ہووے وہ شوم
دعوت تو مسیح کی اے بھائی
پس اس سے مراد کیوں ہو عیسیٰ
انچاسواں باب جو ہے اس کا
یعقوب نبی کا اک پسر تھا
جاویگی چھڑی نہ مملکت کی
جبتک شیلوہ آوے جگ میں
ایسا وہ کرے جہاد سنئے
ایسے ہوں سفید دانت اسکے
یعقوب کا وہ جو اک پسر تھا
شیلوہ جہاں میں آوے جبتک
اولاد جو اسرائیل کے تھے
اولاد سے اسرائیل کے بھی
کہ شیلو سے ہے مراد عیسیٰ
آنے سے مسیح کے اے مؤدب
یعنے عیسیٰ بھی تھے اے ذیشاں
ظاہر نہ ہوا جہاد انسے
دانت انکے سفید شیر سے تھے
تشریک کو چھوڑ پائے توحید
ظلمت کئی کفر و شرک کی دور
شیلو سے ہے بس مراد حضرت
تینتیسواں باب جو ہے اسکا
ساعیر سے وہ طلوع ہو کر

سو اس کے سوا ہوئی یہ بات معلوم
خاص ایک ہی قوم کی طرف تھی
باطل ہے یہ دعوے نصاریٰ
اس باب میں ہے یہ قول آیا
نام اسکا تھا جانئے یہودا
یعنے لیکن اسکی سلطنت کی
اور جمع ہوا سکے پاس قومیں
کپڑے ہو لہو میں لال اس کے
کہ دودھ سے ہوں زیادہ اجلے
کہ نام تھا اسکا جو یہودا
شاہی تری رہیگی تب تک
دولت ہی گئی انہیں کی تب سے
ہے بند ہوئی پیمبری ہی
ہم کہتے ہیں زعم ہے یہ انکا
اولاد سے اسرائیل کے کب
اولاد سے اسرائیل کے جان
اور چشم نہیں تھے سرخ انکے
اور آنکھیں بھی سرخ تر تھی انکے
اسلام کی وہ کئے ہیں تائید
توحید کا جلوہ گر کئے نور
کہ ہیں وہی خاتم الرسالت
اس باب میں اس طرح ہے لکھا
فاران سے پھر چمک کے انہر

دعوت وہ نبی کی عام ہوگی
وہ قوم تمام اسے سنیں ہاں
توریت میں اور اے خوش آئیں
اس قول کا اب غلط ہے کیک
ارشاد کیا ہے حق تعالیٰ
اور ایسا ہی نسل سے بھی اسکے
اور شان ریاست اسکی بیشک
اور سرخ ہو آنکھ اسکی ایسی
توریت کے قول کا یہ معنا
یعقوب نے اسکو دی بشارت
شیلو سے مراد ہیں محمدؐ
جب آئے ہیں سرور دو عالم
اے بھائی عجب ہے از نصاریٰ
بن سکتی نہیں یہ بات اصلا
ہوئی نہ نبوت اے برادر
عیسیٰ کے بھی پاس جو طرف سے
ہاں بلکہ یہ سب صفات آخر
اقوام بھی آکے جو طرف سے
اور جنگ و جہاد کا فروں سے
اور دین ہیں وہ شاہ دیں کا
توریت میں دیکھ دوسری جا
موسیٰ نے خبر دیا کہ یہوا
ہے ساتھ مقدسوں کے آیا

نیں خاص ہے ایک قوم پر ہی
اولاد بھی اسرائیل کی جاں
جو آیت ہے اک سفر تکوین
کرتا ہوں بیاں میں نقل تو دیکھ
بے شبہ و گمان از یہودا
پیغامبراں نہ بند ہونگے
جا پہونچیگی آخر زمیں تک
کہ سرخ ہوں سرخ تر خمر سے
کرتا ہوں بیان اب اے دانا
کہ تجھ سے نہ جائے گی ریاست
اوصاف نہیں کے ہیں یہ امجد
وہ سارے پیمبروں کے خاتم
کہ کرتے ہیں اس طرح وہ دعوا
شیلو سے نہیں مراد عیسیٰ
عیسیٰ تو نہیں سے تھے مقرر
قومیں نہ ہوئی ہیں جمع آکے
تھے ذاتِ محمدی میں ظاہر
بس جمع ہوئے تھے پاس انکے
حضرت کئے حکم سے خدا کے
بس شرق سے غرب تک ہی پہونچا
استثنا کا جو سفر ہے گا
سینا سے بغیر شبہہ آیا
تعداد الوف ہووے جنکا

زبور ۹ فرقان سے جہاد کی ترغیب و ثبوت حضرت

اور داہنے ہاتھ اس کے بیشک ہووے گی شریعت آتشی اک
ذکر سینا و ذکر ساعیر گزرا اوپر قریب آئے میر
جو ذکر مقدسوں کا آیا حضرت کے مراد ہیں صحابہ
شمشیر کے زور سے وہ حسن تو سیدھی کئے ٹیڑھی ملتوں کو
مذکور زبور میں سنو تم چالیس یہ جو کہ ہے چہارم
فائض ہوئے تیرے ہر دو لب سے نعمت دنیا و آخرت کے
پس تیری شریعتیں و احکام باہم پیوستہ ہیں یہ اکرام
یعنے سر عجز ہیں جھکاتے آگے ترے اتقیا ولاتے
دو لب سے جو ٹپکے یہ عالم فائض ہوئی نعمت مکرم
اور وہ جو کیا ہے حکم دادار کہ کیجے حمایل اپنی تلوار
کہ صاحب سیف ہیں وہ سالار للہ کئے جہاد کفار
جو معجزے دیکھ کے بھی ایماں لائے ہیں نہیں جان و دل سے ایماں
مانے نہ پیمبروں کے احکام جو لائے تھے حق طرف سے پیغام
تا ان سے جہاں یہ پاک ہووے ناپاک وہ زیر خاک ہووے
رکھتا نہیں اس شجر کو مالی چاہے ہے کہ ہو باغ اس سے خالی
معلوم ہوئی مثال یہ جب اس رمز کو جان لیجئے اب
اللہ کی طاعت و عبادت تا ہو سکے اسکی بے پہچانت
پیدا کیا جس لئے انہیں رب سو فوت ہو وہ اصل مطلب
ایسا ہی وجود کافروں کا بے نفع ہے جب سے منکروں کا
پس حکم کیا جہاد کا رب جنگ انسے وہ شاہ دیں کئے تب
کہتے ہیں کہ کس لئے کئے جنگ کچھ سمجھے نہیں وہ جنگ کا رنگ
اور دوسرے انبیاء بھی اکبار ایسا ہی کئے جہاد کفار
اور دوسرے یوں ہی انبیاء بھی پس یونہی جناب مصطفے بھی

ساتھ اپنی وہ قوم کے نجات اخلاص سے بس رکھے محبت
فاران کے جبال کا بھی مذکور اور یہ ہوا ہے صاف مسطور
بے شبہ وہ آتشی شریعت حضرت کی ہی ہے ای با قوت
اور شرع محمدی میں سنئے انداز ہے آتش سقر سے
سو اسمیں خطاب حق تعالیٰ حضرت کی طرف کیا ہے ایسا
اب کیجے حمایل اپنی تلوار اے میرے نبی بلند مقدار
تیریں تری تیز ہیں ای اکرم گرتے نیچے ترے ہیں عالم
اے بھائی جو آئی یہ بشارت ہے اس سے یقیں مراد حضرت
قرآن وہ کلام ہے خدا کا جو شرف نزول اس پہ پایا
یہ ہیگی مراد اس سے اظہر عربی وہ رسول ہیں مقرر
تلوار کا باندھنا بکثرت ظاہر ہے سدا عرب کی عادت
اللہ کو ایک ہی نہ جانے معبود بحق اسے نہ مانے
سو ایسے خدا کے منکروں سے وہ جنگ کیا ہے کافروں سے
بے نفع جو باغ میں شجر ہو بے برگ ہو اور بلا ثمر ہو
پس قابل قطع وہ اسے جان کرواتا ہے قطع اس کو جولان
پیدا کیا خلق کو خدا نے طاعت کے لئے ہی محض اپنے
طاعت سے بھی معرفت ہو اسکے کفار جب اپنے سر کو پھیرے
جیسا کہ وہ جھاڑ بے ثمر ہو لائق ہے کہ کاٹ دیویں اسکو
ہے لائق ضرب و قتل ٹھہرا معدوم ہو تا وجود ان کا
اس رمز کو نا سمجھ نصارا غفلت میں پڑے ہیں آشکارا
بے شبہ وہ جنگ ہے عبادت ہے جس میں رضائے رب عزت
موسیٰ داؤد اور ابراہیم یوشع بھی کئے ہیں جنگ بے بیم
ہاں جنگ نہیں کئے ہیں عیسیٰ کہ انکو نہیں تھا حکم حق کا

نصرانی جو لوگ ہیں اے ماہر / جب اصل جہاد کے ہیں منکر
جو ہووے گا اک نبی کا منکر / منکر سب کا ہوا وہ کافر

بشارت

کہ ویسے کو بھیج یا الٰہی / ظاہر جو کرے سنن کماہی
سو اس سے مراد ہیں محمدؐ / آئے جو پس از مسیح امجد
داؤد نبی کو حق تعالیٰ / بے شبہ و گماں خبر دیا تھا
داؤد کو ہوتے ہی یہ معلوم / لرزاں ترساں ہوئے ہیں مغموم
تا رد کرے ان کا زعم باطل / بندہ کو خدا کہیں جو جاہل
اور آیا ہے یہ بھی ذکر مسعود / اس طرح خبر دئے ہیں داؤد
کہ راستی و درستی وہ رب / بخشا ہے قول و فعل میں سب
اور اس کو خدا نے دی ہے نصرت / امت کو بھی اسکے دی کرامت
آواز بلند سے وہ تکبیر / بولیں ہو ہاتھ ان کے شمشیر
اور دیونکے بادشاہ جو ہوویں / انکو بھی پکڑ کے قید کر دیں
اک تاج مرصع و مکرم ؏ / محمود مکرم و معظم
اور تاج سے بوجھ با کرامت / مطلب ہے ریاست و امامت
محمود بھی اے مبارک انجام / اس سید مرسلیں کا ہے نام
اور بخشش و جود وہ کریگا / دریا سے جہاں میں تا بہ دریا
اور اہل جزائر اس کے آگے / بیٹھیں گے دو زانو اپنے آگے
منقاد ہو آویں بادشاہاں / اور ان کے خواص ہمجلیساں
فرماں پذیر اس کے ہو کر / گردن کو جھکادیں اپنے یکسر
پس ویسے ضعیف کو قوی سے / چھڑوائیگا ظالم غوی سے
تسکین ضعیف مرداں پر / وہ ہووے گا مہرباں مقرر
اور ذکر یقیں جہاں میں اسکا / جاوید ابد تلک رہے گا۔

منکر ہو جناب مصطفیٰ کے / منکر ہوئے سارے انبیا کے
مارا شیطان اسکی ہے راہ / گمرہ ہے وہ العیاذ باللہ
اور یہ بھی زبور میں ہے سمجھو / داؤد کہے خدا سے رو رو
تا جان لیں لوگ یہ یقیں ہے / بندہ ہے مسیح خدا نہیں ہے
آگے ہی مسیح و مصطفیٰ کے / حالت سے یہ ہر دو پیشوا کے
جب لوگ مسیح کو اٹھے بھائی / لاویں گے بدرجۂ خدائی
اور حق سے دعا ہیں کئے تب / کہ بھیج تو مصطفیٰ کو یا رب
ظاہر کرے خلق میں یقیں وہ / عیسیٰ ہے بشر خدا نہیں وہ
کہ اپنے کرم سے حق تعالیٰ / احمد کو کیا ہے برگزیدہ
امت کو بھی آپ کے وہ مولا / رحمت سے کیا ہے برگزیدہ
تسبیح خدائے پاک کی دے / کرتے ہیں خوابگہ میں اپنے
تا بہر خدا لیں ان سے بدلہ / طاعت نہ کریں جو اسکی اصلا
اور قول زبور یہ بھی پر نور / مزمور میں دوسرے ہے مذکور
صیہوں سے کیا خدا نے ظاہر / صیہون مکہ ہے سن اے ماہر
محمود سے جان اسے ممجّد / بے شبہ مراد ہے محمدؐ
مزمور میں دوسرے ہے لکھا / مالک ہووے گا وہ معلّا
اور آخر ارض تک بلاشک / یعنے یہ زمیں کے انتہا تک
اور ہوویں گے دشمنان جو اسکے / چاٹیں گے وہ خاک اپنی منھ سے
سر اپنا زمیں پہ رکھیں گے / پاس اس کے فروتنی کریں گے
اور ہوویگا جو کہ شخص مغموم / ظالم کی جفا سے سخت مظلوم
اور ہوویگا جو ضعیف بے یار / یاری اسے دیوے ہو مددگار
اور بھیجیں درود لوگ اس پر / ہر وقت دعائے نیک محضر
ابن سعد و ابن عساکر / یوں نقل کئے ز سعد فاخر

کہ ہم بہ زمان جاہلیت — نصرانی ہوئے تھے با ضلالت
کہ ایک ورق کو دوسرے سے — جوڑا ہے کوئی سرش لگا کے
کوتاہ بہت نہ قد ہے اس کا — اور یوں ہی بہت نہیں ہے لمبا
اور مہر نبوت منور — منقوش ہو اس کے پشت اوپر
اشتر بھی دراز گوش اوپر — ہوویگا سوار وہ پیمبر
پیوند کا پیرہن پہنا — پہنا بھی کرے گا وہ یگانہ
اولاد سے اسمعیل کے وہ — ہووے نسب جلیل سے وہ
اتنا جو میں اس ورق میں دیکھا — ایسے میں مرا چچا ہے آیا
میں بولا یہ وصف احمدی ہے — ان مدتوں میں خوب تر لکھی ہے

روایت

جارود ہے جو بن معلا — عالم تھا بڑا وہ در نصارا
حضرت سے ہی اس نے عرض کی — سوگند ہے مجھ کو اس خدا کی
کہ آپ کی وصف پاک بے مثیل — میں دیکھا ہوں جا بجا بہ انجیل

بشارت

مشہور ہے یوحنا کی انجیل — انجیل میں اس نے اپنی بے مثیل
کہ جا ہونگا باپ سے میں اپنے — یعنے جاوں گا اپنے رب سے
وہ ساتھ تمہارے تا ابد ہو — بے شبہہ وہ روح حق ہے سمجھو
اور باپ کے لفظ کا وہ اطلاق — عیسیٰ جو کئے بذات خلاق
کہ خالق و اوستاد کو تب — بس کہتے تھے باپ جانئے سب
اس معنے سے ہی جناب عیسیٰ — اطلاق کئے خدا پہ اس کا
بن باپ کے جب ہوئے وہ پیدا — ٹھہرائے ہیں خدا کا بیٹا
سو اس سے بھی اور مسیح سے بھی — بس انکو ابد ملامت و دوری
اور نام فارقلیط کا بھی معنا — لکھے اہل لغات اے دانا

میں پڑھتا تھا ایک روز انجیل — دیکھا ناگاہ اس میں بے مثیل
میں کھول کے اس کو جا بجا دیکھا — اس میں یہ ذکر احمدی تھا
اور رنگ مبارک اس نبی کا — نورانی بہت رہے گا گورا
نہ بیٹھے گا پلنگ باندھ کر او — صدقہ نہیں لیویگا وہ سمجھو
بکری کا بھی اپنے دودھ دوہے — وہ ہاتھ سے اپنے ہی پیوڑے
ایسے اوصاف جو رکھے گا — وہ کبر سے دور تر رہے گا
اور جانیو اس کا نام نامی — ہووے گا احمد گرامی
اور مار کے مجھ کو اس نے بولا — تو دیکھتا اس ورق میں ہے کیا
بولا احمد ابھی نہ آئے — بولا یہ چچا مرا احمد سے
اور بیہقی جو ہے پاک انفاس — یوں نقل کیا ز ابن عباس
حضرت کے جناب پاک میں آ — ایمان ہی شرف ہے جبکہ پایا
کہ جس نے پسند آپ کو کر — اس عصر کا ہے کیا پیمبر
ایسا ہی بشارت آپکی بھی — لوگوں کو یقین مسیح نے دی
عیسیٰ کے حواریوں سوائے نیک — مشہور ہے جو کہ یوحنا ایک
عیسیٰ سے روایت یوں کیا ہے — عیسیٰ ہمکو خبر دیا ہے
کہ فارقلیط کو وہ بھیجے — الطاف ہی واسطے تمہارے
بس جبکہ وہ اس جہاں میں آوے — ہر چیز یقین تمہیں سکھاوے
اس وقت میں اور اس زبانیں — تعظیم کا لفظ تھا یہ سمجھیں
جو پانے والا آپ کا ہو — سب کہتے تھے باپ اسکو سمجھو
پیران کے وہی تابعان ای دانا — اس لفظ کا نا سمجھ کے معنا
ٹھہرائے ہیں اس کو اول اولاد — تثلیث کی راہ لئے وہ ناشاد
اور انکو عذاب در جہنم — ہوتا ہے ابد زیادہ ہر دم
بیشک ہے وہ چھڑانے والا — حامد بھی ہے معنے معلا

ہر اک نبی چھڑانے والا　اتباع کو کفر و شر سے ہیگا
آیا ہوں چھڑانے میں اے لوگو　یعنے زگناہ و کفر سو چو
یا احمد و یا محمد ایسا　نیں لفظ قریب کوئی دوسرا
معنا سو ثابت اس کا اظہر　کہ فارقلیط ہے پیمبر
زندہ اسرار وہ کرے گا　ہر چیز کو وہ بدل بھی دیگا
خاطر میں تمہارے چند تمثیل　لے آیا ہوں لاویگا وہ تاویل
کہ ہیں جو مبارک اس کے آیات　تاویل کے رکھیں احتمالات
اور بولے مسیح اس طرح سے　کہ آویگا وہ جو بعد میرے
گر کرتے ہو تم قبول مجکو　اور رکھتے ہو دوست مجکو لوگو
کہ بھیجے تمہاری خاطر اس کو　اور ساتھ تمہارے وہ سدا ہو
اور بولے مسیح یوں بانجیل　کہ جاوں نہ جب تلک میں بے قیل
اور خلق ہوں جب خطا کے مصدر　وہ زجر کرے گا سخت اسپر
اور خلق کو وہ بہ حق سیاست　فرماوے بہ عون رب عزت
اور بولے مسیح وہ ذوالکرامات　اپنے نہ کریگا نفس سے بات
یعنے جو ہو وحی حق سے اسپر　بندوں سے وحی کہے وہ سرور

وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْیٌ یُّوْحٰی

اب دیکھئے یہ صفات والا　کہ جس کا بیاں کئے ہیں عیسی
یہ بات بھی اور جان لیویں　کہ اگلے سماویہ کتب میں
توریت میں ہے احید کر کے　یوں ہی کئے نام اور آئے

اس معنے سے ہی مسیح بے قیل　تصریح کئے ہیں یوں بانجیل
حامد بھی ہے دوسرا جو معنا　حضرت کا ہے نام وہ اے دانا
اور وہ جو کہے جناب عیسی　کہ خلق کو میں چھڑانے آیا
اور بولے مسیح جاوینں اب　بھیجیگا نبی کو دوسرے رب
اور میرے لئے گواہی دیگا　جس طرح گواہ میں ہوں اسکا
تاویل سے یہ مراد ایجان　قرآن کریم ہے تو پہچان
رکھتے ہیں بہت سے کوی معانی　یوں دوسرے کتب آسمانی
گر مارنا چاہیں خلق بسیار　نا مار سکیں گے اس کو زنہار
تو میری نگہ رکھو وصیت　میں جاہونگا جا ز رب عزت
باقی یہ جہاں رہیگی جبتک　یعنے ہو رسالت اسکی تب تک
وہ فارقلیط حق طرف سے　تم جانو نہ اس جہاں میں آوے
مسموع کلام جو ہو اس سے　فرماوے نہ وہ طرف سے اپنے
اور حادثے جو جہاں میں ہووے　دیویگا یقیں خبر وہ اس سے
وہ بلکہ خدا سے جو سنے گا　بندوں سے یقیں وہی کہے گا
جیسا کہ کہا ہے رب رحماں　اس شاہ کی شان میں یہ قرآں
اور بولے ہیں اسطرح سے عیسی　وہ فضل مرا بیاں کرے گا
تھے ذات محمدی میں اظہر　کوئی ویسا سوا نہ فرد دیگر
حضرت کا ہمارے اسم والا　جوں فارقلیط و شیلو آیا

جیسے ماذ ماذ حمطایا اور بزبان سریانی مشفح منحمنا
علیہ ١٢ خاص الحرم ١٢

تنبیہ اس بیان میں جو یہود و نصارا قدیم الایام سے آسمانی کتابوں میں تحریف کرتے آئے اور کر رہے ہیں

اور یہ بھی ہے سب پہ آشکارا　علمائے یہود اور نصارا
معمول ہے اب بھی در نصاری　کہ پادریاں کران کے شوری
معمول یہ ہے قدیم ان کا　ایسا ہی چلا ہے ان میں آیا
تحریف کتب میں کر چکے ہیں　اب تک بھی وہ بلکہ کر رہے ہیں
ہیں یکیں گھٹاتے اور بڑھاتے　اللہ سے کچھ نہ خوف لاتے
چھاپے کا ہوا رواج جب سے　اور ایک کھلا شگوفہ تب سے

کہ انمیں بڑھاکے اور گھٹاکے   چھپواتے کئی ہزار نسخے
پھر اسمیں بڑھا گھٹاکے اکثر بار   چھپواتے ہیں اسکو دوسری بار
اوراق سے اس کے بافراغت   ہیں پھینکتے یوں جو کر نجاست
پس انکے کتب میں خوب دیکھو   اگلے پچھلے چھپے ہیں وے جو
باایں وہ محمدی بشارات   ہیں اس سے بھی پای وجہ اثبات
اب ان کی کتابیں اور صحیفے   اگلے پچھلے چھپے جو ہیں گے

بشارت

اس چودھویں باب میں مقرر   فقرہ ہے جو سولھواں محرر
کہ عرض میں باپ سے کرونگا   کہ فارقلیط تمہیں دوسرا
اور فقرہ ہے جو کہ بست و پنجم   اس میں لکھا ہے یہ سنو تم
بر فارقلیط کے تئیں رب   بھیجے یہاں میرے نام سے جب
جو کچھ میں کہا ہوں تم سے لوگو   سب یاد دلاویگا وہ تم کو
کہ جانیو واسطے تمہارے   جانے ہی میں فایدہ ہی میرے
لیکن میں اگر یہاں سے جاؤں   اس کو میں تمہاری پاس بھیجوں
بھی جانیو راستی سے اس دم   اور حکم سے بھی کرے گا ملزم
کہ لوگ نہ مجھپہ لاوی ایماں   سر پر یہ اٹھاے بار عصیاں
کہ جاتا ہوں باپ پاس اپنے   یعنے جاتا ہوں پاس رب کے
اور حکم سے اس لئے سراسر   الزام وہ دیوے گا مقرر
باتیں تو بہت سی اور بھی ہیں   کہ تم سے بیاں وہ کرونہیں
سچائی کی راہ سب نکوتر   وہ تم کو دکھاوے گا مقرر
آیندہ کے دیویگا وہ اخبار   اور میری ثنا کرے گا اظہار
جو وصف وہ بولے ای موذب   تھے ذلت محمدی ہیں وہ سب
اور کون نبی ہوا ہے دوسرا   کہ جسمیں تھے یہ صفات اعلا

پھر جاوے گزر جب ایک مدت   دوسرے شورے کی ہووے نوبت
پھر اگلے چھپے ہوے کتابیں   بیکار جب انکے پاس ٹھریں
یہ اپنے کتب کی قدر ہے آہ   صد آہ ستد نعوذ باللہ
آے کیسے ہیں اختلافات   بدلائے ہیں کس طرح وہ فقرات
یہ حجت ایزدی ہے جانو   اعجاز محمدی ہے مانو
موجود ہیں جابجا وہ نسخے   میں نقل کروں یہاں کچھ اس سے
انجیل میں یوحنا کے در باب   مرقوم ہے جو کہ چودھواں باب
اس فقرہ میں اس طرح لکھا ہی   اس طرح مسیح نے کہا ہے
وہ فارقلیط بھیجدے گا   تم ساتھ وہ تا ابد رہے گا
ہوتے ہوے ساتھ میں تمہارے   باتیں یہ کہاں ہوں جانو تم سے
اس کو روح القدس ہی سمجھیں   سکھلاویگا تم کو ساری چیزیں
اور سولھویں باب میں لکھا ہی   اس طرح مسیح نے کہا ہے
کہ میں نہیں جاوں گر یہاں سے   تو فارقلیط یاں نہ آوے
تشریف وہ جب یہاں میں لاوے   تو جانو جہاں کو وہ گنہ سے
الزام گنہ سے دیوے گا جو   سو اسکا یہی سبب ہے سمجھو
ملزم جو کرے گا راستی سے   اس کا یہ سبب ہے جان تجھے
جاتا ہوں جہاں سے میں آمردم   دیکھو گے نہ پھر مجھے یہاں تم
کہ حکم کیا گیا ہے لوگو   سردار یہ اس جہاں کے سمجھو
لیک اس کو نہ تم اٹھا سکو گے   پر جب کہ وہ روح صدق آدے
کچھ اپنے طرف سے وہ نہ بولے   جو حق سے سنے وہی سنادے
اب دیکھو مسیح ذوالکرامات   کیسے دئے آپ کے بشارات
اب پوچھتے ہیں ہم از نصارا   کہ تم ہی کہو زبعد عیسیٰ
اور عزت و شان مسیح کی بھی   ہے کس نے کیا بیان ایسی

تم دیکھو یہود ہو کے ہنکر
جب سید مرسلین آئے
ثابت بھی کئے نبوت انکی
اور حق میں انکو لکھے جو نصارا
اور دور انکو لنسے کریہ تہمت
جو ہر دو گروہ میں منصفان تھے
پر جن کو رہے تعصب ائے یار
تحریف جو کرتے ہیں نصاریٰ
احمد جو ہوا عراق والا
عربی میں ہوے ہیں ترجمے جو
سو اس میں ہی نبی کا نام والا
جو ہو گئے اشعیا پیمبر
عربی میں جو ترجمہ ہے اسکا
ہیں اپنا کلام پاک بے ریب
اور انکو وصیتیں بھی اکثر
اندھو نکے تئیں کرے گا بینا
اور میں جو کرم سے انکو دونگا
اور آوے گا از زمین بہتر
اور دیکھنگے وہ جہان بلندی
مغلوب ضعیف وہ نہ ہوگا۔
بلکہ جو لوگ ہوویں سمجھے
بے شبہ وہ نور ہے خدا کا
مضمون کتاب اشعیا کا

تکذیب کئے تھے انکی ظاہر
اور حق سے کتاب ایک لائے
مثل موسیٰ فضیلت انکی
مریم کے بھی حق میں آشکارا
ظاہر ان کی کئے طہارت
تصدیق ہے آپکی کئے وے
کسطرح سے وہ کرینگے اقرار
بیشی کمی ان کی آشکارا
سہ صد برس آگے اک رسالہ
ہے نقل کیا وہ ان سے سمجھو
تصریح کے ساتھ صاف آیا
سو انکا ہے اک صحیفہ اطہر
چالیس یہ جو ہے باب دوسرا
ڈالونگا منھ میں سکے از غیب
بے شبہ کرے وہ نیک محضر
بہرو نکے تئیں کرے گا شنوا
وہ دوسروں سے وہی کہیگا
یعنے مکہ ہے وہ معتبر
توحید کریں وہاں خدا کی
مائل شہوات پر نہ حاشا
اور ہوویں تواضع کرنے والے
روشن ہی رہے ہنیں بجھیگا
اب جانئے انتہا کو پہنچا

اور کہتے ہیں یہ بھی سب نصارا
رد کر کے یہود کا بہ تحقیق
الزام دئے یہودیوں کو
جو بولتے ہیں نعوذ باللہ
عقلی نقلی دلیل و برہاں
ایمان وہ صدق دل سے لاکے
حق دور کرے تعصب انسے
آگے پیچھے کتب چھپے جو
تالیف کیا ہے جو اے کامل
منقول ہیں انسے جو عبارات
بعد انکے جو ترجمے کئے ہیں
ہے چہل و دوم جو باب اسکا
اس باب میں اسطرح ہے لکھا
وہ عدل مرا سنو مقرر
باتیں نہ پکار کر کرے گا
اور مردہ دلاں بھی ہو وینگے جو
احمد ہووے گا نام اسکا
اور ہووینگے خوش بیابان ہر سے
ہر ٹیلہ پہ چڑھو ے نیک کردار
اور پتلی چھڑی ہے وہ معلا
وہ انکے تئیں قوی کرے گا
شاہی کی نشان پاک اسکی
قسطیس تھا ایک ارمنی جو

دار ان کو چڑھائے آشکارا
عیسیٰ کی کئے ہیں آپ تصدیق
اور کر دئے لاجواب انھونکو
انکا بھی کئے ہیں رد اے آگہ
ثابت بھی وہ اسپہ کر دئے ہاں
قرآں کے ہوئے ہیں تابع انسے
توفیق بھی نیک انکو دیوے
تغییر اب انکی دیکھ لیجوئے
ہے انمیں کئے کتب سے ناقل
ہیں انمیں محمدی بشارات
نام اس سے نکال ہی دئے ہیں
نام انمیں یقیں ہے صاف آیا
بندہ مرا جسکو خوش کریگا
اظہار کرے سب امتوں پر
اور جانیو تم وہ نا ہنسے گا۔
وہ زندہ کرے گا ان کو سمجھو
وہ حق کی ثنا ئی کرے گا
خوش ہووینگے لوگ بھی وہاں کے
تعظیم کرینگے اس کی اظہار
نیکوں کو ذلیل نا کرے گا
تائید و مدد بھی ان کو دیگا
نشانہ اوپر ہی اس کے ہوگی
نام اس کا تھا او سکان سمجھو

باطن سے وہ عارمنی زباں میں
اس سنہ ہی میں ترجمہ کیا وہ
چھاپہ خانہ میں انتونی کے
اور اس کی نشان سلطنت کی
اور ارمنی لوگ پاس مشہور
سنہ اک ہزار و ایک صد اوپر
سو دیکھئے اس میں تم نصارا
یعقوب جو ہیگا بندہ میرا
جی اس کو کیا پسند میرا ئہ
ہرگز نہ کبھی پکارے گا وہ
میں ایسے ہی اور صفات دوسرے
اوصاف وے پھیرتے ہیں یکسیر
سنہ جبکہ ہزار و ہشت صد پر
بدلانے کے باوجود اسے نیک
کہ میں نے قبول اسے کیا ہے
اور واسطے سارے امتوں کے
آواز سنے نہ جاوے اس کا
ناخوش نہیں ہوویگا کبھی وہ
اور شرع شریف کے ہے اسکی
بے شبہ وہ کردگار کی ذات
قیوم زمین کا بھی ہے سب
اور جو کہ ہیں اسپہ رہنے والے
اور ہاتھ کو تیرے میں نے پکڑا

بھی ترجمہ جو کیا سمجھ لیں
بعد اس کے کتاب وہ چھپی جو
مطبوع ہوئی ہے دیکھ لیجے
بر پشت مبارک اس کے ہوگی
موجود ہے وہ کتاب مذکور
تھا جب کہ اٹھارواں مقرر
تحریف کئے ہیں آشکارا
میں اس کی یقیں مدد کرونگا
اور روح میرا میں اسکو دونگا
بھی وہ نہ چڑیگا تم یہ سمجھو
پیغمبر آخر الزماں کے
یعقوب کے جانب اے برادر
بائیسواں عیسوی تھا اشہر
ثابت ہے وہ ذکر احمدی ٹیک
وہ میرا پسند کیا گیا ہے
تم جانیو حکم وہ نکالے
اور ٹوٹی چھڑی نہ توڑ دیگا
ہرگز نہیں ہوویگا ترش رو
کرتے ہیں جزیرے انتظاری
ہے خالق و باسط سموات
شاخوں کا بھی اسکے ہے وہی رب
ان سبکو وہی ہے روح بخشے
اور میں نے تجھے نگاہ رکھا

جب ایکہزار و شش صد اوپر
سنہ ایک ہزار سات سو پر
ہے اسمیں کرو خدا کی تسبیح
احمد ہے اس کا نام فاخر
لیکن وہ کتاب دوسرے بار
اس عیسوی سنہ میں جانیو تم
یعنے جو کئے ہیں اسمیں تبدیل
اور جانیو تم یقیں سرائیل
تا واسطے امتوں کے یکسر
باہر آوے نہ صوت اس کا
نصرانیاں اس کو اے مکمل
کچھ خوف خدا یہ اہل باطل
پھر چھاپے جو اس کو تیسرے بار
یعنے لکھا ہے اسمیں ایسا
مسرور ہوا دل اس سے میرا
آواز بلند نا کرے وہ
بتی نہ دھویں کی وہ بجھاوے
تا آنکہ کرے وہ حکم اشہر
ایسا ہی کہا ہے حق تعالیٰ
اور ساری زمین کو وہ دا اور
اور ہینگے جو اس زمیں کے سکان
اور جانیو میں خدا ہوں سب کا
اور میں نے جماعتوں کے خاطر

چھ سٹھ سنہ عیسوی تھا اشہر
تینتیس تھا عیسوی مقرر
تسبیح نئی ہے یہ بہ تصریح
مضمون ہوا یہ اس کا آخر
چھاپی جو گئی ہے انے لکو کا
چھاپی جو گئی ہے بار دوم
اسطرح لکھے ہیں اسمیں بے قیل
ہیگا مرا برگزیدہ بے قیل
احکام نکالے وہ پیمبر
اور ٹوٹی چھڑی نہ توڑ دیگا
یعقوب کا نام لکھ کے اول
رکھتے نہیں آہ اپنے در دل
بدلائے ہیں پھر بھی انمیں اے یار
کہ جانیو ہے وہ بندہ میرا
اور اس کو دیا میں روح اپنا
اور پاس کسی کا نا دھرے وہ
انصاف سے حکم وہ نکالے
سب روئے زمین پر مقرر
موجود ہے وہ سب جہاں کا
اور اس کے نبات کو بھی یکسر
انکو وہی دینے والا ہے جاں
انصاف سے میں تجھے بلایا
گروانا ہوں عہد تجھ کو ظاہر

نزمروں کے بھی واسطے ای سرور
بے شبہ وے قیدیاں ہیں ایسے
اپنی نہ بزرگی غیر کو دوں
آئندہ بھی ہو وینگے جو چیزیں
تعریف بھی اس کی سب کرینگے
اور وے بحار کے جزیرہ
تر ریگا گھروں میں وہ نکو کار
اور چڑھ کے پہاڑ پر سمجھ لیں
اور حمد و ثنا سے اس کے ظاہر
اور لاویگا اضطراب اندر
غالب ہوگا وہ ذو المفاخر
نام اسمیں تھا صاف احمد ایجان
اس حملۂ پاک کو نکالے
ثابت ہی ابھی اسی سے ای نیک
بے شبہ کوئی رسول دوسرا
اور مکہ کا سر حد معلا
اور جنگ و قتال میں اے دانا
حضرت کا تو ہے جہانمیں مشہور
سو لوگ وہاں کے منتظر تر
فرزند تھے اسمٰعیل کے ایک
اور مکہ کے جو کہ ہیں پہاڑاں
مکہ کی زمین باصفا بھی
اور صاحب جنگ سا سمجھ لے

گروانا ہو میں تجھے یقین لو
ظلمت کے درمیاں ہیں بیٹھے
اپنی نہ ستایتوں کو دیوں
دوں ہو نیکے آگے انکی خبریں
تم جانیو آخر زمیں سے
اور اس کے تمام رہنے والو
ہے نام یقین جس کا قیذار
آواز بلند سے پکاریں
دیویں گے خبر وہ در جزایر
غیرت کو وہ یعنے وہ پیمبر
مضموں وہ بیاں ہوا ہی آخر
پھر دوسرے ترجمہ کے درمیان
اور کم و زیاد کر ہی ڈالے
یہ معجزۂ محمدی ہی دیک
میں حکم زمین پر نکالا
جو ہے یہ زمیں کا ایک کونا
کفار اس سے شکست پانا
یہ بات نہیں کسی سے مستور
تھے آپکی شرع کے مقرر
قیذار تھا انکا نام اے نیک
تسبیح نئی خدا کی اے جان
تو دیکھ کہ ہے نشیب میں ہی
دنیا میں بعد اشعیا کے

تا اندھوں کے آنکھ کو تو کھولے
میں رب ہوں یہی ہے نام میرا
جو کچھ کہ ہو ہونہار وہ سب
تسبیح نئی کرو خدا کی لوگو
اے بحر سوار ہونے والو
وہ ہو ویگا نامور بیاباں
اور اے وہ گروں کے رہنے والو
مولا کی بزرگی وے کریں گے
اور صاحب جنگ سا وہ اپنے
اور جانیو اپنے دشمنوں پر
ہے یہ جو صحیفہ اشعیا کا
بدلائے وہ نام کو نصارا
وی گرچہ کئے کم و زیادت
کہ واسطے امتوں کے یکسر
ظاہر ہے وہ خاتم الرسالت
نکلے ہیں وہاں سے وہ پیمبر
غیرت سے بھی حملہ انپو کرنا
اور ملک عرب ہے اک جزیرہ
اور عہد تمام طائفوں کا
اولاد سے انکی ہی محمد
حضرت کی ہی امت ای برادر
چڑھ اسکے پہاڑ پر ہی لوگاں
حضرت کے سوائے ای برادر

اور قیدی کو قید سے نکالے
میں پانے والا ہوں جہانکا
بے شبہ تمام ہو چکا اب
تسبیح نئی وہ رب کی سمجھو
اور اسکے تئیں پھرانے والو
اور شہر بھی اسکے لیوینگے شاں
تسبیح مبارک اس کی کیجو
یعنے تکبیر دے کہیں گے
اک مرد جلیل قدر نکلے
آواز کرے گا وہ مقرر
وہ ترجمہ اس کا تھا جو پہلا
پھر ترجمہ جب کئے ہیں تیسرا
پایا ہیں وہ رسول کی بشارت
حضرت کے سوائے اے برادر
عالم میں یقیں کئے ریاست
پائے رتبہ بلند و برتر
کثرت کا نہ پڑا انکے دھرنا
اک پاک جزیرہ شہیر
گروانا تھا آپ کو ہی مولا
ہیں خاتم انبیا محمد
کرتی ہی تو دیکھ ان کے اوپر
اللہ کو ہیں پکارتے جاں
نکلا ہی نہیں کوئی پیمبر

درشان مسیح یہ بشارات
پاتے نہیں زینہار اثبات

کہ واسطے ساری امتونکے
عیسیٰ نہیں حکم کچھ نکالے

اور وہ نہ کئے ریاست اکیار
اور جنگ وجہاد بھی ز کفار

غیرت سے کبھی وہ دلیر ہو کر
حملہ نہ کئے ہیں دشمنوں پر

قیذار کی نسل سے بھی ایجان
پیدا نہ ہوئے مسیح ذیشان

نکلے نہیں مثل مرد جنگی
غالب نہ ہوئے یہ دشمناں کی

اور آئے سوا انکے بر پہاڑاں
تسبیح نبی ہوئی نہ بیجاں

انجیل میں ملکہ یہ لکھا ہے
کہ صاف مسیح نے کہا ہے

اولاد جو اسرائیل کے ہیں
آیا ہوں نہیں کے واسطے میں

مشہور جو ہے متی کی انجیل
ہے باب دہم میں اسکے تفصیل

کہ اپنے حواریوں کو عیسیٰ
اس طرح سے حکم کر کے بھیجا

کہ جو ہیں عوام لوگ سمجھو
تم ان کے طرف کبھی نہ جاؤ

ہیں سامری لوگ کے جو انصار
داخل ان میں نہ ہوؤ زنہار

ہاں گھر سے ہی اسرائیل کے جو
گم ہو گئے بکریاں اے لوگو

تم جاو نہیں طرف مقرر
اور آیا پندرہویں باب اندر

کے گھر سے جو اسرائیل کے ہاں
گم ہو گئے ہیں جو گوسپنداں

سو انکے سوائے دوسروں پر
بھیجا نہ گیا ہوں میں مقرر

اور جو ہے متی کا باب پندرا
سو اس کے ہی درمیان لکھا

یحییٰ جو تھے در زمان عیسیٰ
لوگوں کو خبر دئے ہیں ایسا

کہ بعد مرے سنو مقرر
آویگا خدا کا اک پیمبر

عیسیٰ نہ مراد اس سے ہوئے
کہ دونو بھی ایک عصر میں تھے

یحییٰ تو کہے کہ بعد میرے
جانو وہ رسول حق کا آوے

حضرت کے سوائے بعد یحییٰ
دوسرا نہ کوئی رسول آیا

پس اس سے مراد مصطفےٰ ہیں
بیشک وہی ختم انبیا ہیں

شعیا کا جو ہے صحیفہ نیک
حضرت کا یہ ذکر اسمیں ہے ایک

امت کو خبر دئے ہیں شعیا
کہ مجھ کو کیا یہ حکم مولا

کر اب تو نظر میاں سی اٹھ کے
جو دیکھے تو لوگ کو خبر دے

پس جائیو جلد تر اٹھا میں
اور جلد وہیں نظر کیا میں

اس وقت میں دو سوار دیکھا
اک خر کا تھا دوسرا شتر کا

وہ ایک کہا ہے دوسرے سے
بابل کے بتاں گرے ہیں سارے

شیخ ابن قتیبہ اے برادر
علامہ جو اک ہوا ہے اشہر

جو جو کہ کتب ہیں آسمانی
خود انکو وہ جانتا تھا گیانی

کہتا ہے کہ وہ سوار خر کا
بیشک ہے سمجھ جناب عیسیٰ

ہیں متفق اسپہ آشکارا
اہل اسلام اور نصارے

پس اونٹ کا وہ سوار احمد
ہے سرور انبیا محمدؐ

بابل جو تھا اک شہر ایجاں
رہتے تھے ملام اس میں شاہاں

جاری وقت خلیل سے بھی
بابل میں بڑی تھی بت پرستی

حضرت کے ہی ہاتھ سے مقرر
ٹوٹے ہیں بتاں وہاں کے یکسر

عیسیٰ کے نہ ہاتھ سے اے ماہر
سب لوگ کو ہے یہ بات ظاہر

شعیا کے صحیفہ میں ہے اے یار
یہ بھی ہے لکھا کہ آل قیذار

شہروں کو بھی جنگلوں کو رکھ یاد
کر دیں گے عمارتوں سے آباد

تسبیح خدا سدا کریں گے
بالائے جبل ندا کریں گے

تسبیح کو اس کے وے مقرر
پھیلائینگے بحر و بر میں اشہر

بے شبہ وہ جلد آویں آویں
پاؤنکو زمیں پہ اپنے ماریں

جیسا کیچڑ کھندلنے والے
ماریں کیچڑ میں پاؤں اپنے

ان باتونکی اب مراد اے یار
لکھتا ہوں تو اس سے ہو خبردار

فرزند جو اسمٰعیل کے تھے ۔ قیدار ہی نام انکا سنئے
اولاد انہیں کے رب ہیں ۔ قابل اس کے ہی لوگ رب ہیں

اور مکہ کا جو کہ تھا بیاباں ۔ آباد ہوا انہیں سے پہچاں
اور ملک عرب تمام اے یار ۔ اور اس کے سوا بہت ہی امصار

آباد ہوئی انہیں سی ہے جاں ۔ وہی فتح کئے بہت سی ملکاں
اور امت احمدی ہی اے نیک ۔ تسبیح کرتی ہے ہر جگہ دیکھ

جلدا آنا بھی مارنا قدم کا ۔ ہے حج میں انھوں کا آشکارا
جب ہوتے ہیں تلبیہ ہی دمسا ۔ کرتے ہیں بلند اپنا آواز

مکہ کے وے حیرہ پہاڑوں پر ۔ تکبیر ہیں بولتے مقرر
مروہ صفا کوہ دو جو ہینگے ۔ ہیں دوڑتے درمیان انکے

آہستہ کہیں چلیں اے بھائی ۔ اور دوڑتے ہیں کہیں تو جلدی
ماریں بھی کہیں قدم کو اپنے ۔ اور رمل و طواف بھی ہیں کرتے

اور جانو خبر دئے ہیں شعیا ۔ اس طرح کہا ہے حق تعالیٰ
صیہون کے درمیاں گھر اپنا ۔ تم جانیو میں بنا کروں گا

جو اس کا ہو گوشۂ مجدّد ۔ سو اس میں لگا ہو حجر اسود
بوسہ اس کو دیا کریں گے ۔ اکرام اس کا کیا کریں گے

صیہون یقیں اے نیک انجام ۔ جان مکہ معظمہ کا ہے نام
مکہ کے تئیں خطاب کر کے ۔ مولا نے کہا ہے اس طرح سے

کھائی ہے بڑی قسم یہ میں نے ۔ بس ذات مقدسہ پہ اپنے
جیسا کہ زمان نوح اندر ۔ سوگند کھایا تھا میں مقرر

کر وے نہ زمیں پہ لوگ جو ہیں ۔ طوفاں میں انہیں تباہی دوں میں
اور تیرے لئے قسم یہ کھایا ۔ تجھ سے ناراض میں نہ ہوں گا

ناخوش نہ تر لیسے ہوں زنہار ۔ اور تجکو نہ چھوڑ ڈالوں زنہار
سب وہ جگہ سے اپنی جاویں ۔ خلقہ بھی تمام پست ہوویں

نعمت ہی مری جو بسکہ فاضل ۔ تیرے سے کبھی نہ ہووے زایل
آگاہ اس امر سے بھی ہو تو ۔ کہیں جو بنا کروں گا تجھ کو

بے شبہ ز جص و سنگ فاخر ۔ اور تجکو سنواروں از جواہر
موتی سے ترا ہو سقف امجد ۔ دروازہ بھی تیرے از زبرجد

اور ظلم و جفا سے تو بچے گا ۔ اور ضعف سے خوف کر نہ اصلا
ہتھیار بنی ہوئی کسی کی ۔ تجھ پر کبھی کارگر نہ ہوگی

روشن ہو کہ نور پاک تیرا ۔ بے شبہ قریب تر سے ہو پہنچا
تیرے تئیں اب ہو یہ بشارت ۔ کہ ہووے جو خاتم الرسالت

نور اس کے ظہور کا تعلّا ۔ رخشاں ہو ترے میں اور مجلّا
ایسے ہی محمدی بشارات ۔ پائے ہیں بہت کتب سی اثبات

وے اگلے کتب سی اور صحف سے ۔ یہ نقل کئے گئے ہیں تھوڑے
اب لکھتا ہوں وہ بیان سارا ۔ علمائے یہود و نصارا

وے دیکھ بشارتیں معظم ۔ اور آپ کے معجزات اکرم
ہیں صدق دل سے لائے ایماں ۔ حضرت پہ فدا کئے دل و جاں

عبداللہ بن سلام اے یار ۔ اور دوسرا جو ہے کعب احبار
علمائے یہود میں اے عاقل ۔ تھے جو کہ مشہور اور فاضل

دو نو بھی جو دل سے لائے ایماں ۔ رغبت سے ہی ہو ہو گئے مسلماں
اور دوسرے یہودیاں بھی سمجھا ۔ قایل حضرت کے ہو گئے جو

تفصیل سے حال دیکھ انکا ۔ اس نسخہ کے ابتدا میں آیا
اور ان کے سوائے کچھ باجمال ۔ اب لکھتا ہوں دوسروں کا احوال

۵ لبیک لا شریک لک لبیک کہنا

یہود و نصارا کے علما حضرت کی رسالت کا اقرار اور آپ کے بشارات کے اظہار کرنیکا بیان

مروی ہے ز ابن سعد ذیشان
کہ زید جو وہ بن عمر تھا
حق بات کا وہ سدا تھا گویا
اس واسطے ہے قریش بحسر
جب کہ وہ حرا طرف چلا تھا
میرے تئیں اپنی قوم کے ساتھ
ہوں منتظر اک نبی کا اب ہاں
احمد ہے اُس کا نام والا
لایا ہوں وہ لے میں اس پہ ایماں
پس جب وہ نبی سے تو ملے گا
کہ اس کا نہ قد بہت ہو اونچا
اور آنکھوں میں ہووے اسکے سرخی
احمد ہے نام پاک اُس کا
مکہ سے نکل کے وہ یگانہ
اور جاہلیت کے بیچ پہچان
حضرت نے اس لئے با سلام
ہیں اس کے سوائے اور بھی نام
وہ جو اگلے کئے بزرگاں
اور گزرے ہیں جبکہ وہ بزرگاں
کہتا ہے غرض خباب عامر
مت چھوڑ تو اس نبی کو گاہے
علمائے یہود اور نصارا
نکلا ہے تلاش میں تو جس کے

اور شیخ ابو نعیم سے جان
وہ ابن نفیل ذو الوقر تھا
دن رات تھا دین حق کا جویا
دشمن اسکے ہوئے تھے اشہر
تب رہ میں مرے سے مل کے بولا
دھویا خویشی سے ان کے میں ہاتھ
اولاد سے اسمٰعیل کے جاں
جب بھیجیگا اس کو حق تعالیٰ
تصدیق کیا ہوں زدل و جاں
پہونچا اس کو سلام میرا
کوتاہ بہت بھی نا رہے گا
سرخی وہ کبھی جدا نہ ہوگی
مکہ میں ہی ہوویگا وہ پیدا
یثرب کے طرف ہو تب روانہ
تھا نام مدینہ یثرب ایجان
فرمایا ہے منع وہ برا نام
لکھے ہیں کتب میں اپنے اعلام
اشعار میں اپنے ای سخنداں
رکھا انسے یہ ظن خیر مرآں
پھر مجھ سے کہا ہے زید فاخر
ہو اس کا مطیع جان و دل سے
اور جو تجھے مجوس کے بھی فضلا
وہ دین لعین ہے تیری پیچھے

کہ ہم کو خبر دیا ہے عامر
تھا جاہلیت کا جو زمانہ
اور چھوڑ دیا تھا بت پرستی
پس زید بن العمرائے بھائی
کہتا ہوں تجھے میں سن اے عامر
اور ہیگی جو ملت براہیم
وہ نسل سے عبد مطلب کے
شاید وہ زماں نہ پاونگا میں
جب عمر تری دراز ہووے
اور اس کے جو ہیں صفات فاخر
اور ہوئے شریف اسکے سر کے
دو شانوں کے درمیان آئے ماہر
قوم اس سے کریگی پس عداوت
یثرب میں ترقی اسکو ہووے
یثرب بہ حقیقت اے برادر
اور طیبہ و طیبہ مکرم
وہ جذب قلوب میں ہیں مذکور
یثرب ہی لکھے ہیں نام اسکا
کہ منع کی وہ حدیث نبوی
لوگو نکی کہیں تو بات سن کے
ہیں دین خلیل کا ہو جویا
پوچھا میں انہو نسے کر ملاقات
اوصاف بھی اس نبی کے فاخر

جو ابن ربیعہ ہے وہ فاخر
اس وقت کے لوگ میں تھا دانا
چھپا تھا ملک میں چھوڑ بستی
مکہ سے نکل کے اس لئے ہی
کہ آئی مخالفت ہے ظاہر
میں اسکو لیا بہ عز و تکریم
ظاہر دنیا میں جلد ہووے
دولت یہ نہ ہاتھ لاونگا میں
اس عصر سے سرفراز ہووے
کرتا ہوں بیان سن ای عامر
نا ہووے بہت نہ ہووے تھوڑے
سو مہر نبوت اس کے ظاہر
مکہ سے کریگا تب وہ ہجرت
دیں اسکا جہاں میں انسے پھیلے
اک بت کا تھا نام زشت اشہر
نام اس کا رکھے شہ دو عالم
ہیں دوسرے بھی کتب میں مذکور
یہ اس کی سند نہ کر تو اصلا
شاید کہ نہیں ہے انکو پہونچی
ہشیار کہیں دغا نہ کھاوے
ملکو میں بہت پھرا ہوں ڈھونڈتا
کہنے لگے سب کے سب یہی بات
میں تجھ سے کہا ہوں جمع اے عامر

زمان جاہلیت میں مدینے کا نام یثرب تھا

اوصاف وہی بیان کئے وہ
اسطرح مجھے نشان دیئے وہ

اور اسکے سوا سمجھ لے دانا
باقی نہیں کوئی نبی کا آنا

مبعوث ہوئے ہیں مصطفےٰ جب
میں جاکے جناب پاکیں تب

حضرت ہوے سنکے شاد و خرم
اور اسکے اوپر کئے ترحم

کہ کھینچتا کھینچتا اپنا دامن
گلزار جناں میں تھا خراماں

توحید کی رہ لیا تھا اے جاں
اور لایا تھا مصطفےٰ پہ ایماں

ورقہ کتیں بھی یونہی حضرت
دیکھے ہیں یہ سیر باغ جنت

زید ابن عمرو کا جو پسر تھا
کہ ہیگا سعید نام جس کا

موصل کے تئیں وہ جب گیا ہے
راہب اُسے یک وہاں ملا ہے

پوچھا اُسسے چاہتا ہی تو کیا
بولا طالب ہوں دین حق کا

نزدیک ہی چاہتا ہے تو جو
اپنی ہی زمین میں پائے اسکو

کہ بولا مغیرہ ابن شعبہ
کہ مصر میں جاکے جب میں پہنچا

میں اس سے ملا تو اس نے پوچھا
تم پہنچے یہاں تک کے کیسا

میں بولا کہ ہاں یہ بات کا ڈر
ہمکو بھی یقیں تھا جبکہ اکثر

بولا کہ محمد اب اے لوگو
دعوت کرتا ہے دین کی جو

دعوت کو نہ اسکی ہم نے مانا
کیا اسکا سبب اس نے پوچھا

آبا کا ہمارے دین نہیں وہ
حاکم کا بھی دین نہیں یقیں وہ

پوچھا وہ تمہاری قوم سے ہاں
کوئی لائے بھلا ہیں اسپہ ایماں

عمدہ جو کہ لوگ ہیں عرب کے
وہ جنگ و جدل کئے ہیں اس سے

وہ پوچھا کہ دعوت اسکی کیا ہی
میں بولا کہ وہ یہ بولتا ہے

کہ ایک ہی جانو حق تعالےٰ
اور کوئی نہیں شریک اُسکا

گمراہ تمہارے باپ دادا
کرتے تھے بتوں کی جو کہ پوجا

قایم کرو تم نماز لوگو
اور مال کا تم زکوٰة دیجو

کہ عصر اخیر کا ہے پیمبر
بیشک ہے وہی نبی مقرر

راوی نے کہا یہ جب سنا میں
دل میں اپنے یقیں کیا میں

زید بن عمر کا حال سارا
اور عرض کیا پیام اس کا

فرمائے کہ در بہشت والا
میں زید کو اس طرح پہ دیکھا

کہ جاہلیت میں وہ سراسر
ظلمت سے وہ شرک کے نکلکر

سو واسطے اسکو حق تعالےٰ
حضرت کو بہشت میں دکھایا

بشارت

دیتا ہے خبر کہ پدر میرا
جب دین کے ہی طلب میں نکلا

پوچھا اُسے تو کہاں سے آیا
بولا کہ ز مکۂ معلا

راہب نے کہا یہاں سے پھر جا
جا اب تو وہاں جہاں سے آیا

اک بھائی ہے واقدی سے مروی
اور شیخ ابو نعیم سے بھی

حاکم تھا وہاں کا اک نصارا
نام اس کا مقوقس آشکارا

کہ بیچ تمہارے اور ہمارے
حائل ہیں وے لوگ مصطفےٰ کے

ہم ساحل بحر پر سے ہوکے
ہیں جلد یہاں تک کے پہنچے

کیا تم بھی قبول یا نہ بولو
تب میں نے دیا جواب اسکو

بولا لایا ہے اک نیا دین
کرتا ہے اسی کی سب کو تلقین

آبا کا جو دین ہے ہمارے
مضبوط ہیں ہم اسی پہ سارے

میں بولا کہ اسپہ لائے ایماں
کم عمر جو لوگ ہیں اے سلطاں

پوچھا غلبہ ہوا ہے کس کو
بولا کبھی انکو گاہے ان کو

کہ ایک ہے جانو رب عزت
اور لاؤ بجا اسکی طاعت

پس لاؤ بجا اسکی طاعت
اور اسکی روا رکھو نہ شرکت

وہ کفر ہے اسکو چھوڑ دیجو
وہ شرک کا تار توڑ دیجو

وہ پوچھا کہ اسکو وقت مقصد
ٹھہرایا ہے کیا کہاں میں آیا

کہ پانچ نماز ہینگے دن رات
رکعات مقرری ہیں اوقات

کرتا ہے ادا زکوۃ اس کا
کرتا ہی وہ سب کو حکم ایسا

بولا کہ زکوۃ مال ان کا
کرتا تقسیم ہے یہ فقرا

اور منع زنا شراب اے یار
اور کرتا ہے منع سود بسیار

کھاتا وہ نہیں ہے گوشت اسکا
اور کھانے سے اسکے منع کرتا

بے شبہ محمد اے برادر
اللہ کا ہی یقین پیمبر

گر قبط میں یا کہ روم اندر
ہوتا مبعوث وہ پیمبر

ایسا ہی خبر دیئے ہیں عیسی
آگاہ نہیں کئے ہیں عیسی

دینوری بھی اور ابن عساکر
یہ دو نو بھی راویاں فاخر

کہ جاہلیت کے جب تھے ایام
کی میں نے سفر بجانب شام

پھر کام ہے ایک پیش آیا
اس شہر میں تب گیا میں تنہا

کھینچا مجھے میں چھڑانے لاگا
غالب آیا مجھے نہ چھوڑا

بولا ہے مجھے اٹھا یہ مٹی
یوں بولکے وہ گیا ای بھائی

دو پہر کو آکے اس نے دیکھا
غصے سے ہے میرے سر پہ مارا

وہ مر گیا سر ہے اس کا پھوٹا
اور میں بھی وہاں سے بھاگ نکلا

اور آیا ہے جبکہ روز دوسرا
ایک دیر کے پاس آکے پہنچا

راہب تھا ایک اسمیں آکے پوچھا
تو کون ہے کیوں یہاں ہے بیٹھا

اور دور پڑا ہوں قافلے سے
بیٹھا ہوں یہاں اسی سبب سے

پھر غور سے دیکھنے لگا وہ
میرے تئیں اسطرح کہا وہ

میرے سے زیادہ کوئی دوسرا
واقف نہیں ان کتب سے ہوگا

اور کرنیسے اب نظر میں تجھ پر
ظاہر ہوتا ہے یوں مقرر

غالب اس ملک پر جو ہوگا
اور ہمکو سبھی نکال دیگا

پوچھا اس نے ہے کیا ترا نام
میں بولا کہ ہے عمر مرا نام

اور مال ہو جبکہ بیس مثقال
اور پانچ شتر تو بعد یکساں

وہ پوچھا ہے تب زکواۃ لیکر
کیا کرتا ہے بول اے برادر

اور کہتا ہے صلہ رحم کیجو
اور وعدہ وفا کرو اے لوگو

اور غیر خدا کے نام اوپر
ہو ذبح جو جانور مقرر

یہ جبکہ سنا متوقش ایجان
بس کہنے لگا ہے ہوکے حیراں

اور ساری جہاں طرف بھی مطلق
مبعوث ہے وہ رسول برحق

تو لوگ تمام جان دل سے
بے شبہ مطیع اس کے ہوتے

بشارت

لائے ہیں روایت یوں عمر کی
کہ اس نے خبر یہ دی ہے سنئے

میں کام سے اپنے پا فراغت
مکے کی طرف کیا ہوں رجعت

بازار میں ایک دن کھڑا تھا
ناگاہ بطریق ایک آیا

ایک گر جے بیچ مجکو لا وہ
ایک ٹوکری پھاوڑا دیا وہ

تجویز میں یوں ہی تھا میں بیٹھا
مٹی ہر گز نہیں اٹھایا

تب میں نے وہ پھاوڑا اٹھا کر
ایسا مارا ہوں اسکے سر پر

جب وہ سے نہیں تھا آشنا میں
ایک روز بھی ایک شب چلا میں

چلنے سے میں جبکہ تھک گیا تھا
اس دیر کے پاس جاکے بیٹھا

تب میں نے کہا کہ ہوں مسافر
اور راہ سے میں نہیں ہوں ماہر

تب آب و طعام اس نے لایا
اور بیٹھ مرے تئیں کھلایا

کہ جو کہ کتب منزلہ ہیں
واقف وے کتب سے خوب ہو نہیں

سب اہل کتاب غیر انکار
اسباب کو جانتے ہیں اے یار

کہ شکل تری یہ اے خردمند
اس شخص کے شکل کے ہی مانند

یہ باتیں میں سنکے اس سے بولا
یہ کیا ہی خیال و وہم تیرا

یہ سنکے کہا قسم وہ کھاکر
واللہ وہی ہے تو مقرر

روایت از عمر رضی اللہ عنہ

کہتا ہوں یہی میں اب تر سے
اک خط امان مجکو لکھدے
وہ شخص اگر نہو وے گا تو
نقصان نہیں کچھ اس سے تجکو
کہتے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے
ایام خلافت اندر اپنے
وہ رہتا تھا دیر قدس میں جو
اس رہ میں ہی تھی وہ دیر مجھو
وہ خط اماں تھا جو عمرؓ کا
تب اُسنے عمر کو لا دکھایا
اس خط کو ملاحظہ کئے جب
بولے حیراں ہو یوں عمر تب

آئندہ اگر وہی تو ہوگا
حاصل مقصود ہو ہمارا
پس خطِ امان لکھدیا میں
مہر اپنی بھی اسپہ تب کیا میں
جب قصد کیا ہے شام جانب
ہی راہ میں آملا وہ راہب
اس دیر میں راہبان تھی جتنے
بیشک تھا بڑا وہ ان سبھوں سے
بولا وہ جو شرط لکھدیئے تب
از راہِ کرم ادا کرو اب
کہ اسمیں نہ دخل ہے عمرؓ کو
اور دخل نہ اسکے ہے پسر کو

بشارت

کہ اس نے خبر یہ دی ہی اے یار
بصرے کو گیا تھا میں جو یکبار
تب وہ نکلا وہ صومعے سے اپنی
دریافت وہیں لگا ہے کرنے
کیا پایا پیمبری ہے احمدؐ
میں پوچھا کہ کون ہی وہ امجد
عبداللہ کا جو ہے پدر ذیشان
بے ریب ہی عبدمطلب جان
ہجرت بھی کریگا وہ حرم سے
یک خرمے کے بن طرف سمجھلے
ہی خاتم انبیا وہی اجان
تم اسکے ہوتا بعدار جو لال
نکے کو وہاں سے جلد آیا
احوال یہاں کا جبکہ پوچھا
بو بکر بن ابی قحافہ
تابع بھی یہاں ہوا ہے انکا
پس خدمت مصطفےٰ میں آیا
ایمان میں صدق سے لایا

ابن سعد اور بیہقی ہال
طلحہ سے کئے روایت ایجان
بازار میں اسکے تھا میں یکروز
راہب جو وہاں تھا ایک ہی فیروز
کیا کوئی یہاں حرم سے آیا
میں بولا کہ ہاں ہو نہیں وہ پوچھا
وہ بولا کہ اس کے پدر کا نام
عبداللہ یقین ہی نیک انجام
احمد اسی ماہ میں مقرر
پاویگا نبوت اے برادر
دو حروں کے درمیاں ہی بھائی
اور چھوڑ کی وہ زمین ہوگی
طلحہ نے کہا یہ اسکی تقریر
بس جا نہیں میری کی ہی تاثیر
لوگوں نے کہا محمد اس جا
کرتے ہیں پیمبری کا دعویٰ
بو بکر کے پاس تب گیا میں
راہب کی انہیں خبر دیا میں

بشارت

مروی ہے ز ابن سعد والا
زامل سے ہے اس نے نقل لایا
قیصر کے طرف سے وہ ای سالم
عمان کے ملک کا تھا حاکم
قیصر کو کوئی یہ جا سنایا
فروہ کو وہ جلد تر بلایا
قیصر نے کہا کہ باز آتو
معزول کرونگا ورنہ تجکو
عیسیٰ نے ہے دیکھا بشارت
بیشک یہ نبی کی با کرامت
پر دین محمدی سے لے یار
میں باز کبھی نہ آؤں زنہار
پھر قتل کیا اُسے بسرعت
پایا ہے وہ درجۂ شہادت

زامل ہے بن عمر جذامی
فروہ ہی برادر اس کا نامی
حضرت پہ وہ دل سے لاکے ایماں
بھیجا ہی عریضہ ایک جولاں
پوچھا تو اسے وہ صاف بولا
میں دین محمدیؐ قبولا
فروہ نے یہ سن اُسے کہا ہے
کہ تو بھی یہ بات جانتا ہے
شاہی جانے کے خوف سے ہاں
پاتا نہیں تو شرف ز ایماں
پس قید کیا ہے اسکو قیصر
تب بھی نہ پھرا ہی وہ معتبر

بشارت

تمیم داری کی خبر دینا

از فاطمہ بنت قیس اے جان / مسلم نے کئی ہے نقل یہ جان
کہ آن کے جب تمیم داری / ایمان لایا بفضل باری

تب وہ یہ خبر دیا ہی اے یار / کہ ہم تھے جہاز اوپر اسوار
طوفان میں جہاز وہ ہمارا / جا ایک جزیرے بیچ پہنچا

پانی کی طلب میں ہم سب اترے / اطراف میں اسکے ڈھونڈتے تھے
عورت ناگاہ ایک ایسی / یک جا ہی نظر پڑی ہم کو آئی

وتر کی تین رکعتین چھوڑون
ہین بہت وہ عزیز نزد عرب
ابن مسعود سے روایت ہے
جانو بیشبہ ایسی ہی آئی
وتر کے تین رکعتون پر ہی
ملتفی ہوتی گر ای پاک صفت
شافعی نے کیا سند جنکو
ہان بلا شک یہ بات پہلے تھی
تسری رکعت کے بعد دیتی سلام
یون لکھا شیخ دہلوی ای نیک
اور اللہ ہی جانے ہے بہتر

تو ہی لازم کہ قرات اسکی تب
اور نماز تہجد آن حضرت
وتر کی تین رکعتین ای ہمام
پہلے دو رکعتو نکا پھیر سلام
کہ احادیث اکثر اور قوی
تین رکعت پہ یک سلام پڑھے
کہ کئے نقل نسائی و حاکم
وتر کے پڑہ دو رکعت اولی
کہ یقین وتر تین ہی رکعت
کہ صحابہ ہین کئے تعلیم
اور امام محمد والا
اور نخعی سے وہ سنا یصواب
اور ہون مثل اشتران مجہ یا رب
ورنہ آگے نماز کے ای عزیز
وتر کی تین رکعتین ہین یقین
ابن مسعود نے کہا ای یار
افضل التابعین حسن بصری
تو مقرر نماز فجر کی بھی
کہ نکلتی ہے جن سے جانو یہ بات
وتر کا بعد پایا استقرار
تھا صحابہ مین بھی یہی اشہر
وتر کے تین رکعتون کی دلیل
اور لکھا اسکے بعد وہ ایجان

اور رکوع و سجود و ارکان سب
جان پڑہتے تھے سیزدہ رکعت
ہے ہمارے یہان نہ ایک سلام
ایک رکعت پڑہی ای نیک انجام
آ تین رکعت کے بابمین لکھی
تو بھی امید ہی زیان نکرے
یون بشرط بخاری و مسلم
دیتے نین تھی سلام شاہ ہدی
پڑہتے تھے یک سلام سے حضرت
وتر کی جو نماز ہے ای فہیم
ہے موطا مین اسطرح لایا
اور وہ از عمر بن الخطاب
یہان ذکر شتر ای نکتہ شناس
سیم و زر اور اشتران کیا چیز
جیسے مغرب کے رکعتین ہین تین
ایک رکعت نہ کافی ہے نہار
کی ہی نقل صحیح بوجہ قوی
قصر بیشک سفر مین کی جاتی
ایک رکعت ہی وتر پانچ یا سات
پڑہتے تھے تین رکعتین سالار
بو حنیفہ ہے پس اسکے اپر
جو یہان تک لکھے گئے بہ تقیل
وتر کے وصل و فصل کے درمیان

ف گفتہ اند مراد
بشرط بخاری و مسلم
رجال اسانید ایشانرا
درین دو کتاب بہا نہم
دراشناد حدیثیکہ اورا
بر شرط ایشان میگویند
موجود باشد یعنی این
حدیث اگر برجال
بخاری مسند است
بر شرط بخاری است
و اگر برجال مسلم مروی
است بر شرط مسلم است ۱۲
شرح سفر السعادت
ف کہا امام طحاوی
نے کہ وتر مین تین
رکعت جو ابو حنیفہ کا
مذہب ہے نظر و استدلال
عقل کی راہ سے بھی
قوی ہے کیونکہ وتر
فرض ہو گی یا سنت
اگر فرض ہے پس
فرض دو رکعت ہوتے
ہین یا تین رکعت
یا چار وتر اجماع امت
سے تو چار رکعت
نہین پس تین ہی رکعت
ہے۔ اور اگر سنت ہے
کوئی سنت ایسی نہین
کہ جسکا مثل وہ نفل
نہ ہو گا بلکہ اسی سے
لیا گیا ہے اور کوئی
فرض وتر کے مانند
نہین مگر مغرب کے
تین رکعت ایسا ہی
ذکر کیا ہے شمنی نے
یہ قول امام طحاوی
مجرد قیاس نہین
بلکہ وتر مین تین رکعت کے بارہ مین جو احادیث آئی ہین انپر مبنی قیاس سے بھی ۱۲

ہین احادیث مختلف آئے
تین رکعت ہی پر جواز یقین
لیک لک سے اسکے پڑہنی ہین
یا مدامی ہے واجب مشروع
ابن مسعود کا ہی یہ مذہب
احمد و شافعی کے پاس وُ لے
قولِ مشہورِ احمدِ حنبل
اور مذہب امام مالک کا
اور مالک کے پاس ابھائی
اور دلائل سے بوحنیفہ کے
کہ کہا اسنے وہ شہ اہت
اور ایسا ہی ابن کعب سے بھی
کہ ابو بکر اور عمر عثمان
اور یہ چارون بھی اقتدا کرکے

اور ائمہ بھی اختلاف کیے
اسمین کوئی کیا خلاف نہین
جانئے دو روا ہستین آئین
یا ہی قبل رکوع و بعد رکوع
اور کئی عالمونکا اہی مذہب
ایک روایت سے پاس مالک کے
دائمی ہی قنوت ای اکمل
ایک روایت سے بھی یہی ہیگا
خاص ہے وہ نماز صبح میں ہی
دیکھ لکھتا ہون اب یہان تھوڑے
وتر پڑہتے تھے تین ہی رکعت
لائے ہین ابن ماجہ و نسائی
اور علی سے سنا ہو مین یہ جان
آخر وتر مین ہی پڑہتے تھے

لیک وہ اختلاف جو آیا
اور پڑہتا ہی وتر مین جو قنوت
لیک ہی اختلاف اسمین پہچان
جانو مذہب مین بوحنیفہ کے
جیسے سفیان محقق آفاق
ہی یہ نصف اخیر در رمضان
قبل و بعد رکوع ای دمساز
احمد و بوحنیفہ پاس ای جان
اور بلا شبہ شافعی کے پاس
اپنی اوسط مین شیخ طبرانی
اور اسمین قنوت پڑہتے تھے
اور روایت کیا ہی سن لیجے
کہ کہے پڑہتے تھے وہ ہر دین
بوحنیفہ کے اور بھی ہین دلیل

گفتگو ہے با فضل و اولے
پایا بیشک باتفاق ثبوت
کیا پڑہے اسکو خاص در رمضان
دائمی ہے رکوع کے آگے
اور ابن مبارک و اسحٰق
پڑہنا بعد رکوع ای ذیشان
ہی دو تو وقت بھی قنوت جواز
خاص ہے وتر مین قنوت پہچان
صبح اور وتر مین ہی یہ وسواس
لایا ابن عمر سے ای گیانی
جانو بیشک رکوع کے آگے
دار قطنی سوید غفلہ سے
آخر وتر مین قنوت یقین
ہی کافی ہین بس یہان بقلیل

بیان قنوت

جاننا چاہئے کہ قنوت سے مراد مطلق دعا ہی یا کوئی دعا خاص ہے اسمین اختلاف ہی امیر المومنین مرتضی علی رضی اللہ عنہ سے مروی ہی کہ حضرت آخر وتر مین یہ پڑہتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَيْكَ كَمَا اَثْنَيْتَ عَلٰی نَفْسِكَ ۔ رواہ اصحاب السنن الاربعة شمنی نے حاکم کی روایت سے شرط شیخین پر لایا ہی کہ امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہین کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مجکو تعلیم کیے کہ یہ کلمات اپنے وتر مین پڑہا کرین اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِیْ فِیْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِیْ فِیْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِیْ فِیْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنِیْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِیْ وَلَا يُقْضٰی عَلَيْكَ اِنَّهٗ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ وَلَا يَعِزُّ مَنْ عَادَيْتَ تَبَارَكْتَ رَبَّنَا وَتَعَالَيْتَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ امام شافعی اور امام احمد کے پاس قنوت اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ فِیْمَنْ هَدَيْتَ الخ ہی اور امام اعظم اور امام مالک کے پاس اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِيْنُكَ الخ ہے اور ابی حنیفہ کے پاس ہر دو کو جمع کرنا ہے اور امام ابو اللیث نے کہا کہ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ تین بار کہے اور بعضے رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْيَا حَسَنَةً الخ بھی لائے ہین اور کہے ہین جسکو دعای قنوت یاد نہو اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ یا رَبَّنَا اٰتِنَا پر اکتفا درست ہے۔ اور

لفظ و دعای قنوت کا اختلاف

لکھتے ہین کہ اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِینُکَ اگرچہ صحیحین اور سنن معروفہ مین کو نہین لاکن ائمہ حنیفہ اسکو صحیح طریقونسے طبرانی وغیرہ کی روایت سے ثابت کئے ہین اور امام سیوطی نے جو شافعیہ سے ہے کتاب عمل الیوم واللیلہ مین رکوع کے بعد ہی اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَسْتَعِینُکَ کچھ الفاظ کے تغیر اور تقدیم و تاخیر کے ساتھ لایا ہی اور امام محمدؒ سے نقل کئے ہین کہ قنوت مین ایک دعا معین نہین ہے یعنے دعوات مرویہ سے کبھی کوئی کبھی کوئی دعا پڑہے کیونکہ ایک ہی دعا کو معین کرنے مین حضور اور رقت قلب حاصل نہین۔ الحاصل وتر مین قنوت کا پڑہنا احادیث صحیحہ اور اتفاق ائمہ سے ثابت ہی۔ ہان قبل رکوع یا بعد رکوع اور دوامی یا مخصوص آخر رمضان وغیرہ مین اختلاف ہی واللہ اعلم اور حضرت نماز وتر کی پہلی رکعت میں بعد سورہ فاتحہ کے سبح اسم ربک الاعلیٰ دوسری مین قل یا ایہا الکافرون تیسری مین قل ہو اللہ احد پڑہتے تھے اسیطرح روایت کیا شیخ ابن ہمام نے اپنی مسند مین امام احمد سے وہ ابراہیم سے وہ اسود سے وہ بی بی عائشہ رضی اللہ عنہا سے اور اسی پر ہین اکثر اہل علم صحابہ سے اور ان کے بعد کے بزرگون سے اور وہ بعضے جو لوگ پہلی رکعت مین سورہ انا انزلنا پڑہتے ہین کسی جگہہ ماثور و مروی نہین۔ ہان کہتے ہین کہ بعضے روایات فقہ مین آیا ہے اور حضرت جب وتر کا سلام دیتے تین بار کہتے سبحان الملک القدوس اور تیسرے بار اس کلمہ کو بہ آواز بلند اور کشش حروف سے کہتے پھر رب الملائکۃ والروح کہتے تھے ۔

وتر کے بعد دو رکعت نفل کا بیان

اور پڑہتے تھے جانتے حضرت
ہے وہی دو نو کتاب کے درمیان
وہ بجا لیکہ بیٹھے ہی رہتے
اور احمد بھی بو امامہ سے
پہلی رکعت مین سورہ زلزال
کہے حضرت کہ شب کی بیداری
پھر تہجد کو ہی بھلا اگر اوٹھین
اول شب مین جو کہ وتر پڑہے
اور صحابہ کی یک جماعت بھی
ہے معارض بظاہر ای بھائی
کہ تمھاری اخیر شب کی نماز

وتر کے بعد نفل دو رکعت
ام سلمہ کی یہ روایت جان
یعنے وہ بیٹھ کر ہی پڑہتے تھے
بھی روایت کیا ہی یون سنئے
پڑہتے دوسری مین کافرون در حال
خواب سے اٹھنا جیکہ ہی بھاری
ورنہ کافی وہ رکعتین ہووین
تو اسے چاہئے کہ بعد اسکے
یہ دو رکعت کی ہے روایت کی
وہ صحیحین کی خبر سے ہی
بسکہ ٹھہراؤ وتر کو یہ نماز

جو ہی مسند امام احمد کی
کہ ہی بعد وتر آنحضرت
ترمذی مین بھی یہ حدیث شریف
وتر کے بعد وہ شہ امت
اور لکھا ہے صاحب مشکواۃ
جب تمھارے سے کوئی وتر پڑہے
بعضے اصحاب شافعی سے بھی
کہ کے شب کے قیام کی نیت
لیک لکھتے ہین اور بھی یہ بات
کہ روایت کیا ہے ابن عمر
پس دو رکعت یہ گر پڑہین ای بہر

ابن ماجہ کی بھی سنن ای زکی
پڑہتے تھے پس خفیف دو رکعت
آئی ہے پر نہیں ہے ذکر خفیف
پڑہتے تھے بیٹھکر ہی دو رکعت
لایا تو بان کے دارمی یہ بات
اور دو رکعت بھی چاہیے پڑہ لے
جانیو نقل اس طرح آئی
اور پڑہ لیوے نفل دو رکعت
کہ صحیحین کی حدیث کے ساتھ
کئے ارشاد حق کے پیغمبر
شفع ہوتا ہے نماز اخیر

له یعنے صحیحین کی حدیث مین آیا ہی کہ تمھاری شب کی اخیر نماز وتر ہوا چاہئے اگلے حدیثون مین وتر کے بعد دو رکعت کا پڑہنا جو آیا ہے اگر دو رکعت پڑہین شب کی آخر نماز شفع یعنے جفت ہوتی ہے ۱۲

یہان سفر سعادت اندر ویک
اسکا ماتن نے یون لکھا ای نیک

جمع و تطبیق ان حدیثون کی
جب بہت عالمون یہ سخت ہوی

وتر کے بعد وہ دو رکعت کی
جو حدیث شریف ہی مروی

لاجرم اس خلاف سے بچنے
کیا انکار اسکا مالک نے

کیا نہین یہ خبر صحیح ہی سگی
اور کیا شک امام احمد بھی

کہ دو رکعت وہ مین پڑہتا ہون
اور نہ دوسرے کو منع کرتا ہون

لیک حق بات ہے یہی افصح
کہ یہ ہر دو حدیث بھی ہین صحیح

یک خبر دوسری کی ای ماہر
ہی مخالف اگرچہ در ظاہر

اور جمہور اہل علم و ہُدا
وتر کے بعد وہ رکعی ہین روا

اور کہے ہین وہ نفل دو رکعت
وتر کے بعد جو پڑہی حضرت

وجہ پڑہنے کا اسکے ای فاخر
تھا بیان جواز کے خاطر

تا ہو معلوم یہ کہ نفل نماز
بالیقین بعد وتر کے ہے جواز

خواہ یہ رکعتین ہو الحق
یا نوافل ہو دوسرے مطلق

وہ جو آئی خبر کہ وتر کو ہی
کرو آخر نماز تم شب کی

سو وہ محمول ہے یہ استحباب
حکم واجب نہین ہی یہ درباب

ہے بعضے کہ یہ جو آئی خبر
کرین آخر نماز وتر اپر

وہ دو رکعت کے یہ منافی نہیں
کیونکہ تابع وہ وتر کے ہی یقین

خاص واجب ہی وتر جنکے پاس
پاس انکے سمجھ بلا وسواس

یہ دو رکعت ہین مثل سنت کے
فرض کے بعد ہین سنن جیسے

خاص مغرب کی فرض ای ہشیار
تین رکعت جو ہینگے وتر نہار

بعد اس فرض کے بھی دو رکعت
جو کہ آئی نماز ہے سنت

وتر کے بعد یہ بھی دو رکعات
ہین مثال یہ اسکے سات

اور نہ واجب ہین جو وتر کے تئین
بلکہ سنت اسے سمجھتے ہین

جب وہ سنت کی ہی بڑی تاکید
حکم واجب مین ہی وہ ہمی سعید

پس دو رکعت یہ نفل اے سامع
جان اسکے مین ملحق و تابع

اور نہ تشفیع وتر اسکو کہین
بلکہ نیت سے نفل کی پڑہ لین

کیونکہ تشفیع وتر اے دانا
نہیں رکھتا یہ لفظ ہے معنا

شرح سفر السعادۃ ای ذیشان
جو ہی اسمین لکھا ہی ست بیان

نماز اشراق وضحی کا بیان

اب مین لکھتا ہون کچھ کچھ تو یہان
نفل اشراق اور ضحی کا بیان

یک دو نیزے برابر ای دلبند
ہو وے جس وقت آفتاب بلند

وقت اشراق کا ہی ہیگا
پہر یک دن چڑہے تو وقت ضحی

ہے ضحی نام اسکا عربی مین
چاشت اسکو ہی فارسی مین کہین

ہی حدیثون سے ثابت اے دمساز
کہ پڑہی ہین نبی یہ ہر دو نماز

اور امت کو بھی دئی ترغیب
یہ نمازین ہین مستحب ای لبیب

بعضے اشراق کے تئین ای یان
کہتے ہین سنت مؤکد جان

رکعتون کے عدد مین اسکے یک
مختلف آئی ہین حدیث ای نیک

یک روایت مین رکعت آئی دو
یک روایت مین چار ای خوش خو

یک روایت ہے چھے رکعت کی
آٹھ دس آئے بارہ رکعت بھی

اور ہر یک عدد یہ بھی ای نسیم
دیکھ منقول ہے ثواب عظیم

اور مواہب مین یون لکھا ہی یقین
کہ کہا شیخ دین ولی الدین

کہ حدیثین صحیح اور مشہور
ہین نماز ضحی مین آئے نور

بلکہ طبری کہا کہ پہنچے او
درجۂ معنوی تواتر کو

آیا ہے یک حدیث کے درمیان
کہ وہ داؤد کی نماز ہے جان

اور دوسری حدیث ہی آئی
کہ تھی کرتے محافظت اسکی

آدم و نوح اور ابراہیم
اور موسیٰ و عیسیٰ با تکریم

کیونکہ بعضے صحابہ سرور
لوگ پوچھیں تو یوں دیں ہیں خبر

اور مجاہد سے نقل ہے بالخیر
کہ کہا میں بھی عروہ ابن زبیر

لوگ پڑھتے تھے تب نماز ضحیٰ
ہمنے ابن عمر سے تب پوچھا

وہ کہا یہ بھی ایک بدعت ہے
لیک بے شبہ نیک بدعت ہے

ایسے ہی جو حدیث اور آثار
مختلف اس بیان میں آئی ہیں یار

کہ نماز ضحیٰ یہ حقکے حبیب
گرچہ امت کے تئیں دیے ترغیب

کہیں امت پہ فرض نا ہووے
اسلیے پڑھتے گاہ گاہ اُسے

اسکو حالانکہ دوست رکھتے تھے
تا کہیں ہم پہ فرض نا ہووے

اور بعضے صحابہ حضرت کے
نفی جو اس نماز کی ہیں کیے

اس سے لازم نہ آوے یہ آئین
کہ کبھی نا پڑھے ہوں سرور دین

اور ابن عمر ای باعزت
جو کہا اس نماز کو بدعت

جب پڑھے آشکار بدعت ہو
کہا ایسا ہی دیکھ لوگوں کو

جب کریں مثل فرض ہے بدعت
کیونکہ اخفائی نفل ہے سنت

لوگ ہو جمع پڑھ رہے تھے ضحیٰ
اپنے انکار کرکے فرمایا

غرض اثر و خبر سے کوئی حاشا
غیر مشروع نہیں نماز ضحیٰ

اور کہے بعضے عالمان تحقیق
سب روایات بیچ دے توفیق

کیونکہ ابن شقیق نے لایا
جو مشاہیر تابعین سے تھا

تب وہ بی بی کہی نہ پڑھتی تھے
مگر اسدن سفر سے جب آتے

کہ نبیؐ اسقدر ضحیٰ پڑھتے
ہم سمجھتے تھے پھر نہ چھوڑینگے

اور نوافل کے درمیان اکثر
یہی عادت تھی آپ کی اشہر

اور ہے عکرمہ سے یوں منقول
ابن عباس ابن عمر رسول

اور سفر سعادت اندر یہاں
اسکا ماتن نے یوں کیا ہے بیاں

بعضے مکروہ بھی لکھے ہیں اُسے
اور بدعت اسے لکھے بعضے

کہ یہ پڑھتے ہوئے نماز ضحیٰ
ہمنے حضرت کے تئیں نہیں دیکھا

آئے در مسجد رسول خدا
وہاں ابن عمر بھی بیٹھا تھا

کیا نماز اب یہ قوم کی سنت
ہے بلا شبہ یا کہ ہے بدعت

کوئی بدعت بھی اس سے افضل ہاں
نہیں پیدا کیے مسلمانان

جانئے انکی جمع اور تطبیق
کی ہے یوں عالموں نے یوں تحقیق

اور پڑھتے تھے آپ بھی سنئے
لیک اسپر مداومت نہ کیے

چونکہ تصریح عائشہ نے کی
ترک کرتے تھے کوئی عمل کو نبیؐ

پس بلا شک ثبوت کو پہنچا
کہ پڑھے ہیں ضحیٰ رسول خدا

انکی رویت کی ہے وہ نفی کرے
بعضے بولے کہ ہم نہیں دیکھے

یا ہے اس سے مراد نفی دوام
کہ نہ حضرت پڑھے ہیں اسکو مدام

اس سے ہے یہ مراد جانو تم
کہ مساجد میں جمع ہو مردم

ورنہ مشروع ہے نماز ضحیٰ
لیک اظہار اجتماع اس کا

نقل کرتا ہے ابن ابو شیبہ
ابن مسعود ایک دن دیکھا

گر یہ پڑھنا نماز چاہتے ہو
تو انھی گو گھروں میں اپنے پڑھو

اسکا اظہار و اجتماع دوام
ہیگا بدعت نہیں ہے اس میں کلام

مستحب ہے کہ گاہ گاہ پڑھیں
اور بعضے دنوں میں ترک کریں

کہ یقین عائشہ سے میں پوچھا
کیا نبیؐ پڑھتے تھے نماز ضحیٰ

نقل ہے بو سعید خدری سے
کہ خبر اسطرح سے دی اوس نے

اور یہاں تک وہ چھوڑ دیتے بھی
کہتے پھر ہم نہیں پڑھینگے کبھی

اور اصحاب و تابعین کا حال
بھی نوافل میں تھا یہیں منوال

پڑھتا تھا ایکدن نماز ضحیٰ
اور دس روز چھوڑ دیتا تھا

کہ یہی ہے صواب ای دلبر
مستحب ہے مداومت اوس پر

ابن عمر صحابی تقسیم بدعت کے قائل ہیں ایسا ہی حضرت عمر کا قول نعمۃ البدعۃ ہذہ جماعۃ تراویح کے باب میں مشہور ہے جو علما تقسیم بدعۃ کئے ہیں محل اعتراض نہیں ۱۲

نہ مساجد مین اجتماع ہے بھلا / گھر مین پڑھنا ہی منفرد اولی
اکثر اہل علم و فضل و لے / چار رکعت ہین اختیار کئے
وسر اعداد کے حدیث شریف / رکعتون مین ضحی کے بھی ای عفیف
کہ احادیث اس عدد کے تمام / ہین بلا شک صحیح ای نیک انجام
ہینگے بعضے صحیح بعضے ضعیف / مختلف آئے ہین حدیث شریف

شب برات یعنی شعبان کی پندرہوین رات کی فضیلت اور نماز کا بیان

ہی پندرہوین جو رات شعبان کی / ہوی ثابت فضیلت اسکی بڑی
کہ فضیلت مین اسکی ای ہشیار / دیکھ احادیث آئے ہین بسیار
قدر کی شب کے بعد افضل تر / ہی یہی شب بغیر شبہ و خطر
ہی حدیث صحیح مین آیا / سبکو اس شب مین بخشتا ہی خدا
لیک مشرک کو اور مشاجن کو / عاق کو اور خمر کے مدمن کو
مسبل و اہل حقد کے بھی تئین / جانو اس شب مین بخشتا وہ نہین
ہی مشاجن یقین وہی سمجھو / دشمنی رکھے مومنون سے جو
عاق ماں باپ کا ہی نافرمان / مدمن خمر ہے شرابی جان
ہی وہ مسبل ازار طول رکھے / پاؤن کے ٹخنے جس سے چھپ جاوے
صاحب حقد کینہ ور ہے گا / نہین ان سب کو بخشتا ہے خدا
اور خبر ہے کہ چار شب اندر / جانو رحمت کے کھولتی ہین در
کھلے رہتے ہین در وہ ایسا ہی / جانیو صبح کی اذان تک بھی
شب عرفہ شب برات بجا / اور شب عید فطر و عید اضحی
اور قیام شب برات ایجان / اور صوم پندرہوین شعبان
ہی صحت کو پہنچا مساجد مین / جانو بدعت ہے جمع ناہوین
پڑھنا اس شب نماز وحدہا ہی / کہا مکروہ نہین ہے اوزاعی
حضرت عائشہ سے ہی مروی / کہ مین دیکھی ہون وہ خدا کے نبی
ہوے طول قیام سے ممتاز / اور ایسا کئے ہین سجدہ دراز
مجکو ایسا گمان ہوا ہے تب / کہ ہوی قبض روح اقدس اب
اور شب مین وہ حق کے پیغمبر / تن تنہا بقیع مین جاکر
مردگون کے لئے وہا سے سب / چاہی ہین مغفرت یہ درگہ رب
پس ہے اس شب مین سنت اتنا ہی / کہ جو ثابت ہوا از فعل نبی
یعنے طول سجود و طول قیام / اور زیارت قبور کی ای ہمام
لیک تنہا کرے زیارت جا / اور کرے انکی مغفرت کی دعا
اور سا وراد مین مشائخ کے / جو نمازین وہ شب کے ہین لکھے
رکعتون کا بھی اور سورون کا / ہی تعین جو اس مین ہے آیا
وے حدیثین محدثین کے پاس / نہین صحت کو پہنچے بے وسواس
اور چراغان زیاد سلگھانا / اور بارود سوزی ای دانا
ہی مجوس و ہنود کی رسمین / جو کہ کرتے ہین وے دوانی مین
ہی یقین بدعت و حرام برا / ہی مدار جین دیکھ یونہی لکھا
اب خسوف و کسوف کا بھی بیان / دیکھ لکھتا ہون مختصر مین یہان

نماز خسوف و کسوف کا بیان

چاند کو جو گہن لگے ہی خسوف / اور سورج گہن ہی جانو کسوف
ابن عباس سے ہے یون منقول / کہ یہ فرماتے ہین حضرت رسول
کہ ز آیات خالق اکبر / دو نشان ہین یقین یہ شمس و قمر
انکو دیکھوگے پس اگر ایسا / کہ ہوا سلب نور ہے ان کا
تو کرو ذکر پاک مولی کا / اور دوسری حدیث مین آیا
کہ دعا تب کرو بدرگہ رب / اور تکبیر بھی کہو تم تب

اور اوراد مشائخ مین ہے کہ نماز ضحی کے چار رکعت میں یہ چار سورہ پڑھیں والشمس والليل والضحى الم نشرح اور بعد فراغ کے یہ دعا پڑھے اللّهم اغفر لی وارحمنی وتب علی انک انت التواب الرحیم ۱۲

اور تب تم کرو نماز ادا
اور صدقہ بھی دیو بہر خدا

اور قیام در رکوع اور سجود
قدر عادت سے ہیں کئے افزود

اور رکوع و سجود ای دلبند
بھی کئے طول اسکے ہی مانند

یک روایت میں آ چھ و پنج
بھی رکوع آئے ای سعادت سنج

یوں ہی سے چار تو وہ سالار
اسمیں کرتے رکوع کی تکرار

اور احمد کے پاس ای بھائی
قول مشہور سے ہی ایسا ہی

اور مقرر حدیث ابن عمر رض
حنفیہ کی دلیل ہے اشہر

کہ رکوع ایک ہی کئے ہیں نبی
اور حدیث صحیح بھی گزری

دیکھ اسمیں رکوع کی تکرار
نہیں مذکور ہے ای نیک شعار

پس ہوا شبہ لوگ کو ای یار
کہ ہوئی ہے رکوع کی تکرار

اور وہ بھی خلاف عادت ہی
نہ کیا اس کی کوئی روایت ہی

عائشہ کی حدیث ہی معروف
کہ پڑھے مصطفےٰ نماز کسوف

اور قرات بھی طول وہ سالا
سورۂ بقرہ کے پڑھے مقدار

اور منقول ہے بہر رکعت
کہ کئے دو رکوع آنحضرت

اور رکوع دراز کرتے تھے
سر اٹھایا پھر رکوع میں آتے

شافعی پاس یہ نماز عیان
خطبہ و دو رکوع سے ہے جان

نزد اکثر یقین ہمارے یہاں
ہے بلا خطبہ یک رکوع سے جان

اور حدیثیں صحیح ابن ہمام
لاکے ثابت کیا ای نیک انجام

کہ کہے مصطفےٰ جب ایسا ہو
یعنے لاگے گہن نماز پڑھو

کہے بعضے ضعیف ہیں ہوتے کثیر
کثرت ازدحام سے ای یار

اور بجبار کے سوا وہ بھی
نہیں واقع ہوا یہ عہد نبی ص

لکھوں یا اختصار سے یہاں
طاعت سفر احمدی کا بیان

نماز قصر کا بیان

چہارگانہ نماز کی حضرت
قصر پڑھتے تھے جان دو رکعت

پاس احناف کے سفر میں یقین
چار رکعت کبھی درست نہیں

تو مسافر کی ہو نماز جواز
اور نہ فاسد بھی وہ مشہور جواز

مذہب شافعی میں ہے رخصت
یعنے جائز بھی چار ہی رکعت

حج کے موسم میں ہاں پڑھی عثمان
در اخیر خلافت اپنی ہیان

اور سفر میں وہ سرور دوران
اتفاقاً کرتے فرض پر ہی جان

ظہر کے بعد کے دو سنت بھی
ہی روایت ادا کئے ہیں نبی

اور ابن عمر کے پڑھنے میں
ہیں روایات مختلف اسمیں

لیک سنت اگر کوئی پڑھتا
منع ابن عمر کرتا تھا

بلکہ وہ پشت پر بھی مرکب کے
پس اشارے کے ساتھ پڑھتے تھی

اور مرکب کسی طرف بھی چلے
وقت تحریم قبلہ رو ہوئے

اسمیں ہی یک نماز قصر کا باب
باب یہ سرا ہی جمع کا دریاب

ایسے ہی اتفاق امت کا
کوئی اسمیں نہیں خلاف کیا

مہو سے چار رکعتیں ہی پڑھے
پہلے قعدہ میں اس کے گر بیٹھے

اور مذہب امام مالک کا
بولتے ہیں اسیو افق تھا

اور اصحاب مصطفےٰ سے بھی
چار رکعت نہیں پڑھا ہے کوئی

اسکے ہیں توجیہات ای بھائی
اور مذہب ہے عائشہ کا بھی

ہاں نماز صباح کی سنت
اور پڑھتے تھے وتر بھی حضرت

اور اصحاب کی جماعت ایک
پڑھتے تھے سنتیں سفر میں ایک

اس سے معلوم جانیے یہ ہوا
کبھی پڑھنا کبھی نہ پڑھنا تھا

اور تہجد سفر میں پیغمبر ص
نہیں کرتے تھے ترک ای دلبر

پشت پر جانور کے نفل نماز
یوں اشارے سے جانو ہی جواز

اور حضرت کبھی سفر میں سنو
جمع کرتے تھے دو نماز کو جو

تحقیق جمع تاخیر سفر مین دو نمازون کو جمع تقدیم کرنے کا اختلاف

اسکی صورت یہی تھی ای خوشحال
ظہر اور عصر جمع کرتے تھے
ظہر کے ساتھ عصر کو گاہے
اور گاہے غروب کے آگے
جب اترتے عشا کیو تیمن جا
اور نکلنے کے آگے شاہ ہدا
جانیے آئے ہین حدیث صحیح
بعضے تعجیل سیر مین ہی صاف
بعضے قائل جواز کے در سیر
سیر مین مصطفے کا تھا معمول
کہے بعضے جواز ہی ای سعید
جمع تقدیم مین روا ای زکی
بوحنیفہ کے پاس پری این
اور عدم جواز کا بھی سبب
پس نے دو وقتو نکے آگے یا پیچھے
کہ یہ عہد خلافت اپنے عمر
اور بولا ثقات سے یہ خبر
کہ ہی قطعی[1] تعین اوقات
قصر افطار ہان سفر مین و لے
کہ کہا مین کبھی نہین دیکھا
دو نمازین مگر بہ مزدلفہ
بسبب حج کے تھا مناسک کا
ہان سکے غزوہ تبوک میں ہی

جب نکلتے سفر وہ پیش زوال
یعنے یکوقت دو نو پڑہتے تھے
کرادا مصطفے روان ہوتے
گرشہ انبیا روان ہوتے
جمع کرتے تھے مغرب اور عشا
وقت آتا نماز مغرب کا
جمع مین دو نماز کے ای فصیح
اسلئے عالمو مین آیا خلاف
نہین حال نزول مین یا خبیر
اور وہ مروی نہین بحال نزول
کہ اگر ہو سفر مین عذر شدید
قول مالک بھی ہی ایسا ہی
مطلقاً جمع ہی جواز نہین
یہی لکھا گیا ہے سن تو اب
ہون نماز ین سنو کیا رسے
اپنے احکام کو لکھا کیسر
ہمکو پہنچی بغیر شبہ و خطر
اور بتواترا سے گرامی ذات
ہوی ثابت ہی نص قران سے
سید الانبیا رسول خدا
جمع فرمائے مغرب اور عشا
وہ سب پہنچے نہین سفر کا تھا
نہین ہر روز ہین کئے وہ بھی

ڈہیل کرتے نماز ظہر مین تب
دو نماز اسطرح جو پڑہتے ہین
اسطرح جمع جو کرین ابہام
رہ مین ہوتا تھا وقت گرای سیر
جمع تاخیر یہ بھی ہے سمجھین
پڑہتے مغرب عشا کے ساتھ ای جان
مطلق آئے حدیث بعض اسنے
بعضے مطلق جواز کے قائل
اور کے بولتے ہین ای دمساز
اور یہ تعجیل سیر ای سالک
جمع تاخیر سیر مین بہ نیاز
اور مشہور مذہب احمد
یعنے ایسا کہ کوی وقت نماز
کہ ہین قطعی نماز کے اوقات
کہ امام محمد اس کی دلیل
دو نماز ایک وقت پر نہ پڑہو
ابن حارث سے ہے گا یہ منقول
پس حدیث احاد ای بھائی
اور صحیحین مین حدیث صحیح
کہ کئے ہون ادا نماز کوئی
اور خبر ہے کہ ظہر و عصر یقین
اور یہ جمع ای تکو انجام
ابی داؤد نے ز ابن عمر

اور اترتے تھے وقت عصر مین جب
جمع تاخیر اسکو کہتے ہین
جمع تقدیم ہیگا اس کا نام
کرتے مغرب کے پڑہنے مین تاخیر
عصر کے وقت جو نکہ ظہر پڑہین
جمع تقدیم یہ بھی ہے پہچان
اور چلنے کے قید سے بعضے
شافعی ہے انہین سے ای عاقل
جمع کرتا سفر مین بھی دو نماز
ہیگا مشہور مذہب مالک
پاس احمد کے ہے روا و جواز
مطلقا ہے جواز اے ارشد
قل ہی جا و سوے نہین ہی جواز
اور تواتر سے پائی ہین اثبات
یہ موطا مین ہی لکھا ہے قلیل
بلکہ اسکو کبیرہ ہے سمجھو
کہ کہا مین سنا ہون از کہول
متعارض نہ ہوسکے اس کی
ابن مسعود سے ہے آئی صریح
کہین دو غیر وقت اسکے کبھی
جمع عرفات مین کئے شہ دین
شاہ دین کا نہین تھا فعل دوام
ہے روایت کیا کہ پیغمبر[2]

[1] کیونکہ حقتعالی ہر نماز کے لئے وقت مقرر کر دیا چنانچہ فرمایا ان الصلوٰۃ کانت علی المؤمنین کتاباً موقوتاً ۱۲

نہ کئے جمع مغرب اور عشا
کوئی سفر میں بھی ایکبار سوا
اور نہ ابن عمر بھی کرتا تھا
جمع ہرگز مگر بہ مزدلفہ
جمع تقدیم کے حدیث مگر
آئے ہیں گے صحاح میں کمتر
پس آئمہ اسی لئے اکثر
نہیں قائل ہیں اسکے ای دلبر
جمع تاخیر کی مگر تاویل
حنفیہ اسلئے کئے ہیں قبل
کرے پہلے نماز میں تاخیر
پس یہانتک کہ پہنچے وقت اخیر
جلدی دسری نماز میں کبھی کی
اول وقت میں پڑھی اُس کے
ابو داؤد نے روایت کی
کہ علی نے سفر میں ایسا ہی
ہوتے بعد غروب ہی راہی
ہوتی نزدیک جبکہ تاریکی
پڑھتے تھے تب اتر نماز شام
کرتے بعد نماز نوش طعام
اور نماز عشا ادا کرتے
بعد ہوتے تھے وہ رواں آگے
اور کہتے کہ سرور کونینؐ
کرتے ایسا ہی جانیے بے مین
اور ابن عمر بھی ای بھائی
کبھی کرتا سفر میں ایسا ہی
اور کہتا تھا جبکہ ہو تعجیل
کرتے ایسا ہی مصطفےٰ بے قیل
بو حنیفہ کا ہے یہی مذہب
جمع میں احتیاط سے اقرب
اور کہے بعضے شافعی اکمل
کہ یقیں ترک جمع ہے افضل
کہا مکروہ مالک ای دمساز
محض فعل نبیؐ تھا ہر جواز
دو نمازونکے جمع کا یہ بیان
تھا مسافر کیواسطے پہچان
اور مقیم مریض کے بھی لئے
کہے جائز ہے تابعین بعضے
یوں کہا ترمذی ای نیک اخلاق
کہ انھیں سے ہیں احمد و اسحٰق
اور قائل ہیں بعض ای دمساز
کہ ہی بارش کے عذر پر بھی جواز
شافعی اور احمد و اسحٰق
ہیں اونھیں سے آئمہ آفاق
ابن عباس سے ہی یوں مروی
کہ کہا اسنے دو نماز کبھی
کہ بلا عذر کوئی جمع کرے
یعنے یکوقت دو نماز پڑھے
تو کبائر کے جو ہیں دروازے
اسنے آیا ہی انکے یک در سے
جمع کرنا بعرفہ اور سفر
پس ہے جمہور کا عمل اسپر
عید کی اب نماز کا بھی بیان
دیکھ لکھتا ہوں مختصر میں یہاں

عیدین کی نماز کا بیان

عید کے دو نماز کے خاطر
جاتے حضرت تھے شہر سے باہر
اور وہ جگہ نہ مسجد نبوی
فاصلے پر ہزار گز کے تھی
عید کی پس نماز ای اکمل
ہیگی صحرا کے درمیان افضل
باوجود اُس شرف کے ای بھائی
جو تھا حاصل بہ مسجد نبوی
جاتے بیرون شہر آنحضرت
پس بلاشبہ ہی یہی سنت
اکثر امصار میں عرب و عجم
پس اسی پر عمل ہے ای اکرم
یعنے پڑھتے ہیں مسجدوں میں جو
ہی بلاشک خلاف سنت او
مینہ کے عذر سے مگر ای یار
پڑھی مسجد میں ہی نبیؐ اکبار
پس مساجد میں عذر سے پڑھنا
کبھی نا ہو خلاف سنت کا
اور عادت ہے مکے والوں کی
کہ پڑھی مسجد الحرام میں ہی
کیونکہ بیت خدا حرم ہی وہ
سب مکانوں سے محترم ہی وہ
اور یوں ہی مدینہ والے بھی
پڑھتے ہیں سب بہ مسجد نبوی
تا ز قرب حضور پیغمبر
پاوے طاعت قبولیت کا ثمر
پس مساجد دو نو حرم کے بجا
سب ہیں اسلئے ہی مستثنیٰ
اور لکھا ہی شیخ ابن ہمام
کہ ہی سنت یہی ای نیک انجام
کہ جو ہیگا امام یعنے امیر
جاوے صحرا طرف لی خلق کثیر
اور کسیکو خلیفہ ٹھہرائے
ناتوانوں کو تا وہ ہمرہ لے
عید کی اپنے شہر میں ہے نماز
با جماعت ادا کرے بہ نیاز

له تا ہر دو نماز اسکے وقت پر ادا ہو کسی نماز کا وقت ل بجائے ۱۲

کیونکہ بالاتفاق در دو جا
اور پوشاک پہنتے احمل
عزت دین کیلئے سب مین
کہین بردیمانی اسکے تئین
اور عید الفطر مین ای دمساز
نوش فرما طعام بھی پہلے
غسل عیدین و غسل عرفے کا
کہ دو نو عیدین بھی ابن عمر
اس سے ہوتا ہی ظاہر ایھائی
روز عید الضحی مین اذیشان
اور حضرت نماز عید لیئے
ہان مگر کوی عذر ہووے جب
اور مصلا مین پہنچتے ہی نماز
اور سہتے تھے کتنے تکبیرین
یہہ پہلی رکعت مین آگے قراۃ کے
حنیفہ کہتی ہین یہ تکبیرات
کہ درون نماز تکبیرات
اور بعد نماز عید اشہر
اور اسی پر تھا مصطفے کا عمل
کہ مدینہ کا جب وہ تھا حاکم
لیک ہر دو کے جا نو نیت مین
خطبہ ثانیہ مین وہ ناکام
اسلئے وہ شقی بد انداز

شہر مین ہے نماز عید روا
عید کے روز احمد مرسل
پہنتے تھے یہ جمعہ و عیدین
ویسی چادر مین ہو تی ہین
سرور مرسلین قبل نماز
بعد اس کے نماز کو جاتے
گرچہ ہی بات حدیث مین آیا
غسل کرتا تھا ای محکو محضر
کہ صحیح وہ حدیث ہو و یگی
حکم یہ متفق علیہ ہے جان
عیدگہ کو پیادہ جاتے تھے
تو ہی جائز سوار ہوتا تب
کرتے سالار انبیا آغاز
ہی ائمہ کا اختلاف اسمین
جانو تکبیر تین بار کہے
مختلف آئے جبکہ روایات
اور ہر بار بھی اوٹھانا ہات
خطبہ پڑہتی تھی کھڑے ہکر
اور شیخین با صفا کا عمل
کیا تقدیم خطبہ وہ ظالم
ہی بڑا فرق وجہ و علت مین
کرتا تھا سب اہلبیت کرام
گالی جا بیجا
خطبہ پڑہتی لگا ہی قبل نماز

اور محمد کے پاس تین جگہ
حلۂ ذاخر تھا او ای یار
اور کبھی اوڑہتے تھے کبھی چادر
عید کے دن تجمل و تزئین
نوش فرماتے چند دم خرما
اور عید الضحی کے دن
پر کہی ہین ضعیف ہی وہ خبر
اتباع سنن مین صبح و مسا
اور ابن عمر سمجہ ای خبر
اور یہ عید الفطر ہماری ہیں
پس یہی مستحب ہی ای اکمل
اور جنازے کے ساتھ بھی زنہار
بے اذان اور بلا اقامت سے
لیک مختار حنفیہ ای پیر
دسری رکعت مین بعد قرات کے
جس روایت مین ہین وہ کم آئے
جبکہ ہیگا خلاف عادت کا
متفق سب اسی پہ ہین اسعید
کیا تقدیم خطبہ جو ایجاد
لیک کہتی ہین بعض ای ذیشان
کیا تقدیم خطبہ جو مروان
اسلئے لوگ خطبہ نا سن کے
اور خلافتین اپنے ذو النورین

ہی روا اگرچہ مین خلیفہ کیا
پہنے کیا حقیقت چادر اور ازار
سبز یا سرخ تھے خطوط اسپر
ہیئت تو مشروع مستحب ہو یقین
طاق رہتا سمجہ ۔۔۔ انکا
کہتے بعد نماز نوش طعام
ہان موطا مین ایک آئی اثر
جبکہ حاصل تھی اسکو شان علا
جہر کہنا تھا راہ مین تکبیر
کہنا آہستہ ای انکو عنوان
۔۔۔ اکثر ۔۔۔ علما انکا عمل
نہین تھے تھی شاہ دین سوا
پڑہتے دو رکعتین جماعت سے
ہر دو رکعت مین ہینگے چھہ تکبیر
تین تکبیر کہہ رکوع کرے
ہم اسیکو ہین اختیار کیے
پس ہی عمل قلیل ہی اوسکے
کہ ہی خطبہ پس از نماز عید
ہی وہ مروان پر جفا کہہ یاد
پہلے تقدیم یہ کیا عثمان
ہی اسکا سبب لکھی ہین جان
پڑہ نماز اسہی دم نکلجاتے
آگے پڑہتی نماز ہی یہ مین

بعد لوگوں میں آئی جب سستی
فرق دونوں میں کسقدر ہے دیکھ
لیک مروان ہوا ہی جب حاکم
مختلف فیہ امر بھی ہیگا
اسنے منبر بنا کیا ہے میں
نقل ہے بوسعید خدری سے
دیکھا مین خشت اور گل سے بنا
مین نے کرنا منع تب سے کھینچا
جا نئے بوسعید ہو کے خفا
خطبہ خوانی کی اسطرح ابہام فہیم
اس لئے بوسعید اسے کھینچا
جب نہ مانا یہ بات وہ بدکار
وای کچھ سوچتے نہیں بھلا
نہ پھرا وہ مگر اسی کے لئے
اور بھی یہ عید گاہ کی دیوار
کہ بلا شبہ وہ بلندی ہی
اور بعد نماز خطبہ پڑھے
اور در انحال شاہ ذو الاجلال
اور یہ سفر سعادت ای اکرم
یا کوئی اور شئی بلند ہے
پس ہی ہی بلندی اصل اسے
وہ تو بدعت نہیں بلا وسواس
اور منکر قیاس کا آخر

دیرسے نے لاگرای بھائی
تحتایت علیتن مین خصوص ایک
کیا اسپر ہوا ثبت ظالم
کہ کیا کس نے پہلے اسکو بنا
کہے بعضے بوقت ذو النورین
عید کے روز ساتھ مروان کے
اسکو ابن الصلت بنایا تھا
وہ نمان اسپہ چڑھکے پڑھنے لگا
تب معلا کی [illegible] سے جو پھرا
کر [illegible]
تا کرے [illegible]
آپ ہی پھر گیا [illegible]
کہ سب کو [illegible] پڑا ہوگا
تا نہ وہ سب اہل بیت سنے
نہیں اسوقت تھی نبی کی بار
جا تو قائم مقام منبر تھی
جبکہ فارغ ہوے نبی خطبہ سے
تکیہ فرمائے تھے بدست بلال
اسکا ماتن نے یون کیا ہی رقم
کہ ہو قائم مقام منبر کے
اور منبر کی پس ہی ہی نظیر
کریں فقہا سجا اسی پہ قیاس
ہی سمجھ شرط دین کا منکر

اسلئے آگے خطبہ پڑھنے لگے
وہ بھی عثمان سے سنیں نادر
اور بعضے شریف پیغمبر
کہے بعضے معاویہ کے زمان
کثیر نے ابن الصلت کیا ہی بنا
مین بھی جب عیدگاہ مین آیا
اور مروان نماز کے آگے
اور بنا بھی پھرا وہان سے تب
وجہ اسکا سمجھ یہی ہے بڑا
دوسرا یہ سبب ہے اسکے اشد
تا کہ فارغ نماز سے ہوکے
زعم کرتے مین بعضی اہل زمان
وہ جو کہتا تھا اہل بیت کو بد
اور اگرچہ بوقت پیغمبر
لیک ثابت ہے یہ کہ وہ سرور
ہی بخاری مین یہ خبر ای سعید
اترے اور لی بیان طرف انہی
اس سے ظاہر ہوا کہ خیر بشر
اترے خطبہ جو پڑھکے شاہ جہان
اور آیا ہی در حدیث دگر
اور جس چیز کی نظیر یقین
مجتہد کا قیاس تو وای اسین
یونہی لکھا مفتی احناف

تا وہی لوگونکو سب نماز سے
ایک دو بار ہی ہوا ظاہر
عید گہ مین بنا نہ تھا منبر
جب امیر مدینہ تھا مروان
اسکا گھر پاس عید گاہ کے تھا
ایک منبر بنا ہوا دیکھا
چاہا ہے اسپہ چڑھکے خطبہ پڑھے
ہی بہ سفر السعادت اندر سب
کہ مخالف وہ ہوکے سنت کا
کہ وہ کہتا ہی اہلبیت کو بد
آپ خطبہ سنے چلا جائے
پھر امنبر نے ہی سبب سے ہاں
کیا ہی منبر کا وجہ اس سے اشد
نہ بنا عید گہ مین تھا منبر
خطبہ پڑھتے کوئی بلندی پر
پہلے حضرت پڑھے نماز عید
اور انھیں وعظ و پند فرمائے
پڑھی خطبہ کسی بلندی پر
سو وہ ٹیلا تھا یا بلند مکان
کہ پڑھی خطبہ اپنے اشتر پر
ہو یہ تصریح سرور دین
اصل رابع ہے از اصول دین
ایک مکتوب مین مجدد صاحب

[1] اتنا بھی کہ پہرے بھی ہوتا ہے چونچہ بخاری مین نزول نبی اسکا آیا ہی ۱۲

[2] یعنے امام ربانی شیخ مجدد الف ثانی ۱۲

غرض اکثر اکابر فقہا
کر نظر اس نظیر پر ہی بجا

کہ فتاوی میں اپنے قاضی خان
دیکھ اسطرح سے کیا ہی بیان

نہیں مکروہ ہے کہے بعضے
تا نہ یہ احتیاج پیش آوے

بعضے مکروہ ہی لکھے ہیں ہان
یہ لکھا اختلاف قاضی خان

کہ صحیح ہے یہی ای فرخ پے لئے
منبر عید گہ نہ مکروہ ہے

یہاں لکھتا ہی یوں بطحاوی کا
لفظ یہ ہی امام سے مروی

کہا ابو قتین ہمارے پن
منبر عید گاہ ہے احسن

پس یہ سندوں سے اب ثبوت ہوا
کہ ہے منبر بعید گاہ روا

یہی اسناد اسمین ہیں مذکور
جب ہو مطبوع وہ ہوا مشہور

بلکہ فتوے اپر وہ جرح کئے
قول فقہا نہیں قبول کئے

جبکہ وے تابع امام نہیں
ساتھ انکے ہمیں کلام نہیں

عیدگاہ کے جواز منبر پر
آئے ہیں دیکھ ای انکو محضر

کہ مشایخ ہیں اختلاف کئے
باب میں عیدگہ کے منبر کے

عید کے روز شہر سے منبر
عیدگہ میں رکھے اٹھا لاکر

اور فتاوی جو ہیگا عالمگیر
اسمین اسطرحسے کیا تحریر

ہی غرایب میں یونہی ہو سوا اس
در مختار میں لکھا لا باس

ایک علامہ اشہر و فاخر
جسکو کہتے ہیں زادہ خواہر

اور بولا یہ لفظ ای بھائی
آوی بیشک مباح پر بھی کبھی

اندرین باب ایک استفتا
آیا تھا اسکا میں جواب لکھا

منبر عید گاہ کے مانع
نہ ان اسناد کے ہوئے تابع

خاص وہ قول بوحنیفہ کا
جو ہی اسکا بھی ہیں کئے پروا

گر نیاید بگوش رغبت کس
بر رسولان بلاغ باشد و بس

اب بیان عیادت بیمار
اور بیان جنازہ سن اے یار

عیادت بیمار اور نماز جنازہ کا بیان

از برای عیادت ای فیروز
نہ معین نبی کو تھا کوئی روز

پس کسی روز کی خصوصیت
کرنی تا کرنی ہے یقین بدعت

اور احسان حق میں میت کے
کرتے تھے جانو ایسی چیزونسے

اور اقارب کے ساتھ میت کے
لطف کے رہ سے تعزیت کرتے

اور تجہیز میت اور تکفین
کرتے تھے لطف سے وہ سرور دین

بعد ازان اسکی مغفرت چہتے
بعد اس کی مزار تک جاتے

کہ ثبات اسکو از رہ احسان
دیوے مولا یہ کلمۂ ایمان

اور اسے قبر بیچ راحت دے
رحمت و مغفرت نصیب کرے

اور اصحاب کا عمل بھی ہان
اندرین آیا مختلف تھا پچھان

کرتی جو پڑہے نماز اخیر
اسمین بولے ہیں چار ہی تکبیر

ابن عباس نے روایت کی
جبکہ آدم صفی نے رحلت کی

وہ عیادت کو جاتے سب اوقات
خواہ وہ دن ہو یا کہ ہووے رات

آنکہ کے درد پر بھی پیغمبر
جاتے بہر عیادت اے دلبر

کہ اسے قبر اور قیامت میں
فائدہ دیوین فائدہ بخشین

اور کرتے تفقد احوال
اور اطعام ای انکو افعال

اور جنازے پہ اسکے پڑہتے نماز
مع اصحاب اپنے اے دمساز

قبر کے پاس پھر کھڑا رہ کے
اسکے حق میں دعا یہ کرتے تھے

اور منکر نکیر کا بھی جواب
دیوے وہ قبر میں بوجہ صواب

اور نماز جنازہ بیچ عیان
چار تکبیر بولتے تھے جان

چار تکبیر کے جو ہیں قائل
اسطرح بولتے ہیں اے عاقل

ایسا اکثر حدیث آئے ہیں
پس کئے اختیار اسکے تئیں

آتا ایک پڑہی جو اپنے نماز
چار تکبیر ہی کہے یہ نماز

اور بولے کہ اے نبی آدم
اور کہہ دو سلام ای باہر
اور کہتے تھے یک سلام کبھی
اور وہ شاہ دین بہ ہر تکبیر
یہی مذہب ہی ہر دو امجد کا
ایک تو رفع ہے بہ ہر تکبیر
یہی تسری روایت والا
اور درین باب مختلف اخبار
بعد تکبیر اول ای ذیشان
اور طحاوی کہا کہ بعض اصحاب
کہا تھی ثنا کی نیت سے
مسلم و ترمذی نسائی نے
اور یہ دل مین آرزو مین کیا
یک شب و روز کے ہین بعد پڑہے
اور بعضون نے اسطرح لکھا
اور جنازے کے ساتہ وہ سالار
ہم جنازے کے ساتہ تھے یکبار
کہ خدا کے فرشتگان کبار
لائے مرکب بہ نزد آن سالار
تہ جنازہ اتار نے جب تک
مستحب پاس بوحنیفہ کے
اور بولا ہی توری ذیشان
اسطرح بولتے ہین ای اکمل

یہ تمھاری ہے سنت اکرم
آتے حضرت نماز سے باہر
اور یہی فعل تھا علی کا بھی
کرتے رفع یدین بھی ای پیر
شافعی اور امام احمد کا
دوسری عدم رفع مین آئے ہیر
ہیگا مذہب امام اعظم کا
جو ہین وارد صحیح ای ہشیار
قرأت فاتحہ بھی آئی جان
فاتحہ جو پڑہی بہ نیک نصاب
حنفیہ پاس بھی روا ہووے
لائے ہین عوف ابن مالک سے
کاش ہوتا جنازہ وہ میرا
اور یکبار بعد ۳ دن کے
کہ خصیصہ ہے یہ پیمبر[۲] کا
کبھی ہوتے تھے سوار ای یار
دیکھا بعضون کو شاہ دین نے سوار
اب پیادہ ہون لو رتم اسوار
لیک حضرت ہوتے اپسے سوار
سرور دین نہ بیٹھتے تب تک
ہی جنازے کے سب رہین پیچھے
مستحب ہین دو نو برابر جان
جانا پیش جنازہ ہی افضل

لایا حاکم اسے بہ مستدرک
یہی مذہب امام اعظم کا
ہے یہ مذہب امام احمد کا
عمر فاروق اور ابن عمر
اور مالک سے آئی نکو آئین
تیسری رفع کرنا پہلے بار
بوحنیفہ کی جان لیجے دلیل
یہ سبب ہے کہ فعل حضرت کا
پر صحابہ مین اور آئمہ مین
وجہ قرأت یہ وہ نہ پڑہتا تھا
اور جنازہ کے مشتہر ہین دعا
کہ جنازے پہ یک رسول خدا
فوت ہوتی نماز گر گاہے
بلکہ یک ماہ کے بھی بعد پڑہے
کہے بعضے نہ گر پڑہی ہون نماز
ابوداؤد و ترمذی ای جان
کیا ارشاد اس طرح اون کو
اور یہ بات آئی ہی سمجھین
دفن ہوتی کو جبکہ کرکے پھرے
اور جنازے کے آگے یا پیچھے
ہی اسی پر امام اوزاعی
مالک و شافعی دونو امجد
کیونکہ شفعا ہین قوم میت کے

حلیہ مین بونعیم بھی بیشک
اور یہی شافعی اکرم کا
اور یہی مالک ممجد کا
ابن عباس و زید پاک سیر
جانو اسمین روایتین ہین تین
اور باقی مین عدم رفع ای یار
ترمذی کی حدیث ہی بقیل
کبھی ایسا تھا اور کبھی ویسا
مختلف فیہ یہ بات ہی سمجھین
بلکہ تھا از رہ دعاوثنا
یہ دعا[۱] بھی پڑہی ہین خیر دنا
جب پڑہی یہ دعا مین یاد کیا
تو نبی[ص] اس کی قبر پر پڑہتے
علما اس مین اختلاف کیے
تب ہی پڑہنا زبعد دفن جوان
یون روایت کئی ہین از ثوبان
کیا نہ رکھتے ہو شرم ای لوگو
ابوداؤد کی روایت مین
ہان وہ مرکب پہ تب سوار ہوے
جانو چلنے مین اختلاف کیے
ہی تفکر کو دخل اسمین ہی
اور تیسرا امام دین احمد
لیس مقرر شفیع آگے رہے

[۱] اللهم اغفر له وارحمه وعافه واعف عنه واكرم نزله ووسع مدخله واغسله بالماء والثلج والبرد ونقه من الخطايا كما ينقى الثوب الابيض من الدنس وابدله دارا خيرا من داره واهلا خيرا من اهله وزوجا خيرا من زوجه وادخله الجنة واعذه من عذاب القبر ومن عذاب النار

ترمذی کی حدیث آئی سنو
کہ ابوبکر اور عمر ہر دو

اور منقول ہے یہ حیدر سے
کہ جنازے کے پیچھے وہ رہتے

اور پیادہ ہے جانیو مختار
آگے پیچھے ہو یا نہین دلدار

ہاں جنازے پہ نجاشی کے
غائبانہ نبیؐ نماز پڑھے

تب نماز جنازہ اسپہ نبیؐ
غائبانہ پڑھے تبوک مین ہی

طی کرون آپکے لئے مین زمین
پڑھین اسپر نماز آپ یقین

درمیان کے اٹھا دئے پردے
اور پیش نظر جنازہ کئے

اور حضرت کے سامنے رکھے
شاہ دین اسپہ تب نماز پڑھے

پوچھے جبریل سے رسول خدا
پایا وہ کس عمل سے یہ درجہ

اور پڑھتا تھا وہ مدام اسے
آتے اور جاتے بیٹھتے اٹھتے

احمد و شافعی کے پاس اے شاہ
مطلقاً سنت آئی غائب پر

اور نجاشی کے وہ جنازے پر
جو پڑھی ہین نماز پیغمبرؐ

یا ہوا درمیان سے رفع حجاب
یا جنازہ ہی لا رکھی شتاب

قوم تا دیکھے اور دیکھے امام
تو ہی جائز نماز غیر کلام

جب ہوئے ہین شہید وہ سرور
ور مدینہ پڑھے نماز اپر

سنگ اور گچ سے اور اینٹون سے
نہ کسی کی مزار بنواتے

بلکہ گر کوئی قبر اونچی رہے
اور سکو توڑ کے پست کرواتے

کہ کوئی قبر دیکھے گر اونچی
پست کرے اسے نہ چھوڑ کبھی

حکم ہے قبر اسقدر ہو فراز
کہ رہے وہ زمین سے ممتاز

اور قبرونپہ تکیہ کرنے سے
سرور دین منع فرماتے

اسکو فرمائے سید کونین
کہ تو کھینچ اپنے پاؤن سے نعلین

آپ ہاشمی رسول اسپہ کھڑے
اور سنگریزے اسپہ چُن دیتے

اور فرمائے منع سید ناس
کہ لگاوین چراغ قبر کے پاس

رہتے پیش جنازہ ای یوسفی
ہی انس اس حدیث کا راوی

اور ہی دوسری حدیث ای یار
کہ رہین پیچھے جو کہ ہین اسوار

اور نماز جنازہ آن بسرور
نہین پڑھتے ہر ایک غائب پر

اور مدینہ مین معویہ لیثی
جب کیا انتقال اے بھائی

کہا حضرت سے جبرئیل نے آ
دوست رکھتے ہو آپ اسکو کیا

کہے ہاں جبرئیل مارے پر
گر گئے درمیان کے کوہ و شجر

اور پڑھا آپ نے دوسری یہ سیر
کہ اٹھا کر لے آئے اسکا سریر

اور کہا تھے وہ صف اشرف
کہ تھے ستر ہزار وہ ہر صف

کہے وہ سورۂ قل ہو اللہ کا
دوست رکھتا تھا دو رکھتا تھا

اور غائب پہ جو نماز پڑھین
آیا فقہا کا اختلاف اسمین

بو حنیفہ و مالک ذیشان
منع کرتے ہین مطلقاً ایسا

یہ کہتے ہین جنازہ اسکا تب
ہوا مکشوف پر پیمبر رب

دیکھتے تھے اسے وہ خیر بشر
اور نہ آتا تھا دوسرونکو نظر

اور موتہ کے جنگ مین اے یار
زید و عبد اللہ جعفر طیار

اور کسی قبر کو نبیؐ گاہے
نہین ہرگز بلند کرواتے

نہ بناتے عمارت اسکے اپر
ہے یہ مکروہ بدعت ای دلبر

اسطرح مرتضی علی بولے
کہ نبیؐ حکم کر مجھے بھیجے

اور تصویر گر کہین دیکھے
اسکو مت چھوڑ تو مٹا ہی دے

تا نہ انجان ہو کوئی کھندنے
اور کوئی نہ قبر پر بیٹھے

دیکھے یک شخص کو بگورستان
آیا نعلین مین کر ای جان

اور کئے نقل جبکہ ابراہیم
پسر حضرت رسول کریم

اور عثمان ابن مظعون کے
قبر پر پتھر اک بڑا ہین رکھے

اور لگانا چراغ قبر کے پاس
منع ہے شرع مین بلا وسواس

سے اور بعضون نے کہا ہے کہ اگر کسی شہر مین کوئی مرا اسپر نماز نہین پڑھی دوسرے شہر مین اسکو لاوین تو اسپر نماز پڑھین اگر نماز پڑھی ہے تو فرض ساقط ہوا پھر دوبارہ پڑھنے کی حاجت نہین اور بعضی کہتے ہین کہ جس روز موا ہو اسی روز پڑھیا نہ دیگر ایام مین طحطاوی بر مراقی

[illegible] نماز جنازہ [illegible]

ہان مگر اچھی نہین [illegible] تب | زندگی کو تئین روا ہی جب
اور یہی یہ بھی عادت نبوی | کہ زیارت کو جاتے قبر کی
اور فرمائے سرور کونین | جمعہ کے دن زیارت [illegible]
اور لکھا جاوے گا انکو عفو آن | والدین [illegible] بخشان
اور فرمائے ہیں اگر [illegible] قبرستان | تم جو دیکھو تو یہ پڑھو اس آن

اور مکروہ نماز ہے ای زکی | قبر کے آگے مقبرے مین بھی
اور کرتے دعا و استغفار | یعنے پہنچتے تھی بخشش انکی ای یار
یا وہ دونون سے ایک کی جو کرے | بخشے جاوے یقین گنہ اسکے
اور صدقہ وہ مغفرت خواہی | انکے خاطر رکھے یہی حکم ہی

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ اَهْلَ الدِّیَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ

وَالْمُسْلِمِیْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِکُمْ لَاحِقُوْنَ

فاتحہ اور معوذتین ای یار | اور الحمد [illegible] پڑھنا [illegible]
اور معمول تب ہین یہ تھا | قبر کے پاس یا کہ دوسری جا
ایک مخصوص تیسرے دن مین | جمع ہو جو تکلفات کرین
سخت بدعت ہے اور منع حرام | ہی مدارحین یون کیا ارقام
بیٹھ اطراف قبر کے جو پڑھین | ہو وہ مکروہ سر بسر سمجھیں
قبر پر قاریون کو بٹھلانا | اور قرآن انسے پڑھوانا

اور پڑھنا بھی آیۃ الکرسی | اور یٰسین اور تبارک بھی
دیکھو ثابت ہوا ہی از اخبار | اور صحیح اسمین آئے ہین آثار
جمع ہون لوگ او پڑھی قرآن | ہان مگر تعزیت ہے سنت جان
اور بغیر وصیت موتے | خرچنا اسمین حق یتیمون کا
اور قرآن پڑھنا قبر کے پاس | مختلف فیہ ہے ای رمز شناس
اور ہدیہ کی شرح مین ارقام | کیا اسطرح شیخ ابن ہمام
گرچہ ہے اسمین اختلاف ای یار | نہین مکروہ ہی یہی مختار

سنن رواتب کا بیان

راتبہ ہے رتوب سے نکلا | جسمین معنی دوام کا ہیگا
راتبہ ان کو کہتے ہین سمجھو | ظہر کے آگے دو ہین بعد مین دو
اور روایت سے مرتضی کے ہان | چار آگے ہین وہین بعد پچھان
اور ہوا انکے بعد جو اخیار | تابعین کرام سے اے یار
اور مذہب امام اعظم کا | چار ہو بالیقین یہی ہیگا
ترک کرتے نہ تھے وہ حق کے نبی | ہین صحیح یہ دونو روایت بھی
یا کبھی دو کبھی چار پڑھے | ہر دو راوی کہے جو دیکھے تھے
اور رسول کریم بعد زوال | پڑھتے تھے چار رکعتین خوشحال
چھپتا ہو نہین کہ نیک یہ اعمال | آسمان کے اپر چڑھے فی الحال
اور اسکو نماز فی زوال | بولتے ہین بجا ای فرخ فال
اور کہتے یہ رکعتین سنے | ہین برابر وے آٹھ رکعت کے

یعنے غیر فرائض اشہر | کرتے حضرت مواظبت جس پر
یوہی ابن عمر سے ہے مروی | اور مذہب شافعی کا یہی
اکثر اہل علم از اصحاب | جسکے عامل سبھی تھے دریاب
قول ابن مبارک و ثوری | اور یہی اسحٰق کا بھی قول یہی
عائشہ یون خبر دئے ای یار | رکعتین جو ہین قبل ظہر کے چار
پڑھتے مسجد مین رکعتین دو گر | اور گھر مین چار وہ سرور
یعنے صدیقہ اور ابن عمر رض | جو گئے تھے نظر دئے وہ خبر
اور یہ ساعت کے درمیان کہتے | کھلتے ہین آسمان کے دروازے
اور کہتے ہین یہ نماز اکثر | گھر مین پڑھتے تھے اپنے پیغمبر
ابن مسعود پڑھتے بعد زوال | آٹھ رکعات ای خجستہ خصال

ف تعزیت کا حد تین روز تک ہی اور [illegible] کے بعد مکروہ [illegible] بعضے سات [illegible] تک بھی جائز [illegible] ہین اور بعضے [illegible] کہ تعزیت میت [illegible] تین روز تک [illegible] اور غائب کو [illegible] روز اور تعزیت ایکبار سے زیادہ [illegible] مکروہ [illegible] روایت کی گئی امام ابو حنیفہ [illegible]

جو پڑھی جاوین رات کے درمیان ۔ وہ تہجد کی ہی نماز پہچان
جانیو وقت خیر و برکت ہی ۔ سمجھو وقت نزول رحمت ہے
ابن عازب کی ہی روایت سے ۔ کہ رسول کریم فرمائے
اور پڑھا مثل اسکے بعد عشا ۔ تو شب قدر مین پڑھا گویا
آپ سے فوت وہ نہوتے کبھی ۔ نہ حضر اور نہ سفر مین بھی
اور حدیث آئی ہی کہ آنحضرت ۔ پڑہتے تھے بعد عصر دو رکعت
اور آیا ہے دو نماز اشہر ۔ ترک کرتے نتھے بسفر و حضر
دو نمازین یہ کبھی چھوڑے ۔ تا کہ وہ اپنے رب سے جا کے ملے
اور یہی کہ وہ دوسرونکو سبھی ۔ دیکھ آئی حدیث ایسی ہی
تھے دو رکعت یقین پڑہا کرتے ۔ ایک سرونکو منع فرماتے
اور از بعد ظہر ای ذیشان ۔ چار رکعت بھی آئے ہین پہچان
یا نہین آئی ہے حدیث ای امین ۔ ظہر کے آگے اور بعد یقین
اور یہی مروی علی سے آنحضرت ۔ پڑہتے تھے پیش عصر دو رکعت
فصل ان مین سلام سے کرتے ۔ دو دو دوگانے جدا جدا پڑہتے
اور روایت کیا ہے ابن عمر ۔ کہ یہ فرمائے شافع محشر
احمد و ترمذی ابو داود ۔ کئے اس کی روایت ای مسعود
یعنے ہی اختیار ای ہشیار ۔ کہ دو رکعت ادا کرین یا چار
اور مغرب کے بعد دو رکعت ۔ پڑہتے تھے راتبہ سدا حضرت
سورہ کافرون اور اخلاص ۔ پڑہتے اکثر یہ دو نماز مین خاص
یعنے قرات بہت پڑہی ہین نبی ۔ ترمذی اس خبر کا ہی راوی
اور عشا کے بھی راتبہ ایمان ۔ فرض کے بعد ہین دو رکعت جان
پڑہی مثل رکعتین و یا کہ چار ۔ اور دو رکعت بھی آئے ہین ای یار
اہل حرمین بھی نہین پڑہتے ۔ حنفیہ مستحب لکھے ہین اُسے

یعنے وقت زوال یہ در روز ۔ شب مین وقت تہجد ای فیروز
لایا ابن ہمام فتح پیئے ۔ ابن منصور کے سنن سے ہے
چار رکعت جو قبل ظہر پڑہا ۔ پڑہا شب مین تہجد اوگویا
اور ہمیشہ وہ شافع امت ۔ ظہر کے بعد پڑہتے دو رکعت
فوت یکبار ہو گئی تھین وے ۔ تو قضا اسکی بعد عصر کئے
کئے یان تک مداومت او میر ۔ کئے ہین وہ اس جہان سے گزر
وہ دو رکعت ہین آگے صحیح جان ۔ اور دو رکعت ز بعد عصر پہچان
عصر کے بعد وہ دو رکعت ہان ۔ ہین مخصوص سے مصطفےٰ کے جان
ابو داود نے روایت کی ۔ عصر کے بعد وہ خدا کے نبی
جو نکہ رکھتے تھے آپ صوم وصال ۔ کرتے اور رونکو منع ای خوشحال
جو ہی مسند امام احمد کی ۔ اور سنن نسائی ترمذی کی بھی
چار رکعت پڑہے جو نیک انجام ۔ اس کو دوزخ پہ حق کریگا حرام
اور روایت انہین سے ہی ای یار ۔ رکعتین پڑہتے پیش عصر چہار
ہین یہ ہر دو روایتین ای نیک ۔ ابو داود و ترمذی مین ہی یک
اسپہ رحمت خدای پاک کرے ۔ چار رکعت جو قبل عصر پڑہے
آیا جب اختلاف ان مین امیر ۔ مذہب حنفیہ مین ہے تخییر
تا کہ ہر دو حدیث پر ہو عمل ۔ لیک ہمیشہ چار ہے افضل
فجر کے آگے بعد مغرب کے ۔ دو دو رکعت جو پڑہتے تھے
ابن مسعود نے کہا ای یار ۔ کہ نہ سکتا ہون مین ان کا شمار
ابن عباس سے ہی یہ منقول ۔ کبھی قرات کئے ہین ان مین طول
حضرت عائشہ سے ہے وہ بھی ۔ پڑہ عشا آتے جبکہ گھر مین نبی
چار رکعت پڑہتے پیش عشا ۔ نہ احادیث مین نظر آیا
اور سنت پہ صبح کے اشہر ۔ کرتے اتنی محافظت سرور

ف سفر السعادت مین لائے ہین کہ حضرت تمام رواتب اور سنن گھر مین ادا کرتے تھے اور اسکی ترغیب دیتے اور فرماتے کہ نماز مرد کی فرض کے بعد محبوب تر وہ نماز ہے جو گھر مین پڑھے علی الخصوص مغرب کی سنت دو رکعت کہ حضرت گھر مین ہی پڑھتے تھے اور حضرت تاکید اکید فرماتے کے سبب یہ دو رکعت بعض علما کے نزدیک مسجد مین جائز نہین بسبب مخالفت ہونے سنت کے اور امام مروزی نے کہا کہ وہ عاصی ہوتا ہے کیونکہ حدیث مین اسکا امر آیا ہے کہ ادا کرو انہی بیوتکم اور اکثر علما کہتے ہین کہ مسجد مین جائز ہے مگر ترک اولی اور حدیث مین جو امر آیا ہے وہ امر استحباب کا ہے یہ مذہب کا ہے اور دو رکعت ادا کرنے کے لئے جلد اٹھو اور فرماتے ہین کہ تا کہ اسکو طول انکا استلزام کرے ہین اور فرماتے ہین کہ جو شخص مغرب کے بعد بات کرنے سے آگے دو رکعت پڑھیگا اسکی نماز اطلاق کی جاتی ہے علیین مین ۱۲

کہ سفر میں بھی اسکو پڑھتے تھے / ترک ہرگز بھی نکرتے تھے
یک روایت ہی ظہر کی سنت / پڑھتے تھے بھی سفر میں دو رکعت
جو دو رکعت ہیں ظہر کی سنت / بعد اسکے ہی نفل دو رکعت
فرض ظہر و عشا کے بعد و ے / چار رکعت بعد سلام نے
اور پچھے رکعتین رسول خدا / بعد مغرب کے کرتے تھے جو ادا
پس اگر پڑھ لیں چار ہی رکعت / ہو وین چھوڑ بہتر ہی بات
کس میں طاقت ہی وہ لکھے سارا / نہ زبان و قلم کو ہے یارا
بسکہ مصروف تھے نماز میں ہی / اور انواع طاعتو نمیں سبھی
پس ہے لازم کہ ان عبادات میں / مومنان ہیری بھی کیرت
اور نمازوں میں و حضور دل / اور خضوع و خشوع سے کامل
پہ محمد و آلہ الاطہار / پہ محمد و صحبہ الاخیار

زکات کا بیان

کہ کرے جو زکات پاک ایمان / اپنے صاحب کے مال کو پہچان
کہ گواہی بھی دیوی در محشر / صاحب مال کے وہ ایمان پر
جبکہ ہجرت سے سال دوسرا / حقتعالی زکات فرض کیا
جیسے روپیا ہو جب دو سو درم / جیسے تولے ہون باون ای اکرم
نقد سکہ ہویا ہے زیور / یا کہ ناساختہ ہو سیم و زر
دیوے دو سو درم کو پانچ درم / یہ ہے تخمین بلا زیادت و کم
جو زیادہ ہوا ہے ای اکرم / خواہ چالیس ہووے یا ہو کم
ان اماموں کی ہے دلیل یہی / کہ ہیں فرمائے یوں خدا کے نبی
اور مذہب میں بو حنیفہ کے / وہ نہ چالیس تک اگر پہنچے
کہ ہے مصطفے معاذ کے سات / کہ نہ لیجے کسور سے تو زکات
دیجئے کسرات پر زکوۃ نہیں / ہیگا چالیس تک معاف یقین

سنت راتبہ سوا ان کے / نہیں حضرت سفر میں پڑھتے تھے
اور بعضوں نے یہ کہے بیشان / سنت فجر ہیگی واجب جان
بعضے پڑھتے ہیں جو کہ اہل ماہر / وجہ اس کا نہیں ہوا ظاہر
ہیں یہ دو نفل اور یہ دو سنت / جو ہوتے ہیں چار یہ رکعت
ایک روایت میں ہے وہ باسنت / ایک روایت میں تو ملا سنت
اور عبادات نافلہ ای یار / سرور انبیا کے ہیں بسیار
ہوئی معلوم اس بیان سے یہ بات / کہ وہ سرور کے اکثر اوقات
یہی طاعت بغیر شبہ و خطر / سات طاعات کی ہی سر دفتر
یا الٰہی نماز میں دن رات / صرف کرو ہمارے سب اوقات
مرے قالب سے جان ہی ای خدا / گر کرم سے نماز میں ہی جدا
ہوا آخر بیان نماز / کرتا ہوں ذکر زکوۃ اب آغاز
تزکیہ سے زکوۃ ہے نکلا / اس کا معنی جو تو پاکی کا
اور گواہی کا بھی لئے معنا / لفظ سے تزکیہ کے ای دانا
صدق ایمان کی جہت اسکی نشان / نہیں صحبتی ہی زکوۃ کو جان
مال ہر قسم پر ای نیک نصاب / ہے بشرع جہاں ایک نصاب
بیس مثقال زر کہ جسکے ہیں / ہو وے ہیں ہفت و نیم تولے جان
جب رہا ایک برس کسیکے پاس / فرض ہوگا زکوۃ دے وسواس
اور دو سو درم سے ہو وے زیاد / دیوین اسکا زکوۃ بھی رکھیو یاد
جان مذہب ہی شافعی کا ہی / یہی مذہب ہی صاحبین کا بھی
کہ جو دو سو سے ہو زیاد نصاب / دیوے اسکا زکات کرکے حساب
نہیں واجب زکات اسکا ہی / یہ دلیل انکی ہے آ فرخ پی
یعنے چالیس تک ہی نیک صفات / جو کہ واقع ہوں بیان کسرات

زکات زیور کا بیان

بیس مثقال زر کا دیوے زکات — نیم مثقال بس خلوص کے سات
اور نہ زیور کا بھی زکات ایجان — یقین واجب ہے حنیفہ کے بیان
ابو داؤد اور نسائی بھی — ہین یقین اس حدیث کے راوی
کہتے ہین ہاتھو نمین وہ دختر کے — تب دو کنگن صحیح تھے زر کے
سو کہی انسے تب نبی ای شاہ — اسکو فرمائے تب رسول اللہ
پس وہ کنگن نکال کر اوسدم — ڈالدی پیش سرور عالم
اور روایت کیا ابو داؤد — کہ بھی ام سلمہ ای مسعود
کیا ہے یہ بھی وہ کنز تجھے بیان — ذکر آیا ہے جسکا در قرآن
اور دیا جائیگا زکات اسکا — تو سمجھ لے وہ کنز نا ہوگا
بیہقی نے کہا کہ اصل نہین — اس خبر کو بھی وہ صحیح نہین
اور آثار دوسرے ای میان — بھی معارض پڑے ہین اسکے اجان
کہ ہر سال مومنہ عورات — دیوین سب اپنے زیورونکا زکات
ابن مسعود سے بھی آئی خبر — کہ یقین ہے زکات زیور پر
اور عبد اللہ جو ہے ابن عمر — بی بی سالم کو یون لکھا اشہر
دار قطنی سرآمد فضلا — جانیو تم روایت اس کی کیا
سنت ایسی ہے پس ہوی اجرا — دیتی جاوین زکات زیور کا
اور جواہر کے تئین زکات نہین — ہان مرصع جو زر سے ہو وہی یقین

زکات بہائم کا بیان

یعنے چالیس گر ہین بکرے — ایک بکرا زکات انکا دے
اور دو سو پہ ایک جب ہووین — جانیو تین بکریان دیوین
گائی یا بھینس جبکہ ہو چالیس — دی زکات انکا کی نبی انیس
اور چالیس جبکہ ہون پورے — دیوین پاڑا جو دو برس کا ہے
اور ہفتاد جبکہ ہون ای نیک — دیوین یکسالہ یا دو سالہ ایک

سیم و زر سکہ اور زیور سے — حصہ چالیسوان زکات یہ دے
نہین واجب ہے شافعی کے یہان — بو حنیفہ کی یہ دلیل ہے جان
ایکدن آئی نزد پیغمبر — اور ساتھ اسکے اسکی تھی دختر
اس سے پوچھے ہین شاہ موجودا — کیا تو دیتی ہے بول اسکا زکات
کہ ہے آسان تجھے پناہ خدا — کنگن آتش کے دو بروز جزا
اور بولی یہ ہے برائے خدا — اور برائے رسول شاہ ہدا
کہ مین اوضاع زر کے پہنی تھی — اور کی عرض ای خدا کے نبی
تب رسول خدا نے فرمایا — کہ جو حد نصاب کو پہنچا
اور جابر سے آئی ہے جو خبر — کہ نہین ہے زکات زیور پر
اور تھوڑے ہے جو آئے ہین آثار — وہ بھی موقوف ہین سمجھ ای یار
جیسے حضرت عمر بن الخطاب — اشعری کو لکھے ہین یون دیا
جانیو تم کہ ابن ابی شیبہ — ہے بلا شک روایت اس کی کیا
بالیقین اس خبر کی ای بھائی — عبد رزاق نے روایت کی
کہ تر سے بیٹیون کے زیور کا — بضرورت کرے زکات ادا
اور روایت کیا ہے شیخ عطا — کہ ہی نخعی نے اس طرح بولا
اور اسکے سوا بھی ای یار — ایسے ہی آئے ہین بہت آثار
کر کے انداز اسکے پہنے کا — کرے اسکا ہی پس زکات ادا
اور زکات بہائم ای بھائی — فرض ہے مالکون پہ ایسا ہی
اور جب ہو دین ایکسو اکیس — دین زکات انکا دو غنم ای انیس
چار سو ہو تو چار بکرے دین — یونہی ہر سو مین اک زیادہ کرین
یعنے یکسال کا جو ہے بچھڑا — دیوین پاڑی رہے ویا پاڑا
اور جب ساٹھ پوری ہو جائے — دیوین اک اک برس کے دو پاڑے
اور ہشتاد کو وہ جب پہنچے — دیوین دو دو برس کے دو پاڑے

اور نو دوی جبکہ ہوں یقین / دیوین تب ایک ایک سال کے تین
ایک اک سال کے ہو دو پاڑے / اور دو سال کا بھی ایک ہے
اکیسو بیس جبکہ ہوں بشمار / پاڑی یک یک برس کے دیوین چہار
پاڑا یکسال کا ہی در ہر تیس / اور دو سال کا یہ ہر چالیس
اور کسی پاس پانچ اونٹ ہین / تو زکات اسکا ایک بکری دین
اور پچیس اونٹ جب ہووے / اونٹنی ایک سال کی دیوے
اور چھتیس اونٹ ہووے جب / اونٹنی دو برس کی دیوے تب
اور اکسٹھ وی اونٹ جب ہووین / اونٹنی چار سال کی دیوین
اور نو دو پہ ایک سے ای بار / اکیسو بیس تک ہو جبکہ شمار
پھر اسیطرح جان ای بھائی / دیوے ہر پانچ پیچ اک بکری
اور ہر سی و شش شتر کو ای نیک / اونٹنی دو برس کی دیوے ایک
اونٹنی تین تین سال کی چار / کرین انکا ادا زکوٰۃ ای یار
جسطرح ڈیڑہ سو عدد کے بعد / دینا مذکور ہو چکا ای سعد
اونٹ اور گائی بھینس اور بکرے / جا تو جنگل مین تم اگر وہ چرے
نر و مادہ ملے ہوئے گھوڑے / یونہی صحرا کے درمیان جو چرے
مذہب بو حنیفہ ہیگا یہی / یہ حدیث انکی ہی دلیل قوی
چرنیوالا جو ہووے ہر گھوڑا / ایک دینار دے زکات اسکا
اور جو گھوڑا جہاد کا ہوگا / نہین واجب زکات ہے اسکا
گر تجارت کے ہو تو دیوی زکات / ہوئی ثابت حدیث سے یہ بات
آب باران سے اور چشمہ سے / ہووے غلات اور جو میوے
پانی جو ہاتہ سے دیا جاوے / بیسوان حصہ دیجئے اس سے
اور یہ تھی عادت رسول خدا / شخص کوئی زکات جب لاتا

خُذْ مِنْ اَمْوَالِهِمْ صَدَقَةً تُطَهِّرُهُمْ وَتُزَكِّيهِمْ بِهَا وَصَلِّ عَلَيْهِمْ

اور پورے ہووے اکیسو ہون جب / تین بچھڑے دو زکات دیوے تب
اور جب ایک سو پر دس ہو / ایک سالہ دین ایک و دو سالہ دو
یا کہ دو دو برس کے دیوے تین / پس بطابقہ ہمہ برین آئین
بے کم و بیش کرتے جاوین زیاد / اور یہ تفصیل خوب رکھین یاد
دس کو دو اور پانزدہ کو تین / جس کو چار بکریان ہین یقین
سال دسرا ہوا ہے آغاز / ہیگا چھتیس تک یہی انداز
اور چھیالیس کو وہ جب پہنچین / اونٹنی تین سال کی ایک دین
اور چہتر عدد کو جب پہنچے / دیوین دو دو برس کے دو ناقے
ناقہ تین تین سالہ دو / دیوین اسکا زکات ای خوش خو
پھر اسیطرح سے بہر پچیس / اونٹنی اک برس کی دیوین انیس
ایک سو نود اور شش سے لے / پورے دو سو تلک سمجھ لیجے
بعد دو سو کے پھر کہ پانچ سے ہی / کرین آغاز دہی ای بھائی
دیکہ یونہی حدیث مین آیا / یہی مذہب ہے بوحنیفہ کا
تو ہی واجب زکوٰۃ انکا یقین / گھر مین باندہی ہوے رہین تو نہین
تو ہی واجب زکوٰۃ انکا ای یار / ایک گھوڑے کو دیوے یک دینار
کہ روایت کیا ہی یون جابر / کہ کہے یون پیمبر فاخر
یا زکات اسکا دس درم دیوے / نقل کی اسکی دارقطنی نے
نین تجارت کے جو خر و خچر / نہین واجب زکات ہے اوپر

عشر کا بیان

حصہ اس سے دیا کرین دسوان / عشر کہتے ہین اسکو ای ذیشان
پہلے یہ دیکے بعد مزدوری / دیوین وہ کاٹنے وغیرہ کی
تو وہین اسکے حق مین کرتے دعا / چونکہ قرآن مین حکم یہ آیا
اور رہتے جو اونٹ صدقے کے / ہاتہ سے اپنے داغ کرتے تھے

اور نہ ہے یہی ہے توری کا
اور فضیلت مین صوم کے ہے خبر
کہ مرے واسطے ہی ہے روزہ
نیک روزہ مرے لئے ہیگا
ہو وہ چند نیک نام تعدد
اندر تعقب اسکی کیفیت جلا
کہ بلا واسطہ فرشتون کے
واسطے ہی ابیکے ہر حالت
اور بخاری کے درمیان ادا تفصیح
نیں اسیواسطے وہ رب جواد
اور بعضی محققون نے کہا
اس عمل کی اضافت اشرف
تھا سخا جود مصطفےٰ اکثر
ماہ رمضان کے تمام اوقات
شکر مین اسکے آپ بھی ذرات
عرض قرآن اپنے سب کرتے
اپنی تحصیل صحبت مسلما
اور قرآن پاک کی ترتیل
لوح محفوظ سے وہان کامل
اور رمضان کی پہلی شب ہی فہیم
تیرہوین شب مین جانئے انجیل
اور تھی عادت رسول کی تعجیل
اور کرتے تھے سحر مین تاخیر

ٹوٹے غیبت سے بالیقین روزہ
ہین حدیث صحیح آئے بخبر
اور دیتا ہون مین ہی اسکی جزا
ہین جزا اسکی آپ کو ہونگا
لکرانکا جو صوم ہے اتحد
ہو وہی آزی جانتا تم پیر سوا
[illegible]
پھر جو روزہ کی ہی خصوصیت
آئی ہی دیکھو یہ حدیث صحیح
صوم کے باب مین کیا ارشاد
کھانے پینے سے اصل استغنا
حقتعالیٰ کیا ہی اپنے طرف
خاص رمضان مین تھا زیادہ تر
رکھتے معمور جاگنیون رات
کرتے انواع ذکر اور طاعات
یعنے قرآن انہین سناتے تھے
کسب خیرات بھی ہی بس اولے
شہر رمضان مین ہوئی تنزیل
ہوا قرآن یا صحفا نازل
ہوئی نازل صحف براہیم
پائی عیسیٰ مسیح پر تنزیل
کرتے افطار صوم مین تعجیل
اور یہی حکم کرتے سب کو ای میر

بعض روزے ہی صوم مین باہو فساد
ہے بخاری مین یہ صحیح خبر
اور کہے حق کہا عمل جو کرے
ور مین یہ حدیث آئی
مخصوص بر ذاتی واسطے ہیگا
یا کسی کو بغیر شبہ و نظر
اور مولانے وہ جو فرمایا
محض تکریم صوم کے خاطر
کہ مرا بندہ چھوڑ آیا طعام
کہ ہی روزہ مرے لئے ہی بجا
ہی صفت حقکی اسے جب بندہ
الغرض صوم ہی عظیم الشان
اور ذکر تلاوت قرآن
خیر و برکات طرح طرح کے جب
اور ہر شب مین ماہ رمضان کے
ایمن تنبیہ ہی یہ ای فیروز
دوسرا سال جب تھا ہجرت سے
یعنے جو آسمان ہے پہلا
پھر بتدریج حسب حاجت ہان
اور رمضانکی ہی چھٹوین رات
رات جو بیسوین تھی رمضانکی
یعنے جسدم یقین ہو کے خوب
کرتے تھے چند چھوہرے افطار

فضیلت روزۂ رمضان

نیک اسکا ثواب ہو برباد
کہے حضرت کہ یون کہا داور
ابن آدم جو ہے اسی کے لئے
کہ ہر اک نیکی ابن آدم کی
دونگا مین یقین اسکی جزا
ہمین کرتا ہون [illegible] اسپر
کہ مرے واسطے ہی ہے روزہ
آئی ہے اس طرح یہ ای فاخر
واسطے میرے شہوت اپنی تمام
مین ہی دونگا یقین اسکی جزا
ڈھونڈو اس کی تقریب دگر
خاصکر فرض روزہ رمضان
اعتکاف و نماز بھی ایجان
ان مہینے مین بھیجے لطف سے رب
جبرئیل امین سے ملتے تھے
کہ مبارک جب آوی شب یا روز
حق کیا فرض روزے رمضان کے
بیت عزت ہی ایمن جو کہا
اترا دنیا مین جان سب قرآن
اتری موسیٰ کلیم پر تورات
ہوئی تنزیل پاک قرآن کی
کہ ہوا اب ہی آفتاب غروب
پاکے گھونٹ آب سے سالار

رمضان [illegible] صحف [illegible] و قرآن [illegible] نزول

وقت افطار کرتے تھے یہ دعا
مستحب ہے دعا وہ وقت بجا

اَللّٰھُمَّ لَکَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ

فحش غیبت سے اور لڑائی سے
روزہ دارونکو منع فرماتے

اور افطار صوم کے درمیان
کرتے دونوں کو بھی مخیر جان

مالک و بو حنیفہ نیک سیر
اور دوسرے ائمہ اکثر

روزہ افضل ہے اسکے حقمیں بجا
ورنہ افطار ہے صحیح اولے

اور حجامت بھی انکو کرواتے
بیٹھے وہ سنگھیاں لگائی تھے

منع مسواک و اکتحال اپر
آئی رمضان میں نہیں صحیح خبر

کرتے رمضان میں گر سفر ای یار
رکھتے روزہ کبھی کبھی افطار

اور یہی اختلاف اسمیں ای یار
روزہ افضل سفر میں یا افطار

بولتے ہیں کہ جسکو طاقت ہو
نہ مشقت ہو اور نہ مضرت ہو

اور رمضان میں وہ شہ لولاک
انکو کرتے تھے جانیو مسواک

ناک اور منہ میں پانی جب دیتے
نہیں اس میں مبالغہ کرتے

بو حنیفہ کے پاس ای مسلمان
انکو رمضان میں وہ ہیگا جوان

صیام نافلہ کا بیان

اور رسول اللہ نافلہ روزے
پے بہ پے اسقدر رکھا کرتے

اور پیالی کبھی وہ سرور دین
کرتے افطار اسقدر ای امین

پر کوی ماہ نفل روزے سے
نہیں خالی وہ چھوڑ دیتے تھے

اور کرتے تھے وہ بڑی تاکید
صوم ایام بیض پر ای سعید

روز دوشنبہ اور پنجشنبہ
اور رکھتے تھے صوم عاشورہ

لیک پھر تا بسال آیندہ
نہیں وہ شاہ دین رہے زندہ

نہیں ایام اس سے کوی افضل
کہ ہو افضل انمین نیک عمل

ماہ شوال میں بھی چھو روزے
سرور انبیا رکھا کرتے

ایک رمضان میں جیکہ فوت ہوا
ماہ شوال میں کیے ہیں قضا

اور کیے اعتکاف ای فاخر
یارسیوم لعشرہ آخر

آخر عمر تک بھی وہ سرور
کیے بیشک مواظبت اسپر

کبھی رکھتے سر ریز بھی لاکر
اور بچھاتے تھے فرش بھی اسپر

اور یکبار ہر برس قرآن
شہ سناتے تھے جبرئیل کو جان

یون صحابہ گمان کرتے ای یار
کہ نہ حضرت کرینگے پھر افطار

کہ صحابہ گمان کرتے تھے
نہیں حضرت رکھینگے پھر روزے

پس ہے سنت کہ ہر مہینے مین
روزہ رکھیں ہی خالی نا چھوڑین

اہتمام ان کا اسقدر کرتے
کہ سفر میں بھی آپ رکھتے تھے

اور کہے زندہ گر رہونگا مین
روزہ نوین کا بھی رکھونگا مین

پہلے عشرہ میں ماہ ذوالحج کے
روزہ رکھتے تھے اور فرماتے

روزہ عرفے کا رکھتے وہ سالا
حج میں ہتے تو کرتے تھے افطار

اور حضرت ہر ایک رمضان
کرتے مسجد میں اعتکاف بیان

کیے یکبار پہلے عشرے مین
دوسری بار دوسرے عشرے مین

اور معلوم یہ ہوا ای جب
اسی عشرہ میں ہیگی قدر کی شب

اور حضرت کے اعتکاف لیے
جا تو مسجد میں خیمہ دیتے تھے

رہتے ہر سال معتکف دس روز
آخر سال بست دن فیروز

آخر سال میں اگر اے یار
وہ سنائے ہیں جانیے دوبار

روزہ ایام بیض

روزہ عرفہ

ستہ شوال

اعتکاف

نماز تراویح کا بیان

گرچہ بعضوں نے مستحب ہی کہا
پر ہدایہ میں اسطرح ہے لکھا

اور نماز تراویح ای ذیشان
ہی یقین سنت مؤکدہ جان

کہ صحیح ہے یہی ای [illegible] پیلے
وہ یقین سنت مؤکدہ ہی

کہ روایت کیا ہی لوہی حسن
کئے اسپر مواظبت یہ ضرور
پڑہی مسجد مین یہ نماز بکرات
جمع آئی ہین تیسری شب ہی
پر نہ آیا مین اسلئے ہی یقین
ماہ رمضان مین ایکشب جا کے
کہے ان سب کو ایک قاری پر
اور جب آکے دیکھی دوسری رات
اسکے راوی ہین سب ثقہ والے
کہے حضرت کہ آپ پر لازم
پس خلیفو نسے جو کہ ثابت ہو
ہی صحیحین مین یہ اینک خصال
کہی اس ماہ دوسرے ماہ مین بھی
کہ تھی رمضان مین رسول خدا

بو حنیفہ سے ویکہ ای ہمن
فعل انکا ہی سنت مشہور
مصطفےٰ لوگ بھی تھی آپکے سات
پر نہ تشریف لیگئے مین نبیؐ
کہ نہو جاوے فرض تم پہ کہین
مسجد با صفا مین جب دیکھے
گر کرون جمع مین تو ہے بہتر
کوئی پڑہتی ہین سب اور بعض کے سات
اور کہا ترمذی صحیح اسے
کرو سنت کو میرے تم دائم
ہی بلا اشتباہ سنت او
کیا بوسلمہ عائشہ سے سوال
پڑہتی با وتر گیارہ رکعت ہی
بیس رکعات پڑہتے وتر سوا

اور اسکی ہی دلیل لکھا
اور صحیحین بیچ ای بھائی
اور پڑہے دوسری رات آئی جاکے
اور صحابہ سے صبح کو یہ کہے
اور ہی فتح القدیر مین ای پسر
بعضے پڑہتے تھے منفرد یہ نماز
پس آئے ابن کعب بولے
خوش ہوے انکو دیکھکر دلیا
بعد اسکے کیا ہی ابن ہمام
اور خلیفونکی میرے سنت کو
اور تراویح کے رکعتو نمین بھی
کہ نبی دیتا اسی رمضان
اور طبرانی بیہقی بغوی
گفتگو اس حدیث مین ہی رہے

کہ پیمبر کے جو ہوے خلفا
یہ حدیث عائشہ سے ہے آئی
تو بہت لوگ سات آپکے تھے
کہ مین جانا ہون جو تم مین کئے
کہ خلافت کیے بیچ اپنے عمرؓ
بعض دس شخص ساتھ ای مسلمان
سات نے انکو سب نماز پڑہے
نعمت البدعۃ کہے ہذا
اسی فتح القدیر مین ارقام
لازم اپنے اوپر ہمیشہ کرو
آیا ہی اختلاف ای بھائی
پڑہتے کیسی نماز کیجے بیان
ابن عباس سے ہین یون روی
بعضے اسکے تئین ضعیف کہے

حدیث علیکم بسنتی وسنت خلفاء الراشدین
اس حدیث کا اصل راوی ابن ابی شیبہ ہے ۱۲
بلکہ خود حضرت علیؓ نے بیس رکعت کی امامت کی ہے ۱۲
امام مالک جنکی ہر حدیث مرسل و منقطع کو متصل کرچکے ہین ۱۲

ف مولانا شاہ عبد العزیز محدث دہلوی اپنے فتوے مین و دیگر محققین علم حدیث وفقہ نے تحقیق کی ہے بی بی عائشہ کی وہ حدیث آٹھ رکعت کی ابن عباس کی حدیث بیس رکعت معارض نہین ہوسکتی کیونکہ بی بی نے شبکی نماز وتر سے یعنے صلوٰۃ اللیل سے خبر دی اور عرف شرع مین صلوٰۃ اللیل تہجد کو کہتے ہین یس حضرت کی جو نماز شب کے رمضان وغیر رمضان مین برابر تھی سو وہ نماز تہجد ہے اور ابن عباس تراویح سے خبر دیتے ہین جسکو عرف شرع مین قیام رمضان کہتے ہین اور یہ وہ اور یس ہر دو روایت مین تعارض نہین فافہم۔ اور ابن عباس کی حدیث کا راوی ابن ابی شیبہ ہے جسے بعض محدثین نے جو ضعیف کہا اسکا ضعف ایسا نہین کہ اسکی روایت مطروح ہو وبس۔ الحاصل علے الاختلاف حضرت کی سنت سے اور باتفاق خلفای راشدین وصحابہ کی سنت سے بیس رکعت کی جماعت اہل سنت کے پاس ثبوت کو پہنچی اگر برابر بیس رکعت پڑہین حضرت کی اور خلفا وصحابہ کی ہر دو سنت ادا ہوتی ہین جو ہر دو سنت ادا کرنے کا ہمکو حدیث مین حکم آیا ہے ۱۲ منہ

کہا ابن ہمام اے بھائی
کہ بعہد عمر بن الخطاب

بیس رکعت عمر سے ہین مروی
پڑہتے تئیس رکعتین اصحاب

اور موطا مین ابن رومان سے
یعنے تھے تین وتر کے ایمان

یہ روایت بھی آئی ہے سنئے
اور تراویح بیس رکعت جان

لایا سائب بن یزید سے یہی | بیہقی نے حدیث ایسی ہی
کہ تو لوگون کو اپنے لیکر ساتھ | پڑہ تراویح بیس اب رکعات
اور ابی ابن کعب عالی شان | شہر طیبہ مین درمہ رمضان
اور حارث بھی لوگ کو لے ساتھ | پڑہا کرتا تھا بیس ہی رکعات
خلفا جسکہ بیس ہی رکعت | پڑہتے تھے ہر وہ بیگمان سنت
بیس سے آٹھ رکعتین سنت | باقی بارہ اہین مستحب رکعت
بعد حضرت کے آپکے خلفا | بیس رکعت ہی جب پڑہے ہین سدا
کہ خلیفون کی چال کو لازم | کرنے مامور ہم ہین از خاتم
چار رکعت کے دو دو گانے پڑہین | بیٹھین مقدار اسکے راحت لین
اور سوا ماہ پاک رمضان کے | نہ پڑہے وتر بھی جماعت سے

کتاب الحج

اور عمرہ کیا جائے معا | ہی زیادہ لغت مین ای دانا
شرع مین اسکو کہتے ہین عمرہ | کہ ہین افعال چند مخصوصہ
یعنے درمیان صفا و مروہ کے | دوڑنا بولتے ہین سعی اُسے
اور ایام حج مقرر ہین | لیک عمرے کے دن مقرر ہین
اور جو مومن ہو بالغ و آزاد | مرد و زن تندرست صاحب زاد
اور سواری و امن راہ ای یار | فرض حج اسپہ عمر مین یکبار
یہ نہین شرط شافعی کے یہان | ہی دلیل اسکی آیۂ قرآن
اور بلا شبہ حنفیہ کی دلیل | یہ حدیث صحیح ہے بتفصیل
اور بھی یون کہے خدا کے نبی | ابن عباس نے روایت کی
جب ہوا ہجرت سے جا نواول سال | حج کیا فرض قادر متعال
اسکو کہتے ہین حجۃ الاسلام | اور حج وداع بھی ای ہمام
لوگ اطراف اور جوانب سے | ہین مدینہ مین جمع آنے لگے

اور کہتا ہے ابن ابو شیبہ | کہ عمر نے کسی کو حکم کیا
اور ایک شخص کہ علی نے بھی | کیا بے شبہ حکم ایسا ہی
بیس ہی رکعتین پڑہا کرتا | تین رکعت بھی وتر پڑہتا تھا
وتر بھی تین رکعتین بخشوع | اور پڑہتا قنوت قبل رکوع
لیک سنت ہو وہ خلیفون کی | آٹھ رکعت ہی سنت نبوی
اس لئے بعض مستحب لکھے | اور سنت اسے لکھے بعضے
پس عمل در بلاد و عرب و عجم | ہی مقرر اسی پہ ای اکرم
لکھے فقہا کہ دس سلام کے ساتھ | پڑہنا سنت ہی بیس ہی رکعات
اور یہ ختم درمہ رمضان | بیس تراویح بیاہی سنت جان
ہوا روزے کا یہ بیان آخر | اب تو حج کے بیان سے ہو ماہر
معنی حج لغت مین قصد ہی جان | قصد کعبہ ہی شرع کے درمیان
کہ ہر حج پر زیادہ ای دلدار | فرض پر جون زیاد نفل نماز
یعنے احرام اور طواف ہی وہ | تیسرا فعل سعی ہے سمجھو
نہین عرفات مین کہڑا رہنا | کہ ہی وہ خاص حج مین ادا نا
بلکہ جب چاہیے تب کر وہ ادا | عمرہ ہے سنت رسول خدا
جانے آنیکا خرچ اسکا ہے | اور نفقہ عیال کا بھی رکھے
اور یہی شرط زنپہ ای اکرم | ساتھ ہو اسکا مرد یا محرم
مطلق حکم حج کا ہے آیا | ذکر نہین اسمین مرد و عورت کا
کہ نہ زن حج کے واسطے جاوے | پر کوی محرم اسکے ساتھ رہے
کہ کبھی کوی زن سفر نہ کرے | لیک ہمراہ اپنے محرم کے
فرض ہونیکے بعد حج ای یار | حج کئے شاہ انبیا یکبار
شاہ دین جبکہ حج کا عزم کئے | اور اعلام اسکا کروائے
ہی بقول صحیح انکا شمار | یک لک و بیست و چہار ہزار

جیسے فتح القدیر مین آیا ہے ۱۲ منہ

جیسے فتح القدیر مین لکھا ہے ۱۲ منہ

اور ابوہریرہ کی روایت مین آیا ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ جو عورت خدا پر اور آخرت پر ایمان لائی ہو بغیر محرم کے ایک شب بھی سفر نہ کرے اور دوسری حدیث مین آیا کہ تین میل کا سفر بغیر محرم کے نکرے ۱۲ منہ

حضرت حج وداع والے سال ایک لاکھ چوبیس ہزار اصحاب کے ساتھ تھے ۱۲

جسطرف ہو جہان ملک کہ نظر
غسل کر شاہِ دین شانہ کئے
اور مدینہ مین ظہر پڑھ نکلے
ناقۂ خاص پر سوار ہوے
تلبیہ کرتے کر بلند آواز
یونہی پر لیسے آکہے جبرئیل
اور دخول جنان بھی چاہتے تھے
نہ تو شقدف تھا اور نہ محمل تھا
ہود و صالح یہ ہر دو پیغمبر
اور پشمین عبا ازاران کے
جبکہ پہنچے یہ وادئی ارزق
اسی وادی سے ہین روان نہان
گویا موسیٰ کو دیکھتا ہون مین
کہ یہ پیغمبران جلیل الذات
گویا مین دیکھتا ہون جو کہ کہے
کہے بعضے کہ انبیائی کرام
کہے بعضے ہین زندہ قبر و مین
جو نکہ اسرا کی شب مین ہی نبی
کیا یہ بیداری کیا بعالم خواب
حضرت عایشہ کو تب ایجان
کہے سب دختران آدم پر
بعد کے کے جب قریب ہوے
جبکہ باب السلام پر پہنچے

نظر آتے تھے لوگ ہی اکثر
موئے اطہر کو روغن اپنے ملے
ذوالحلیفہ مین آکے جب پہنچے
جب اٹھی تلبیہ وہ پھر بھی کہے
سنتے تھے سب صحابہ نیک انداز
کہ کرین حکم یہ تحسین بعضیل
اور پناہ مانگتے تھے دوزخ سے
اور نہ ہودج تھا اور نہ تھا محفہ
اسی وادی مین جبکہ کرتے گزر
اور چادر گلیم کے رہتے
تب کہے وہ پیمبر برحق
تلبیہ بولتے ہین با آواز
کہ یہ وادی سے وہ اترتے ہین
حج کو آتے تھے جو بحین حیات
ہی وہ علم و یقین کامل سے
جبکہ زندہ قبور مین ہین تمام
اور جنت مین انکی ہین روحین
دیکھے موسیٰ کو قبر مین انکی
ایسی بے شبہ دیدہ ہو دریاب
وہان ظاہر ہوا ہی عذر زنان
حق رکھا ہی یہ حال درد کمر
سرور انبیا ہین غسل کئے
دیکھے کعبہ دعا یہ پڑھنے لگے

ہی روایت کہ روز شنبہ تھا
پہنے احرام کا لباس شریف
عصر پڑھ قصر باندھے ہین احرام
بعد لپشتہ پہ آئے جب للار
اور کئے حکم یون صحابہ کو
اور بھی بعد تلبیہ کے دعا
تھے سوار اونٹ پر جو شاہِ جہان
جبکہ پہنچے ہو وادی عسفان
سرخ دو اونٹ پر تھی رہتے سوا
تلبیہ حج کا تب وہ کہتے تھے
دیکھا موسیٰ کلیم کو مین نے
یہ روایت ہے جا تو مسلم کی
اور کرتے ہین تلبیہ وہ ادا
حال سے انکے وحی حضرت پر
کہے بعضے یہ حال سے بعوا ب
پس اگر حج کیواسطے آدین
متمثل جسد سے پس کر کے
کہ انھون تب نماز پڑھتے تھے
الغرض جب ہان سے آگے چلے
بی بی رونے لگین تو پوچھ رسول
سب عمل حاجیو نکے لا تو بجا
بعد خورشید جب بلند ہوا

اور پچیسوین ذیقعدہ
روئے باہر مکان سے تشریف
تلبیہ بھی کہے وہ شاہِ امام
پھر کہے تلبیہ مین تیسرے بار
اپنے آواز اب بلند کرو
کرتے اور جاہتے تھی حقکی رضا
تھا فقط اپنے کہنہ یک پالان
اسطرح مصطفےٰ کئے ہین بیان
لیف خرما سے انکی رہتی مہار
یہ ہے مروی امام احمد سے
رکھے کانو مین انگلیان اپنی
اور بخاری مین ہن ہرای بھائی
یہان کہتے ہین دیکھئے علما
آپ حضرت دیکھتے ہین اس سے خبر
دیکھی حضرت انھین بعالم خواب
نہین مانع ہے شک نہین اسمین
بھیجے مولا انھین جہان چاہے
آسمان پر بھی بعد ازان دیکھے
جاکے حضرت سرف مین پہنچے
کئے ظاہر وہ اپنا حال ملول
پر تیجیے طواف کعبے کا
راہ حجون سے آئے در مکہ

اَللّٰھُمَّ زِدْ بَیْتَکَ ھٰذَا تَعْظِیْمًا وَّتَشْرِیْفًا وَّتَکْرِیْمًا وَّمَھَابَۃً

ہے احرام باندھنے کے مقامات کو میقات کہتے ہین مدینہ والون کے واسطے ذوالحلیفہ اور شام والون کے واسطے جحفہ اور نجد والے کے لئے قرن اور یمن والون کے لئے یلملم مقرر ہے ان مقامون سے بغیر احرام کے آگے بڑھنا حرام ہے احرام باندھنے پر جماع اور جماع کا ذکر اور فحش کلام اور لڑائی جھگڑا نکرے اور خشکی کا شکار نکرے دریا کا شکار منع نہین۔ اور خوشبو لگانے اور سر اور منہ ڈھانپنے اور سر اور داڑھی کے بال منڈانا اور کترانے اور خوشبو رنگین کپڑے پہننے سے پرہیز کرے اور لباس نادوختہ ہے ۱۲۔

آئے جب مسجد حرام مین ہان — راست کعبے طرف ہوی ہین روان
جانو سنت ہے یہ طواف قدوم — اور طواف تحیۃ ای مخدوم
بولتے ہین سمجھ اسکو رمل — فتح سے میم کے ہی ای اکمل
اضطباع اسکو بولتے ہین جان — پہلے اشواط مین ہے یہ بھی پہچان
حجر اسود کے روبرو ہر بار — جبکہ آپہنچے وہ شاہ خیار
اور برکن یمانی جب پہنچے — ہاتھ یا چوب سے اشارہ کئے
حجر اسود کو بوسہ جب دیتے — منہ و لب اپنا اوپر تب رکھتے
کبھی پیشانی اسپر رکھتے تھے — حقکو سجدہ اسی پہ تب کرتے
اسکے بوسہ سے ذوق یک کامل — حشر تک عاشقوں کو ہی حاصل
تب پڑھی[1] مقام کی آیت — اور ادا ان کی ہین دو رکعت
پڑھی مسجد مین کوئی جا ای سلیم — پڑھی افضل مقام ابراہیم
اور فارغ نماز سے جو ہوئے — حجر اسود کو آکے بوسہ دئیے

اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ پھر کہا اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ

اور تکبیر تب کہی بے قیل — اور کہی تین بار یہ تہلیل[2]
بعد کوہ صفا سے اترے جان — کوہ مروہ طرف ہوئے ہین روان

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ اِنَّكَ الْاَعَزُّ الْاَكْرَمُ

اور گزرے ہین جبکہ وادی سے — تب وہ آہستگی سے چلنے لگے
اور ز مروہ سوی صفا آئے — اور مروہ پہ ختم سعی کئے
جو کہ کوہ صفا پہ ہین پڑھے — اور پیادہ ہی جانو سعی کئے
ازدحام انکا جب ہوا بسیار — اپنی ناقہ پہ تب ہوئے ہین سوار
شاہ فارغ ہوئے ہین سعی سے جب — حکم یون لوگ کو کئے ہین سب
بعضے اصحاب پر یہ تھا گران — آئی فرمائے تب وہ شاہ جہان
اور علی بھی یمن سے تب آئے — اونٹ اکثر ہدی کے ہین لائے

کعبۃ اللہ کا طواف کئے — حجر اسود پہ آکے بوسہ دئیے
پہلے سہ شوط مین کئی تعجیل — پاؤن نزدیک رکھتے تھے بقلیل
اپنے سینہ تجمل کے نیچے سے — چادر اپنی بدوش چپ ڈالے
آخری چار شوط مین ای یار — چلے آہستہ سید ابرار
ہاتھ مین چوب یک جو رکھتے تھے — بوسہ دیتے اشارہ کر اس سے
چوب یا اپنے ہاتھ کو بوسہ — دینا ثابت نہین ہے اس جگہ
کہتے بوسہ کے وقت بسم اللہ — اور اللہ اکبر اے آگاہ
للہ الحمد وہ مبارک لب — حجر اسود اوپر لگے ہون جب
یا فراغت طواف سے ای فہیم — پہنچے جب پر مقام ابراہیم
ہی زبعد طواف واجب جان — یہ دو رکعت یقین ہمارے یہان
فاتحہ قل یا پہلی رکعت مین — پڑھی اخلاص دوسری رکعت مین
وان سے کوہ صفا طرف آئے — اور یہ آیت پڑھی ہین پاس اسکے
بعد کوہ صفا اپر وہ چڑھے — منہ کو کعبے طرف بھی کرکے کھڑے
اور اسدم بہ بارگاہ خدا — بعد تہلیل[3] کرتے تھے یہ دعا
درمیانے صفا و مروہ کے — جانئے یہ دعا ہی پڑھتے تھے
اور آئی صفا سے جب نیچے — تب رسول کریم سعی کئے
ادر صفا سے یقین سوی مروہ — ہین گئے سات بار ای آگہ
جبکہ مروہ پہ پہنچتے آکے — وہی اذکار اور دعا پڑھتے
سعی کرنے جو لوگ آئے تھے — اور حضرت کو دیکھنے کے لئے
لوگ کہتے تھے کرکے یہ نگاہ — یہ محمد ہے یہ رسول اللہ
ساتھ جس کے ہدی اونٹ نہو — اب ز احرام باہر آوے او
گر نہ ہمراہ ہوتے میرے ہدی — آتا احرام سے برون مین بھی
جب نبی لائے اور علی لائے — جملہ وہ ایکسو ہین اونٹ ہوئے

[1] وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى ۱۲

[2] لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ صَدَقَ وَعْدَهُ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهُ ۱۲

[3] اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ مُوجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ اِثْمٍ اَللّٰهُمَّ لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا اِلَّا فَرَّجْتَهُ وَلَا كَرْبًا اِلَّا كَشَفْتَهُ وَلَا حَاجَةً مِنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا قَضَيْتَهَا ۱۲

پوچھے حضرت ہے کیا تری نیت
پس بلا شبہ تو بھی ای سالم
بعضے اپنے سرون کو منڈوا آئے
اور قدوم شریف حضرت سے
لوگ احرام سے جو نکلے تھے
شب گزاری وہین رسول خدا
بعضے کہتے تھے تلبیہ ای میر
قبۂ خاص سرور اکوان
جب ڈھلا آفتاب شاہ خیار
اسمین حضرت قواعد اسلام
سکو باطل وہ کردئیے یکسان
سکو باطل کئے بھی فرمائے
اور کئے حق ہر وزنکا بیان
اور فرمائے اسطرح ای عزیز
بعد فرمائے یون صحابہ سے
پوتو تم کیا گواہی دوگے تب
اور حق جو کہ تھا نصیحت کا
ان سے باتین سنے ہین جب یہ نبی
بعد فرمائے ای الہا تو
اور اسنے یہ چیز ہے دسری
بعد فرمائے حاضران جو سنے
خبر تھا اسمین بیکے نوش کئے
گرچہ سنت ہے روزہ عرفے کا

کہے جو کچہ ہو آپ کی نیت
اپنے احرام پر رہی رہ قایم
اور بعضے ہین بال کترائے
جانئے جبکہ چار دن گزرے
پھر وے احرام حج کا تب باندھے
دسرے دن مہر جب بلند ہوا
بعضے اصحاب کہتے تھے تکبیر
حکم سے آپکے دئیے تھے وہان
مرکب خاص پر ہو اسوار
کئے تاکید سے بیان تمام
کوئی تا اسکا پھر ہو تو اوہان
لایا ہین انکو پاؤن کے نیچے
تا بجا لاوے سب زنان مردان
کہ تمھارے مین چھوڑا ہون اک چیز
حشر مین تم سے گر خدا پوچھے
تب کئے عرض یون صحابہ سب
اور دعوت کا اور رسالت کا
اپنی انگشت تب شہادت کی
تین چیزین یہ ایسی ہین جانو
خیر خواہی بھائی مومن کی
جاکے وہ غائبون کو پہنچا دے
اسطرح پر کہ لوگ سب دیکھے
اہل عرفہ کو ترک بھی ہے روا

کہے احرام حج مین باندھا ہون
اور ہدی جو نہ لائی تھے آخر
حق مین انکے دعا کئے سالار
روز پنجشنبہ تھا بوقت ضحی
جا منا مین نبی نزول کئے
تب منا سے چلے سوی عرفات
اور ہی عرفات کے قریب کیجا
اوسمین ترے ہین پڑے ہین وہین
بطن وادی کے درمیان آئے
جاہلیت کے خون کا بدلہ
اور بنیاد ترک کفر کی شوم
یعنے ان سکو مین نے خوار کیا
اور وصیت کئے کہ با عورات
جنگ گر اسکے سات مارو گے
کہ کیا مین معاملہ کیسا
تا ہدی ہم یہ پوچھینگے احکام
اور امانت کئے ہین آپ ادا
آسمان کے طرف اٹھا ای یار
کرین یہ شبہ صاف سینے کو
اہل اسلام کی جماعت کا
تب جو عرفات مین کھڑے تھے نبی
سمجھے صائم نہ آج ہین حضرت
کہ کہین ضعف انکو ای تو سمجھو

اور ہدی اپنے سات لایا ہون
آئے احرام سے وہ سب باہر
انکو سہ بار اور انھین یکبار
آئے سوی نماشہ والا
ظہر اور عصر کی نماز پڑھے
تھے صحابہ بہت سے آپ کے سات
نمرہ نام ہے وہ جاگہ کا
جمعہ کے دن نماز صبح یقین
اور اک خطبۂ بلیغ پڑھے
جاہلیت کے سود کا دعوی
جاہلیت کی عادت اور رسوم
سبکے زیر قدم کھندل ڈالا
پیش آوین سلوک نیک کے سات
کبھی گمراہ تم نہ ہوؤ گے
زندگانی مین تم سے کیسی کیا
حق کے پہنچائے آپ ہمکو تمام
اور کئے ہین جہاد بہر خدا
کہے یارب گواہ رہو سہ بار
ایک اخلاص ہے عمل مین سنو
تیسری چیز ہے لزوم بجا
فتح یک ام فضل ہے بھیجی
جانے وہ عدم صوم کی رخصت
دسری کا ہون سے تا نہ مانع ہو

بعد مرکب سے اترے وہین فی الحال ۔ کہا بانگ و اقامت آکے بلال
یک اذان اور دو اقامت سے ۔ ظہر اور عصر جمع قصر پڑہے
درمیان آپ دو نمازون کے ۔ دوسرے نفل و سنتین نہ پڑہے
اور بعد نماز ہو کے سوار ۔ آئے عرفات پر وہ شاہ خیار
اونٹ پر رو بقبلہ تب ہوے ۔ لگے کرنے دعا تضرع سے
اور اس روز کے دعا مین کثیر ۔ آئے ہین جو بہت طویل و قصیر
کہے حضرت کہ بہترین دعا ۔ پڑہی اگلے نبی بھی مین جو چڑہا
روز عرفے کے وہ دعائے مجید ۔ ہے بلا شبہ کلمۂ توحید
اور الیوم آیت قرآن ۔ اتری عرفات پہ اسیدن جان
دین کی تکمیل کی بشارت ہی ۔ وہی اتری اخیر آیت ہے
اور احادیث ہین آئی صحیح ۔ روز عرفے کے فضل بیچ صریح
ہی ازانجملہ یہ حدیث ایجان ۔ خوار تر اور حقیر تر شیطان
اور بہت کھائیو الا غصے کا ۔ کھائیو الا بھی درد و غم کا بڑا
نہین دیکھا گیا ہے کوئی روز ۔ جیسے عرفے کے روز مین پر سوز
کیونکہ اس دن نزول رحمت کا ۔ جو کہ ہووے زیارگاہ خدا
نبی آدم کے بھی گنہ ای فہیم ۔ بخشے اس روز جو غفور رحیم
دیکھ شیطان وہ غصہ کھاتا ہے ۔ اور بڑا بارِ غم اٹھاتا ہی
اور ایسا ہی روزِ بدر یقین ۔ جب صفوف ملک کو روح امین
کرتے ہے تجھے درست دریدان ۔ دیکھتے ہی یہ حال کو شیطان
یک بڑا پیچ و تاب کھایا ہے ۔ اور بارِ الم اٹھایا ہی
اور فرمائے سرورِ اکوان ۔ کہ وہ عرفے کے دن خدائے جہان
نبی آدم سے بیگمان و خطر ۔ فخر کرتا ہے سب فرشتون پر
اور کہتا ہی انسے ربِ جلیل ۔ دیکھو یہ میرے بندگان عقیل
ترک کر اپنے خانمان کے تئین ۔ اہل و اولاد کو بھی اپنے یقین
سر برہنہ غبار آلودہ ۔ اور کرتے ہوے وے ذکر مرا
میری درگاہ مین ہین آئے ۔ یعنے یہ میرے گھر کے حج کیلئے
انکو آزاد مین سقر سے کیا ۔ اور ان کو کرم سے بخشدیا
اور آئی حدیث خیر ورا ۔ سال مین کوئی دن نہین ایسا
نیک اعمال جسمین ہو بہتر ۔ عشرہ ذوالحج سے جانو فاصلتر
انسے یکدن کا روزہ ہی بصواب ۔ صوم یکسال سابقین و ریاب
اور ہر شب کی طاعت ایسی لیسے ۔ قدر کی شب کے دس برابر جان
اور ہی عرفہ کے روز کا روزہ ۔ دو برس کے گنہ کا کفارہ
اور آئی ہی حایتو یہ بھی بات ۔ کہ کھڑا ہووے جو کہ در عرفات
اور سمجھے کہ مین نہ بخشا گیا ۔ سو وہ بدبخت جانیو ہوگا
ایک ساعت بھی جو کہ ہوی کھڑا ۔ فرضیت حج کی اس سے ہووے ادا
ایک سنت ہی شام تک بھی قیام ۔ کہ کھڑے تا غروب شاہِ انام
اور بعد غروب ہو کے سوار ۔ چلے عرفات سے شہ ابرار
تکبیر بولتے تھے وہ در رہ ۔ آکے پہنچے ہین جب بہ مزدلفہ
ابھی اونٹونکو نہین بٹھائے تھی ۔ اور سامان نہین اتاری تھے
با اذان و اقامت ای بھائی ۔ پڑہے حضرت نماز مغرب کی
بعد سامان اتاری وی سب کا ۔ با اقامت پڑہی نماز عشاء
فرض مغرب کے اور عشاکے ہین ۔ نہ پڑہے اور نماز کوی بیچ مین
سوئی پھر صبح کی نماز لئے ۔ اٹھی اور وقت اول اسکو پڑہا ہے
بعد ہو کر سوار خیر ورا ۔ ہین کھڑے مشعر حرام مین آ
اور قبلے کے طرف منہ کرکے ۔ لگے کرنے دعا تضرع سے
اور عرفے کے رات مین حضرت ۔ چاہی تھے حق سے بخشش امت

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ الآیہ

فضیلت روز عرفہ

ع مشعر حرام ایک ٹیلہ ہے مزدلفہ کے درمیان ۱۲

کہا مولا کہ سب کو مین بخشا / لیک ظالم کو مین نہ بخشونگا
بہر مظلوم اس کو پکڑون گا / پھر کیے عرض یون رسول خدا

کہ تو قادر ہے اسپہ چاہی اگر / بھیجے مظلوم کو بہشت اندر
اور ظالم کو بخشدیوے رب / نہین اس کا جواب آیا تب

اور رکھے صبح جب مزدلفہ / اور رکھو وہی کئے ہین دعا
درگہہ حق سے تب جواب آیا / یہ دعا تیری ہین قبول کیا

ناگہان شاہ دین ہنسنے لگے / ابو بکر و عمر بھی جب کہے
یون کہے آپ پر ای شاہ ہدا / پدر و مادر ہمارے ہوون فدا

رکھے خندان ہمیشہ آپ کو رب / کیا ہی فرمائے ہنسی کا سبب
کہے ابلیس دون عدو اللہ / جبکہ اسبات سے ہوا آگاہ

کہ دعا میری حق قبول کیا / اور امت کو میرے بخشدیا
خاک وہ اپنے سر پہ ہے ڈالا / اور کرنے لگا ہے واویلا

دیکھ یہ جزع و فزع اب اسکا / جانو بے اختیار ہین ہنسا
اور مدارج مین یہ لکھا رکھو یاد / کہ امت وہی ہین لوگ مراد

تب جو عرفات مین کئی تھے قیام / حق نے بخشا کرم سے انکو تمام
الغرض پھر نبی رکھے مقبل / شغل تکبیر و ذکر اور تہلیل

اور قریب طلوع مہر ای جان / شہ منا کے طرف ہوے ہین روان
اور اسوقت فضل بن عباس / اونٹ پر تھا ردیف خیر الناس

اسکو اثنای راہ حکم کئے / کہ اٹھا لیوے رہ سے سنگریزے
تا کہ رمی جمار ان سے کرے / اور وہان سے چلے ہین جب آگے

بنی خثعم سے ایک زن آئی / وہ بہت خوبرو جمیلہ تھی
اور کہی پدر میرا بوڑھا ہی / اونٹ پر چڑھ نہین وہ سکتا ہی

اسکے جانب سے یا رسول خدا / کیا منا سک کرون مین حج کے ادا
شاہ فرمائے ہان ادا کیجے / اور وہ پوچھی جب آکے حضرت سے

فضل عباس اور وہ زن یار / ایک دیگر کو دیکھے جب ناچار
فضل بھی تھا جمیل اور گورا / اور خوش رو حسین خوش تھا

فضل کے منہ کے آگے پھیرا / ہاتھ سے اپنے تب کئے پردا
ایک سرے پہ تا نظر نہ کرے / اور شیطان کے وسوسے سے بچے

پس بزرگو تکو یونہی ہو ضرور / حفظ اتباع اپنے تا مقدور
اور اسی رہ مین پیرزن دسری / آملی اور یون سوال ہے کی

ناتوان ہی بہت مری مادر / باندھون گر اونٹ پر ہی جانکا خطر
اسکے جانب سے یا پیمبر رب / کہو کیا حج ادا کرون مین اب

کہے حضرت کہ دین گر ہوگا / مان پہ اپنے ادا کرے یا نہ
عرض کی وہ کہ ہان کرونگی ادا / اسکو فرمائے تب رسول خدا

اسکے جانب سے کیجے حج بھی ادا / کہ یہ دین خدا ہے دین خدا
ہی سند یہ حدیث ای دلبر / کہ نیابت روا ہے حج اندر

اور اس مسئلے مین ہے تفصیل / ہی وہ مذکور فقہ مین بے قیل
اور آگے روان ہوے سرور / پہنچے جب وادی محسر پر

جلد گزرے وہان سے ہشیار / کیونکہ اسہی مقام پر قہار
کیا اصحاب فیل کو مقہور / کرتے ایسی جگہ سے جلد عبور

جونکہ سفر تبوک مین بھی نبی / گزرے قریہ سے لوط کے یونہی
بعد عقبات پر رسول خدا / جبکہ پہنچے ہین آ بوقت ضحی

کئے اسجائی پر بھی رمی جمار / پس کئے قطع تلبیہ سالار
بعد منزل طرف پھری ہین منا / مسجد خیف کے قریب یقین

ہی وہ مسجد بڑی منا مین جان / صحن مین اسکے ہی نبی کا مکان
جب وہ منزل مین مصطفے پہنچے / وہان یک خطبہ بلیغ پڑھے

ایک روایت مین آیا ہے کہ حضرت نے فضل بن عباس کی گردن مین پیچ دئے عباس کہے یا رسول اللہ کیلئے پیچ دئے آپنے ابن عم کو فرمایا کہ مین نے جوان مرد اور جوان عورت کو دیکھا پس انپر وسواس شیطانی سے ایمن نہوا ۱۲

خیف خا معجمہ کے فتح اور سکون یا سے ہے ۱۲ مدارج

نصائح وداعی آنحضرت

تھے ہزار وان سے لوگ پیر و جوان
دور و نزدیک جو سنے یکسان
اور کہے ہے قریب ای مردم
پس رہو ہوشیار اور آگاہ
تم کو پہنچا دیا ہے اب مین نے
اور کہے حاضرین یہ احکام
اور کئے علم سب کو نیز ورا
اور فرمائے بعد از ان سبکو
اور تمھارے جو رب کی ہے جنت
ساٹھ پر تین اونٹ تب ای یار
تب دیے سب اونٹ ای نکو انجام
اونٹ سینتیس دے علی کو تب
ساتھ لیکر علی کو نوش کئے
وہ اجیرون کے مزد مین مت دے
اور دو گوسفند بھی ذبح کئے
بعد حلاق کو بلا سرور
مین جنان اسیر مین آذیشان
اور کئے ہین طواف بیت اللہ
بعد آئے ہین چاہ زمزم پاس
انکو فرمائے کھینچا مین بھی
بعد میرے کرین ہجوم بڑا
اسلئے مین نہین یہ کام کیا
اور کئے یہ طواف رہکے سوار

دور و نزدیک سب نے یکسان
تھی یہ اعجاز احمدی کی نشان
اپنے رب سے یقین ملوگے تم
بعد میرے نہ ہووے تم گمراہ
حکم پروردگار کا اپنے
سنکے پہنچا دین غائبین کو تمام
کرین سمع و اطاعت امرا
پہنچکا تب سے اتمام پڑھو
ہووے افضل تم اسمین یا فرحت
عمر والا کئے ساتھ کے تعداد
ایک پر ایک کرتے تھے اقدام
کہے اب نحر کرو ان کو سب
پھر علی کو یہ حکم فرمائے
مزد اپنے طرف سے ہی دیجے
جبکہ فارغ وہ نحر سے ہین ہوے
حلق کروائے اپنی موی سر
دیکھ تفصیل سے لکھا یہ بیان
فرض ہے یہ طواف ای آگہ
دیکھے ہین اس مقام پر عباس
کرتا تائید اس سقایت کی
تا یہ سنت کرین ضرور ادا
ورنہ البتہ مین کیا ہوتا
کیونکہ تب ازدحام تھا بسیار

بلکہ خیمون مین لوگ تھے جو دور
نحر کے دن کی فضل اور حرمت
درگہ حق مین جبکہ آؤگے
اور احکام چند شہ پاک
بعد ان کے کہے رسول اللہ
سیکھو حج کے مناسک ای تبیر
جب تلک ہو یہ پڑہین کتاب خدا
اور رمضان کی رکھو روزے بھی
اور امت کو سب وداع کئے
سرور دین نے راہ مین تھکے
پاس حضرت کے روز آتے تھے
اور ہر ہر سے گوشت تھوڑا لے
پوست اور جھول ونٹ کے یکسر
اپنی ازواج کے طرف سے بھی
کر دیے سارے لوگ کو اعلام
اور ناخن کی بھی کرا تقسیم
بعد آگے زوال کے ای شریف
ہی طواف زیارت اسکا نام
اور اولاد آپکے پاک نصاب
لیک ہو جاوے کام یہ سنت
پس یہ منصب جو ہی سقایت کا
آپ بیک لو تب دیے پیش کئے
یا کہ سب لوگ آپ کو دیکھین

سب سے خوب تر بغیر قصور
اسمین اعلام کر دئے حضرت
اپنے عملو نسے پوچھے جاؤگے
کہے آگاہ تم رہو یکسر
رہ تو اب یا الٰہی اسپہ گواہ
کہ نہ تب اور حج کو آؤن مگر
نہ مخالف ہون شرع کے حاشا
اور اطاعت کرو امیرون کی
بعد منحر کے درمیان آئے
دست اطہر سے اپنے نحر کئے
پہلے تا آپ کو ہی نحر کرے
حکم والا سے جبکہ پکوائے
کیجے تقسیم اب مساکین پر
نکا دو قربان کئے ہین ایک نبیؐ
کہ ہی منحر زمین منا کی تمام
ناخن و موی کر دئے تقسیم
لائے مکے مین مصطفےٰ تشریف
اور طواف افاضہ بھی ای ہمام
کھینچے ہین وہ چاہ پاک سے آب
لوگ تب کرکے میری تبعیت
ہاتھ سے تب تمھارے جاویگا
نوش حضرت کئے کھڑا رہکے
اور طواف آپ سے وی سب سیکھین

پس وہ سوقت آئے سوی منا
اور کئے ہین نماز ظہر ادا
دوسرے دن تا زوال ٹھہرے وہین
کئے ہین انتظار سرور دین
آئے ہین سوئے جمرۂ[1] اولےٰ
اور رمئی جمار کرکے ادا
اور کئے اس قدر دراز دعا
کہ پڑھا جائے سورۂ بقرا
دست چپ پر بھی چند گام آگئے
آکھڑے درمیان وادی کے
اور کعبے کو دست چپ پیکر
اور منا کو بھی دست راست اپر
اور منا سے نکلنے بیچ بیار
نہین جلدی کئے وہ شاہ خیار
اس جگہ سے نکل کے پیغمبرؐ
آئے ہین وادی محصب[2] پر
ظہر اور عصر مغرب اور عشا
چارون اسدن وہین ہین کئے ادا
ہوکے اسوار شاہ کون و مکان
شہر مکہ طرف ہوی ہین روان
وہان نماز طواف دو رکعت
جانیو تب ادا کئے حضرت
عبد رحمان انکے بھائی کے سات
حکم دے بھیجے شاہ موجودات
ابھی باقی تھی شب کہ فارغ ہو
آئے ہین وہ وادی محصب کو
اور وقت وداع شاہ ہدا
گئے در ملتزم[3] کھڑے ہو دعا
چاہ زمزم پہ بعد ازان آئے
آپ یک دلو آپ ہی کھینچے
پھر بوقت وداع وہ گریان
پیچھے پیچھے ہٹتے ہوسے ہین آئی جان
بعد اس کے برابر کعبہ
گئے حضرت نماز صبح ادا
اور بعد نماز ای ذیشان
ہوئے حضرت سوی مدینہ روان
جو وصایا وہان کئے ہین رسولؐ
جانیو ہے بیان اس کا طول
ذو الحلیفہ مین آکے پہنچے جب
سرور دین وہین گزارے شب
آتے تھے جب سفر سے شاہ ہدا
تو مدینے مین آتے وقت ضحیٰ
کیا کامل جو دین کو مولا
اور نعمت بھی جو تمام کیا
اور لایا جو خیریت سے رب
شکر کرنے لگے ہین اسکا تب

اور وہ روز روز نحر کا تھا
سب گزاری وہین رسول خدا
جبکہ خورشید کا زوال ہوا
ظہر کے آگئے تب وہ شاہ ہدا
بڑھکے اس جا سے آگے چند قدم
رو بقبلہ کھڑے رہے اوسدم
بعد آئے بجمرۂ وسطےٰ
اور رمئی جمار کر اس جا
اور وہان بھی کئے ہین طول دعا
آئے پس پیش جمرۃ العقبہ
اور رمئی جمار وان کرکے
بے توقف تھی وہان بھرے
بلکہ سہ دن کئے تمام وہان
روز چارم جو تیروان تھا جان
خیمہ خاص وان کئی تھے نصب
گئے حضرت نزول امین تب
تھوڑا اس سب مین سو ہین یار
اور جسوقت پر ہوے بیدار
اور طواف وداع لائے بجا
نہین امین رمل کئے اصلا
اور اسی شب مین عائشہ ای پسر
چاہے عمرہ ادا کرین جاکر
جا بہ تنعیم باندہے وہ احرام
گئے مکہ مین آکے عمرہ تمام
تب ندا شاہ دین یہ کروائے
کہ چلین سب طرف مدینے کے
ہی حدیث شریف مین آیا
کہ ہی مقبول ملتزم مین دعا
تھوڑا آب اس سے نوش فرمائے
جو کہ باقی تھا چاہ مین ڈالے
یہی وقت وداع سنت ہے
کہ یہ فعل شہ رسالت ہے
اور پڑھی اس نماز مین پرنور
سرور دین سورۂ والطور
اور اثنای راہ شاہ بشیر
جبکہ پہنچے ہین آپ خم غدیر
اور جہان السیر مین آکرم
دیکھ اسکو کیا ہے مین نے رقم
اور ہو صبح کو وہان سے روان
اور تھی عادت شریف یہ جان
اور مدینے کو دیکھے جب سالار
کہے تکبیر تین بار ای یار
اور جو اسلام کو دیا شوکت
اور بخشا جو فتح اور نصرت
اور یہ پڑھتے ہوسے فصاحت سے
مصطفیٰ داخل مدینہ ہوے

[1] جمرۂ اولی مسجد خیف کے قریب ہے اوسپر سات سنگریزے ڈالے اور ہر بار تکبیر کہتے تھے ۱۲

[2] محصب میم کے ضم اور فتحہ حاو صاد مشددہ سے ہے وہان سنگریزے بہت ہین ابطح بھی اسی جگہ کا نام ہی۔ کہ معظمہ کو ابطحا اور بطحا جو کہتے ہین اسی سبب سے ہے ۱۲

[3] ملتزم حجر اسود اور کعبے کے باب کے مابین کو کہتے ہین ہر دو کے مابین فاصلہ ایک بام کا ہی یعنے ہر دو ہاتھ کی کشش کا ہے لیکن قدرے دراز یہ کعبے کے۔ اور دوسری حجر پر رکہکر کعبہ کو سینہ لگاکے چسپان ہونے کو التزام کہتی ہین۔ یہ مستحب ہی کہ التزام کرکے دعا مانگے جسنے ملتزم مین دعا کی اور اپنی حاجت چاہی اللہ تعالیٰ اسکی حاجت ادا کریگا ۱۲

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ اٰئِبُونَ تَائِبُونَ عَابِدُونَ سَاجِدُونَ وَلِرَبِّنَا حَامِدُونَ صَدَقَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ وَاَعَزَّ جُنْدَهٗ فَلَا شَيْءَ بَعْدَهٗ

آداب زیارت شریف مرقد مکرم رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم کا بیان

بعد حج کے زیارت نبوی — رویت بارگاہ مصطفوی
ہے یقین سنت موکد جان — بلکہ واجب ہے ای نکو عنوان

کہ زیارت کی اس فضیلت میں — ترک کرنے کی بھی مذمت میں
آئے اکثر حدیث پیغمبر — ہے از انجملہ یہ صحیح خبر

کرے مجھ قبر کی زیارت جو — اسکو واجب ہی شفاعت ہو
اور ہے دسری حدیث ای گہ — کہ کیا جو کہ حج بیت اللہ

اور زیارت نہ آکے میری کیا — تو مقرر کیا وہ مجھ پہ جفا
اور فرمائے جو کہ ای لوگو — آوے قصداً مری زیارت کو

یعنے آوے محض اسی کے لئے — نہ طفیل اور کوی حاجت کے
تو بلا شبہ وہ بروز جزا — میری ہمسایگی میں ہوویگا

اور مدینے میں جو کہ آکے رہے — اور اسکی بلا پہ صبر کرے
تو میں اسکا گواہ ہوؤن گا — اور اسکا شفیع روز جزا

اور مکے کے یا مدینے کے — درمیان جو کہ انتقال کرے
تو قیامت کے روز اسکو خدا — آمنوں میں یقین اٹھاویگا

شیخ میرا یگانۂ دوران — عالم و عارف گرامی شان
فخر سادات شیخ محی الدین — قطب بلور بحر کشف و یقین

ہی اکثر حدیث پڑھتا تھا — اور اس طرح سے وہ فرماتا
مَنْ مَاتَ فِي اَحَدِ الْحَرَمَيْنِ بُعِثَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مِنَ الْاٰمِنِيْنَ

کہ وی ہر دو حرم سے یک جا پر — موت مجھکو عطا کرے داور
حقتعالے اسکی دعا کیا مقبول — اسکا بر لایا لطف سے ما مول

عمر اسی پہ جب تھی دو سالہ — حج ثانی وہ جا کیا ہے ادا
بعد حج ایک شب بعالم خواب — دیکھا سالار انبیا کا جناب

کہ کمال کرم سے اسکو نبی — بولتے ہیں تعال یا ولدی
یعنے کہتے ہیں ای مرے فرزند — ہے نزدیک اب تو آ خورسند

جبکہ اس خواب سے وہ جاگ اٹھا — جلد جا داخل مدینہ ہوا
گیارہوین تھی مہ محرم کی — روز پنجشنبہ اسنے رحلت کی

جمعہ کے بعد نعش رکھہ دی مین — منبر و روضۂ رسول کے بین
پڑھے اسپر نماز خلق کثیر — کیا عوام و خواص میر و فقیر

اور مدفون ہوا وہ شیخ زمن — پہلوے قبۂ امام حسن رض
مطلع النور ہے سالہ نیک — اسکے احوال میں لکھا ہو دیک

موت ایسی ملے کسے آخر — قدس اللہ سرہ الفاخر
پھیر اس راہ سے قلم کو شتاب — اب زیارت کے کچھ لکھوں آداب

جب مدینہ طرف چلے ای ہمام — رہ مین بھیجے بہت درود و سلام
جب قریب مدینہ آپہنچے — چاہئے تب اتر کے غسل کرے

یا وضو لیک غسل ہے افضل — اور اپنا لباس دیوے بدل
اور میسر اگر ہوے ہو سو اس — تو ہی افضل یقین جدید لباس

اور وقار و ادب سے ای عاقل — ہو مدینے کے درمیان داخل
اور پیادہ چلے زروی ادب — یہ پڑھے داخل مدینہ ہو جب

بِسْمِ اللّٰهِ رَبِّ اَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَاَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِي اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَارْزُقْنِي مِنْ

ذکر مرشد مصنف

اوین الحرمین ۲
تاریخ
وفات مرشد مصنف
قطب اسلام کا ہوا غائب
۱۲۸۹ھ
ایضاً
غائب قطب الاقطاب
۱۲۸۹ھ

زِیَارَۃُ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا رَزَقْتَ اَوْلِیَائَکَ وَاَھْلَ طَاعَتِکَ وَاغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ یَا خَیْرَ مَسْئُوْلٍ

پھر خشوع و خضوع عجز کیساتھ
چلے پڑھتے ہوئے سلام و صلوٰۃ

آوے در مسجد رسول انام
باب جبریل یا ز باب سلام

باب جبریل ہے مگر افضل
اور سیدھا قدم رکھے اول

با حضور و خشوع اے اکرم
یہ درود و دعا پڑھے اسدم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِی الْیَوْمَ مِنْ اَوْجَہِ مَنْ تَوَجَّہَ اِلَیْکَ وَاَقْرَبِ مَنْ تَقَرَّبَ اِلَیْکَ وَاَنْجَحِ مَنْ دَعَاکَ وَابْتَغٰی مَرْضَاتَکَ

منبر و مرقد شریف کے بین
ہووے استاد اس طرح سے یہیں

منبر پاک کا ستون ہے جو
سیدھی کندھے کے وہ برابر ہو

پیش محراب پڑھے ای احد
اک دوگانہ تحیۃ المسجد

اور جو پایا یہ نعمت عظمیٰ
سجدۂ شکر اسپہ لاوے بجا

آوے پھر نزد مرقد والا
پشت اپنی کرے سوی قبلہ

کرکے منہ کو بسوئے قبر ہمام
تب پڑھے یہ درود اور سلام

اور کرے بارگاہ حق میں دعا
اس طرح آپ کا وسیلہ لا

یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ اَسْئَلُکَ الشَّفَاعَۃَ وَاَتَوَسَّلُ بِکَ اِلَی اللّٰہِ فِیْ اَنْ اَمُوْتَ مُسْلِمًا عَلٰی اُمَّتِکَ وَسُنَّتِکَ

اور یہ سمجھے کہ ہیں رسول خدا
اپنی قبر شریف میں زندہ

اور بلاشبہ دیکھتے ہیں مجھے
سن رہے ہیں کلام کو میرے

اور کئی ہیں جو لوگ عرض سلام
اسکو پہنچادے انکا لیکر نام

ہاتھ یک جانب یمیں سٹکے
قبر صدیق کے کھڑے آگے

بھیجے ان پر سلام ای بھائی
قبر فاروق پر بھی آیونہی

اور فارغ ہو جب زیارت سے
روضۂ باصفا میں تب آکے

بھیجے اسدم بہت درود و سلام
اور پڑھے تب نماز نفل ہمام

بر مقام ستون حنانہ
پھر کرے آکے یوہی اے دانا

ہے صحیحین میں یہ آئی خبر
کہ خبر یوں دئے ہیں خیر بشر

قبر و منبر کے درمیاں ہے مرے
ایک روضہ ریاض جنت سے

اور دوسری حدیث میں آیا
کہ رسول خدا نے فرمایا

میرے منبر کے گھر کے بھی درمیاں
ایک روضہ ہے از ریاض جناں

اور فرمائے یہ مرا منبر
ہے بلاشبہ میرے حوض او پر

اور منبر یہ ایکدن بھی کھڑے
تب صحابہ سے اپنے فرمائے

کہ کیا ہوں قیام اب میں نے
بالیقیں عقر حوض پر اپنے

عقر کہتے ہیں اسکے تئیں و رباب
حوض سے آوے جس جگہ سے آب

ابن فرحون و ابن جوزی نے
نقل لائے امام مالک سے

حجرہ و منبر شریف کے بین
موضع محترم جو ہے یہ بین

حکم سے حق کے روز محشر میں
اس کو فردوس بیچ نقل کریں

اکثر علماء کی اک جماعت بھی
اسی معنے پہ اتفاق ہے کی

عسقلانی بھی اور بہت اعلام
دئے ترجیح اسکو بس وہی تمام

مالکی عالموں سے ابن حجر
جو بڑا ہے محقق اشہر

بولتا ہے کہ ہوسکے یہ بھی
کہ مقدس وہ روضۂ نبوی

ایک روضہ تھا از ریاض جناں
لائے دنیا میں اسکو ای ذیشاں

حجر اسود کو جس طرح اے فہیم
اور یوں ہی مقام ابراہیم

لائے جس طرح دار جنت سے
کعبۃ اللہ میں بھی انکو رکھے

پھر دے جنت کو سب قیامت میں
انکے اصلی مقام پر لادیں

۵۱ السلام علیک یا رسول اللہ

۵۲ السلام علیک یا خلیفۃ رسول اللہ وثانیہ فی الغار ابا بکر الصدیق جزاک اللہ عن امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خیرا

۵۳ السلام علیک یا امیر المومنین عمر الفاروق الذی اعز بہ الاسلام جزاک اللہ عن امۃ محمد صلی اللہ علیہ وسلم خیرا

اور یہ چیزیں ہیں بہ جنت ماوا / اک فضیلت رکھیں بروز جزا
الغرض در مدینۂ اکرم / جہاں مدفون ہیں فخر عالم
سارے ارض و سما کے اجزا پہ / کعبۃ اللہ و عرش اعلیٰ پہ
ہیگی افضل ز کل مخلوقات / بسکہ ہے متفق علیہ یہ بات
یہی مذہب امام مالک کا / اور اسی پر ہیں اکثر علماء
مکۂ محترم اپر بے قیل / بس مدینہ کو ہیں وجہ تفضیل
پس زیارت کے بعد دوسرے روز / آوے سوئے بقیع اے فیروز
اس میں مدفون ہیں بزرگاں / کرے انکی زیارت ای ذیشاں
اور مکانات جو معظم ہیں / اور آثار جو مکرم ہیں
اور جب تک رہے مدینے میں / خیر و برکات کے سفینے میں
اور در مسجد شریف اے یار / پڑھے اکثر درود اور اذکار
شاہ عالم کہے ہیں ای دانا / کہ یہ مسجد میں میرے ایک نماز
الف رمضان و جمعہ سے اولیٰ / ہاں مگر مسجد الحرام سوا
ور میاں کوئی نماز نا چھوڑے / تو لکھے جاوے واسطے اسکے
اور دوری لکھے نفاق سے بھی / اور احادیث آئی ایسے ہی
ہووے رخصت ز مسجد اشرف / آوے پس قبر شریف طرف
اور وسیلہ وہ شاہ دین کا لا / بارگاہ خدا سے مانگے دعا
یہ زیارت وداع کی ہے جان / پڑھے اسوقت یہ دعا گریاں

دوسرے چیزوں سے خلد کے سمجھو / انکو اک امتیاز حاصل ہو
خاص اتنے مقام کی تفصیل / ہیگی ثابت بہ سر مقام جلیل
کیونکہ یہ سب ہیں حق کے مخلوقات / اور حضرت کی ذات بابرکات
پس جہاں آپ کے ہو تن کا مقر / سب مکانوں سے ہے وہ افضل تر
اور حضرت عمر بن الخطاب / اور ابن عمر بھی چند اصحاب
تو مفصل اگر یہ چاہے بیاں / دیکھ جذب القلوب کے درمیاں
اکثر اصحاب اہلبیت کرام / اور مزاروں سے اولیائے عظام
بعد ازاں جاکے سوی مشہد احد / کرے ہر دو زیارتِ احد
کریں سبکی زیارتیں یہ ضرور / دیدہ و دل کو اپنے دیویں نور
کرے ہر دن زیارت نبوی / کرے ایمان اس سے اپنا قوی
اور نفل و تلاوت قرآں / رہے مشغول اسمیں ہی ہر آں
ہے نماز واں سے الف افضل جان / یونہی اک جمعہ اور اک رمضان
اور مسجد میں میرے با تقدیس / گر نمازیں کوئی پڑھے چالیس
رستگاری ز آتش نیراں / دو جہاں کے عذاب سے بھی اماں
اور بقصد رجوع جبکہ کرے / تب درود و سلام پڑھتے ہوئے
باکمال ادب و عجز تمام / بھیجے اس شاہ انبیا پہ سلام
اور تضرع دعا میں ہو بسیار / اور ہو ہجر نبی سے زار و نزار

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ هٰذَا اٰخِرَ الْعَهْدِ بِنَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَسْجِدِهٖ وَحَرَمِهٖ وَيَسِّرْ لِيَ الْعَوْدَ اِلَيْهِ وَالْوُقُوْفَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَارْزُقْنِيَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَرُدَّنَا اِلٰى اَهْلِنَا سَالِمِيْنَ غَانِمِيْنَ اٰمِنِيْنَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اور مدینہ کے ہیں جو لوگ مقیم / ہیں وہی ہمسایہ رسول کریم
اور حرمین کے سمجھ اے ہمام / جو کہ ہیگے تبرکات عظام
حق تعالیٰ کرے بہ یمن حبیب / جلد حج و زیارت ہمکو نصیب

اور کرتا ہوا بہ حسرت / روضۂ باصفا سے ہو رخصت
کرے البتہ انکی کچھ خدمت / حسب طاقت ہے باعث برکت
لا کے وہ غائبوں کو پہنچانا / احسن و مستحب ہے اے دانا
کر کہ اس مشت خاک کو ریزاں / بہ زمین مدینہ ذیشاں

خاتمہ

لله الحمد یہ رسالہ پاک
گنج طاعات صاحب لولاک

کہ روایت کا اور درایت کا
جو ہے جامع یہ ہر دو نعمت کا

جامع مذہب حدیث رسول
چار مذہب کا فقہ ہی مقبول

لیا رنگ ختام و حسن تمام
کرے مقبول اس کو رب انام

اے خداوند کل موجودات
جو ہیں تیرے رسول کے طاعات

پیروی انکی کر عطا مجھ کو
راہ تیرے قرب کی بتا مجھ کو

اور ایسا ہی مومنوں کو سب
خاص اولاد کو مرے یارب

حسب سنت تری عبادت کی
دے مجھے توفیق انکو طاعت کی

انکو دنیائے دوں کی رغبت سے
غافلوں عاطلوں کی صحبت سے

اپنی جانب تو کھینچ لے بہ کرم
ذکر و طاعت میں نیز رکھ ہر دم

دے سدا نیکیوں کا شوق انہیں
دے عبادت میں اپنے ذوق انہیں

انکو دے نیک علم و نیک اعمال
نیک توفیق اور نیک خصال

نیک روزی و نیک صحبت دے
نیک سیرت دے نیک نیت دے

انکو دے عشق شرع و سنت سے
انکو نفرت دے فسق و بدعت سے

دیجے خوف و خشیت و تقوی
خیر دارین انکو کیجے عطا

آہ ابتک مجھے اے میرے خدا
حج نہ گھر کا ترے نصیب ہوا

اس تمنا ہی میں یہ عمر مری
آہ بیجاہ و حشمت کو ہو گئی

اور ظاہر ہے تجھ پہ اے مولا
کہ نہ توشہ ہے رہ کا مجھ کو ملا

بقدر کفاف عزت سے
بلکہ بیشک زیادہ حاجت سے

رزق دیتا ہے غیب سے بالخیر
نہیں دیتا ہے احتیاج بغیر

کیوں ادا اسکا شکر ہو یارب
کہ میں عاجز ہوں تیرے شکر میں اب

اور جو تھوڑی عمر رہی باقی
اپنے فضل و کرم سے رکھ ہوتی

تو ہے قادر کہ استطاعت دے
جسم اور جان میں میری قوت دے

عافیت سے تو مجھ کو لیجاوے
گھر تلک اپنے مجھ کو پہنچاوے

تا رکھوں اپنی عاجزی کا سر
تیری رحمت کے آستانہ پر

اور وہاں سے مدینہ لیجاوے
قبر اپنے نبی کی بتلاوے

تا یہ پروانۂ دل پر سوز
ہووے سوزاں بہ مرقد فیروز

اور وہیں ہووے تو ممات مجھے
کلمہ طیبہ کے سات مجھے

میں ہوں کیا چیز کون ہوں کیا ہوں
موت کیسی جگہ کی چاہتا ہوں

یہ گنہ گار مشت خاک کہاں
اور مدینہ کی جائے پاک کہاں

پر تو نے کمال رحمت سے
فضل سے لطف سے عنایت سے

جس کو جو چاہے دیوے اے غنی
اور فرمایا تو نے ادعونی

جبکہ تو ہی کیا ہے حکم دعا
اس لئے میں دعا کیا اے خدا

مجھ کو امید ہے اجابت کی
اور نبی کی ترے شفاعت کی

میرے اور مومنوں کے حق میں سب
ہووے مقبول یہ دعا یارب

اور یہ تالیف کا تو اجر و ثواب
بخش ملا نواب کو مرے شتاب

انکو اور مجھ کو مومنوں کو سبھی
بخشدے بخشدے طفیل نبی

اور جو میرے ہیں پیر اور استاد
انکو دیوے جزائے خیر زیاد

جو پڑھے اور سنا کریں یہ کتاب
انکو توفیق دے عمل کی شتاب

یہ بھی ہے حسن اتفاق بجا
کہ مبارک یہ نسخہ والا

ماہ رمضان میں شروع ہوا
روز عرفہ کے رنگ ختم کیا

ہووے حق سے سدا درود و سلام
بہ محمد و آل و صحب کرام

تمت

معجزات محمدی

تالیف مولانا عبدالقادر علی صوفی خلف رشید حضرت مولانا واعظ عبدالحی احقر طاب اللہ ثراہما

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لَکَ الحمدُ یا خالقَ الکائنات ۔ وَیَا واھِبَ الانبیا معجزات
حَمِیدٌ مَجیدٌ سَمِیُّ السِّمات ۔ جَلیلٌ عزیزٌ عظیمُ الصِّفات
بِتَحمیدِکَ کلَّ کُلُّ اللِّسان ۔ لِتَقدیسِکَ لَیسَ یَکفِی البیان
بَشیرٌ نَذیرٌ نَبِیٌّ کَریم ۔ سِراجٌ مُنیرٌ رَؤُفٌ رَحیم
بِاِعجازِہٖ سارَ اَعلَی العُلیٰ ۔ اِلیٰ قابَ قَوسَینِ ثُمَّ دَنیٰ
ہے حمد و ثنا اس خدا کے لئے ۔ جو پیغمبروں کو دئے معجزے
یہ وہ معجزہ ہیں جو بائے عدد ۔ گنے کون انکو جو ہیں بےعدد
ہیں اقوال و افعال بھی معجزے ۔ ہیں اخلاق و اعمال بھی معجزے
ہے اک معجزہ انکا روح لطیف ۔ سراپا ہے اعجاز جسم شریف
کرشمہ تھا قدرت کا جسم شریف ۔ کثیف اسکے پرتو سے ہووے لطیف
بساطت لطافت ہو یہ جسم میں ۔ تو تعریف پھر روح کی کیا کریں
تبھی تو ہوا قاب قوسین کا ۔ کہ وحدت میں کہتا ہی اِنّی انا
وہی اجزا ہیں اور یہی مانند کل ۔ وہ جان جہاں روح اعضا رسل

وَلِیُّ المَحامِدِ وَوَصفٍ جَمیل ۔ حَرِیُّ المَحامِدِ وَشُکرٍ جَزیل
جَزِیلُ العَطایا جَمیلُ الثَّنا ۔ لَکَ العِزُّ وَالمَجدُ وَالکِبرِیا
وَاَزکَی التَّحِیّاتِ اَنمَی السَّلام ۔ عَلیٰ سَیِّدِ الرُّسُلِ خَیرِ الاَنام
اَتیٰ بِالبَراھِینِ وَالبَیِّنات ۔ وَفاقَ النَّبِیّینَ بِالمُعجِزات
عَلیٰ آلِہٖ جَمعِ اَصحابِہٖ ۔ وَمُتَأدِّبِینَ بِآدابِہٖ
ہے نعت اس شہ مرسلیں پر نثار ۔ کہ ہیں معجزے جنکے چوسٹھ ہزار
تھی ذات و صفت انکی خود معجزہ ۔ تھا اعجاز بود و نمود آپ کا
ہیں حرکات و سکنات بھی معجزے ۔ بشارات اشارات بھی معجزے
کہ سائے کا انکے نہیں تھا نشاں ۔ لطافت بساطت کو سایہ کہاں
بساطت عناصر کی ترکیب میں ۔ مقید ہو اطلاق کو زیب دیں
پر اتنا کہیں ہیں وہ نور خدا ۔ حدیثوں سے اتنا ہی ثابت ہوا
بھی اک معجزہ ہے وجود آپکا ۔ سراپا ہے مجموعۂ انبیاء
جو پائے ہیں پائے انکو سبھی ۔ جو چھوڑی ہیں چھوڑی انکو سبھی

ہیں آدم سے تا دور عیسیٰ نبی ۔ رسل جتنے اعجاز انکے سبھی
اسی بحر کے چند قطرے ہیں یے ۔ اسی باغ کے چند میوے ہیں یہ
ہے ہر ایک عالم میں فیض انکا عام ۔ انہیں کے ہیں اعجاز کی دھوم دھام
چہ علوی چہ سفلی مرکب بسیط ۔ عناصر وغیرہ محاط و محیط
چہ قبل ولادت چہ عین حیات ۔ چہ برزخ کہ روداد بعد ممات
نہ اعجاز حضرت کے اسپر چلیں ۔ خدا یہ تصرف دیا تھا انہیں
ہو لوح و قلم یا کہ عرش عظیم ۔ ہو شمس و قمر یا کہ کرسی کریم
چہ حیواں چہ انسان چہ نزدیک و دور ۔ ہو سنگ و شجر یا وحوش و طیور
قلمرو میں رب نے اعجاز کے ۔ انہیں کا سبھوں میں سکہ چلے
عنایت کیا اپنی اگلوں کو کچھ ۔ کیا مرحمت اپنی پچھلوں کو کچھ
ہیں امت کے جو اولیا آ گئے ۔ ہزاروں کرامت دکھاتے گئے
وہ نکلے ہیں جب عالم نور سے ۔ تو منزل میں پہونچے ہیں ملکوت کے
کبھی ناسوت میں جب رکھے ہیں قدم ۔ کئے فیض تخمینی کا برپا علم
گئے وانسے برزخ طرف جب امام ۔ ہو اعجاز کا واں بھی اک فیض عام
نشاں ہے وہ اک انکے اعجاز کا ۔ جو بعد وفات انکے ظاہر ہوا
ظہور اس کا یکرنگ سے ہو یہاں ۔ تو اک دوسرے رنگ سے ہو وہاں
کبھی نام تو اس کا ارہاص ہے ۔ بدل نام سو چیز اک خاص ہے
سب اہل کرامت و اعجاز بھی ۔ لب حال سے بولتے تھے یہی
صلوٰۃ و سلام خدائے انام ۔ ہو ایسے پیمبر کے اوپر مدام
خصوصاً جو خلفائے راشد ہیں چار ۔ جو ہیں کعبۂ دیں کے ارکان چار
بھی ہو جگر گوشۂ مصطفےٰ ۔ مبارک لقب جنکا خیر النسا
ہوئے جن سے ظاہر ائمہ عظام ۔ بھی غوث و قطب و اولیائے کرام
شہ جنب اقطاب پیران پیر ۔ ہے جیلان محبوبیت کا امیر

ہیں کہ جتنے ہادی بے کم و کاست ۔ جو صد آمدہ ہم نود و بیش ماست
تصرف تھا اعجاز میں بے قصور ۔ چہ پیش ظہور و چہ بعد ظہور
جو ملکوت ہے عالم ارواح کا ۔ جو ناسوت ہے عالم اشباح کا
چہ غیب و شہادت چہ قلب و شمال ۔ کہیں حس کہے ہیں انفصال خیال
خدا کی خدائی میں ہر ایک شے ۔ نہیں پائی جاتی کوئی ایسی ہے
زمیں یک کیا ملک سات آسماں ۔ ہو تحت الثریٰ یا کہ ہو لامکاں
چہ قطب شمالی چہ قطب جنوب ۔ چہ تحت و چہ فوق و چہ شرق و غروب
چہ باد و چہ آتش چہ آب و چہ خاک ۔ ازیں مرکز خاک تا جائے پاک
وہ ہے بادشاہ ملک اعجاز کا ۔ ہے انعام و اکرام جس کا بڑا
خیا بخیہ دکھائے بہت معجزے ۔ رسل جو کہ حضرت کے آگے ہوئے
ہیں امت کے جو وارثاں اولیا ۔ رسل نائباں یوں ہیں اور انبیا
نبوت رسالت بھی اور معجزے ۔ رسولوں نے روحوں کو سکھلا دئے
نہیں چیز اک باقی رکھے کوئی ۔ خدا کی خدائی دکھائی سبھی
کرامت جو اہل خوارق سے ہو ۔ تصرف جو اہل ولایت سے ہو
غرض معجزہ ہے حقیقت میں ایک ۔ مظاہر ہیں تنوع اس کے انیک
رسل میں کبھی معجزے ہو رہے ۔ کبھی اولیا میں کرامت بنے
غرض وہ کسی سے بھی ظاہر ہوا ۔ ہمارے پیمبر کا ہے معجزہ
نیاوردم از خانہ چیزے نخست ۔ تو دادی ہمہ چیز من چیز تست
بھی ہو انکے سب آل و اصحاب پے ۔ بھی سب انکے احباب و اتباع پر
ہے ہر ایک کو انسے شان جلی ۔ ابوبکرؓ و فاروقؓ و عثمانؓ علیؓ
ہو ان پر نبی کی جو ریحانتیں ۔ امام حسنؓ ہیں امام حسینؓ
خصوصاً جو وہ غوث ثقلین ہے ۔ جو حسنین کا قرۃ العین ہے
کہ جس کا ہر اک نائب باصفا ۔ ہے قطب الزماں و ولی خدا

منقبت پیر و استاد تقدس نہاد قدس سرہ

کرے گر کسی شے کی کوئی ثنا ۔ حقیقت میں ہو وہ خدا کی ثنا
کہ ساماں ثنا کا دیا ہے وہی ۔ بھی لایق ثنا کے کیا ہے وہی

ہے مصنوع کی وصف ظاہر میں لیک ۔ وہ صانع کی ہی وصف واقع میں جان
بھی نقش کتابت کی ہو وصف جو ۔ وہ نقاش و کاتب کی ہی وصف ہو

بھی ہر چند کہلائے روشن کوئی ۔ حقیقت میں ہی مہر کی روشنی
مرے رہنما ہونکے وصف کمال ۔ بیاں اب میں لکھتا ہوں بے قیل و قال

ہے پس در حقیقت وہ وصف خدا ۔ کہ وہ فضل حق الٰہی نے دیا
ہے سرورِ عارفانِ کبار ۔ جو تھا قدوۂ عصر قطب مدار

لقب بھی دیں نام عبد اللطیف ۔ سیادت میں طرفین سے تھا شریف
جسے علم ظاہر میں تحصیل تھی ۔ علوم لدنی میں تکمیل تھی

حقایق معارف میں کھولے زباں ۔ سنے خضر بھی آکے از گوش جاں
مباہات کرتے تھے اسرار غیب ۔ کہ قطب الزماں کا ملازم ہو جیب

علوم معارف تو کیا ہو چھٹے ۔ کہ تھے جس کے در دست بستہ کھڑے
حقایق معارف کا ہی لا کلام ۔ تھا دستار اس شہ کا دربار عام

شہ عارفانِ زمن کے جناب ۔ معارف کا فن جب ہوا بار یاب
معارف کو جب سے ہوا افتخار ۔ ملی اس کو اک عزت و اعتبار

ہنیں علم سے اسکی عزت بڑھی ۔ اسے عزت و شان خدا دا بھی
سلوک و حقایق کا اک گلستاں ۔ کیا جب کہ آراستہ بے خزاں

ہیں بس محوِ نظارگی قدسیاں ۔ جو گلگشت کو آئے از لامکاں
اگرچہ ہے ویلور اسکا مکاں ۔ یہ چمکا تھا فیض اسکا جاری جہاں

اگرچہ ہے اک برج میں آفتاب ۔ یہ آفاق ہی نور سے بار یاب
اسی کے تھی سفر بکے سب بیہاں ۔ عرب اور عجم اور ہندوستاں

ہیں سامنے اس کے اہل کمال ۔ تو ہوں پیش خورشید مشعل مثال
ہو کیسا ہی پختہ وہاں خام تھا ۔ اگر فاضل بھی ہو وہاں عام تھا

سخن اسکا تھا برتر از فہم عام ۔ کلام الملوک ہے ملوک الکلام
سخن تک کب اسکے رسائی کرے ۔ جلے بال و پر طائر فہم کے

بہت علم و فہم اسکے سینہ چاہیے ۔ کہ لغز سخن اسکا پہچانئے
نہ سمجھے ہیں جب اسکا مغز سخن ۔ جو ظاہر کئے ہیں قشر یاں اہل فن

کئے اسکو زخمی نہ تیغ زباں ۔ وجود اسکا تھا بس حسین زماں
رسول خدا کے ہوا دل پہ داغ ۔ کہ اپنا جگر بند ہے پیش زاغ

ملائے ہیں اسکو کہ ولدی تعال ۔ پیا ہے مدینہ میں جام وصال
لقد قدس اللہ اسرارہ ۔ افاض الی الخلق انوارہ

تھا وہ بس اس زمانہ کا شیخ کبیر ۔ وہی میرا اور میرے والد کا پیر
کیا میرا والد اسی کے جناب ۔ علوم تصوف کا ہے اکتساب

بہت اس سے پایا ہے رموز و نکات ۔ بھی خرقہ کو تازہ کیا اسکے ہاتھ
اسی سے کیا راہ حق کا سلوک ۔ سلوک الی باب ملک الملوک

دیا شیخ کے پاس بس سالہا ۔ عزیز و مقرب تھا وہ آپکا
مجھے بھی وساطت سے اسکے خدا ۔ در شیخ تک ہے رسائی دیا

کہ ہو صحبت شیخ سے فیض یاب ۔ صفہ صحبت در سے لے آب تاب
عجب اسکی صحبت کی تاثیر ہے ۔ کہ خاک قدم اس کی اکسیر ہے

ملا اسکا داماں لڑکپن میں ہی ۔ کہ بسم اللہ خوانی اسی سے ہوئی
وہی تخم فیضان نشو و نما ۔ لگا پانے از فضل حق وا گیا

میں لڑکائی سے تا بحد شباب ۔ اسی کے توجہ سے تھا فیض یاب
میرا تنا نہ تھا حوصلہ تب مجھے ۔ کہ کسب حقایق کروں شیخ سے

کہاں ذرہ بے پرتو آفتاب
اسے چاہیے مایۂ ماہتاب
کہ تحریر اعلیٰ قلم کے لئے
یقیں لوح محفوظ ہی چاہیے

نہ ہر جا ہے مرکب توان ختن
کہ جاہا سپر باید انداختن
وسایل کی جبتک نہ تحصیل ہو
مقاصد کی ہرگز نہ تکمیل ہو

لہٰذا وسایل جو ہیں آلیہ
نہیں جالیہ بلکہ ہیں عالیہ
کی انکے لیے میں نے اک عمر صرف
کہ بعد انکے پاؤں مقاصد شگرف

مشاہیر جو واں کے استاد تھے
ہدایت نشان فیض بنیاد تھے
کیا چند کو انسے ہیں کسب علوم
جو مشہور ہیں از علوم رسوم

سوا اپنی قسمت سی پھر بار بار
شہ عارفانِ زمن کے جناب
اگرچہ وہ یوں بھی بھی کافی تھی
کہ لیجاوں خدمت میں اس شیخ کی

حکایت عجوزہ کی پر یاد تھی
کہ بے سوت یوسف کو لینے گئی
مگر وہ سر عارفان فحول
کیا اپنی خادمیں مجھ کو قبول

فقط سرفرازی تھی یہ شیخ کی
وگرنہ مجھے اتنی طاقت نہ تھی
اگر بادشہ بر درِ پیر زن
بیاید تو اے خواجہ سبلت مکن

وہ جب مجھکو خادمیں اپنی لیا
تلامیذ میں اپنے داخل کیا
جواہر سلوک اور حقائق کے بھی
کیا دامنِ جاں میں یہ زاں سبھی

زباں سے سرایر کا افشا کیا
کبھی سینے کو سینے میں القا کیا
پلاتا کبھی جوش الطاف سے
مئے معرفت جام سے ظرف کے

کبھی موجزن کرتا بحر زباں
سو سر سخن گوہر گوش جاں
ولے ظرف کوئی اسکی پاوے کہاں
کہ کوزہ میں دریا سماوے کہاں

ابھی فیض بخشی سی اسکی بحال
بافن الٰہی بروح و مثال
ابھی طالباں میں سے ہیں فیضیاب
وہ ہی عالم خواب میں فتح باب

کہ روحی توجہ ہے یہ معنوی
کہا ہے اسی باب میں گنجوی
مرا زندہ پندار چوں خویشتن
من آیم بجاں گر تو آئی بتن

سبب تنظیم ایں رسالۂ نافعہ و سلالۂ رائعہ

مراد الد ماجد و قبلہ گاہ
جو ہے مولوی عبدحی دیں پناہ
کثیر التصانیف فیاض دیں
زہے واعظ قدوۃ الواعظیں

جسے فیض بخشی کا ہی کام ہے
زبان و قلم سے سرانجام ہے
قلم اس کا ہے توسن خوشخرام
دیا ہے براق خیال تیز گام

زمیں پر قدم وہ اگر اک رکھے
تو دوسرا قدم آسماں پر دھرے
زباں سے کبھی وہ گہر ریز ہو
تو دامان حضار لبریز ہو

ہے تصنیف کا شہرہ در خاص و عام
ہے تو غیظ و تذکیر کی دھوم دھام
بہت سی کتابیں ہیں تصنیف کیں
بہ نظم و نثر اسنے تالیف کیں

از انجملہ رجال خیر البشر
لکھا اک کتاب خیابان السیر
بخاری کا بھی ترجمہ ہے کیا
مع شرح اردو میں وہ باصفا

از انجملہ ہے وہ کتاب کبیر
بہ اردو زباں نثر ہے دلپذیر
ہے تاریخ احوال اصحاب کی
نہ اردو میں اب تک ہے ایسی بنی

خلیفے جو ہیں چار صاحب کمال
ولادت سے لے تا وفات انکا حال
لکھا ہے بہت بسط و تحقیق سے
چھپی ہے اگر چاہیے دیکھیے

حدیقہ ہے احباب کے جس کا نام
ہوئی سن ۳۲ دو والف میں وہ تمام
فضایل میں لکھی آل اطہار کے
حدیقہ بنایا ہے تحقیق سے

لکھی اور اہل بیت رسول انام
ہوئے جو شبابیر باب امام
لکھا انکے احوال میں اک کتاب
کہ ہے روضۂ ابرار اسکا خطاب

امام حسن اور امام حسین
جو شبان جنت کے ہیں سیدین
شہادت کا انکے لکھا قصہ یک
کیا ختم اور اس پہ چھیڑ کا نمک

جس کا نام فیض الباری شرح صحیح بخاری ہے [illegible] تالیف و طبع ہو [illegible] واسطے [illegible]

لکھی احوال میں غوث ثقلین کے
فواید لکھا قدسیہ آپ نے

لکھی تاریخ خلفا کیا ترجمہ
کیا تذکرہ اولیا ترجمہ

ہیں تعداد میں ایک سو سے زیاد
ہے ہر ایک نسخہ ہدایت نہاد

ہے سر دہں زمانہ میں علم و ہنر
ہے ہندی کا بازار ہی گرم تر

عروس تصانیف کے تن پہ سب
سجا ہند کا ہے لباس اس سبب

مصنف کی نیت تھی جب نیک تھی
ہدایت تھی منظور حق خلق کی

کہ دو ثلث تک انسے چھاپے گئے
لکھی اقطار عالم میں شہرت لیے

خصوصاً خیان اسیر کے تئیں
دیا ایسی شہرت خدائے متیں

حرم بیچ مکہ مدینہ کے بھی
پڑھا کرتے ہیں ہندیاں اسکو ہی

مکرر مکرر چھپی ہے ہزار
یہ اس وضع پر ہی چھپی جو تھے بار

ابھی سیر اس سے خلایق نہیں
ہیں مشتاق اسکے بہت تر ہیں

نہ ہو کیوں کہ ذکر شہ کائنات
جو ہے نور سے آپکے تا وفات

مضامین لکھا ہے ایسے عجاب
نہیں ویسے رکھتی ہی کوئی کتاب

مگر ایسی ترتیب اس کی پڑی
تسلسل بھی ایسا پڑا اسکی

مگر ضمن میں چند آئے کہیں
پر یکجائے میں جمع پائے نہیں

یہ وہ اتفاق اب ہوا بے قصور
کہ وے مضمر دل کو زنگ ظہور

ہے تازہ بہار اسکو سر ایک بار
چمن پر ہو جوں تازہ فصل بہار

کہ ملحق ہوئے اس ہی نسخے چہار
عجیب و غریب و سلاست شعار

کیا حکم مجھ کو کہ لیجے قلم
صحیح معجزے چند کیجے رقم

سوا اس کے یہ عاصی عجز کیش
دو سہ نسخہ لکھا تھا گو اسکے پیش

نکلتے ہیں قرآں سے کتنے علوم
وہی سب انہیں مجمل کئے ہیں ہجوم

لکھی تصنیف پائی بہ عربی زباں
کیا ترجمہ ہیں بہ ہندی زباں

امام محدث فقیہ بر گلی
بہ فقہ و حدیث ایک تصنیف کی

ہیں دین متیں کے ائمہ جو چار
لکھا حال میں انکے گلشن بہار

رسایل کئے اور چھوٹے بڑے
سوا اس کے لکھا ہدایت بھرے

زمانہ کو حاجت تھی جس بات کی
اسی باب میں اس نے تدوین کی

لکھی ہمت میں قاصر ہے لوگوں کا حال
نہیں عربی اور فارسی پر خیال

کیا انکو مشہور رب انام
لکھی مقبول طبع خواص و عوام

سو تصنیف کو اس پر آساں کیا
لکھی تشہیر کا اس کے ساماں کیا

نہیں کوئی شہر اور قریہ کہیں
کہ تصنیف اس کی وہاں پر نہیں

کہ دکن سے لے تا بہ ہندوستاں
ہی ہر شہر و قریہ میں اسکا نشاں

لکھی اس ملک کے شہر و دیہا میں
وہی مسجدوں محفلوں میں پڑھیں

یہ قند مکرر کی تکرار ہے
دیا مشک اذفر کی تکرار ہے

ورق گل کے رنگوں سے سر رنگ ہیں
دیا کاغذ زر کے ہم سنگ ہیں

وہ بس حسن و خوبی سی تحریر کی
ہے شیریں مقالی کسے تقریر کی

مہذب ہے بس حسن تہذیب سے
مرتب ہی بس حسن ترتیب سے

کہ نہیں معجزات انہیں مذکور ہیں
جداگانہ یکجا نہ مسطور ہیں

ارادہ تھا ملحق کریں اسکے ساتھ
جدا اک رسالہ ہے در معجزات

کہ یعنی خیان اسیر آئے نو کی
مکرر جو ہر بار چھپتی گئی نو

یہ وضع چہارم وہ چھپتی ہے جو
ہے کچھ اور ہی اسکا اک رنگ و بو

یہ لکھنے نئے نسخہ معجزات
مراد والد ماجد ائے نیک ذات

تھا لازم مجھے امتثال امر کا
سبب تھا بھی وہ خیر و برکات کا

امام غزالی کی وہ اک کتاب
جواہر قرآں کے جسکا خطاب

لکھی تشریح اخلاق میں وہ کتاب
ہے احیا کی گویا کہ لب لباب

وہ ایام تھے طالب العلمی کے
لکھی تب عمر کے سال اکیس تھے

یہ بندہ کیا اس کا بھی ترجمہ
لکھی تاریخ کا مصر کے ترجمہ

وجود سموات میں ائے ہمام — رسالہ لکھا اک ثوابت کے نام
قرار زمیں گردش آفتاب — کیا اس میں ثابت بوجہ صواب

بھی مالا بد شیخ اکبر کا بھی — کیا ترجمہ اپنا ہندی میں بھی
سیر میں رسول خدا کے مگر — نہ لکھا رسالہ کوئی خوب تر

کہ تا توشۂ حشر ہو اپنے ساتھ — عمل جب نہ ہو خیر جز سیئات
زبان و قلم سے ہو ذکر نبی — اگرچہ ہو کم یہ ہے نیکی بڑی

غنیمت میں سمجھا ہوں یہ اتفاق — بھی مکنون خاطر تھا یہ اشتیاق
کیا جمع پس معجزے چند میں — خصائص بھی حضرت کے جو کچھ کہیں

جو ہیں مستند معتبر مشتہر — بیاں نظم کرتا ہوں یہ مختصر

تعریف حقیقت معجزہ و خرق عادت

سنو معجزہ کسکو کہتے ہیں اب — اگر اسکی تعریف کی ہو طلب
وہ اک فعل ہے خرق عادات کا — کسی برگزیدہ سے ظاہر ہوا

وہ فعل خدا ہے حقیقت میں ایک — کرشمہ اسکے ہے قدرت کا ایک
مگر ہے وساطت نبیا و نے ظہور — مقرب کا اک واسطہ ہے ضرور

وہ ایسا مقرب ہو اللہ کا — کہ جو آلۂ حق ہوا اور جارحہ
ہے قرب نوافل اسی کا مقام — بھی توحید افعال ہے اسکا نام

جو قرب نوافل میں کامل ہوا — وہی حق کا ہو آلۂ جارحہ
بھی توحید ذات و صفات خدا — وہی ہے یہ جمال حاصل کیا

ولایت ولی کی رسل کی ہو یا — یہی ہے مقام اس کے آغاز کا
پس اس قرب میں حق ہی فاعل رہے — کہ ظاہر ہے آلۂ حق کرے

حقیقت میں حق بات کرتا ہے جان — تو گرتی ہے ظاہر سے یہ زباں
کہ ہے جانکی جارحہ یہ زبان — نکلتا زباں سے جو کہتا ہے جان

بھی قرآں کو ہم سب اسی واسطے — یقیناً کلام خدا جانتے
ہے حالانکہ ظاہر نبی کا کلام — نبی کے زباں سے سنے ہیں تمام

نہ سمجھے جو اس کو کلام خدا — حقیقت میں پس وہ تو کافر ہوا
جو ہو دیکھتا آلۂ چشم سے — جو سنتا ہے آلہ سے اس گوش کے

کرے ہاتھ سے یا چلے پاؤں سے — یہی جان ہی جان ہی جانئے
ہے مردے کو بھی گو کہ چشم و زباں — نہ دیکھے نہ بولے نہیں کیونکہ جاں

غرض اس طرح خرق عادت کا کام — حقیقت میں کرتا ہے رب الانام
یہ ظاہر کرے اسکو وہ جارحہ — رسالت کا جس نے کہ دعویٰ کیا

اسیواسطے نسبت اس کام کی — طرف جارحہ کے ہی ہوتی گئی
کہیں یہ پیمبر کا ہے معجزہ — کرامت کہیں گر ولی نے کیا

یہ نسبت مجازی ہے اور ظاہری — حقیقت میں فاعل ہے اللہ ہی
طریق شریعت یہی ہے یہی — شریعت ہی وابستہ ظاہر پہ تھی

شریعت میں ظاہر پہ ہی حکم ہو — یہی حکم ہے قاضی شرع کو
سنے گرچہ دیکھے حقیقت میں جان — کہے شرع دیکھے سنے آنکھ کان

نہ لے چور کا جان اسیواسطے — مگر ہاتھ ہی کاٹ دیں شرع سے
غرض شرع کی راہ سے معجزہ — ہے فعل نبی گو ہے فعل خدا

حقائق اگر پوچھیں کچھ اور ہے — طریقت کا کچھ اور ہی طور ہے
حقیقت پہ ہی حکم چلتا ہے واں — مجازی کا واں نہیں نام و نشاں

حقیقت ہر اک چیز کی واں کھلے — نہ کچھ اعتبار ظواہر رہے
یہ اہل حقائق ہیں کہتے تمام — کہ عادت کا یا خرق عادت کا کام

کرامت ولی کی ہو یا معجزہ — ہے عالم کا ہر فعل فعل خدا
اگرچہ کہ افعال ظاہر ہوں لاکھ — خدا ہی حقیقت میں فاعل ہے اک

یہ اک بات ہی بس کہ اسرار کی	شریعت میں اس سے خموشی بھلی	طریقت میں سالک قدم جب رکھے	بھی قرب نوافل جب اس پر کھلے
یہ اسرار بتلادیں اپنا اجمال	کریں صاحب حال سے قیل قال	یہ قرب نوافل کا سب فہم و بوجھ	سو پہلے سفر میں کریں جب عروج
بھی پورا عروج و شہود و فنا	یہ اجمال اسمیں کوئی پائے گا	بھی قرب فرائض کا ہوئے حصول	سو جب سفر چارم میں پورا نزول
سو ان کے وہ قرب جملہ چہار	عروجی نزولی سفر ہیں جو چار	یہ سب کا بیاں شرح و تحقیق سے	کتب میں لکھا اپنے تدقیق سے
مرا پیر و استاد قطب زماں	حقائق پناہ و کرامت نشاں	ہم اب رہ سے کرتے ہیں عطف عناں	پھر اب بند کرتے ہیں اپنی زباں
	چلے توسن خامہ اس راہ پر	جو ہے معجزوں کا بیان سیر	

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بڑا معجزہ جو قرآن مجید ہے

بڑا معجزہ معجزوں میں سبھی	جو ظاہر ہوا ہے ز دست نبی	ہے قرآن اکرم عظیم و جلیل	جو برہان قاطع ہے روشن دلیل
کسی معجزے کو نہ یہ شان ہے	ہے ہر معجزہ جسم یہ جان ہے	کہ ہر معجزہ جبکہ ظاہر ہوا	تمام وہ اسی وقت میں ہو چکا
پر ایسا ہے یہ معجزہ دیکھئے	قیامت تلک بھی جو باقی رہے	نہ اسمیں تغیر تبدل کچھ آئے	نہ تحریف و تصحیف کو اسمیں جائے
کہ محفوظ اسکو رکھا ہے خدا	رکھا لوح محفوظ او پر لکھا	اگرچہ کہ گزرے ہیں صد ہا برس	نہ دشمن بھی کچھ کر سکے کم سرس
نہ الحاق بھی اسمیں کچھ کر سکے	نکالیں نہ اک حرف کو جائے سے	یہ توریت و انجیل میں دیکھئے	کہ تحریف خود دوستاں ہی کئی
امام مبیں اور کتاب مبیں	خدا نے کہا ہے یہ حبل متیں	صحیفے کتابیں خدا کے سبھی	ہوئے درج ہیں ایک قرآں ہی میں
ہیں قرآں کے جتنے مضامیں تمام	وہی ہیں مندرج فاتحہ میں تمام	جو مضموں ہے در سورۂ فاتحہ	وہ ہے سب لکھے بسم اللہ کا حرف با
علوم ہمہ اولیں آخریں	علوم ہمہ انبیا مرسلیں	ہیں ظاہر کے باطن کے جتنے علوم	ہیں قرآں میں ہی آگئے سب ہجوم
سراسر ہدایت نصیحت ہے وہ	شریعت طریقت حقیقت ہے وہ	کیا ہے سب اگلی شریعت کو نسخ	سب اگلے کتب پر کھچا خط نسخ
شہیر و قوی معجزہ ہے وہی	وہی تبصرہ و تذکرہ ہے وہی	وہ ظاہر ہیں گرچہ ہے اک معجزہ	بہت معجزوں کو ہے شامل ہوا
جو ہے انا اعطینا سورہ قصیر	وہ خود ایک ہی معجزہ بس کبیر	نبی بولے فصحائے کفار کو	تم اس سورہ سا ایک بنا لائیو
تو وے سب کے سب اس سے عاجز رہے	نہ کوئی آیت ایسی بنا لا سکے	سو ہم کو معلوم اس بات سے	کہ قرآں میں ہیں بہت معجزے
کہ اس چھوٹے سورہ کے مقدار میں	ہیں قرآں میں جتنی بھری آیتیں	ہے آیت ہر اک اسمیں اک معجزہ	ہے قرآن یک بر ہے لک معجزہ
بھی کہتے ہیں علما کہ عیسیٰ مسیح	جو مردوں کو زندہ کئے بس صریح	اڑائے پرندے بنا خاک کے	بھی کوڑھی عذابی کو اچھے کئے
وہ اعجاز قرآں کا ادنےٰ ہیں	ہے ان معجزوں سے بھی بڑھکر کہیں	کہ عیسیٰ کے وہی جو کہ تھے معجزے	نہیں دخل کچھ ایک انمیں کسے
مگر یہ جو قرآں ہے عربی زباں	تھی عربی ہی ان کا فرو بھی زباں	لغات اسکے تھے وے سبھی جانتے	بھی ہر لفظ و معنے کو پہچانتے

فصاحت بلاغت خطابت و شعر / تھی گویا کسب انکا اور پیشہ خیر
وہی انکا لہجہ تھا اور بول چال / وہی انکا آپس میں تھا قیل و قال
سو ہوئے باوجود اس کے عاجز رہے / اک آیت نہ ایسی بنا لا سکے
کہنے متفق ہو کے وہی سب مگر / لیقس لیس ہذا کلام البشر
یہ ثابت ہوا اب کلام مبیں / ہے اعجاز جیسے نہ دوجا کہیں
جو نقل اپنا لائے سو عاجز کیا / یہ اک وجہ مجمل ہے اعجاز کا
اگر طور تفصیل سے دیکھئے / بہت ہیں وجوہ اس کے اعجاز کے
علوم شریعت میں فاضل جو ہیں / حقایق معارف میں کامل جو ہیں
وہ جب دیکھتے ہیں وہ علم سے / تو پاتے ہیں اسمیں بہت معجزے
چنانچہ ہے ہر لفظ قرآن میں / فصاحت بلاغت کی سب صورتیں
معانی بہت لفظ ایجاز ہے / ظواہر میں باطن کا دربار ہے
ہیں اک سکو ظاہر تو باطن ہیں سات / ہے اک علم بارز تو کامن ہیں سات
جو ظاہر کے علما ہیں وے کچھ لئے / جو باطن کے عرفا ہیں کچھ لئے
قناعت کسی نے کی ہی پوست پر / کوئی مغز بھی ہاتھ لایا مگر
رسائی کوئی خاص نہ وہ کرے / تو بطن سوم کے نہ اوپر بڑھے
لیقس بطن چارم کو حق کے سوا / ملک اور مرسل بھی نہیں پا سکا
جو باطن کو ہی لیوے ظاہر کو چھوڑ / وہ زندیق و ملحد ہے اور دیں کا چور
یہ انکار باطن جو ظاہر ہی لے / معتبر ہے وہ صاحب پوست سے
محقق ہے ہر دو میں کامل ہے جو / وہی عالم و عارف راہ جو

۲- معجزہ معراج شریف

ہے معراج جو معجزہ دوسرا / عجیب و غریب اور معتبر بڑا
اخص خصائص ہے وہ شاہ کا / نہ پایا کوئی انکے سوا دوسرا
اولوالعزم یا کوئی نبی کے تئیں / خدا نے یہ فضیلت دیا ہی نہیں
کہ براق اور پر وہ ہو کر سوار / جو جنت سے بھیجا تھا پروردگار
حرم سے گئے مسجد اقصیٰ تلک / وہاں سے بھی ساتوں سمٰوات تک
بھی جنت کے دیکھے ہیں نعمات سب / جہنم کے دیکھے ہیں درکات سب
وہاں سے سر عرش پر تھا قدم / وہاں سے چلے تا بہ لوح و قلم
وہانسے گئے لامکانیں گزر / خدا کے تئیں دیکھے از چشم سر
بنے قاب قوسین کے درمیاں / دنیٰ کا وہیں پائے راز نہاں
وہانسے لے رخصت کل آئے جب / تو تھا فرش خاص ان کا گرم تب
مکاں سے ہوا سیر تا لامکاں / ہے اک طرفۃ العین کے درمیاں
یہاں عقل انسان کی حیران ہے / یہ کیا معجزہ ہے یہ کیا شان ہے
کہاں موسیٰ جو رب ارنی کہا / الٰہی جمال اپنا مجھ کو دکھا
دیا ہے جواب انکو اللہ نے / ترا دیکھنا ہم کو کب ہو سکے
ترے حشم سر کو کہاں یہ مجال / کہ دیکھے ہمارا جلال و جمال
غرض اک تجلی کو دیکر کوہ طور / تو چمکایا از عالم قدس و نور
کلیم اللہ بے ہوش ہو گر پڑا / بھی وہ طور سینین ہی جل گیا
ہمارے پیمبر کا رتبہ ہے کیا / ملاقات کے واسطے خود خدا
سواری سے بلوایا اپنے حضور / زمیں سے لی تا عالم قدس و نور
فرشتہ بھی لے نور کی مشعلیں / مبارک سواری کے آگے رہیں
ہزاروں فرشتہ کمر باندھ کے / شہانہ جلو میں چلے آپ کے
مقرب ملک جو ہیں جبریل سے / سرافیل سے اور میکائیل سے
رکاب و لگام آپ کی تھام لے / چلیں طرقوا طرقوا بولتے
اسی طرح منزل ہر اک طے ہوئی / یہ ناسوت کی اور ملکوت کی
جہاں پر ہو ملکوت کا انتہا / اسے کہتے ہیں سدرۃ المنتہیٰ
جب اس سے بھی جا کے آگے رہیں / قدم عالم نور میں جا رکھیں

نہ ہمراہی حضرت کی کوئی کرسکا — مقرب فرشتوں کو یارا نہ تھا
نہ روح امیں سا فرشتہ جلیل — ملائے تو حضرت کہا جبرئیل
اگر یک سر موئے برتر پرم — فروغ تجلیٰ بہ سوزد پرم
چلے واں سے جب جھکتے ہی انس میں — تو پہونچے ہیں آ عالم قدس میں
ملاقات اس حشیم سر سے ہوئی — اٹھا پردہ از روئے سر خفی
کہ حضرت اونگاہ میں جا کھڑے — معبر ہے جو قاب قوسین سے
خطاب ایسا درگہ سے آنے لگا — کہ اے میرے محبوب نزدیک آ
اے محبوب میرے ائی مہر سے حبیب — ابھی آ ئیے پاس میرے قریب
خطاب ایسے آنے لگے دمبدم — تو حضرت بڑھاتے تھے اک اک قدم
چلے چھوڑ کثرت شیونات کی — ملی منزل احدیت ذات کی
یہاں ادن منی کی آواز ہے — دنی اور تدلیٰ ہی کا راز ہے
نہیں قرب ور وصل میں فصل ہے — نہ وحدت میں کثرت کو کچھ دخل ہے
کہاں موسیٰ اور یہ مدارج کہاں — شہ انبیا کے معارج کہاں
مرا والد ماجد و قبلہ گاہ — جو ہے مولوی عبدحی دین پناہ
یہ تفصیل احوال معراج کا — بہار نبوت میں سب لکھ چکا
اسی واسطے میں نے کی اختیار — یہاں ذکر معراج میں اختصار

معجزۂ شق القمر

معظم ہے یہ معجزہ تیسرا — کہ حضرت سے شق القمر جو ہوا
تصرف ہے حضرت کے اعجاز کا — کہ جو عالم علوی اوپر چلا
نہ کوئی پیمبر سے صادر ہوا — نہ کوئی نبی ایسا ظاہر کیا
صحابہ سے حضرت کے جمع کثیر — سنو تابعیں سے بھی جم غفیر
روایت یہ کی ہے کہ کفار نے — کیا معجزہ یہ طلب شاہ سے
رسالت کے دعوے میں گر ہے ثبوت — تو دو ٹکڑے اس چاند کے کیجیو
اشارت پس انگلی سے کی آپ نے — وہیں چاند کے ٹکڑے دو ہو چکے
سوا اک ٹکڑا لوگوں کو آیا نظر — ہے مکہ میں کوہ حرا کے اوپر
تھا ٹکڑا اوگرا اسکے نیچے عیاں — پہاڑ ان دو ٹکڑوں کے تھا درمیاں
کیا حکم حضرت نے اے حاضرو — گواہ اس نشانی پہ تم سب رہو
روایت ہی یہ مستند معتبر — کتب سے حدیثوں کے اے باخبر
روایت تواتر کو پہونچی ہے یہ — گواہ نص قرآں کو رکھتی ہے یہ

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ

صحیحین سے کتابوں میں سب — صحیح طریقوں سے مروی ہے جب
کہی متقدمین اور متاخرین — ہوئے متفق اس پہ سب اہل دیں
پس اب شک کی گنجائش اس میں نہیں — یہ بعض اہل بدعت نہ لاویں یقیں
دیے کرتے ہیں کفار کی پیروی — جو کفار گمراہ ہیں فلسفی
جو زندیق ہیں بعضے اور ملحدیں — نہیں لاتے ہیں وے بھی اس پر یقیں
ہے حالانکہ حضرت کا یہ معجزہ — نہ پوشیدہ کچھ ایسا ظاہر ہوا
کہ کوئی ایک دیکھا نہ دیکھا کوئی — تب از چشم خود دیکھے کفار بھی
ابوجہل تھا جو سر اشقیا — اسے دیکھ کر ہٰذا سحر کہا
کہا یعنی لوگوں کو وہ بے حیا — محمد تمہارے یہ جادو کیا
جواب اسکو بعضے دیے یوں پکار — کہ اے کافر بے حیا نابکار
اگر ہو وی جادو ہو یہیں لئے ہی — نہ ساری جہان پہ چلیگا کبھی
ہے حالانکہ حضرت کا یہ معجزہ — علانیہ عالم پہ ظاہر ہوا
مسافر جو تب ور سے آئے تھے — کہے دیکھے ہم ٹکڑے دو چاند کے
بہت سے نجومی بھی دیکھے ہیں تب — لکھی اپنی کتابوں میں لکھے ہیں سب
بھی اسوقت راجہ جو تھا بھوجکا — نظر کر کے حیرت ہی کرنے لگا
لکھی اور اور ملکوں میں یہ واقعہ — نظر آیا سب لوگوں کو بر ملا

کسی شہر کے لوگ کو ہاں اگر / نہ یہ واقعہ آیا ہوگا نظر
تو شاید کہ وے خواب غفلت میں تھے / و یا ابر تھا دیکھتے ہیں اسلئے
سوا اس کے حضرت نے یہ معجزہ / یقیں اک ہی لحظے میں واقع کیا
نہ لازم ہے اس ایک لحظے میں ہی / نظر کریں عالم جہاں کے سبھی

۴۔ معجزہ جو ڈوبا ہوا آفتاب پھر طلوع ہوا

عجب کیا کہ دو ٹکڑے ہوا ماہتاب / ہوا حکم حضرت سے جو آفتاب
کہ سورج جو ڈوبا تھا زیر زمیں / کئے حکم حضرت پھر آیا وہیں
ہے مروی ز اسما بنت عمیس / کہ خیبر کے غزوہ کے دن اے انیس
خدا وحی نازل کیا شاہ پر / علی کے تھا تب گود میں شہ کا سر
سو لیٹے تھے یونہی وہ عالیجناب / یہاں تک کہ غائب ہوا آفتاب
نماز عصر کی نہیں پڑھے تھے علی / گیا وقت تو پھر قضا ہو چکی
گئی خود سی جب حالت بیخودی / ہیں دیکھے کہ بیٹھے ہیں ویونہی علی
کہے اسنے تب سید المرسلیںؐ / نماز عصر کی تم پڑھے یا نہیں
علی بولے نہیں یا رسول خدا / کہ تھا گود میں میرے سر آپکا
کہے حضرت اے رب یہ بندہ ترا / نماز عصر کی نہیں ادا کر سکا
کہ مشغول وہ تیری طاعت میں تھا / کہ تیرے نبی کی اطاعت میں تھا
الہی پھرا دیجئے آفتاب / علی تا کہ پڑھ لے نماز اب شتاب
کہے اسما ہیں میں نے دیکھا عجب / کیا ہے طلوع پھر بعد غروب
نکل آئی ہے دھوپ تب جو تبر / میں دیکھی پہاڑ اور زمیں کے اوپر
علی پڑھ لئے تب نماز عصر کی / یہ کیا شان تھی حضرت کے اعجاز کی

۵ معجزہ جو انگشت مبارک سے پانی کی نہریں جاری ہوئیں۔

ثنا یہ بھی مشہور ہے معجزہ / جو حضرت سے صادر ہوا بارہا
طریق اس روایت کے ہیں بیشتر / ہیں بس مستند معتبر مشتہر
بہت راویوں سے روایت ہے کی / تواتر کو پہونچی ہے وہ معنوی
کہ پانی کی نہریں کئی ہیں رواں / مبارک جو حضرت کے تھی انگلیاں
نہ اعجاز ایسا دکھایا کوئی / جو گزرے ہیں آگے رسول و نبی
صحیحین میں یہ حدیث آئی ہے / انس نے روایت جو سنوائی ہے
میں دیکھا کہ یکوقت پانی نتھا / کبھی وقت نماز جو گر ہو چکا
اگرچہ کہ لوگوں نے کی جستجو / نہ پایا ہے پانی کہ کریں وضو
مگر خاص حضرت کے ہی واسطے / ملا تھوڑا پانی وضو کے لئے
لے پانی کی بدنی شہ کائنات / رکھے ہیں تب اس آب میں اپنا ہاتھ
انس بولتا ہے کہ بے ارتیاب / لگا جوش کرنے وہ اس قدر آب
کہ گویا وہ اک چشمہ پانی کا تھا / جو انگلی سے حضرت کے جاری ہوا
کئے حکم لوگوں کو تب کیجئے وضو / کئے تین سو شخص اس سے وضو

۶۔ معجزہ ایضاً

حدیث اک صحیحین میں آئی ہے / روایت یہ جابر نے سنوائی ہے
کہ روز حدیبیہ ہم لوگ سب / ہوئے تشنگی سے ہیں بیتاب جب
تھا اک بدنی پانی جو حضرت کے پاس / لگے شاہ کے آنے لوگ آس پاس
کہے شاہ اے لوگ کیوں آئے ہو / تمہارا ہے کیا حال سنوائے تو
کہے سب کہ اک قطرہ پانی نہیں / وضو کرنے پینے کو اے شاہ دیں
نہیں ہے سوا اس قدر آب کے / جو یک بدنی نزدیک ہے آپ کے
رکھے ہات بدنی میں اپنا نبی / لگا مارنے جوش پانی تبھی
کرے چشمہ پانی کا جس طرح جوش / کئے لوگ اس سے وضو اور نوش
سوال یہ کیا کوئی جابر سے جب / کہو کہ کتنے تھے تم لوگ سب
کہا لاکھ بھی ہوتے ہم لوگ اگر / سبھوں کو بس آتا تھا وہ آب تر

اگر یانزدہ سو ہی اسوقت تھے
جو سیراب اس آب سے ہو چکے

بھی جنگ ہو واط اندر ائی یار نیک
ہوا ظاہر اعجاز ایسا ہی ایک

ہوا ظاہر ایسا ہے اک معجزہ
بہ جنگ تبوک از رسول خدا

یہ فاروق نے یوں روایت ہے کی
کہ لشکر میں تب تنگی پانی کی تھی

نچوڑا نکے یوٹھونکا پانی سبھی
پیا کرتے تا دفع ہو تشنگی

مبارک وہ ہاتھوں کو اپنے نبی
اٹھائے ہیں درگاہ حق میں تبھی

کہ سیراب سب اہل لشکر ہوئے
بھی مشک اور برتن سبھوں کے بھرے

روایت ہے در موضع ذی المجاز
چھپا کے تھے ہمرہ شہ سرفراز

پس آپ اونٹ پر سے اتر کر وہیں
مبارک قدم مارے تب بر زمیں

روایت بہت ایسے ہی آئی ہیں
کہ جو معتبر راویاں لائے ہیں

عجب کیا کہ یاں چشمہ جاری کریں
ہے کوثر بھی تو آپکے ہاتھ میں

ہوں جب گرمی حشر سے تشنہ کام
پلادیں انہیں پانی خیر الانام

یہاں چشمہ رحمت کا جاری کئے
شفاعت کا واں چشمہ ظاہر کئے

جو جنت میں بہتی ہیں نہریں چہار

۷۔ معجزہ

روایت یہ جابر سے مسلم نے کی
بھی یونہی امام احمد و بیہقی

انس سے روایت ہے یہ جانیے
حدیث ابن شاہین کی دیکھیے

یہاں تک وہی مردم پیاسے ہوئے
کہ اونٹوں کو نحر اپنے کرنے لگے

کی حضرت سے تب عرض تو کرنے
کہ حق پاس حضرت دعا کیجیے

اٹھی ہاتھ حضرت کے اوپر ہی تھی
برسنے لگی بارش اس زور سے

۸۔ معجزہ

لگے کہنے بوطالب اس شاہ سے
کہ شدت سے اب تشنگی ہے مجھے

تو پانی کا فوارہ اڑنے لگا
کہے نوش جاں کیجیے ای چچا

تعالی اللہ یہ کیا ہی اعجاز ہے
کہ اعجاز کا حسن انداز ہے

قیامت میں سب اولین آخریں
لے آدم سے عیسیٰ تلک مرسلیں

وہ اک حوض کوثر پہ ہیں انحصا
نکلوائی انگلیوں سے چشمہ ہزار

کئے انگلیوں سے جو نہریں رواں
اسی کے ہو پانی کا کوثر وہاں

سو انکے ہی نکلی ہیں انگلیوں سے چار

وے معجزے جو کھانے میں کثرت و برکت ہوئی ۔ ۹ معجزہ

ہے از جملہ معجزات نبی
جو کھانے میں بھی زیادت ہوئی

روایت ہے جابر سے ائی نیکخو
بخاری و مسلم میں آئی ہے جو

بھی رُوئے مبارک یہ اس شاہ کے
بہت بھوک کے ظاہر آثار تھے

وہ دیکھی تو کچھ چیز حاضر نہیں
یہ تھوڑی سی جو تھی لے آئی تب

اور میں گوشت کو دیگ میں ڈالکر
کیا عرض جا نزد خیر البشر

یہ حاضر ہے تشریف لے آئیے
تناول مع چند تن کیجیے

کئے حکم یہ مجھ کو شاہ خیار
میں آنے تلک تم کرو انتظار

سو تشریف لائے ہیں شاہ خیار
لے آئے صحابہ کو ساتھ یکہزار

وہ کھانے سے جو تھا خوراک ایک کا
نبی نے سبھوں کو اگھانے کیا

کہ میں جنگ خندق کے ایام میں
نظر کی تو لوگونپہ میں کرتبیں

میں تب اپنی عورت سے پوچھیاں گا
ہے کھانیکی کچھ چیز تو جلد لا

وہ تیار کی پیسکر اسکے تئیں
کیا ذبح بکری کے بچے کو میں

کہ اک صاع جو گھر میں حاضر جو تھی
لحم ایک بزغالہ کا ائے نبی

کہے سب صحابہ کو خیر البشر
سب آؤ کہ دعوت ہے جابر کے گھر

اتارو نہ دیگ اور پکاؤ نہ نان
میں کہہ چھوڑ اسطرح اپنی بیاں

خمیر اور بھی گوشت کی دیگ کو
لیجا کر رکھا شہ کے میں روبرو

مبارک لعاب اسمیں کچھ ڈالکے / کی برکت کے خاطر دعا شاہ نے
پس ایسا ہی تیار ہمنے کیا / کہ جسطرح فرمائے شاہ ہدا
ہوئیں روٹیاں اس سی اتنی تیار / کہ سیری سے کھائے ہیں لوگ ہزار

۱۰ معجزہ ایضاً

تھا لوگوں پہ صدمہ بڑا بھوک کا / کہ الجوع کا ہر جا آواز تھا
جو کچھ توشہ باقی ہے لوگوں کے پاس / دعا کیجے منگوا کے اے شاہ ناس
ہوا حکم صادر سبھی لوگ کو / کہ جو کچھ ہے تم پاس لے آئیو
کوئی اک مٹھی دالا لے آیا واب / کسی نے لے آیا ہے اک ٹکڑا نان
کی حضرت نے برکت کی خاطر دعا / ظہور اس میں برکت کا اتنا ہوا
سبھی اہل لشکر تناول کئے / فراغت سے سیری سے سب کھا چکے
کہ حاضر تھے اس وقت جو غازیاں / سو تھے جملہ ستر ہزار امیاں
کہ نیں کوئی معبود حق کے سوا / کہ تحقیق ہوں میں رسول خدا

۱۱ معجزہ ایضاً

کہا شاہ نے کیا ہے کچھ تیری پاس / کہا میں فرا خرما ہے میری پاس
میں وہ توشہ دان لانکے حاضر کیا / لے اک مٹھی اس سی رسول خدا
کہ لولے بلا لائیے لوگ کو / کہ وے لوگ دس دس سی زاید ہو
کئے حکم پھر میرے تئیں بعد ازاں / لجا بوہریرہ ترا توشہ دان
یہ خالی نہ کر تو کسی وقت اسے / کبھی اسکو مت گن کبھی دیکھکے
اسی طرح سے گزرے ہیں سالہا / تھے جبتک کہ زندہ رسول خدا
خلافت کئے حضرت عثمان بھی / شہادت بھی عثمان کی ہو چکی
کھجور اس سے کتنے وسق نیکے پر / دیا راہ حق میں فقیروں کے تئیں
وسق کہتے ہیں ساٹھ ہی صاع کو / ترے سیر سے اکیسو تیس ہو
روایت بہت ایسے ہی آئے ہیں / ظہور ایسے جو معجزے پائے ہیں

کئے حکم دیجے نہ کوئی بجھیں / کریں نان تیار دو عورتیں
پکاتے رہیں روٹیاں پے بہ پے / نہ آٹے میں ہرگز کمی آئی ہے
ابھی دیگ میں گوشت باقی رہا / اور آٹا بھی باقی رہا نان کا
روایت ہے کی بوہریرہ نے ایک / کہ جنگ تبوک اندر ای یار نیک
عمر نے کی عرض ای رسول خدا / برا حال ہے بھوک سے لوگ کا
کہ تا اسمیں برکت کا ہووے نزول / کئے عرض کو انکے حضرت قبول
پس اک سفرۂ عام چونا گیا / کھجور ایک صاع کوئی لا کر رکھا
بس اس قدر یہ تین ہی چیز بھیں / جو لوگوں نے سفرہ پہ لا کر رکھیں
کہ لشکر میں باسن تھی جتنے تمام / بھرے سب اعجاز خیر الانام
ابھی اس سی کچھ توشہ باقی رہا / صحیح اک روایت سے ثابت ہوا
نظر کرکے حضرت نے یہ معجزہ / شہادت میں اپنی زباں کی ہے وا
خدا سے ملے اس گواہی سی جو / نہ زنہار جنت سے وہ دور ہو
روایت کیا بوہریرہ ہمام / کہ اک جنگ میں لوگ بھوکے تمام
جو خرمے کے دانہ تھے اس میں ہی / تھے اکیس یا نو د و بیس ہی
کئے اسمیں برکت کے خاطر دعا / خدا اسمیں برکت تب ایسی دیا
سو دس میں ہی شخص آکے کھانے لگے / یونہی لوگ لشکر کے سب کھا چکے
لیا کر اسی توشہ دان سے ترے / تجھے جتنی جس وقت حاجت پڑے
پس اس سے میں ہر روز کھانے لگا / بھی لوگوں کو سیر کھلاتا رہا
نبی صدیق اکبر خلافت کئے / اور حضرت عمر بھی خلافت کئے
یہ مدت تلک توشہ دان وہ مرا / تھا میں اس سی یونہی خرچتا رہا
لیا تا تلک کیا خرچ اس سی یقیں / پہ اسمیں کمی کچھ بھی آئی نہیں
ہے یا نام اک اونٹ کے بوجھ کا / دیا ایسے کتنے وسق بارہا۔
کئی بار ایسے ہی واقع ہوئے / مطول کتابوں میں ہے دیکھئے

کہ برکت کی خاطر دعا شہ نے کی
تو کھانے کی قلت میں کثرت ہوئی
تعالی اللہ کیسا ہے یہ معجزہ
ہمارے جو حضرت سے ظاہر ہوا
مسیح مائدہ لائے جو ایک بار
خدا کیجئے ایسے یاں صد ہزار
سر اسرائیل کے ہی لئے تھا وہ خوان
تھے اس خوان کے مہمان ساری جہان
جہان کیا ملک اور رب انس و جان
ہیں اس خوان کے دعوتی میہمان

وے معجزے جو حیوانات حضرت سے کلام کئے۔ ۱۲ معجزہ۔

بھی از جملہ معجزات نبی
سنا چاہئے ہے یہ اعجاز بھی
کریں چارپائے نبی سے کلام
رہے زیر فرمان خیر الانام
مطیع و مسخر ہو جوں آدمی
بہ امر شریعت و دین نبی
سعادت کا قرعہ پڑھے جسکے نام
سو جس طرح منقاد خیر الانام
اسی طرح حیوان بھی لا کلام
اطاعت کریں شاہ کی اور کلام
چنانچہ روایت ہے اک اونٹ نے
شکایت کی حضرت کے پاس آنکے
عشا کی نہ پڑھ کر نماز اے نبی
فلاں لوگ سوتے ہیں ہر شب سبھی
مجھے خوف اس بات کا ہے یقیں
کہ ان پر عذاب آوے حق سے کہیں
پس اس قوم کو شاہ بلوائے ہیں
اور اس خواب سے منع فرمائے ہیں
یہاں سمجھو عبرت اے مومنو
نمازوں کی اپنے حفاظت کرو
کہ دنیا کے کاموں سے یا نیند میں
نہ کھوؤ تم اللہ کی طاعتیں
عبادت اگر چھوڑ لے یکوقت کی
عذابوں کی آفت تمہیں آئیگی
تم آخر یقیں نوع انسان ہو
نہ حیوان سے بھی گزر جائیو
کہ ترک عبادت سے اللہ کے
وہ حیوان ڈرتا ہے کیا دیکھئے
رکھے بے نمازی سے نفرت ہی کیا
بھی کرتا ہے اسکی مذمت ہے کیا
نہ اس قدر انسان کو گر پاس ہو
وہ انسان نہیں بلکہ نسناس ہو
عبادتیں سنگ و شجر بھی تمام
کئے ہیں ادب سے قعود و قیام
رکوع عبادت میں شام و سحر
جھکائے ہیں سر اپنے رب جا بوذر
جو انسان ہو کر نہ طاعت کیا
دیا کاہلی سے قضا کر دیا
تو کیا کہئے اسکو خدا کی پناہ
عبادت کی توفیق دیوے الٰہ

۱۳ معجزہ ایضاً

نسائی انس سے روایت کیا
جنید انصاریوں پاس اک اونٹ تھا
وے جاتے ہیں جب ذبح کرنے اسے
شکایت کیا انکی آ شاہ سے
نبی اسکے حق میں سفارش کئے
دیا چھوڑ ہے یاں آپ ہی سو الم
ہے دوسری روایت کہ انصاریاں
شکایت کئے نزد شاہ جہاں
ہمارا جو اک اونٹ ہے اے نبی
ہے کرتا ہمارے سے اب سرکشی
نہ پانی وغیرہ کا بوجھ ہی اٹھائے
زراعت ہماری کہیں سوکھ جائے
گئے باغ کو انکے خیر الوریٰ
وہ اونٹ آکے حضرت کو سجدہ کیا
پکڑ بال کو اس کی پیشانی کے
لگائے کام کا حکم حضرت اسے
پس اس وقت ہی اونٹ اے خبیر
لگا کام کرنے ہو فرماں پذیر

۱۴ معجزہ ایضاً

انس سے ہے مروی کہ حضرت نبی
جناب ابو بکر و فاروق بھی
گئے باغ کو تھا جو انصاری کا
تھا اک بکرا اس شہ کو سجدہ کیا

۱۵ معجزہ ایضاً

روایت ہے اک بو ہریرہ کیا
کہ اک بار یہ واقعہ ہو دیا
لیا داب بکری کو اک بھیڑیا
تو بکری کو راعی چھڑانے لگا
کہا اس کے تئیں بھیڑیا اے فلاں
خدا سے ذرا خوف کر اس ماں
دیا رزق رزاق نے جو مجھے
نہ تو اس کو مجھ سے چھڑا لیجئے

عجب کر کے راعی کہا اس مقام　کرے بھیڑیا آدمی سا کلام
کہ پیغمبر حق کو تو چھوڑ کے　کھڑا ہے یہ بکری ہی کے واسطے
کوئی حق کے پاس اس سے بہتر نہیں　کوئی ایسا معظم پیمبر نہیں
ملک حور و جنت کے غلماں تمام　کریں انتظار اس کا بس صبح و شام
وہ پیغامبر کے ترے درمیاں　نہیں کوئی حائل ہے جز ای فلاں
ہو لشکر میں جا داخل اللہ کے　کہ ایماں و اسلام لے آئیے
کہا بھیڑیا میں چراتا رہوں　تو آئے تلک میں حفاظت کروں
اذاں کا ہوا حکم بولے اذاں　فراہم ہوئے لوگ سب اس زماں
جو کچھ قصہ گزرا تھا بولا سبھی　یہودی تھا وہ لایا ایماں بھی
یہ دیکھا سو راعی بہت خوش ہوا　پکڑ بکری اک بھیڑیئے کو دیا
شہادت رسالت پہ شہ کی دیا　تھا حیوان کیا بات انسان کا

کہا بھیڑیا یہ عجب کچھ نہیں　زیادہ عجب اس سے یہ ہے یقیں
نہ مبعوث حق کے طرف سے ہوا　کوئی ایسا رسول و نبی دوسرا
کھلے اس پہ جنت کے ابواب ہیں　بھی اہل جنت اسکے اصحاب ہیں
کہ راہ خدا میں وے دے اپنا جان　خراماں چلے سوی باغ جناں
مگر ٹبہ چھوٹا سا اس کوہ کا　تو پس اسکی خدمت میں اب جلد جا
کہا راعی جاؤں ابھی یاں سے میں　چراتا رہے کون بکروں کے تئیں
مدینے طرف راعی پھر چل دیا　کہا جاکے حضرت سے سب ماجرا
کئے حکم راعی کو خیر البشر　جو دیکھا سنا ہی سب اظہار کر
ہے جنگل طرف جاکے کیا دیکھتا　کہ وہ بھیڑیا ہے چراتا کھڑا
بحمد اللہ کیسا ہے یہ معجزا　چرایا جو بکروں کو ہے بھیڑیا

١٦ معجزہ ایضاً

بھی ابن عساکر روایت کیا　کئے فتح خیبر جو خیر الورا
کہا یا نبی ہوں میں ابن شہاب　یزید اسم میرا اے عالی جناب
کسی نے خدا کے پیمبر سوا　نہیں پیٹھ پر انکے ہرگز چڑھا
پیمبر بھی اے سید المرسلیں　سوا آپ کے اور کوئی نہیں
میں تھا اسکے آگے یہودی کے پاس　ہوا شوق جب یا نبی خیر ناس
مجھے بھوکا رکھ چھوڑا پس وہ یہود　میں پس اپنی خدمت میں آیا ہوں خود
پھر اس شاہ کے پاس پہنچ گیا　ہمیشہ سواری میں حضرت کے تھا
کبھی اسکو فرماتے خیر الورا　فلاں شخص کو جا بلالے کے آ
وہ شخص آ آ کرتا اشارہ اسے　کہ فرمائے ہیں یاد حضرت تجھے
وفات اس شہنشاہ کا جب ہوا　تو یعفور غم سے تڑپنے لگا
کسی آدمی کو نہ ہو اس قدر　یہ عشق و محبت نبی سے اگر
نہ یعفور سا جب وہ حیوان ہے　نہ حیواں کی بھی اسے شان ہے

کیا خر یک آکے حضرت سے بات　تو نام اوس کا پوچھے شہ کائنات
کہا ساٹھ خچر تلک اے نبی　ہوئے نسل سے میرے دادا کے ہی
مرے جد کے اولاد سے اب کہیں　سوا میرے اور کوئی باقی نہیں
میں امید رکھتا تھا اور انتظار　میری پیٹھ پر آپ ہوویں سوار
میں عمداً یہی کام کرنے لگا　سواری میں اسکی لنگڑانے لگا
کہے شاہ اب رہ تو بے درد و غم　ترا نام یعفور رکھتے ہیں ہم
اثر اس پہ حضرت کے اعجاز کا　لکھے کیا کہے کیا کہ کس قدر تھا
تو ہوتے ہی حکم شہ انبیا　وہاں جاکے سر سے ہی در ٹھوکتا
سمجھتا غرض ایسا شہ کا کلام　یہ اعجاز حضرت کا تھا لاکلام
جدائی نہ حضرت کی جب سہہ سکا　گرا آپ کو باوڑی میں موا
وہ انسان نہیں بلکہ حیوان ہے　کہ حیوان سے بدتر انسان ہے
وہ انسان نہیں بلکہ نسناسؔ ہے　نہ حیواں کی بھی اسمیں بو باس ہے

ؔ یک جانور ہوتا ہے انسان کی شکل کا

آلہی بہ عشق شہ انبیا
ہمارے دل و جاں کو کیجے فدا

١٧ معجزہ ایضاً

وہ ہرنی کا قصہ بھی منقول ہے
جو مشہور ہے اور مقبول ہے
نکل آئی ایک ہرنی حضرت کے پاس
بچھڑے ہیں وہ اسکا خود خیر ناس
بہت معجزے ایسے ظاہر ہوئے
وہ ختم الرسل سید الناس سے
روایت بہت ایسے پائے ثبات
کہ حیوان حضرت سے کرتے تھے بات
بھی حیوان پر شاہ کے معجزے
ہزاروں ہزاروں جو واقع ہوئے
روایت ہے لشکر میں اک وز بھی
کہ لوگوں کو از بسکہ تھی تشنگی
ہوا اس سے سیراب لشکر تمام
تھے سب تین سو شخص وے نیکنام
عجب کیا کہ حیوان باتیں کریں
نباتات اسکی تسخیر میں جب ہیں

وے معجزے جو جماد و نبات یعنے سنگ و شجر نے حضرت کی اطاعت کی ١٨ معجزے

روایت کی اسطرح سے ترمذی
علی نے کہا ہے کہ میں اور نبی
سو حضرت کو وہ کہتا میں نے سنا
سلامٌ علیک اے رسول خدا
بہت سے روایات یہاں آئے ہیں
کہ جھاڑوں کو وہ شاہ بلواتے ہیں
سلام اور گواہی رسالت پہ دے
چلا جاتے گر حکم حضرت کئے
روایت بریدہ سے کی اسلمی
بھی ارباب تحقیق نے نقل کی
اس اعرابی کو بولے حضرت رسول
فلاں جھاڑ کے پاس تو جاکے بول
اکھڑا زمیں سے جڑ و نکے تئیں
چلا کھینچتا چیرتا یہ زمیں
کیا عرض اعرابی اس شاہ سے
چلا جانے پھر اسکو فرمائے
لگا کہنے اعرابی حیران ہو
ہو گر حکم سجدہ کروں آپکو
اجازت نہ پایا کہ سجدہ کروں
مگر ہاتھ اور پاؤں کو بوسہ دوں
ہوا یاں سے معلوم اک مسئلہ
کہ جائز قدمبوس کرنا ہوا

٢٠ معجزہ ایضاً

پس اعرابی شہ پاس آیا ہے ایک
گواہی رسالت پہ چاہا ہے ایک
وہیں چل دیا وہ زمیں چیر کے
گواہی طلب اس سے کی شاہ نے
گواہی سے فارغ ہوا جب شجر
چلا اسطرح اپنی پھر جائے پر
عجب کیا نباتات باتیں کریں
مسخر ہیں شاہ کے حکم میں
لگا سنگ کو ہاتھ جب شاہ کا
ہوا سخت پتھر بھی موم سا

ہو بیرون مکہ چلے اکوقت
جو ملتا ہیں رہ میں سنگ و درخت
اور یہ وحی کے ابتدا میں ہی تھا
دیا دوسرے وقت میں بھی ہوا
زمیں چیرتے اور جڑوں کو اکھاڑ
رسول خدا پاس آتے تھے جھاڑ

١٩ معجزہ ایضاً

نکل آیا اعرابی اک باادب
کیا شاہ سے معجزہ اک طلب
رسول خدا نے بلایا تجھے
یہ سنتے ہی حکم نبی جھاڑ نے
کھڑا شہ کی خدمت میں جا اور کہا
سلامٌ علیک اے رسول خدا
کئے حکم حضرت چلا وہ گیا
جڑاں وہیں گئیں اور برابر کھڑا
اجازت نہ سجدے کی حضرت نے دی
کیا عرض اعرابی پھر اے نبی
اجازت بس اتنی بھی تو دیجئے
پس اس امر کی شہ اجازت دیئے
بزرگوں کے پس ہاتھ اور پاؤں کو
ہو لا بس گر بوسہ دیویں کبھو
پھر ابن عمر یوں روایت کیا
سفر میں ہی اک ساتھ حضرت کے تھا
کہے اسکو یہ جھاڑ ہیگا گواہ
پس اس جھاڑ کے تئیں بلائے ہیں شاہ
سو وہ تین باری گواہی دیا
محمد ہے بیشک رسول خدا
بہت معجزے ایسے ہی آئے ہیں
جو جھاڑوں کو وہ شاہ بلواتے ہیں
کیا شہ سے پتھر کلام و سلام
کئے ہاتھ میں سنگریزے کلام
تہ بالو یہ ہوتا تھا نقش قدم
حجر پر ہوا کرتا نقش قدم

وے معجزے جو جمادات یعنے پتھر کنکر وغیرہ نے حضرت کے معجزے سے کلام کیا ۲۱ معجزہ

تھی کمے میں یکبار رفاق الحجر
لگا ایک دیوان میں تھا حجر

دلایل میں اپنے کہا بیہقی
روایت بھی یوں ابن ماجہ نے کی

اڑا ان پہ چادر دعا حق سے کی
الٰہی یہ ہیں اہل بیت نبی ؐ

بدرگاہ خلاق ارض و سما
دعا جب یہ کرتے تھے خیر الورا

گزرتے تھے جب وہ سے خیر الورا
وہ کہتا سلام اے رسول خدا

کہ عباس اور انکے لڑکوں کو سب
کیا جمع یکجا یہ حضرت نے جب

چھپایا انہیں ہیں نے چادر سے جوں
چھپا تو بھی بس انکو دوزخ سے یوں

تو دیوار و دروازہ دلپذیر سے
ہی آواز آمین کے آنے لگے

عقیل ابن بوطالب اس شہ کے سات
سفر میں تھا ایکبار ای نیکذات

کہے جاکے اس کوہ کو بوٹے
ہی حکم نبی پانی کچھ دیجئے

۲۲ معجزہ ایضاً

ہوئی غالب اسکے تئیں تشنگی
پہاڑ اوپر اک اسکو بھیجے نبی ؐ

کہا کوہ جا عرض کر از رسول
اس آیت کا جب سے ہوا ہے نزول

یہانتک میں رویا ز خوف خدا
کہ نہریں ہیں چشمہ ظاہر ہوا

اس آیہ کے معنے یہ ہیں جانئے
کہ لوگو تمکو فرمایا اللہ نے

کہ انسان و پتھر بھی اس آگ سے
قیامت کے دن لکڑیاں ہوونگے

ہوا ثابت اکثر روایات سے
کہ حضرت پہاڑوں سے باتیں کئے

پہاڑ ایک مکہ میں جو ہے ثبیر
گئے اسپہ حضرت بشیر و نذیر

کمال خوشی سے وہ ہلنے لگا
ہوا اسکو تب ولولہ شوق کا

نہیں تیرے اوپر مگر یک نبی ؐ
شہیدان دو اور ایک صدیق بھی

انس نے کہا ایسا ہی واقعہ
ہے کوہ احد سے بھی ظاہر ہوا

کہا بوہریرہ کہ کوہ حرا
بھی حرکت کیا اور ساکن ہوا

روایت ابوذر نے اسطرح کی
کیا نقل جسکے تئیں بیہقی

اکیلے ہی بیٹھے تھے خیر الورا
نہ کوئی شخص نزدیک حضرت کے تھا

لئے ہاتھ میں سنگریزے نبی ؐ
عدد میں تھے وے نو دیا سات ہی

شہد کی ہو مکھی کا آواز جوں
تھا اس سنگریزوں کا آواز یوں

لے پھر ہاتھ سے انکے نیچے رکھے
تو کنکرے خاموش ہی ہو گئے

دیئے دست عثمان میں پھر انکو جب
ئے تسبیح کرنے لگے واں بھی تب

اِتَّقُوا النَّارَ الَّتِیْ وَقُوْدُھَا النَّاسُ وَالْحِجَارَۃُ

اب اک قطرہ بھی مجھ میں باقی نہیں
کہا نسے ہیں دل پانی اے شاہ دیں

اس آتش سے ای لوگو ڈرتے رہو
بچاؤ تم اس آگ سے آپ کو

۲۳ معجزہ ایضاً

از انجملہ عثمان نے نقل کی
لکھا ہے بخاری نے اور ترمذی

تھے ہمراہ صدیق و فاروق بھی
تھے ساتھ آپکے اور عثمان غنی

قدم اپنا مار اسپہ خیر البشر
کہے اے جبل کچھ تو حرکت نکر

یہ سنکر ٹھہر ہی گیا وہ جبل
نہیں کچھ بھی حرکت کیا وہ جبل

۲۴ معجزہ ایضاً

۲۵ معجزہ ایضاً

کہ یکبار میں پاس شہ کے گیا
مقرر تھا وہ وقت دوپہر کا

سو ایسے میں صدیق آئے وہاں
عمر آئے بعد انکے عثمان بھی جان

نبی انکے تین ہاتھ میں لیتے ہی
لگے کرنے تسبیح کنکر سبھی

دیئے ہاتھ میں انکو صدیق کے
وہاں بھی لگے تسبیح کرنے لگے

عمر کے دیئے ہاتھ میں پھر نبی ؐ
گئے واں بھی تسبیح کنکر سبھی

لے پھر ہاتھ سے انکے نیچے رکھے
تو خاموش کنکرے سب ہو گئے

۲۶ معجزہ ایضاً

یہ آیت مبارک زبانسے پڑھے ثنا ذاتِ جبار کی بھی کئے
بھی فرمائے کہتا ہے رب قدیر کہ جبار و متعال ہوںمیں کبیر
یہ سنتے ہی منبر وہ ہلنے لگا بھی ہیبت سے یاں تک لرزنے لگا

۲۷ معجزہ ایضاً

بٹھائے تھے اطراف کعبے کے جان بتاں تین سو ساٹھ جو کافران
تھی اسوقت یک چوب حضرتکے ہات اشارہ وہ لکڑی سے کرتیکے سات

۲۸ معجزہ ایضاً

کہ یکبار ہم سب ای نیکو صفات تناول کئے کھانا حضرتکے سات

۲۹ معجزہ ایضاً

طبق ایک بھیجا ہے پروردگار کہ تھی جسمیں جنت کے انگور انار
اٹھاتے اُسے جب شہ کائنات تو تسبیح کرتا وہ حضرت کے ہات
معیقیب دیتا ہے یہ اطلاع کیا جبکہ حضرت نے حج الوداع
یمامہ کے لوگونسے یک شخص اک نیک لے آیا ہے شہ پاس بچے کو ایک
کہے یعنے میں کون ہوں ایفلاں وہ بچہ اسیوقت کھولا زباں
دعا شاہ دیں اسکے حق میں کئے اسے بارک اللہ فیک کہے

۳۱ معجزہ ایضاً

جماعت صحابہ کی یک نقل کی طرق اسکے ہیںگے بہت ای اخی
بڑا معجزہ یہ بھی حضرت کا ہے نشان انکی سچی رسالت کا ہے
کھڑے ہوکے خرمے کی اک پیڑ پہ پڑھا کرتے تھے خطبہ خیر البشر
مبارک قدم سے جو حضرتکے دور ہوئی پیڑ خرمکی وہ بے قصور
دیا او نٹ جس طرح رویا کرے فغاں اسکا یہ حاضرین سب سنے
یہ عشق اس کا جب دیکھے خیر الورا بلائے تب اسکو کہ نزدیک آ

روایت کیا ہے یہ ابن عمر کہ منبر پہ یکروز خیر البشر

وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ

اَنَا الْجَبَّارُ الْكَبِيْرُ الْمُتَعَالُ

کہ گرنے کا وہ ہمکو اندیشہ تھا قدم شاہ کا لیک ثابت رہا
بھی عباس سے یوں روایت کیا گئے فتح مکہ جو خیر الورا
گئے تھے وے مضبوط بھی شیشے سے کہ کوئی بت نہ اپنی جگہ سے ہلے
لگا گرنے ہر بت زمیں پر وہیں چھئے نیں اگرچہ اسے شاہ دیں
روایت بخاری میں اک آئی ہے کہ یوں ابن مسعود نے لائی ہے
سنا ہمنے در دست شاہ انام کہ تسبیح حق کر رہا ہے طعام
بھی منقول ہے زین عبادسے کہ بیمار جس وقت حضرت ہوئے
لے آئے ہیں جبریل از آسماں تناول کئے اسکو شاہ جہاں

۳۰ معجزہ ایضاً

تو مکے میں یک گھر کو دیکھا ہوںمیں کہ حضرت وہاں تھے تشریف ہیں
کہ تھا جو اسی روز پیدا ہوا نبی اس سے پوچھے کہ کہہ من انا
لگا کہنے انت محمد رسول کہ ہیں آپ حق کے مجدد رسول
زباں بند پھر اسکی حق کر دیا جوانی تلک بات وہ نیں کیا
روایت عجب اور اک آئی ہے بخاری و مسلم نے جو لائی ہے
کہ خرمے کی اک پیڑ رونے لگی قدم سے نبی کے جدا جب ہوئی
کہ در مسجد سرور انبیا نہ منبر کی جب تک ہوئی تھی بنا
بنا جبکہ منبر تو حضرت نبی لگے پڑھنے خطبہ وہ منبر پہ ہی
تو حسرت سے اسطرح رونے لگی جوں ہک ہک کے روتا ہے بچہ کبھی
زمیں پر تڑپتی تھی روتی ہوی لگے رونے دیکھ اسکو اصحاب بھی
زمیں چیرتی آئی وہ شہ کے پاس لئے گود میں اسکو پھر خیر ناس

کہے اسکو سمجھا کے شاہ جہاں · کہ مت کر تو اسقدر شور و فغاں
تو سرسبز ہووے گی اور باردار · خدا تجھ پہ پیدا کرے برگ و بار
بہشتی خدا کے جو ہیں دوستاں · ہوں محفوظ میوے سے تیرے وہاں
کہ جو خاص ہیں دوستان خدا · تناول کریں ہو جو میوہ مرا
وہ دنیائے فانی نچاہی ہے جب · لگی کرنے دار البقا ہی طلب
کئے نیچے منبر کے دفن اسلئے · کہ فرمایا ہے اس طرح شاہ نے
کہ یک روضہ ہے از ریاض جناں · مرے منبر و قبر کے درمیاں
اگر تحت منبر کریں دفن اسے · تو فی الواقع جنت میں ہی ہووے
مسیحا جو مردے کو زندہ کیا · یہ اعجاز اس سے کہیں ہے بڑا
قیامت تلک روتی رہتی تھی وہ · کبھی یونہی تڑپتی لرزتی تھی وہ
عجب کیا کہ اعجاز خیر الانام · چلے آدمی پر یہ وجہ تمام
عجب کیا کہ اندھے کو بینا کرے · کبھی بیمار کو فوراً اچھا کرے

تو جس باغ میں تھی اسی باغ میں · تو گر چاہتی ہے تو ہم پیر دیں
دیا چاہتی ہے تو کہہ دیجئے · زمیں بیچ جنت کی پیرن تجھے
وہ کرنے لگی عرض اس شاہ سے · زمیں میں ہی جنت کے پیرو مجھے
ہمیشہ میں جنت میں پاؤں بقا · نہوؤں پرانی نہ دیکھوں فنا
تو منبر کے نیچے رسول خدا · کئے دفن اسکو بہ لطف و عطا

مَا بَيْنَ قَبْرِي وَمِنْبَرِي رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ

تو ماتحت منبر بھی اس شاہ کا · ہوا بالیقیں ایک جنت کی جا
عجب اور نادر ہے یہ واقعہ · رسول خدا کا ہے کیا معجزہ
کبھی فرمائے ہیں سید الانبیا · نہ لے گود میں اسکو میں چھوڑتا
چلے جبکہ اعجاز خیر البشر · جماد و نبات اور حیوان پر
عجب کیا کہ مردہ بھی جیکر اٹھے · گواہی بھی شہ کی رسالت پہ دے
کبھی گنگے کو یک پل میں گویا کرے · کبھی بہرے کو یک پل میں شنوا کرے

بیماروں کو اچھے کرنے اور مردوں کو زندہ کرنے کے معجزے ۳۲ معجزے

یک عورت قبیلے سے خشعم کے آئی · ہمرہ نقل ایک لڑکے کو شہ پاس لائی
کئے ہیں وہ پانی سے تب مضمضہ · کبھی اور بہر و دہا تھا اس سے دھوئے ہیں شہ
بڑا ہی اسوقت عاقل ہوا · عقول جہاں پر ہی کامل ہوا
روایت ہے جنگ احد درمیاں · جو آتی تھی تیریں پہ شاہ جہاں
نہیں لگنے دیتا تھا حضرت کو تیر · بنایا سپر آپ کو وہ خبیر
سو ایسے میں یک تیر اسکو لگی · کہ جس سے یک آنکھ اسکی ضائع ہوئی
یہ حالت نظر کی ہے جب شاہ نے · ہوئے غمگیں آنسو بہے آنکھ سے
بچایا ہے جب وہ نبی کو تیرے · درست آنکھ اسکی تو ہی کیجئے
قتادہ کے دیدے کو ای نیکذات · مبارک لگا جبکہ حضرت کا ہاتھ
یہ حضرت کے ہی ہاتھ کا معجزہ · ید بیضا موسیٰ کا قرباں ہوا

وہ لڑکا تھا گونگا نکرتا تھا بات · منگائے ہیں پانی شہ کائنات
پلائے وہی پانی اسکو ذرا · وہ لڑکا تب ہی بات کرنے لگا

۳۳ معجزہ ایضاً

قتادہ صحابی جو نزدیک تھا · جو تھا جان فدا بر رسول خدا
کہ جو تیر آتی طرف شاہ کے · وہ لیتا وہیں اپنے منہ پر اسے
پس اس آنکھ کو ہاتھ میں لے وہیں · گیا نزد آں سید المرسلیں
کئے عرض جسے ای بار خدا · قتادہ جو ہے نیک بندہ ترا
لے دیدے کو پس اسکے شاہ عرب · رکھے حدقہ چشم میں اسکے تب
زیادہ ہوئی روشن آگے سے بھی · بہت خوشنما اور زیبا ہوئی
کرشمہ ید اللہ کا ہے ہاتھ میں · یہ تخلیق کیوں از سر نو کریں

۳۴ معجزہ ایضاً

نہیں کچھ سکتا تھا وہ کوئی چیز　　سفید و سیہ میں نکرتا تمیز
کہ سوزن میں تاگا پرانے لگا　　اگرچہ کہ ایسی برس کا وہ تھا
روایت بہت ویسے مشہور ہیں　　مطول کتابوں میں مذکور ہیں

چنانچہ یہی مروی کہ یک شخص تھا　　گئے ہر دو آنکھ اسکے اندھا ہوا
کیا اسکی آنکھوں پہ حضرت نے دم　　ہوی روشن اسقدر وہ ابھی دم
سوا اسکے حضرت جو اعجاز سے　　بہت سے مریضوں کو اچھے کئے
عجب کیا کہ بیمار اچھا بنے　　کہ مردہ بھی یکدم میں زندہ بنے

وے معجزے جو حضرت نے مردوں کو زندہ کیا - ۳۵ معجزہ

چنانچہ محدث بڑا بیہقی　　دلایل میں اسطرح سے نقل کی
وہ بولا بھی دختر مری یک موی　　اگر آپ اسکو زندہ کریں اے نبی
رسول خدا اسکو فرمائے تب　　کہاں وہ موی ہے دکھا مجکو اب
یہ سنتے ہی وہ لڑکی دی ہے جواب　　کہ لبیک و سعدیک بولی شتاب
وہ کی عرض اے سید المرسلین　　میں دنیا میں آنیکو چاہتی نہیں

۳۶ معجزہ ایضاً

پکا اشکنہ لایا حضرت کے پاس　　تناول کریں اسکو تا خیر ناس
اے لوگو فقط گوشت تم کھائیو　　مگر ہاڑ کو اسکے مت توڑیو
پس وہ بکری لگتے ہی دست نبی　　اٹھی کان اپنے جھٹکتی ہوئی

اشکنہ اسکو کہتے ہیں کہ گوشت کے شوربے میں نان کے ٹکڑے پکواتے ہیں

۳۷ معجزہ ایضاً

کہ جابر کے بیٹے دو جگر بند تھے　　ضیافت کے دن شہ کے ہر دو موے
لے ساتھ انکو کھائے ہیں حضرت طعام　　یہ اعجاز دیکھے ہیں سب خاص و عام
احادیث میں یہ بھی مذکور ہے　　بھی اہل سیر بیچ مشہور ہے
وے ایمان حضرت پہ تب لائے ہیں　　ہو خیر الامم میں شرف پائے ہیں
محدث مگر جو ہیں متاخرین　　میں پہنچائے صحت کو اسکے تئیں
ہوا لا اجساد تھا گو کہ آدم صفی　　ہو الارواح تھے پر ہمارے نبی
کہ جزئی عقول و نفوس لے جنہیر　　ہیں جزا انہیں ہر دو کل کے کثیر
یہاں بھی اگر روح بخشی کریں　　بھی تقسیم ارواح جاری کریں

کہ یکبار یک شخص کو شاہ نے　　بلایا طرف دین اسلام کے
تو لاؤنگا ایمان میں آپ پر　　کہونگا کہ سچے ہیں پیغامبر
بلا لے گیا وہ دکھایا مقام　　پکارے ہیں حضرت نے لڑکی کا نام
ہیں پوچھے اسے تب جناب نبی　　تو گر چاہے دنیا میں لاؤں ابھی
کہ دنیا سے بھی آخرت خوب ہے　　خدا کی حضوری ہی مطلوب ہے
روایت کیا بو نعیم اے پسر　　کہ جابر نے بکری کو یک ذبح کر
سو آپ اور صحابہ تناول کئے　　تناول کیوقت انکو حضرت کہے
کئے جمع پس اسکے ہاڑونکو سب　　رکھے اسپہ دست مبارک کو تب
علاوہ یہ اسپر ہوا اے ہمام　　لگی بکری حضرت سے کرنے کلام
بھی اور ایک قصہ وہ مشہور ہے　　کہ جو پچھلے رسالے میں مذکور ہے
دعا جب کئے شاہ اُن کے لئے　　وہیں ہر دو وے مردے زندہ ہوے

۳۸ معجزہ ایضاً

کہ ماں باپ کے قبر کے پاس جا　　گئے زندہ انکو رسول خدا
یہ قصے کی صحت میں اے نیکخو　　ہیں اگلے محدث کئے گفتگو
غرض معجزے ایسے ثابت ہوئے　　کہ حضرت جو مردونکو زندہ کئے
کہ حضرت کا تھا روح تو عقل کل　　تھا اور آپکا نفس بھی نفس کل
ملکوت تقسیم ارواح کی　　ہوی ہو وساطت سے جب آپکی
عجب کیا کہ قاسم ہے نام آپکا　　انما القاسم اللہ معطی کہا

تو مفہوم گر عام اس قول کا / ہوں ہر وجہ سے اسکے معنی بجا
بھی جنات و کوثر کے ہیں وہ قسیم / قسیم جسیم نسیم و وسیم
ہے لوح و قلم نفس کل عقل کل / جو ہے نفس اور روح شاہ رسل
کریں زندہ مردے کو گر چاہتے / قلم لوح پر اسکو زندہ لکھے
مسیحا جو مردے کو زندہ کیا / انہیں سے ازل میں اجازت لیا

وے معجزے جو حضرت کی دعائیں فوراً مقبول ہوتی تھیں ۳۹ معجزہ

ہے از جملہ معجزات نبی / دعا جو قبول انکی ہوتی رہی
الٹ جائے گو عرش سے فرش تک / ہو زیر و زبر تخت ارض و فلک
تھا مطلوب حق نازنیں بس وہی / خوشی انکی ہی حقکو مطلوب تھی
روایت ہے یک اونٹنی شاہ کی / قضارا جب اکبار گم ہو گئی
دعا کرکے پھر سید المرسلیں / پکارے ہیں اس اونٹنی کے تئیں
کہ وہ اونٹنی ہانک لایا کبھی / وہیں پاس حضرت کے آکر کھڑی
علی ولی شیر حق مرتضےٰ / کئے انکے حق میں بھی حضرت دعا
اسی دم دعای شہ انبیا / ہے پائی اجابت یہ نزد خدا
نہ کچھ گرمی سردی سے ہوتا ضرر / سو حضرت کے تھا وہ دعا کا اثر
دعا کی ہیں زہرا کے حق میں نبی / الہی یہ بھوکی نہو وے کبھی

۴۳ معجزہ

سنو عکرمہ نقل کرتا ہے پس / خدا پر قسم کھاکے بولا انس
ہیں اولاد سو سے بھی زاید مجھے / طفیل نبی جو خدا نے دیئے

۴۴ معجزہ

کیا جبکہ ہجرت پیمبر کے ساتھ / نہ رکھتا تھا دام و درم اپنے ہات
پس ابواب رزق اسپہ کھولا خدا / اور اسقدر روزہ میں برکت دیا
کہ ملجائے زر نیچے اسکے مجھے / اگر مٹی لیوں تو سونا بنے
سو اسکے ہر روز وہ اے انیس / تھا آزاد کرتا غلاموں کو تیس
میں دیکھا ابن عوف کو طفل سا / ہے خلد بریں میں خراماں چلا

جو چاہتے بر آتا تھا اللہ سے / خدا اس کا ساماں مہیا کرے
زمیں آسماں کا بھی ٹوٹے نظام / یہ مطلب نبی کا نہوتا مدام

۴۰ معجزہ

دعا کی ہے حضرت نے اللہ سے / الہی مری اونٹنی بھیجدے
بلاتے ہی پس اسکو وہ شاہ نیک / خدا غیب سے بھیجا بار یکوایک

۴۱ معجزہ

کہ سردی و گرمی کے صدمات سے / الہی علی کو بچا دیجیے
سو جاڑے کے کپڑے علی اسلئے / تھے گرمی کے ایام میں پہنتے

۴۲ معجزہ

سو بعد دعا فاطمہ کو کبھی / نہیں بھوک سے بیقراری ہوئی
انس کیلیئے بھی کئے تھے دعا / اسے مال و اولاد یا رب بڑھا
کہ حضرت کی ہے یہ دعا کا اثر / کہ مال اپنے نزدیک ہے بیشتر
بھی کہتے ہیں نخلستان اسکا یار / برومند ہوتا برس میں دوبار
بن عوف جو عبد رحمٰن تھا / فقیری کی حالت میں تھا مبتلا
دعا اسکے حق میں کئے ہیں نبی / کہ روزی میں ہو اسکے برکت بڑی
وہ خود بولتا تھا کہ پتھر کو بھی / اٹھاؤں تو ہے یہ امید قوی
یہ صدقات و خیرات ای نیکوسیر / بہت خرچ کرتا تھا وہ مال زر
روایت یہ آئی ہے از عائشہ / کہ یکبار حضرت نے اسکو کہا
بشارت بن عوف یہ جب سنا / سو شکر ایسی نعمت کا کرنے ادا

تجارت کا تھا اسکے جو قافلہ
وہ سب راہ حق میں تصدق کیا
تھا وہ کاروان سات سو اونٹ کا
ہر اک قسم کا جنس سامان لدا
ہزاروں سے تھی قیمت اس مال کی
کہ تھی قیمتی جنس اون پہ لدی
وے اونٹ اور پالان کجاوے بھی سب
بھی وہ مال جو اونپہ حاضر تھا تب
لٹایا سبھی وہ براہ خدا
کہ نعمت کا وہ شکر ہووے ادا
تھے عورت چہار اسکو نیکو خصال
ہوا عبد الرحمن کا جب انتقال
تو تقسیم ترکے کی اس کے ہوئی
کہ ورثا کو حق انکا پہنچے سبھی
ثمن نکلا عورات کے نام سے
ثمن آٹھویں حصہ کو بولتے
وہ یک حصہ ان عورتو نیر چہار
کئے جبکہ تقسیم ای نیک کار
ملا جو ہر اک کو ز روی شمار
درم لاکھ تھے یا کہ اسی ہزار
وصیت بھی کی تھی وہ نیکو شعار
کہ خیرات کردیویں پنجاہ ہزار
یہ جو مال میں اسکے برکت ہوئی
تھی اثر دعائی جناب نبی
تھی کیا پاک دنیا ابن عوف کی
کہ جنت کے رستے کو سیدہی چلی

۴۵ہم معجزہ

بھی سعد ابن وقاص کے حق میں بھی
کئے ہیں دعا یہ جناب نبی
کہ بار خدا سعد کی ہر دعا
اجابت کیا کر ز لطف و عطا
روایت ہے اسدن سے سعد ہمام
جو چہتا بدرگاہ رب الانام
سو مقبول ہوتی خدا کے جناب
دعا اسکی کرتا تھا حق مستجاب

۴۶ہم معجزہ

بھی غزوات میں بعض ای با ادب
ہوئی تنگی پانی کی اسقدر جب
کہ غالب ہوئی لوگ پر تشنگی
تب اسطرح فاروق نے عرض کی
دعا کیجئے یا رسول خدا
اٹھائے ہیں حضرت نے دست دعا
وہیں ابر پیدا ہوا غیب سے
سو سیراب سب غازیاں ہوگئے

۴۷ہم معجزہ

صحابی تھا ایک نابغہ جسکا نام
تھا قدما شعرا سے مرد ہمام
دعا حق میں فرمائے اسکے نبی
کہ ہرگز نہ بگڑے ترا منہ کبھی
روایت ہے منہ اسکا بگڑا نہیں
کبھی دانت یک اسکا ٹوٹا نہیں
تھی سلک اسکے دانتوں کی بس خوبتر
کہ گویا تھے دانت اسکے سلک گہر
صد و بست سال وہ اگرچہ جیا
کہے بعضے اس سے بھی زاید رہا
یہ ٹوٹا نہیں دانت اسکا کوئی
و یا گرتا دانت اسکا کوئی کبھی
تو پھر جائے میں اسکے دنداں دگر
تبھی پیدا ہوتا تھا بس خوبتر

۴۸ہم معجزہ

بھی عبد اللہ بن جعفر نیک نام
بھی مقداد تھا یک جو مرد ہمام
بھی عروہ جو بیٹا تھا ابو الجعد کا
کئے انکے حق میں پیمبر دعا
کہ روزی میں ہو انکی برکت زیاد
دیا ایسے برکات رب العباد
کہ بیوپار میں ابن جعفر کہیں
بجز نفع نقصان پایا نہیں
بھی مقداد ایسا ہوا مالدار
کہ مال و متاع ہوگیا بے شمار
بھی کہتا ہے عروہ مجھے فائدہ
تجارت میں اسقدر ملنے لگا
کہ یکدن میں ملتے ز روی شمار
درم منفعت میں تھے چالیس ہزار
تجاری کہا اسکا یہ حال تھا
کہ مٹی سے بھی دیکھتا فائدہ

۴۹ہم معجزہ

جو ابن عمر تھا طفیل اسکا نام
کیا آکے حضرت سے عرض کلام
مجھے یک نشانی عطا کیجیو
کہ بتلاؤں لیجا کے تا قوم کو
کئی پس اسیوقت حضرت دعا
کہ نور اسکے دے یک ای بار خدا
تبھی ایک نور اسکو حق نے دیا
دو آنکھوں کے درمیاں چمکنے لگا
یہ دیکھ اس نے بولا اے شاہ ہدا
مجھے خوف اس بات کا ہے بڑا

سفیدی کو یہ لوگ دیکھیں اگر
کہ اندھیاری شب میں بھی وہ روشنی
کرینگے گماں برص کا ہی مگر
ستارے سی رہتی چمکتی ہوی
کئی حکم سے شاہ کے تب وہ نور
یہی تھا سبب اسکا ای با صفا
گیا اسکی قمچی میں آکر ظہور
